شک وشبہ کی گنجایش نہیں۔ لیکن جہاں ہم قوم کو اس ادارہ کی طرف سے بے اعتنائی کے سلسلہ میں مورد الزام قرار دینے میں حق بجانب ہیں وہاں ہم اس کے بھی معترف ہیں کہ انجمن مذکور نہایت خاموشی کے ساتھ اپنے فرائض کی بجاآوری میں مصروفِ کار رہی ہے، اور جیسا کہ چاہتے تھا وہ اس کا پروپیگنڈا نہ کرسکی۔ اس کے حلقہ اثر کو وسیع بنانا چاہتے تھا اس کا مختلف عنوانات سے قومی رسائل وجرائد کے ذریعہ تعارف ہوتا تاکہ ہر فرد قوم اس سے روشناس ہوتا۔ محسنان قوم کے کارناموں کو دیکھ کر اس سے سبق لیتے، اور ان کے نقش قدم پر چلنے کی سعی فرماتے انھیں مقاصد و فوائد کو زاویۂ نگاہ بناتے ہوئے میں نے ۳۰ / ۳۱ دسمبر ۳۵ء کے جلسہ سالانہ منعقدہ برد ولکھنؤ عالیجناب نواب سیّد احمد میرزا صاحب زیر صدارت عالیجناب حاجی سیّد جلال الدین حیدر صاحب بالقابہ سلور جوبلی نمبر کی تحریک کو پیش کیا۔ جس پر ایک طویل مباحثہ کئی گھنٹے تک ہوتا رہا اور بالآخر ارکان انجمن نے ہر پہلو پر غور فرمانے کے بعد اس تحریک کو منظور کرلیا۔ مجھ کو مبلغ چار سو روپے بطور امداد کے سالانہ رپورٹ کی طباعت کے لئے دینے منظور کئے جو اس نمبر میں شامل ہے اور ساتھ ہی ساتھ انجمن کے بانیان سکریٹریان اور ممبران کارکن کمیٹی کے حالات زندگی جوبلی نمبر میں شامل کرنے کی شرط لگادی۔ اور میری درخواست پر دیگر عمومی ممبران کے حالات کی بھی اجازت دی۔ میں نے جنوری ۳۶ء سے وسط دسمبر ۳۶ء تک برابر قومی جرائد و رسائل میں مضامین کے ذریعہ ممبران انجمن کی توجہ اس طرف منعطف کی اور فرداً فرداً خطوط بھی روانہ کئے اس کا قوم پر کافی اثر ہوا۔ ہر طرف سے اس تحریک کو بہ نظر استحسان دیکھا گیا۔ قوم وملک سے اس کی پرزور تائید ہونے لگی۔ اکابر قوم اور زعمار ملّت نے اس کی تائید میں قومی وملکی اخبارات میں گراں قدر مضامین شائع کئے۔ خصوصاً فخر قوم مولوی سیّد کلب عباس صاحب وکیل نواب سیّد احمد میرزا صاحب عالیجناب حجۃ الاسلام مولوی سیّد محمد صاحب قبلہ مجتہد العصر امروہہ عالیجناب حجۃ الاسلام مولوی سیّد کلب حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر لکھنؤ سیّد محمد مہدی صاحب عالیجناب ہولوی سیّد راحت حسین صاحب بھیک پوری، عالیجناب خواجہ تہور علی حیدر صاحب ایڈیٹر کیچ پانی پت۔ عالیجناب سیّد حسن صاحب بلتستانی شملہ۔ عالیجناب مولوی مفتی سیّد محمد احمد صاحب قبلہ سونی پت۔ عالیجناب مولوی سیّد حامد حسین صاحب گونڈہ۔ عالیجناب مولوی سیّد مطاہر حسین صاحب فرقانی امروہوی۔ عالیجناب نواب سیّد خاقان حسین صاحب عارف کانپور۔ عالیجناب مولوی سیّد وصی حیدر صاحب بلگرامی وغیرہ اور دیگر حضرات نے نہایت گراں قدر اور بلند پایہ مضامین تحریر فرمائے اور شاندار طور پر پُرزور الفاظ میں تائید کی جس کے تشکر و امتنان کے لئے میں الفاظ نہیں پاتا۔

اسی طرح قومی اخبارات سرفراز لکھنؤ۔ اسد لکھنؤ۔ نظارہ لکھنؤ الواعظ لکھنؤ۔ سفینہ لاہور۔ الحافظ لاہور۔ شیعہ لاہور۔ راستی جونپور۔ رہبر دہلی۔ الزہرا شاملی وغیرہ نے اپنے اپنے مقالات افتتاحیہ میں خود تائید فرمائی اور مضامین شائع فرمائے جس کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں اس سلسلہ میں سیّد مجاہد حسین صاحب جوہر ایڈیٹر اتحاد امروہہ خاص طور سے شکریہ کے مستحق ہیں اس لئے کہ آپنے اپنے اخبار کے صفحات میرے کام کے لئے وقف کردئے تھے اور آپنے برابر اس تحریک کو کامیاب بنانے میں میرا ہاتھ بٹایا اور چار ماہ تک اتحاد امروہہ انجمن کے بعض ممبران کی خدمت میں بغیر کسی چندہ کے جاتا رہا۔

توسیع ممبران چونکہ انجمن کے سالانہ جلسہ میں پروپیگنڈا سکریٹری کی خدمات بھی میرے سپرد کی گئی تھیں اس لئے اضافہ ممبران کی کوشش بھی میرا فرض تھا اور اس مقصد کے حصول کے لئے جہاں میں نے مقتدر افراد قوم کو تین چار سو خطوط لکھے وہاں مختلف تعطیلات کے موقع پر متعدد مقامات کا دورہ بھی کیا، ان سفروں کے مفصل حالات تو آپ کو "سفر وسیلہ ظفر" کے تحت میں سکریٹری صاحب بالقابہ کی رپورٹ میں ملیں گے۔ لیکن یہاں پر مجھ کو یہ بتانا ہے کہ ان دوروں میں مجھ کو کہاں تک کامیابی حاصل ہوئی۔

سفر میرٹھ سب سے پہلے میں سیّد ابرار حسین صاحب مختار میرٹھ کے دعوت نامہ پر میرٹھ کی انجمن عزائی سالانہ مجالس میں

۲۰ رفروری ۳۶ء کو عالیجناب مولوی سیّد محمد صاحب قبلہ مجتہد العصر فرد ابہوی کی معیت میں میرٹھ پہنچا۔ میرٹھ میں صرف دو روز قیام رہا۔ میں نے آغاز مجلس سے قبل اور اختتام مجلس کے بعد مقتدر حضرات سے انجمن کی ممبری کے لئے درخواست کی، لیکن اس طریقہ سے خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ ہوسکی پھر میں نے دوسرا طریقہ اختیار کیا اور عمدۃ العلماء عالیجناب مولوی سیّد **کلب حسین** صاحب قبلہ مجتہد العصر لکھنؤ سے چند منٹ کی اجازت چاہی کہ میں مجلس میں تقریر کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت قبلہ و کعبہ نے ممبر پر رونق افروز ہونے کے بعد سامعین سے میرا تعارف کرایا اور مجھ کو تقریر کرنے کا حکم دیا۔ دس منٹ مجھ کو ملے تھے۔ اُس وقت مجلس کا مجمع دو ہزار نفوس سے زائد پر مشتمل تھا۔ میں نے انجمن کے اغراض و مقاصد کو اور اس کی عظیم الشان خدمات کو مومنین کی خدمت میں پیش کیا اور بتایا کہ انجمن اب تک ایک لاکھ تیس ہزار وظائف پر تقسیم کر چکی ہے اور پچاس ہزار سرمایہ محفوظ ہے۔ بعض حضرات نے دورانِ تقریر میں جو سوالات کئے اُن کے تشفی بخش جوابات بھی دئے، اس دو ہزار کے مجمع میں صرف بارہ ممبران نے انجمن کی ممبری قبول فرمائی میں اس تعداد سے بہت مایوس ہوا اور دوسرے روز جناب خطیب اعظم مولوی سیّد محمد صاحب قبلہ دہلوی سے اجازت لیکر پھر تقریر کی تو نو ممبر اور فراہم ہوئے۔

ہز ہائینس نواب صاحب بہادر رامپور دام ملکہم کی سرپرستی

اس سال کا جو سب سے مہتمم الشان اور زبردست کارنامہ ہے وہ حضور پُر نور ہز ہائینس نواب صاحب بہادر رامپور دام ملکہم کی سرپرستی ہے۔ دارالسرور رامپور سے ہز ہائینس خلد آشیان اعلی اللہ مقامہ کے زمانہ میں انجمن کو سو روپیہ ماہوار ملا کرتے تھے، اس انجمن کے فوائد و مقاصد کو ہز ہائینس بالقابہ تک پہنچایا۔ جس کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوا۔ اور ۸ رمارچ ۳۶ء کو عالیجناب نواب سیّد احمد میرزا صاحب بالقابہ سکریٹری انجمن ہذا نیو دہلی کی جد و جہد سے ایک وفد مندرجہ ذیل ارکان انجمن کا میڈنز ہوٹل دہلی میں باریاب ہوا۔

۱ - عالیجناب نواب سیّد احمد میرزا صاحب بالقابہ جنرل سکریٹری - دہلی
۲ - عالیجناب پروفیسر سیّد تجمل حسین صاحب بالقابہ سابق سکریٹری مسلم یونیورسٹی علیگڈھ -
۳ - فخر قوم مولوی سیّد کلب عباس صاحب وکیل رائے بریلی
۴ - مولوی سیّد ابن حسن صاحب قبلہ جارچوی - نیو دہلی -
۵ - نواب سیّد رضا میرزا صاحب وکیل دہلی -
۶ - محمود علی صاحب ہاشمی دہلی
۷ - سیّد ظفر حسین صاحب دہلی
۸ - سیّد اعجاز حسین جارچوی بی - اے - بی ٹی آنریری پروپیگنڈا سکریٹری امروہہ -

ارکان وفد کا عالیجناب سیّد **بشیر حسین** صاحب زیدی بالقابہ چیف منسٹر رامپور نے تعارف کرایا - ہز ہائینس بالقابہ نے بڑی دلچسپی کا اظہار فرمایا اور انجمن کے متعلق متعدد سوالات کئے اور بالآخر انجمن کی خدمات سے خوش ہو کر سو روپیہ ماہوار سے انجمن کی سرپرستی فرمائی آخر میں خاکسار پروپیگنڈا سکریٹری نے ہز ہائینس بالقابہ سے درخواست کی انجمن کا سلور جوبلی نمبر شائع ہو رہا ہے حضور والا اس میں حالات رامپور اور فوٹو درج فرمانے کی اجازت مرحمت فرمائیں، جس کو ہز ہائینس بالقابہ نے منظور فرمالیا۔ اس موقع پر عالیجناب سید بشیر حسین صاحب زیدی بالقابہ ارکان انجمن کے خاص طور سے شکریہ کے مستحق ہیں۔


سفر لکھنؤ

۱۰ راپریل ۳۶ء کو میں اپنے ایک ضروری کام سے لکھنؤ گیا تھا وہاں پر دو روز تک قیام کیا۔ اور اپنی عدیم الفرصتی کے باوجود جناب ممتاز حسین صاحب جونپوری کی رہبری سے دس ممبر بنائے، اور چونکہ حاجی صاحب قبلہ سفر عراق کے عازم تھے اس لئے میں بھی دوسرے ہی روز آپ کے ہمراہ امروہہ واپس آگیا

سفر دارالسرور رامپور

۱۶ رمئی کو دارالسرور رامپور روانہ ہوا اور عالیجناب سیّد **معقول احمد** صاحب بالقابہ بی - اے سکریٹری اسٹیٹ کونسل

عکس ہو میرے دلی جذبات کا تحریر میں پڑ دیکھ لیں اہل نظر مجھکو مری تصویر میں



سید اعجاز حسین رضوی جارچوی بی۔ اے بی ٹی ٹریننگ پرنسپل اسکاٹش مشن ہائی اسکول مؤلف ہذا

رامپور کا مہمان ہوا۔ اور رامپور سے دس ممبر حاصل کئے اور شام کو واپس آگیا۔

سفر پنجاب ایام موسم گرمائی تعطیل میں امروہہ سے ۳۱ رمئی ۱۹۳۶ء کو دہلی روانہ ہوا۔ اور تین روز تک دہلی قیام کیا۔ اور عالیجناب نواب سید احمد میرزا صاحب جنرل سکریٹری نے ایک ماہ کا پروگرام اخبارات میں روانہ فرمادیا۔ میں پنجاب کے دورہ کے لئے جناب سید محمد مہدی صاحب کے ہمراہ روانہ ہوا۔ اور ۱۵ رجون تک پنجاب کے مختلف شہروں پانی پت۔ سونی پت۔ کرنال۔ شاہ آباد۔ انبالہ لدھیانہ۔ لاہور۔ منٹگمری۔ ملتان۔ جھنگ وغیرہ کا دورہ کیا۔ ملتان میں میری طبیعت خراب ہوگئی، بخار کھانسی وغیرہ میں مبتلا ہوگیا۔ اس لئے دورہ ختم کرنا پڑا اور ان تمام شہروں سے ساٹھ ممبروں کے اضافہ پر اکتفا کرکے دہلی واپس آگیا۔ میں حضرات پنجاب کا عام طور سے اور عالیجناب خواجہ غلام السبطین صاحب قبلہ پانی پت۔ عالیجناب مولوی مفتی سید محمد احمد صاحب سونی پت۔ نواب عاشق حسین صاحب سونی پت خواجہ حبیب علی صاحب نائب تحصیلدار انبالہ۔ عالیجناب مولوی سید محمد سبطین صاحب لدھیانہ۔ عالیجناب مرزا مصطفےٰ علی صاحب ہمدانی ایڈیٹر سفینہ۔ عالیجناب سید اقبال حسین شاہ صاحب اسسٹنٹ انسپکٹر مدارس منٹگمری۔ عالیجناب خان بہادر سید حسن بخش صاحب گردیزی رئیس ملتان۔ عالیجناب سید عباس حسین شاہ صاحب بی۔ اے تحصیلدار ملتان وغیرہ کا خاص طور سے مرہون منت ہوں اور صمیم قلب سے ان حضرات کی مہمان نوازی اور ہمدردی کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اس سلسلہ میں نواب سید احمد میرزا صاحب بالقابہ کا خاص طور سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ موصوف کی ہمدردی میرے شریک حال رہی۔

ہمارے جمود کے اسباب اس سفر کی رام کہانی سنانے سے میرا جو مقصد ہے اُس کو پیش کردینا ضروری خیال کرتا ہوں قوم شیعہ جو اپنے کو تین کروڑ نفوس پر مشتمل بتاتی ہے آخر اس قلیل المثال ادارہ کی طرف سے اسقدر کیوں غافل ہے؟ اس سوال کے جواب پر میں یہاں پر روشنی ڈالنا چاہتا ہوں۔ اسی جمود اور بے حسی پر عالیجناب پروفیسر سید تجمل حسین صاحب بھی روشنی ڈال چکے ہیں اور میں یہاں پر کوئی مزید اضافہ نہیں کرونگا بلکہ اُنھیں خیالات کو وضاحت کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔

اس وقت ہمیں دیکھنا ہے کہ کیا قوم مقصد انجمن کے علم اور احساس کے باوجود اپنی پوری قوت اس ادارہ کے کامیاب بنانے میں صرف کررہی ہے؟ انجمن کے ممبر ۳۳ء میں دس ہزار سالانہ چندہ اس مقصد کے لئے عطا فرمایا کرتے تھے، اب اسی قوم میں محض اتنے ممبر باقی ہیں کہ چندہ کی تعداد محض چار پانچ ہزار رہ گئی ہے۔

حالانکہ اُس وقت سے اب انجمن کی شہرت کہیں زائد اور اب اُس کے کارہائے نمایاں کی فہرست کہیں طویل ہے اُس کے وقار و اعتبار کے سکے قلوب پر بیٹھ چکے ہیں۔ اور قوم میں نسبتاً تعلیم بھی زیادہ ہوگئی ہے۔ مگر پھر بھی انجمن کے کام میں عملی حصہ لینے والوں کی تعداد کم ہے۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کے اسباب گو چند در چند ہیں لیکن اصل وجہ یہ ہے کہ ہم فیشن کے دلدادہ ہوگئے ہیں، اپنے مصارف کو آمدنی سے زائد کردیا اور اپنی زندگیوں کو گراں بنا دیا ہے۔ سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ مجموعی طور پر ہماری زندگیاں بہت حد تک اس مفید اخلاق سے دور ہوگئی ہیں جس کی تعلیم کلام پاک میں ہے اور جس کی تفسیر پیغمبر اسلام اور ائمہ اہلبیت علیہم السلام کی زندگیاں ہیں۔ ہماری وہ تعلیم کہ جس میں نسبتاً ترقی معلوم ہوتی ہے وہ ہماری رواجی تعلیم ہے جو مذہبی اور اخلاقی تعلیم سے عاری ہے اور اس یکطرفہ تعلیم ہی کا اثر یہ ہے کہ ہم اس اسلامی معیار سے دور ہوتے چلے جاتے ہیں۔ جو خدا اور رسولؐ نے ہم کو بتلایا تھا، کہ دنیا کا مال و دولت، سونا، چاندی، آل و اولاد گو اچھی اور محبوب چیزیں ہیں مگر اُن سے بہتر تقویٰ اور پرہیزگاری ہے۔ اور وہ تقویٰ و پرہیزگاری ان محبوب چیزوں کی قربانی کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ اس تقویٰ و پرہیزگاری کو وہ لوگ حاصل کرتے ہیں جو اللہ کی راہ میں اپنی نیک کمائی صرف کرتے ہیں۔ اور اگر ایسا موقع آن پڑے کہ اللہ کی راہ میں اپنی جان و مال اور اولاد قربان کرنے کی ضرورت ہو تو اس سے بھی دریغ نہ کریں۔ ہمیں جن ذوات مقدسہ کی تاسی کا دعویٰ ہے انھوں نے اپنے عمل سے زندگی کی شاہراہ پر

ایسے روشن نشان چھوڑے ہیں کہ آج بھی ہماری ہدایت کے باعث ہیں اور ہمیں اس جادۂ خیر پر چلنے کی دعوت دے رہے ہیں۔ لیکن آج ہم میں ایسی نفسانیت بڑھتی جاتی ہے کہ ہر شخص اپنی ذاتی ضروریات کو اتنی اہمیت دیتا ہے کہ اللہ کی راہ میں آٹھ آنے ماہوار بھی خرچ کرنے کو بارِ گراں خیال کرتا ہے، ہم اللہ کی راہ میں قلیل سی رقم بھی خرچ کرنا احتیاط اور دور اندیشی سے بعید خیال کرتے ہیں۔ ہمیں اس تہدید کا کچھ خیال نہیں کہ وہ سیم و زر جو ایک شخص اپنی ذات کے لئے بغیر راہ خدا میں خرچ کئے جمع کرتا ہے اس کی گردن میں لعنت کا طوق ہوگا اور قیامت کے روز یہی سیم و زر پگھلا کر اس کو داغ دینے کے کام آئیگا۔ یہ باتیں ہمارے ذہن میں ایک خیالی افسانہ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں ہماری اپنی ضرورتیں ہمارے لئے اتنی اہم ہیں کہ ہم سینما کے تماشہ کے لئے مہینے میں کئی بار ایک اٹھنی خرچ کرنا معمولی سی بات سمجھتے ہیں ٹینس میں اور دیگر تفریحات میں دس دس پانچ پانچ روپیہ ماہوار کا چندہ دے سکتے ہیں۔ دعوتوں میں ہزاروں روپے خرچ کر سکتے ہیں۔ ختنہ۔ عقیقہ۔ شادی وغیرہ کے موقع پر نہایت فراخدلی سے فضولخرچی کر سکتے ہیں۔ لیکن افسوس کہ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی ممبری سے نام خارج کرا سکتے ہیں۔ لیکن آٹھ آنے ماہوار نہیں دے سکتے ہیں۔

کارِ خیر کے لئے ایک اٹھنی مہینے میں ایک بار باقاعدہ نکالدینا ایک ایسا بارِ گراں ہے کہ جس کی طاقت ہم اپنے اندر نہیں پاتے۔ درآنحالیکہ یہ اٹھنی اُن کی اولاد کی تعلیم کے لئے ایک بیمہ ہے۔ اس لئے کہ اگر خدا نخواستہ ممبر ان کے انتقال کے بعد اُن کی اولاد کو تعلیم کے لئے وظیفہ کی ضرورت ہو تو اُن کا حق سب پر مقدم رکھا جاتا ہے۔ لیکن ان تمام باتوں کے باوجود ہم اللہ کی راہ میں ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کر سکتے۔ اور خدا کو بھولے ہوئے ہیں۔ اگرچہ جب بندے خدا کو بھول جائیں تو خدا بھی اُن کو بھول جاتا ہے۔ مگر یہ اُس کی شان معبودیت و رحمت ہے کہ وہ بندوں کو بھولا تو نہیں مگر یہ ضرور ہوا کہ اُس نے بھی اپنے بعض الطاف و برکات سلب کر لئے اور اس کا نتیجہ ہے کہ ہم پستی کے انتہائی درجہ پر پہنچ گئے ہیں۔ کیا ہمارا دنیا میں آنا اور اس کے خوشنما منظر و دلربا صورت پر فریفتہ ہونا کھانا۔ پینا۔ عیش و عشرت کرنا خواہشات نفسانیہ کی داد دیکر چلدینا، ہماری حیات دنیوی کی غرض و غایت ہے؟ میرے نزدیک ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ ہماری خلقت کا منشاء خدا بینی و حق پرستی، خدا شناسی ہے۔ دنیا میں آکر ہر طرح آسائش و آرام کریں ہر قسم کے کمال پر فائز ہوں ہر حیثیت سے دنیوی لذت حاصل کریں۔ لیکن اپنے خالق کا اتباع اور اُس کے احکام پیش نظر رکھیں۔ ایک ہمارے وہ اسلاف تھے کہ جو منازل رحمت و برکات تھے، مشاہیر و نامدار تھے صاحبان دولت و اقتدار تھے۔ دولت علم و فضل سے مالا مال تھے، قدرت نے سب کچھ اُن کے لئے سامان فراہم کر دئے تھے۔ اور دنیا کی تمام تاریکیوں کو ہٹا کر زمانہ کو اُن کے لئے روز روشن بنا دیا تھا اس وقت تو کوئی ایسا مقام نہ تھا کہ جہاں ایسے چشمہائے فیض نے اپنا اثر نہ دکھایا ہو۔ اس وقت تو کوئی ایسا پریشان حال نظر نہ آتا تھا کہ قوم کے صدہا دست ہمت جس کے دستگیر نہ ہو جائیں۔ اُس وقت تو کوئی ایسا بیکس غربت دکھائی نہ دیتا تھا کہ جس کے لئے دم بھر میں سیکڑوں مسیحا شفا دینے والے موجود نہ ہو گئے ہوں، اُس وقت تو کوئی ایسا دریتیم نہ تھا کہ بجائے ایک سایۂ پدری کے بیشمار دست تربیت نے اُس کے سر پر سایہ نہ کر لیا ہو، لیکن افسوس کہ آج ہمارے علم و عمل اور ہمارے آبائی نقش قدم میں زمین و آسمان کا فرق معلوم ہوتا ہے۔ ہم میں نہ وہ عظمت رہی نہ وہ جلالت، نہ وہ ہمت، نہ وہ سخاوت، نہ وہ ایثار رہا۔ نہ کرم۔ نہ وہ ہمدردی رہی۔ نہ رحمدلی۔ نہ وہ حقوق اللہ کی ادائیگی اور حقوق الناس کا خیال رہا۔ جس کی وجہ سے ہمارا جہاز طوفانی ہے اور ہماری کشتی منجدھار میں ہے۔ لیکن پھر بھی ابھی وقت ہے، باغ دنیا میں بہار بھی ہے اور خزاں بھی، جس طرح کسی چمن کو فصل بہار میں دیکھ کر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس کی حالت ہمیشہ یوں ہی رہیگی اسی طرح زمانہ خزاں میں بھی یہ نہیں کہہ سکتے کہ اب اس کو زمانۂ بہار پھر نصیب نہ ہوگا۔ بلکہ کل بہار تھی تو آج خزاں ہے۔ آج خزاں ہے تو کل پھر بہار ہے۔ جس طرح عالم میں خدا کی رحمت سے خشک درخت از سر نو سرسبز و شاداب ہو جاتے ہیں اسی طرح خدا کے لطف و کرم سے ہم میں بھی زندگی کے

آثار نمودار ہو سکتے ہیں، لیکن صرف اس کی ضرورت ہے کہ جس راستہ کو چھوڑ کر اس مقام تنزل تک پہنچے ہیں اُسی پاؤں پھر اُسی راستہ پر جا لگیں جو ہمارے آبائی جاہ و جلال شان و شوکت اور آبائی ترقی کا باعث ہوا اور اپنے مال و دولت سے اہل حق کے حقوق کی کفالت سب سے پہلا فریضہ سمجھیں۔

اے ملت بیضا کے نام لینے والو! اے دین و ایمان کے نام پر فدا ہونے والو! اٹھو۔ ذرا خواب غفلت سے چونکو! اور اپنی قوم کے بچوں کے لئے تحصیل علم و فن کے ایسے ذرائع مہیا کر جاؤ کہ کوئی بے سہارا بچہ بھی بوجہ ناداری کے اس دولت علم سے محروم نہ رہے طالبان علوم کے ساتھ روپیہ پیسہ سے سلوک اور اُن کی اعانت و امداد سے بڑھ کر کوئی دوسرا مصرف خیر نہیں ہے۔ بہت سے مصارف خیر یہ ایسے ہیں کہ جن میں ایک کے عوض دس حصہ اجر ملتا ہے۔ کسی میں ایک کے عوض ستر حصے ملتے ہیں۔ کسی میں ایک کے عوض سات سو۔ کسی میں ایک کے عوض ستر ہزار۔ لیکن حدیث ہے کہ جو کسی طالبعلم کو ایک درہم سے امداد کرے تو اُس کو ایک درہم کے عوض سات لاکھ درہم اجر و ثواب ملتا ہے۔

حضرات! انجمن ایک دعوت خیر ہے جو لوگوں کو اپنا روپیہ ایسے مقصد میں صرف کرنے کے لئے بلاتی ہے کہ جو ہمیشہ باقی رہنے والا عمل خیر ہے۔ انفرادی دولت و ثروت ایک آنی جانی چیز ہے لیکن قومی دولت ایک باقی رہنے والا سرمایہ ہے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ ہم اُس کو مستحکم اور مضبوط بنانے کی پوری سعی و کوشش کریں۔ اگر موجودہ ممبران میں سے ہر ایک جشن سلور جوبلی نمبر کی خوشی میں دو دو ممبر فراہم فرما دیں تو اس کی تعداد میں کافی اضافہ ہو سکتا ہے۔

نتائج سلور جوبلی نمبر **حضرات!** سلور جوبلی نمبر کی ترکیب جن اسباب و علل اور مفاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں نے پیش کی تھی اور جن مصالح و فوائد کی بنا پر ارکان انجمن نے متفقہ طور پر اس کو منظور کیا تھا اور جن وجوہ کے باعث اکابر قوم و ملت نے اس کی شاندار الفاظ میں تائید کی تھی، خدا کا شکر ہے کہ خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوا جس کو معلوم کر کے ہمدرد قوم نہایت مسرور ہونگے۔ اس اجمال کی کسی قدر توضیح اس طریقہ سے کیجا سکتی ہے کہ انجمن کی برادری میں اس سال تقریباً چار سو جدید ممبران کا اضافہ ہوا۔ اور جنوری ۱۹۳۳ء سے دسمبر ۱۹۳۳ء تک سال گذشتہ کے مقابلہ میں آمدنی تین ہزار روپیہ زیادہ رہی۔ سلور جوبلی نمبر کی اس محیر العقول سرسبزی و شادابی اور بار آوری پر ہمدردان انجمن جیسقدر بھی خوش ہوں وہ کم ہے۔ اُس مسبب الاسباب قادر مطلق معبود برحق کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ یہ کار عظیم بطریق احسن انجام پذیر ہوا۔

ترتیب سلور جوبلی نمبر یہاں تک تو میں نے سلور جوبلی نمبر کے اغراض و فوائد پر بحث کی تھی اور اُس کو میں اپنی صحت و آرام کا خیال کئے بغیر شبانہ روز کی محنت و جانفشانی سے جیسا بھی ہو سکا قوم کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ ترتیب کے کام میں جو دشواریاں پیش آئیں اُن کا بھی ذکر کر دوں تو خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ بعض حضرات کی خواہش تھی کہ اُن کے حالات شروع میں ہوں، بعض حضرات نے دس دس، بارہ بارہ صفحات کے حالات لکھ کر بھیجدئے۔ اور مجھ کو تاکید فرمائی کہ ان حالات کو من و عن درج کر دیا جائے۔ بعض حضرات نے انگریزی کے ٹائپ شدہ حالات اور اپنی خاندانی ہسٹری روانہ فرما دی اور مجھ کو حکم دیا کہ اپنے مفید مطلب حالات اس سے اقتباس کر لئے جائیں۔ ان تمام دشواریوں کو میں عمر بھر فراموش نہیں کر سکتا۔ میں نے ترتیب حالات میں ایک اصول بنا لیا۔ وہ یہ ہے کہ حالات میں مقدم و موخر کا جھگڑا اس طرح ختم کیا کہ تاریخ شرکت کے لحاظ سے حالات کی ترتیب رکھی۔ شاید ایک یا دو جگہ اس قانون سے متجاوز ہوا ہوں جو مفاد انجمن کے لئے بہتر تھا۔ خاندانی حالات و سوانح عمریوں کی ترتیب و تلخیص کے لئے میں نے یہ محسوس کیا کہ طرز تحریر اور طریقہ ترتیب اس قدر مختلف و متغائر ہے کہ کل حالات زندگی کے طرز انشا میں حسن تساوق پیدا کرنا دشوار تھا اس لئے میں نے ان میں جابجا قطع و برید کی ہے اور بعض حالات کو تو بالکل از سر نو میں نے اپنی عبارت میں لکھا ہے مجھ کو امید ہے کہ ممبر صاحبان میری اس دشواریوں کا لحاظ فرما کر مجھ کو

معاف فرمائیں گے۔ اگر میں تمام ممبران کے مرسلہ حالات بغیر کسی ترمیم و تنسیخ کے طبع کر دیتا تو یہی سلور جوبلی نمبر ایک ہزار صفحات کا ہو جاتا اور اُسپر پھر کئی ہزار روپیہ صرف ہوتا۔

بلاک و تصاویر تصاویر کے بلاک جس قدر اس نمبر میں شائع ہو رہے ہیں وہ منظوری کے بعد شائع کئے گئے ہیں اور جن حضرات نے بلاک کے اندر کچھ نقص تحریر فرمایا تھا اُس کو بلاک میکر سے دور کرانے کی دوبارہ کوشش بھی کی گئی ہے۔

مالی حالت و شکریہ معطیان انجمن وظیفہ سادات و مومنین نے صرف چار سو روپیہ اس مد میں منظور فرمائے تھے جن میں سے تقریباً سوا روپے تو ڈاک خرچ اور مراسلت میں صرف ہوئے۔ ممبران کی نیابت میں یہ نمبر روانہ کیا جا رہا ہے۔ اس پر کم از کم دو ڈھائی سو روپیہ صرف ہو جائیگا۔ انجمن کے یہ چار سو روپے تو ختم ہوئے۔ اب ممبران نے جو اعانت فرمائی ہے اُس کی تفصیل حاضر کرتا ہوں۔ بعض ممبران نے فوٹو تو روانہ فرمادئے لیکن صرف بلاک وغیرہ کا وعدہ فرمایا میں نے اُن کے اعتبار پر بلاک تیار کرائے لیکن ابھی تک اُن حضرات کا وعدہ پورا نہیں ہوا۔ اور مجھ کو چار سو روپے اب ایک مہاجن سے قرض لیکر یہ نمبر شائع کرنا پڑا۔ اس لئے ممبران سے میری یہ درخواست ہے کہ اپنی موعودہ رقم جلد روانہ فرمادیں۔ اور جن حضرات نے پانچ روپے سے کم روانہ فرمائے ہیں وہ اس کمی کو پورا فرمادیں تاکہ میں قرضہ کے فکر سے سبکدوش ہو جاؤں۔ اور جو حضرات اس کی زائد کاپیاں خریدنا چاہیں وہ صرف ۴ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمادیں۔ دفتر میں اس کی کئی سو جلدیں موجود ہیں مجھ کو امید ہے کہ ممبر صاحبان اپنے عزیز و اقارب دوست احباب کی خدمت میں اس نمبر کو تحفۃً پیش فرمائیں گے تاکہ انجمن کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہو سکے۔ افراد قوم سے میری اپیل ہے کہ اگر میری اس محنت کو بہ نظر استحسان دیکھتے ہیں تو آپ انجمن کے مقاصد کی اشاعت فرمائیے اور اپنے دائرہ احباب سے ممبر بنا کر فارم ممبری دفتر کو روانہ فرما دیجئے۔ میں مالی اعانت کے سلسلہ میں یوں تو تمام معطیان کا شکر گذار ہوں لیکن بالخصوص عالیجناب ہز ہائینس نواب صاحب بہادر رامپور دام ملکہم۔ اور عالیجناب راجہ صاحب محمود آباد بالقابہ و میر صاحب خیر پور دام اقبالہٗ نے اس جوبلی نمبر کی اعانت فرما کر ایک بڑی ضرورت کو پورا فرمایا اور حضور پر نور کی اس امداد سے انجمن احسان مند رہیگی اور ہماری آیندہ نسلوں کو اس قومی البم میں اپنے اسلاف کرام کے ذاتی حالات معلوم ہونگے اور اُن کو بھی ان کی طرح ملک کی خدمت اور اپنی ترقی کا جوش پیدا ہوگا۔ عالیجناب نواب سید سرفراز حسین صاحب تحصیلدار گوڑگاؤں۔ عالیجناب خان بہادر سید ظل حسنین صاحب۔ عالیجناب مولوی سید قائم رضا صاحب عالیجناب ڈاکٹر سید سجاد حسین صاحب بالقابہ پٹنہ۔ مرزا مراد شاہ صاحب دہلی۔ خان بہادر سید ظل حسنین صاحب دہرہ دون نواب خاقان حسین صاحب عارف کانپور جسٹس فضل علی صاحب بالقابہ پٹنہ۔ مرزا محمد جواد صاحب مالک نظامی پریس لکھنؤ۔ سید سید محمد حسین صاحب دہرہ دون۔ خان بہادر سید تہذیب حسین صاحب۔ عالیجناب حکیم کاظم علیخاں صاحب ایڈوکیٹ امروہہ خان بہادر سید نبی ہادی صاحب رئیس امروہہ۔ سید محمد تقی ہادی صاحب وکیل میونسپل کمشنر امروہہ۔ ڈاکٹر ریاض الحسن صاحب بریلی۔ سید رضا احمد صاحب وی۔ سید جانباز حسین صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس جھانسی۔ آغا محمد اکرم صاحب پوس کمشنر۔ سید بشیر حسین صاحب۔ آغا علی خاں صاحب الہ آباد۔ ڈاکٹر حیدر علی صاحب حیدرآباد حیدر کرار صاحب وغیرہ کا بیحد ممنون ہوں اس لئے اگر آپ حضرات کی امداد شریک حال نہ ہوتی تو مجھ کو بڑی سخت پریشانیوں میں مبتلا ہو جانا پڑتا۔ آخر میں جملہ ممبران انجمن کی خدمت میں بصد ادب درخواست ہے کہ اگر میرے قلم سے کوئی جملہ ناگوار خاطر نکل گیا ہو تو اُس کی معافی چاہتا ہوں۔



مہمانِ خصوصی ہز ہائنس نواب سر سید محمد رضا علی خان صاحب بہادر فرمانروائے رامپور کی خدمت میں بمالِ
سنہ ۱۹۰۷ء کو باریاب ہوئے تھے اور نواب صاحب بہادر بالقاب نے انجمن کے لیے سو روپیہ ماہوار کا گرانقدر
ماہیعطیہ منظور فرمایا۔ اسما گرامی مندرجہ ذیل ہیں۔ دائیں سے بائیں کی جانب متادہ عالیجناب نواب سید

رضا میرزا صاحب بالقابہ۔ عالیجناب سید نظر حسین صاحب بالقابہ۔ عالیجناب محمد علی صاحب ہاشمی بالقابہ۔
سید محمد مہدی صاحب پیشکار انجمن، کرسیوں پر۔ اعجاز حسین صاحب، آنریری پروپیگنڈا سکریٹری۔ عالیجناب پروفیسر
سید تجمل حسین صاحب بالقابہ۔ عالیجناب نواب حامد میرزا صاحب آنریری جنرل سکریٹری عالیجناب فخر قوم مولوی
سید کلب عباس صاحب بالقابہ۔ عالیجناب مولوی سید ابن حسن صاحب نبیرہ جاچوی۔



کرسیوں پر دائیں سے بائیں کی طرف عالیجناب سیٹھ محمد خلیل صاحب مرحوم، عالیجناب حاجی سید جلال الدین صاحب بالقابہ، عالیجناب مولوی سید مقبول احمد صاحب قبلہ، عالیجناب مولوی سید مصطفیٰ حسین صاحب قبلہ، عالیجناب عالیجناب فی سیٹھ امام جی صاحب مرحوم، فرش پر عالیجناب آنریبل محسن مرزا صاحب مرحوم، عالیجناب حافظ اکبر حسین صاحب

ممبران فدوی ہائس خلد آشیان نواب سر علی خاں صاحب مرحوم ولی ریاست بیرار کی خدمت میں ڈسمبر سنہ ۱۹۰۲ء و باریابی دربار جشن جوبلی مہاراجہ مرحوم نے انجمن کے لیے مورد یہ ماہوار کا گرانقدر عطیہ مرحمت فرمایا تھا
اسٹاگرافی منسٹر حیدرآباد

رامپور کا مہمان ہوا۔ اور رامپور سے دس ممبر حاصل کئے اور شام کو واپس آگیا۔

سفر پنجاب ایام موسم گرمائی تعطیل میں امروہہ سے ۳۱ رمئی ۱۹۳۶ء کو دہلی روانہ ہوا۔ اور تین روز تک دہلی قیام کیا۔ اور عالیجناب نواب سید احمد میرزا صاحب جنرل سکریٹری نے ایک ماہ کا پروگرام اخبارات میں روانہ فرمادیا۔ میں پنجاب کے دورہ کے لئے جناب سید محمد مہدی صاحب کے ہمراہ روانہ ہوا۔ اور ۱۵ رجون تک پنجاب کے مختلف شہروں پانی پت۔ سونی پت۔ کرنال۔ شاہ آباد۔ انبالہ لدھیانہ۔ لاہور۔ منٹگمری۔ ملتان۔ جھنگ وغیرہ کا دورہ کیا۔ ملتان میں میری طبیعت خراب ہوگئی، بخار کھانسی وغیرہ میں مبتلا ہوگیا۔ اس لئے دورہ ختم کرنا پڑا اور ان تمام شہروں سے ساٹھ ممبروں کے اضافہ پر اکتفا کرکے دہلی واپس آگیا۔ میں حضرات پنجاب کا عام طور سے اور عالیجناب خواجہ غلام السبطین صاحب قبلہ پانی پت۔ عالیجناب مولوی مفتی سید محمد احمد صاحب سونی پت۔ نواب عاشق حسین صاحب سونی پت۔ خواجہ حبیب علی صاحب نائب تحصیلدار انبالہ۔ عالیجناب مولوی سید محمد سبطین صاحب لدھیانہ۔ عالیجناب مرزا مصطفےٰ علی صاحب ہمدانی ایڈیٹر سفینہ۔ عالیجناب سید اقبال حسین شاہ صاحب اسسٹنٹ انسپکٹر مدارس منٹگمری۔ عالیجناب خان بہادر سید حسن بخش صاحب گردیزی رئیس ملتان۔ عالیجناب سید عباس حسین شاہ صاحب بی۔ اے تحصیلدار ملتان وغیرہ کا خاص طور سے مرہون منت ہوں اور صمیم قلب سے ان حضرات کی مہمان نوازی اور ہمدردی کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اس سلسلہ میں نواب سید احمد میرزا صاحب بالقابہ کا خاص طور سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ موصوف کی ہمدردی میرے شریک حال رہی۔

ہمارے جمود کے اسباب اس سفر کی رام کہانی سنانے سے میرا جو مقصد ہے اُس کو پیش کر دینا ضروری خیال کرتا ہوں قوم شیعہ جو اپنے کو تین کروڑ نفوس پر مشتمل بتاتی ہے آخر اس فقید المثال ادارہ کی طرف سے اسقدر کیوں غافل ہے؟ اس سوال کے جواب پر میں یہاں پر روشنی ڈالنا چاہتا ہوں۔ اسی جمود اور بے حسی پر عالیجناب پروفیسر سید تجمل حسین صاحب بھی روشنی ڈال چکے ہیں اور میں یہاں پر کوئی مزید اضافہ نہیں کرونگا بلکہ انھیں خیالات کو وضاحت کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔

اس وقت ہمیں دیکھنا ہے کہ کیا قوم مقصد انجمن کے علم اور احساس کے باوجود اپنی پوری قوت اس ادارہ کے کامیاب بنانے میں صرف کر رہی ہے؟ انجمن کے ممبر ۱۹۳۳ء میں دس ہزار سالانہ چندہ اس مقصد کے لئے عطا فرمایا کرتے تھے، اب اسی قوم میں محض اتنے ممبر باقی ہیں کہ چندہ کی تعداد محض چار پانچ ہزار رہ گئی ہے۔

حالانکہ اُس وقت سے اب انجمن کی شہرت کہیں زائد اور اب اُس کے کارہائے نمایاں کی فہرست کہیں طویل ہے اُس کے وقار و اعتبار کے سکے قلوب پر بیٹھ چکے ہیں۔ اور قوم میں نسبتاً تعلیم بھی زیادہ ہوگئی ہے۔ مگر پھر بھی انجمن کے کام میں عملی حصہ لینے والوں کی تعداد کم ہے۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کے اسباب گو چند در چند ہیں لیکن اصل وجہ یہ ہے کہ ہم فیشن کے دلدادہ ہوگئے ہیں، اپنے مصارف کو آمدنی سے زائد کر دیا اور اپنی زندگیوں کو گراں بنا دیا ہے۔ سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ مجموعی طور پر ہماری زندگیاں بہت حد تک اس مفید اخلاق سے دور ہوگئی ہیں جس کی تعلیم کلام پاک میں ہے اور جس کی تفسیر پیغمبر اسلام اور ائمہ اہلبیت علیہم السلام کی زندگیاں ہیں۔ ہماری وہ تعلیم کہ جس میں نسبتاً ترقی معلوم ہوتی ہے وہ ہماری رواجی تعلیم ہے جو مذہبی اور اخلاقی تعلیم سے عاری ہے اور اس یکطرفہ تعلیم ہی کا اثر یہ ہے کہ ہم اس اسلامی معیار سے دور ہوتے چلے جاتے ہیں۔ جو خدا اور رسولؐ نے ہم کو بتلایا تھا، کہ دنیا کا مال و دولت، سونا، چاندی، آل و اولاد گو اچھی اور محبوب چیزیں ہیں مگر اُن سے بہتر تقویٰ اور پرہیزگاری ہے۔ اور وہ تقویٰ و پرہیزگاری ان محبوب چیزوں کی قربانی کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ اس تقویٰ و پرہیزگاری کو وہ لوگ حاصل کرتے ہیں جو اللہ کی راہ میں اپنی نیک کمائی صرف کرتے ہیں۔ اور اگر ایسا موقع آن پڑے کہ اللہ کی راہ میں اپنی جان و مال اور اولاد قربان کرنے کی ضرورت ہو تو اس سے بھی دریغ نہ کریں۔ ہمیں جن ذوات مقدسہ کی تاسی کا دعویٰ ہے انھوں نے اپنے عمل سے زندگی کی شاہراہ پر

ایسے روشن نشان چھوڑے ہیں کہ آج بھی ہماری ہدایت کے باعث ہیں اور ہمیں اس جادۂ خیر پر چلنے کی دعوت دے رہے ہیں۔ لیکن آج ہم میں ایسی نفسانیت بڑھتی جاتی ہے کہ ہر شخص اپنی ذاتی ضروریات کو اتنی اہمیت دیتا ہے کہ اللہ کی راہ میں آٹھ آنے ماہوار بھی خرچ کرنے کو بارِ گراں خیال کرتا ہے، ہم اللہ کی راہ میں قلیل سی رقم بھی خرچ کرنا احتیاط اور دور اندیشی سے بعید خیال کرتے ہیں۔ ہمیں اس تہدید کا کچھ خیال نہیں کہ وہ سیم و زر جو ایک شخص اپنی ذات کے لئے بغیر راہ خدا میں خرچ کئے جمع کرتا ہے اس کی گردن میں لعنت کا طوق ہوگا اور قیامت کے روز یہی سیم و زر پگھلا کر اس کو داغ دینے کے کام آئیگا۔ یہ باتیں ہمارے ذہن میں ایک خیالی افسانہ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں ہماری اپنی ضرورتیں ہمارے لئے اتنی اہم ہیں کہ ہم سینما کے تماشہ کے لئے مہینے میں کئی بار ایک اٹھنی خرچ کرنا معمولی سی بات سمجھتے ہیں ٹینس میں اور دیگر تفریحات میں دس دس پانچ پانچ روپیہ ماہوار کا چندہ دے سکتے ہیں۔ دعوتوں میں ہزاروں روپے خرچ کر سکتے ہیں۔ ختنہ۔ عقیقہ۔ شادی وغیرہ کے موقع پر نہایت فراخدلی سے فضول خرچی کر سکتے ہیں۔ لیکن افسوس کہ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی ممبری سے نام خارج کرا سکتے ہیں۔ لیکن آٹھ آنے ماہوار نہیں دے سکتے ہیں۔

کارِ خیر کے لئے ایک اٹھنی مہینے میں ایک بار باقاعدہ نکالدینا ایک ایسا بارِ گراں ہے کہ جس کی طاقت ہم اپنے اندر نہیں پاتے۔ درآنحالیکہ یہ اٹھنی اُن کی اولاد کی تعلیم کے لئے ایک بیمہ ہے۔ اس لئے کہ اگر خدا نخواستہ ممبر ان کے انتقال کے بعد اُن کی اولاد کو تعلیم کے لئے وظیفہ کی ضرورت ہو تو اُن کا حق سب پر مقدم رکھا جاتا ہے۔ لیکن ان تمام باتوں کے باوجود ہم اللہ کی راہ میں ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کر سکتے۔ اور خدا کو بھولے ہوئے ہیں۔ اگرچہ جب بندے خدا کو بھول جائیں تو خدا بھی اُن کو بھول جاتا ہے۔ مگر یہ اُس کی شان معبودیت و رحمت ہے کہ وہ بندوں کو بھولا تو نہیں مگر یہ ضرور ہوا کہ اُس نے بھی اپنے بعض الطاف و برکات سلب کر لئے اور اس کا نتیجہ ہے کہ ہم پستی کے انتہائی درجہ پر پہنچ گئے ہیں۔ کیا ہمارا دنیا میں آنا اور اس کے خوشنما منظر و دلربا صورت پر فریفتہ ہونا کھانا۔ پینا۔ عیش و عشرت کرنا خواہشات نفسانیہ کی داد دیکر چلدینا، ہماری حیات دنیوی کی غرض و غایت ہے؟ میرے نزدیک ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ ہماری خلقت کا منشاء خدا بینی و حق پرستی، خدا شناسی ہے۔ دنیا میں آکر ہر طرح آسائش و آرام کریں ہر قسم کے کمال پر فائز ہوں ہر حیثیت سے دنیوی لذت حاصل کریں۔ لیکن اپنے خالق کا اتباع اور اُس کے احکام پیش نظر رکھیں۔ ایک ہمارے وہ اسلاف تھے کہ جو منازل رحمت و برکات تھے، مشاہیر و نامدار تھے صاحبان دولت و اقتدار تھے۔ دولت علم و فضل سے مالا مال تھے، قدرت نے سب کچھ اُن کے لئے سامان فراہم کر دئے تھے۔ اور دنیا کی تمام تاریکیوں کو ہٹا کر زمانہ کو اُن کے لئے روز روشن بنا دیا تھا اس وقت تو کوئی ایسا مقام نہ تھا کہ جہاں ایسے چشمہائے فیض نے اپنا اثر نہ دکھایا ہو۔ اس وقت تو کوئی ایسا پریشان حال نظر نہ آتا تھا کہ قوم کے صدہا دست ہمت جس کے دستگیر نہ ہو جائیں۔ اُس وقت تو کوئی ایسا بیاں غربت دکھائی نہ دیتا تھا کہ جس کے لئے دم بھر میں سیکڑوں میسر شفا دینے والے موجود نہ ہو گئے ہوں، اُس وقت تو کوئی ایسا یتیم نہ تھا کہ بجائے ایک سایۂ پدری کے بیشمار دست تربیت نے اُس کے سر پر سایہ نہ کر لیا ہو، لیکن افسوس کہ آج ہمارے علم و عمل اور ہمارے آبائی نقش قدم میں زمین و آسمان کا فرق معلوم ہوتا ہے۔ ہم میں نہ وہ عظمت رہی نہ وہ جلالت، نہ وہ ہمت، نہ وہ سخاوت نہ وہ ایثار رہا۔ نہ کرم۔ نہ وہ ہمدردی رہی۔ نہ رحمدلی۔ نہ وہ حقوق اللہ کی ادائیگی اور نہ حقوق الناس کا خیال رہا۔ جس کی وجہ سے ہمارا جہاز طوفانی ہے اور ہماری کشتی منجدھار میں ہے۔ لیکن پھر بھی ابھی وقت ہے، باغ دنیا میں بہار بھی ہے اور خزاں بھی، جس طرح کسی چمن کو فصل بہار میں دیکھ کر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس کی حالت ہمیشہ یوں ہی رہیگی اسی طرح زمانۂ خزاں میں بھی یہ نہیں کہہ سکتے کہ اب اس کو زمانۂ بہار پھر نصیب نہ ہوگا۔ بلکہ گل بہار تھی تو آج خزاں ہے۔ آج خزاں ہے تو گل پھر بہار ہے۔ جس طرح عالم میں خدا کی رحمت سے خشک درخت از سر نو سرسبز و شاداب ہو جاتے ہیں اسی طرح خدا کے لطف و کرم سے ہم میں بھی زندگی کے

آثار نمودار ہو سکتے ہیں، لیکن صرف اس کی ضرورت ہے کہ جس راستہ کو چھوڑ کر اس مقام تنزل تک پہنچے ہیں اُسی پاؤں پھر اُسی راستہ پر جائیں جو ہمارے آبائی جاہ و جلال شان و شوکت اور آبائی ترقی کا باعث ہوا اور اپنے مال و دولت سے اہل حق کے حقوق کی کفالت سب سے پہلا فریضہ سمجھیں۔

اے ملت بیضا کے نام لینے والو! اے دین و ایمان کے نام پر فدا ہونے والو! اٹھو۔ ذرا خواب غفلت سے چونکو! اور اپنی قوم کے بچوں کے لئے تحصیل علم و فن کے ایسے ذرائع مہیا کر جاؤ کہ کوئی بے سہارا بچہ بھی بوجہ ناداری کے اس دولت علم سے محروم نہ رہے۔ طالبان علوم کے ساتھ روپیہ پیسہ سے سلوک اور اُن کی اعانت و امداد سے بڑھ کر کوئی دوسرا مصرف خیر نہیں ہے۔ بہت سے مصارف خیر یہ ایسے ہیں کہ جن میں ایک کے عوض دس حصہ اجر ملتا ہے۔ کسی میں ایک کے عوض ستر حصے ملتے ہیں۔ کسی میں ایک کے عوض سات سو۔ کسی میں ایک کے عوض ستر ہزار۔ لیکن حدیث ہے کہ جو کسی طالبعلم کو ایک درہم سے امداد کرے تو اُس کو ایک درہم کے عوض سات لاکھ درہم اجر و ثواب ملتا ہے۔

حضرات! انجمن ایک دعوت خیر ہے جو لوگوں کو اپنا روپیہ ایسے مقصد میں صرف کرنے کے لئے بلاتی ہے کہ جو ہمیشہ باقی رہنے والا عمل خیر ہے۔ انفرادی دولت و ثروت ایک آنی جانی چیز ہے لیکن قومی دولت ایک باقی رہنے والا سرمایہ ہے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ ہم اُس کو مستحکم اور مضبوط بنانے کی پوری سعی و کوشش کریں۔ اگر موجودہ ممبران میں سے ہر ایک جشن سلور جوبلی نمبر کی خوشی میں دو دو ممبر فراہم فرما دیں تو اس کی تعداد میں کافی اضافہ ہو سکتا ہے۔

نتائج سلور جوبلی نمبر

حضرات! سلور جوبلی نمبر کی تحریک جن اسباب و علل اور مفاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں نے پیش کی تھی اور جن مصالح و فوائد کی بنا پر ارکان انجمن نے متفقہ طور پر اس کو منظور کیا تھا اور جن وجوہ کے باعث اکابر قوم و ملت نے اس کی شاندار الفاظ میں تائید کی تھی، خدا کا شکر ہے کہ خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوا جس کو معلوم کر کے ہمدرد قوم نہایت مسرور ہونگے۔ اس اجمال کی کسی قدر توضیح اس طریقہ سے کی جا سکتی ہے کہ انجمن کی برادری میں اس سال تقریباً چار سو جدید ممبران کا اضافہ ہوا۔ اور جنوری ۱۹۳۳ء سے دسمبر ۱۹۳۳ء تک سال گذشتہ کے مقابلہ میں آمدنی تین ہزار روپیہ زیادہ رہی۔ سلور جوبلی نمبر کی اس محیر العقول سرسبزی و شادابی اور بارآوری پر ہمدردان انجمن جیسقدر بھی خوش ہوں وہ کم ہے۔ اُس مسبب الاسباب قادر مطلق معبود برحق کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ یہ کار عظیم بطریق احسن انجام پذیر ہوا۔

ترتیب سلور جوبلی نمبر

یہاں تک تو میں نے سلور جوبلی نمبر کے اغراض و فوائد پر بحث کی تھی اور اُس کو میں اپنی صحت و آرام کا خیال کئے بغیر شبانہ روز کی محنت، و جانفشانی سے جیسا بھی ہو سکا قوم کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ ترتیب کے کام میں جو دشواریاں پیش آئیں اُن کا بھی ذکر کر دوں تو خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ بعض حضرات کی خواہش تھی کہ اُن کے حالات شروع میں ہوں، بعض حضرات نے دس دس، بارہ بارہ صفحات کے حالات لکھ کر بھیجدئے۔ اور مجھ کو تاکید فرمائی کہ ان حالات کو من وعن درج کر دیا جائے۔ بعض حضرات نے انگریزی کے ٹائپ شدہ حالات اور اپنی خاندانی ہسٹری روانہ فرما دی اور مجھ کو حکم دیا کہ اپنے مفید مطلب حالات اس سے اقتباس کر لئے جائیں۔ ان تمام دشواریوں کو میں عمر بھر فراموش نہیں کر سکتا۔ میرے ترتیب حالات میں ایک اصول بنا لیا۔ وہ یہ ہے کہ حالات میں مقدم و موخر کا جھگڑا اس طرح ختم کیا کہ تاریخ شرکت کے لحاظ سے حالات کی ترتیب رکھی۔ شاید ایک یا دو جگہ اس قانون سے متجاوز ہوا ہوں جو مفاد انجمن کے لئے بہتر تھا۔ خاندانی حالات و سوانح عمریوں کی ترتیب و تلخیص کے لئے میں نے یہ محسوس کیا کہ طرز تحریر اور طریقہ ترتیب اس قدر مختلف و متغائر ہے کہ کل حالات زندگی کے طرز انشاء میں حسن تساوی پیدا کرنا دشوار تھا اس لئے میں نے ان میں جابجا قطع و برید کی ہے اور بعض حالات کو تو بالکل از سر نو میں نے اپنی عبارت میں لکھا ہے مجھ کو امید ہے کہ ممبر صاحبان میری مالی دشواریوں کا لحاظ فرما کر مجھ کو

معاف فرمائیں گے۔ اگر میں تمام ممبران کے مرسلہ حالات بغیر کسی ترمیم و تنسیخ کے طبع کر دیتا تو یہی سوونر جوبلی نمبر ایک ہزار صفحات کا ہو جاتا اور اُسپر پھر کئی ہزار روپیہ صرف ہوتا۔

بلاک و تصاویر تصاویر کے بلاک جس قدر اس نمبر میں شائع ہو رہے ہیں وہ منظوری کے بعد شائع کئے گئے ہیں اور جن حضرات نے بلاک کے اندر کچھ نقص تحریر فرمایا تھا اُس کو بلاک میکر سے دور کرانے کی دوبارہ کوشش بھی کی گئی ہے۔

مالی حالت و شکریہ معطیان انجمن وظیفہ سادات و مومنین نے صرف چار سو روپیہ اس مد میں منظور فرمائے تھے جن میں سے تقریباً سوا روپے تو ڈاک خرچ اور مراسلت میں صرف ہوئے۔ ممبران کی مدت میں یہ نمبر روانہ کیا جا رہا ہے۔ اس پر کم از کم دو ڈھائی سو روپیہ صرف ہو جائیگا۔ انجمن کے یہ چار سو روپے تو ختم ہوئے۔ اب ممبران نے جو اعانت فرمائی ہے اُس کی تفصیل حاضر کرتا ہوں۔ بعض ممبران نے فوٹو تو روانہ فرمادئے لیکن صرفہ بلاک وغیرہ کا وعدہ فرمایا میں نے اُن کے اعتبار پر بلاک تیار کرائے لیکن ابھی تک اُن حضرات کا وعدہ پورا نہیں ہوا۔ اور مجھ کو چار سو روپے اب ایک مہاجن سے قرض لیکر یہ نمبر شائع کرنا پڑا۔ اس لئے ممبران سے میری یہ درخواست ہے کہ اپنی موعودہ رقم جلد روانہ فرمادیں۔ اور جن حضرات نے پانچ روپے سے کم روانہ فرمائے ہیں وہ اس کمی کو پورا فرمادیں تاکہ میں قرضہ کے ننگ سے سبکدوش ہو جاؤں۔ اور جو حضرات اس کی زائد کاپیاں خریدنا چاہیں وہ صرف عہ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمادیں۔ دفتر میں اس کی کئی سو جلدیں موجود ہیں مجھ کو امید ہے کہ ممبر صاحبان اپنے عزیز و اقارب دوست احباب کی خدمت میں اس نمبر کو تحفۃً پیش فرمائیں گے تاکہ انجمن کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہو سکے۔ افراد قوم سے میری اپیل ہے کہ اگر میری اس محنت کو بنظر استحسان دیکھتے ہیں تو آپ انجمن کے مقاصد کی اشاعت فرمائیے اور اپنے دائرہ احباب سے ممبر بنا کر فارم ممبری دفتر کو روانہ فرما دیجئے۔ میں مالی اعانت کے سلسلہ میں یوں تو تمام معطیان کا شکر گذار ہوں لیکن بالخصوص عالیجناب ہز ہائینس نواب صاحب بہادر رامپور دام ظلکم۔ اور عالیجناب راجہ صاحب محمود آباد بالقابہ و میر صاحب خیر پور دام اقبالہ نے اس جوبلی نمبر کی اعانت فرما کر ایک بڑی ضرورت کو پورا فرمایا اور حضور پر نور کی اس امداد سے انجمن احسان مند رہیگی اور ہماری آیندہ نسلوں کو اس قومی البم میں اپنے اسلاف کرام کے ذاتی حالات معلوم ہونگے اور اُن کو بھی ان کی طرح ملک کی خدمت اور اپنی ترقی کا جوش پیدا ہوگا۔ عالیجناب نواب سید سر فراز حسین صاحب تحصیلدار گوڑگاؤں۔ عالیجناب خان بہادر سید ظل حسنین صاحب۔ عالیجناب مولوی سید قائم رضا صاحب عالیجناب ڈاکٹر سید سجاد حسین صاحب بالقابہ پٹنہ۔ مرزا مراد شاہ صاحب دہلی۔ خان بہادر سید ظل حسنین صاحب دہرہ دون نواب خاقان حسین صاحب عارف کانپور جسٹس فضل علی صاحب بالقابہ پٹنہ۔ مرزا محمد جواد صاحب مالک نظامی پریس لکھنؤ۔ سید محمد حسنین صاحب دہرہ دون۔ خان بہادر سید تہذیب حسین صاحب۔ عالیجناب حکیم کاظم علیخاں صاحب ایڈوکیٹ امروہہ خان بہادر سید نبی ہادی صاحب رئیس امروہہ۔ سید محمد تقی ہادی صاحب وکیل میونسپل کمشنر امروہہ۔ ڈاکٹر ریاض الحسن صاحب بریلی۔ سید رضا احمد صاحب وی۔ سید جانباز حسین صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس جھانسی۔ آغا محمد اکرم صاحب پوس کمشنر۔ سید بن شبیر حسین صاحب۔ آغا علی خاں صاحب الہ آباد۔ ڈاکٹر حیدر علی صاحب حیدرآباد۔ حیدر کرار صاحب وغیرہ کا بیحد ممنون ہوں اس لئے اگر آپ حضرات کی امداد شریک حال نہ ہوتی تو مجھ کو بڑی سخت پریشانیوں میں مبتلا ہو جانا پڑتا۔ آخر میں جملہ ممبران انجمن کی خدمت میں بصد ادب درخواست ہے کہ اگر میرے قلم سے کوئی جملہ ناگوار خاطر نکل گیا ہو تو اُس کی معافی چاہتا ہوں۔

پیغامات متعلق سلور جوبلی نمبر

از نتیجہ فکر عالیجناب مولانا حکیم سیّد مطاہر حسن صاحب نقوی مؤتمن فرقانی امروہوی

یاد آیا میکہ تھے سادات بام اوج پر چار سو بجتا تھا ڈنکا دہر میں شام و سحر
رشک میں اڈ دبی ہوئی تھی اہل عالم کی نظر ہاتھ باندھے ٹھو کرو میں رہتی تھی فتح و ظفر
کون سی تھی وہ ترقی جو نہیں حاصل نہ تھی
کون سی وہ فرد تھی شیعوں میں جو کامل نہ تھی

دیکھتے تھے جس طرف تھی شان یکتائی عیاں اپنی رفعت دیکھ کر چکر میں تھا یہ آسماں
سرسبز شاداب تھا ایسا ہرا گلستاں تھا رواں کہنہ جسے گلدستۂ باغ جناں
ہر طرح پھولا پھلا سرسبز تھا شاداب تھا
گلشن سادات ہر صورت بآب و تاب تھا

یا تو وہ رفعت ہماری یا یہ پستی الاماں ہے سراپا قصۂ عبرت ہماری داستاں
یا وہ قصر سلطنت، وہ تخت و طبل فرنشاں یا یہ محکومی غلامی مفلسی، مجبوریاں
الغرض سچ ہے وہی قصہ ہمارا ہو گیا
آفتاب اتنا ہوا اونچا کہ تارا ہو گیا

کاسۂ سر قیصر و کسریٰ کے ٹھکراتے تھے ہم نصب تھے روئے زمیں پر ہر طرف اپنے علم
مطلع بذل و عطا تھے منبع جود و کرم جس طرف دیکھو نظر آتے تھے ارباب ہم
حکمراں تھے دولت علم و عمل تھی کیا نہ تھا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

رفتہ رفتہ جب ترقی سے ہوا بنا یہ حال یعنی ہاتھ آئی ہماری قوم کے حد کمال
فطرتاً وہ ہی ہوا ہونا تھا جو اس کا مآل دفعتاً چلنے لگی اس باغ میں بادِ زوال
مطلع سادات پر ابر تنزل چھا گیا
بیڑا اپنی قوم کا گرداب غم میں آ گیا

آسماں پر پھر تو نکبت کی گھٹا چھانے لگی بارش افلاس ہر جانب سے برسانے لگی
اس فضا میں کشت زار قوم کملانے لگی انحطاط آیا وہ رفعت یک بیک جانے لگی
مالک و مختار مجبور و مجسم ہو گئے
اور رہتے جس حال میں افسوس اب ہم ہو گئے

سیل طوفان حوادث میں ہزاروں بہ گئے گھر کے گھر سادات کے برباد ہو کر رہ گئے
صدمۂ جانکاہ لاکھوں فرد اپنے سہ گئے مٹتے مٹتے پھر بھی اتنی بات آخر کہہ گئے
ہم تو جاتے ہیں مگر باقی کو اتنا چاہیے
بڑھ گیا ہے جو مرض اس کا مداوا چاہیے

ساتھ دولت کے ہمارے علم و فن جاتے رہے جملہ اسباب تنزل پے بہ پے آتے رہے
انقلابات جہاں نیرنگ دکھلاتے رہے اپنے حالات زبوں پر ہم بھی شرماتے رہے
کس پرسی سے ہماری سختیاں بڑھتی رہیں
اور اقوام جہاں سونے فلک چڑھتی رہیں

الغرض بستی نہیں چرخ ستم کی ایک چال پھرتے پھرتے سر سے ہوا پیدا ترقی کا خیال
دیکھ کر حال سلف دل کو ہوا صدمہ کمال محسن ملت، جلال قوم کو آیا جلال
پہلی فرصت میں انھوں نے کیا ہی اچھی بات کی
یعنی طرح ڈالدی اس انجمن سادات کی

محسن ملت جلال قوم کی ایجاد سے انجمن سادات جیسی دلنشیں بنیاد سے
یعنی اس کے سر پرستانہ مدد امداد سے مٹ گئی گرد مذلت سیکڑوں افراد سے
الغرض جب سے یہ چشمہ آشکارا ہو گیا
ڈوبنے والوں کو تنکے کا سہارا ہو گیا

اس ادارہ نے کیے جو کام ہوں کیا کہیا سیکڑوں خدمات اسکی اور دیرینہ اک نہاں
سیکڑوں افراد تھے جو ہو نہار و نوجواں جنکی پیشانی سے ظاہر تھے سعادت کے نشاں
از رہ مجبوری و ناداری کو اس نے کھو دیا
تخم ایثار سلف گویا دوبارہ بو دیا

بیشتر افراد جنھے اس سے تا حد کمال ہیں بہت سے عہدہ داران مؤتمر خوشحال
اس نے پیدا کر دئے وہ صاحب اموال سرپرستی میں ہیں جنکی سیکڑوں اہل عیال

عین موقع پر حقیقت میں جگایا قوم کو
اس نے سیلاب حوادث سے بچایا قوم کو

جشن بست و پنج سالہ آج ہے اسکا بپا ہیں محرک جس کے فخر قوم نازِ جارچا
شہرۂ آفاق ہے جن کی ترقی مرحبا انجمن کے فیض سے بی۔ اے کیا بی۔ ٹی کیا
حاملِ فہم و ذکا ہیں صاحبِ اعزاز ہیں
صاف ہی کہدوں وہ میرے دوست ہیں عجاز ہیں

واقعی اعجاز کی تحریک یہ اعجاز ہے زندگی قوم کا مضمر اسی میں راز ہے
جذبِ قلبِ قوم کا دلکش یہی انداز ہے کامیابی دیکھ کر کیوں مضطرب غماز ہے
جنوری سے جون تک کے دن ہوئے کیجے شمار
اور آمد میں اضافہ دیکھئے ڈھائی ہزار

ہے جلالِ قوم کی کاوش سے یہ برقِ بقا خضر موجود وہ ہیں لیکن اس کے احمد نیرا
کوششِ اعجاز ہے اس کے لئے سحر نما دیکھتے ہی دیکھتے جس سے وہ آگے بڑھا
اب روانی اس کی عالمگیر ہو جانے کو ہے
اقتدارِ قوم شاید پھر پلٹ آنے کو ہے

بانیانِ انجمن کو دے خدا اجرِ جمیل ایسے آڑے وقت میں جو ہو گئے اس کے کفیل
ورنہ رہتی قوم نظروں میں مٹا کی ذلیل کرتا ہے پُرزور مومن قوم سے اب اپیل
اس کی امداد و اعانت جلد تر فرمائیے قوم
کام لے ادنیٰ توجہ سے تو پھر بنجائے قوم

اس کو ارباب ہمم کا اک سہارا چاہئے پھر ترقی قوم کی اس وقت دیکھا چاہئے
کب حیاتِ چند روزہ پر بھروسا چاہئے کل کو جو کرنا ہو اس کو آج کر نا چاہئے
گوئے سبقت لے بجائیں اور نوبیں دہر کی
آپکی غفلت نہ دکھلا جائے رنگت زہر کی

رحم ناداری پہ افرادِ شیعہ کی کیجئے جسقدر امکان ہو اس کو ترقی دیجئے
ننگ نامی کے سوا عقبیٰ کا توشہ لیجئے جنت الفردوس میں مہمان کو نر کیجئے
اِک کرشمہ میں بنے جاتے ہیں دو کارِ مہم
دہر میں اعزاز پانا حشر میں باغِ ارم

اقتصادی کشمکش میں مبتلا ہے اک جہاں اُٹھ رہی ہے اسکے باعث دہر میں پر فتنوں
تھوڑا تھوڑا دیجئے تاکہ نہ ہو زائد گراں آپکی ادنیٰ توجہ سے پڑیگی اس میں جاں

دانہ دانہ کو فراہم کر کے بنجاتے ہیں من
قطرہ قطرہ جسطرح مل کر ہو بحرِ موجزن

پیغام نمبر ۲

از جانب جناب مولنا مولوی سیّد محمد صاحب قبلہ مجتہد العصر امروہہ

مستحق تہنیت و تبریک ہیں اعجاز چوی صاحب پروپیگنڈا سکریٹری انجمن وظیفہ سادات و مومنین کہ جنکی عالی دماغی کا قابل قدر نتیجہ انجمن کی پچیس سالہ جوبلی کا جشن ہے جو نہ صرف دو ایک روز کے لطف بحث اور چند جلسوں کی صورت میں وقتی مظاہرہ اور عارضی جذبہ کے ماتحت منایا جائیگا بلکہ یہ وہ بمثال یادگار رسم مسرت ہوگی جس کے پائیدار نقوش ہمیشہ ہمیشہ شیعی دنیا کے صفحۂ قلب پر باقی و برقرار رہیں گے۔

یہ ایک چمنستان ایمان ہوگا جس کے لئے رنگ رنگ کے پھول طرح طرح کے گل بوٹے ایک جگہ فراہم کئے جا رہے ہیں۔ یہ ایک کتاب قومی ہوگی جسکی ایک جلد میں متفرق اور اق ملت شیرازہ بندی کے ساتھ جمع کئے جائیں گے یہ مجلہ انجمن ہذا کے تمام سوانح حیات کا حامل اور اس کی جملہ قومی و ملی خدمات کا آئینہ دار اور مشاہیر قوم کے حالات زندگی کا ایسا مجموعہ ہوگا جس کی مثال شاید کہیں شکل سے مل سکے۔

انجمن وظیفہ سادات قوم کا وہ واحد ادارہ ہے کہ جس نے نہ معلوم کتنے یتیم بچوں کی تعلیمی سرپرستی کی۔ کس قدر نادار اور دشوار گذار راستوں میں پھنسے ہوئے بچوں کے لئے انجمن کا دست شفقت راہ نجات بنا۔ کتنے پریشان حال طالبعلموں کی اس نے دستگیری کی۔ کتنے پژمردہ نونہالوں کو سرسبز و شاداب کیا اور دولت علم کی ایسی گھٹائیں اٹھائیں اور برسائیں کہ تقریباً سوا لاکھ روپیہ وظائف پر تقسیم کیا۔ اور شاید ملک میں کوئی شیعہ آبادی ایسی ہو کہ جہاں انجمن کے چشمہ ہائے فیض نے اپنا اثر نہ دکھایا ہو یہ اس کی وہ عظیم الشان خدمات ہیں کہ جنکا بزرگان قوم و ملت کو تہ دل سے اعتراف ہے پس جس طرح کہ یہ انجمن ایک بے نظیر ادارہ ہے اسی طرح اس کی جوبلی بھی بمثال ہے اور اس سلسلہ میں وہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے جو کسی زندہ قوم کا دستور ہو سکتا ہے عام طور پر اس نمبر کی اشاعت سے انجمن کے

متعلق ہمدردی پیدا ہو جائیگی اور چند روز میں اس کا حلقۂ اثر وسیع ہو جائیگا جو پچیس سال کی خاموشی میں نہ ہو سکا۔ قوم کے پر خلوص سچے کارکن اور خادمان ملت کی یاد تازہ رکھنا اور اُن کی خدمات کی قدر کرنا قومی زندگی کا ثبوت اور سب سے پہلا اخلاقی فریضہ ہے ایک طرف اس نمبر کے ذریعہ سے انجمن کی خدمات کا بہترین اعلان اور دوسری طرف اعیان قوم و ہمدردان ملت سے شیعی دنیا کا تعارف یہ دونوں ایسی اہم چیزیں ہیں جنکی بناء پر یقین ہے کہ انجمن وظیفہ سادات کی اس مبارک تجویز کا امید سے زائد خیر مقدم کیا جائیگا۔ اور قبل اشاعت نمبر ہذا فہرست ممبران اور یہ سلسلہ جوبلی مالی امداد میں کافی اضافہ ہوگا۔ اور کوئی شیعہ بستی ایسی باقی نہ رہیگی جس کے ذکر سے یہ نمبر خالی رہے۔ اور کم از کم وہاں کے کسی ایک بزرگ کا تذکرہ حالات اور فوٹو اس بیش بہا کتاب میں نہ ہو۔

اعجاز حسین صاحب جو اس انجمن کے بڑے جوشیلے کارکن ہیں اس نمبر کو شاندار حیثیت سے نکالنے میں ایسے سرگرم ہیں کہ آج کل اُن کا دل و دماغ صرف اسی طرف متوجہ ہے۔ حاجی صاحب باعتبار ترتیب و تالیف اور صوری و معنوی حیثیت سے اس تذکرۂ قومی کو دلکش بنانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت کرنے والے نہیں ہیں۔ ان کا جوش و انہماک قوم و ملت پر بڑا احسان ہے جس سے اس انجمن کی ترقی میں چار چاند لگ جائیں گے۔ اگر اس موقع پر امید سے زائد ان کی ہمت افزائی نہ ہوئی تو سخت ناشکری ہے۔ بحمد اللہ ابھی ہمارے دلوں میں جرأت۔ ہمارے دماغوں میں طاقت۔ اور ہمارے مزاجوں میں جوش موجود ہے۔

انجمن وظیفہ سادات کو ایسا تعلیمی بیت المال بنا دینا کہ جو انقلاب زمانہ سے کسی وقت زوال میں نہ آئے۔ کچھ مشکل بات نہیں ہے خداوند عالم مدد فرمائے اور یہ عظیم الشان انجمن اپنے انتہائی مقصد میں جلد از جلد کامیاب اور اس کی یہ رفیع المکان جوبلی بھی سے نیک فال ثابت ہو۔

نواب سید احمد میرزا صاحب بھی قابل مبارکباد ہیں کہ ان کا زمانہ سکریٹری شپ نہایت کامیاب ثابت ہوا اور ان کی جد و جہد سے سو روپیہ ماہوار کی مستقل رقم نواب صاحب بہادر رامپور کے یہاں سے منظور ہو گئی۔

پیغام نمبر ۳

از جناب فخر قوم مولوی سید کلب عباس صاحب وکیل رائے بریلی

خدا جزائے خیر دے اعجاز حسین چرچوی صاحب کو جنھوں نے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی پچیس سالہ زندگی اور اُس کے کارناموں کا تبصرہ کرنے کا یہ طریقہ نکالا ہے کہ اس کے کارکنان، خادمان اور ممبران سے عام شیعی دنیا کا تعارف کرائیں اور اُن کے حالات اور تصاویر اکٹھا کر کے دنیا پر ظاہر کریں کہ ہماری قوم میں کیسے کیسے باخبر اور با اثر لوگ موجود ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ انجمن اپنی آپ نظیر ہے۔ اس کے بانیان برادر محترم محسن میرزا صاحب اور مخدوم حاجی جلال الدین حیدر صاحب کے خلوص نیت کا یہ نتیجہ ہے کہ یہ انجمن خاموشی کے ساتھ پھیلتی رہی۔ وہ ایک دانہ جو سنگ لاخ زمین میں پڑا تھا آج قوم کا لہلہاتا ہوا پودا ہے۔ اگر اس کو باخلوص کارکن نہ ملے ہوتے اور انھوں نے خاموش گراں بہا سے انجمن کے حلقۂ اثر کو بڑھانے کی سعی نہ کی ہوتی تو آج سوا لاکھ روپیہ کا وہ باخیر مصرف جو مختلف صنعتی و ادبی درسگاہوں میں وظائف کی صورت میں ہونہار شیعہ طلباء پر ہوا۔ کیسے ممکن ہوتا۔ سچ پوچھئے تو انجمن وظیفہ سادات و مومنین ایک امدادی بیمہ کمپنی اور تعلیم کا بنک ہے جس سے عند الضرورت نادار اور مستحق طلباء اپنے استحقاق کا ثبوت دیکر وظیفہ حاصل کر سکتے ہیں اور برسر روزگار ہونے کے بعد بتدریج اُسے ادا کر سکتے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ آج ممبرن کر کل کے لئے اپنے بچوں کے واسطے سامان تعلیم ممبران فراہم کر سکتے ہیں۔ اس لئے کہ انجمن اپنے ممبران متوفی کے بچوں کو وظیفہ دینے میں ترجیح دیتی ہے اور آجتک نہ معلوم کتنے بچے ایسے یتیم ہو گئے جنکو انجمن نے زیور تعلیم سے آراستہ کر کے اُن کے چہروں سے گردِ یتیمی کو دھو دیا ہے۔ دنیا میں اچھی باتیں کیسی ہی اچھی کیوں نہ ہوں جب تک اُن کی مثال بطور مظاہرہ آنکھوں کے سامنے پیش نہ کیجائے اپنا گرویدہ کم بناتی ہے۔ اسی طرح ہماری انجمن بھی اپنی خاموشی کی وجہ سے آج تک اپنے حلقۂ اثر میں زیادہ وسعت نہ پیدا کر سکی یہ امر نہایت مسرت خیز ہے کہ اعجاز حسین چرچوی صاحب نے اس کمی کو پورا کیا۔ اور انجمن کی خدمات کا اعلان کرنے کا یہ دیدہ زیب اور دلفریب ذریعہ نکالا

کہ ایک کتاب کی صورت میں اُس کی تاریخ، اُس کے کارنامے اور اُس کے کارکنان کے سوانح ارباب ملّت کے ہاتھوں تک پہنچانے کا تہیہ کر لیا۔ یہ سلور جوبلی نمبر انشاء اللہ انجمن کی زندگی کا وہ پہلا سنگ بنیاد ہوگا جس کے اوپر عالیشان اور مرتفع عمارت مستقبل قریب میں انشاء اللہ اُٹھ سکیگی۔ وہ دن اعجاز جارچوی صاحب اور ساری قوم کے لئے مبارک دن ہوگا۔ اس لئے میں تمام ممبران انجمن سے اپیل کرتا ہوں کہ اپنی اپنی سوانح عمریاں اور فوٹو مندرجہ ذیل پتہ پر روانہ فرمائیں۔ جناب اعجاز جارچوی بی۔ اے۔ بی ٹی آنریری پروپیگنڈا سکریٹری انجمن وظیفہ سادات امروہہ۔

پیغام نمبر ۴

منقول از سرفراز لکھنؤ

از عالیجناب حجۃ الاسلام عمدۃ العلماء السید کلب حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر لکھنؤ

انجمن وظیفہ سادات کو عالم وجود میں آئے ہوئے پچیس برس ہوئے اور ربیت سے آل رسولؐ جو تشنہ علم تھے اس قلیل مدت میں انجمن سے مالی امداد حاصل کر کے زیور علم سے آراستہ ہو گئے۔ علم کی فضیلت کے بعد طالب علم کی اعانت میں افضلیت ہے خصوصاً جبکہ اولاد علیؑ و فاطمہؑ بھی ہو اور یہی فضیلت اس انجمن نے حاصل کی۔

یقیناً اس پچیس سالہ خدمات کی یادگار میں سلور جوبلی نمبر کی تقریب مناسب اور مبارک بھی ہے اور اس تقریب کے سلسلہ میں جوبلی نمبر کی اشاعت بہت زائد مستحسن بھی۔

یہ نمبر انجمن وظیفہ سادات کے زرّیں کاموں کا موثق تذکرہ بھی ہوگا اور مشاہیر قوم کی بہترین تاریخ بھی۔ ارکان انجمن کی بلند نگاہی قابل داد ہے کہ تمام موجودات کے نتیجہ آخر یعنی فنا پر نظر کرتے ہوئے تذکرۂ اسلاف و اخلاف کا قصد کیا تاکہ یاد رفتگاں کے نمونے ہمت افزا ہوں۔ انشاء اللہ ارکان انجمن کی یہ کوشش سعی مشکور ہوگی۔

منقول از اسلامیہ لکھنؤ

پیغام نمبر ۵

از عالیجناب سید مجاہد حسین صاحب جوہر ایڈیٹر رسالہ اتحاد مظفر نگر

انجمن نے اعجاز جارچوی صاحب کی تحریک سلور جوبلی نمبر کی اشاعت کو منظور کر لیا ہے اور تین سو روپیہ جارچوی صاحب کے لئے اس نمبر کی اشاعت میں منظور رکھے ہیں۔ اس سے ممبران انجمن کے تدین، انجمن کے ساتھ سچی ہمدردی کا کافی ثبوت مل سکتا ہے۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ سلور جوبلی نمبر کی اشاعت کے اخراجات معمولی نہیں ہیں۔ اس کے لئے تین سو روپیہ کی رقم کیا حقیقت رکھتی ہے۔ اور پھر لطف یہ ہے جارچوی صاحب کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ حتی المقدور تمام ان ممبران کارکن کمیٹیوں کے فوٹو جو انجمن کے ابتدائی دور سے آج تک اسکی ممبریت میں داخل ہوتے رہے ہیں حاصل کر کے شامل کریں اور اسی میں ۱۹۳۶ء کی سالانہ رپورٹ بھی جارچوی صاحب کو چھپا کر شامل کرنا ہوگی۔ لیکن اس کے کثیر اخراجات پر نظر کرتے ہوئے ممبران کارکن کمیٹی نے انھیں اجازت دی ہے کہ وہ جسقدر ممبران کے فوٹو اور سوانح عمریاں اس نمبر میں چاہیں شامل کر سکتے ہیں۔ حقیقتاً کارکن کمیٹی کا اس اجازت سے یہ مقصد ہے کہ اُن حضرات سے جو سلور جوبلی نمبر کی اہمیت اور اس کے فوائد کا احساس رکھتے ہیں امداد مل سکے۔

یہ سوال کہ سلور جوبلی نمبر انجمن کو کیا فائدہ پہنچا سکتا ہے کسی زیادہ تشریح کا محتاج نہیں۔ کسی کانگریس و پیگنڈے میں ایسی تدابیر ہی ہوا کرتی ہیں جو اسے کامیاب اور مقبول عام بنا سکتی ہیں اگر سلور جوبلی نمبر بڑی تعداد میں شاندار طور پر شائع ہو سکا تو ہمیں یقین ہے کہ قوم کے ہر طبقہ کو انجمن کی طرف رجوع کریگا۔ جارچوی صاحب کا انہماک متوقع بنا رہا ہے کہ وہ اس نمبر کو نہایت شاندار طور پر قوم کے سامنے پیش کر سکیں گے۔ ۸ جنوری ۱۹۳۶ء

پیغام نمبر ۶

از عالیجناب منور علی صاحب مدیر الحافظ لاہور

ہمیں یہ معلوم کر کے از حد مسرت ہوئی ہے کہ انجمن وظیفہ سادات و مومنین نے اپنے پچیس سالہ جشن سالگرہ کے لئے شان و شوکت سے تیاری شروع کر دی ہے اس تقریب میں انجمن کی ایک سلور جوبلی بک شائع کرنیکا بھی فیصلہ کیا گیا ہے جس پر انجمن کی غرض سے اب تک نہ صرف انجمن کے حالات اور ۱۹۳۵ء کی رپورٹ شائع ہوگی بلکہ سرکردہ اصحاب انجمن کے فوٹو اور سوانح حیات بھی درج کئے جائیں گے۔ جناب اعجاز جارچوی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی المرہم

نے جو قوم کے ایک ممتاز اور سرگرم رکن ہونے کے علاوہ ایک قابل ادیب بھی ہیں اور جنکی قومی بہتری اور بہبودی کی تحریریں قوم کے لوح دل پر اکثر نقش ہوتی رہتی ہیں۔ اس کتاب کی اشاعت کا اہتمام و انصرام اپنے ذمہ لیا ہے اور انجمن کے اراکین سے استدعا کی ہے کہ وہ انھیں تصاویر اور حالات بھیجیں اور چونکہ یہ کتاب ہزاروں کی تعداد میں طبع ہوگی اور خرچ زیادہ آئیگا۔ اس لئے انجمن کی امداد بھی فرمائیں ہمیں امید ہے کہ انجمن کے قدیم و جدید ارکان انجمن کی ان خدمات حسنہ کے پیش نظر دونوں طریقوں سے امداد فرمائیں گے اور اپنا پورا تعاون انجمن کے حوالہ کرکے یہ کوشش کرینگے کہ جوبلی ہر لحاظ سے کامیاب ہو۔

پیغام نمبر ۷

از عالیجناب خواجہ اسد اللہ صاحب سدا ایڈیٹر جریدہ اسد لکھنؤ

اس اخبار میں انجمن وظیفہ سادات کی کارروائی اور اس کے پروپگنڈا سکریٹری جناب سید اعجاز حسین صاحب جارچوی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی کا ایک مراسلہ درج کیا گیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جناب اعجاز جارچوی انجمن کا ایک سلور جوبلی نمبر نکالنے والے ہیں۔ ممدوح نے اس نمبر کا جو خاکہ پیش کیا ہے اُسے دیکھنے سے واضح ہوتا ہے کہ اس نمبر کے لئے جو رقم انجمن وظیفہ سادات سے منظور ہوئی ہے وہ بہت کم ہے لہذا ضرور ہے کہ انجمن وظیفہ سادات کا یہ سلور جوبلی نمبر شایان شان حیثیت میں نکالا جا سکے۔ ۱۰ر جنوری ۱۹۳۶ء

پیغام نمبر ۸

از عالیجناب سید اعظم حسین صاحب اعظم مدیر جریدہ سرفراز لکھنؤ

اس ہفتہ میں ہمیں جناب سید اعجاز حسین صاحب جارچوی کا ایک مراسلہ موصول ہوا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی طرف سے طے کیا گیا ہے کہ اس کی جوبلی کے موقع پر ایک ایسا کتابی مجموعہ شائع کیا جائے جس میں اس کی پچیس سالہ خدمات بالتفصیل قلمبند کی جائیں۔ یہ مراسلہ اسی اخبار میں کسی دوسری جگہ درج کر دیا گیا ہے اور یہاں ناظرین کرام کی توجہ اسکی طرف مبذول کرائی جاتی ہے بتجویز بہر حال بہت اہم ہے اور ہمدردان انجمن کی پوری توجہ کی مستحق ہے۔ ۹ر جنوری ۱۹۳۶ء۔

پیغام نمبر ۹

از عالیجناب ظفر عباس صاحب فضل ایڈیٹر جریدہ نظارہ لکھنؤ

ہمیں جناب اعجاز جارچوی کے سرفراز نامہ اور مراسلہ سے یہ معلوم کرکے انتہائی مسرت ہے کہ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کا سلور جوبلی نمبر شائع ہونیوالا ہے جس کے پروپگنڈا اسکریٹری جناب اعجاز جارچوی مقرر ہوئے ہیں اس میں شبہ نہیں کہ انجمن وظیفہ سادات و مومنین ہی قوم کی اس وقت ایسی انجمن ہے جو عمل کے دامن سے وابستگی ہی اپنے وجود کا حقیقی مقصد سمجھتی ہے اس وقت تک یہی انجمن ایسی ہے جس نے کافی سرمایہ سے قوم کے بچوں کو تعلیم دلوائی اور عملی حیثیت اختیار کی۔ ہمیں انجمن کی جانب سے علاوہ مراسلہ کے جو جناب اعجاز جارچوی کے اسم گرامی سے اسی اخبار میں شائع ہو رہا ہے انجمن کی طویل کارروائی بھی موصول ہوئی تھیں لیکن افسوس کہ ہم جگہ کی قلت اور نظارہ کے حجم کم ہونیکی وجہ سے مذکورہ کارروائی کو شائع نہ کر سکے۔ ہمیں امید ہے کہ قوم جناب اعجاز جارچوی کی سلور جوبلی نمبر نکالنے میں مدد کریگی۔ کیونکہ اس مخصوص نمبر نکالنے کے لئے جو رقم انجمن سے منظور ہوئی ہے وہ بہت کم ہے اور کام بہت زیادہ ہے جناب اعجاز جارچوی کی شخصیت قوم میں کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے اس لئے ہمیں آپ کی ذات سے قوی امید ہے کہ مذکورہ نمبر بہت عمدہ اور کامیاب ہوگا۔ ۱۴ر جنوری ۱۹۳۶ء۔

پیغام نمبر ۱۰

از عالیجناب فخر قوم خواجہ غلام السیدین صاحب پرنسپل ٹریننگ کالج علی گڈھ

آپکے کئی خطوط اور اپیلیں اخباروں میں پڑھیں اور ان کا جواب نہ دیسکنے کی وجہ سے میرے ضمیر پر بار ہے۔ آپ انجمن کا سلور جوبلی نمبر نکال رہے ہیں بہت اچھا خیال ہے۔

پیغام نمبر ۱۱

از عالیجناب حکیم کاظم علی خانصاحب ایڈووکیٹ امروہہ

جوبلی نمبر کی تیاری کا کام جو آپنے اپنے ذمہ لیا ہے وہ فی الواقعی معمولی نہیں ہے۔ خداوند عالم کا فضل اور آپ کا انہماک یہ یقین دلاتا ہے کہ وہ بطریق احسن انجام پائیگا میں بھی اپنی مختصر سوانح عمری اور فوٹو روانہ کروں گا۔ آپکی یہ تحریک نہایت ہی مفید ثابت ہوگی۔

پیغام نمبر ۱۲

از عالیجناب آغا نثار احمد صاحب ڈپٹی کلکٹر جھنگ

آپکا خط ملا۔ واقعی تجویز نہایت اچھی ہے اور ترقی انجمن کے لئے بہترین ذریعہ ہے میں بھی اپنا فوٹو مختصر سوانح عمری ارسال خدمت کرونگا مشاغل ملازمت وغیرہ سے وقت نکال کر جلد تعمیل ارشاد کرسکونگا۔ آپکی یہ قومی خدمت قابل تحسین و صد آفرین ہے۔

پیغام نمبر ۱۳

از عالیجناب سید وصی حیدر صاحب بلگرامی مظفرپور

مکرم و محترم زید مجدکم۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی جو گرانقدر خدمات آپ انجام دے رہے ہیں وہ صد ستائش اور تشکر و امتنان سے بالاتر ہیں۔ اللہ کرے عزم و عمل اور زیادہ ہو بعض کرم فرماؤں کے اصرار پر اپنے مختصر حالات بھیج رہا ہوں میری طرف سے اس کے اندراج و اخراج کا آپ کو پورا حق حاصل ہے۔

پیغام نمبر ۱۴

از عالیجناب نوّاب سید خاقان حسین صاحب ضوی عارف کانپور

دنیا کی وہ قوم جو علم و تمدن مہذبانہ رکھتی ہے ارباب علم و فضل کی قدر افزائی اپنا فرض جانتی ہے صاحبان علم اگر واقعی عالم ہیں تو قوم کے تمدن کی اصلاح نہج حقیقی کی تعلیم ان کا فرض ہے شعراء بشرطیکہ اسرار فن سخن سے واقف ہوں اپنے خیال و ارادہ کو کام میں لاکر سامعین کو اپنی طرف متوجہ کرلیتے ہیں پھر اُن کو جس طرف چاہتے ہیں متوجہ کر دیتے ہیں ان نکات کو سمجھ کر اہل یورپ اپنے علماء اور فضلاء و شعراء کی قدر دانی نصب العین قرار دے رکھی ہے۔

شیکسپیر وغیرہ شعراء کا ایک ایک لفظ اور ایک ایک مصرعہ حامل لطائف معنوی خیال کیا جاتا ہے۔ اس وقت شیکسپیر کے کلام کی توضیح و تشریح میں جسقدر کتابیں معرض طبع میں آچکی ہیں اگر فراہم کیجائیں تو بے شبہ ایک کتبخانہ بن سکتا ہے۔ مگر ہائے برحال ہمیں بغض و نفاق اور حسد و خود پرستی سے فرصت کہاں کہ انصاف کے ساتھ اپنی قوم کے نفوس کاملہ کی قدر دانی کی طرف متوجہ ہوں اور اُن کی شہرت و بقائے نام کو اپنی شہرت اور اپنا نام سمجھیں۔ یہاں ہر شخص اپنے نام و نمود کی فکر میں ایسا مصروف ہے کہ ارباب کمال کی تنقیص ذریعہ عزت و نیکنامی سمجھتا ہے دنیا میدان ترقی کی طرف تیزی و سبک خیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے یہاں قسمت کے ساتھ پاؤں بھی سو گئے ایک قدم آگے نہیں بڑھ سکتے۔

علماء اپنے کو مفید مطلب بنائیں تمدن کی اصلاح کو مہتم بالشان سمجھ کر اس طرف متوجہ ہوں۔

شعراء اپنی قوت ارادی اور شیریں زبانی سے دلوں کو مسخر کریں۔ قوم قدر داں ہو۔ حوصلہ افزائی کیجائے پھر دیکھئے خدا کیا کرتا ہے۔

آدمی شو اگر خدا خواہی

اس وقت مجھے جناب اعجاز جارچوی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی آنریری پروپیگنڈا سکریٹری انجمن وظیفہ سادات امروہہ کی تحریک سلور جوبلی نمبر کا خیال آیا۔ واقعی جو اس مرد دوراندیش نے کام کیا ہے وہ لائق دید و قابل داد ہے اور جو کارنامہ سلور جوبلی نمبر کے نام سے عنقریب پیش منظر ہونیوالا ہے۔ اُسکو ارباب ذوق و شوق پڑھیں اور میرے ہمراہ مولانا اعجاز جارچوی کے مدّاح و ثناگستر بنجائیں

راست گفتن شعار عارف ہست

جن حضرات نے ابتک اس عظیم الشان قومی البم میں اپنے حالات روانہ نہ کئے ہوں وہ جلد از جلد ۱۵ دسمبر تک اعجاز جارچوی صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی امروہہ کے پتہ پر روانہ فرمائیں۔ منقول از اسد لکھنؤ مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۹۳۵ء۔

پیغام نمبر ۱۵

از عالیجناب محمد حضور عالم صاحب گورنمنٹ انسپکٹر لیدر انڈسٹریز بجنور

جناب اعجاز جارچوی صاحب۔ سلام علیکم آپ کا مطبوعہ خط پہنچا جس میں آپنے میرے حالات زندگی اور فوٹو طلب فرمائے ہیں۔ دونوں چیزیں حاضر ہیں میں آپکی اس تحریک کو پسند کرتا ہوں۔

پیغام نمبر ۱۶

از عالیجناب نواب سید احمد میرزا صاحب بالقابہ آنریری سکریٹری انجمن وظیفہ سادات نیو دہلی

تقریباً ایک سال سے سلور جوبلی نمبر کا پروپیگنڈا سکریٹری جناب سید اعجاز حسین صاحب جارچوی بی۔ اے آنریری پروپیگنڈا سکریٹری قومی اخبارات میں فرما رہے ہیں اور ممبر صاحبان کی خدمت میں علیحدہ علیحدہ خطوط بھی ارسال کئے گئے ہیں لیکن آن کی آخری رپورٹ سے یہ معلوم کرکے بیحد افسوس ہوا کہ اسوقت تک کل دو سو فوٹو اور سوانح عمریاں ان کے پہنچی ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات جیسی ہر دلعزیز اور محبوب انجمن کی رپورٹ کے جوبلی نمبر کے لئے یہ کچھ بھی نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئی ممبر بھی ایسا نہ رہے جس کے حالات اور فوٹو اس نمبر میں شائع ہونے سے رہ جائیں تاکہ صحیح معنوں میں اس کو قومی البم کہا جاسکے جو گولڈن جوبلی نمبر تک سینہ سے لگا کر رکھا جاسکے۔ اس لئے نہایت ادب سے گذارش ہے کہ اس طرف توجہ فرمائیے اور ۱۵ دسمبر ۱۹۳۶ء تک فوٹو اور حالات جناب سید اعجاز حسین صاحب جارچوی کے پتہ پر امروہہ ارسال فرما کر اپنے محبوب ادارہ کے جوبلی نمبر کی شان کو دوبالا فرمائیے۔ جن حضرات نے فوٹو اور حالات روانہ فرمائے ہیں لیکن عطیہ یعنی صرفہ بلاک مرحمت نہیں فرمایا ہے وہ اپنا عطیہ جلد روانہ فرمادیں۔

منقول از سرفراز مورخہ ۹ دسمبر ۱۹۳۵ء

پیغام نمبر ۱۷

از عالیجناب حجۃ الاسلام سلطان الواعظین منفی سید محمد احمد صاحب قبلہ مدظلہ سوبنت

اقوام عالم میں ملت شیعہ وہ قوم ہے جس نے اس وقت تک اس گرانقدر دولت علم کے حاصل کرنے میں ہر قوم سے زیادہ اپنے عزم اور اپنے عمل کا ثبوت دیا اس دور فلاکت و مصیبت میں ہمارے قوم کے مائۂ ناز افراد آسمان ہندوستان کی تعلیم و تمدن اور معاشرت و سیاست کے آفتاب و ماہتاب ہیں۔ لیکن اس کے باوجود اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ شیعوں کے تعلیمی ادارے خواہ وہ تعلیم جدید کے مرکز ہوں یا تعلیم قدیم کی درسگاہیں سب کے سب نہایت نازک اور کمزور حالت میں زندگی بسر کر رہے ہیں انھیں تعلیمی اداروں میں ایک مشہور انجمن بھی ہے جسکو انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ خدا ہی خوب بہتر جانتا ہے کہ وہ کونسی نیک ساعت تھی جب اس کی بنیاد جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب اور مرحوم جناب سید محسن میرزا صاحب نے اپنی نیک نیتی اور خلوص کے ساتھ رکھی اسوقت سے لیکر آجتک یہ انجمن برابر اور مسلسل قوم کے نادار اور غریب اطفال کے لئے تعلیمی امداد اور سہولت کے سامان فراہم کر رہی ہے۔ تمام قوم میں آپ کو جستجو کے بعد ایک فرد بھی ایسی نہ ملیگی جو اس کے مفید اور ضروری ہونے کا انکار کرسکے لیکن اس کے باوجود آپکو اپنی ہی قوم میں بہت سے ایسے تعلیمیافتہ دولتمند حضرات ملیں گے جنھوں نے آجتک اس کی ممبری قبول کرکے اپنی کثیر آمدنی کے ایک قلیل جز کا اپنے نادار اور غریب بھائیوں کو حصہ دار بنانا منظور نہیں کیا۔ کیا یہ امر کچھ کم افسوسناک ہے؟ قوم کے عوام الناس سے اگر قطع نظر بھی کرلیجائے تو بھی اس قوم میں تنزل و انحطاط کے باوجود ابھی بہت سے ایسے تعلیمیافتہ اور دولتمند حضرات موجود ہیں جو دوسری اقوام کے اداروں کی امداد و اعانت کرتے رہتے ہیں لیکن انکو اپنی قوم کے شوم بخت اور بدنصیب اطفال کے حال زار کی طرف کبھی توجہ کا موقع نہیں ملتا ضرورت ہے کہ قوم پوری کمیٹی اور اتفاق و اتحاد سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی امداد کرکے اس کو اس قابل بنادے کہ وہ قوم کے ہر غریب بچہ کی تعلیمی ضرورتوں کی کفیل ہوسکے۔ اور ہر سال سرمایہ کی کمی کی وجہ سے جو مستحق امیدواروں کی درخواستیں مجبوراً واپس کرنا پڑتی ہیں اور وہ غریب اپنا دل مسوس کر رہجاتے ہیں یہ دل آزار اور رنجدہ صورت آئندہ پیش نہ آئے۔ آپکی یہ مفید اور مقبول انجمن اپنی زندگی کے پچیس سال آپکی خدمت میں مصروف رہ کر بسر کرچکی ہے اس تقریب میں اسکے پرجوش اور

مخلص کارکن جناب سیّد اعجاز حسین صاحب جارچوی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی اس کا جوبلی نمبر شائع فرما رہے ہیں اور اس سعی میں مصروف ہیں کہ قوم کے تمام مشاہیر اور انجمن وظیفہ سادات کے معاونین کی عکسی تصاویر کے ساتھ ان کی مختصر سوانح حیات شائع کرکے جوبلی نمبر کو قومی البم بنا دیں۔ رائے بہت معقول اور تجویز نہایت پسندیدہ ہے اور اس لئے موصوف نے جس ہمت و ایثار کا ثبوت دیا ہے اس کے لئے جناب ممدوح مستحق صد آفرین و ستائش ہیں۔ یہ جوبلی نمبر انجمن وظیفہ سادات کی پچیس سالہ خدمات کا دلکش مرقع اور شیعوں کی تعلیمی زندگی کا دلآویز تاریخی ثبوت ہوگا۔

انجمن وظیفہ سادات کی موجودہ حالت درحقیقت اس قابل نہیں کہ اس کے لئے ہم کوئی جوبلی نمبر شائع کرکے دوسری اقوام کے سامنے اپنی تعلیمی ہیچی کا تحریری ذخیرہ مہیا اور پیش کردیں۔ جب میں اس پر غور کرتا ہوں کہ دوسری اقوام ہماری سب سے بڑی اور مشہور تعلیمی انجمن کی مالی حالت کو دیکھ کر ہماری نسبت کیا رائے قائم کرینگی تو میرا سر بارندامت سے جھک جاتا ہے وہ قوم جو اپنے تعلیمی عروج اور علمی کمالات کی وجہ سے سارے عالم سے خراج تحسین وصول کرچکے آج اسکی کامیاب ترین انجمن کی یہ حالت ہے کہ وہ بڑی کفایت شعاری اور سخت پابندی کے بعد پچیس سال میں صرف پچاس ہزار روپیہ جمع کرسکی ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ ہمیں اپنے دوسرے مفلس اداروں کو دیکھتے ہوئے یہ رقم خطیر اور گرانقدر نظر آئے لیکن درحقیقت ایک تعلیم یافتہ قوم کی واحد اور کامیاب انجمن کے لئے یہ کوئی عظیم الشان کامیابی نہیں ہوسکتی۔

اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ قوم کی ہر وہ فرد جو کم از کم آٹھ آنے ماہوار ادا کرسکتی ہو جوبلی نمبر کی اشاعت سے قبل اس انجمن کی ممبری قبول فرمائے تاکہ جوبلی نمبر ہماری قومی ترقی اور تعلیمی احساس کی صحیح اور دل افروز یادگار ثابت ہوسکے اور ہم غیر اقوام کے افراد کے سامنے پیش کرکے اپنے درجۂ لیاقت کا ثبوت دے سکیں۔

اکابر ملّت اور عائدین قوم سے خاص طور پر درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے حالات اور واقعات مختصر طور پر قلمبند فرما کر جناب سیّد اعجاز حسین صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی پریذیڈنگ سکریٹری انجمن وظیفہ سادات امروہہ ضلع مراد آباد کے پتہ پر ارسال فرمائیں اور اس کی ممبری قبول فرما کر اپنی امداد و اعانت سے اسکی بنیاد کو مستحکم اور مضبوط کرکے اپنے نادار اور مفلوک الحال بچوں کی سرپرستی فرمائیں۔ خدا کا شکر ہے کہ میرے احباب میں اکثر حضرات اس انجمن کے ممبر ہیں اور جن صاحب کو ابتک اسکی امداد کا موقع نہ ملا ہو اُن سے میں استدعا کرونگا کہ وہ اس انجمن کی ممبری قبول فرما کر دین و دنیا میں سُرخرو ہوں اور ناچیز خادم ملّت کو شکریہ کا موقع مرحمت فرمائیں۔ "منقول از اسد الصفوی"

پیغام نمبر ۱۸

از عالیجناب مولوی السید مظاہر حسن صاحب نقوی فرقانی امروہوی

ماشاءاللہ یونہی شیعان ہند کے متعدد ادارے انکی آنکھوں کے نور اور دلوں کے سرور کہے جانیکے مستحق ہیں اور فی الجملہ اپنے موقع پر فرائض متعلقہ کی بجاآوری میں سعی نظر آتے ہیں لیکن جس قسم کی پرخلوص اور ٹھوس خدمات اس قلیل مدت میں انجمن وظیفہ سادات نے سرانجام دیں ان پر نظر فرمڈالنے نیز توازن و تقابل کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ ادارہ حقیقی معنوں میں انکی آنکھوں کا تارہ ہے فی الحقیقت یہی وہ نافع ترین ادارہ ہے جس کے زرّیں کارنامہ جات پر دنیائے شیعیت بجا طور پر سربلند و سرفراز ہوکر فخر و مباہات کرسکتی ہے اسکی چوبیس سالہ لائف پر اگر ہم اجمالاً بھی تبصرہ کریں تو ورق کے ورق اس کی زرّیں خدمات سے جگمگاتے نظر آئیں گے۔ اس تھوڑی سی مدت میں سیکڑوں ہونہار کم استطاعت ارباب احتیاج پر تقریباً ڈیڑھ لاکھ روپیہ قریب سے صرف کرکے اس نے ہزارہا افراد قوم کو تباہی و بربادی سے محفوظ کردیا سیکڑوں افراد جنکا کوئی حامی و مددگار نہ تھا اور ناداری کے باعث کچھ نہ کرسکتے تھے آج اس ادارہ کی سرپرستی کی وجہ سے بڑے بڑے عہدوں پر فائز و کامیاب ہوکر ہزارہا افراد کی آسایش و فارغ البالی کا سبب بنے ہوئے ہیں۔ لیکن افسوس کہ قوم نے اب تک اسکی جانب سے نارواہے اعتنائی برتی اور کما حقہ اسکی طرف متوجہ نہ ہوئی اور اس کے شایان شان اعتراف خدمات نہ کرسکی۔ مگر ابھی کچھ نہیں گیا۔ اسوقع پر جبکہ اسکا جشن سیمیں منایا جانیوالا ہے ارباب ثروت و وجاہت اور صاحبان ہمت و دولت کو اس محبوب ترین ادارہ کی طرف اپنی توجہات مبذول فرمانی چاہئیں (از اسد الکتب)



حضور پرنور اعلیحضرت عالیجاہ فرمانروائے انگلشیہ مخلص لدولہ ناصر الملک امیر الامرا
ہز ہائینس نواب سر سید محمد رضا علی خاں صاحب بہادر کے سی ایس آئی فرمانروائے رامپور دام ملکہم

حالات بانیان، سکریٹریان و ممبران کارکن کمیٹی

من ابتدائے سنہ ۱۹۱۲ء لغایتہ دسمبر سنہ ۱۹۳۶ء

حضور پُرنور عالیجناب ہز ہائینس نواب سید رضا علیخاں صاحب بہادر فرمانروائے رامپور دام اقبالہٗ کے سی ایس آئی

(سرپرست انجمن وظیفہ سادات و مومنین)

اجداد کا حال ریاستہائے ممالک متحدہ آگرہ و اودھ میں ریاست رامپور کو ایک امتیازی درجہ حاصل ہے۔ اٹھارویں صدی کے آغاز میں اس ریاست کی بنیاد نواب سید علی محمد خاں بہادر نے جو نامور سادات بارہ سے تعلق رکھتے تھے۔ اور جنکے زیر حکومت علاوہ روہیلکھنڈ کمایوں ڈویژن کے نواحی حکومتوں کے حصص بھی تھے۔ وہ نہ صرف ایک بہادر سپاہی یا ایک مدبر فرد کی حیثیت رکھتے تھے۔ بلکہ فطرتاً رہنمائی کے اوصاف سے متصف تھے۔ اکثر اور بیشتر لڑائیوں میں قسمت اُن کی پشت و پناہ رہی۔ اور ہمیشہ فتح کا سہرہ اُن کے سر رہا۔ مغلیہ شہنشاہ وقت کی فرمانبرداری میں بہت سی نمایاں خدمات انجام دیں۔ جن کے دربار سے علاوہ عطیۂ شاہی مراتب کے جو رائل فرش کا امتیازی نشان تھا۔ انھیں نواب روہیلکھنڈ بنا دیا گیا۔

سنہ ۱۷۴۹ء تاریخ کا بڑا پُر آشوب زمانہ تھا جس میں ہی نواب صاحب بہادر کا انتقال ہوا۔ اور ان کی حکومت نے بہت سے انقلابات دیکھے۔ یہانتک کہ رامپور کی ایسی سربفلک و عظیم سلطنت ایک برائے نام ریاست نظر آنے لگی۔ اب ان کے بیٹے نواب سید فیض اللہ خاں بہادر نے ریاست کا صدر مقام رامپور قرار دیا۔ ارتباط باہمی انھوں نے برٹش گورنمنٹ کے ساتھ پیدا کیا۔ اُسے تاریخ کبھی نہیں بھلا سکتی۔ اس تعلق کا عملی ثبوت اس وقت ظہور میں آیا جبکہ انگلینڈ اور فرانس کی معرکہ آرائی میں انھوں نے فوری امدادی افواج برٹش کی معاونت میں بھیجیں۔ جس کے صلہ میں سنہ ۱۷۷۹ء میں گورنر جنرل کی جانب سے مندرجہ ذیل تحریر وصول ہوئی۔

"میں اپنی وزیر بورڈ یعنی بورڈ آف ڈائرکٹران ایسٹ انڈیا کمپنی کیجانب سے انتہائی گرمجوشی کے ساتھ اس بیمثال ہمدردی اور خلوص کا جو آپنے کمپنی اور انگریز قوم کے ساتھ فرمائی شکر گذار ہوں۔"

وائی رامپور نواب یوسف علیخاں بہادر کو بھی ایک موقع ملا کہ وہ برٹش گورنمنٹ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلق اور فرمانبرداری کا عملی ثبوت بذریعہ غدر سنہ ۱۸۵۷ء دیں جس میں ملک انتہائی ابتری کا آماجگاہ بنا ہوا تھا۔ خصوصاً روہیلکھنڈ ڈویژن پر انتشار کے بادل اُمڈ رہے تھے ایسی صورت میں برٹش گورنمنٹ کو مدد پہونچانا انتہائی مشکل ترین مرحلہ تھا۔ ہز ہائینس نے امدادی قدم بڑھایا۔ اور انگریزوں کی نہ صرف عدیم المثال حفاظت کی بلکہ ضروری سامان رسد بھی بہم پہنچایا۔ اور زر نقد سے بھی دریغ نہ کیا۔ مزید براں باغیوں کی نقل و حرکت پر بھی کافی نظر رکھی۔ چنانچہ یہ صلہ خدمات ضلع مراد آباد کو اُن کے چارج میں دیدیا گیا جس کا انتظام کر کے ہز ہائینس نے

انتہائی قابلیت کا ثبوت پیش کیا۔ لارڈ کیننگ نے ایک دربار عام جو بمقام فتحگڑھ بتاریخ ۱۵ نومبر ۱۸۵۹ء منعقد ہوا۔ ہز ہائینس سے فرمایا کہ مجھے یہ موقع پاکر انتہائی مسرت ہے کہ میں آپکی اُن خدمات کا جو آپنے ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ کے ساتھ بنظر ہمدردی کی ہیں۔ اعتراف کرتے ہوئے شکر گذار ہوں۔ نہ صرف یہ کہ خود بغاوت سے پہلوتہی کی بلکہ اس سے کہیں زیادہ آپنے ملکہ معظمہ کے افسران کی ہر ممکن امداد فرمائی۔ اپنی ذات کو خود خطرہ میں ڈالکر اپنے ملحقہ علاقہ جات میں امن و اماں قائم رکھا۔ ان سب سے بڑھکر یہ کہ آپنے ہز مجسٹی کی انگریز رعایا کی ایسے پُرآشوب زمانہ میں کہ خطرات اُن پر ہر چہار طرف سے مسلط تھے۔ جانوں کی حفاظت کی اور ہر ممکن سامان راحت بہم پہنچایا۔

مجھے خوشی ہے کہ جب میں آپکی خدمات کا اعتراف کر رہا ہوں، حاضرین میں ہندی افواج برطانیہ کے کمانڈر انچیف۔ ہز مجسٹی کے اعلیٰ افسران و نیز آپ کی ریاست کے ملحقہ اضلاع کے دوسرے ہندوستانی امراء و نیز بڑے بڑے اور ذمہ دار افسران موجود ہیں مجھے یقین کامل ہے کہ آپکی تفصیلی خدمات حاضرین کے لئے ایک زبردست یادگار ہونگی۔ اُس کے ساتھ یہ بھی قوی امید ہے کہ دوسرے ہندوستانی حاضرین برٹش گورنمنٹ کی علمی خدمات کے وقت آپکی مثال کو اپنا راہبر بنائیں گے۔

برٹش گورنمنٹ نے جملہ خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے علاوہ پروانہ جات خوشنودی کے ایک علاقہ منظور فرمایا جو علاقہ جدید کے نام سے موسوم ہے۔ اور آجتک وہ ائی ریاست کے قبضہ میں چلا آتا ہے۔ ان اعزازات سے مزین اور دائمی شہرت کو لئے ہوئے حضور نواب صاحب بہادر نے ۱۸۶۴ء میں انتقال فرمایا۔ اُن کے بعد اُن کے بیٹے نواب سر کلب علیخاں صاحب بہادر جانشین ہوئے جنھوں نے اپنے آپکو ایک والا شان۔ بلند پایہ نامور باپ کا ایک ہونہار بیٹا ثابت کیا۔

نواب سر کلب علیخاں صاحب بہادر

دورانِ حکومت نواب سر کلب علی خاں صاحب بہادر میں، جو علوم مشرقیہ کے کامل ترین ماہر تھے رامپور اہل صنعت۔ اہل حرفہ۔ شعراء اور ماہرین موسیقی سے بھرا ہوا نظر آیا۔ آپنے فارسی کے بیش قیمت قلمی اور نادر نسخہ جات جمع کئے۔ جو آجتک اُسی آب و تاب سے کتبخانۂ ریاست میں نظر آتے ہیں خصوصاً نواب صاحب بہادر کا دور حکومت رامپور کی بحالی اور تمول کا بڑی حد تک حامل ہے۔

۱۸۸۸ء میں نواب سر کلب علیخاں صاحب بہادر کا انتقال ہوا۔ اور اُنکی وفات پر اُن کے ضعیف بیٹے نواب مشتاق علیخاں صاحب بہادر گدی نشین ہوئے جو بہت تھوڑے دن حکومت کرکے ۱۸۸۹ء میں راہی ملک عدم ہوئے ۱۸۸۹ء میں جنت مکان نواب سر محمد حامد علیخاں صاحب بہادر رامپور موجودہ والی رامپور کے والد ماجد بعمر چودہ سال تخت نشین ہوئے۔

جنت مکان نواب سر محمد حامد علیخاں صاحب بہادر

۱۸۹۶ء سے ۱۹۳۰ء تک حضور ممدوح کو مکمل اختیارات سے مزین و آراستہ کر دیا گیا اس زمانہ میں رامپور حیرت انگیز ترقیاں کرکے ایک روشن دور سے گذرا اور شہر رامپور کو حضور ممدوح نے از سر نو ایک دلکش اور قابل دید سانچے میں ڈھال دیا۔ جو شمالی ہندوستان کے خوبصورت شہروں میں شمار کیا جانے لگا۔ رامپور دربار نے مشرقی علماء۔ ماہرین صنعت اور موسیقی و غیرہ کو گمنامی سے نکال کر پروان چڑھایا۔ یہاں تک کہ رامپور دنیا کی نظر میں قابل رشک بنگیا۔ اس زمانہ میں مغربی و نیز یورپ کے بیش بہا نوادرات کو محفوظ شدہ مشرقی مخزن میں شامل کیا گیا۔

انتہائی خوشگوار یہ امر ہے کہ نواب صاحب بہادر نے باوجود کمال مذاق علمیہ کے کبھی اپنی رعایا کے آرام۔ فلاح و بہبود کو نظر انداز نہ کرتے ہوئے اس کو کمالات اور ترقیات کی انتہائی سیڑھی تک پہنچا دیا۔ ہز ہائینس نے زر کثیر آبپاشی کے اوپر صرف کیا۔

ہز ہائینس کے ہر کارنامہ سے برٹش گورنمنٹ سے انتہائی دلی دوستی کی بو آتی ہے۔ وہ ہمیشہ برٹش گورنمنٹ اور اس کے افسران اعلیٰ کے ساتھ بہتر سے بہتر تعلقات پیدا کرنے میں اپنی ہمدردیوں کا ثبوت دیتے رہے ہز ہائینس سچے معنوں میں برٹش گورنمنٹ کے حقیقی دوست اور برٹش مفاد کے سچے مدد و معاون تھے۔ لہذا کوئی تعجب سے نہیں ہے کہ ہز ہائینس نے جنگ عظیم کے زمانہ میں خود کو و نیز اپنی ریاست کو برٹش گورنمنٹ کی امداد کے لئے وقف کر دیا تھا۔ افواج ریاست رامپور خصوصاً فرسٹ رامپور انفنٹری نے دوران جنگ مشرقی افریقہ کے ماذپر قابل یادگار خدمات انجام دیں۔

ہز ہائینس نواب سر سید رضا علیخاں صاحب بہادر

نواب جنت مکان کی وفات پر ان کے فرزند نواب سر سید رضا علی خاں صاحب بہادر مسند آرائے حکومت ہوئے۔ ماہ جون میں نواب صاحب بہادر اپنی حکومت کے آٹھ سال پورے فرمائیں گے۔ حضور ممدوح کا جشن تاجپوشی بتاریخ ۲۶ اگست ۱۹۳۰ء ہوا۔ بروقت تاجپوشی حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم کی عمر کا چونتیسواں سال تھا۔ کہ حضور نے اعلان فرمایا کہ وہ مثل اپنے آباؤ اجداد اور خصوصاً اپنے پدر بزرگوار کے قدم بقدم چلکر ہر ممکن طریقہ سے رعایا کے مفاد کی اعلیٰ پیمانہ پر محافظت کرینگے نہ صرف حفاظت ہی بلکہ نمایاں جلا دینگے سات سال کا زمانہ گذرتا ہے کہ حضور اپنی رعایا کی کمال بہبودی اور مفاد کے لئے اپنے وعدہ کو حرف بحرف ایفا کرکے مطمئن ہیں۔

ہز ہائینس اوائل عمری سے محنت اور ہر معاملہ میں غور وخوض کے عادی ہیں اور تخت نشینی کے بعد بھی حضور نے اپنی اس عادت کو جاری رکھا ہے سلطنت کے معمولی معمولی معاملات پر بذات خود غور وخوض فرماتے ہیں رامپور کی موجودہ معراج ترقی اس محنت اور خلوص کا نتیجہ ہے جو حضور کو اپنی ریاست اور رعایا سے وابستہ ہے۔ ہر دو کی فلاح وبہبود انکی آن تھک سرگرمی کا تصدق ہے۔

ہز ہائینس کی تمام تر توجہ اسکی طرف مبذول رہی ہے کہ کس طور سے اسلاف کے لگائے ہوئے چمن کی آبیاری کیجائے۔ کہ اس کی سرسبزی عدیم المثال ہو۔ ریاست کو حضور ممدوح نے طرح طرح سے جدید تہذیب کے مطابق منظم کیا۔ نئی نئی اصلاحات فرمائیں۔ حضور ممدوح کو اس کی تکمیل کے وقت ہزار ہا عقدہ ہائے لاینحل کو کھولنا پڑا اور اپنے آپ کو صرحی مشکلات میں ڈال کر رعایا کے لئے فلاح وبہبود کے دروازے کھولدئے۔ یہ ہز ہائینس کی انتظام سلطنت میں ذاتی دلچسپی کا سبب ہے۔ کہ حضور ممدوح نے احساس کیا کہ خوش انتظامی کے لئے نئی اصلاحات کا اجرا ازبس ضروری ہے۔

۱۹۳۴ء میں حضور ممدوح نے اپنی واپسی یورپ پر انتظام سلطنت کو ایک کونسل کے سپرد فرمادیا جو ایک پریسیڈنٹ اور ممبران پر مشتمل ہے اور اُسے مناسب اختیارات عطا فرمائے۔

ہز ہائینس نے ۱۹۳۰ء میں میونسپل بورڈ کا قیام فرمایا اور ۱۹۳۳ء میں اُسے مکمل مطلق العنان فرمادیا جس طرح سے برٹش انڈیا کے ہر بلدہ میں رائج ہے۔ آغاز دور حکومت میں ایک مختصر سی جماعت قوانین کے وضع کرنے کے لئے مقرر تھی۔ لیکن دوبارہ اُس کی تنظیم کرکے اُسے بڑھا دیا گیا ہے۔ جس میں شہری اور مفصلات کے ممبر شامل ہیں۔ صیغہ مال میں مستاجری سسٹم جو بڑی حد تک کاشتکاروں کی تکالیف کا ذمہ دار تھا۔ اُسے توڑ کر وصول مطالبہ کا تعلق براہ راست قابل افسران سے کردیا تاکہ بآسانی گورنمنٹ اور کاشتکاروں کی سہولت پر نظر رکھکر مطالبہ وصول کرسکے۔ آہستہ آہستہ قریباً ہر سال تعلیم اور شفاخانہ جات پر مصارف کو بڑھایا جارہا ہے۔ اس موقع پر اس کے بھی اظہار کی ضرورت ہے کہ حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم نے جو خاص توجہات اقتصادی حالت کی درستی کی جانب مبذول فرمائی ہیں پہلا قدم اُن مقاصد کے حصول میں رامپور میں رضا شوگر فیکٹری کا اجرا ہے جس سے نہ صرف کاشتکاران کو اپنے گنے کی فصل منفعت کے ساتھ بیچنے میں سہولت ہوگئی بلکہ ایک حد تک رامپور کی بیکاری پبلک کے لئے ملازمت کی ایک نئی صورت پیدا ہوگئی۔

اعلیحضرت نے گذشتہ جولائی میں بروقت تشریف آوری ہز ایکسیلنسی ہر ہیری ہیگ اسٹیٹ بینکوئٹ میں اپنی تقریر میں اُن کا جام صحت تجویز کرتے ہوئے فرمایا کہ "

یور ایکسیلنسی۔ برٹش انڈیا اور ریاست ہند کا طرز حکومت گو جدا سہی۔ لیکن دونوں کا مقصد یا مطمح نظر ایک ہی ہے۔ بہ الفاظ دیگر دونوں کو اپنی اپنی رعایا کی فلاح وبہبود کی فکر ہے۔ مکمل اصلاح یا حصول فلاح اس وقت تک ناممکن ہے۔ جب تک کہ زمانہ کی رفتار کے مطابق ہماری رعایا تعلیم یافتہ اور معاملات حکومت میں ماہر نہ ہو۔ میں نے اپنی تخت نشینی کے بعد سے یہ ہمیشہ کوشش کی ہے کہ رعایا کے افراد کو تعلیمی مواقع ونیز ملازمتیں دی جائیں۔

گذشتہ ۵ سال میں ہمارے مدارس میں طلباء کی تعداد میں نمایاں زیادتی ہوگئی ایک

جدید اسکیم جس کی رو سے رامپور میں ایک دوسرا ہائی اسکول کھولا جائے منظوری دیدی گئی ہے۔ گرس اسکول رامپور میں پہلی مرتبہ تین سال ہی پیشتر کھولا گیا ہے۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے وظائف کی تعداد تقریباً دوگنی کردی گئی ہے۔ مفصلات میں بھی مدارس کی تعداد میں زیادتی کردی گئی ہے۔

۱۹۳۱ء میں رامپور میونسپلٹی کی دوبارہ تنظیم کی گئی اور ۱۹۳۳ء میں اختیارات بھی عطا کردئے گئے اس کے دو تہائی ممبران منتخب کئے گئے اور باقی ماندہ کو نامزد کردیا گیا۔ چیرمین میونسپلٹی ایک منتخب شدہ غیر سرکاری فرد ہیں۔

میری حکومت کی یہ بھی تجویز ہے کہ مفصلات قصبات ریاست میں ٹاؤن ایریا کا قیام ہو مجھے امید ہے کہ زمانۂ قریب میں اسکی متفرق اسکیمیں پورے طور سے میری رعایا کی اصلاح اور اُن کے معاشرتی مفاد کی معاون ہونگی۔

پانچ سال ہوئے کہ میں نے ریاست میں قوانین وضع کرنیکے لئے ایک کمیٹی مقرر کی تھی، اس میں مناسب ترمیم کرکے اب اُسے وسعت دیدی گئی ہے اور کچھ ممبران کا انتخاب پبلک سے بھی کیا ہے۔ تاکہ وضع قوانین کے ذریعہ پورے پورے طور سے رعایا کے حقوق کی نگہداشت ہوسکے۔ مجھے قوی امید ہے کہ اس طور سے مجلّا رعایا کے قلوب کو حکومت مسخر کرسکیگی جس کے نتیجہ میں خوشحالی۔ ترقی اور بہبودی ریاست کا واحد حصہ ہوگا۔"

اس تنظیم جدید کے صلہ میں برٹش گورنمنٹ نے ۱۹۳۵ء میں ہز ہائینس کو۔ کے۔ سی ایس۔ آئی کا خطاب مرحمت فرمایا ہے۔

۸ مارچ ۱۹۳۵ء کو انجمن وظیفہ سادات و مومنین کا ایک وفد ہز ہائینس کی لقاء کی خدمت میں بار یاب ہوا۔ حضور پُرنور دام اقبالہٗ نے انجمن کے حالات کو بڑی دلچسپی سے سُنا۔ اور سو روپیہ ماہوار سے انجمن کی سرپرستی فرمائی۔

عادات و خصائل و منادی علوم جدیدہ و قدیم کے ماہر مشرقی اور اسلامی تمدن کے ہندوستان میں سب سے بڑے حامی سرپرست طبیعت میں شاعرانہ نزاکت و نفاست ہے۔ ان کی بزم کئی صدی پہلے کی آراستہ و مرصع بزم معلوم ہوتی ہے۔ انکی نظر بہت بلند اور وسیع ہے۔ مشرقی بادشاہوں کی طرح اپنی بلند نظری اور وسعت عزم سے شاہانہ کام کرتے ہیں۔

حکومت کے ہر جزو کل سے آگاہ اور انتظامی معاملات میں بڑے مستعد اور چاک چوبند ہیں۔ حکومت کے ہر محکمے کے کاموں کو خود دیکھتے ہیں۔ انکی قوت فیصلہ بہت مضبوط اور جو لوگ رؤسا ہند کی نسبت کہتے ہیں کہ رئیس ہمیشہ گومگو میں رہتے ہیں جلدی اور صحیح فیصلہ نہیں کرسکتے۔ وہ ہز ہائینس تاجدار رامپور کو دیکھیں جو بڑے سے بڑے اہم معاملہ کو ایک منٹ میں سمجھ لیتے ہیں اور دوسرے منٹ میں فیصلہ کر دیتے ہیں۔ اور وہ فیصلہ ہمیشہ درست ہوتا ہے۔ جو حکم انکی زبان سے نکلتا ہے پورا ہو کر رہتا ہے اور اُسکی تعمیل و تکمیل کے لئے وہ خود ایک برقی مشین کی طرح کام کرتے رہتے ہیں۔ ایک بڑی سڑک بنانے کا حکم دیا کہ آٹھ روز میں تیار ہو جائے۔ حالانکہ وہ آٹھ مہینے میں تیار ہونیکے لایق تھی۔ یہ حکم دیتے ہی انھوں نے محمود و تیمور کی طرح کام کی یلغار شروع کردی اور آٹھ دن مسلسل کام کراتے رہے اور خود اپنی ذات کا آرام ترک کردیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سڑک آٹھ روز میں تیار ہوگئی۔

اعلیحضرت حضور نظام اور بڑے بڑے رئیس ہز ہائینس رامپور کی دماغی برتری اور عقلی فوقیت اور علمی مستعدی کے مداح و معترف ہیں۔ وہ ہر کام میں بسقدر تیز ہیں کہ برقی مجسمہ معلوم ہوتے ہیں اور اُنکی مستعدی کی وجہ سے اُن کے سب وزراء اور عہدہ دار بھی ہر وقت مستعد رہتے ہیں۔

رامپور۔ حیدرآباد سے پرانا جو دھپور وہ ریاستیں ہیں جنکا درجہ مغل سلطنت میں سب سے بلند تھا۔ اور برٹش گورنمنٹ میں بھی ان کا بڑا اقتدار ہے اور موجودہ گورنمنٹ ہند بھی تاجدار رامپور کی اہلیت و قابلیت کو اکثر رؤسائے ہند سے زیادہ تسلیم کرتی ہے۔

ان کے دور حکومت میں عدالت کے محکمے نے برطانی عدالتوں کی سی مکمل صورت اختیار کرلی ہے اور مالی و فوجی انتظام بھی ان کے یہاں سب سے اچھا ہے۔ وہ بڑے باخبر ہیں اور ان کا حافظہ بہت زبردست ہے۔ اپنی حکومت کے ایسے حالات سے بھی واقف رہتے ہیں جنکو بڑے بڑے حکمران بھی نہیں جانتے۔ مشرقی فنون (آرٹ) کے وہ خوب ماہر ہیں۔ موسیقی اور فوجی کمالات کے بیمثل کامل ہیں۔ طبائع انسانی کے فہم میں ان کو فلسفیانہ قدرت حاصل ہے اور مشرقی تاریخ اور اپنے اجداد کی تاریخ ان کو حفظ یاد ہے۔ وہ طلسم خانۂ ہند میں ایک غیر معمولی حیثیت رکھتے ہیں جس کی نظیر سارے ملک میں نہیں ہے۔



حضور پُر نور اعلیحضرت عالیجاہ ارجمند محمد امیر جناب خلد آشیانی حسام السلطنت بہادر بالقابہ تعلقدار ریاست محمود آباد

عالیجناب راجہ محمد امیر احمد خاں صاحب خان بہادر بالقاب

تعلقدار ریاست محمود آباد

مورث اعلیٰ قاضی نصر اللہ صاحب بہادر

اس خاندان کے مورث اعلیٰ قاضی نصر اللہ بعہد شہاب الدین غوری بادشاہ ہندوستان فرمان سلطنت اور خلعت لیکر شہر بغداد سے ہندوستان تشریف لائے شہاب الدین غوری نے باصرار تمام آپکو روک لیا اور ہندوستان وطن ہوگیا، امروہہ اور اُس کے گرد و نواح کا حصہ جاگیر میں ملا۔ عہدۂ جلیلہ قاضی القضاۃ پر سرفراز ہوئے اور تین پشت تک برابر عہدۂ قضا کے ساتھ ہدایت و تبلیغ اس خاندان میں جاری رہی

قاضی نصرت اللہ صاحب بہادر

ضروریات زمانہ پر لحاظ کرتے ہوئے قاضی نصر اللہ صاحب بہادر کی پوتھی پشت میں قاضی شیخ نصرت اللہ صاحب عرف شیخ نتھو تھے، اپنے علم و فضل کے ساتھ حرب و ضرب میں بھی مہارت حاصل کی اور ابتداءً سنبھل کے باغی صوبہ دار سے مقابلہ کیا اور پھر بحکم بادشاہ دہلی اقوام بہو و بیٹ کے استیصال و قلع و قمع کے لئے صوبۂ دوآبہ روہیلہ کے گئے اور اضلاع بارہ بنکی و سیتاپور میں ان اقوام کا کافی استیصال کیا جسکے صلہ میں سلطنت دہلی سے یہی علاقہ بطور جاگیر عطا ہوا۔ اور اس غیر آباد علاقہ کے انتظام و انصرام کی ضرورت سے امروہہ کی سکونت ترک کرکے اودھ میں قیام اختیار فرمایا۔

قاضی شیخ نصرت اللہ کے صاحبزادے شیخ نظام اور اُن کے صاحبزادہ شیخ غلام مصطفےٰ یکے بعد دیگرے اس جاگیر پر قابض اور اُسکے انتظام میں مصروف رہے قاضی شیخ غلام مصطفےٰ کے صاحبزادہ نواب داؤد خاں بہادر تھے جنکو سلطنت دہلی و دربار اکبر اعظم میں بڑا درجہ و وقار حاصل ہوا مختلف لڑائیوں میں شریک ہوئے اور خطابات نواب و خان بہادر سے سرفراز کئے گئے۔ بالآخر جنگ نقھنبور میں شہید ہوئے۔

نواب محمود خاں صاحب بہادر

نواب داؤد خاں کے صاحبزادہ نواب محمود خاں شکار کے بیحد شوقین تھے۔ اور جہاں اس وقت آباد ہی محمود آباد ہے یہاں جھیلیں اور تالاب بکثرت تھے۔ نواب محمود خاں صاحب اکثر بغرض شکار یہاں آیا کرتے تھے۔ کچھ عرصہ بعد اس قطعہ اراضی کو تیار کرایا اور اپنے نام سے منسوب کرکے محمود آباد نام رکھا۔ نواب محمود خاں صاحب بھی مثل اپنے والد کے دربار شاہنشاہ دہلی میں حاصل اعزاز و رسوخ رکھتے تھے، آپ جونپور کے فوجدار تھے اور وہیں انتقال فرمایا۔ قلعہ جونپور کے پھاٹک کے قریب دفن ہوئے

بایزید خاں صاحب بہادر

عمدۃ الموالی امیر الممالک نواب بایزید خاں بہادر غضنفر جنگ، نواب محمود خاں بہادر کے صاحبزادہ تھے دور جوانی اگیری میں ان کا شمار ممتاز ترین سپاہ اور ارکان دولت میں تھا لیسلسلہ جنگ و دے پر خلعت خاص اور شمشیر عطا ہوئی، شمشیر مذکور اسوقت تک اسلحہ خانۂ ریاست میں موجود ہے۔ نواب بایزید خاں بہادر نے اپنے دور حکومت میں آبادی محمود آباد میں ترقی فرمائی اور مختلف دیہات اضلاع بارہ بنکی و سیتاپور میں اپنے نام سے آباد کرائے جو اسوقت قطعۂ ریاست محمود آباد میں ہیں۔ سلسلۂ شکار ایک روز ہرن کے تعاقب میں گھوڑا ڈال دیا۔ گھوڑے کے ساتھ خود بھی گرے اور ایسے زخمی ہوئے کہ جانبر نہ ہوسکے۔ بلہرہ میں آپ کا عالیشان مقبرہ موجود ہے۔

نواب بایزید خاں بہادر کے تین صاحبزادہ عنایت خاں و فتح خاں و ہدایت خاں تھے اول الذکر بلہرہ اور آخر الذکر نے محمود آباد بسایا۔ کچھ عرصہ بعد سلطنت دہلی ضعیف اور نواب وزیر اودھ کا تسلط و اقتدار قائم ہونیکی وجہ سے اولاد نواب بایزید خاں بہادر کے تعلقات دہلی سے منقطع اور وزارت اودھ سے قایم ہوگئے ابتداء میں ان کا زیادہ تر وقت اپنی ریاست کی ترقی اور انتظام میں صرف ہوتا رہا عنایت خاں کے بعد محمد قائم خاں صاحب شاخ بلہرہ اور ہدایت خاں صاحب کے بعد خلیل اللہ خاں صاحب شاخ محمود آباد کے جاگیردار ہوئے۔ قائم خاں صاحب کے بعد رحمت خاں صاحب شاخ بلہرہ میں اور خلیل اللہ خاں صاحب کے بعد محمود خاں ثانی شاخ محمود آباد میں گذرے ہیں۔ مرحمت خاں صاحب کے محمد امیر خاں صاحب شاخ بلہرہ میں اور ہدایت اللہ خاں صاحب شاخ محمود آباد میں ہوئے اس دور میں ابو المنصور خاں صفدر جنگ کی لڑائیاں ہنگشوں کا لکھنؤ پر تسلط

اور شیخ الشیوخ نواب معزالدین خاں بہادر کے ساتھ رؤسا محمود آباد و بلہرہ کا شریک جنگ ہونا وقوع پذیر ہوا۔

دور آصف الدولہ بہادر وزیر اودھ و بیلہ کی لڑائی میں امیر علی خاں صاحب اور مصاحب علیخاں صاحب رئیس بلہرہ و محمود آباد شریک تھے۔

میاں مصاحب علیخاں صاحب بہادر سرفراز علیخاں صاحب لاولد فوت ہوئے اور اُن کے چھوٹے بھائی میاں مصاحب علیخاں صاحب اُن کے بعد مسند نشین ہوئے آپ بحد فیاض اور مہمان نواز تھے۔ نواب سعادت علیخاں بہادر وزیر اودھ کی وہ شاہانہ دعوت فرمائی جس کی نظیر تاریخ محمود آباد میں نہیں ہے آپکو انتظام ریاست کا خاص اور فطری سلیقہ تھا، آپکے دور میں ریاست محمود آباد کو بہت ترقی ہوئی اور اُس کے حدود اراضی میں غیر معمولی اضافہ ہوا۔ قصبہ محمود آباد کی آبادی میں بھی آپنے خاص طور پر اضافہ فرمایا غرب میں پنیہ پور شرق میں موتی پور اور شمال میں اپنے نام سے کٹرہ آباد کرایا۔ افسوس ہے کہ ایسا مدبر رئیس لاولد فوت ہوا اور اُن کے بعد ان کی بیوہ قابض ریاست ہوئیں۔ لیکن پردہ نشین ہونیکی وجہ سے محض انتظام ریاست ہی میں خلل نہیں واقع ہوا بلکہ زمینداران قرب وجوار نے ریاست کے بہت بڑے حصہ پر قبضہ کر لیا۔ میاں امیر علیخاں صاحب رئیس بلہرہ کے دو صاحبزادے عباد علی خاں صاحب و نواب علیخاں صاحب تھے۔ بیوہ مصاحب علیخاں صاحب نے جب اپنے علاقہ میں زیادہ ابتری دیکھی تو نواب علی خاں صاحب یعنی اپنے شوہر کے بھتیجہ کو اپنی آخر عمر میں متبنیٰ کر کے مسند نشین محمود آباد کرا دیا۔ اور ان کے بڑے بھائی عباد علی خاں صاحب بعد امیر علیخاں صاحب کے رئیس بلہرہ قرار پائے۔

مقیم الدولہ راجہ نواب علیخاں صاحب بہادر نواب علیخاں صاحب نے مسند نشین محمود آباد ہو کر ریاست محمود آباد میں چار چاند لگا دئے آپ بحد مدبر و بہترین منتظم اور زیور علم و فضل سے آراستہ تھے۔ مسند نشین ریاست ہونیکے بعد اُس علاقہ کے واپس لینے کی کوشش کی جو عہد بیوہ میاں مصاحب علی خاں صاحب میں لوگوں نے چھین لیا تھا شاہان اودھ کے دربار میں حاضر باشی کے ساتھ بہت کچھ رسوخ و اقتدار حاصل تھا کوئی فوجکشی اور محاربہ شاہ اودھ کی جانب سے ایسا نہیں ہوا جس میں افواج محمود آباد شریک و معین لشکر شاہی نہ رہی ہوں، ناظموں اور چکلہ داروں کی فوجی ضرورتوں میں اپنی افواج کے ذریعہ سے اعانت کرتے اور نظم و نسق ملکی میں اپنے اثرات و جرأت سے مدد فرماتے۔ حضور اپنے علم و فضل کے ساتھ شاعر غزا بھی تھے اور اصالتاً سخن کی ہر صنف میں طبع آزمائی فرماتے تھے، آپ کو آغا حجو صاحب شرف شاگرد رشید حضرت ناسخ مرحوم سے تلمذ حاصل تھا۔ اور آخر میں جان عالم محمد واجد علی شاہ صاحب آخر بادشاہ اودھ کی شاگردی کا شرف بھی حاصل فرمایا تھا۔ آپ کا کلیات آپکے جانشین ہز راجہ امیر الدولہ بہادر نے اپنے دور میں طبع کرا کے شائع کرایا۔ شاہان اودھ نے آپکو خطاب راجہ اور مقیم الدولہ بہادر قیام جنگ عطا فرمایا تھا۔ غدر ۱۸۵۷ء کے بعد اور انگریزی تسلط سے قبل ۱۸۵۸ء میں آپنے رحلت فرمائی۔

راجہ محمد امیر حسن خاں صاحب بہادر آپکے بعد آپکے فرزند و جانشین و احد راجہ محمد امیر حسن خاں صاحب بہادر کو نو سال کی عمر میں اپنے بعد چھوڑا جو کہ اپنے والد مرحوم کی وفات کے تیسرے روز مسند نشین ریاست ہوئے راجہ محمد عباد علیخاں صاحب تعلقدار بلہرہ کے انتقال کے بعد راجہ محمد کاظم حسین خاں صاحب بہادر اُن کے فرزند واحد مسند نشین ریاست بلہرہ ہوئے۔

بہرحال اس عالم مسافرت و غربت میں بیگم صاحبہ اور میرزا برجیس قدر بہادر کو جو بمقام پونڈی مقیم تھے مقیم الدولہ بہادر کے انتقال کی خبر دیگئی اور وہاں سے خلعت و خطاب امیر الدولہ سعید الملک راجہ محمد امیر حسن خاں بہادر ممتاز جنگ مرحمت ہوا۔

دوسری جانب برٹش گورنمنٹ کا اقتدار اور تسلط صوبۂ اودھ پر قائم ہو گیا، اور حکام گورنمنٹ برطانیہ نے راجہ مقیم الدولہ بہادر کے انتقال کی اطلاع پاکر ریاست محمود آباد کو زیر انتظام کورٹ آف وارڈس لے لیا اور رئیس نابالغ کی تعلیم و تربیت حاکم ضلع نے اپنی نگرانی اور اہتمام میں کرلی نو سال علاقہ کورٹ رہنے کے بعد ۱۸۶۶ء میں واگذار ہوا۔ اور راجہ امیر الدولہ بہادر قابض و متصرف ریاست محمود آباد ہوئے۔ آپ کا عہد دیکھنے والے ابھی اکثر لوگ زندہ اور موجود ہیں۔ آپ پبلک کاموں میں شرکت فرماتے برٹش انڈین ایسوسی ایشن اودھ کے مقتدر وائس پریسیڈنٹ اور پریسیڈنٹ رہے۔ وائسرائے کی مجلس وضع آئین و قوانین کے ممبر تھے۔



عالیجناب مہاراجکمار محمد امیر حیدر خاں صاحب بہادر۔ آپ راجہ صاحب محمود آباد کے چھوٹے بھائی ہیں۔

عالیجناب ہز ہائنس میر فیض محمد خاں صاحب تالپور میر آف خیرپور سٹیٹ سندھ

میر صاحب بہادر ۴ جنوری ۱۹۱۳ء کو پیدا ہوئے۔ ہز ہائنس شیعہ مذہب سے تعلق رکھتے ہیں اور مرحوم ہائنس میر نواز علی خاں صاحب کے فرزند ارجمند ہیں۔ آپ کے والد ماجد شیعہ کانفرنس کے صدر بھی رہ چکے تھے اور کانفرنس کو سالانہ اجلاس کے موقع پر سکھر میں مدعو کیا تھا اور دس ہزار روپیہ آپنے اس موقع پر صرف کیا ہز ہائنس نے ابتدائی تعلیم میو کالج اجمیر میں پائی۔ خواجہ غلام السبطین صاحب بی۔ اے۔ حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم۔ اے کیپٹن آر۔ ان برکت کرنل سکف و میجر جے۔ ایس گرمٹن آپکے اتالیق اور نگران رہ چکے ہیں ۱۹۳۳ء میں ہز ہائنس انگلینڈ بغرض تعلیم تشریف لے گئے ۱۹۳۲ء میں آپ کی شادی نواب معین الدولہ بہادر میر بھیکھ حیدر آباد دکن کی دختر نیک اختر سے ہوئی۔ ۲۹ جون ۱۹۳۳ء میں برگھٹن انگلینڈ میں آپکے فرزند پیدا ہوا اور شاہنشاہ جارج پنجم کے نام نامی پر جارج علی مراد خاں تالپور نام رکھا گیا۔ آپ والد کے انتقال کے بعد گدی پر بیٹھے اور دستار بندی کی رسم ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء کو ادا ہوئی۔ ہز ہائنس آجکل بنگلور میں حکمرانی کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ علاقہ سندھ میں خیرپور ہی ایک ریاست ہے اسکا رقبہ چھ ہزار پچاس مربع میل ہے۔ اسٹیٹ کی آبادی گزشتہ مردم شماری کے مطابق دو لاکھ ستائیس ہزار ایک سو تیراسی ہے۔ ریاست کی آمدنی ۱۹۳۵-۳۶ء میں چوبیس لاکھ بتیس ہزار سات سو چھتر روپیہ پائی تھی ہز ہائنس کو درجہ اول کے اختیارات اور پندرہ توپوں کی سلامی بیرون ریاست اور سترہ توپوں کی سلامی اندرون ریاست کا اعزاز حاصل ہے۔ آپ جون ۱۹۲۹ء میں اس کے ممبر ہوئے تھے لیکن جب آپ ۱۹۳۳ء میں انگلستان بغرض حصول تعلیم تشریف لے گئے تو ممبری کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔ اب پھر عالیجناب سید حسین صاحب بالقابہ کی جد جہد سے انجمن کیطرف توجہ فرمانیوالے ہیں چونکہ ہز ہائنس بنگلور میں ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں اس لئے واپسی کے بعد انشاء اللہ آپ پھر ممبری کی تجدید فرمائیں گے



حضور پُرنور علیحضرت عالیجاہ نمبر ۱ بامس میر فیض محمد خاں صاحب بہادر تالپور دام اقبالکم
میر آف خیرپور اسٹیٹ سندھ

امیرالدولہ سعید الملک ممتاز جنگ خطاب کو برٹش گورنمنٹ نے تسلیم کیا اور خان بہادر و راجہ کا موروثی خطاب قرار دیا اور بالآخر ۱۹۳۵ء میں خطاب کے سی۔ آئی۔ ای عطا فرمایا۔ راجہ امیرالدولہ بہادر علم و فضل زہد و ورع میں اپنے طبقہ کے اندر اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے آپکو انتظام ریاست کیجانب خاص دلچسپی اور انہماک تھا۔ اور دن کے چند گھنٹے اس کام کے لئے مخصوص کر دئے تھے۔ آپ تصنیف و تالیف کے بھی بہت شائق تھے اور جس طرح انگریزی میں کافی استعداد حاصل تھی عربی و فارسی میں بھی دستگاہ کامل اور مہارت تامہ رکھتے تھے۔ آپ کو شاعری سے فطری ذوق تھا۔ فارسی اور اردو میں آپکا کلام بکثرت موجود ہے۔ غزل، قصیدہ، رباعی۔ قطعہ۔ نوحہ۔ سلام اور مرثیہ وغیرہ سب ہی کچھ آپنے تصنیف کئے ہیں آپکی کلیات خاص انتظام اور اہتمام کے ساتھ آپکی وفات کے بعد سر مہاراجہ صاحب بہادر اعلی اللہ مقامہ نے طبع کرا کے اہل فن اور شائقین ادب میں تقسیم فرمائی تھی۔ آخر عمر میں مرثیہ گوئی تک حضور نے اپنی شاعری کو محدود فرما دیا تھا۔ اور معمولاً شب کا بڑا حصہ اس عمل خیر میں صرف فرمایا کرتے تھے۔ حضور کے مرثیے ابھی تک طبع نہیں ہوئے ہیں اور ترتیب تہذیب کے ساتھ محفوظ ہیں۔

راجہ امیرالدولہ صاحب کی جود و سخا و بذل و عطا اپنے دور میں لاثانی تھی اور اس وقت بھی اس کے دیکھنے والے لکھنؤ میں موجود ہیں ۱۳ مئی ۱۹۰۳ء کو اس سرمایۂ نازش ہستی نے دنیا کو خیرباد کہکر سفر آخرت اختیار کیا۔

سال بھر بعد چچازاد بھائی راجہ محمد کاظم حسین خان صاحب بہادر تعلقدار بلہر نے انتقال فرمایا اور اپنا جانشین راجہ محمد ابوالحسن خاں صاحب بہادر کو چھوڑا جو راجہ بلہر ہوئے۔

راجہ محمد علی محمد خاں صاحب بہادر

راجہ امیرالدولہ بہادر کے انتقال کے بعد انکے پسر اکبر راجہ محمد علی محمد خان صاحب بہادر مسند نشین ریاست محمود آباد ہوئے ایام ولی عہدی میں آپ ریاست کا کام کرتے تھے اور اس ذریعہ سے اچھی طرح اپنی ریاست کے حالات سے واقفیت حاصل کی۔ مسند نشین ریاست ہونے کے بعد آپ پبلک کاموں میں مصروف ہو گئے۔

۱۹۰۲ء میں کونسل صوبہ کے ممبر نامزد ہوئے ۱۹۰۵ء میں محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس لکھنؤ کی مجلس استقبالیہ کے صدر منتخب ہوئے ۱۹۰۶ء میں آپکی مسند نشینی ہوئی اور ۱۹۰۷ء سے ۱۹۲۰ء تک برابر کونسل و اسمبلی کے ممبر منتخب ہوتے رہے۔ ۱۹۰۹ء میں آپکو کے سی آئی۔ ای خطاب ملا۔ ۱۹۱۰ء میں ایجوکیشنل کانفرنس مسلمانان ہند کے صدر منتخب ہوئے جو رنگون میں منعقد ہوئی تھی ۱۹۱۱ء و ۱۹۱۲ء میں مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کے لئے چندہ وصول کرنے کی غرض سے مختلف بلاد ہندوستان میں دورہ کر کے کثیر رقم چندہ کی وصول کی اور کمیٹی تیاری قانون اساسی یونیورسٹی کے صدر منتخب ہوئے۔ قانون مذکور کو کونسل و اسمبلی سے پاس کرایا اور مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے پہلے وائس چینسلر منتخب ہوئے۔ آپنے یونیورسٹی کو پچاس ہزار کا عطیہ مرحمت فرمایا اور پچاس ہزار لکھنؤ میڈیکل کالج کو عنایت فرمایا ۱۹۱۳ء و ۱۹۱۴ء میں حادثہ انہدام مسجد مچھلی بازار کانپور پیش آیا اور حضور مہاراجہ صاحب بہادر کا ایک زرین کارنامہ ہے جس میں بالآخر مسلمانوں کو کامیابی حاصل ہوئی ۱۹۱۶ء میں مسلم لیگ اور نیشنل کانگریس کے اجلاس لکھنؤ میں منعقد ہوئے اور لکھنؤ پیکٹ کے نام سے سیاسی حقوق کے متعلق اہل اسلام اور اہل ہندو میں ایک معاہدہ ہوا جسکی کامیابی کا بہت کچھ سہرا آپکے سر ہے ۱۹۱۷ء میں آپ امپیریل کونسل تعلقدار اودھ کے پریسیڈنٹ منتخب ہوئے اور چند خصوصیتوں کی بنا پر آپکی صدارت یاد رہے گی۔

۱۹۱۸ء میں آپکو انڈین سٹیٹ کانگریس کی صدارت اتفاق رائے کے ساتھ دیجاتی تھی لیکن بوجوہ چند روز آپ قبول نہ فرما سکے ۱۹۲۱ء میں آپ گورنمنٹ ہند کے پہلے ہوم ممبر مقرر ہوئے ۱۹۲۲ء میں سی۔ ایس۔ آئی اور ۱۹۳۳ء میں کے سی۔ ایس۔ آئی خطاب عطا ہوئے ۱۹۲۵ء میں مہاراجہ کے خطاب سے سرفراز ہوئے ہندوستان میں آپ پہلے مسلمان ہیں جنہیں یہ خطاب ملا ۱۹۲۵ء کے آخر میں آپ گورنمنٹ صوبہ کی وزارت عظمیٰ سے سبکدوش ہوئے اور ۱۹۲۶ء میں مع کثیر ہمراہیوں کے زیارت عتبات عالیات سے مشرف ہوئے۔ مہاراجہ سر محمد علی محمد خان صاحب بہادر نے ۲۳ مئی ۱۹۳۷ء کو انتقال فرمایا اور آپ کے بعد آپکے پسر اکبر مسند نشین ریاست ہوئے

عالیجناب امیرالدولہ مہاراجہ محمد امیر محمد خان صاحب

خان بہادر بالقابہ

آپ ۵ نومبر ۱۹۱۴ء کو پیدا ہوئے۔ نہایت وسیع الاخلاق۔ منکسر مزاج غیر متعصب اور عدیم النظیر خوبیوں کے مالک ہیں۔ آواز میں شیرینی اور

روانی ہے ایک ایک لفظ علیحدہ اور شستہ ہوتا ہے گفتگو میں رعب و دبدبہ پایا جاتا ہے۔ ذہن رسا کے مالک۔ زبردست قوت فیصلہ کے مختار ہیں ایران۔ عرب۔ شام و مصر۔ ہیت المقدس اور یورپ کی سیاحت فرما چکے ہیں مقامات مقدسہ کی زیارت سے بھی مشرف ہو چکے ہیں مشرقی اور مغربی علوم پر قابو یافتہ ہیں۔ علم و ادب کے زبردست حامی و سرپرست ہیں۔ مرثیہ گوئی میں کمال رکھتے ہیں اعلیٰ تعلیم حضور سرکار کی لامارٹینر کالج لکھنؤ میں ہوئی تعلیمی۔ سیاسی معاشرتی امور میں خاص انہماک رکھتے ہیں کتب بینی خاص مشغلہ ہے خود شاعر بھی ہیں اور شاعر نواز بھی محبوب تخلص کرتے ہیں۔

کتابوں کی فراہمی کی طرف خاص توجہ ہے ایک عظیم کتب خانہ موسوم بہ "کتب خانہ سقرالطان" پچھلے تین سال کے عرصہ میں مہاراجہ صاحب بہادر دام قبالہ اور مہاراجکمار صاحب بہادر نے اپنی کوششوں سے پندرہ ہزار نادر نسخہ جات جمع کئے جن میں سے دو ہزار قلمی نسخے ہیں۔ ۴ جنوری ۱۹۳۶ء کو ٹرسٹیوں کے بورڈ ریاست کے انتظام سے سبکدوش ہوئے اور کل اختیارات حضور سرکار کے سپرد ہوئے دسمبر ۱۹۳۶ء کو آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی یادگار اور کامیاب صدارت فرمائی جو ناقابل فراموش ہے۔ سیتاپور۔ بارہ بنکی لکھنؤ کھیری لکھیم پور وغیرہ میں تقریباً پانچسو مواضعات کے مالک ہیں جنکی مجموعی آمدنی اکیس لاکھ روپیہ سالانہ کی ہے۔

ان ایسان علوم کے ساتھ اس خاندان نے ہمیشہ ناقابل فراموش احسانات کئے ہیں یہ خاندان خود عالم ہونے کے ساتھ علم پرور و علم دوست رہا ہے حضور سرکار دام حشمتہ طالب علمی کے زمانہ ہی سے نادار غیر مستطیع طلبا کی امداد فرماتے رہے آپنے اپنے اس مختصر عہد اور محدود زمانہ ہی میں اپنے علم و فضل و فراست معاملہ فہمی دور اندیشی و مصلحت بینی تدبر و تبحر تعزیری اور اخلاق و شرافت کا سکہ خواص و عوام الناس کے قلوب پر بٹھا دیا ہے۔ آپنے ریاست محمود آباد میں دارالتصنیف و التالیف قائم کرکے ایک ایسا مبارک مسعود قدم اٹھایا ہے جس سے اردو زبان کی زبردست خدمت ہو سکے گی۔ آپنے اپنی رعایا اور متوسلین کی صحت و تندرستی قائم رکھنے کی غرض سے ریاست میں ایک مستقل الیمک بورڈ قائم کیا جسکی وجہ سے سالانہ مظاہرہ ورزشی ہوتے رہتے ہیں۔ جناب ممدوح کو ورزش اور فنون سپہ گری سے خاص دلچسپی ہے۔ اسی طرح صنعت و حرفت کی ترقی کا لائق تحسین ہے۔

وفد انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی باریابی

۳۰ دسمبر ۱۹۳۶ء کو ۱۱ بجے دن کے لکھنؤ میں بمقام محمود آباد ہاؤس قیصر باغ ممبران کارکن کمیٹی کا ایک وفد حضور مہاراجہ صاحب بہادر کی خدمت میں باریاب ہوا حضور ممدوح نے حالات انجمن کو بڑی دلچسپی اور توجہ سے سماعت فرمایا اور انجمن کی سرپرستی قبول فرمائی۔ اختتام کلام پر خاکسار نے حالات زندگی اور فوٹو کے لئے درخواست کی تو حضور سرکار نے میری درخواست کو شرف قبولیت بخشا میں اس سلسلہ میں علی الخصوص جناب مہدی حسن صاحب پرائیویٹ سکریٹری مہاراجہ صاحب بہادر بالقابہ کا بیحد شکر گزار ہوں اس لئے کہ جناب ممدوح کے حالات زندگی کی ترتیب میں مجھ کو بہت کچھ مدد ملی اور سرکار عالی کی خدمت میں دو تین مرتبہ باریابی کا موقع ملا جناب مہدی حسن صاحب بڑے خلیق اور متواضع ہیں

عالیجناب مہاراجکمار محمد امیر حیدر خاں صاحب بالقابہ

میں نے عالیجناب مہاراجہ صاحب بہادر بالقابہ کی خدمت میں ایک عریضہ لکھا کہ میں چاہتا ہوں کہ اس جوبلی نمبر میں مہاراجکمار صاحب بہادر کے حالات اور فوٹو بھی ہوں اس سلسلہ میں جناب ممدوح نے مجھکو ۱۹ اپریل ۱۹۳۷ء کو لکھنؤ میں طلب فرمایا میں مورخہ ۲۱ اپریل ۱۹۳۷ء کو روانہ ہوا۔ عالیجناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب بالقابہ کے دولتکدہ پر مقیم ہوا۔ ۱۹ اپریل ۱۹۳۷ء کو ۱۱ بجے سرکار محترم نے طلب فرمایا میں حاضر ہوا تو مہاراجکمار صاحب بہادر اور مہاراجہ صاحب بہادر تشریف فرما تھے ایک گھنٹہ تک انجمن کے متعلق گفتگو ہوتی رہی اور بالآخر مہاراجکمار صاحب بہادر بالقابہ نے بہ تحریک مہاراجہ صاحب بہادر انجمن کی میری قبول فرمائی حضور مہاراجکمار صاحب بہادر بھی بڑی ہوئی اور صاف طبیعت کے مالک ہیں جسم شاہانہ نفاست اور شاعرانہ نزاکت موجود ہے۔ غرور و تکنت نام کو نہیں جسم خوبصورت ہے اقبالمندی کے آثار پیشانی سے ہویدا ہیں خوشرو خوش خو اور خوش اخلاق ہیں ایسے منکسر المزاج کہ جیسے پھلوں سے لدا ہوا درخت ہوتا ہے ابتدائی و اعلیٰ تعلیم لامارٹینر لکھنؤ میں ہوئی فخر قوم ہیں شیعہ کانفرنس کے زبردست معاون و سرپرست ہیں۔

حضور سرکار کی خدمت میں دو بجے دن ۲ جولائی کو حاضر ہوا تو کھانا کھانے کے وقت میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ حضور سرکار انگریزی پر قابو یافتہ ہیں اور بڑی روانی کے ساتھ انگریزی بولتے ہیں۔

حضور مہاراجہ صاحب بہادر کے قوت بازو ہیں اور ریاست کے کاموں میں بڑی دلچسپی و انہماک سے حصہ لیتے ہیں۔

عالیجناب نواب سید محسن میرزا صاحب موسوی مرحوم دہلوی ایم۔اے۔بی۔ٹی

بانی انجمن وظیفہ سادات و مومنین

اجداد کا حال نواب سید محسن میرزا صاحب مرحوم۔ ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی سابق پرنسپل گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج کیمبل پور۔ شہر دہلی کے ایک نہایت ہی معزز خاندان کی (جس کا تعلق لکھنؤ کے شاہی خاندان سے تھا) قابل فخر ہستی تھے۔ آپکے بزرگ شاہان مغلیہ کے عہد حکومت میں ہمیشہ اعلیٰ اور معزز عہدوں پر سرفراز و ممتاز رہے۔

حسب و نسب۔ سلسلہ آپکے نسب عالی کا اس ترتیب سے ہے سید محسن میرزا مرحوم ابن سید زین العابدین حیدر المعروف سید اکبر میرزا مرحوم۔ ابن نواب معین الدولہ صفدر الملک عمدۃ الامراء سید ذوالفقار الدین حیدر نظارت جنگ بہادر ذوالفقار جنگ المعروف سید حسین میرزا مرحوم ابن نواب ممتاز الدولہ سے ملتا ہوا یہ سلسلہ امام ہفتم سے ملتا ہے۔ مرحوم کے جد امجد نواب معین الدولہ صفدر الملک عمدۃ الامراء سید ذوالفقار الدین حیدر نظارت جنگ بہادر ذوالفقار جنگ المعروف سید حسین میرزا مرحوم سلطنت دہلی کے آخری تاجدار ابو ظفر سراج الدین بہادر شاہ ثانی کے دربار میں نظارت کے عہدہ پر فائز تھے۔

۱۸۵۷ء کے انقلاب عظیم نے جہاں خاندان مغلیہ کا چراغ گل کر دیا اور شاہی خاندان کے اکثر افراد کو ان شبینہ کو محتاج کر دیا وہاں اُن شریف خاندانوں کا بھی خاتمہ کر دیا جنکے افراد دربار شاہی میں ممتاز عہدوں پر مامور تھے۔ چنانچہ فخر قوم و محسن ملت سید محسن میرزا صاحب مرحوم کا خاندان بھی زمانہ کی اس دستبرد سے نہ بچ سکا۔ اور ایک مدت تک بڑے مصائب و آلام کا شکار رہا۔ تمام جاگیر اور جائداد ضبط ہو گئی مرحوم کے جد امجد نواب سید حسین میرزا صاحب مرحوم کی زندگی کا یہ ایسا دور تھا کہ جس میں استقلال و ہمت سے کام لینا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو گیا تھا چنانچہ غدر کے کچھ عرصہ بعد مصیبتیں برداشت کرتے کرتے آپکے دل و دماغ نے بالکل جواب دیدیا اور زندگی کا آخری زمانہ بہت ہی تکلیف میں گذرا۔

سید محسن میرزا صاحب مرحوم کے والد ماجد نواب سید اکبر میرزا صاحب مرحوم المتخلص بہ سید دہلوی جو پرانی وضع کے زمانہ شناس بزرگ تھے دہلی کے شعراء کے آخری دور میں خاص عزت و وقعت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ وہ لوگ جنھوں نے آپکے بزرگوں کی شان، شوکت اور عروج کو دربار شاہی میں دیکھا تھا آپکی غربت کا خیال کرتے ہوئے نہایت ہی خلوص و محبت سے پیش آتے تھے۔ آپکی تمام عمر ایک قلیل التنخواہ ملازمت میں گذری مگر آپنے اپنی اولاد کو اعلیٰ تعلیم دلانے میں نہایت محنت و جانفشانی کی ہر قسم کے ایثار سے کام لیا اور ہر مصیبت کو نہایت خندہ پیشانی اور کشادہ دلی سے برداشت کیا۔

پیدائش و ابتدائی تعلیم سید محسن میرزا صاحب مرحوم بتاریخ ۱۸ مارچ ۱۸۶۸ء شہر دہلی کے مشہور محلہ فراشخانہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم عتاد الدولہ اینگلو ہائی اسکول میں حاصل کی جو اب ڈگری کالج ہو گیا ہے۔ یہ کالج بھی آپ ہی کے ایک بزرگ کے چشمۂ فیض سے آجتک جاری ہے اور مسلمانان دہلی کی یہ نہایت قدیم سے واحد تعلیمگاہ ہے۔ مرحوم نے اسی اسکول میں پہلی سے دسویں جماعت تک تعلیم حاصل کی اور ہمیشہ اپنی جماعت میں اوّل نمبر پاس ہوتے رہے اور نیز کئی وظیفے پائے۔ مرحوم نے انٹرنس کا امتحان پنجاب یونیورسٹی سے فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا اور اپنے اسکول میں فرسٹ رہے۔ اوائل عمری سے آپ کا اخلاق اسقدر وسیع تھا اور آپ میں ایسی خوبیاں تھیں کہ ہر کس و ناکس اپنا دوست بیگانہ آپکا گرویدہ ہو جاتا تھا۔ چنانچہ آپکے تمام اُستاد اور ہم جماعت آپ کو نہایت عزت کی نظر سے دیکھتے تھے۔ آپکی ذہانت اور خداداد قابلیت اسکول میں خاص طور سے مشہور تھی۔ آپکی تہذیب، شائستگی، بُردباری اور اخلاق کی خاص شہرت تھی آپ کی انسانیت اور محبت و ہمدردی مثالاً پیش کیجاتی تھی

کالج کی تعلیم انٹرنس پاس کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کا مسئلہ گھر کی مالی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے خاصہ وقت طلب تھا۔ بالآخر ایک حد تک اپنے والد ماجد کے

بار کو ہلکا کرنے اور گھر کی آمدنی کو بڑھانے کے لئے ملازمت کرنے کی ضرورت آسانی سے نظر انداز نہیں کیجا سکتی تھی لیکن باوجود ان تمام پریشانیوں اور تفکرات کے مرحوم کے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے شوق میں ذرہ برابر فرق نہیں آیا۔ اسی سال مرحوم کی خوش قسمتی سے "ہندو کالج" جس میں صرف ایف۔ اے کی دو جماعتیں کھولی گئی تھیں کھل گیا جس میں ایف۔ اے کی فیس صرف دو روپیہ ماہوار دینی پڑتی تھی۔ ایف۔ اے کا امتحان مرحوم نے پنجاب یونیورسٹی سے فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا اور یونیورسٹی کی طرف سے وظیفہ حاصل کیا۔ ۱۸۷۷ء میں مرحوم سنٹرل کالج دہلی میں داخل ہوئے اور یہاں سے ۱۸۷۹ء میں بی۔ اے پاس کیا۔ پڑھائی کے ساتھ ہی مرحوم کو ورزش اور کھیل کا بھی کافی شوق تھا۔ کھیل کود پڑھائی کا ایک جزو سمجھتے تھے۔ زمانۂ تعلیم میں اسکول و کالج کے کھیلوں میں نہایت باقاعدگی کے ساتھ حصہ لیتے تھے۔ اور اکثر اسکولوں اور کالج کی ٹیم کے کپتان رہتے اور بہت سے تمغجات اور انعامات حاصل کئے۔ مرحوم میں اوائل عمر ہی سے باقاعدگی حد درجہ تھی۔ آپ اپنے اوقات کی تقسیم کر رکھی تھی۔ پڑھنے کے گھنٹوں میں کھیل کا ذکر اور کھیل کے اوقات میں پڑھنے کا تذکرہ حرام خیال کرتے تھے۔

ٹریننگ کالج کا زمانۂ تعلیم | اول تو مرحوم کو تعلیم سے بے انتہا شوق تھا دوسرے اول ہی سے مرحوم کے دل میں بنی نوع انسان کی خدمت کرنے کا جذبہ موجزن تھا چنانچہ آپ نے تعلیم کو تکمیل ہو کر آپ نے اس کا قطعی فیصلہ کر لیا تھا کہ ملازمت اس محکمہ میں کرینگے جس میں سب سے زیادہ بنی نوع انسان کی خدمت کی جا سکے۔ اس لئے آپکی نظر انتخاب محکمہ تعلیم پر پڑی اور آپ بی۔ اے پاس کرنیکے بعد ٹریننگ کالج لاہور میں داخل ہو گئے۔ ۱۸۸۰ء میں آپنے ایس۔ اے وی۔ کا امتحان پاس کیا جس اتفاق سے اسی سال پنجاب یونیورسٹی نے بی۔ ٹی کی نئی ڈگری قائم کی۔ امتحان سے قبل اس زمانہ میں ٹریننگ کالج لاہور کے پرنسپل تھے جنکو آپ سے خاص محبت ہو گئی تھی ان کے اصرار پر مرحوم نے ایک سال سلسلۂ تعلیم و جاری رکھا۔ بی۔ ٹی کا امتحان ۱۸۸۱ء میں امتیازی نمبروں میں پاس کیا۔

زمانۂ ملازمت | بی۔ ٹی پاس کرنیکے بعد آپنے کچھ عرصہ کے لئے اپنی پرانی درسگاہ یعنی عربک اورینٹل سکول میں سکنڈ ماسٹر کی حیثیت سے کام کیا

سرکاری ملازمت | ۱۷ اپریل ۱۸۸۲ء کو آپ گورنمنٹ ملازمت میں سب سے پہلے انبالہ میں بعہدۂ اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس لگائے گئے مرحوم نے اپنی خداداد قابلیت و حسن اخلاق کی وجہ سے بہت جلد افسران اعلیٰ اور ماتحتوں کو اپنا گرویدہ بنا لیا۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد مرحوم نارمل اسکول راولپنڈی کے ہیڈ ماسٹر ہو گئے۔

ایم۔ اے کا امتحان | ۱۸۸۶ء میں جب آپ لاہور میں تعینات تھے مرحوم نے پرائیویٹ طور پر تاریخ کا امتحان دیا اور پنجاب یونیورسٹی میں اوّل نمبر پاس ہوئے۔

گزیٹڈ سروس و امپیریل سروس | ۲۶ مئی ۱۸۸۸ء کو آپ گزیٹڈ سروس میں آئے۔ دوران جنگ میں مرحوم نے ایک عرصہ تک قائم مقام کی حیثیت سے امپیریل سروس کے گریڈ میں بھی کام کیا۔

شیعہ کالج لکھنؤ کی پرنسپلی | جس زمانہ میں شیعہ کالج قائم ہوا مرحوم نے اپنی سالانہ ترقی کی پروا نہ کرتے ہوئے سرکاری ملازمت سے چھٹی لے کر دو سال تک بحیثیت پرنسپل شیعہ کالج لکھنؤ نہایت جانفشانی اور تندہی سے کام کیا۔ اور اسے چلانیکی انتہائی کوشش کی اور ایک حد تک مرحوم اس میں کامیاب بھی ہوئے۔ ۲۳ سال کے دوران ملازمت میں مرحوم نے بحیثیت ہیڈ ماسٹر، اسسٹنٹ انسپکٹر، پروفیسر، پرنسپل ٹریننگ کالج و بحیثیت پرنسپل صوبہ پنجاب کے متفرق اضلاع۔ مثلاً لاہور، ہوشیارپور انبالہ۔ راولپنڈی۔ ملتان۔ میانوالی۔ گوجرانوالہ۔ رہتک اور کیمبل پور وغیرہ وغیرہ میں کام کیا۔ ہر جگہ آپکی ہر دلعزیزی زبان زد خلائق ہے۔ اور آپکی قابلیت کا سکہ بیٹھا ہوا ہے اور آج تک وہاں کے لوگ مرحوم کو یاد کرتے ہیں۔

مرحوم محکمۂ تعلیم کے ان مخصوص افسران میں سے تھے جنھوں نے فرقہ وارانہ جنگ کے نازک زمانہ میں بھی اپنے آپ کو اس سے محفوظ رکھا۔ آپ جملہ اقوام کو ایک نظر سے دیکھتے تھے۔ آپکے اخلاق کی تعریف بلا امتیاز مذہب و ملت ہر شخص کرتا تھا۔ ملازمت کے اسقدر طویل زمانہ میں مرحوم نے کبھی کسی کو شکایت کا موقع نہیں دیا۔ اکثر افسران کی قابلیت اور دیانتداری کی وجہ سے انھیں ہمیشہ عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور آپکے شاگرد آپکی صرف عزت ہی نہیں بلکہ آپ سے محبت رکھتے تھے۔

مرحوم کی قومی خدمات مرحوم کو اوائل عمری سے تعلیم سے لگاؤ تھا۔ آپ نے ساری عمر ہندوستانیوں میں تعلیم کا صحیح مذاق پیدا کرنیکی انتہائی کوشش کی۔ نادار شیعہ طلباء کی مدد کے لئے خصوصاً انکو صنعت وحرفت کی طرف مائل کرنیکی غرض سے مرحوم نے اپریل ۱۹۱۷ء میں انجمن وظیفہ سادات ومومنین کی بنیاد ڈالی

انجمن وظیفہ سادات ومومنین جسکی باقاعدہ رجسٹری ۲۷ اگست ۱۹۱۷ء کو لاہور میں ہوئی۔ مرحوم اس کی فلاح وبہبودی کی کوشش میں مرتے دم تک کوشاں رہے۔ جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ انجمن مرحوم کے زمانہ حیات ہی میں بام ترقی پر پہونچگئی اور آج اس انجمن سے سیکڑوں نادار شیعہ تعلیم فارغ کی تشنگی بجھ رہی ہے۔ یہ انجمن اب تک تقریباً ایک لاکھ چالیس ہزار روپیہ کے وظائف تقسیم کر چکی ہے اور انجمن کا سرمایہ محفوظ اس وقت پچاس ہزار روپیہ ہے۔ مرحوم متعدد بار اس انجمن کے سکریٹری بھی رہے اور کئی مرتبہ انجمن کے ممبران میں اضافہ کرنے کی غرض سے ہندوستان کے مختلف اضلاع کا دورہ بھی اپنے خرچ سے کیا مرحوم ہر سال تقریباً بیس پچیس نئے ممبر تو ضرور ہی اپنی ذاتی کوشش سے بنا ہی لیا کرتے تھے مرحوم کو اس انجمن سے عشق تھا۔

انجمن اسلامیہ کیمبل پور ضلع کیمبل پور کے مسلمانوں میں اعلیٰ تعلیم کا شوق دلانیکی غرض سے مرحوم نے انجمن اسلامیہ کیمبل پور کی بنیاد اپنی ملازمت کے زمانہ کیمبل پور میں ڈالی جو نادار مسلمان طلباء کے لئے پبلک ڈیفنڈ بنی ہوئی ہے اس انجمن کا بھی سرمایہ محفوظ پچاس ہزار روپیہ سے کم نہیں ہے۔ کیمبل پور کے سادات حضرات میں تعلیم اور دینی زندگی کا شوق پیدا کرنیکی غرض سے مرحوم نے انجمن حسینی کیمبل پور سیدان کی بنیاد ڈالی۔ جو نادار سادات طلباء کو وظائف وغیرہ دینے کے علاوہ اپنے سالانہ جلسہ کے موقع پر نہایت شاندار پیمانہ پر مجالس عزا بھی برپا کرتی ہے جس میں اکثر بڑے بڑے واعظین شرکت فرماتے ہیں

انجمن عقد بیوگان جیسی مفید انجمن کا وجود بھی جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم۔ اے اور مرحوم ہی کا مرہون منت ہے مرحوم نے اس انجمن کے سکریٹری کی حیثیت سے بھی کام کیا۔

محمڈن سادات ایسوسی ایشن دہلی مرحوم کی سب سے آخری زمانہ کی یادگار ہے جس کی بنیاد مرحوم نے جون ۱۹۲۹ء میں اپنے زمانہ علالت میں منتقل سے صرف چند یوم پہلے ڈالی۔ جس کے مقاصد نوجوانوں میں تعلیم کا شوق پیدا کرنا۔ تعلیم کو ترقی دینا۔ ممبران میں قوت گویائی بڑھانا۔ نوجوانوں میں مجالس ومحافل میں شرکت کا مذاق صحیح پیدا کرنا اور انکی تنظیم پر کوشش کرنا۔ شیعہ یتیم خانوں کا مذاق صحیح پیدا کرنا اور انکی تنظیم پر کوشش کرنا۔ شیعہ یتیم خانوں بیواؤں اور دیگر مستحقین کی حتی المقدور امداد کرنا ہیں۔ مندرجہ بالا مقاصد کے علاوہ مرحوم کے ذہن میں محمڈن سادات ایسوسی ایشن کے قیام کے وقت سب سے بڑا یہ مقصد تھا۔ کہ عام نوجوانوں میں خصوصاً اپنے خاندان کے نوجوانوں میں زمانۂ طالب علمی ہی میں جذبۂ ایثار اور قومی خدمت کرنیکی صلاحیت پیدا ہو جائے۔ گو مرحوم آج زندہ نہیں لیکن خدا کا شکر ہے کہ محمڈن سادات ایسوسی ایشن کے ممبران مرحوم کے بتائے ہوئے راستہ پر نہایت تیزی کے ساتھ گامزن ہو رہے ہیں۔ تعلیم کو ترقی دینے کی حتی المقدور کوشش۔ ممبران میں قوت گویائی کو بڑھانے۔ بیواؤں و دیگر مستحقین کی امداد۔ امامیہ یتیم خانہ دہلی کی حتی الوسع امداد کرنیکے علاوہ۔ جشن میلاد النبی۔ جشن میلاد حضرت علی علیہ السلام۔ یوم حسینؑ۔ مجلس وفات حضرت علی علیہ السلام کے مواقع پر جیسی شاندار شان کے عظیم الشان اجتماعات یہ ایسوسی ایشن اہل دہلی کے لئے مہیا کرتی ہے وہ اپنی آپ ہی نظیر ہیں۔ اور ہر مذہب وملت کے لوگ شریک ہوتے ہیں اور ہر مذہب وملت کے مقررین تقاریر فرماتے ہیں۔ خدا اس ایسوسی ایشن کو اس سے زیادہ قومی خدمت کرنیکی توفیق عطا فرمائے۔ آج کل اس ایسوسی ایشن کے سکریٹری مرحوم ہی کے صاحبزادے سید محمد تقی میرزا بی۔ اے ہیں۔ جنھیں مرحوم کی طرح چھوٹی ہی عمر سے قومی خدمت کا شوق ہے اور ابھی سے اپنے والد مرحوم کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ اور آپ اس انجمن کے ممبر بھی ہیں۔

اس وقت تک مرحوم نے جو قومی تحریک کو جس طرح لبیک کہا شاید دنیا اس سے بخوبی واقف ہے۔ جس سرگرمی کے ساتھ مرحوم نے ہر قومی کام میں حصہ لیا۔ شیعوں کا بچہ بچہ اس سے آشنا ہے۔ مرحوم کی قومی خدمات محتاج بیان نہیں مرحوم کے دل میں قومی درد تھا اور مرحوم میں قومی خدمت کا ولولہ تھا اس کا اندازہ آپ صرف ایک فقرہ سے لگا سکتے ہیں جو مرحوم نے بحیثیت سکریٹری اپنی سالانہ رپورٹ انجمن وظیفہ سادات ومومنین بابت سال ۱۹۲۸ء کے آخر میں تحریر کیا ہے جبکہ آپ بستر مرگ پر دراز تھے۔

آخر میں میں اپنی صحت کے لئے دعا کا امیدوار ہوں جس کی بڑی تمنا اس لئے

ہے کہ اپنی قوم کی مزید خدمت کرسکوں ۔ مرحوم کا صرف یہ فقرہ ہی مرحوم کی قومی خدمات کو زندہ رکھنے کے لئے کافی ہے۔ لیکن افسوس ہزار افسوس قضا نے مرحوم کو مہلت نہ دی۔

طویل علالت اور انتقال | دماغی کام کی وجہ سے مرحوم دوران خون کی زیادتی اور عصبانی کمزوری کے امراض میں مبتلا ہوگئے تھے کچھ عرصہ کیمبل پور ہی میں رہکر علاج کرایا پھر اپنے وطن دہلی تشریف لے آئے اور دس ۱۰ کی طویل علالت کے بعد بتاریخ ۲۷ رجون ۱۹۲۵ء صبح ۶ بجے ۴۶ سال کی عمر میں اس جہان فانی سے طرف جاودانی انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط افسوس صد ہزار افسوس۔

شعر

ابھی جام عمر بھرا نہ تھا کف دست ساقی چھلک پڑا
رہیں دلکی دل ہی میں حسرتیں کہ نشاں قضا نے مٹا دیا

عالیجناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم۔اے۔ایف۔آر۔ایس

بانی انجمن وظیفہ سادات مومنین لکھنؤ

ابتدائی تعلیم | آپکی ولادت ۱۵ رفروری ۱۸۷۲ء کو دیوگام ضلع اعظم گڈھ میں ہوئی۔ آپ جونپور مفتی محلہ کے سادات زیدی میں سے ہیں۔ ابتدا میں بیدلی کے ساتھ عربی پڑھی۔ مظفولیت کے زمانہ میں والدہ ماجدہ کو بیوگی کے مصائب جھیلتے دیکھا اور اس پر مستزاد یہ ہوا کہ اسی زمانہ میں شادی ہوگئی۔ فکر معاش نے اور والدہ ماجدہ کی خدمتگزاری کے شوق نے انگریزی پڑھنے پر مجبور کیا معلوم ہوتا ہے کہ انگریزی پڑھنے کے زمانہ میں بیدلی رہی کیونکہ ساڑھے تین سال میں انٹرنس پاس کرلیا۔ اور بجد اللہ ایم۔اے تک کبھی کسی امتحان میں ناکامیاب نہیں ہوئے۔ گریجویشن میں انٹرمیڈیٹ اور بی۔اے دونوں امتحانوں میں یونیورسٹی میں اوّل آئے۔ یونیورسٹی سے انعام اور وظائف اور کالج سے وظائف برابر ملتے رہے۔

ملازمت | ۱۸۹۶ء میں بی۔اے پاس کرنیکے بعد الہ آباد گورنمنٹ سکریٹریٹ میں ملازم ہوگئے۔ چھ برس کی نوکری میں پچیس روپیہ ماہوار سے ساٹھ روپیہ ماہوار تک پہونچے ایم۔اے پاس کرنے کے زمانہ میں پاس کیا۔

علیگڈھ کی مدرسی | ۱۹۰۱ء میں وجہ معاش کی ضرورت کے متعلق آخری فیصلہ یہ کیا کہ سررشتہ تعلیم کے ذریعہ سے رزق حاصل کیا جائے۔ چنانچہ ۱۹۰۱ء میں اپنی سکریٹریٹ کی ساٹھ روپیہ کی نوکری ترک کی اور علیگڈھ کالج میں چالیس روپیہ کی مدرسی پر خوشی سے چلے آئے۔ یہاں ۱۹۰۴ء کے آخر تک ملازم رہے اور چالیس سے پچاسی ماہوار تک پہونچے۔ علیگڈھ کالج کی ملازمت کا زمانہ بیحد مختصر تھا۔ اسی ساڑھے تین سال کے زمانہ کو اپنی زندگی کا حاصل سمجھتے ہیں۔ یہیں کام کرنے کی غرض سے کرنا سیکھا اور قومی ہمدردی کی ایک چنگاری نے آپ کے دل میں فی الجملہ جنبش پیدا کی۔ یہاں آپنے غریب طلباء کو ٹیوشنوں اور وظائف میں سرگرداں پایا۔ اور یہاں آسانی کے ساتھ آپ اپنے زیر اثر اور خوشحال طلباء سے حسب حیثیت چندہ جمع کرتے اور غریب طالبعلموں کی مدد کرتے۔ اسٹاف اور طلباء میں آپکو بیحد ہر دلعزیزی حاصل ہوگئی تھی۔ چنانچہ علیگڈھ سے رخصت ہوتے وقت آپکو ڈنر اور پارٹیاں دی گئیں


چیفس کالج | جنوری ۱۹۰۵ء میں چیفس کالج لاہور میں اسسٹنٹ ماسٹر ہوکر آگئے۔ یہاں آپنے ۲۳ سال ملازمت کے گذارے اور ہیڈ ماسٹر ہی سے پنشن لی۔ ایک سو بیس سے پانچ سو پینتیس تک پہونچے۔ خدا کا شکر ہے علیگڈھ میں جو سبق راست روی اور ہمدردی کا سیکھا تھا وہ یہاں بھی کام آیا۔ اس طویل عرصہ میں آپکو دو پرنسپلوں کی ماتحتی میں کام کرنا پڑا جن میں سے ایک نے آپکی نسبت لکھا کہ "میں جلال الدین حیدر صاحب سے بہتر ماسٹر اپنے ساتھ کے لئے خیال میں بھی نہیں لاسکتا"

دوسرے نے لکھا کہ "میں پنجاب اور راجوتانہ میں جتنے آدمیوں سے ملا ہوں اُن سب سے بہتر جلال الدین حیدر صاحب کو اپنے کام میں سمجھتا ہوں"




حاجی سید جلال الدین حیدر رضیا بالقاب سنہ ۱۹۰۰ء میں





عالیجناب ملقب بہ سید جلال الدین حیدر رضیا بالقاب سنہ ۱۹۳۰ء میں پچیس سال بعد۔




عالیجناب غلام قنبی صاحب بالقابہ



شمس العلماء حجۃ الاسلام صدر المفسرین سکارجوام اللہ علیہ الحاوی رتبۃ الصدر مفسر نفیر واسع المکرمات



عالیجناب خان بہادر سید تہذیب حسین صاحب بالقابہ



اتفاق کی بات ہے کہ آپکی ملازمت کا تعلق ایسی درسگاہ سے تھا کہ آپکے شاگرد نواب اور راجے مہاراجے ہوتے تھے۔ صوبہ کے گورنمنٹوں کے ممبر بلکہ خود گورنر کے عہدے تک آپکے شاگرد ممتاز ہوئے آپکے ساتھ سلوک ان سب کا مودبانہ رہا۔ کیونکہ آپنے کبھی کوئی غرض ان کے سامنے پیش نہیں کی۔ لاہور سے رخصت ہوتے وقت تقریباً ایک مہینہ پیشتر سے آپکے لئے ڈنر اور پارٹیز کا سلسلہ شروع ہوگیا جس میں بعض میں سے ڈائرکٹر سررشتہ تعلیمات اور انسپکٹر اور کالجوں کے پرنسپل وغیرہ شریک ہوئے۔ یہ آپکے انتہائی عروج کا زمانہ تھا۔

پنشن کے بعد کا زمانہ لاہور سے آپنے شروع ۱۹۲۳ء میں پنشن لی اور وقف منصبیہ کے متولی۔ ولی عہد صاحب بہاولپور سندھ کے آنریری منصبیہ کالج کے پرنسپل اور شیعہ یتیم خانہ کے اسسٹنٹ سکریٹری رہے۔ مگر ان کل اداروں نے آپکی حسن خدمات سے فائدہ نہ اٹھایا۔ اور اب آپ لکھنؤ میں مقیم ہیں۔

اس مقام پر بنائے انجمن وظیفہ سادات کا ذکر کر دینا ضروری ہے اور اس کے لئے بجائے کسی نئی تحریر کے، اس عبارت کی نقل کر دینا کافی جانتا ہوں جو آپنے محسن قوم سید محسن میرزا مرحوم کی وفات کے متعلق انجمن کی سالانہ رپورٹ بابتہ ۱۹۲۹ء کے صفحہ ۱ پر درج کی ہے جس سے یہ بھی معلوم ہوجاتا ہے کہ انجمن کی بنا کیونکر ہوئی۔

اقتباس از رپورٹ انجمن بابتہ ۱۹۲۹ء

خاتمہ کلام پر مجھے دو آنسو سید محسن میرزا صاحب مرحوم پر بہالینے دیجئے۔ نام کے ساتھ کلیجہ پھٹنے لگتا ہے اور دو دھارے اشک نثار ہونے کیلئے ایک دوسرے پر مسابقت شروع کر دیتے ہیں۔ مجھے مرحوم کی سوانح عمری لکھنے یا ان کی قومی خدمات کا گننا منظور نہیں ہے۔ مجھے تو اپنے مطلب سے مطلب ہے۔ انجمن وظیفہ سادات کے بنا کا منظر میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ ۳۱ مارچ ۱۹۱۲ء کو مرحوم مجھ سے ملنے کے لئے چیفس کالج لاہور میں آئے۔ میں نے عرصہ سے کالج میں ایک وظیفہ فنڈ قائم کر رکھا تھا۔ اپنے ماتحت طالب علموں سے چندہ وصول کرتا اور لاہور کے کسی طالب علم کو وظیفہ دیا کرتا تھا۔ اسکے لئے طلباء کی ایک کمیٹی تھی اور میں اس کا صدر تھا ان ایام میں جنگ طرابلس کے سبب سے طلباء میں ترکوں کے ساتھ ہمدردی کا جوش موجزن تھا۔ ذخیرہ کمیٹی نے باوجود صدر کی مخالفت کے فیصلہ کیا کہ وظیفہ فنڈ میں سے ایک معتدبہ رقم ترکوں کے پاس بھیجدی جائے۔ کالج کے پرنسپل نے ہیل پر کمیٹی کے فیصلہ کو منسوخ کر دیا لیکن لڑکوں کی ہمدردی اس فنڈ سے جاتی رہی اور علیٰ یہ فنڈ بھی ٹوٹ ٹاٹ کر برابر ہوگیا۔ میں قدرتاً بچوں کی حرکت پر افسردہ خاطر تھا۔ سید محسن میرزا صاحب مرحوم کے حساس دل نے محسوس کیا۔ جہاں انھوں نے میری تسلی و تشفی زبانی کی وہاں انھوں نے اپنی جیب سے دو روپیہ بھی نکال کر میرے حوالے کئے اور کہا کہ ڈھائی روپیہ آپکے اور دو روپیہ میرے ملا کر ساڑھے چار روپئے ماہوار ایک اسکول کے طالب علم کے لئے کافی وظیفہ ہے اور میں اقرار کرتا ہوں کہ میں اپنی زندگی بھر اپنی آمدنی کا ایک فیصدی وظیفہ کے لئے دیتا رہونگا چنانچہ یکم اپریل ۱۹۱۲ء کو سید محسن میرزا صاحب مرحوم نے یہ بیج بو دیا اس کے بعد جو کچھ ہوا وہ آپ حضرات کے پیش نظر ہے۔ اسی کو کہتے ہیں قول مرد اں جاں دارد۔ جو بات زبان سے نکلی تھی وہ جان کے ساتھ رہی۔ بہت سے بھائیوں کو شاید معلوم نہ ہو کہ مرحوم کی رحلت دائمی مرض سے ہوئی جس میں وہ کام کی کثرت کے سبب اور افکار کی وجہ سے مبتلا ہوئے۔ کالج کے منصبی کام کے علاوہ مرحوم پر بڑا بار انجمن کا تھا۔ مرتے جیتے ہر وقت انجمن کا کلمہ زبان پر تھا۔ وہ مجھ سے اور میں اُن سے ملنے کا مشتاق تھا لیکن جب میں تاریخ معینہ پر دہلی پہنچا تو مرحوم کے سوم کی مجلس میں شریک ہوا۔ رہے نام اللہ کا۔ اللہ بس باقی ہوس۔ کیا آپ حضرات اس محسن کے لئے ایک سورۂ فاتحہ سے بھی دریغ کرینگے۔ والسلام۔

عالیجناب خان بہادر سید تہذیب حسنین صاحب بی۔ اے ایل۔ ایل۔ بی الہ آباد

ولادت ۱۲ دسمبر ۱۸۷۵ء مطابق ۱۸ ذی الحجہ ۱۲۹۵ھ یوم جمعہ بمقام نجیب آباد ضلع بجنور جہاں والد مرحوم مولوی سید ذاکر علی صاحب تحصیلی اسکول میں مدرس اعلیٰ تھے پیدائش ہوئی۔ اصلی وطن قصبہ جھالو ضلع بجنور ہے اور سلسلۂ نسب امام زین العابدین علیہ السلام تک پہنچتا ہے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم اُردو فارسی۔ ریاضی وغیرہ کی تعلیم والد مرحوم کی نگرانی میں مکان پر ہوئی اور ۱۸۹۴ء میں انگریزی تعلیم بجنور ہائی اسکول میں شروع کی اور ۱۸۹۷ء میں مڈل اور ۱۸۹۹ء میں انٹرنس بجنور سے اور ۱۹۰۱ء میں ایف اے بریلی کالج سے اور ۱۹۰۳ء میں بی۔ اے علیگڈھ سے پاس کیا تعلیمی حالت ہمیشہ ممتاز رہی اور مڈل کے بعد برابر سرکاری وظیفہ ملتا رہا۔

ملازمت چنانچہ جب نومبر ۱۹۰۳ء میں الہ آباد یونیورسٹی میں ٹرانسلیٹر کی جگہ ملنے پر ایم۔ اے کی تعلیم چھوڑی تو تیس روپے ماہوار وظیفہ مل رہا تھا ابتدا میں ۶۰ روپیہ ماہوار تنخواہ مقرر ہوئی لیکن ۱۹۳۰ء تک رفتہ رفتہ ترقی ہوکر ترجمہ کے محکمہ کی سپرنٹنڈنٹی ملگئی جس کی تنخواہ چار سو پچاس روپے ماہوار ہے چھ سو پچاس روپیہ ماہوار تک تھی۔ اسی دوران میں ۱۹۱۴ء میں بحالت ملازمت ایل۔ ایل۔ بی بھی پاس کر لیا۔ ۱۹۲۳ء میں ترجمہ کا محکمہ توڑ دیا گیا اور آپ کو پھر میر منشی کا ایک جدید عہدہ قائم کرکے اس پر بھیجدیا گیا جس کی تنخواہ اگرچہ کم تھی لیکن آپ کی اصل تنخواہ اور گزٹیڈ درجہ بدستور قائم رہا جنوری ۱۹۳۳ء میں تندرستی خراب ہوجانے کی وجہ سے اپنی درخواست پر قبل از وقت پنشن لے لی اور پنشن کے بعد جون ۱۹۳۳ء میں گورنمنٹ نے خان بہادر کا خطاب عطا کیا۔

سفر عراق ۱۹۲۸ء میں دو مرتبہ عتبات عالیات کی زیارت سے اور ایک مرتبہ مشہد مقدس اور زیارت ایران سے مشرف ہوئے اور ۱۹۳۴ء میں دوبارہ مشہد مقدس حاضر ہوئے ۱۹۳۵ء میں حج اور زیارت کو مدینہ سے فراغت حاصل کی۔

قومی خدمات انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے بانیان کی صدر سے پہلے لیسٹ کھنے والوں میں ہیں چنانچہ سید محسن میرزا صاحب مرحوم اور حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم۔ اے کے بعد ممبروں میں تیسرا نمبر آپکا ہی ہے ۱۹۱۹ء میں انجمن کے سکریٹری ہوئے۔ دفتر کے کام کی کثرت دو لڑکیوں کی طویل علالت اور موت اور ترجمہ کے محکمہ کے ٹوٹ جانیکی وجہ سے اور خود آپکی جگہ کا معرض خطر میں ہونا ان سب باتوں کی وجہ سے آپ انجمن کے کام کو مطلق نہ دیکھ سکے اور سب کام دوسرے لوگوں پر چھوڑنا پڑا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انجمن کی معتدبہ رقم غائب ہوگئی۔ اور چونکہ آپ اس کے ذمہ دار تھے اس لئے آپ نے اس کی ادائیگی اپنے ذمہ لے لی اور خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کل رقم تلف شدہ مع زائد از دو ہزار روپیہ فاضل رقم کے بطور خسارہ انجمن کو ادا کردی۔ اب تک انجمن کے بعض ممبران نے مجھ سے دورۂ پنجاب کے دوران میں اس رقم کا حال دریافت کیا اس لئے ضروری ہوا کہ اس کا ذکر خان بہادر صاحب کے حالات زندگی میں آجائے۔ امید کہ حاجی تہذیب حسنین صاحب مجھ کو معاف فرمائیں گے۔ اس رقم کا ذکر بعض حضرات کے شکوک کو دور کرنیکی غرض سے لایا گیا ہے۔ ورنہ جبکہ یہ پوری رقم معہ زائد عطیہ کے وصول ہوچکی تھی تو کوئی وجہ اسکے اظہار کی بھی نہیں لیکن بنے اسکی ضرورت محسوس کیا اور چند سطور میں اس اعتراض کی دفعیہ ضرورت سمجھی

عالیجناب سید حیدر مہدی صاحب وکیل ہائیکورٹ الہ آباد

حالات زندگی سید حیدر مہدی صاحب کی ذات مشہور و معروف ہے الہ آباد ہائیکورٹ میں وکالت کرتے ہیں دماغ بہت رسا پایا ہے ہر معاملہ کو غور و خوض کے بعد کرتے ہیں قانونی پیشیں بدطولی حاصل ہے۔ قومی معاملات میں بھی بڑی دلچسپی سے حصہ لیتے ہیں کانگریسی خیالات رکھتے ہیں مسلم لیگ، مسلم یونیورسٹی بورڈ وغیرہ کے ممبر رہچکے ہیں ایک اچھے مقرر ہیں شیعہ کانفرنس سے خاص محبت رکھتے ہیں بڑی دھواندار تقریریں کرتے ہیں ہائیکورٹ کے کامیاب ترین وکلا میں شمار ہوتا ہے انجمن کے ۱۹۱۳ء سے ممبر ہیں

عالیجناب علامہ سید علی حائری صاحب قبلہ مجتہد العصر لاہور

ولادت و تعلیم آپ ۱۳۸۸ھ میں پیدا ہوئے فقہ و اصول فقہ و تفسیر و کلام اپنے والد ماجد سید ابوالقاسم صاحب کشمیری سے پڑھا پھر بغرض تکمیل علوم عتبات عالیات کو روانہ ہوئے اور سامرہ میں عرصہ تک سرکار جناب میرزا محمد حسن صاحب شیرازی علیہ الرحمۃ کے درس خارجی میں شرکت کی اور کچھ عرصہ میرزا حبیب اللہ رشتی نجفی مرحوم کے بھی درس میں شریک رہے اور ان دونوں بزرگواروں نے اور جناب آقا سید کاظم صاحب طباطبائی اور جناب آقا مازندرانی اور جناب ملا محمد کاظم صاحب خراسانی اور جناب السید ابوالقاسم صاحب طباطبائی المشہور بعلامہ طباطبائی نے آپکو اجازے مرحمت فرمائے ملک پنجاب و سندھ وغیرہ میں آپکے مقلد زیادہ ہیں۔

مشاغل آپ کا موعظ نہایت مدلل ہوتا ہے اور ہر فریق منصف مزاج شوق سے سنتا ہے درنہایت بے دھڑک ہوکر بلا تقیہ مگر مہذب الفاظ میں پڑھتے ہیں اور کتب فریق مخالف کے حوالے دیکر اور وقت پر دکھلا کر ثابت کر دیتے ہیں اور کتب کثیرہ کے مصنف ہیں اور مذہبی کتب میں غایۃ المقصود۔ تفریظات المفید وغیرہ خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔ ۱۹۲۳ء میں کارکن کمیٹی کے ممبر تھے

ہیں سر فہرست ہے کہ آپ کا کتب خانہ عمدہ ہے آپکی توجہ سے انجمن مواعظ حسنہ و قیام انجمن اثنا عشریہ انجمن اعوان الوفا لاہور و انجمن مرتضوی امرتسر انجمن امامیہ پشاور و رد انجمن اتفاق امامیہ بٹالہ و انجمن تذکرۃ المعصومین فیروز پور وغیرہ قائم ہوئیں۔ آپ ۱۹۲۷ء میں صدر آل انڈیا شیعہ کانفرنس بھی قرار پائے اور آپکی تقریر افتتاحیہ نے کانفرنس کی کایا پلٹ کر دی آپکی ذات سے نماز عیدین و جمعہ و جماعت و امور خیریہ کا سلسلہ جاری ہے آپکے والد صاحب مرحوم نے جو تفسیر قرآن تیس جلدوں میں لکھنے کا قصد کیا تھا اور بارہ جلدیں ہو چکی تھیں اب آپ اُس کو پورا کرنے میں کوشاں ہیں یہ تفسیر بحر زخار اور دریائے ناپیدا کنار ہے اس کے بعد بس و کسی تفسیر کی ضرورت ہی نہیں رہتی اور اکابر علمائے عراق و ایران و مصر و حجاز و ہندوستان اس کی توصیف میں رطب اللسان ہیں۔

عالیجناب پروفیسر سید غلام تقی صاحب کاظمی ایم۔ اے ناگپور

ولادت وغیرہ آپکی ولادت بتاریخ ۱۰ اکتوبر ۱۸۸۸ء بمقام سانگپور سیدان متصل انبالہ شہر (پنجاب) واقع ہوئی آپکا سلسلۂ نسب انتیس واسطہ سے امام ہفتم جناب موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق علیہما الصلوٰۃ والسلام سے ملتا ہے۔ آپکے والد مرحوم سید رستم علی صاحب اپنی بستی میں سب سے بڑے خود کاشت زمیندار تھے اچھے خاصہ تعلیم یافتہ تھے۔ اُردو فارسی میں کافی دستگاہ رکھتے تھے کلام پاک ناظرہ نہایت صحت اور قرأت کے ساتھ تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ گرد و نواح میں مشہور روزخواں تھے۔

ابتدائی تعلیم آپکی تعلیم کی ابتدا گھر پر ہوئی۔ شروع میں کلام پاک کے چند پارے اپنے والد صاحب مرحوم سے پڑھے اس کے بعد ایک قریب کی بستی میں پرائمری اسکول میں داخل ہوئے۔ جہاں سے ۱۹۰۰ء میں اُردو پرائمری امتحان میں بہت اعلیٰ نمبر حاصل کئے اور ڈسٹرکٹ بورڈ کا مڈل اسکول اسکالرشپ حاصل کیا۔ پھر مشن ہائی اسکول انبالہ شہر میں داخل ہوئے ۱۹۰۲ء میں آپ کے والد ماجد کا سایۂ عاطفت سر سے اُٹھ گیا۔ اور آپ کی تعلیم گرداب مشکلات میں پھنس گئی خداوند کریم کی کارسازی سے تعلیم جاری رہی اور ۱۹۰۴ء میں امتحان مڈل پنجاب یونیورسٹی سے نمایاں کامیابی کے ساتھ پاس کیا۔ صوبۂ پنجاب کے کامیاب طلباء میں آپ کا دوسرا نمبر تھا اور قسمت دہلی کے طلباء میں اوّل۔ چنانچہ یونیورسٹی کی طرف سے انعام ملا۔ اور ڈویژنل اسکالرشپ دو سال کے لئے پایا۔

اعلیٰ تعلیم ۱۹۰۶ء میں میٹریکولیشن پنجاب یونیورسٹی سے درجہ اوّل میں پاس کیا اور ایف۔ اے کی تعلیم کے لئے وظیفہ ملا۔ اعلیٰ تعلیم ایف۔ اے سے ایم۔ اے تک ایم۔ اے۔ او کالج علیگڈھ میں حاصل کی اور تینوں امتحان الہ آباد یونیورسٹی

سے سکنڈ ڈویژن میں پاس کئے۔ آپ ابھی ایم۔ اے میں تعلیم پا رہے تھے کہ محسن قوم سید محسن میرزا صاحب مرحوم اور رجال قوم سید جلال الدین حیدر صاحب نے انجمن وظیفہ سادات فنڈ کی بنا ڈالی۔ بانیان انجمن نے ابھی چند ہی افراد قوم کو اپنا ہمخیال بنایا تھا کہ سید علی عباس صاحب چھوٹے سی نے انجمن کے کاغذات آپ کو دکھلائے۔ چنانچہ انکی تحریک پر آپ انجمن کو قوم کے لئے بہت مفید پاکر بحالت طالب علمی عہ ہ ہوار کے چندہ سے ممبر ہوگئے اور بعد ازاں جب فارغ التحصیل ہوکر ملازمت اختیار کی تو حسب قاعدہ چندہ میں اضافہ ہوتا رہا۔

ملازمت جولائی ۱۹۱۴ء میں آپکو بہار نیشنل کالج بانکی پور پٹنہ میں عربی فارسی کی پروفیسری ملگئی۔ جہاں آپ ۱۹۱۵ء تک کامل چھ سال تعلیم دیتے رہے۔ بانکی پور کے دوران ملازمت ہی میں ۱۹۱۵ء میں پہلی مرتبہ انجمن وظیفہ سادات کی کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے اور متواتر چار سال تک منتخب ہوتے رہے۔ اس عرصہ میں دو تین سال کے لئے انجمن کے محکمۂ مشاورت کے ممبر بھی رہے۔ انجمن کی برادری میں بھی اضافہ کے باعث ہوئے۔

جولائی ۱۹۲۰ء میں بہار نیشنل کالج بانکی پور کی ملازمت سے مستعفی ہوکر رابرٹسن کالج جبل پور میں فارسی کے پروفیسر مقرر ہوئے۔ نومبر ۱۹۲۳ء تک جبل پور میں قیام رہا۔ مارلیسن کالج ناگپور میں عربی تعلیم کا انتظام کرنے کے لئے محکمۂ تعلیم کو آپ کا تبادلہ ناگپور کرنا پڑا۔ چنانچہ آج کل مارلیسن کالج ناگپور میں شعبۂ عربی و فارسی آپ کے متعلق ہے۔ اور ناگپور یونیورسٹی میں شعبۂ اُردو کی صدارت بھی حاصل ہے۔

جون ۱۹۳۳ء سے انجمن کے قدیم ترین ممبروں میں ہیں اور انجمن کے معاملات میں خاص دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں۔

عالیجناب خان بہادر سید احمد حسن صاحب سی۔ آئی۔ ای مرحوم جونپور

ولادت و اجداد کا حال سید احمد حسن صاحب ۲۹ مئی ۱۸۶۸ء کو جونپور کے اس خاندان میں پیدا ہوئے جس نے پشت ہا پشت سے گورنمنٹ برطانیہ کی خدمات بڑی وفاداری کے ساتھ انجام دیں، جس خاندان کے اکثر افراد نے بڑے بڑے عہدوں پر رہکر اپنی قابلیت اور وفاداری کا پہلے ہی ثبوت دیا تھا اور اب تک دیتے چلے آرہے ہیں جس کے صلہ میں سلطنت کی جانب سے جاگیر اور خطابات ذاتی اور موروثی دونوں قسم کے ملتے رہے ہیں۔ سید احمد حسن صاحب خان بہادر سید محمد کاظم صاحب ڈپٹی کلکٹر مشنر کے بڑے صاحبزادہ تھے۔

ابتدائی تعلیم آپنے عربی فارسی کی تعلیم پرانے قاعدے کے مطابق گھر پر حاصل کی۔ اسکول کی تعلیم ختم کرنیکے بعد میور سنٹرل کالج الہ آباد میں داخل ہوئے وہاں سے ۱۸۹۵ء میں بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔

ملازمت ۱۸۹۸ء میں گورنمنٹ نے آپ کو نائب تحصیلدار مقرر کیا اور چند مہینوں کی تحصیلداری کے بعد آپ ۱۸۹۹ء میں ڈپٹی کلکٹر مقرر ہوئے۔ ۱۹۱۱ء میں جب ریاست بنارس خود مختار ہوئی تو مرحوم کی خدمات ریاست نے حاصل کرلیں۔ جہاں وہ کلکٹری کے عہدہ پر مقرر ہوئے اور نہایت نیکنامی کے ساتھ ریاست کی خدمات بجالاتے رہے ۱۹۲۰ء میں گورنمنٹ نے آپکو غازی پور میں کلکٹر مقرر کیا۔ جنگ عظیم کے خدمات کے سلسلہ میں سرکار برطانیہ اور ریاست بنارس نے آپکو تمغے عطا کئے۔ دہلی دربار کا میڈل ملا۔ اور ۱۹۲۱ء میں خان بہادری کا خطاب عطا ہوا۔ ۱۹۲۲ء میں بلرام پور کے اسپیشل فیچر مقرر ہوئے اور اسی کے آخر میں راجہ صاحب نانپارہ کے اتالیق مقرر ہوئے۔ جنوری ۱۹۲۶ء میں ریاست بنارس نے آپکی خدمات پھر حاصل کیں اور چیف سکریٹری کے عہدہ پر ممتاز فرمایا۔ جنوری ۱۹۳۲ء میں سی۔ آئی۔ ای کا خطاب حاصل کیا۔ اپریل ۱۹۳۳ء میں آپنے بیرون ہند کا لمبا چوڑا اسفر کیا ہندوستان آنیکے بعد اکتوبر ۱۹۳۳ء میں آپ ملازمت سے دستکش ہوگئے۔ مرحوم بڑے پابند وضع۔ منکسر المزاج۔ اصول کے پابند اور زبان کے پکے تھے۔ سرکار برطانیہ اور ریاست بنارس میں آپنے اپنی خدمات کا بہت گہرا اثر چھوڑا۔ ۱۹۳۳ء سے ممبر تھے

قومی خدمات قومی ادارات مثل انجمن وظیفہ سادات و مومنین اور جامع العلوم جوادیہ بنارس وغیرہ کی آپ ہمیشہ مالی امداد فرمایا کئے۔ محتاج۔ غربا۔ فقرا۔ یتیموں اور بیواؤں کی آپ اس قدر پوشیدہ مدد کرتے تھے کہ ان میں سے اکثر کا پتہ آپ کے انتقال کے بعد دوسروں کو ہوا۔ فضول گوئی سے آپ کو نفرت تھی کبھی کوئی ایسا وعدہ نہ کرتے تھے جس کو پورا بھی نہ کرتے ہوں آپ نہایت عبادات عالیات عاشق اہلبیت اور بڑے خدا ترس تھے۔ افسوس کہ مرحوم کو دو سال بھی اپنی پنشن سے فائدہ اٹھانیکا موقع نہ ملا۔ اور بہت تھوڑے دنوں فالج میں مبتلا رہکر ۲۴ فروری ۱۹۳۶ء کو لکھنؤ میں انتقال فرمایا اور جونپور میں مدفون ہوئے۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ساتھ آپکو خاص ہمدردی تھی اور ترتیب و ترمیم قواعد میں انجمن کو آپ سے بیحد مدد ملا کرتی تھی آخر وقت تک آپ اس انجمن کے ممبر رہے ۱۹۱۳ء میں آپ اسکی کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے تھے سید مصطفےٰ حسین صاحب جونپوری نے آپکی تاریخ وفات لکھی۔

گو بزودی شمع روشن گل شدہ
فوت شد مقبول عالم سید احمد حسن

عالیجناب مولانا سید شبیر حسن صاحب قبلہ مجتہد العصر جونپور

(فیض آباد)

ہندوستانی مسلمانوں کے لائق فرزندوں میں سے اگر کبھی کسی شخص کو اس سرزمین علمائے اسلام اور یہاں کے علم خیز خطوں کی تاریخ لکھنے کا اتفاق ہوگا تو وہ یقیناً ایسے خطوں کی فہرست میں شہر جونپور کو بھی نمایاں طریقہ سے ثبت کرنے پر مجبور ہوگا۔

ابتدائی حالات آپکے دادا کے بھائی جناب مولوی ناصر حسین صاحب مرحوم نے اپنے اسلاف میں کوئی اولاد نرینہ نہیں چھوڑی لیکن اہل جونپور بلکہ اس زمانہ علم میں تمام قوم کی خوش قسمتی کہ جناب مرحوم نے اپنے اخلاف میں جناب تقدس مآب مولانا مولوی سید شبیر حسن صاحب قبلہ جیسے شخص جلیل کو چھوڑ کر دنیا سے انتقال کیا جناب موصوف ادام اللہ وجودہ الشریعت جناب مرحوم کے وہ قابل فخر پوتے ہیں جنکو مرحوم نے مثل اپنی اولاد کے پرورش کیا اور تاحیات خود ان کی تعلیم و تربیت کے متکفل رہے اور جب جناب مرحوم کا انتقال ہوگیا تو جناب موصوف شوق تکمیل میں لکھنؤ تشریف لائے اور یہاں کے علماء کرام خصوصاً جناب مرکز رشد یعنی حضرت صدر المحققین ناصر الملۃ آقا سید ناصر حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر کی خدمت عالیہ میں اپنی عمر کا ایک معتدبہ حصہ صرف کیا۔

تعلیم عراق اعلیٰ سے اعلیٰ ریاضت ہائے علمیہ کے بعد عازم عتبات عالیات ہوئے اور مرتبہ اول میں سال بھر اور مرتبہ دوم میں تین برس تک ان آستان ہائے مقدسہ میں حاضر رہکر وہاں کے علماء کرام کے حلقہ ہائے درس میں اس عنوان سے تکمیل فقہ و اصول میں مصروف رہے کہ بالآخر خداوند عالم عز اسمہ نے درجہ رفیعۂ اجتہاد تک پہنچا دیا اور اکابر علماء نجف اشرف و کربلائے معلیٰ سے اجازات حاصل کرکے ہندوستان کو واپس ہوئے۔

اس زمانہ میں ہندوستان سے شاید ہی کوئی طالب تکمیل ایسا گیا ہو جسکے کمالات کو علماء عراق ادام اللہ سلالہم نے تسلیم کیا ہو اور جس کی اہلیت اجتہاد کا وہاں کے تمامی علماء نے اعتراف کرکے اجازۂ اجتہاد مرحمت فرمائے ہوں یہ شرف اگر اس زمانہ میں کسی کو حاصل ہوا ہے تو وہ صرف مولانا ہی کی ذات فیض آیات ہے۔

جناب مولانا کے زمانہ میں جناب سرکار آقائے اخوند خراسانی اعلی اللہ مقامہٗ اور جناب سرکار آقائے شریعت قیام اور جناب سرکار آقا سید محمد کاظمی اور جناب سرکار آقائے صدر ادام اللہ ظلالہم کی ذات قدسیہ پر علم و اجتہاد کا دار و مدار تھا اور ان میں سے ایک بزرگوار کا اجازہ بھی کافی تھا چہ جائیکہ یہ سب حضرات جناب مولانا کے مجیز ہیں۔ جماعت ممتاز الافاضل اور صدر الافاضل میں سے آپ پہلے وہ شخص ہیں جنھوں نے

درجۂ رفیعۂ اجتہاد حاصل کرکے جماعت طلاب سے جماعت مجتہدین میں اپنی جگہ حاصل کی۔ عراق سے اجازۂ اجتہاد لیکر مولانا موصوف ہندوستان واپس تشریف لائے۔

ملازمت جناب مولانا سید محمد رضا صاحب مرحوم اُس وقت وثیقہ اسکول فیض آباد میں مدرس علی تھے۔ اسی سال مولانا مرحوم سلطان المدارس لکھنؤ میں پروفیسر مقرر ہوئے اور جناب مولانا سید شبیر حسن صاحب قبلہ کو خالی شدہ جگہ پیش کی گئی جسے جناب ممدوح نے منظور فرمایا اُسوقت سے اب تک اس اسکول میں جو نیم سرکاری اسکول کہا جاتا ہے، مدرس اعلیٰ کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ آپ کے عہد میں اسکول برابر ترقی کرتا رہا۔ اسکول کے طلباء ہر سال یونیورسٹی کے امتحانات شعبۂ مشرقیہ میں شریک ہوتے ہیں اور کامیابی کے بعد سرکاری مدارس میں عربک اور پرشین ٹیچر کی حیثیت سے کام کرتے ہیں۔

مولانا ممدوح کو زبان عربی پر خاص عبور حاصل ہے اور اس زبان میں ممدوح کے قصائد آپ کے علمی شہادت دے رہے ہیں۔ مولانا موصوف کے ارشد تلامذہ میں سے جناب مولانا ڈاکٹر اعجاز حسین صاحب پی۔ ایچ ڈی بیرسٹر متولی وقف ہگلی، جنکی ذات شہرۂ آفاق ہے ہیں۔

مولانا موصوف کے مزاج میں تصنع و بناوٹ مطلق نہیں ہے نہایت سادہ بود و باش رکھتے ہیں۔ علم دین کے طلباء اعزا۔ یتیموں بیواؤں، ورلا وارثوں کی خبر گیری مولانا کا خاص جوہر ہے۔ لڑکوں کے لئے وظائف حاصل کرنے میں مولانا کی دوڑ دھوپ ایک ایک کے سامنے ہاتھ پھیلانا یہ وہ صفت ہے کہ جس کی بدولت نہ معلوم کتنوں کی زندگیاں درست ہوگئی ہیں۔

اپریل ۱۹۱۳ء سے انجمن وظیفہ سادات کے قدیم ممبر ہیں ۱۹۱۷ء میں کارکن کمیٹی کے ممبر بھی رہ چکے ہیں۔

عالیجناب حافظ سید امیر کاظم صاحب تمیں نگینہ

(ضلع بجنور)

ولادت آپ صفر ۱۲۸۶ھ میں پیدا ہوئے سلسلۂ نسب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام تک پہونچتا ہے۔ سلسلہ خاندان صفوی سے ملتا ہے۔ ایران سے ہندوستان میں آئے۔ اوّل قنوج میں سکونت پذیر ہوئے۔ وہاں سے اسی خاندان کے ایک بزرگ نگینہ میں آکر آباد ہوئے۔ لکھنؤ کی سلطنت کے زمانہ میں آپ کے پردادا حکیم مدد علی صاحب بزمرۂ طبیب خاص محمد علیشاہ مرحوم کے یہاں ملازم ہوئے۔ غدر ۱۸۵۷ء سے نگینہ میں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ اور نگینہ کے معززین میں شمار ہوتا ہے۔

آپنے اُردو۔ عربی۔ فارسی اور انگریزی میں اچھی قابلیت پیدا کی ہے۔ اہل سنت حضرات کو یہ یقین نہ آتا تھا کہ شیعوں میں حفاظ بھی ہوتے ہیں اس لئے آپنے ۱۵ ماہ میں کلام مجید حفظ کرکے انکو سنایا آپ انجمن کی کارکن کمیٹی کے ممبر ۱۹۲۵ء میں تھے۔

عالیجناب خان بہادر حاجی سید ظل حسنین صاحب اپیل مجسٹریٹ دہرہ دون

ولادت بمقام نجیب آباد ۱۸۶۶ء میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد بزرگوار جناب مولوی سید ذاکر علی صاحب ساکن جھالو ضلع بجنور سے فارسی اور عربی وغیرہ کی تعلیم حاصل کی۔ ورنڈل اوّل نمبر پاس کیا انگریزی کا انٹرنس پاس کرکے

ملازمت سروے آف انڈیا میں تیس روپیہ ماہوار کے کلرک مقرر ہوئے اور ایسی تندہی و جفاکشی و تدین سے کام کیا کہ بہت جلد ہیڈ کلرک بنا دئے گئے۔ پراونشل سروس کے امتحان میں بیٹھے کامیاب ہوئے اور وہاں اسقدر




عالیجناب خان بہادر سید غلام حسین صاحب بالقاب



عالیجناب سید احمد میرزا صاحب بالقاب




عالیجناب فخر قوم مولوی سید کلب عباس صاحب بقاہ




عالیجناب پروفیسر سید مقصود حسین صاحب بالقاب



عالیجناب پروفیسر سید عجمل حسین صاحب بالقاب




عالیجناب خان بہادر سید حسن بلگرامی صاحب ڈویژن بالقاب



عالیجناب مدسخن صاحب مرحوم



الجناب ڈاکٹر سید علی حسن صاحب بالقاب



عالیجناب مدسین صاحب ثون مرحوم

ترقی کی کہ چونتیس سال کی کامل ملازمت کے بعد ۱۹۱۰ء میں سات سو روپیہ ماہانہ مشاہرہ سے پنشن پائی، دورانِ ملازمت میں اسپیشل مجسٹریٹ بھی بنا دئے گئے۔ انجمن وظیفہ سادات کے قدیم ممبروں میں سے منتخب فرد ہیں ۱۹۲۳ء میں انجمن کے سکریٹری بھی رہ چکے ہیں، بعد پنشن حج وزیارات سے فراغت حاصل کر کے خان بہادر کا خطاب پایا۔ نہایت باوقعت زندگی بسر کی بڑی خوبیوں کے بزرگ ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے اپریل ۱۹۱۲ء سے سرگرم ممبر ہیں۔

عالیجناب نواب سید احمد میرزا صاحب آنریری جنرل سکریٹری انجمن وظیفہ سادات ومومنین

(نیو دہلی)

ابتدائی حالات جناب نواب سید احمد میرزا صاحب بالقابہ ۱۸۹۳ء میں دہلی کے محلہ فراشخانہ میں پیدا ہوئے۔ آپ محسن قوم نواب سید محسن میرزا صاحب بانی انجمن کے برادر خورد ہیں اور ان تمام صفات وخوبیوں کے حامل ہیں جو خاندان میں پائی جاتی تھیں آپکے خاندانی حالات صفحہ ۲۵ پر ملاحظہ فرمائیے آپ پانچ سال کی عمر میں مدرسہ میں داخل ہوئے۔ اور جب مڈل میں پہونچے تو آپکے بڑے بھائی محسن میرزا صاحب مرحوم اپنے ہمراہ راولپنڈی لے گئے۔ وہاں تعلیمی سلسلہ جاری رہا اس کے بعد دہلی عربک کالج سے ۱۹۰۹ء میں انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد لاہور تشریف لے گئے وہاں ایف۔ اے تک پڑھکر تعلیمی سلسلہ منقطع کر دیا۔

ملازمت دہلی کے محکمہ پی۔ ڈبلیو۔ ڈی میں چالیس روپیہ ماہوار سے ملازمت شروع کی لیکن یہ محکمہ آپ کو پسند نہ آیا۔ اس لئے اس کی دو ہی برانچ میں اپنی خدمات کو بحیثیت نائب خزانچی منتقل کرالیا۔ کام کی کثرت سے صحت خراب ہوگئی اور ۱۹۲۶ء میں علالت نے خطرناک صورت اختیار کرلی عزیز واقارب نے بڑی محنت وجانفشانی سے تیمارداری کی اور صحت کلی حاصل ہوئی۔

قومی خدمات طالب علمی ہی کے زمانہ سے آپ کو قومی امور سے دلچسپی شروع ہوگئی تھی۔ انجمن شیعۃ الصفا کے ممبر ہوئے اور مختلف حیثیت سے اس کی خدمات انجام دیں ۱۹۳۲ء میں آپ نے انجمن اثنا عشریہ رجسٹرڈ کی نیو دہلی میں بنیاد ڈالی۔

سرکار سے زمین دوامی پٹہ پر حاصل کی اور عنقریب تعمیر کا کام شروع ہونیوالا ہے۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے حامیان میں سے ہیں ۱۹۳۳ء میں دہلی میں شیعہ کانفرنس کو مدعو کیا اور اس اجلاس کو کامیاب بنانے میں ساعی رہے امامیہ مشن لکھنؤ کے ابتدائی رکن سے ممبر ہیں اور مشن کے رسالے منگا کر دہلی میں خود اپنے احباب میں فروخت کرتے ہیں اور ممبروں کا اضافہ کیا۔ انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے ابتدائی دور سے ممبر ہیں اور اس کی ایسی عظیم الشان خدمات انجام دیں کہ ۱۹۳۵ء میں اس کے آنریری جنرل سکریٹری منتخب ہوئے۔ اور آپ کے زمانہ سکریٹری شپ میں انجمن نے قابل تعریف ترقی کی۔ انجمن سے محبت کا حال صرف اس سے معلوم ہوسکتا ہے کہ ایک مرتبہ آپ نے اس کے ابتدائی دور میں اپنی دو اترک کرکے انجمن کا چندہ ادا فرمایا۔ خداوند عالم ایسے مخلص وہمدرد کارکن کو عمر نوح عطا فرمائے۔

آپ کی سعی وکوشش سے نیو دہلی میں سرکار سے زمین برائے تعمیر مسجد و امام باڑہ ملگئی ہے اب قوم کی اگر توجہ ہوگئی اور مسجد و امام باڑہ کے لئے چندہ فراہم ہوگیا تو شیعیان نیو دہلی کی یہ تکلیف دور ہو جائے گی اور دیگر اقوام کی طرح شیعوں کی بھی یہ مذہبی ضرورت پوری ہو جائیگی۔

آپ میرے خاص کرم فرما ہیں۔ جنوری ۱۹۱۳ء سے انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے ممبر ہیں۔ بڑے خلیق۔ متواضع۔ منکسر المزاج اور مومن خالص ہیں۔

عالیجناب حاجی مولوی مقبول احمد صاحب قبلہ مرحوم دہلوی

پیدائش وتعلیم وغیرہ اخبار اثنا عشری دہلی مورخہ ۲۳ نومبر ۱۹۳۱ء کا خلاصہ یہ ہے کہ آپ ۱۸۸۱ء میں بمقام دہلی پیدا ہوئے ایام رضاعت میں آغوش مادر اور سات سال کی عمر میں سایۂ پدر چھوٹا تو آپ بڑے بھائی پیر جی حفیظ اللہ کی سرپرستی میں پلتے رہے اور چھٹی جماعت تک پڑھکر دہلی آئے اور یہاں ماسٹر میرزا احمد بیگ صاحب سکنڈ ماسٹر اینگلو عربک ہائی اسکول نے خاص توجہ فرمائی اکثر ماسٹر صاحب فرمایا کرتے تھے کہ ایسے دل دماغ والا طالب علم میرے درجہ میں نہیں آیا وشمل اپنی اولاد کے سمجھ کر پڑھایا اور تحقیق ندہب کی چاٹ لگادی اور بحث کرکے ایک سال میں مسئلہ خلافت طے ہوا۔ تو سولہ سال کی عمر میں آپ شیعہ ہوگئے اور اشہد ان علیاً ولی اللہ خلیفتہ بلا فصل کی آواز بلند کی اور جوش میں آکر دہلی کی جامع مسجد میں جاکر اعلان کردیا کہ میں سنیوں کے علماء سے مباحثہ کرنے پر تیار ہوں مگر کسی نے مقابلہ کی جرأت نہ کی ۱۸۸۵ء میں عربک ہائی اسکول سے مڈل میں اور ۱۸۸۶ء میں انٹرنس کا امتحان مشن ہائی اسکول سے دیا اور ہر مرتبہ تمام پنجاب میں اول نمبر آئے اور ۱۸۸۹ء میں مشن کالج سے ایف۔ اے کا امتحان پاس کیا پھر تعلیم ترک کردی کیونکہ دھن تعلیم کا تھا اور پھر شادی بھی ہوئی تو معزز خاندان قریش میں اگرچہ تعلیم کا ترک آپکی خوشامن صاحبہ کرتی تھیں لیکن ان کا سرا بھی نہ دبتا اور پھر بقیہ نسل کا سامان ہونے لگا۔

تصانیف وتالیفات اوائل عمر ہی کی درسی کتابیں تالیف کرنا شروع کیں اور کسب معاش کا سلسلہ چل پڑا۔ پھر حضرت دانیال کی کتاب نجوم کا انگریزی زبان سے ترجمہ کیا اور زائچہ تقدیر نام رکھا۔ خوب مشہور ہوا اور عربی میں آپ جناب مولوی سید آفتاب حسین صاحب مرحوم ساکن پیتن پٹری سادات ضلع بجنور کے شاگرد تھے سب سے پہلے کتاب در اثبات ایمان حضرت ابیطالب مصنفہ سید احمد دحلان مفتی مکہ معظمہ کی عربی میں ہے اس کا ترجمہ کیا۔ اس کا نام اسنی المطالب ہے ۱۸۹۳ء میں جناب سرکار راجہ سید باقر علیخاں صاحب مرحوم والئی ریاست پنڈارا ول دمیر آف کوڑا یہ دہلی میں تشریف لائے ؎

اقبال سرش زہوش مندی یتافت ستارہ بلندی

تو مدرسہ اثنا عشریہ دہلی کی طرف سے راجہ صاحب ممدوح کی خدمت میں ایک وفد گیا تو آپ بھی اس میں تھے راجہ صاحب اپنے ساتھ لیگئے۔ در پرائیویٹ سکریٹری اپنے یہاں کرلیا اور راجہ صاحب کے تاحین حیات جدا نہ کیا ۱۹۰۲ء میں بعد قطع تعلق پنڈارا ول سے دہلی میں آئے اور تین ماہ تک بیکار رہے تو ایک دواخانہ یونانی کھولا۔

دواخانہ کا اجرا مرکبات اس کے نہایت اہتمام سے تیار ہوتے تھے۔ اس کمپنی کا نام ایس۔ ایم احمد اینڈ کمپنی رکھا اور قیمت فی حصہ پچاس روپیہ قرار دئے۔ سرمایہ کم تھا کام کم چلا اب آپکے دو فرزند شجاع الدولہ و آصف الدولہ بھی ہو چکے تھے حصہ داروں کو روپیہ ادا کرتا یا ورکار جانا مذکور کے مستقل ملک ہوگئے درست رزق کے متعلق ساٹھ سے تین ماہ ایک بلڈنگ جس میں متواتر روز سے رکھے بیٹھ بیٹھ کا زمانہ ۱۲ بجے غسل کرکے عمل خوانی کو بیٹھ جاتے عمل ختم ہوا اور عروج کا زمانہ آیا ۱۹۰۷ء میں ۱۹ ربیع الثانی صیام یوم جمعہ ریاست پٹیالہ پر ضلع فیض آباد راجہ سید ذاکری | بوجفر صاحب والئی ریاست کا تار آیا کہ شب بست دیکم کی مجلس پڑھنے کو تشریف لائیے۔ آپ اسوقت نواب حامد علی خاں صاحب مرحوم کی مسجد واقع دہلی شیعہ دروازہ میں معروف وعظ تھے استخارہ دیکھا واجب آیا تشریف لے گئے تو راجہ صاحب نے بڑی قدر کی اور تمام ضلع فیض آباد کو چھان مارا جلالپور ضلع فیض آباد کے معرکہ ابتک زبان زد ہیں اور ہر زبان کے اخباروں میں آپ کے وعظ کی تعریف چھپی پھر جونپور تشریف لے گئے وہاں کی مجالس نے تو غضب ہی کردیا۔ پھر ایک چکر امروہہ کا لگایا وہاں کے مومنین نے سرکار عالی سے اجازت لیکر سرکاری امام باڑہ میں مجلس منعقد کی۔

ریاست رامپور میں عہدۂ آڈیٹری

پھر تو یہ خبر سرکار کے کانوں تک پہنچی اور آپ دہلی چلے آئے اور پھر قدر و منزلت کے ساتھ ریاست کے عہدۂ آڈٹ آفیسری پر مامور ہوئے بارہ سال برابر سرکاری خدمات کو انجام دیا۔ اُسی زمانہ میں ترجمہ القرآن کو انجام دے پہونچایا قرآن کی خدمت سے وہ مقبول خدا ہوگئے۔ قرآن مجید کا آخری پارہ ترجمہ اور تفسیر سے مکمل ہوا۔ اب پھر آپکا ستارۂ اقبال ترقی کی طرف چلا اور بڑا لڑکا ہیضہ میں مبتلا ہو کر ۸ گھنٹہ میں جان بحق ہوا۔ دوسرا لڑکا جو دو سال چھوٹا تھا اُنیس سال کی عمر تھی اُسکا بھی آتے ہی اسہال شروع ہوئے تو مولانا نے اس کو دہلی بھیجدیا وہ یہاں آکر جاں بحق ہوا۔ اب یہ دو کوہ غم ہفتہ عشرہ میں گرے اگرچہ آپکے استقلال میں فرق نہ آیا مگر نو برس آپ تیم جان زندہ رہے اور دو سال صحت بھی خراب رہی اور ترجمہ کا کام بھی بند رہا مگر پھر شروع ہوا اور قرآن مترجم و محشی چھپکر تمام ہندمیں اُس کی اشاعت ہوگئی۔ اس کے بعد ضمیمہ لکھا اور وہ بھی شائع ہوا۔ حلیۃ المتقین کا ترجمہ اس سے پہلے چھپ چکا تھا پھر چھوٹے چھوٹے رسالوں کی طرف توجہ کی اور ادعیہ ماثورہ کے ترجمے کئے دو سال آخر میں شیعہ مشن کی خدمات انجام دینی شروع کیں تقریباً ۱۹۲۰ء میں تخمیناً سو آغاخانی خوجوں کو شیعہ اثنا عشری کیا اور ۱۹۲۱ء میں اس سے بھی زیادہ آغاخانی بمبئی میں شیعہ ہوئے وہاں کے خوجوں سے بیحد ربط و ضبط ہوگیا تو حج و زیارات عالیہ سے بھی مشرف ہوئے۔ ۲۳ ستمبر ۱۹۲۱ء کو شملہ سے دہلی آئے اور ۲۸ ستمبر ۱۹۲۱ء کو انتقال فرمایا۔

خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنیوالے میں

جابجا آپکی فاتحہ خوانی کی مجالس مومنین نے کیں اور شعراؤ رؤسا و علماء نے تعزیت کے خطوط اُن کے فرزند امین الدولہ کو لکھے شعراء نے تاریخیں نظم کیں مولوی شیخ محمد علی صاحب قبلہ ملا فاضل و مولوی فاضل کی تاریخ یہ ہے۔

ماہ ربیع الاول بدآہ شب چاردہ وچہرتا
درسرزمین ہند آہ شد ماتمش صبح و پگاہ
محنت بسے بردازجہاں راحت ندید ازاین وآں
آں آفتاب مومنیں غائب شدہ زیر زمیں
مقبول حمد ناگہاں رفتہ ازیں فانی جہاں
سالِ وفاتش این بخواں مغفور شد آن مہماں

مومنین دہلی نے درگاہ پنجہ شریف میں مدرسۃ القرآن کے نام سے ایک دینی مدرسہ مرحوم کی یادگار میں قائم کیا ہے اور شیعیان آگرہ نے بھی ایک مقبول یادگار مقبول المدارس کے نام سے قائم فرمائی ہے۔ آپ خلق مجسم تھے مومن کو دیکھکر باغ باغ ہوجانا آپکے خصائص میں سے تھا اور حتی المقدور مومن کو فائدہ پہونچاتا تھا۔ لیکن نہ معلوم کس وجہ سے جناب مولوی شیخ مظہر علی خاں صاحب قبلہ مظلہٗ سے شکر رنجی ہوگئی تھی اور مضامین مناظرہ کو نڈر ہوکر پڑھتے تھے اور پڑھنے میں یہ معلوم ہوتا تھا کہ دریا جوش مارتا چلا آتا ہے۔ وعظ میں نہایت شیریں ظرافت ہوتی تھی۔ آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے بڑے سرگرم رکن تھے ۱۹۱۵ء میں جو وفد ہز ایکسلنسی نواب حامد علی خاں صاحب بہادر ریاست رامپور کی خدمت میں باریاب ہوا تھا اُسکے آپ ممبر تھے اور آپکی کوشش سے انجمن کو سو روپیہ ہوا نواب صاحب بہادر کے یہاں سے ملنے لگے تھے۔ ۱۹۱۵ء میں آپ کارکن کمیٹی کے ممبر بھی منتخب ہوئے تھے۔ اور ۱۹۱۶ء سے انجمن ہذا کے ممبر تھے۔

عالیجناب فخر قوم مولوی سید کلب عباس صاحب وکیل سرکار ایم۔ ایل۔ سی
(رائے بریلی)

خاندانی حالات

آپکا وطن مالوف قصبہ جائس ضلع رائے بریلی ہے اس مردم خیز خطہ کے شرفاء ہمیشہ اپنی ذکاوت و فراست کے لئے ممتاز رہے ہیں اجتہاد کے افراد اسی سرزمین جائس سے تعلق رکھتے ہیں اس سرزمین نے مشہور و معروف بڑے بڑے مقدس عالم پیدا کئے۔ جنکے نام ہمیشہ زندہ رہینگے۔

حالات زندگی

فخر قوم کے والد بزرگوار مولوی سید کلب جعفر صاحب ضلع گورکھپور میں سیاہ نویس تھے۔ آپ فروری ۱۸۹۱ء کو بانس گاؤں میں پیدا ہوئے

ایکا تاریخی اسم گرامی مظہر حسین ہے جس سے ۱۳۰۰ھ نکلتی ہے جب آپ پانچ سال کے ہوئے تو کاسگنج میں بچی بسم اللہ قدوۃ العلماء سید آقا حسن صاحب مرحوم نے کرائی سنہ ۱۹۰۱ء سے اینگلو ورنیکولر اسکول میں درجہ ششم میں داخل ہوگئے اور اپنی خداداد ذہانت کے جوہر دکھائے۔ اور اپنے درجہ میں ہمیشہ اوّل نمبر آنے لگے سنہ ۱۹۰۵ء میں آپکے بڑے بھائی کا تبادلہ لکھنؤ کا ہوگیا اور آپ حسین آباد ہائی اسکول میں داخل ہوگئے اور سنہ ۱۹۰۶ء میں انٹرنس امتیاز کے ساتھ پاس کیا اس کے بعد آپ علیگڈھ مسلم یونیورسٹی میں داخل ہوگئے اور وہاں سے بی۔ اے ایل ایل بی کیا۔ اور اپنی قابلیت و ذکاوت کے ایسے جوہر دکھلائے کہ علیگڈھ میں آپ نمایاں طلبا میں شمار ہوتے تھے علیگڈھ میں آپ یونین کمیٹی کے ممبر اور پریشین سوسائٹی کے سکریٹری رہے۔ کالج کے مشاعروں اور نمایش میں حصہ لیتے رہے۔ یونین کے ہال میں بڑی زبردست تقریریں کیں کہ آج تک آپکا اسم گرامی یونین بورڈ پر لکھا ہوا ہے۔ علیگڈھ سے فارغ التحصیل ہوکر آپنے پیشہ وکالت رائے بریلی میں شروع کیا۔

پیشہ وکالت فخر قوم نے اپنے پیشہ میں جو عروج رائے بریلی جیسے مقام پر رہکر حاصل کیا وہ بھی قابل تعریف ہے، موصوف نے اپنی قابلیت کا ایسا سکہ قلوب پر بٹھایا کہ ایک سال میں آپ مشہور و ہردل عزیز ہوگئے، اور موصوف کا ریوانی فوجداری مال وغیرہ میں کامیاب ترین وکلا میں شمار ہونے لگا۔ وکالت کے صرف آٹھ سال بعد آپ ڈپٹی سرکار منتخب ہوگئے اور حال میں آپ لیجسلیٹو کونسل کے ممبر بھی منتخب ہوئے ہیں جسکے موصوف کی ہر دلعزیزی اور خدمات قومی کی مقبولیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

قومی خدمات (۱) آل انڈیا شیعہ کانفرنس سے دلچسپی، سنہ ۱۹۰۸ء میں قدوۃ العلما مرحوم نے آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی بنا ڈالی اور فرقہ عام لکھنؤ میں جلسہ کیا اس جلسہ میں فخر قوم نے ایک معرکۃ الآرا تقریر کی جو بہت پسند کیگئی سنہ ۱۹۰۹ء کے اجلاس لکھنؤ کے آپنے

مضافات رائے بریلی سے ممبر بنائے اور چندہ جمع کیا اس روز سے آجتک آپ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے شیدائی ہیں سنہ ۱۹۳۶ء میں اس کے جنرل سکریٹری منتخب ہوئے (۲) صیغہ وقف کی زریں خدمات۔ سنہ ۱۹۲۰ء میں آپ صیغہ وقف کے سکریٹری منتخب ہوئے اور تبھی سے آپ ہی اس کے سکریٹری ہیں، اوقاف کی اصلاح کی طرف آپنے توجہ فرمائی اور ایک کتاب "کلید اوقاف" تصنیف فرمائی۔ وقف کو رواج جہان آباد جیسے وقف کا مقدمہ آپ زر سے لکھنے کے قابل ہے یہ آپ ہی کی عرقریزی کا نتیجہ تھا کہ مقدمہ میں کامیابی حاصل ہوئی۔ وقف محمدیہ بھی کوشش آپنے مواد جمع کیا۔ ایک قرن کی خدمات کے صلہ میں قوم نے آپکو "فخر قوم" کا خطاب دیا۔ (۳) آل انڈیا شیعہ یتیم خانہ۔ اس ادارہ کو بھی آپکی ذات سے بہت فائدہ پہونچا۔ موصوف نے خود پانچسو روپیہ کی رقم سنگ بنیاد کے موقع پر عنایت کی اور مختلف مقامات سے اس ادارہ کے لئے چندہ جمع کیا (۴) شیعہ کالج لکھنؤ۔ شیعہ کالج میں موصوف کا بہت انہماک رہا۔ تقریباً تمام وفود میں موصوف شریک رہے۔ اسکی اساسی کمیٹی کے آپ سکریٹری رہے ہیں (۵) انجمن تحفظ مآثر متبرکہ۔ اس انجمن کی بنا ۱۳۴۸ھ میں آپ نے ڈالی، اور تحریک رضاکاران جنت البقیع کو آپنے اُٹھایا۔

(۶) انجمن وظیفہ سادات و مومنین۔ سنہ ۱۹۱۸ء سے فخر قوم انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔ اُس سال سے آپ آج تک ممبر کارکن کمیٹی منتخب ہوتے رہے ہیں۔ اور بلحاظ تعداد ووٹ آپ کا نمبر ہمیشہ دوسرا تیسرا رہا ہے۔ جو رقم خان بہادر سید تہذیب حسنین صاحب کے زمانہ سکریٹری شپ میں غائب ہوگئی تھی اُسکی واپسی میں آپنے نمایاں حصہ لیا۔ سنہ ۱۹۳۶ء میں انجمن کے سکریٹری منتخب ہوئے اور آپ اس کی توسیع ممبران میں ہمیشہ سعی فرماتے رہتے ہیں جو وفد ہز ہائینس نواب صاحب رامپور سے ملاقات کیلئے گیا تھا اس کے آپ رکن تھے اور فوٹو اس گروپ وفد میں آپ کا موجود ہے۔

عالیجناب پروفیسر سید تجمل حسین صاحب ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی علیگڈھ ٹریننگ کالج

(سامانہ)

حالات زندگی اگست سنہ ۱۸۹۳ء میں آپ سامانہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا اسم گرامی سید تفضل حسین صاحب ہے جو ریاست پٹیالہ میں وکالت کرتے ہیں۔ سامانہ پرانا قصبہ ہے۔ کسی زمانہ میں صوبہ کا صدر مقام تھا۔ بغرخاں وہاں گورنر تھا۔ امیر خسرو بغرخاں کے ساتھ سامانہ میں رہے ہیں۔ تیمور سامانہ ہوتا ہوا دہلی پہونچا تھا۔ سادات کی پرانی بستی ہے خلیفہ محمد حسن صاحب وزیر اعظم ریاست پٹیالہ و خلیفہ محمد حسین

صاحب وزیر خارجہ ریاست پٹیالہ یہیں کے رہنے والے تھے۔

خاندان کی مختصر تاریخ | میرامان اللہ آپ کے جداعلیٰ سامانہ میں آکر آباد ہوئے تھے۔ ان کے مورث اعلیٰ محمد غوری کے ساتھ ہندوستان آئے تھے۔ آپ سادات رضویہ میں سے ہیں آپکے اعزا میں چھوٹے بھائی سید جمیل حسین صاحب بی۔ ایس۔ سی۔ ایل۔ ایل۔ بی ریاست میں وکالت فرماتے ہیں نامی وکلا میں شمار ہے۔ آپکے برادر نسبتی سید محمد ذکی صاحب ایڈیشنل ناظم پٹیالہ ہیں۔ قومی اداروں سے بڑی دلچسپی رکھتے ہیں شیعہ یتیم خانہ کی بڑی سرپرستی کرتے ہیں۔ آپکے بڑے صاحبزادہ اجل حسین صاحب میڈیکل کالج میں فائنل ایر میں ہیں دوسرے صاحبزادہ اکمل حسین صاحب اس سال انجینئرنگ کے امتحان میں پنجاب یونیورسٹی میں اوّل آئے ہیں۔ مغلپورہ ریلوے ورکشاپ میں ملازم ہیں۔

تعلیم | ۱۹۰۸ء میں ہائی اسکول پٹیالہ سے پاس کیا۔ ۱۹۱۴ء میں مہندر کالج پٹیالہ سے بی۔ اے پاس کیا۔ ایم اے علیگڈھ یونیورسٹی سے کیا۔ اس کے بعد بی۔ ٹی وایس۔ اے۔ وی کی ڈگریاں لاہور ٹریننگ کالج سے لیں اس کے بعد آپ تدریس رہائی اسکول میں اسسٹنٹ ماسٹر اور پھر ہیڈ ماسٹر ہوتے ۱۹۲۴ء سے آپ ٹریننگ کالج مسلم یونیورسٹی میں لکچرار ہیں۔

قومی خدمات | آپ تین سال انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے سکریٹری رہے۔ ۱۹۲۹ء سے منتظمہ کمیٹی کے ممبر ہیں۔ انجمن کی خدمت کو فرض اوّلین سمجھتے ہیں۔ آپ کے زمانہ میں انجمن نے کافی ترقی کی اور آپ نے مختلف مقامات کے دورے کرکے انجمن کی برادری کو وسیع تر بنایا۔

دردِ قومی سے دل لبریز ہے۔ شیعہ قوم کے لئے آپ کی ذات باعث فخر ہے۔ اس قدر مال و منال اور علم کے باوجود طبیعت میں تمکنت قطعی نہیں ہے۔ آپ نہایت نیک طینت اور منکسر المزاج ہیں۔ ہر ادنیٰ و اعلیٰ سے بڑے اخلاق سے ملتے ہیں میرے خاص محسن و ہمدرد ہیں۔

عالیجناب پروفیسر سید مقصود حسین صاحب نقوی ایم۔ اے الہ آباد

شکارپور ضلع بلند شہر

مقام و تاریخ پیدائش | قصبہ شکارپور۔ ضلع بلند شہر (یو۔ پی) میں اپریل ۱۸۹۸ء کو پیدا ہوئے۔

آباؤ اجداد کا مختصر حال | سکندر لودی کے زمانہ سے جب سے قصبہ آباد ہوا اجداد ہمیشہ بڑے بڑے درجات پر فائز رہے اور آخر زمانہ تک تو صرف زمیندار باقی رہگئے تھے مگر زمیندار بھی بڑے۔ یعنی کئی کئی گاؤں مسلّم زمینداری میں شامل تھے بالآخر تعلیم کی کمی اور جہالت میں سب کچھ کھو بیٹھے۔ حتیٰ کہ آپ کے والد ماجد جناب سید مقبول حسین صاحب کو پولیس کی نوکری کرنی پڑی۔

حسب و نسب کی حیثیت سے نقوی انجاری سادات ہیں۔ اور سید عبداللہ قطب بخاری کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ جناب امام ہمام حضرت علی نقی علیہ السلام کی انتیسویں پشت سے ہیں۔

ابتدائی اور اعلیٰ تعلیم | ابتدائی تعلیم انٹرنس تک ۱۹۱۵ء گورکھپور میں ہوئی جہاں آپ کے والد ماجد ملازم تھے بعدہٗ میور سنٹرل کالج۔ الہ آباد میں ایم۔ اے تک تعلیم حاصل کی ایک سال کے بعد ریسرچ اسکالرشپ یونیورسٹی میں مقرر ہے۔

ملازمت | جولائی ۱۹۲۲ء میں گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج الہ آباد میں، تاریخ و منطق پڑھانے کے لئے ملازم ہوگئے جہاں اب تک ہیں۔

گذشتہ سال آپ ہسٹری میں ریسرچ (RESEARCH) کرنیکے لئے ولایت تشریف لے گئے ہیں اور دو سال بعد کورس ختم کرکے ہندوستان واپس تشریف لائیں گے۔

انجمن سے خصوصیت ۱۹۱۸ء میں جب ایف۔ اے میں پڑھتے تھے اور مسلم ان بورڈنگ ہاؤس میں رہتے تھے تو جناب سید امیر الحسن صاحب (جو سوقت بی۔ اے میں تعلیم پاتے تھے اور آج کل فیض آباد کے سربرآوردہ وکیل ہیں) کی تحریک سے ممبر ہوئے اور آجتک انجمن کے دلدادہ ہیں۔

۱۹۲۹ء میں آپ انجمن مذکور کی کارکن کمیٹی کے ممبر ہوئے۔ اور بڑی دلچسپی کے ساتھ انجمن کے کاموں میں حصہ لیتے رہے ہیں۔ شیعہ کانفرنس شیعہ یتیم خانہ۔ مدرسۃ الواعظین۔ سمر فرانسو۔ امداد وغیرہ کی امداد کرتے رہتے ہیں۔ آپ مارچ ۱۹۳۷ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب چودھری سید نظیر الحسن صاحب فوق رضوی رئیس مہابن ضلع متھرا

پیدائش و خاندانی حالات ربیع ولادت قریب ۱۲۹۳ھ بمقام مہابن ضلع متھرا۔ چودھری سید سردار علی صاحب رضوی مرحوم رئیس اعظم مہابن کے تیسرے صاحبزادہ ہیں خاندان اثنا عشری سادات رضوی الشہدی سے ہیں۔ آپ کے خاندان کا تذکرہ متھرا میموئر مسٹر گردین صاحب سابق کلکٹر و مجسٹریٹ متھرا میں درج ہے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم آپ نے اپنے مکان پر فاضل اساتذہ سے عربی فارسی پڑھی۔ عربی میں درسیات صرف نحو منطق۔ فقہ کی تکمیل کی۔ کتب علم طب عربی کی تکمیل کی۔ آپ شروع سے علمی مشاغل میں مصروف رہتے ہیں۔ کتب بینی اور تالیف و تصنیف آپ کا دلچسپ مشغلہ ہے۔ آپ شاعر بھی ہیں اور نسیم تخلص کرتے تھے ۱۹۰۵ء سے فوق تخلص کرتے ہیں میرزا دبیر لکھنوی مرحوم سے تلمذ ہے جو آپ کی بیحد وقعت و منزلت کرتے تھے اور آپ کی شاگردی پر فخر کرتے تھے مگر اب عرصہ سے شوق نظم چھوڑ کر نثر نگاری و انشا پردازی پر توجہ ہے

قومی خدمات چودھری سید نظیر الحسن صاحب کا نام بہی خواہان قوم کی تاریخ میں ممتاز ہے۔ کوئی قومی تحریک ایسی نہ ہوگی جس میں نمایاں حصہ نہ لیا ہو۔ اور قوم کو اپنے مفید مشوروں سے مستفید نہ کیا ہو۔

شیعہ کانفرنس جب شروع میں شیعہ کانفرنس قائم ہوئی مولوی سید علی غضنفر صاحب سابق سکریٹری کے مددگار و مشیر رہے اور بنام کانفرنس میں مدد دی جب سید علی غضنفر صاحب بغرض مشورہ بنام کانفرنس ہمراہی سید عبد اللہ صاحب مہابن تشریف لائے تو اُن کو مفید مشورے دئے کانفرنس کے شروع مسلسل دس پندرہ جلسوں میں دو دو روز تک گئے۔ ایکچر دئے۔ رزولیوشن پیش کئے۔

(قضیۂ حدیث خوانی علیگڈھ کالج) جب مولوی سبط حسن صاحب مرحوم کی حدیث خوانی علیگڈھ کالج کے متعلق جھگڑے کا ایک طوفان عظیم برپا ہوا تو آپ نے چند مرتبہ ہمراہی جناب سید مجاہد حسین صاحب جوہر علیگڈھ کا سفر کیا۔ عمائدین قوم خصوصاً میجر سید حسین صاحب بلگرامی وغیرہ سے ملے عمائدین قوم سے خط و کتابت کی۔ اس کے متعلق اخبارات میں انکے فی البدیہہ مضامین کے دندان شکن جواب لکھے۔ انجمن وظیفہ سادات کے برسوں ممبر رہے۔ چندہ دیا اور برسوں تک انتظامیہ کمیٹی کے ممبر کثرت رائے ممبران انجمن سے منتخب ہوتے۔

تصانیف و تالیف آپ کے رشحات قلم سے علمی و ادبی دنیا سرسبز و شاداب ہوئی۔ اُردو علم ادب کی جو شاندار خدمتیں کیں وہ سب پر ظاہر ہیں آپ کی زبردست قوت تحریر اور فصیح و بلیغ و پُرزور انشا پردازی کا ہر شخص مداح ہے۔ عرصہ ہوا دفتر وکیل نے ایک کتاب "بدعات محرم" لکھی جسکو اہل سنت فرقے ہر مقام پر پڑھتے تھے اس کے جواب میں آپنے "حسنات محرم" لکھ کر محرم کے حسنات و فوائد اور بدعات محرم کے تمام اعتراضات و شبہات کے نہایت معقول و مدلل جوابات دئے کہ ہر شخص ساکت ہوگیا اور ثابت ہوگیا کہ محرم اور عزاداری کے رسوم کس قدر ضروری ہیں اور اس سے کیا کیا فوائد دینی و دنیوی ہیں۔ کیا کیا اخلاقی سبق حاصل ہوتے ہیں۔ اہل سنت پر ہے گہرا اثر پڑا اور بہت سے دیکھنے کو لیگئے۔ آپ کی مشہور و معروف کتاب "المیزان" (بجواب موازنہ انیس و دبیر مولفہ مولوی شبلی) نے ملک میں آپکی

انشا پردازی اور وسیع معلومات کا سکہ بٹھا دیا۔ یہ کتاب یادگار زمانہ ہے جس کی عبارت فصیح، پرزور اور انشا پردازی کا اعلیٰ نمونہ ہے اور آپکے فضل و کمال زبردست لیاقت علمی، قوت استدلال، وسیع النظری کا اظہار ہوتا ہے۔ مبصرین کا قول ہے کہ یہ کتاب اُردو علم ادب میں بیش قیمت اضافہ ہے۔ یہ کتاب تصانیف مولوی شبلی۔ مولوی حالی مولوی نذیر احمد۔ مولوی آزاد کے دوش بدوش اکثر یونیورسٹیوں کے بی۔ اے۔ ایم۔ اے کورس میں داخل اور اعلیٰ قابلیت اُردو کے کورس میں بھی ہے۔ اس کتاب کو دیکھ کر اور پڑھ کر خود مولوی شبلی نے لکھا ہے کہ:۔

آپ نے نہایت متانت اور سنجیدگی سے جواب لکھا ہے جو اس زمانہ میں غنیمت ہے۔ آج مجھ کو اپنے موازنہ کی قدر ہوئی۔ کیونکہ اس بہانہ سے اُردو میں ایک اچھی کتاب کا اضافہ اور ایک باکمال مصنف کے جوہر اچھی طرح کھلے۔ میں آپ کی طرز تحریر کا مداح ہوں

عالیجناب خان بہادر سید حسن بخش صاحب گردیزی

(رئیس اعظم ملتان)

ولادت ۲۲ نومبر ۱۸۶۱ء کو آپ ملتان میں پیدا ہوئے۔ آپ حسینی سادات سے ہیں۔ پانچ سال تک آپ ملتان میں رہے۔ پھر آپ کے والد بزرگوار سید مراد شاہ صاحب مرحوم مغفور نے ان کو بھاولپور میں بلوا لیا جہاں اسوقت وہ ہنڈ ایجنٹ (گورنمنٹ پنجاب) کے عہدہ پر ممتاز تھے۔

دس سال تک اپنے والد گرامی کے زیر سایہ بھاولپور میں رہے ۱۰ جنوری ۱۸۷۶ء کو آپ کے والد ماجد مرحوم مغفور نے بمقام ملتان وفات پائی۔ اسوقت سے اب تک پھر اپنے وطن ہی میں رہائش رہی۔ کرنل منچن صاحب پولیٹکل ایجنٹ و سپرنٹنڈنٹ ریاست بھاولپور اور کرنل مرسر صاحب ڈپٹی کمشنر ملتان دستار بندی کی تقریب پر آپ کے مکان پر تشریف لائے اور ریاست کی طرف سے پانچسو روپیہ کا خلعت و دستار بندی مرحمت فرمایا۔ آپ کی جائداد کا انتظام تا زمانہ نابالغی سرکار نے بذریعہ کورٹ آف وارڈس فرمایا۔ آپ بہت عرصہ تک ممبر میونسپل کمیٹی آنریری مجسٹریٹ اور وائس پریذیڈنٹ میونسپل کمیٹی رہے۔

قومی خدمات قومی کاموں میں بھی آپ ہمیشہ حصہ لیتے رہے علیگڈھ کالج کو مسلم یونیورسٹی بنانیکی تجویز درپیش ہوئی تو چندہ جمع کرنیکے لئے ۱۲ ممبران میں بھی ایک کمیٹی بنائی گئی۔ اس کمیٹی کا پریذیڈنٹ آپ کو بنایا گیا۔ آپ نے اس میں اپنی طرف سے ایک ہزار روپیہ مرحمت فرمایا۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کا اجلاس پانزدہم آپ ہی کی کوشش سے ملتان میں منعقد ہوا اس کے اخراجات کے لئے آپ نے دو ہزار روپیہ استقبالیہ کمیٹی کو پیش کیا اجلاس کا پنڈال آپکے مکان "حسن کوشک" کے لان میں بنایا گیا اور مہمانوں کی ایک بڑی تعداد بھی جس میں علمائے کرام و مجتہدین عظام بھی شامل تھے۔ "حسن کوشک" ہی کی وسیع عمارات میں فروکش ہوئی مہمانوں کے کھانے کا ہوٹل اور اجلاس کی متعلقہ نمائش بھی حسن کوشک ہی کے احاطہ اور رہائش میں کھولی گئی۔

آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے اداره یتیم خانہ کو بھی آپ نے ایک ہزار روپیہ مرحمت فرمایا۔ ایک سو روپیہ سے صیغۂ اوقاف کی بھی امداد فرمائی۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے متعدد اجلاس آج تک مختلف مقامات پر منعقد ہوتے رہے مگر ملتان کے سوا اور کسی مقام پر اس کی مستقل یادگار قائم نہیں ہوئی۔ اس مستقل یادگار کا سہرا بھی آپ ہی کے سر پر ہے۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے اجلاس منعقدہ ملتان میں ایک رزولیشن پاس ہوا کہ ملتان میں کانفرنس کی یادگار میں ایک دینی درسگاہ کھولی جائے۔

اس کے لئے ایک کمیٹی بنائی گئی۔ چندہ طلب کیا گیا۔

باب العلوم کا افتتاح | مدرسہ کا افتتاح بھی ہوا اور "باب العلوم" مدرسہ کا نام بھی رکھا گیا۔ مگر قوم کی عدم توجہی کے باعث کامیابی نہ ہوئی مدرسہ بند کرنا پڑا۔ اب بھی آپ مایوس نہ ہوئے اور قوم کو متوجہ کرنے کی کوشش بدستور جاری رکھی اس کے باوصف بھی جب سرد دست قوم کی توجہ کے آثار نظر نہ آئے تو آپ نے پانچ مربع آراضی چک نمبر ۱۹۱ نہر لوریخناب پر مدرسہ باب العلوم کے نام وقف کی اور قوم کے متوجہ ہونے تک چھوٹے پیمانہ پر بنیاد ڈالدی۔ نرخوں کے گر جانے کے سبب آج کل تو وقف شدہ مربعوں کی سالانہ آمدنی گیارہ سو روپیہ کے قریب ہے مگر پہلے بہت سالوں تک انکی آمدنی مبلغ تین ہزار روپیہ سالانہ رہی چنانچہ گورنمنٹ ہائی اسکول ملتان کے مقابل مدرسہ کے لئے سات آٹھ ہزار روپیہ کی آراضی خریدی گئی اور قریباً نو دس ہزار روپیہ کی لاگت سے مدرسہ کی تعمیر ہوئی۔ بورڈنگ اور مسجد کی تعمیر ابھی زیر تجویز ہے۔ مدرسہ چھوٹے پیمانہ پر جاری ہے۔ دو اُستاد مقرر ہیں۔ دس گیارہ طلباء مستقل طور پر مدرسہ میں زیر تعلیم ہیں جنکا کھانا بھی مدرسہ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ دس گیارہ لڑکے اپنے گھروں میں رہتے ہیں اور مدرسہ کے وقت مدرسہ میں آکر تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

اس مدرسہ کے مبلغ پانچ ہزار روپیہ سے کچھ زائد ملتان کے مخیر زرگواروں نے بھی امداد فرمائی ہے۔ جب قوم نے اپنی اس دینی درسگاہ کی طرف توجہ فرمائی تو یہ مدرسہ بہت بڑے پیمانہ پر جاری ہو سکتا ہے۔ خداوند کریم اپنے فضل عمیم سے وہ دن دکھلائے جب طلبا عالم و فاضل بنکر نکلیں اور ملک میں دین حقہ کی اشاعت ہونے لگے۔ جو اس مدرسہ کا اصل مدعا ہے آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے بھی قریباً بیس سال سے ممبر چلے آتے ہیں۔ دو روپیہ ماہوار چندہ جو پہلے دن لکھایا تھا برابر مرحمت فرماتے ہیں۔ چنانچہ ہر سال اکتوبر نومبر کے مہینہ میں مبلغ چوبیس روپیہ چندہ سالانہ یکمشت بلا تقاضا بھیجدیا کرتے ہیں ۱۹۲۳ء میں انجمن کی کارکن کمیٹی کے ممبر بھی رہ چکے ہیں انجمن وظیفہ سادات و مومنین سے خاص ہمدردی ہے اسکی توسیع ممبران کی سعی فرماتے رہتے ہیں۔ آپ نومبر ۱۹۱۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید محمد محسن صاحب زیدی مرحوم بیرسٹر سہارنپوری

(میرٹھ)

آبا و اجداد کا حال | آپ خاندان سادات بنی فاطمہ سے تھے جو تقریباً پارسو سال قبل وسط ایشیا سے نقل وطن کرکے ہندوستان آگئے تھا ریاست پٹیالہ میں سامانہ نامی قصبہ ان ہی کے اجداد کا آباد کیا ہوا ہے کچھ زمانہ کے بعد اس خاندان کی ایک شاخ نے سرزمین سہارنپور کو اپنا وطن بنالیا۔ حکومت وقت نے اس معزز خاندان کی قدرشناسی کی اور ان کو بڑی بڑی جاگیریں عطا کیں سلطنت دہلی کے زوال کے بعد جب یہ جاگیریں بھی آہستہ آہستہ ختم ہوگئیں تو اس خاندان کے افراد نے سلطنت انگریزی کی ملازمت اختیار کرلی جہاں انکی بڑی قدر و عزت ہوئی۔ ان کے دادا سید نجابت علی صاحب مرحوم اور والد خان بہادر سید محمد حسین صاحب شوق مرحوم محکمہ نہر میں ڈپٹی مجسٹریٹ تھے۔ ان ہر دو حضرات کا شمار بلحاظ قابلیت اور کارگذاری اپنے زمانہ کے بہترین حکام میں تھا۔ گورنمنٹ اور پبلک دونوں کی نظروں میں ان کی بڑی عزت تھی۔ خان بہادر سید محمد حسین صاحب شوق زیدی مرحوم اردو فارسی کے بڑے عالم اور ایک پختہ گو شاعر تھے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم | سید محمد محسن صاحب مرحوم مئی ۱۸۸۶ء میں بمقام سہارنپور پیدا ہوئے اور آٹھ دہ میں جہاں آپ کے والد مرحوم بحیثیت ڈپٹی مجسٹریٹ تعینات تھے، ابتدائی تعلیم حاصل کی ۱۹۰۲ء میں انٹرنس پاس کرنے کے بعد علیگڈھ محمڈن کالج میں داخل ہوئے۔

اور وہاں سے ۱۹۰۶ء میں بی۔ اے کی ڈگری حاصل کرکے ۱۹۰۹ء میں میرٹھ کالج سے ہائی اسکول الٰہ آباد میں ٹیچر رہے۔ ۱۹۱۰ء میں ان کے والد نے ان کو بغرض تعلیم انگلستان بھیجا وہاں کیمبرج یونیورسٹی سے ریاضی میں بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی اور نومبر ۱۹۱۳ء میں بیرسٹری کا امتحان پاس کرکے ہندوستان واپس آئے۔

ملازمت وغیرہ | ۱۹۱۴ء میں آپ نے میرٹھ کے مشہور و معروف قانون داں آنریبل خواجہ غلام الثقلین مرحوم وکیل کے ساتھ پریکٹس شروع کی قدرت نے ایک خیر معمولی دل و دماغ عطا فرمایا تھا تھوڑے ہی عرصہ میں آپکا شمار یہاں کے مشہور و معروف بیرسٹروں میں ہونے لگا۔ آپ ۱۹۲۰ء میں میرٹھ کالج میں لا پروفیسر مقرر ہوگئے تھے اور اس کام کو آخری وقت تک بڑی خوبی سے انجام دیا اور کالج میں ہر دلعزیز پروفیسروں میں آپکا شمار ہونے لگا۔ شعر و سخن سے آپ کو بڑی دلچسپی تھی۔ آپ کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ دیانتدار مذہب تھے، آپ کی وضع، قطع، لباس، طرز معاشرت سب ہندوستانی تھا۔ چنانچہ آپ کے متعلق مشہور ہے کہ انگلستان سے آپ کے وقت سامان پہنچا پر قدم رکھتے ہی انگریزی ٹوپی سر سے اتار دی تھی۔ اور پھر تمام عمر کبھی ہیٹ استعمال نہیں کیا۔ پیشہ بیرسٹری مگر دلیرانہ حمایت مظلوم سچ کے طرفدار جھوٹ سے انکار، پیشہ میں کامیاب لیکن گھر بربادی دنیا سے خالی، جو کیا خدمت غرباء میں صرف کیا۔

یہ اپنے نامور باپ کی طرح نہایت باصفات انسان تھے طبیعت میں انتہا درجہ کا انکسار اور خلوص تھا۔ حسن اخلاق کی وجہ سے آپ نہ صرف تمام مسلمانوں میں ہر دلعزیز تھے بلکہ غیر مسلم حضرات بھی آپکی بڑی عزت کرتے تھے۔

قومی خدمات | قومی کاموں میں آپ ہمیشہ پیش پیش رہتے تھے ۱۹۳۰ء سے آپ وقف تعلیمیہ میرٹھ کے آنریری متولی مقرر ہوئے تھے اس وقف کی موجودہ ترقی بڑی حد تک آپ کی پرخلوص کوششوں کی مرہون منت ہے۔ آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے مستقل ممبر تھے اور ۱۹۳۴ء سے کارکن کمیٹی کی ممبری کے فرائض بھی انجام دے رہے تھے اولڈ ہائی اسکول، فیض عام اسکول میرٹھ کی مجلس انتظامیہ کے ممبر بھی تھے۔

تازگی ہے عمل خیر میں یہ بعد وفات ۔ ایک اپنا تو ہے جینے کا گماں رکھتے ہیں
افسوس کہ عید الضحیٰ سے ایک یوم قبل ۹ مارچ ۱۹۳۶ء مطابق ۹ ذی الحجہ ۱۳۵۴ھ بروز چہارشنبہ کو خان بہادر سید محمد حسین صاحب کا انتقال سے صرف ایکسال، ۸ ماہ بعد ایک معمولی اپریشن کے دوران میں آپنے اچانک اس دار فانی سے انتقال فرمایا۔

وفات کے وقت آپ کی عمر صرف ۴۹ سال تھی۔ اس بے وقت اور المناک موت نے صرف خاندان ہی کی کمر نہیں توڑ دی بلکہ قوم شہر کا ایک ایسا گوہر بے بہا چھین گیا جس کی تلافی مشکل سے ہوسکیگی۔ ایک لڑکا اور پانچ کمسن لڑکیاں آپکی یادگار ہیں۔ بیرسٹر صاحب مرحوم کو ہندوستانی میووں میں آم سے خاص شوق تھا۔ آپنے میرٹھ میں ایک وسیع اور خوبصورت باغ لگایا جس میں ہر قسم کے مشہور آم کے پودے لگائے تھے لیکن افسوس کہ ابھی باغ پر پوری بہار آنے بھی نہ پائی تھی کہ ان کے گلشن حیات کی بہار ختم ہوگئی۔

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد ۔ روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

آپ جون ۱۹۱۷ء سے انجمن کے ممبر تھے اور بڑے خلوص سے کام کرتے تھے۔

عالیجناب خان بہادر سید محمد حسین صاحب شوق زیدی سہارنپوری

ولادت | آپ ۲ نومبر ۱۸۵۹ء کو پیدا ہوئے اور ۳ اگست ۱۸۸۱ء کو گورنمنٹ سروس میں داخل ہوئے، دوران ملازمت میں آپ نے اپنے قابلانہ تدبر اور خوش انتظامی سے ہر ادنیٰ و اعلیٰ افسر و ماتحت کو خوش رکھا اور ہر معاملہ میں انصاف سے کام لیا۔ گورنمنٹ نے آپکی قابل قدر خدمات کو ملحوظ رکھتے ہوئے ۱۹۲۶ء میں خان بہادری کے خطاب سے سرفراز فرمایا۔

یوں تو آپ دوران ملازمت میں بھی ہمیشہ قومی کاموں میں پیش پیش رہتے

تھے لیکن ۱۹۱۹ء میں عہدۂ ڈپٹی مجسٹریٹی سے ریٹائر ہو کر آپنے اپنی بقیہ زندگی کو قومی اور مذہبی خدمات کے لئے وقف فرما دی تھی۔

تولیت وقف منصبیہ میرٹھ | آپ کا بڑا حصہ وقف منصبیہ میرٹھ کی اصلاح میں صرف ہوا۔ وقف منصبیہ میرٹھ کی حالت بڑی ناگفتہ بہ تھی۔ آپ کے زمانہ تولیت میں اس وقف نے بڑی ترقی کی۔ وقف منصبیہ جو عروج و کمال حاصل ہوا ہے وہ آپکی خوش انتظامی اور دیانتداری کا اعلیٰ تدبر کی ایک زندہ مثال ہے۔ ہر شخص آپ کے اوصاف حمیدہ کا گرویدہ تھا۔

قومی خدمات | قوم کے مختلف ادارے انجمن وظیفہ سادات و مومنین حسینیہ خانہ شیعہ کانفرنس۔ مشن وغیرہ کے آپ مستقل ممبر و معاون تھے۔ آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس کے آپ لائف ممبر تھے فیض عام ہائی اسکول میرٹھ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج اسکول وغیرہ کی انتظامیہ کمیٹی کے ممبر تھے مرحوم اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ کے ایک خاص رکن اور سرپرست تھے سرسید مرحوم کے ساتھ آپنے مسلمانان ہند کی تعلیمی ترقی میں نہایت سرگرمی سے حصہ لیا تھا۔ آپکی سخاوت و ہمدردی کا یہ حال تھا کہ کبھی کوئی حاجتمند آپکے پاس سے مایوس ہو کر نہیں گیا۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی کارکن کمیٹی کے ممبر ۱۹۲۱ء میں منتخب ہوئے تھے۔ اور برابر آپکے مفید مشوروں سے انجمن مستفید ہوتی رہی۔ میرٹھ کے مقامی ممبروں سے چندہ وصول کر کے صدر دفتر کو روانہ کیا کرتے تھے۔ شاعری میں بھی بہت اچھا مذاق تھا۔ شوق تخلص کرتے تھے۔ نماز ظہر و عصر ادا کرنے کے بعد رضا بقضا و تسلیماً مرہ کہکر اس دار فانی سے عالم جاودانی کی راہ اختیار کی میرٹھ میں "منصبیہ ہوسٹل" اس محسن قوم کی یادگار سٹیشن روڈ پر موجود ہے۔ جو ائی ۱۹۲۷ء میں انجمن کی ممبری قبول فرمائی تھی۔ اور آخر وقت انجمن سے دلچسپی رہی

عالیجناب خان بہادر ڈاکٹر سید علی حسن صاحب

بانکی پور (پٹنہ)

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم | آپ کا وطن صوبہ بہار کی مشہور بستی کھجوہ ضلع سارن ہے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم و تربیت والدین ہی کے زیر سایہ عمل میں آئی۔ تعلیم کا زمانہ کلکتہ میں نہایت عسرت سے بسر ہوا یعنی از ابتدا تا انتہا آپ سکالرشپ کر کے اپنی تعلیم حاصل کرتے رہے۔

آپنے انٹرنس ۱۸۹۵ء میں مدرسہ عالیہ کلکتہ سے فرسٹ ڈویژن میں گورنمنٹ اسکالرشپ کے ساتھ پاس کیا۔ اسی سال آپکی شادی بھی ہوئی لیکن عام نظریہ کے خلاف اس نے آپ کی تعلیم پر کوئی برا اثر نہ ڈالا ۱۸۹۸ء میں آپنے ایف۔ اے پریسیڈنسی کالج کلکتہ سے فرسٹ ڈویژن میں گورنمنٹ اسکالرشپ کے ساتھ پاس کیا۔ اور ۱۹۰۰ء میں ایل۔ ایم۔ ایس کی ڈگری کلکتہ میڈیکل کالج سے نہایت کامیابی کے ساتھ حاصل کی۔

بہار میڈیکل سروس میں آپ ۱۹۰۵ء میں بحیثیت ایک سول اسسٹنٹ سرجن کے داخل ہوئے اور اٹھارہ برس تک نہایت کامیابی کے ساتھ ٹمبل میڈیکل اسکول میں معلم رہے۔ اس کے بعد بارہ برس تک ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ میڈیکل کالج ہسپتال کے عہدہ پر ممتاز رہے۔

آپکی ذہانت۔ دیانتداری۔ فن شناسی کا احساس عوام الناس ہی کو نہیں بلکہ گورنمنٹ نے بھی اس کا اعتراف کرتے ہوئے آپ کو ۱۹۳۵ء میں خان بہادری کے خطاب سے سرفراز کیا۔ آپ بعد تکمیل ملازمت ۱۹۳۶ء میں پنشن لیکر اپنے عہدہ سے سبکدوش ہوئے۔


قومی خدمات | اپنے وطن کی خدمت میں آپ سب سے آگے رہے چنانچہ بستی میں ہسپتال اور ایک مڈل انگلش اسکول قائم کیا۔ آپ عربی تعلیم کے بھی سچے دلدادہ ہیں اور ہر ممکن کوشش بچوں کو عربی تعلیم دلانے کی فرماتے ہیں۔ اپنے عزیزوں اور غیروں کو سرکاری ملازمت دلانے میں ہمیشہ پیش پیش رہے۔ ان سب سے بڑھ کر کھجوہ ٹرسٹ فنڈ کا اجرا آپکی زندگی کا وہ کارنامہ ہے جو سنہرے حرفوں میں لکھے جانے



عالیجناب نواب سید محمد صاحب قبلۂ بلوی



عالیجناب سر سید سلطان احمد صاحب بالقابہ



عالیجناب ڈاکٹر سید ذاکر حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب نواب سید اقبال علی بہادر صاحب بالقابہ



عالیجناب نوی اکرم عالم صاحب بالقابہ



عالیجناب اکرم ریاض الحسن صاحب بالقابہ



عالیجناب سید عباس حسین صاحب گردیزی بالقابہ



عالیجناب سید محمد مہدی صاحب بالقابہ



عالیجناب نوی سید محمد حسنین صاحب بالقابہ

قابل ہے - اس فنڈ کا سرمایہ دس ہزار روپیہ تک پہونچ چکا ہے - قوم پرستی سے بھی آپ بیگانہ نہیں - وطن پرستی کے انہماک نے آپ کے جذبۂ قومیت پر کوئی اثر نہیں ڈالا - انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے آپ قدیم ترین ممبروں میں ہیں اور انجمن کے کاموں میں آپ نے جو سرگرمی دکھائی ہے قوم سے پوشیدہ نہیں - آپ کارکن کمیٹی کے ایک رکن اور اسسٹنٹ سکریٹری اور ایگزیکٹنگ سکریٹری کے عہدہ پر بھی فائز رہ چکے ہیں - وظیفہ یاب حضرات سے انجمن کی دی ہوئی رقمیں واپس کرانے اور ممبران سے چندہ کی بروقت وصولی میں بیحد کامیاب ہے جدید ممبران کا اضافہ بھی برابر کرتے رہے - آپ اگست ۱۹۱۷ء سے انجمن کے ممبر ہیں -

عالیجناب مولوی سیّد محمد صاحب قبلہ زیدی (دہلی)

آپ جناب مولوی سیّد آفتاب حسین صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہٗ کے فرزند اکبر ہیں -

پیدائش | پیدائش آپکی پیتن ہیڑی ضلع بجنور میں ہوئی اور تربیت دہلی میں - ابھی آپ صغیر السن تھے کہ آپ کے والد ماجد نے رحلت فرمائی -

تعلیم و تربیت | آپ شمس العلماء مولوی سیّد عباس حسین صاحب جارچوی قبلہ اعلی اللہ مقامہٗ کی خدمت میں بغرض تعلیم بھیجے گئے اور محض شوق ترقی تعلیم دینی میں آپکی والدہ مرحومہ نے قبلہ و کعبہ کے چہلم کے ایکدن بعد اپنے پارۂ جگر کو اپنے سینہ سے جدا کر دیا اور اسی نیک بی بی کے اس شجرۂ کا ثمرہ ہے جس سے تمام ہندوستان آج فیض پا رہا ہے مگر افسوس کہ ایک سال کے بعد آپ پر پھر رنج و الم کا پہاڑ ٹوٹا اور صغیر السنی میں والدہ محترمہ کا داغ اٹھانا پڑا اور اس سانحہ کی وجہ سے پھر تعلیم ترک ہوگئی - مراسم عزا سے فارغ ہو کر جب آپ دہلی تشریف لائے تو جناب مولوی میرزا محمد حسن صاحب مرحوم نے جو ایک نہایت متقی اور پرہیزگار عالم باعمل تھے اور مولوی صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہٗ کے فدائی دوستوں میں سے تھے آپکو دہلی سے جدا کرنا گوارا نہ فرمایا - اور علامہ زنگی پوری مولوی السیّد محمد ہارون صاحب قبلہ مرحوم جو آپ کے والد ماجد کی جگہ عربک اسکول میں صدر مدرس علوم مشرقی قرار پائے تھے اُن کی خدمت میں سپرد فرما دیا، جہاں کافیہ تک آپ نے تعلیم حاصل کی - خداداد ذہانت اور ذکاوت کسی جامع العلوم درسگاہ کی خواہشمند تھیں، اور ذوق علم چاہتا تھا کہ مجمع طلبا میں جوہر ذہانت و محنت دکھائے جائیں - اس امر نے دہلی سے دل برداشتہ کر دیا اسوقت عجیب گومگو کی حالت تھی ادھر تو دہلی کی تعلیم سے دل برداشتہ ادھر فقدان سامان تعلیم لیکن خدا خود میر سامان است ارباب توکل را "مردے از غیب آید والا مضمون ہوگیا" جناب سیّد محمد باقر مرحوم انسپکٹر پولس جو کہڑ رضلع انبالہ کے مشہور خاندان سیادت کے ایک فرد اور نہایت متقی پرہیزگار پابند صوم و صلوٰۃ تھے اور خصوصیت سے مولوی سیّد آفتاب حسین صاحب قبلہ مرحوم کے محب خالص اور بہت زائد عقیدت مند تھے دہلی تشریف لائے تو ان حالات پر مطلع ہو کر بیحد روئے اور اُسی دن مولوی صاحب موصوف کو بلا کر فرمایا کہ میاں! میں تمہارے والد کا نیازمند اور خالص دوست ہوں، اور تم بجائے فرزند ہو، اگر یہاں تمہارا دل نہیں چاہتا تو کہیں اور چلے جاؤ اور اپنے والد کا نام روشن کرو!

لکھنؤ میں | نتیجہ یہ ہوا کہ دو دن کے بعد آپ لکھنؤ روانہ ہوگئے اور سرچشمۂ علم و حکمت دار العلوم مدرسہ نظامیہ میں پہونچ گئے - حضرت نجم العلماء نے نہایت شفقت سے آغوش تربیت و علم میں لے لیا اور آپ چار سال تک وہاں مقیم رہے - رفتار تعلیم چونکہ بہت سست تھی اس لئے آفتاب دین کی اعظم ترین شعاع یعنی جناب حضرت قبلہ وکیعہ جناب مولوی حکیم سیّد مقبول احمد صاحب مرحوم اعلی اللہ مقامہٗ نے آپکو رامپور بلا لیا اور

رامپور میں | اُستاد دوران جناب شیخ محمد طیب عرب کی مرحوم کی خدمت میں تحصیل علم کے لئے بھیجدیا، اسی بیمثل عالم کی خدمت میں رہکر علوم مشرقیہ کے تمام متعلقات دئے اور فراغت پاکر دہلی تشریف لے آئے -

عربک کالج دہلی میں | حسن اتفاق سے اس زمانہ میں عربک اسکول کے

سکریٹری آقائی نواب سید امداد میرزا مرحوم تھے۔ مرحوم شیعیان دہلی کے سردار اور بڑے قبلہ وکعبہ مرحوم کے شاگرد تھے اور اول سے مرحوم کا یہی قول تھا کہ اس جگہ کے حقدار مولوی سید محمد صاحب ہیں جس دن خدا نے انکو کسی قابل کر دیا میں یہاں بلا لونگا، ہو بہو یہی ہوا کہ فراغ تعلیم کے بعد ہی ارباب مدرسہ کے سامنے یہ صورت پیش کی گئی اور جناب ہیڈ ماسٹر فضل الدین صاحب بی۔ اے نے جو اس زمانہ میں ہیڈ ماسٹر تھے اور قبلہ وکعبہ مرحوم کے احباب میں بھی تھے مولانا کے علم وفضل پر مطمئن ہو کر اس تقرر کو منظور فرما لیا اور اتنی گردشوں کے بعد یہ فرزند آفتاب اپنے اصلی مطلع پر پہونچ گیا، خداداد قابلیت فصاحت بیان اور حسن بیان تبحر علمی نے اپنے جوہر دکھانے شروع کر دئے اور آوازہ تقریر وعظ شرق وغرب میں پھیلنے لگا اور قوم نے اسقدر پسند کیا اور عزیز جانا کہ کثرت مجالس سے ہوش آنا مشکل ہو گیا۔ اہل دہلی کے لئے مولوی سید اتقیا حسین صاحب قبلہ کی ذات اور مولوی سید مقبول احمد صاحب جیسے مقبول عام کی ذات کیا کم تھی کہ اس فخر کو اس ذات سے اور معراج مل گئی بل دہلی کی مسرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ایک بہت عظیم الشان مجلس کے دوران میں ابوالقلم سید منیر حسن صاحب منیر نے مولانا کی شان میں ذیل کا قطعہ پڑھا ؎

قمر دو باختر ہیں یہ مثیل آفتاب	مولوی سید محمد ہیں عدیل آفتاب
چوم کر نکے قدم ہستی دنی کی زمیں	سچ کہا ہے آفتاب آمد دلیل آفتاب

تو تمام مجمع انتہائے جوش میں تڑپ اٹھا اور کوئی آنکھ ایسی نہ تھی جس میں مرحوم کو یاد کر کے آنسو نہ بھر آئے ہوں۔

حسن اتفاق سے اسی زمانہ میں جناب مولوی صاحب قبلہ بمبئی تشریف لے گئے اس قدر مقبول عام مجالس ہوئیں کہ آج نو سال کا عرصہ ہونے آیا اہل بمبئی نے آپکو نہیں چھوڑا۔

قومی خدمات ہندوستان میں ایسی عظیم الشان مجلس دوسری جگہ نہیں ہوئی کہ جس میں بیک وقت دس ہزار آدمیوں کا مجمع اور آلۂ مکبر الصوت (لاؤڈ اسپیکر) لگایا جائے عام اہل بمبئی مولانا کے ایثار، جوش ایمانی، قوت بیان پر فدا ہیں اور جس قدر عزت دیکھنے والوں نے وہاں مولانا کی دیکھی وہ ابھی تک کسی کو نصیب نہیں ہوئی، مولوی صاحب کی سعی فی الدین کا پتہ اس سے چلتا ہے کہ آپ ہمیشہ اپنی تعطیلات میں دس بارہ ہزار میل کا سفر فرماتے ہیں اور تشنگان علم وحکمت انھیں ایام گرما میں مولانا کے سننے کے لئے مجالس برپا کرتے ہیں اس عمر اور اس جوانی میں اسقدر عروج ہندوستان میں کسی واعظ کو نصیب نہیں ہوا۔ ذالک فضل اللہ۔ مولانا کے انداز علمی قابلیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ جب عربک سکول کو ترقی دیکر گورنمنٹ کالج بنایا گیا تو ہر علم کے لئے مستند پروفیسر بلائے گئے، مسٹر واکر صاحب پرنسپل اور میر محمد حسین صاحب موجودہ سکریٹری عربک کالج نے عربی کا پروفیسر آپ ہی کو مقرر فرمایا غرض مولانائے موصوف کا ایثار اور دینی خدمات اور بے لوث سعی ایسی چیزیں ہیں جس سے شیعی دنیا کا بچہ بچہ واقف ہے آپ کی علمی خدمات پر دہلی کی مساجد اور سادات بارہ کے بچوں کے لئے ماہرہ بورڈنگ ہاؤس بہترین سند ہیں خداوند کریم آپکے علم وفضل میں بیش از بیش اضافہ فرمائے اور قوم کو آپکے بیان اور دینی خدمات سے متمتع ہونیکی توفیق عطا فرمائے، آپنے حیدر آباد دکن میں سالگذشتہ جو معرکۃ الآرا مجالس پڑھی ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں، پہلی مجلس میں خود ہز ہائینس حضور نظام حیدر آباد دکن تشریف رکھتے تھے جناب قبلہ کعبہ کا بیان اسقدر مقبول وپسند ہوا کہ حضور نظام بالقابہ نے آپ کو اپنے دولتکدہ پر بلا کر بہت دیر تک مذہبی مسائل پر گفتگو فرمائی اور سرو پیما ہوا رتاجات وظیفہ مقرر فرمایا۔ آپ انجمن وظیفہ سادات ومومنین کی کارکن کمیٹی کے ممبر ۱۳۲۷ھ سے ہیں آپکی ذات سے انجمن کو بہت امداد ملی ہے۔ آپ اگست ۱۳۳۷ھ سے انجمن کے ممبر مبلغ اور انجمن کے کاموں میں خاص طور سے دلچسپی فرماتے ہیں میرٹھ کی مجالس میں جبکہ خاکسار تقریر کی درخواست کی تو آپنے میرا سعید سے تعارف کرایا اور دس منٹ تقریر کرنیکے لئے مرحمت فرمائے

---

(۱) جو حضرات انجمن کی اعانت بارہ روپیہ سالانہ کے حساب سے سال بسال کیا کرینگے وہ سرپرست انجمن کہلائینگے
(۲) انجمن کا انتظام ایک کارکن کمیٹی کے سپرد ہے جو کثرت آرا سے منتخب ہوتی ہے۔
(۳) انجمن کا سرمایہ محفوظ بنک میں موجود ہے۔

عالیجناب خانصاحب نواب سید اقبال بہادر صاحبابی۔ اے رئیس اعظم شمس آباد ضلع فرخ آباد

ولادت و اجداد کا حال آپ ۱۸۷۶ء میں پیدا ہوئے۔ آپ شاہی خاندان سے ہیں آپکے دادا کے والد ماجد نواب معین الدولہ نصیر الملک سید عنایت علیخاں صاحب بہادر فتح جنگ مجد علی شاہ صاحب و دھ کے رشتہ دار طرفی تھے اور آپ ابتک وثیقہ پاتے ہیں۔ آپکی نانی صاحبہ نواب جعفری بیگم صاحبہ مرحومہ ضیاء الملک عتماد الدولہ نواب فضل علیخاں صاحب بہادر وزیر اعظم نصیر الدین حیدر شاہ اودھ کی صاحبزادی تھیں اور آپکے نانا نواب محمد علیخاں صاحب مغفور رضوی سلاطین ایران کی نسل سے ہیں۔

خدمات نواب صاحب موصوف ڈسٹرکٹ بورڈ کے سینیر وائس چیرمین رہ چکے ہیں اور ممالک متحدہ کے زمیندار ایسوسی ایشن کے ممبر اور شیعہ کالج کے متولی ہیں اس کالج کے واسطے موصوف ایلہ نے چودہ ہزار روپیہ جمع کیا اور چھ ہزار روپیہ خود اپنی جیب سے عطا فرمایا۔ دوران جنگ میں انھوں نے ۱۲۵ ریکروٹ اپنے علاقہ سے دئے اور ضلع کے ریکروٹنگ فنڈ میں چندہ دیا انھوں نے بارہ ہزار آٹھ سو روپیہ قرضہ جنگ میں دیا اور اپنی والدہ ماجدہ اور زوجہ سے بائیس ہزار پانچ سو روپیہ اور انیس ہزار آٹھ سو علی الترتیب دلوائے۔

ریکروٹنگ کی خدمات کے سلسلہ میں جناب موصوف کو اوّل درجہ کی سند ضلع میں ملی اور دوسری سند لفٹنٹ گورنر بہادر نے خوشنودی مزاج کے اُن خدمات کے صلہ میں عطا فرمائی جو ہندوستانی فوج کے دوران جنگ میں کیگئیں ہز آنر نے وار بورڈ کے رزولیوشن میں شکریہ ادا فرمایا اور جناب چیف جسٹس بہادر نے جو ممالک متحدہ کے اسپیشل وار فنڈ کی انتظامیہ کمیٹی کے صدر تھے ایک خط شکریہ کا اس کام کی خوبی کے صلہ میں عطا فرمایا جو اس فنڈ کے انداز میں کیگیا تھا جناب موصوف ۴ فروری ۱۹۳۰ء کو آنریری منصب مقرر ہوئے امن سبھا کے سلسلہ میں ان کو ایک اور سند ہز ایکسیلنسی گورنر ممالک متحدہ آگرہ و اودھ نے عطا فرمائی اور خانصاحب کا خطاب ۱۹۲۳ء میں سال نو کی فہرست خطابات میں شائع ہوا۔

ستمبر و اکتوبر ۱۹۲۴ء جو سیلاب اس ضلع میں آیا اور اس سے جو اتلاف جان و مال ہوا اور اس میں آپنے جو خدمات انجام دیں اور جو عنایت فرمایا اس کا شکریہ سرگرم دوڈ میر چیف جسٹس ہائی کورٹ نے جو سیلاب کے ریلیف فنڈ کے صدر تھے اپنے خط مورخہ ۸ جون ۲۵ء میں خاص طور پر ادا فرمایا ہے۔

قومی خدمات جناب موصوف کو قومی ادارات سے بیحد دلچسپی ہے اور مدرسۃ الواعظین، شیعہ یتیم خانہ، انجمن وظیفہ سادات و مومنین اور امامیشن لکھنؤ کی امداد برابر کرتے رہتے ہیں انجمن وظیفہ سادات کے آپ مستقل ممبر ہیں مدرسۃ الواعظین کو مستقل مالی امداد دیتے ہیں اور امامیشن کے لائف ممبر ہیں آپ انجمن وظیفہ سادات کی کارکن کمیٹی کے ممبر ۱۹۲۱ء میں منتخب ہوئے تھے اپنے مفید مشوروں سے آپ انجمن کو مستفیض فرماتے رہتے ہیں آپ ستمبر ۱۹۲۱ء سے انجمن کے نائب صدر ہیں

عالیجناب ڈاکٹر سید سجاد حسین صاحب پٹنہ

خاندانی حالات جناب ڈاکٹر صاحب کے والد ماجد کا نام جناب مولوی سید احمد حسین صاحب مرحوم، سکونت آبائی محلہ جاگیر پٹنہ سٹی ہے۔ آپ ۱۸ اکتوبر ۱۸۷۳ء مطابق ۱۵ شعبان ۱۲۹۰ھ کو پیدا ہوئے۔ آپکا خاندانی سلسلہ حضرت امام علی الرضا علیہ السلام سے ملتا ہے، آپکے مورث اعلیٰ مغلیہ عہد میں جہانگیر کے عہد میں نیشاپور سے آکر دہلی میں مقیم ہوئے آپ کے جدّ اعلیٰ ملا سید مبارک شہنشاہ اورنگ زیب کے عہد میں شہزادی زیب النساء کی تعلیم پر مامور ہوئے جس خدمت کو بہ احسن وجوہ انجام دینے کے صلہ میں سرکار بہار میں جاگیر سے سرفراز ہوئے چنانچہ آپکے سکونتی مکان کے حاطہ

ہیں ملا مبارک مغفور کی تعمیر کردہ مسجد ابتک موجود و قائم ہے اور اس سے تقریباً دو میل پورب ملا مبارک کا دو باغ ابتک ان ہی کے نام سے موسوم ہے جہاں وہ پیوند خاک ہیں اور جہاں آپکے خاندان کے بعض دیگر بزرگوار مدفون ہیں آپکے خاندان کے اکثر و بیشتر بزرگوار اصحاب علم و فضل گذرے ہیں۔ مرحوم نے مختلف علوم میں تصنیفیں اور تالیفیں چھوڑیں جن میں آپکی مشہور تصنیف عربی زبان میں مجمع البحرین ایک ہزار صفحوں پر مشتمل ہے جو طبقہ علماء میں بیحد مقبول ہوئی۔

تعلیم و تربیت آپنے اپنی عمر کی ابتدائی بارہ منزلیں بڑے ناز و نعم میں گذاریں اور اپنے ننہیال موضع پلاسی ضلع گیا میں اپنی جدہ و مادری کے ہمراہ مقیم رہے مگر آپ کے والد مرحوم اس کو نہیں برداشت کر سکے اور ۱۸۶۳ء میں آپ کا نام گورنمنٹ پٹنہ سٹی اسکول میں لکھوا دیا جہاں آپ نہایت کامیابی کے ساتھ انٹرنس کلاس تک ترقی پاتے آئے ۱۸۹۳ء میں آپکی شادی مولوی سید رحیم جان صاحب مرحوم کی صاحبزادی سے ہوئی جو دیوان محلہ کے مشہور رئیس و شاعر و اہل علم تھے۔ موصوف جناب مولانا سید اشرف حسین صاحب کی نسل سے تھے جن کے علم و تبحر کا تذکرہ ماثر الامراء میں بالتفصیل درج ہے۔ عظیم آباد میں موصوف کے تبحر علمی کی یہ نقل آج بھی زبان زد خاص و عام ہے کہ کرنل کلب علیخاں بہادر (موروث مادری جناب خان بہادر نواب سر فراز حسین خانصاحب مرحوم) کو دو سال کی قلیل مدت میں بے تکلف عربی نوشت و خواند کی مہارت پیدا کر دی جسکے صلہ میں کرنل صاحب موصوف نے ۲۴ ستمبر ۱۸۲۶ء کو تین سو روپیہ سالانہ کی دوامی سرکاری نکھدی جو مرحوم کی جائداد سے حسب وصیت نسلاً بعد نسل ملتی آتی ہے۔ چنانچہ اس وقت بھی جناب ڈاکٹر صاحب کی اہلیہ یعنی بی بی امیری بیگم صاحبہ علیہ مذکور مسٹر تجمل حسین خاں بیرسٹر متولی و قائم مقام خان بہادر نواب سر فراز حسین خانصاحب مرحوم سے پاتی ہیں۔

ملازمت وغیرہ جون ۱۸۹۳ء میں آپ نے میڈیکل اسکول پٹنہ میں نام لکھوایا۔ ہر سال اپنی جماعت میں اوّل آتے اور انعامی وظیفہ پاتے رہے۔ میڈیکل اسکول سے کامیابی کے ساتھ ہی سرکاری ملازمت حاصل ہو گئی اور جیل خانہ پولیس ہسپتال، پاگل خانہ، پٹنہ صدر ہسپتال، پٹنہ سٹی میونسپل ہسپتال میں بحیثیت سرجن آپ کے والد ماجد مولوی سید احمد حسین صاحب انتقال فرمایا آپکی سوتیلی ماں مریم بیگم صاحبہ نے ایک لاکھ بیس ہزار مہر کا دعوی کر دیا ملازمت سے استعفیٰ دینا پڑا۔ حاجیگنج کا قیام ترک کر کے متین گھاٹ میں سکونت اختیار کی۔ مدت مدید تک مقدموں کا سلسلہ رہا بالآخر کلکتہ ہائیکورٹ سے مقدمہ جناب ڈاکٹر صاحب کے خاطر خواہ ہوا۔ مگر آپکی پدری و مادری کل جائداد نذر مقدمہ ہو گئی۔ نیز مدعیہ بھی تباہ ہو گئیں اور فریقین کے پاس صرف مقدمات کی مسلیں رہ گئیں، فاعتبروا یا اولی الابصار۔

ان امور سے فارغ البال ہو کر ۱۹۱۰ء میں جناب ڈاکٹر صاحب نے ہر ہائینس جناب بیگم صاحبہ مرحومہ بھوپال بالقابہا کے اسٹیٹ میں ملازمت کر لی۔ دہلی دربار میں ہر ہائینس کے کیمپ میں میڈیکل افیسر تھے۔ یہ خدمت کچھ ایسی مقبول ہوئی کہ دہلی ہی میں ہر ہائینس کے پرسنل اسٹاف میں لے گئے۔ اور ڈاکٹر جوہری کیمپ میڈیکل کئے گئے ۱۹۱۲ء کے آخر میں ہز ہائینس جناب نواب صاحب بہادر کی طلبی و ملازمت کا حکم نامہ صادر ہوا اور بعض اجباب کے اصرار سے بھوپال سے مستعفی ہو کر رامپور گئے اور علیحضرت کے طبیب خاص کے عہدہ پر سرفراز ہو کر بیگمات شاہی کے معالجہ کی خدمت پر مامور ہوئے۔ اور نہایت نیکنامی سے خدمتیں انجام دیتے رہے اور انعامات پاتے رہے۔

۱۹۱۶ء کے آخر میں آپ کے صاحبزادہ سخت علیل ہوئے امید زیست باقی نہیں رہی تار پر تار پہونچنے کے سبب سے باجازت سرکار وطن آئے اس حالت میں پہاڑ کی ہوا کھلانے کی تجویز تھی اس لئے ساتھ رہنا ضروری ہوا اور مجبوراً ملازمت سے مستعفی ہونا پڑا، وہ لڑکا جانبر نہ ہوا اور جوان داغ مفارقت دیگیا۔

۱۹۱۵ء سے ۱۹۲۳ء تک مختلف مقامات پر ڈسٹرکٹ بورڈ کے ملازم رہے پرائیویٹ پریکٹس کرتے رہے۔ ۱۹۲۳ء میں جناب ڈاکٹر صاحب خود مرض استسقا میں مبتلا ہو گئے۔ کلکتہ علاج کو گئے۔ صحتیاب ہونیکے بعد حسب تجویز الٹیر مدراس۔ حیدرآباد اور دارجلنگ میں تبدیل آب و ہوا کرتے رہے، بعد ازاں مکان واپس آئے۔ ایک تازہ

شادی صاحبزادی نے دفعتہً انتقال کیا۔ اس نے علاج و معالجہ سے نفرت پیدا کر دی۔ ملازمت سے استعفا دیدیا اور گوشہ نشینی اختیار کر لی اگر کسی مقامی مریض نے مجبور کیا یا جس مریض کو علاج کرانے کی قدرت ہی نہ رکھتے نہیں پایا اُس کا علاج کر دیا بلکہ دوا بھی اپنے پاس سے منگوادی باقاعدہ مطب کرنا یا علاج کی فیس لینا قطعاً ترک کر دیا۔

جناب ڈاکٹر صاحب کو فن زمینداری کا بھی فطری سلیقہ خداوند عالم نے ودیعت کیا ہے۔ آپکی سسرال کی جائداد پر تقریباً ساٹھ ہزار دین تھا جسے آپنے حسن انتظام سے منقطع کر لیا اور تمام دین ادا کر دیا۔ تقریباً ۱۷۵ بیگہ آراضی نود کاشت حاصل کی اور بیگہ کا باغ لگایا۔ ۸۰ بیگہ اپنی کاشت وجوت میں رکھتے ہیں۔ اپنے جدی مکان اور کچھ کٹرہ جات و متروکہ کو مسجد موسومہ مسجد ملا مبارک واقع محلہ حاجی گنج میں وقف کر کے اپنی سوتیلی بہن کو متولی کر دیا۔ اپنی حاصل کردہ وسیع املاک جائداد کو تباہی سے بچانیکے لئے وقف علی الاولاد کر کے اس کا ایک معقول حصہ امور خیر کیلئے مختص کر دیا اور اب تجویز کر کے معہ املاک جو زیادہ تر شاہ پور میں ہے کا قصد رکھتے ہیں ۱۹۳۵ء میں بہ ترک نذر عظیم سے چند یوم قبل ایک جوان قوم و صالح لڑکے تو جو طبیہ کالج پٹنہ سے آخری سال کا امتحان دینے والا تھا ۲۲ سال کی عمر میں پانچ دن کی قلیل علالت میں دفعتہً انتقال کیا۔ باقی چار اولادوں میں موصوف نے اپنے بڑے صاحبزادہ سید علی سجاد صاحب کو فن زمینداری کی تعلیم دی ہے اور اس لئے ان ہی کو متولی و وقف علی الاولاد کیا ہے ان کی شادی جناب نواب سید وزیر نواب صاحب مرحوم رئیس حاجی گنج کی بیٹی سے ہوئی ہے چھوٹے صاحبزادہ سید حمید رسجاد صاحب ہنوز محمڈن اسکول پٹنہ میں زیر تعلیم ہیں۔ ان کی شادی سرکار شریعتدار مولانا سید باقر صاحب مجتہد کر انچی کی صاحبزادی سے ہوئی ہے آپ کے بڑے خویش جناب نواب وارث نواب صاحب پٹنہ کے رئیس اور ایک قدیم خاندان کے رکن ہیں۔

قومی خدمات جناب ڈاکٹر صاحب ہنوز ۱۹۲۳ء میں انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی برادری میں شریک ہوئے۔ یوں تو طلبا کو وظیفہ دینے کا سلسلہ آپ کے یہاں ہمیشہ جاری تھا اور رہا مگر اس منظم طریقہ سے وظیفہ دینے کی صورت کو آپ نے پسند کیا اور ہمیشہ اس کانفرنس دائرہ احباب میں فرماتے رہتے ہیں۔ آپنے بڑی کوشش کی کہ یہ سلسلہ منظم طریقہ سے منجمد تب بہار شیعہ کانفرنس بھی جاری کیا جائے۔ مگر اس کی ہنوز کوئی معقول صورت نہیں پیدا ہو سکی۔

آپ کا خیال ہے کہ اگر کوئی ممبر اپنے سالانہ چندہ کی مقدار کا بیس گنا یکمشت یا بہ اقساط ادا کرے تو وہ انجمن کا لائف ممبر قرار دیا جائے۔ گو یہ تجویز کیسے اس سال کامیاب نہیں ہوئی مگر اُن کا خیال ہے کہ یہ مسئلہ غور طلب ہو۔ فرق صرف یہ ہے کہ ایسی رقم بجائے سال کی آمدنی میں محسوب ہونیکے سرمایہ مستقل میں جمع کرنا پڑیگی اور فائدہ یہ ہوگا کہ تقاضوں کا سلسلہ اور اخراج نام کی دشواریاں موقوف ہو جائینگی فضول اخراجات اور پریشانیاں کم ہو جائینگی۔ کام کا دائرہ محدود اور مستقل ہو جائیگا اور انجمن میں نئی اسپرٹ پیدا ہو جائیگی۔

عالیجناب سید سلطان احمد صاحب

پٹنہ

ولادت وغیرہ سر سید سلطان احمد صاحب کی ذات تعارفی دنیا ہی میں نہیں بلکہ اسلامی دنیا میں محتاج تعارف نہیں، آپکی علمی استعداد، قانونی قابلیت کے سکے ہندوستانیوں کے قلب پر نہیں بلکہ انگریزوں کے دلوں پر جمے ہوئے ہیں۔ آپ ۲۴ دسمبر ۱۸۸۹ء میں پیدا ہوئے تھے۔ ابتدائی تعلیم پٹنہ میں حاصل کی اور اعلیٰ تعلیم کلکتہ میں پائی۔

تعلیم انگلستان پیشہ قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے آپ انگلینڈ

تشریف لیگئے۔ قیام انگلینڈ کے زمانہ میں آپکے تمام اساتذہ آپکی خداداد قابلیت کے معترف تھے اور آپ کے کام سے ہمیشہ خوش رہے۔

پیشہ وکالت انگلینڈ سے واپسی کے بعد لکھنؤ میں اگست ۱۹۰۵ء سے پریکٹس کی۔ اور جب پٹنہ میں ہائیکورٹ قائم ہوگیا تو آپ مارچ ۱۹۱۶ء میں اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ مقرر ہوئے۔ اور صوبۂ بہار میں آپکی استعداد قابلیت مشہور و معروف ہے۔ ہر مذہب و قوم کے افراد آپکی ذہانت اور قوت معاملہ فہمی کی تعریف کرتے ہیں۔

قومی خدمات ۱۹۲۳ء میں آپ پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر مقرر ہوئے جسکی خدمات آپنے انتہائی دلچسپی اور انہماک کے ساتھ سات سال تک بطریق احسن انجام دیں۔ آپنے یونیورسٹی کی مالی حالت کو درست کرنے میں بہت کافی حصہ لیا۔

آپ کی ان اعزازی خدمات کے صلہ میں "ڈاکٹر آف لاز" کی اعزازی ڈگری حاصل ہوئی۔ ان تمام قومی و تعلیمی خدمات کے صلہ میں گورنمنٹ نے "سر" کا خطاب ۱۹۲۶ء میں عطا فرمایا۔ ۱۹۳۲ء میں گورنر کی کونسل کے ممبر رہے جو انٹڈ سکریٹری مسلم لیگ رہے آپ اس وفد میں بھی شامل تھے جو سر آغا خاں نے مسلم یونیورسٹی کے لئے فراہمی چندہ کے لئے تیار کیا تھا۔ سائمن کمیشن کی ضمنی ہز ہائنس کمیٹی کے ممبر تھے۔ آپ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کے دو مرتبہ نمایندہ ہو کر لندن گئے اور اسکے کاموں میں خاص طور سے حصہ لیا۔ آپکی ذات مسلمانوں کے لئے قابل فخر ہے، شیعہ کانفرنس، شیعہ یتیم خانہ شیعہ کالج وغیرہ کے ممبر و ہیں۔ شیعہ یتیم خانہ کو ایکہزار روپیہ مرحمت فرمائے۔ درگاہ پنجہ شریف کو ایک ہزار مرحمت فرمایا۔ اور اسی طرح سے قومی اداروں کی امداد و اعانت اپنا مذہبی، اخلاقی اور قومی فریضہ خیال فرماتے ہیں۔ یہ خبر شیعی دنیا میں جس مسرت ہوگی کہ آپ گورنمنٹ آف انڈیا میں ممبر قضاۃ مقرر ہوگئے ہیں انجمن کے اپریل ۱۹۳۷ء میں

عالیجناب سید عباس حسین شاہ صاحب گردیزی بی۔ اے

(ملتان)

حالات زندگی ۱۹۰۱ء میں آپ پیدا ہوئے۔ والد بزرگوار کی دوسری شادی ہو جانے کے باعث اپنے جد بزرگوار خان بہادر سید حسن بخش صاحب گردیزی رئیس اعظم ملتان کے سایۂ عاطفت میں پرورش پائی۔ ایف۔ اے اور بی۔ اے کا امتحان ایک مدرس کی حیثیت میں پرائیویٹ پاس کیا۔

عتبات عالیات کی زیارات سے مشرف ہو چکے ہیں۔ جولائی ۱۹۳۳ء میں بمقام مشہد مقدس بذریعہ اسکاٹلینڈ محمد ولی خاں اسدی نائب متولی سے درخواست متولی آستانہ قدس ایک سند پائی جسکی رو سے آستانہ قدس کی خادمی کا شرف حاصل ہوا۔

آپ کا آبائی پیشہ زمینداری ہے۔ ۱۹۳۳ء سے حکومت عالیہ نے تحصیلداری کے عہدہ پر ممتاز فرمایا ہے۔

قومی خدمات ۱۹۲۳ء سے لیکر متواتر تین سال تک انجمن شباب الشیعہ ملتان کے آپ سکریٹری رہے ہیں۔ ۱۹۳۰ء میں آل انڈیا شیعہ بورڈ کانفرنس کا ایک شاندار اجلاس ملتان میں منعقد کیا جس میں اکابر قوم و علماء دین نے شرکت کی۔ وقف مدرسہ باب العلوم ملتان کے سکریٹری کے فرائض انجام دے رہے ہیں اور اس ادارہ کا انتظام بھی آپ ہی کی سپرد ہے۔

۱۹۳۴ء میں پنجاب شیعہ کانفرنس کے صدر منتخب ہوئے جسکے سلسلہ میں آپکو پنجاب میں دورہ کرنا پڑا جس سے قوم میں خاصی بیداری پیدا ہو گئی۔ رؤسا و علماء ملت کے وفود کے ذریعہ شیعیان پنجاب کے مطالبات حکومت پنجاب کے سامنے پیش کئے۔

آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے خیر اندیش ممبر ہیں۔ آپ ۱۹۳۶ء کے لئے انجمن کی کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے تھے۔ میرے پنجاب کے دورہ میں آپنے مجھ کو بہت امداد پہونچائی۔

عالیجناب سیّد ممتاز حسین صاحب جونپوری

(لکھنؤ)

حالات زندگی آپ ۱۸۸۱ء میں جونپور میں پیدا ہوئے آپ کے والد ماجد جواد حسین صاحب جونپور کے مشہور وکلا میں سے تھے۔ آپ نے عربی و فارسی گھر پر پڑھی۔ اس کے بعد انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔

ملازمت جج میں ملازم ہوئے اور متصرم ہو کر دو سو روپیہ ماہوار تنخواہ پائی۔ دوران ملازمت میں آپ نے کبھی رشوت نہیں لی اور نہایت دیانتداری سے فرائض انجام دیتے۔

قومی خدمات آپ کی قومی خدمات سے کوئی فرد شیعہ ناواقف نہیں ہے۔ آپ ہمیشہ نادار اور غریب طلبا کی امداد و اعانت فرماتے رہتے ہیں اور شیعہ وسنی اداروں میں نہایت دلچسپی لیتے ہیں۔ آپنے ندوۃ العلما کے لئے چندہ کی ذمہ داری اور وفد کی ترتیب کی۔ اٹاوہ ہائی اسکول کے لئے چندہ جمع کیا مسلم یونیورسٹی کے لئے کئی ہزار فراہم کیا۔ شیعہ کالج کے ٹرسٹی تھے دو بیسیوں کی چھٹی لیکر بلا معاوضہ کام کیا۔ آٹھ دس ہزار اپنے اثرات سے جمع کیا مگر علما کے مناقشہ میں مستعفی ہو گئے۔

اخبار سرفراز کے سکریٹری ہیں۔ شیعہ مشن کے پرجوش کارکن ہیں۔ یتیم خانہ کی امداد میں عملی حصہ لیتے ہیں۔ شیعہ صنعتی نمایش کے سکریٹری رہ چکے ہیں۔ اجلاس شیعہ کانفرنس ۱۹۳۵ء میں شیعہ مردم شماری کی جو تجویز پاس ہوئی تھی اس کے روح رواں آپ ہی ہیں۔ غرضکہ آپ نے اپنی زندگی کو قومی خدمات کے لئے بالکل وقف فرما دیا ہے۔ آپ ۱۹۲۲ء میں انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے تھے اور ستمبر ۱۹۲۲ء سے انجمن کے نہایت باقاعدہ ممبر ہیں

عالیجناب ڈاکٹر سیّد ریاض الحسن صاحب پی ایچ ڈی ڈائرکٹر امپیریل ویٹرنری سیرم

(عزت نگر بریلی)

ولادت وسکونت آپکی عمر تقریباً چالیس سال ہے آبائی مستقل سکونت لاہور میں ہے۔ آپ کے والد ماجد سادات قاضی واڑہ شہر انبالہ کے تھے اور والدہ ماجدہ سادات قصبہ شاہ آباد پونڈری ضلع کرنال سے تھیں آپکے خاندانی حالات پنجاب گزٹیر میں مفصل درج ہیں۔

تعلیم وتجربات پنجاب یونیورسٹی و پنجاب ویٹرنری کالج کے گریجویٹ ہیں نیز کالج آف فزیشن و سرجن اسکول آف ٹراپیکل میڈیسن کلکتہ میں تعلیم پائی ازاں پیریل بیکٹری آلوجیکل لبوریٹری و سنٹرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ وغیرہ وغیرہ علمی درسگاہوں میں تعلیم حاصل کی۔ آپ ہفت زبان ہیں جن میں سے پانچ زبانوں میں بخوبی گفتگو کر سکتے ہیں انگلستان میں آپنے یونیورسٹی آف لیورپول فیکلٹی آف ٹراپیکل میڈیسن و رائل ویٹرنری کالج لندن میں تعلیم پائی اور الذکر یونیورسٹی میں ریسرچ اسکالر و کلاس ڈمانسٹریٹر بھی رہے۔ ڈبلن میں رہکر آپنے امراض مستورات کے مشہور نیشنل زنانہ ہسپتال میں مکمل تعلیم حاصل کی جہاں کہ آپ بطور ہاؤس سرجن بھی کام کرتے رہے نیز آپ رائل سوسائٹی آف ٹراپیکل میڈیسن لندن کے فیلو ہیں۔ جرمنی میں آپ ہیمبرگ یونیورسٹی کے طالب علم رہے اور جہازوں کی مشہور درسگاہوں میں ریسرچ اسکالر رہے۔

ملازمت جنگ عظیم میں آپنے خاص خدمات انجام دیں آپ اول بطور عہدہ وار رنٹ آفیسر مقرر ہوئے اور سپلائی و ٹرانسپورٹ کے ہمراہ

رہے۔ پھر وٹیرنیری ہسپتال وسنٹرل لیبارٹریز پشاور میں افسر رہے۔ جنگ کے بعد آپکی خدمات سول سکریٹریٹ پٹنہ میں مستقل ہوگئیں جہاں کہ آپ ڈائرکٹر سول ڈیپارٹمنٹ کے اسٹنٹ رہے اور ایک سال بعد پنجاب وٹیرنیری کالج میں بطور پروفیسر ٹرانسفر ہوگئے۔ لاہور میں آپکو حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم۔ اے وسید محسن حیدر صاحب ایم۔ اے سے تبادلہ خیالات کا موقع ملا اور دوستانہ مراسم رہے۔

قومی خدمات | آپ جنوری ۱۹۳۲ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور مستعد رکن ہیں انجمن کی کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہو چکے ہیں۔ انجمن سے آپ کو بڑی ہمدردی ہے

لٹریری خدمات | آپ تین سال تک وٹیرنیری جنرل کے ایڈیٹر رہے ہیں۔ آپکے علمیت اور مضامین بھی رسائل میں بزبان جرمنی، انگریزی و اردو اس ملک و بیرونی ملک میں شائع ہوتے رہے۔ سفرنامہ متبرک مقامات عراق بزبان انگریزی فارن کرسچین کالج لاہور و علی گڈھ میگزین کے علاوہ انگلستان و جرمنی میں بھی شائع ہوا ہے اور آپ عرصہ تک رائل ایشیاٹک سوسائٹی لندن کے ممبر رہے ہیں۔

دیگر خصوصیات | سلور جوبلی پر آپ کو سلور میڈل عطا ہوا اور بوجہ قابلیت و ہر دلعزیزی جس طرح اور حکام اعلیٰ سے آپکے دوستانہ مراسم ہیں اسیطرح عام مخلوق بھی آپکے حسن اخلاق کی گرویدہ رہی ہے آپ بحیثیت مسلمان دینی اصول سے واقف اور اُن پر کاربند ہیں اور بحیثیت انسان عدل و مساوات اور ملکی ہمدردی کے جذبات سے آپ کا پیمانۂ دل لبریز ہے۔ اعلیٰ ہوں یا ادنیٰ اپنے ہوں یا پرائے۔ ہندو ہوں یا مسلمان۔ سکھ ہوں یا عیسائی آپکی نظر میں سب ایک دوسرے کی ہمدردی کے یکساں مستحق ہیں اور اسی اصول کی بنا پر آپ نے ہمیشہ بے تعصبانہ شفقت اور اُن کی عزت کو ملحوظ رکھنے کی وجہ سے ہر طبقہ میں یکساں ہر دلعزیز رہے ہیں

عالیجناب سید محمد حسنین صاحب

(دہرہ دون)

ولادت و تعلیم | آپ بمقام چھلاؤ ضلع بجنور ۱۸۹۶ء میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم خان بہادر سید ظل حسنین صاحب سے حاصل کی۔ اس کے بعد مسلم یونیورسٹی علیگڈھ سے ایف۔ اے پاس کیا پھر روڑکی کے انجنیرنگ کالج سے میکنیکل انجنیری سند حاصل کی۔ اس کے بعد سرکاری ملازمت میں گئے۔ اب آپ پراونشل سروس میں ہیں۔

قومی خدمات | مذہبی امور سے خاص طور پر دلچسپی رکھتے ہیں مارچ ۱۹۲۳ء سے انجمن کے باقاعدہ ممبر ہیں ۱۹۳۶ء میں کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے۔

عالیجناب نواب زادہ سید محمد عبدالصمد صاحب رضوی ایم سی ایم ایل سی چیرمین میونسپلٹی

ابتدائی حالات | آپ شہر پٹنہ کے مشہور خاندان سادات سے ہیں شرف سیادت کے ساتھ ساتھ خداوند عالم نے دولت و ثروت سے بھی بہت کیا ہے اور آپ اپنے ہمعصروں میں خوش حیثیت ایسے ہیں۔ آپکی پیدائش ۱۵ شعبان المعظم ۱۳۱۶ھ بروز ولادت امام زمانہ عجل اللہ ظہورہ ہوئی۔ دو برس کا سن تھا کہ آپ ہمراہ اپنے والدہ ماجد جناب نواب سید محمد اکبر علیخاں صاحب عرف سید چھوٹے نواب صاحب مرحوم زیارت مشہد مقدس و عتبات عالیات سے مشرف ہوئے اور پھر ۱۹۲۸ء میں خود موجودہ ایجاب کے مشہد مقدس تشریف لیگئے۔ اور تیسری بار ۱۹۳۶ء میں آپ زیارت کربلائے معلیٰ سے دوبارہ مشرف ہوئے۔ عربی تعلیم گھر پر کافی حاصل کی اور اسی کے ساتھ انگریزی تعلیم کی بھی تکمیل کی آپکے جد امجد جناب نواب سید لطف علیخاں

صاحب سی - آئی - ای مرحوم صوبۂ بہار کے مشہور ترین دولتمند رئیس تھے جنکی جائداد چودہ ضلعوں میں پھیلی ہوئی تھی - گورنمنٹ سے خطاب نواب اور سی آئی ای آپکو عطا ہوا تھا -

قومی خدمات جنہوں نے بسلسلۂ تشریف آوری شہنشاہ ایڈورڈ ہفتم آنجہانی جب بحیثیت پرنس آف ویلز پٹنہ میں بھی تشریف لائے تھے سوا لاکھ روپیہ کا یکمشت چندہ گورنمنٹ کو دیا تھا جسکی یادگار بہار نیشنل کالج پٹنہ قائم ہے - آپکے بڑے چچا جناب نواب سید محمد مہدی حسن خاں صاحب عرف سید بادشاہ نواب صاحب مرحوم کو بھی نوابی کا خطاب ملا مگر افسوس کہ اُن کی ناگہانی موت نے بہت سی قومی و خاندانی آرزوئیں پوری نہ ہونے دیں - آپکی یادگار بھی بادشاہ نواب ٹریننگ کالج برائے نسواں قائم ہے جس میں دس ہزار سالانہ آمدنی کی جائداد آپنے دی ہے اسی طرح پٹنہ جنرل ہسپتال کی عمارت میں گذری وارڈ اور لیڈی ڈفرن ہسپتال فنڈ میں کافی چندے دئے - اور محمڈن عربک اسکول پٹنہ سٹی میں غریب طلبا - کی اسکالرشپ وتعمیر فنڈ میں کثیر رقمیں عنایت فرمائیں - اسی طرح آپکے منجھلے چچا نواب سید محمد ابراہیم حسین خاں صاحب عرف سید منجھلے نواب صاحب مرحوم اور آپکے والد ماجد جناب نواب سید محمد اکبر علیخاں صاحب عرف سید چھوٹے نواب صاحب مرحوم بھی ہمیشہ قومی کاموں اور مذہبی اداروں میں برابر دلچسپی لیتے رہے - تینوں بھائیوں میں نواب زادہ موصوف اکلوتے بیٹے ہیں شیعہ کانفرنس کے ہر دو اجلاس منعقدہ پٹنہ آپ کے والد ماجد ہی کی مشہور کوٹھی باؤلی ہال میں منعقد ہوئے اور تمام ممبران آپ ہی کے مہمان رہے خود نواب زادہ صاحب موصوف کو بھی ابتدا ہی سن شعور سے مذہبی اور قومی کاموں سے دلچسپی رہی، شیعہ کانفرنس - شیعہ آرفنج اور انجمن وظیفہ سادات کے ہمیشہ مخصوص معاون بلکہ رکن رہے - فراہمی چندہ شیعہ کالج میں آپ دوش بدوش جناب راجہ سید ابو جعفر صاحب مرحوم پٹنہ میں گشت کرتے رہے - اور اپنے چندہ کے علاوہ اپنے خاندان سے کافی رقمیں دلوائیں ۱۹۳۰ء میں شیعہ کانفرنس منعقدہ رائے بریلی میں آپ پریسیڈنٹ مقرر ہوئے اور اس سے پہلے بہار صوبہ کانفرنس میں برابر عملی حصہ لیتے رہے اسی کے ساتھ ساتھ آپ ۱۹۳۰ء سے بہار کونسل کے ممبر بھی ہیں اور اپریل ۱۹۳۶ء سے آپ چیرمین میونسپلٹی ہیں ان ہر دو انتخابات نے آپکی ہر دلعزیزی اور قابلیت کا سکہ قلوب پر بٹھا دیا ہے آپکی عمر تقریباً اسوقت ۳۹ سال کی ہے - آپ ۱۹۲۳ء میں کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے تھے -

عالیجناب مولوی اکرام عالم صاحب بی - اے - ایل ایل - بی وکیل بدایونی


(بریلی)

ولادت وسکونت ۱۸۷۹ء میں بمقام بدایوں پیدا ہوئے -

خاندانی حالات حضرت محمد بن ابوبکر کی اولاد سے ہیں - علاقہ سبزوار مملک ایران سے عہد غیاث الدین بلبن میں آپکے مورث ملک صدر الدین صاحب وارد ہندوستان ہوئے اور اپنے علم وفضل کے لحاظ سے عہدہ قاضی القضاۃ پر معمور ہوئے - صدر جہاں کا خطاب عطا ہوا اور عہدہ قضا ان کے ورثا میں حکومت اسلامی کے زمانہ سے جاری رہا جس کی یادگار اب تک مواضعات معافی موجود ہیں، بدایوں میں یہ خاندان ہمیشہ سے نہایت معزز ہے اور اس کی ایک شاخ قدیم الایام سے شیعہ ہے -

مولوی اعزاز عالم صاحب بی - اے - ایل - ٹی ہیڈ ماسٹر اور مولوی اقتدار عالم صاحب بی - اے - ایل - ایل بی ایڈوکیٹ آپکے بھائی ہیں، اور مولوی حضور عالم صاحب بی - ایس سی انسپکٹر گورنمنٹ ایڈ انڈسٹریز آپکے بڑے صاحبزادہ ہیں -

کوائف ومشاغل زندگی ۱۹۰۱ء میں علیگڈھ کالج سے بی - اے پاس کیا - تقریباً چھ سال ریاست رامپور کے محکمہ تعلیم میں ملازمت کرنے کے بعد ضلع علیگڈھ میں سب ڈپٹی انسپکٹر مدارس ہوئے ۱۹۰۶ء لیں امتحان وکالت



عالیجناب سید علی شاہ صاحب ضوی بالقابہ



عالیجناب خان بہادر آغا محمد اکرم صاحب بالقابہ




عالیجناب مجے نوی سید ابن حسن صاحب فلہ جارجوی




عالیجناب آغا نثار احمد صاحب بالقابہ



عالیجناب ڈاکٹر حمید علی خان صاحب بالقابہ



اعجاز جارچوی مؤلف سلور جوبلی نمبر



عالیجناب خواجہ غلام السیدین صاحب بالقابہ



عالیجناب خان بہادر ڈاکٹر مولوی سید اعجاز حسین صاحب بالقابہ

خاموش کام کرنے والی ہستی ہیں۔ آپ کو قومی کاموں میں خاص دلچسپی ہے آل انڈیا شیعہ کانفرنس، مدرستہ الواعظین لکھنؤ، شیعہ یتیم خانہ انجمن صادقیہ بھاولپور اور دیگر قومی ادارات آپکے فیض سے یکساں مستفیض ہو رہے ہیں۔ آپکو اگر شیعہ کمیونٹی کی روح رواں کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ آپ دسمبر ۱۹۲۵ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں اور ۱۹۲۳ء میں کارکن کمیٹی کے ممبر بھی رہ چکے ہیں۔

عالیجناب حاجی ڈاکٹر حیدر علی خاں صاحب ایف۔ آر۔ سی۔ ایس پرنسپل میڈیکل کالج جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن

ولادت و اجداد کا حال آپکی ولادت شہر حیدرآباد دکن میں ہوئی آپکے والد بزرگوار مولوی جگمو دا دعلیخاں صاحب مرحوم بڑے پایہ کے بزرگ تھے۔ علاوہ عالم متبحر ہونیکے ڈاکٹر اور حکیم حاذق بھی تھے۔ ماسوا اس کے مختلف علوم و فنون مثلاً نجوم، ریاضی، اکبر قیات، فوٹوگرافی وغیرہ میں یدطولیٰ رکھتے تھے۔ آپکو سیاحت کا بہت شوق تھا اور بہت کچھ تجربہ حیات سے حاصل کیا تھا۔ اسی سلسلہ میں زنجبار (افریقہ) بھی پہونچے۔ جہاں اتنی قدر ہوئی کہ پبلک اُن کو مسیح زماں سمجھنے لگی اور وہاں کا بادشاہ سلطان حمید بن ثوینی نے آپ کو اپنا مشیر خاص و وزیر گردانا اور کوکب الدری کا خطاب عطا ہوا۔

تعلیم زنجبار میں ڈاکٹر حیدر علیخاں صاحب اپنے پدر بزرگوار کے ساتھ رہے، اور ان ہی کے ساتھ حج سے مشرف ہوئے، اور ابتدائی تعلیم ان ہی کے زیر سایہ ہوئی، والد ماجد کے انتقال کے بعد حیدرآباد واپس ہو کر مدرسہ عالیہ نظام کالج میں تعلیم حاصل کی۔ اور بعدہٗ بمبئی میں گرانٹ میڈیکل کالج میں ڈگری حاصل کی اور جے۔ جے ہسپٹل میں سرجکل رجسٹرار مامور ہوئے۔

تعلیم ڈاکٹری جنگ عظیم کے زمانہ میں اعلیٰ تعلیم کی غرض سے لندن پہونچے۔ جہاں پر گایز ہاسپٹل اور رائل سکس ہسپٹل کے مدارس میں تعلیم پائی اور ایل۔ آر۔ سی۔ پی و ایم۔ آر۔ سی۔ ایس کے امتحانات میں کامیابی حاصل کی۔ ساتھ ہی ساتھ پرائمری ایف۔ آر۔ سی۔ ایس میں بھی کامیاب ہوئے۔ اثنار قیام لندن میں پگرو ہسپٹل اور مٹرالوپٹین کے ہاؤس سرجن اور رائل سکس ہسپٹل میں اناٹمی ڈمانسٹریٹر رہنے کا فخر حاصل کیا۔ اس کے بعد اڈمبرا روانہ ہوئے۔ وہاں سے ایف۔ آر۔ سی ایس۔ جو جراحی کا اعلیٰ ترین امتحان ہے پاس کیا۔ دوران تعلیم بھی یونیورسٹی اسکالرشپ اور حیدرآباد یورپین اسکالرشپ سے آپکی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس زمانہ میں ہر قسم کے میدانی اور دریائی کھیلوں کا آپکو شوق رہا۔ اور اپنے زمانہ کے فٹ بال کے مشہور کھلاڑی تھے۔ اب بھی فرصت کے وقت ہاکی کرکٹ ٹینس کھیلتے ہیں اور فن تیراکی اور کشتی بانی کے ماہر ہیں۔

ملازمت یورپ سے ۱۹۱۹ء میں حیدرآباد واپس ہو کر بہ حیثیت سول سرجن اورنگ آباد سلک ملازمت سرکار آصفیہ میں داخل ہوئے اور تقریباً تین سال کے بعد حیدرآباد افضل گنج جنرل ہسپٹل میں تقرر ہوا اور نواب صدر اعظم بہادر کے اسٹاف سرجنی کا اعزاز حاصل کیا۔

میڈیکل کالج حیدرآباد میں پروفیسر بیالوجی کی خدمت آپکے تفویض رہی اس کے بعد پروفیسر زنانی مقرر کئے گئے۔ ۱۹۲۵ء میں پرنس آف ویلز پٹنہ میڈیکل کالج کو ایک ماہر فن پروفیسر کی ضرورت لاحق ہوئی اور ہر حصہ دنیا سے درخواستیں طلب کی گئیں، درخواست گذاروں میں جنکی ایک تعداد کثیر تھی، ڈاکٹر صاحب موصوف کو ہزار روپیہ سے پسند کر کے انتخاب کیا۔ حیدرآباد میں دکن میڈیکل جرنل اور پٹنہ میں پٹنہ میڈیکل جرنل کی اشاعت کا سہرا آپ کے سر رہا۔ آپکی تصانیف اینٹس آف زوالجی (حیوانات) اور اینٹس آف امبریولوجی (جنینیات) ہندوستان کے متفرق کالجوں میں پڑھائی جاتی ہیں۔ اپنے پیشہ کے لحاظ سے علم جراحی سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں آپکے ہاتھوں سخت ترین اپریشن کامیابی کے ساتھ انجام پائے جس کے سبب آپ کا شہرہ دور دور تک ہو گیا۔

سیاحت عالم آپکو سیاحت کا بہت شوق ہے۔ علاوہ حج و زیارات عتبات عالیہ، مقامات مقدسہ ایران وغیرہ کے ہندوستان و یورپ کے

تمام مشہور مقامات کو دیکھا ہے ۱۹۳۳ء میں آپنے یورپ کا تیسرا سفر کیا اور یورپ کے مشہور مقامات کے ہسپٹل اور میڈیکل کالج کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اسکے بعد تمام دنیا کی سیاحت کرکے امریکہ جاپان، چین، اسٹریٹ سٹلمنٹ جزائر فلپائن اور کولمبو کے طبی اداروں کی خاص طور سے معلومات حاصل کیں۔

حیدر آباد میں میڈیکل کالج کی پرنسپلی کی جگہ خالی ہونے پر آپکا تقرر ہوا جس کا کام فی الحال انجام دے رہے ہیں۔

قومی خدمات انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر جنوری ۱۹۲۸ء میں ہوئے اور آپکا انہماک اتنا رہا کہ دوسرے سال ہی ممبر کارکن کمیٹی مقرر ہوئے اور ۱۹۳۱ء میں سکریٹری ہوئے، اس سال انجمن کی جو خدمات آپنے انجام دی ہیں ۱۹۳۱ء کی سالانہ رپورٹ سے ظاہر ہیں۔ باوجود اصرار کے علیم الفرصتی کی بنا پر آپ نے سکریٹری شپ سے استعفا دیا۔ مگر انجمن سے ایسی ہی ہمدردی ہے جیسے پہلے تھی۔ چنانچہ ہندوستان کے مختلف حصوں میں آپکی طرف سے ممبر بنائے گئے اور ہمیشہ انجمن کی بہبودی کے لئے تیار رہیں قومی امور سے آپکو خاص دلچسپی ہے، جہاں جہاں رہے خاموشی سے ٹھوس کام کئے ۱۹۳۳ء میں پٹنہ شیعہ صوبہ کانفرنس کے آپ صدر منتخب ہوئے اور آپ کے خطبۂ صدارت نے جو حریت و اخوت اور خصوصاً حالات مستورات پر روشنی ڈالی تھی اپنی روشن خیالی کی وجہ سے پٹنہ میں ایک ہلچل مچا دی تھی۔

عالیجناب آغا نثار احمد صاحب دہلوی ڈپٹی کلکٹر

(جھنگ)

مقام و تاریخ پیدائش آپ دسمبر ۱۸۸۸ء میں ہندوستان کے دار الخلافہ دہلی میں پیدا ہوئے۔

آباؤ اجداد کا حال حاذق الملک حکیم ذکا اللہ خاں صاحب آپکے مورث اعلیٰ اپنے برادر حقیقی نواب رکن الدولہ کی معیت میں ملک ہندوستان میں شہنشاہ محمد جلال الدین اکبر اعظم کے عہد حکومت میں ایران سے ہجرت کرکے تشریف لائے اور خطابات اور جاگیریں سلطنت سے حاصل کیں اور حاذق الملک ممدوح الشان کے خلف جناب حکیم امیر الدین خاں صاحب آپ کے دادا کی شادی خان بہادر نواب فتح علی خاں صاحب رئیس اعظم اجڑاٹہ تحصیل ہاپوڑ ضلع میرٹھ کی دختر سے ہوئی تھی۔ بڑی جائیدادوں کے مالک رہے جن کا ذکر اب افسانہ ہو کر رہ گیا۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم گھر پر عربی، فارسی، اردو وغیرہ کی تعلیم حاصل کی گورنمنٹ انگلو عربک کالج میں انگریزی تعلیم حاصل کی پندرہ سال کی عمر میں میٹرک کے امتحان میں کامیابی حاصل کی۔

ملازمت محکمۂ انہار میں ملازمت شروع کی اس کام کو اس دیانتداری اور خوش اسلوبی سے انجام دیا کہ حکام آپکے کام سے بہت خوش ہوئے اور مقام مسرت ہے آج آپ حسن خدمات کے باعث ابتدائی منازل طے کرکے مئی ۱۹۲۹ء سے ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ پر فائز ہیں اور آجکل جھنگ میں ہیں۔ میں نے اپنے پنجاب کے دورہ میں ہر شخص سے آپکی تعریف سنی۔

قومی خدمات ۱۹۲۸ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور انجمن سے سچی ہمدردی رکھتے ہیں۔ الواعظ۔ سفینہ۔ قومی جرائد کے معاونین میں سے ہیں۔

---

(۱) انجمن ایک لاکھ چالیس ہزار وظائف پر تقسیم کر چکی ہے
(۲) اس انجمن کا مقصد یہ ہے کہ ضرورتمند شیعہ طالب علموں کو تعلیم دینی و دنیوی کی غرض سے وظیفہ بطور قرض حسنہ دے
(۳) انجمن کا چندہ ممبری اقلاً ۸ رہا ہوا رہے۔

عالیجناب خواجہ غلام السیدین صاحب ایم۔ ایڈ پرنسپل ٹریننگ کالج
(مسلم یونیورسٹی علیگڈھ)

اجداد کا حال خواجہ غلام السیدین صاحب پرنسپل ٹریننگ کالج علیگڈھ کا اسم گرامی کسی خاص تعارف کا محتاج نہیں آپ اپنی ذاتی قابلیت حسن اخلاق اور بے نظیر فصیح و بلیغ ہونیکی حیثیت سے ہندوستان کے تعلیمیافتہ طبقہ میں کافی شہرت حاصل کر چکے ہیں۔

خواجہ صاحب نے مشرقی و مغربی تعلیمی رجحانات، طریقوں اور تواریخ کا گہرا مطالعہ کرنیکے بعد وہ اصول اور طریقہ ہائے تعلیم انتخاب کئے ہیں، جو ہندوستان کے لئے نہایت موزوں ہیں۔ لہٰذا ان کی تعلیمی سرگرمیوں کا علم اور اُن کے تعلیمی نقطۂ خیال سے واقف ہونا ہر محب الوطن اور ہر اس معلم کے لئے جو اپنے کام میں دلچسپی رکھتا ہو از بس مفید ہے۔

بڑی انصافی ہوگی اگر ایسے قابل نوجوان اور ملک کے حقیقی محسن کے حالات زندگی کو عوام اور خصوصاً طلبا اور مدرسین سے مخفی رکھا جائے اس جگہ صرف ان کے حالات زندگی ہی مجمل طور پر لکھے جاتے ہیں۔

خواجہ صاحب کی پیدائش ایک ایسے گھرانے میں ہوئی جو علم و فضل کی وجہ سے ہندوستان میں ممتاز تھا مولانا خواجہ الطاف حسین صاحب حالی پانی پتی آپکے نانا تھے، جنھوں نے سرسید کے ساتھ ملکر ہندوستان کی تعلیمی معاشرتی اور مذہبی اصلاح میں معتد بہ حصہ لیا۔ اور مسدس حالی لکھکر اپنا نام زندۂ جاوید کر گئے۔ آپ کے والد ماجد آنریبل خواجہ غلام الثقلین مرحوم علیگڈھ کے ان مایۂ ناز گریجویٹوں میں سے تھے جنکا نام آج بھی مسلم یونیورسٹی میں فخر سے لیا جاتا ہے۔ وہ نہایت فصیح البیان مقرر اور بلند پایا مصنف تھے۔ انھوں نے ایک نامور قومی لیڈر اور یوپی کونسل کے ممبر ہونے کی حیثیت سے بہت سی گرانقدر خدمات انجام دیں اور رسالہ "عصر جدید" اور تحریک اصلاح تمدن" کے ذریعہ سے ملک کی اصلاح کے لئے ہر ممکن کوشش کی، لیکن افسوس کہ یہ نوجوان مصلح اور محب وطن زیادہ عرصہ تک ملک کی خدمت نہ کر سکا۔ عین اس وقت جبکہ ملک کو ان کی سخت ضرورت تھی تقریباً ۳۵ برس کی عمر میں اس جہان فانی کو الوداع کہہ دیا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کے خاندان کو قادر مطلق کی طرف سے ملک کی تعلیم و اصلاح کا فرض سونپا گیا ہے اور علاوہ خواجہ غلام السیدین صاحب کے نانا اور والد کے اب بھی ان کے خاندان کے بہت سے افراد اسی دائرہ عمل میں سرگرم کار نظر آتے ہیں۔ ان میں سے ان کے نہایت قریبی رشتہ دار خواجہ سجاد حسین صاحب بی۔ اے ریٹائرڈ انسپکٹر جنرل آف ایجوکیشن صوبہ ہر دو خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

ابتدائی تعلیم خواجہ صاحب نے انٹرنس کا امتحان حالی مسلم ہائی اسکول پانی پت سے فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا اور گورنمنٹ اسکالرشپ حاصل کیا۔ جب آپ ہائی کلاسز میں پڑھتے تھے تو آپکے اُستاد صاحبان آپکی اس چھوٹی سی عمر میں بے نظیر لیاقت اور فصیح البیانی دیکھ کر حیران ہوا کرتے تھے۔ اور انھیں بہ نسبت عمر کے آگے بڑھا ہوا پاتے تھے۔ اسکول کی ہر تحریک ہر سوسائٹی اور ہر انجمن میں آپ نے نہ صرف حصہ ہی لیا بلکہ اپنے ہمعصروں کو اپنی غیر معمولی خداداد لیاقتوں کا پورا پورا ثبوت دیا۔ زبان کی روانی اور فصیح البیانی جس نے آپکے نام کو نہ صرف ہندوستان بلکہ یورپ تک مشہور کر دیا ہے، ذہانت کے بیج خدا کی قدرت کاملہ نے بچپن ہی میں آپ کے اندر بو دئے تھے۔ اسکول میں کسی مباحثہ یا علمی انجمن میں جب کبھی آپ حصہ لیتے تو طلباء اپنے آپ کو ان کے مقابلہ میں عاجز پاتے۔ یوں تو مولانا حالی کا تو اسم اور خواجہ غلام الثقلین کا صاحبزادہ ہونیکی وجہ سے سب کی آنکھیں اُن پر گڑی ہوئی تھیں۔ لیکن آپکی ذاتی لیاقت نے سونے پر سہاگہ کا کام کیا۔

اسکول کے کسی کام میں اساتذہ کرام کو ان کے متعلق شکایت کا موقع نہیں ملا آپ نے ہر کام میں باقاعدگی کو ملحوظ خاطر رکھا۔ کھیل ہو یا تعلیمی کام اس میں کماحقہٗ حصہ لیا۔ اسکول کی لائبریری میں جو جو پڑھنے کے قابل کتابیں

تھیں وہ سب آپنے پڑھیں آپ کے والد صاحب نے کچھ اچھی کتابیں پڑھنے کے لئے مہیا کیں جنسے اس ہونہار نوجوان نے پورا استفادہ حاصل کیا۔ کھیل کا میدان ہو یا اسکول کا احاطہ، آپ نے ضبط اسکول کی روح کو ہمیشہ ایک نئی زندگی بخشنے کی کوشش کی۔ آپ اپنے ساتھیوں کے سامنے اُتنے ہی مؤدب ہوتے تھے۔ جتنے اسکول کی بالا ہستیوں کے سامنے، اُستادوں کی عزت اور شائستگی سے محبت، سراپا الفت و نیاز یہ جملہ اوصاف تھے جو فطرت نے انھیں ودیعت کئے۔ آپکے والد محترم کے اس نام کو جو مولانا حالی نے پیدا کیا تھا۔ بدستور قائم رکھنے کے لئے اپنے بیٹے کے درس و تدریس میں ان تھک کوشش کرتے رہے۔ اور اپنے ہونہار نورِ نظر کی روز افزوں ترقی کو دیکھ کر بہت خوش ہوتے تھے کہ میری محنت ٹھکانے لگ رہی ہے، آپکے والد بزرگوار نے ایک کتاب بنام "طالب علم کی زندگی" لکھی تھی جس کے حرف حرف کو آپ نے ایسا عملی جامہ پہنایا کہ آپکی زندگی اس کتاب کی زندہ تصویر نظر آنے لگی۔ ہندوستان کے ہائی اسکولوں نے اس سے بہتر شاید ہی کوئی طالب علم دیکھا ہو، اور اگر کوئی اسکول ایسا طالب علم پیدا کر دے تو سمجھ لینا چاہئے کہ اس نے اپنا تعلیمی فرض پورا کر دیا۔

اعلیٰ تعلیم انٹرنس پاس کرنیکے بعد آپ علیگڈھ یونیورسٹی میں داخل ہوئے ایف۔ اے اور بی۔ اے کے امتحانات فرسٹ ڈویژن اور تمام یونیورسٹی بھر میں اوّل رہکر پاس کئے۔ اسکول کی زندگی میں تو آپکے والد صاحب آپکے ہر طرح مددگار رہتے۔ آپکی ہر کامیابی اور ہر شاندار ترقی کو اگر بہ نظر تعمق دیکھا جائے تو پس پردہ ایک دوسری طاقت آپکی شرکت میں کام کرتی نظر آئیگی درحقیقت آپکی اسکول کی شاندار زندگی آدھی آپکے والد بزرگوار کی کوششوں کی وجہ سے تھی، اور آدھی خود ان کی اپنی محنتوں کا ثمرہ۔ لیکن اب وہ وقت آچکا تھا کہ یہ اپنے پاؤں پر آپ کھڑے ہو جائیں اور ایک مضبوط زمین اپنے پاؤں کے نیچے محسوس کریں۔ لہٰذا آپنے اپنے والد ماجد کی کوششوں کی اپنے کاموں سے خوب داد دی۔ قیام علیگڈھ کے دوران میں آپ یونیورسٹی میں تقریر کے جسقدر انعامات تھے وہ سب آپ حاصل کرتے رہے آج سارا ہندوستان آپ جیسے بیظیر مقرر پر ناز کر رہا ہے۔

بنارس میں آل انڈیا ڈیبیٹ مباحثہ ہوا۔ آپ بھی اس میں شریک تھے کامیابی کے تاج کے لئے بہتیروں نے سخت کوششیں کیں۔ لیکن یہ تاج آپ ہی کے فرق مبارک کی زینت ہوا۔ یونیورسٹی میں ایک کیمرج میڈل ہر سال ایک طالب علم کو عطا ہوا کرتا تھا۔ آپکے والد صاحب اپنے زمانہ طالب علمی میں وہ میڈل حاصل کیا تھا۔ لیکن جب ان کا یونیورسٹی کا زمانہ آیا تو آپنے بھی وہی میڈل جیتا۔ یہ ہے اعلیٰ مثال ان لایق بیٹوں کی جو اپنے آباؤ اجداد کے حاصل کردہ تجربہ اور مال سے ترقی کے ہمیشہ اوپر جانیوالے راستہ پر وہاں سے آگے سفر شروع کر دیتے ہیں، جہاں اُن کے آباؤ اجداد کو طاقت کے ختم ہو جانے پر ٹھہرنا پڑا تھا۔

تعلیم انگلستان ۱۹۲۳ء میں آپنے اسٹیٹ اسکالرشپ حاصل کیا اور لیڈز کی مشہور یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنیکے لئے انگلستان تشریف لیگئے وہاں آپنے ڈپلومہ "ان ایجوکیشن" کا امتحان پاس کیا جس میں دوہرا امتیاز حاصل کیا۔ جو یونیورسٹی کی تاریخ میں آپسے پہلے صرف ایک مرتبہ ایک طالب علم کو حاصل ہوا تھا۔ ۱۹۲۵ء میں آپ نے ایم۔ ایڈ کی ڈگری حاصل کی۔ جس کے لئے "مغرب میں تعلیم جدید کے رجحانات" کے عنوان سے ایک مقالہ سپرد قلم کیا۔ جو ممتحنوں نے بہت پسند کیا۔ لیڈز کے قیام کے دوران میں کئی دفعہ آپکو یونیورسٹی کا نمایندہ بنا کر دوسری یونیورسٹیوں میں بھیجا گیا یونیورسٹی یونین پارلیمنٹ کے وزیر اعظم اور انٹرنیشنل سوسائٹی کے صدر کے فرائض آپ نے انجام دئے۔ متعدد اہم مباحثوں اور علمی انجمنوں میں حصہ لیا آپ کی تقریریں اور بحثیں دو سال تک انگلستان بلکہ دنیا کے سب مشہور اخبار ٹائمز میں شائع ہوتی رہیں۔

ملازمت انگلستان سے واپس آتے ہی علیگڈھ کی مشہور جوبلی ڈیبیٹ (مباحثہ) میں بہ حیثیت محرک کے حصہ لیا۔ اور باوجود سر علی امام اور مسٹر جناح وغیرہ کی مخالفت کے مضمون زیر بحث کو یونین نے پاس کیا ۱۹۲۸ء میں آپ علیگڈھ ٹریننگ کالج کے پرنسپل اور شعبۂ تعلیم کے صدر بنائے گئے۔ ۱۹۳۰ء میں بہ حیثیت پروفیسر آف ایجوکیشن کے تقرر ہوا اس آٹھ سال کے عرصہ میں ٹریننگ کالج نے غیر معمولی ترقی کی اور ملک میں ایک امتیازی شان حاصل کی۔ آج کل اس کی ڈگریوں کو نہایت وقعت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ طلبا کو سرکاری وظائف اور سرکاری

ملازمتیں ملتی ہیں۔ یونیورسٹی کے باہر تمام ہندوستان کا علم دوست طبقہ آپکو عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ تمام یونیورسٹیاں آپکو ایک غیر معمولی شخصیت تسلیم کرتی ہیں۔ ملک کی تمام ادبی اور تعلیمی انجمنیں اپنے سالانہ اجلاس پر آپکی صدارت منظور فرمالینے کو بڑی سعادت سمجھتی ہیں۔

تصنیفات حال ہی میں آپنے تصنیفات بھی کی ہیں۔ علاوہ اخبارات اور رسائل کے لئے خاص مضامین لکھنے کے آپکی مندرجہ ذیل تصنیفات قابل ذکر ہیں۔

۱۔ قومی سیرت کی تشکیل (شائع کردہ ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد)
۲۔ علیگڈھ کی تعلیمی تحریک (شائع کردہ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علیگڈھ)
۳۔ تہذیب کا حقیقی مفہوم (شائع کردہ جامعہ ملیہ دہلی)
۴۔ اصول تعلیم (ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد)
۵۔ ہندوستان میں اسلامی تعلیم (انگریزی)
۶۔ درسگاہ مستقل (انگریزی انڈین پریس الہ آباد)

یہ ہیں مختصر سوانح حیات اس شخص کے جس کی عمر اس وقت پنتیس سال سے زیادہ نہیں۔

علمی قابلیت کے علاوہ آپ کا حسن اخلاق، انکسار طبع اور فرض شناسی مشہور خلائق ہے۔ ٹریننگ کالج کے طلبا کی زبانی سُنا گیا ہے کہ آپکو کالج کے اندر یا باہر کسی حالت میں نہیں دیکھا۔ زیادہ بلند آواز سے بولنا خودستائی یا مبالغہ کرنا بالکل نہیں جانتے۔ تعلیمی انہماک کا یہ عالم ہے کہ صبح سے شام تک لیکچر تیار کرنے، طلبا ٹریننگ کالج کے اسباق کی نگرانی اور اُن کے مضامین کی تصحیح کرنے سے بالکل فرصت نہیں ملتی۔ وقت کے اسقدر پابند ہیں کہ ہر کام کے لئے پانچ منٹ سات منٹ پہلے پہونچ جاتے ہیں طلبا ٹریننگ کالج آپ پر فدا ہیں۔ آپکے پیریڈ کے ہمیشہ منتظر رہتے ہیں۔ اور جب آپ اپنی شیریں اور جادو بیان تقریر کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو تمام طلبا ہمہ تن گوش ہوتے ہیں۔ طرز تعلیم ایسا دلکش اور اسلوب بیان ایسا سادہ ہوتا ہے کہ بے اختیار طالب علم کی زبان سے نکلتا ہے ؎

دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

آپ فروری ۱۹۳۳ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں اور کارکن کمیٹی کے ممبر بھی ہیں انجمن سے بڑی محبت ہے اور اسکی ہر تحریک میں دلچسپی سے حصہ لیتے ہیں

عالیجناب سید علی شاہ صاحب رضوی جنرل سکریٹری پراونشل شیعہ کانفرنس صوبہ سرحد

(پیشاور)

حالات زندگی آپ ماہ رجب ۱۳۰۱ھ کو بمقام پیشاور پیدا ہوئے آپکے والد کا اسم گرامی سید فضل علی ہے۔ اور سلسلۂ نسب سید ابوالحسن الرضوی القمی جاب شراہ سے ملتی ہوتا ہے۔ جو کہ ملک ابراہیم خاں وزیر مملکت ایران کی معیت میں شہر قم سے پنجاب ہوتے ہوئے سری نگر کشمیر میں رونق افروز ہوئے تھے اور جنکا مزار سری نگر کشمیر بمقام علی کدل ایک وسیع عمارت میں واقع ہے۔ آپکے ساتھ برادر خورد سید حسین فی علیہ الرحمہ بھی تشریف لائے تھے جنکا مزار شہر کشمیر کے موضع صوپور میں جسکو زیارتگیر بھی کہتے ہیں مرجع خلائق ہے آپکے بزرگ سید ہادی اعلی اللہ مقامہ کشمیر سے پیشاور تشریف لائے اور اسی جگہ مستقل رہائش اختیار کی آپنے ابتدائی تعلیم میرزا زین العابدین صاحب عابد افغان پیشاوری تفضیلی سے حاصل کی اور اعلیٰ تعلیم کا انتظام ملک الحجاج حاجی اکبر علی صاحب نے فرمایا۔ چنانچہ روضہ خوانی کی قدیمی خدمت بھی ممدوح کی وساطت سے حاصل ہوئی۔

قومی خدمات آپ مومنین پیشاوری کی غمی و شادی کی خدمات شرعی انجام دیتے ہیں۔ اور بارہ سال سے پراونشل شیعہ کانفرنس صوبہ سرحد کے آنریری عہدہ جنرل سکریٹری کا اعزاز حاصل ہے تعزیہ خوانی بھی فرماتے ہیں۔ آپ ۱۹۲۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور ۱۹۳۴ء میں کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے تھے۔

عالیجناب مولوی سید ابن حسن صاحب جارچوی ایم۔اے۔بی۔ٹی

(دہلی)

حالات زندگی آپ کا وطن مالوف جارچہ ضلع بلند شہر ہے۔ زمانۂ طفولیت ہی میں والد بزرگوار کے سایۂ عاطفت سے محروم ہوگئے تھے منصبیہ کالج میرٹھ سے عربی و فارسی کے امتحانات پاس کئے اس کے بعد فیض عام ہائی اسکول میرٹھ سے انٹرنس پاس کیا۔ انٹرنس پاس کرنیکے بعد کراچی میں ملازم ہوگئے۔ پرائیویٹ طور پر ایف۔اے۔بی۔اے صرف زبان میں پاس کئے۔ لاہور سے ایم۔او۔ایل کی ڈگری حاصل کی۔

۱۹۳۳ء میں مسلم یونیورسٹی ٹریننگ کالج علیگڈھ سے بی۔ٹی کا امتحان پاس کیا اور جامعہ ملیہ دہلی میں پروفیسر ہوگئے۔

قومی خدمات آپ ایک بلند پایہ ذاکر ہیں اور ذاکری کو پیشہ نہیں بنایا ہے بلکہ مذہب حقہ کے اصلی خدوخال غیر اقوام کے سامنے پیش فرماتے ہیں اور نوجوانوں کو شاہراہ عمل کی طرف لیجانے کی سعی بلیغ فرماتے ہیں بینی میں محرم کے زمانہ میں ہزاروں کے مجمع میں مجالس پڑھتے ہیں اور مومنین آپکے بیان سے بیحد فیضیاب ہوتے ہیں، شیعہ کانفرنس کے مدد و معاون ہیں "فلسفۂ آل محمد" دو حصوں میں تصنیف فرمائی ہے۔ یہ کتاب بڑی مقبول و پسند ہوئی ہے اور دیگر کتب کثیرہ کے مصنف ہیں۔ قومی رسائل و جرائد میں ہزاروں علمی و ادبی مضامین شائع ہو چکے ہیں، اور قوم سے خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ قرول باغ دہلی سے جو رسالہ رہبر نکلتا ہے اُس کے آپ سرپرست ہیں۔ اور اس رسالہ میں لارڈ لجن کی کتاب "زوال و متالکبری" کے حصہ اسلام کا ترجمہ اُردو میں آپ فرما رہے ہیں۔ اس رسالہ کی خصوصیت یہ ہے کہ چندہ صرف ایک روپیہ ماہوار ہے اور بالکل مذہبی رسالہ ہے آپکے نہایت اعلیٰ مضامین اس رسالہ میں شائع ہوتے ہیں۔ آپ اکتوبر ۱۹۳۴ء سے انجمن کے ممبر ہیں ۱۹۳۵ء میں انجمن کی کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے تھے۔

عالیجناب خان بہادر ڈاکٹر مولانا سید اعجاز حسین صاحب پی۔ایچ۔ڈی ملوفاضل متولی وقف مجنیہ

(ہگلی)

حالات زندگی آپ مظفر پور میں اپریل ۱۸۹۲ء میں پیدا ہوئے آپکے والد کا اسم گرامی حاجی مولوی سید محمد حسین خاں صاحب جعفری عرف میر نواب جان جونپوری ہے جو نواب ظفر الدولہ سید مظفر حسین صاحب خان بہادر ضیغم جنگ لکھنوی کے پوتے تھے۔

اعلیٰ تعلیم و ملازمت آپنے اُردو فارسی اور عربی کی ابتدائی تعلیم مکان پر حاصل کی پھر مدرسہ سلیمانیہ پٹنہ اور وثیقہ عربی اسکول فیض آباد اور سلطان المدارس لکھنؤ میں علوم شرقیہ کی تحصیل کی آپنے ۱۹۱۳ء میں مولوی کا امتحان پاس کیا۔ اور ۱۹۱۵ء میں مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ آپ کے اساتذہ مولانا حکیم حافظ سید فرمان علی صاحب، مولانا سید محمد رضا صاحب، مولانا سید شبیر حسن صاحب قبلہ تھے اس کے بعد آپ وثیقہ عربی اسکول فیض آباد میں ۱۹۱۸ء تک اسسٹنٹ ہیڈ ماسٹر رہے اور ۱۹۱۹ء میں گورنمنٹ ضلع اسکول مظفر پور میں عربی ٹیچر مقرر ہوئے اور ۱۹۲۶ء تک یہاں کی ملازمت کی ۱۹۲۰ء سے آپنے انگریزی تعلیم شروع کی اور میٹرک کا امتحان پورے مضامین میں پٹنہ یونیورسٹی سے پندرہ مہینہ کی جانکاہ کوششوں کے بعد پاس کیا ۱۹۲۱ء ہی میں آپ کی شادی سید محمد حسن خاں عرف نواب نجمی جان خلف نواب سید محمد تقی خاں بہادر مظفر پوری کی

لڑکی سے ہوئی ۱۹۲۲ء میں آپ نے انٹرمیڈیٹ کا امتحان تمام مضامین میں پٹنہ یونیورسٹی سے پاس کیا۔ اس کے بعد آپ نے محکمۂ تعلیم سے رخصت لی اور حمیدیہ کالج مظفرپور میں بغرض تعلیم داخل ہوئے ۱۹۲۶ء میں جبکہ بی۔ اے کے امتحان کے پانچ ماہ باقی رہ گئے تھے۔ ہگلی امام باڑہ کے متولی مقرر ہوئے اور سرکاری ملازمت سے مستعفی ہوگئے کارکن متولی نے چارج دینے سے انکار کیا اور مقدمہ شروع ہوگیا۔ تین سال تک کلکتہ میں مقدمہ کی پیروی کے سلسلہ میں رہے ۱۹۲۹ء میں کلکتہ ہائیکورٹ میں اپیل دائر کرنے کے بعد مظفرپور واپس ہوئے آپ کی زندگی کا یہ دور جسمانی۔ دماغی۔ مالی آلام سے پُر تھا ۱۹۲۷ء میں آپ کی اہلیہ دو بچوں کو چھوڑ کر رحلت کر گئیں جنکی پرورش اور تربیت کے لئے آپکو ۱۹۲۸ء میں اسی خاندان میں شادی کرنی پڑی اس کے بعد پھر آپ بی۔ بی کالج میں داخل ہوئے اور اپنے آپکو مطالعہ کے لئے وقف کردیا اور جانکاہ محنت کے بعد بی۔ اے آنرز کا امتحان پاس کیا اور پٹنہ یونیورسٹی میں اوّل نمبر آئے ۱۹۳۳ء میں آپ کو داؤد بھائی فضل بھائی ٹرسٹ اسٹیٹ سے دس ہزار کی رقم بطور قرض حسنہ ملی اور آپ آکسفورڈ تشریف لیگئے۔ جہاں سے دو سال کی تعلیم کے بعد آپنے لندن یونیورسٹی سے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ آپ کا تھیسس (THESIS) بہت زیادہ پسند کیا گیا اور لندن یونیورسٹی کی جانب سے شائع ہوا ۱۹۳۵ء میں آپ ہندوستان واپس تشریف لائے مگر یہاں کوئی ملازمت نہ ملی اسی سال آپکے والد کا انتقال ہوگیا۔

تولیت وقف ہگلی

۱۹۳۶ء میں کلکتہ ہائیکورٹ سے اپیل آپکی موافق میں طے ہوا اور امام باڑہ ہگلی کی منتظمہ کمیٹی نے ۲۷ اگست ۱۹۳۶ء کو عارضی متولی مقرر کیا آپنے نظمی خرابیوں کو رفع کرنے اور اصلاحات میں کوشش کرنے کے لئے شب و روز اپنے آپ کو وقف کردیا اور دوران مقدمہ میں چونکہ امام باڑہ کا اندرونی و بیرونی نظم خراب ہوگیا تھا لہذا آپ کو آٹھ سال تک اس کی بہبودی کے لئے کافی کوشش کرنی پڑی۔ آپ کی دماغی قابلیت اور انتظامی اہلیت کو دیکھتے ہوئے کمیٹی اور گورنمنٹ نے اپریل ۱۹۳۴ء میں پانچ سال کے لئے متولی مقرر کیا ۱۹۳۹ء کے زلزلہ میں آپکی دوسری اہلیہ بھی انتقال فرماگئیں اور دو کمسن بچیاں اپنی یادگار چھوڑیں۔ اکتوبر ۱۹۳۵ء میں ممبران منتظمہ کمیٹی نے گورنمنٹ کی سفارش پر دس سال کی توسیع کی۔ ڈھائی سال تک آپنے اس مذہبی ادارہ کی وہ قابل قدر خدمات انجام دیں جسکی مثال مولانا سید کرامت علیصاحب جونپوری کے عہد تولیت کے بعد ملنا مشکل ہے جیسا کہ انتظامیہ رپورٹ سے ظاہر ہے۔

قومی اور ملکی خدمات

علاوہ ان ذمہ داریوں کے جو شیعہ وقف بنگال کے سلسلہ میں آپ پر عائد ہیں آپ ہگلی محسن کالج۔ ہگلی مدرسہ۔ کالیجیٹ اسکول۔ سینٹ جانس اسکول امام باڑہ ہاسپٹل کے ممبر ہیں، وکٹوریہ جوبلی مدرسہ کے سکریٹری ہیں اور مسلم ایجوکیشن سوسائٹی اور سنٹرل محمڈن ایسوسی ایشن ہگلی کے نائب صدر ہیں اور ادارہ خدمتِ ہگلی کے صدر ہیں۔ اور ان تمام اداروں میں آپ کی خدمات خراج تحسین حاصل کرتی رہتی ہیں ۱۹۱۵ء سے اس وقت تک آپکے لمحات زندگی اعلیٰ اقدار کے حصول اور قوم کی مذہبی، اخلاقی اور معاشرتی خدمات میں صرف ہوئے ہیں۔

ہندوستان میں مختلف مقامات پر سیکڑوں مجلسیں آپنے پڑھیں جبکا ثبوت امامیہ کیلنڈر دہلی میں آپ کا فوٹو دے رہا ہے آپ تمام شیعہ اداروں کے ممبر ہیں مثلاً آل انڈیا شیعہ کانفرنس اور انجمن وظیفہ سادات آخر الذکر کی کارکن کمیٹی کے آپ ممبر بھی رہ چکے ہیں۔ آپ علما اور زعماء قوم کے نزدیک اپنے ہی معزز اور موقر ہیں۔ جیسا کہ بہار اور بنگال کی گورنمنٹ کی نظروں میں آپکی ہستی نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔ جنوری ۱۹۳۶ء میں گورنمنٹ نے آپ کو خان بہادر کا خطاب عطا کیا۔

آپ کی شخصیت قوم کے نوجوانوں کے لئے ایک مثال ہے۔ آپ ایک طرف علوم شرقیہ کے عالم اور دوسری طرف السنہ مغربی کے اسکالر ہیں آپ کی ذات سے قوم کو بہت سی امیدیں وابستہ ہیں ۱۹۲۶ء میں انجمن نیز کی کالج کمیٹی کے ممبر رہے اب آپنے اس کی توسیع ممبران کی خدمت اپنے ذمہ لی ہے اور وعدہ فرمایا ہے کہ بنگال میں انجمن کے لئے کافی پروپیگنڈا فرمائیں گے۔ شیعہ کانفرنس کے موقع پر آپ سے نیاز حاصل ہوا تھا بڑی خوبیوں کے بزرگ ہیں اور قوم کے لئے باعث فخر ہیں آپ انجمن کے سرمد سے ممبر ہیں۔

سیّد اعجاز حسین رضوی جارچوی بی۔اے۔بی۔ٹی آنریری پروپیگنڈا سکریٹری انجمن وظیفہ سادات مومنین

(امروہہ)

لطف دیجائیگی میری داستاں تیرے دل میں درد ہونا چاہئے

اجداد کا حال جارچہ ضلع بلند شہر شیعوں کی ایک قدیم بستی ہے جو اب پستی کی حالت میں ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اس مرزمین جارچہ نے ایسی ایسی ممتاز ہستیاں پیدا کی ہیں جنکے نام ابد الآباد تک زندہ رہیں گے۔ لیکن اب اس کی شان و شوکت علم و فضل، دولت و ثروت افسانہ ہوکر رہگئی۔ سرزمین جارچہ سے ایسے ہیرے اور جواہرات پیدا ہوئے کہ جنکی علمی قابلیت کا ہندوستان ہی میں نہیں بلکہ بیرون ہند بھی ڈنکا بجا لیکن افسوس صد افسوس انقلاب ۱۸۵۷ء کے بعد جارچہ کو زوال شروع ہوا اور اس حد تک پہونچا کہ اگر اب وہاں جائیے تو معلوم ہوگا کہ عالیشان مکانات اپنے مکینوں کی بدنصیبی پر گریہ و زاری کر رہے ہیں۔ اہل جارچہ سبز وار ایران سے آکر یہاں سکونت پذیر ہوئے کاروبار نے نمایاں کئے اس کے صلہ میں املاک و جائداد شاہ وقت نے عطا کیں ۱۸۵۷ء حکومت وقت کے لئے انتہائی پُر آشوب زمانہ تھا کسی دشمن وطن نے جاکر غلط اطلاع دیدی کہ اہل جارچہ بھی بغاوت میں شامل ہیں حالانکہ جارچہ خود آماجگاہ باغیان ہوا اور قرب و نواح کے جاٹ اور راجپوت حملہ آور ہوئے اور تاجروں کی لوٹ مار کرکے چلے گئے بہرکیف "قسمت کیا ہر ایک کو قسام ازل" جارچہ کی قسمت میں یوں ہی لکھا ہوا تھا۔ علیجناب قاری سیّد جعفر علی صاحب قبلہ مرحوم جیسی بزرگ ہستی بجرم بغاوت ۱۸۵۷ء جیلخانہ میں بھیجدئے گئے۔ اکثر لوگ اب بھی زندہ ہیں جنکی زبانی سنا گیا ہے کہ جب قاری صاحب قبلہ نماز پڑھتے تھے تو آپ اپنے ہاتھ پاؤں سے بیڑیاں اور ہتھکڑیاں جدا کردیتے تھے اور بعد نماز پھر پہن لیتے تھے جب سادات جارچہ جیلخانہ سے چھوٹے تو جارچہ ضبط کرلیا گیا۔ اب جارچہ ضبط ہوچکا ہے اہل جارچہ جو ایک ثروت و دولت کی زندگی بسر کررہے تھے بیدار ہوتے ہیں۔ فکر معیشت میں اپنے گھروں کو خیرباد کہکر باہر جاتے ہیں جس کا جس طرف کو منھ اُٹھ چلا گیا۔ میرے والد بزرگوار سیّد انصاف حسین صاحب قبلہ مرحوم بریاست کوٹہ پہونچے وہاں محکمہ پولیس میں ملازمت کی تیس سال کی ملازمت کے بعد پھر وطن کو واپس تشریف لائے۔ جارچہ میں اب بھی ایسے حضرات موجود ہیں جنکی زبان سے والد مرحوم کے زہد و اتقا۔ تدین و وضعداری کی تعریف سُنی جاتی ہے۔ والد مرحوم کے زمانہ حیات ہی میں میرے سب سے بڑے بھائی عالیجناب سیّد الطاف حسین صاحب قبلہ فارغ التحصیل ہوکر کوٹہ میں وکالت کرنے لگے اور اب وہاں کے کامیاب ترین وکلا میں آپ کا شمار ہوتا ہے میرے دوسرے بھائی سیّد سجاد حسین صاحب قبلہ میرٹھ کالج میں ہیں اُن سے چھوٹے سیّد ابن حسن صاحب کوٹہ میں مختار ہیں۔

ابتدائی تعلیم میری بسم اللہ پانچ سال کی عمر میں جارچہ میں عالیجناب نبیل العلماء مولانا مولوی عباس حسین صاحب قبلہ جارچوی مرحوم پروفیسر مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کے مکتب میں ہوئی۔ آمدنامہ۔ کلام مجید وغیرہ اس مکتب میں پڑھا اس کے بعد جارچہ کے سرکاری پرائمری اسکول میں درجہ چارتک پڑھا۔ اس کے بعد برادر معظم سیّد سجاد حسین صاحب قبلہ کے پاس میرٹھ بھیجدیا گیا۔ وہاں ایک سال تک بھائیصاحب نے پرائیویٹ طور پر انگریزی پڑھائی اور فیض عام ہائی اسکول میرٹھ میں درجہ ہفتم میں داخل کرادیا۔ میں درجہ نہم میں تھا کہ جون ۱۹۲۴ء میں والد بزرگوار کے سایۂ عاطفت سے محروم ہوگیا فیض عام ہائی اسکول میں نمایاں طلبا میں شمار ہوتا تھا۔ وہاں کے علمی مباحثوں میں برابر حصہ لیتا رہا۔ عالیجناب مولوی ارشاد علی خاں صاحب ایم۔اے۔ایل۔ٹی، مولوی محمد فاضل صاحب صدیقی بی۔اے۔ایل۔ٹی۔ ماسٹر حمید جان خاں صاحب بی۔اے۔ایل۔ٹی اور ماسٹر علاء الدین صاحب وغیرہ کے حسن سلوک کا ممنون ہوں۔

اعلیٰ تعلیم فیض عام ہائی اسکول میرٹھ سے انٹرنس کا امتحان پاس کرنیکے بعد ۱۹۲۶ء میں میرٹھ کالج میں داخل ہوگیا اور مسلم بورڈنگ ہاؤس میرٹھ کالج میں پانچ سال تک رہا۔ پروفیسر چغتائی صاحب ایم۔اے اور پروفیسر ظہری صاحب ایم۔اے ہوسٹل کے وارڈن تھے۔ ان کا سلوک میرے ساتھ بہت اچھا رہا۔

ہوسٹل میں متعدد عہدے تھے۔ گیم سکریٹری۔ لٹریری سکریٹری اور فائنشل سکریٹری کئی سال تک رہا۔ میری کالج کی تمام اعلیٰ تعلیم عالیجناب خان بہادر شیخ محمد بشیر الدین صاحب رئیس اعظم میرٹھ اور برادر معظم سید سجاد حسین صاحب کی مرہون منت ہے۔ ان بزرگ و خیر ہستیوں کے حسن سلوک اور علم پروری کے ناقابل فراموش نقوش میرے قلب سے کبھی محو نہیں ہو سکتے ہیں۔ بی۔ اے کی کامیابی کے بعد ایل۔ ایل۔ بی اور ایم۔ اے میں داخلہ کرایا اور ساتھ ہی ساتھ بی۔ ٹی کے داخلے کے لئے درخواست عالیجناب خواجہ غلام السیدین صاحب پرنسپل ٹریننگ کالج علیگڈھ کی خدمت میں روانہ کی مقابلہ کے امتحان کے لئے بلایا گیا۔ امتحان میں کامیاب ہوا اور گورنمنٹ سے تیس روپیہ ماہوار وظیفہ ایک سال تک ملا۔ میرا کالج کا زمانہ بھی بہت شاندار رہا۔ کالج میں کثرت آرا سے دو سال تک برابر سوشل سکریٹری منتخب ہوا۔ میرٹھ کالج میگزین اور شیعہ کالج میگزین لکھنؤ میں برابر انگریزی میں مضامین شائع ہوتے رہے میرٹھ کالج کے انگریزی پروفیسروں نے جن شاندار الفاظ میں اپنے سرٹیفکیٹ میں میرا ذکر کیا ہے اگر یہاں پر اُن کا اقتباس لکھوں تو خود ستائی پر محمول ہوگا ٹریننگ کالج سے بی۔ ٹی کا امتحان تھیوری اور پریکٹس میں سکنڈ ڈویژن میں پاس کیا اور انگریزی میں اسپیشلسٹ ہوا۔ اور شروع کے ان طلبا میں پاس ہوا جنکے نام سرکاری ملازمت کے لئے سررشتۂ تعلیم کو جاتے ہیں اُس دن سے آج تک کبھی سرکاری ملازمت کے لئے کوشش نہیں کی۔ زمانۂ تعلیم میں چار سال تک انجمن وظیفہ سادات سے چھ روپیہ ماہوار وظیفہ ملا جسکی ادائیگی برابر جاری ہے۔ زمانۂ تعلیم میں ٹیوشن کئے اور مجھ کو اس امر پر خوشی ہے کہ جسقدر میرے پاس ٹیوشن تھے وہ اہل ہنود کے تھے عالیجناب رام رائے صاحب ڈپٹی کلکٹر میرٹھ منشی لال صاحب بی۔ اے انسپکٹر آبکاری، لکھپت سنگھ صاحب انسپکٹر پولیس پروفیسر مظہری صاحب ایم۔ اے وغیرہ کی لڑکیوں اور لڑکوں کو تعلیم دی یہ حضرت میرے کام سے ہمیشہ مطمئن رہے اور کبھی کوئی شکایت پیدا نہیں ہوئی

ملازمت و قومی خدمات | قومی خدمات اس شخص کی کیا ہو سکتی ہیں جو خود کشمکش حیات میں مبتلا رہا ہو۔ ۱۹۲۸ء سے مضمون نگاری کا شوق پیدا ہوا اور سب سے پہلی مذہبی خدمت یہ انجام دی کہ حضرت نیاز فتحپوری مدیر نگار سے تحریری جنگ چھڑی نگار میں شہر مرحوم کی کتاب سکینہ بنت حسینؑ کا اشتہار شائع ہو رہا تھا۔ یہ کتاب شیعوں کے لئے انتہائی دلآزار تھی۔ نیاز صاحب کو اشتہار بند کرنیکے لئے لکھا اُنھوں نے جواب دیا کہ میں اس کتاب میں کوئی چیز شیعوں کے لئے دلآزار نہیں پاتا۔ اور نگار میں ایک مضمون میرے خلاف لکھا۔ اور مجھ کو چیلنج دیا کہ میں ثابت کروں کہ یہ کتاب تکلیف دہ ہے۔ میں نے سرفراز۔ آئینہ ذوالفقار الصراط وغیرہ میں مضامین لکھے اور بالآخر نتیجہ یہ نکلا کہ نیاز صاحب کو اعتراف کرنا پڑا اور حضرت سکینہ بنت حسینؑ کا اشتہار نگار کے صفحات سے ہمیشہ کے لئے جلاوطن کر دیا گیا میں نیاز صاحب کا ممنون ہوں۔

جریدہ سرفراز میں میرے برابر مضامین شائع ہوتے رہے اور جولائی ۱۹۳۰ء میں سرفراز جب نمبر ۱۹۳۰ء کے لئے یہ اعلان کیا کہ جن صاحب کی نظم یا مضمون بہترین ہوگا اُنکی خدمت میں ایک تمغہ پیش کرونگا۔ اس سلسلہ میں حضرت مولانا علی نقی صاحب صفی کا قصیدہ "طغرائے ریحانی" بہترین رہا اور میں نے حضرت صفی کی خدمت میں بتوسط خواجہ اسد اللہ صاحب اسد تمغہ طلائی روانہ کیا اس کے جواب میں حضرت صفی کا مندرجہ ذیل گرامی نامہ موصول ہوا۔

۱۷ ستمبر ۱۹۳۰ء مولوی گنج لکھنؤ

کمری زاد لطفکم۔ تسلیم۔ عنایت نامہ ہمراہ تمغہ بتوسط مدیر سرفراز وصول ہو موجب تشکر ہوا۔

اختر بخت ہمارا چمکا — صبح پیری کا ستارا چمکا

وہ تھے جو ایک سخن فہم۔ معنی رس۔ قدر شناس کی طرف سے پیش کیا جائے وہ یقیناً کسی والی ملک کے جام زرنگار و مرصع کار سے میری نظر میں کہیں زیادہ دقیع ہے۔ گلشن ملت کے ایک نونہال کی جانب سے یہ قدر افزائی ہوئی ہے بسر و چشم قبول قطعہ

ادائے شکر منعم فرض ہے فرض — کیا چشم عنایت نے سرآفراز

صفی میری نظر میں ہے یہ تمغا — سنہری آیت اخلاص اعجاز

زیادہ نیاز

صفی لکھنوی عفی عنہ

وقف منصبہ میرٹھ کی اصلاح کے لئے متعدد وجرائد میں مضامین لکھے دسمبر ۱۹۳۳ء سے انجمن وظیفہ سادات کا ممبر ہوں اور ۱۹۳۵ء میں کارکن کمیٹی کا ممبر بھی منتخب ہوا اور آنریری پروپیگنڈا سکریٹری کی خدمت میرے سپرد کی گئی۔

جون ۱۹۳۶ء میں پنجاب کا دورہ کیا۔ پانی پت۔ سونی پت۔ کرنال۔ شاہ آباد

انبالہ - لودھیانہ - لاہور - منٹگمری - ملتان - جھنگ وغیرہ سے ساٹھ کے قریب ممبر بنائے - یوپی کے مختلف شہروں کا دورہ کیا اور اس طرح اب تک شاید دو سو ممبر بنا چکا ہوں یہ تعداد انجمن کی تاریخ میں سب سے زیادہ بتائی جاتی ہے -

تصنیفات و تالیفات ۱۹۳۳ء میں موانع تانیث و دبیر لکھی جو دو سال تک آگرہ یونیورسٹی کے بی - اے کورس میں رہی - طہران مخوف کا اقتباس اور انگریزی میں شرح الفاظ مشکلہ لکھی یہ کتاب بی - اے میں فارسی غیر درسی کورس میں دو سال تک رہی - ایک کتاب (تعلیم یافتہ دولہن) افسانہ کی صورت میں تعلیم نسواں کے فوائد پر لکھی - جب میں ایم - اے میں تھا تو ایک مضمون EVOLUTIONARY HEDONISM OF HERBERT SPENCER انگریزی میں بی - اے کے طلباء کے لئے شائع کرایا جس کو فلاسفی کے پروفیسر صاحب نے بہت پسند کیا اور کالج کے طلباء نے اس سے استفادہ حاصل کیا - ایک کتاب انگریزی میں دسویں دنویں جماعت کے طلباء کے لئے لکھی جو کافی مقبول و پسند ہوئی - TEN MODEL ESSAYS

بی - ٹی پاس کرنیکے بعد میرٹھ سے ایک رسالہ نکالنے کا ارادہ تھا اور شیعہ دارالاشاعت قائم کرنیوالا تھا کہ سرفراز میں امام المدارس ہائی اسکول مرتضوی میں ایک انگریزی ماسٹر کی جگہ کا اشتہار نظر سے گذرا - امروہہ شیعوں کا مرکز ہے یہ خیال کرکے کہ یہاں پر اپنے قومی ادارہ کی خدمت کا شرف حاصل ہوگا درخواست روانہ کردی انٹرویو کے واسطے نیچر صاحب نے طلب فرمایا - حاضر ہوا مجلس انتظامیہ کے سامنے پیش ہوا - پندرہ بیس ممبران کی صورت دیکھ کر ایک اجنبی آدمی کو جسقدر بھی ڈر ہو کم ہے لیکن خدا کا شکر ہے کہ سب اپنے مومن بھائی تھے اور انٹرویو میں کامیابی حاصل ہوئی جولائی ۱۹۳۳ء سے امروہہ میں اہل امروہہ کی خدمت کر رہا ہوں - ایک عرصہ تک آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی مرکزی کمیٹی کا ممبر بھی رہ چکا - اجلاس دہلی و لکھنؤ میں سبجیکٹ کمیٹی کا ممبر بھی تھا - امروہہ میں آل احمد گرلز اسکول کی مجلس منتظمہ کا رکن رہا -

اولاد ۲ رشعبان المعظم ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۶ رجنوری ۱۹۲۹ء کو ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا تاریخی نام سید اولاد مظہر حسین ہے لیکن مشیر حسین جاروچوی کے نام سے موسوم ہے - میرے محسن و مربی خان بہادر حاجی شیخ محمد رشید الدین صاحب قبلہ رئیس اعظم میرٹھ نے ایک اشرفی عطا فرمائی تھی جس کو میں بچہ کے خوش نصیب ہونے پر محمول کرتا ہوں -

اس کے بعد چار بچے اور ہوئے لیکن زندہ نہ رہے - امروہہ میں علامہ حجۃ الاسلام مولانا مولوی سید محمد صاحب قبلہ مجتہد العصر سے البیہ کے ام الصبیان کے مرض کا ذکر کیا تو آپ نے ایک عمل بتایا جس کو اکیس روز تک کیا جاتا ہے - اس عمل کے بعد جو بچے پیدا ہوئے ہیں وہ خدا کے فضل و کرم سے زندہ ہیں اور ایک بارہ سال کا ہو چکا ہے مشیر حسین جاروچوی نام ہے اگر کسی مومن کو اس عمل کی ضرورت ہو تو وہ حجۃ الاسلام قبلہ سے دریافت فرما سکتے ہیں -

یہ ہیں حالات زندگی اس شخص کے جس نے اپنے ذاتی شوق و محنت سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی - ممکن ہے کہ یہ حالات نوجوان طلباء کے لئے سبق آموز ثابت ہوں پروردگار عالم سے دعا ہے کہ وہ امور خیر کرنے کی توفیق عطا فرمائے - انجمن کا ۱۹۳۳ء سے ممبر ہوں

عالیجناب سیّد ابرار حسین صاحب فخار میرٹھی

حالات زندگی آپکا اصلی وطن دھولڑی ضلع میرٹھ ہے لیکن آپکی ابتدائی و اعلیٰ تعلیم میرٹھ میں ہوئی - فخار کی کا امتحان پاس کرنے کے بعد آپ نے میرٹھ میں پریکٹس شروع کی اور اپنی محنت و صداقت کی وجہ سے بہت جلد کامیاب مختاروں میں آپ کا شمار ہونے لگا -

وقف منصبیہ میرٹھ کے مجلس منتظمہ کے ممبر ہیں اور کچھ عرصہ تک تولیت کا بھی کام کیا - انجمن غزا میرٹھ کے سکریٹری ہیں - قومی کاموں میں کافی حصہ لیتے ہیں - شیعہ کانفرنس کے جلسوں میں برابر شرکت فرماتے رہتے ہیں انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے نومبر ۱۹۳۵ء سے ممبر ہیں اور عارضی طور پر ۱۹۳۶ء میں کارکن کمیٹی کے ممبر بھی منتخب ہوئے تھے - بڑے کام کرنیوالے لوگوں میں ہیں - انجمن کے دائرہ ممبران کو وسیع کرنے میں کافی حصہ لیتے ہیں -

حالات ممبران عمومی

من ابتدائے ۱۹۱۲ء لغایۃ ۱۹۳۶ء

عالیجناب سید رضا احمد صاحب رضوی انسپکٹر پولیس اکبرآبادی
(کروی ضلع باندہ)

اجداد کا حال سید رضا احمد صاحب رضوی نجیب الطرفین سادات سے ہیں۔ فتح ایران کے بعد آپکے بزرگ ہندوستان میں آباد ہوئے۔ اور شہاب الدین محمد غوری کے دوسرے حملہ میں آپکے میر اعلیٰ جو فوج میں نائب سپہ سالار تھے ہندوستان آئے۔ پٹھان بادشاہوں کے زمانہ تک عروج رہا۔ اس خاندان کے افراد مغلوں کے زمانہ میں راجپوتانہ میں پناہ گزین ہوئے، سلطنت مغلیہ کے زوال پر جاٹوں کے ساتھ ملکر ریاست بھرت پور قائم کی اور ہیلک کی جاگیر معافی میں پائی۔ انگریزوں کے عروج کے آثار دیکھ کر محلہ شاہ گنج شہر آگرہ میں غدر سے قبل آپ کے بزرگوں نے کچھ جائداد پیدا کی اور سرکاری نوکریاں شروع کیں۔ غدر ۱۸۵۷ء کے زمانہ میں سرکار انگلشیہ کی خیر خواہی میں اس خاندان کے اکثر افراد نے جو معزز عہدوں پر تھے مکانات، جاگیریں، ملکیت وغیرہ پائیں چنانچہ آپکے دادا امیر تراب علی مرحوم ڈپٹی کلکٹر و نانا میر ارشاد علی مرحوم تحصیلدار کو بھی بڑے بڑے اعزاز حاصل ہوئے۔

حالات زندگی سید صاحب کی پیدائش بھی آگرہ میں ہوئی ابتدائی تعلیم مکتبی خان بہادر سید محمد مجتبیٰ صاحب بی۔ اے پنشنر دیوان ریاست کی زیر نگرانی ہوئی۔ اور تکملہ تعلیم آگرہ کالج اور ایم۔ اے او کالج علی گڈھ میں ہوا۔

قومی خدمات و ملازمت مذہبی رنگ ابتدا ہی سے تھا۔ انجمن امامیہ شاہ گنج کے مدت تک سکریٹری رہے۔

۱۹۱۲ء میں انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہوئے اور روز اول سے آج تک ہمیشہ بلا ناغہ پیشگی چندہ دیتے رہے ہیں۔ ۱۹۳۴ء میں تاریخ ابتدا سے انجمن کا چندہ ادا کرکے سابقین کے ساتھ ہو گئے۔ انجمن عقد بیوگان۔ عزاداری شہدا کربلا میں امداد اور اپنے عزیزوں، دوستوں کی تعلیم میں پوری کوشش کرتے رہے ہیں۔

یوں تو ہر کار خیر میں شریک رہتے ہیں لیکن مندرجہ بالا تین مخصوص لائن میں زیادہ حصہ لیتے ہیں ۱۹۱۷ء میں بطور اسسٹنٹ انسپکٹر پولیس علیگڈھ میں تعینات ہوئے۔ اور ۱۹۳۴ء کے آخر میں سب انسپکٹری کو توال و انسپکٹری میں کارنمایاں کرکے کروی ضلع باندہ تبدیل ہو کر تشریف لے گئے۔

اگرچہ آپ محکمہ پولیس میں ہیں لیکن نہایت رحمدل، منکسر المزاج شریف اور قومی درد رکھنے والا دل رکھتے ہیں۔ آبا و اجداد سے جو زمینداری پائی ہے وہ اپنی سب کمائی نیک کاموں میں لگاتے رہتے ہیں۔ خود بہت سادہ وضع کے ہیں، سب سے بڑی صفت آپ میں خلوص ہے۔ جو آپ سے ایک دفعہ مل لیتا ہے وہ ہمیشہ کے لئے گرویدہ ہو جاتا ہے۔ نام و نمود سے بچتے ہیں۔ اور سوانح عمری بھی بدقت حاصل ہوتی ہے۔ آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ۱۹۱۲ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب نواب سید سر فراز حسین صاحب ارمان دہلوی تحصیلدار ریواڑی ضلع گوڑگانوہ

ابتدا کا حال آپکے مورث اعلیٰ میر خلیل اللہ خاں صاحب مرحوم ایران سے شہنشاہ جہانگیر کے عہد حکومت میں ہندوستان تشریف لائے اور دہلی میں سکونت پذیر ہوئے۔ شہنشاہ جہانگیر نے "منصب ہزاری" مرحمت فرمایا۔ شاہجہاں کے عہد حکومت میں آپ خاص امرا میں شمار ہوتے تھے اور لاہور کا شالامار باغ اور دہلی کی جامع مسجد میر خلیل اللہ خاں مرحوم ہی کی زیر نگرانی تیار ہوئیں۔ میر خلیل اللہ خاں نے تین زبردست بادشاہوں جہانگیر شاہجہاں، عالمگیر کا زمانہ دیکھا۔ اور ان ہر سہ شاہان مغلیہ نے میر خلیل اللہ خاں مرحوم کا خاص احترام کیا۔ ۱۷۱۹ء میں میر خلیل اللہ خاں کا انتقال ہوگیا نواب سید سرفراز حسین صاحب کے والد بزرگوار خان بہادر سید عابد حسین خاں صاحب مرحوم دہلی کے معززین میں سے تھے۔ آپکے اعزا مناصب جلیلہ پر فائز رہے

حالات زندگی آپ دہلی میں ۱۸۸۶ء میں پیدا ہوئے۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد ۱۹۰۷ء میں ملازمت کا سلسلہ شروع ہوا۔ اولاً آپ نائب تحصیلدار ہوئے لیکن آپکی قابلیت اور استعداد اور حسن انتظام سے افسران اعلیٰ بہت خوش ہوئے اور آپ اب تحصیلدار ہیں۔

قومی خدمات درد قومی سے آپ کا دل لبریز ہے، نام و نمود سے کوسوں دور ہیں، شیعہ کالج کے لئے جب چندہ کے لئے دورہ ہندوستان کا گشت کر رہا تھا تو آپ نے بیس ہزار روپیہ کے زیورات و جواہرات پیش کئے۔ جس کا ذکر اخبار امرو ہہ مورخہ یکم جولائی ۱۹۱۶ء میں موجود ہے جو مندرجہ ذیل ہے۔ اخبار مورخہ یکم جولائی ۱۹۱۶ء کا کالم نمبر ۲ صفحہ ۴ پر

"نہایت قیمتی طلائی اور جڑاؤ زیورات سید سرفراز حسین خاں صاحب ارمان رئیس دہلی نائب تحصیلدار ریواڑی نے بذریعہ مولوی سید حسین علی صاحب سبزواری مرحمت فرمائے ہیں، جناب حاجی سید حسین علی صاحب سبزواری کی یہ گرانقدر رسمی اور جناب سید سرفراز حسین صاحب کی یہ عالی ہمتی شیعہ کالج کی تاریخ میں آب زر سے لکھنے کے قابل ہے اور یہ حضرات تمام قوم کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں"


آپ نہایت خاموش کام کرنے والے بزرگ ہیں۔ ایتام کی پرورش خاص طور سے کرتے ہیں اور سو روپیہ ماہوار اس مد میں صرف کر دیتے ہیں، قومی جرائد و رسائل کی امداد اپنا فرض سمجھتے ہیں، اپنی داد و دہش کا اعلان کرنا نہیں چاہتے ہیں بڑی مشکلات کے بعد دیگر حضرات سے آپکے کچھ حالات دستیاب ہوسکے ہیں انجمن کے ابتدائی دور سے ممبر ہیں، بانی انجمن نواب سید حسن میرزا صاحب مرحوم کے عزیز قریب ہیں

عالیجناب خانصاحب ڈاکٹر سید سرفراز حسین صاحب میڈیکل آفیسر کربلا (عراق)

(نوگانواں ضلع مراد آباد)

پیدائش آپکے آباؤ اجداد ہمیشہ سے خصوصیات سیادت و اوصاف شرافت کا بہترین نمونہ رہیں۔ آپ ۲۱ اپریل ۱۸۸۴ء کو پیدا ہوئے تھے۔

تعلیم آپ ۷ سال کی عمر میں بغرض تحصیل علم مظفر نگر تشریف لے گئے جہاں سے ۱۶ سال کی عمر میں ۱۹۰۰ء میں انٹرنس پاس کیا اور اسی سال آگرہ میڈیکل اسکول میں داخل ہوئے، چار سال کا کورس پورا کرنیکے بعد ۱۹۰۵ء میں ڈاکٹری کی سند اس معیار پر حاصل کی جس پر ایک اعلیٰ ذہانت اور بلند دماغ کا طالب علم کر سکتا ہے۔ جس پر آپکی سرزمین وطن (نوگانواں ضلع مراد آباد) بڑی حد تک فخر و ناز کر سکتی ہے۔




عالیجناب نواب سید سر فراز حسین صاحب بالقابہ




عالیجناب سید رضا احمد صاحب بالقابہ



عالیجناب سید آل احمد صاحب بالقابہ




عالیجناب ڈاکٹر سید سر فراز حسین صاحب مرحوم




عالیجناب محمد پرشاہ صاحب بالقابہ



عالیجناب سید شبیر حسین صاحب زیدی بالقابہ



عالیجناب نواب حیدر میرزا صاحب بالقابہ



عالیجناب سید محمد علی صاحب بالقابہ

ملازمت ڈاکٹری کی سند حاصل کرنیکے بعد صوبہ ممالک متحدہ آگرہ و اودھ میں مختلف مقامات پر تعینات رہے ۱۹۱۲ء میں گورنمنٹ برطانیہ کی طرف سے ایران میں آپ کا تعین ہوا اور کچھ عرصہ تک کرمان شاہ رہے وہاں سے آپکا تبادلہ ہندوستان کو ہوا۔ ہندوستان سے ۱۹۱۶ء میں آپ ڈیپوٹیشن پر عراق تشریف لے گئے۔ ۲۰ سال تک قورنہ میں رہے جہاں سے آپکا تبادلہ بغداد کو ہوا۔ مگر آپکی دلی تمنا یہ تھی کہ مقامات مقدسہ میں سے کسی مقام کو تبادلہ ہو جائے چنانچہ ۱۹۱۹ء میں خلوص تمنا اور جذب صادق نے اثر دکھلایا۔ اور آپ کا تبادلہ بحیثیت میڈیکل آفیسر کاظمین کے لئے ہوا یہاں سے تین سال کے قیام کے بعد آپ کربلائے معلیٰ تشریف لے گئے مگر عرصہ نے وفا نہ کی اور وہاں پر دس ماہ کے قیام کے بعد ۱۵ مارچ ۱۹۲۳ء کو انتقال کیا

عالیجناب سید آل احمد صاحب اکسائز انسپکٹر پنشنر

(امروہہ)

پیدائش و تعلیم آپ ۱۸۷۲ء میں پیدا ہوئے اور چونکہ آپکے والد ماجد علیگڈھ کی طرف منصف تھے اس لئے ابتدائی تعلیم ۱۸۸۸ء سے علیگڈھ میں شروع ہوئی ۱۸۸۶ء میں گورنمنٹ ہائی اسکول سے مڈل پاس کیا اور گورنمنٹ سے وظیفہ حاصل کیا ۱۸۸۹ء میں الہ آباد یونیورسٹی میٹرک کا امتحان ممتاز حیثیت سے پاس کیا اور گورنمنٹ و علی گڈھ کالج سے ایف۔ اے تک وظیفہ ملتا رہا۔ ۱۸۹۱ء میں ایف۔ اے پاس کرنیکے بعد ڈاکٹری کی طرف متوجہ ہوئے اور میڈیکل کالج لاہور میں داخلہ کرایا لیکن علیل ہو جانے کے باعث ڈاکٹری مشورہ کی بنا پر میڈیکل کالج سے کنارہ کشی کی اور صحت یاب ہونیکے بعد ملازمت شروع کی۔

ملازمت ۱۸۹۶ء میں پٹیکاری آبکاری مقرر ہوئے۔ اور ۱۹۰۶ء میں تحصیل بھوگنی پور ضلع کانپور کی تحصیلداری پر تشریف لے گئے اس کے بعد محکمہ آبکاری میں منتقل ہو گئے اور تیس سال ملازمت کرنیکے بعد فروری ۱۹۳۶ء سے پنشن لے لی۔

قومی خدمات ۱۸۹۳ء میں امروہہ میں انجمن سادات قائم کی جس نے اہل امروہہ کو تعلیم مشرقی و مغربی کی طرف متوجہ کیا۔ لیکن کچھ عرصہ کے بعد انجمن قائم نہ رہ سکی۔

پنشن لینے کے بعد آپنے اپنی زندگی قومی خدمات کے لئے وقف کر دی ڈیڑھ سال تک مدرسۃ الواعظین لکھنؤ کے آنریری سکریٹری امایات اور آنریری ایڈیٹر مسلم ریویو رہے۔

جولائی ۱۹۳۴ء سے امروہہ میں ایک گرلز اسکول کا اجرا کیا۔ جس میں تقریباً ساٹھ ستر طالبات تعلیم دینیات و دستکاری و دیگر علوم دنیاوی کے حصول میں منہمک ہیں۔ اور جس کو آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرس علی گڈھ اور میونسپلٹی امروہہ سے امداد ملتی ہے۔ اس اسکول کی امروہہ کے بعض حضرات نے مخالفت کی لیکن خدا کا شکر ہے کہ یہ اسکول ابھی تک قائم ہے اور باد مخالف بار آور نہ ہو سکی۔

مدرسۃ الواعظین کے شعبۂ اشاعت کتب تبلیغی کے لئے آپنے چار ہزار سے امداد کی۔ آپ ہر قومی کام میں نہایت جوش اور نیک نیتی سے حصہ لیتے ہیں۔ ۱۹۳۲ء میں مرفراز کو پچاس روپیہ عطا فرمایا۔ نہایت خاموش کام کرنے والے بزرگ ہیں، گرلز اسکول امروہہ پر اب تک ایک ہزار سے زائد اپنی جیب خاص سے صرف کر چکے ہیں۔ جولائی ۱۹۱۳ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے نہایت باقاعدہ ممبر ہیں اور اس کے کاموں میں بڑی دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں۔

عالیجناب سیّد حیدر میرزا صاحب موسوی فراشخانہ

(دہلی)

تعلیم و پیدائش وغیرہ جناب سیّد حیدر میرزا صاحب موسوی منشی ۱۸۷۲ء میں بمقام دہلی محلہ فراشخانہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اینگلو عربک اسکول دہلی میں ہوئی انٹرنس مشن اسکول سے ۱۸۹۳ء میں پاس کیا۔

ملازمت اور اسی سال قانون گوئی میں نام درج ہوگیا۔ مگر یہ محکمہ پسند نہ آیا اور دہلی میں کمشنر صاحب کے دفتر میں محافظ دفتر ہوئے۔ تین سال امیدوار رہ کر نومبر ۱۸۹۶ء میں مستقل محرر رجسٹری ہوئے۔ کچھ عرصہ تک اسسٹنٹ قانون گو بھی رہے۔ ۱۹۲۷ء میں سخت بیمار ہونیکے باعث پنشن لیکر عہدہ مسل خوانی سے سبکدوش ہوئے۔

قومی خدمات انجمن کے بانی نواب سیّد محسن میرزا صاحب مرحوم کے بڑے چچازاد بھائی ہیں، انجمن کے قدیم ممبروں میں ہیں اور نہایت باقاعدہ ممبر ہیں۔ آپ اس امر کا خاص خیال فرماتے ہیں کہ کبھی کسی رپورٹ میں بقایا نہ درج ہو۔ آپکے خاندان میں تقریباً تمام افراد کا سبہ انجمن کے ممبر ہیں اور چندہ کی ادائیگی کو اپنا فرض خیال کرکے برابر بغیر تقاضہ کے روانہ فرماتے ہیں۔ اپریل ۱۹۳۱ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور انجمن سے خاص دلچسپی

عالیجناب سیّد محمد شاہ صاحب ٹھیکیدار بلتستانی

(سنجولی شملہ)

تاریخ و مقام پیدائش آپ موضع ہمت پور پرگنہ بھر دیکلاں علاقہ سرکار گورنمنٹ پٹیالہ ضلع کوہ شملہ میں ۱۳ رجب المرجب ۱۲۸۹ھ روز دوشنبہ بروز عید مولود سعید جناب امیر المومنینؑ مطابق ۱۸۷۲ء پیدا ہوئے آپکے والد مرحوم سیّد ابراہیم شاہ صاحب ملک بلتستان علاقہ کشمیر سے معہ آپکی والدہ ماجدہ کے اس جگہ تشریف لائے اور ایک چھوٹی سی آراضی کو آباد کرکے یہاں موضع مذکورۂ بالا میں مقیم ہوئے۔ وہیں آپکی ولادت ہوئی آپ اولاد حضرت زید شہید سے ہیں۔ آپکے خاص وطن بلتستان میں آپ کے کنبہ کا نام "سیدان میر وزیر" سے مشہور رہے۔ کسی زمانہ میں جبکہ آپکے وطن کے راجہ احمد شاہ صاحب مرحوم با اختیار تھے آپکے جدین سے کوئی بزرگ عہدہ وزارت پر تھے اس لئے آپ کا خاندان میر وزیر کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم اس زمانہ میں اسکول مدرسہ وغیرہ نہ تھے اور آپ دیہات میں رہتے تھے اس لئے تعلیم کا سلسلہ محدود رہا محض چند بزرگ مولویوں اور منشیوں کے پاس پرائیویٹ تعلیم حاصل کی آپ کے متعدد اہالیقوں میں سے ایک خان بہادر سیّد محمد بشیر حسین صاحب بقا ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس و آنریری مجسٹریٹ رئیس کھڑ ضلع انبالہ تا حال زندہ ہیں۔

ملازمت ۱۹ برس کی عمر میں یعنی ۱۸۹۱ء دسمبر میں اپنے خسر عبدالکریم ٹھیکیدار کی ملازمت کرکے مقام کوہ چائل چلے گئے جہاں اب کوٹھیات حضور انور مہاراجہ بہادر پٹیالہ بنگئی ہیں۔ اس کے بعد ۱۸۹۵ء میں ملازمت چھوڑ کر کام ٹھیکیداری عمارات وغیرہ شروع کیا جو کہ بفضلہ ابتک کر رہے ہیں اور وہ ارزق الانام اسی کام میں آپکو رزق عطا فرما رہا ہے۔ موضع ہمت پور جائے پیدائش اس وقت تمام آپکا ہے تین کوٹھیاں ہمت پور میں اور ایک سنجولی متصل شملہ آپکی ملکیت ہے جو کرایہ

پر چل رہی ہیں - اور آپ بہت کافی جائیداد کے مالک ہیں۔

قومی خدمات انجمن وظیفہ سادات و مومنین سے خصوصیت ہے ۱۹۱۳ء میں جناب خلیفہ سید محمد ہاشم صاحب قبلہ پٹیالوی کے ذریعہ آپ انجمن ہذا کے ممبر ہوئے تھے - جس کو اب پچیس سال کا زمانہ گذرتا ہے۔ اس کے بعد آپ نے خود بہت سے ممبر فراہم کئے۔

آپ حتی الامکان غربا و مساکین قوم سے حسب توفیق سلوک کرتے ہیں - جو فوٹو آپ نے مرحمت فرمایا ہے وہ ۱۹۱۳ء کا ہے - انجمن سے آپکو خاص دلچسپی ہے۔

عالیجناب حاجی سید علمدار علی صاحب

(نوگانواں سادات ضلع مرادآباد)

مقام پیدائش قصبہ نوگانواں سادات پرگنہ امروہہ ضلع مرادآباد ہے

آباؤ اجداد کا مختصر حال نوگانواں سادات میں ۱۶ خاندان سادات کے ہیں، آپ خاندان سید حسن عرف سید بڑے کے خاندان سے ہیں سادات زیادہ تر قصبہ نوگانواں سادات میں حضرت زین العابدین علیہ السلام کی نسل سے ہیں اور اُن کے فرزند جناب عمر اشرف کی اولاد سے ہیں۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم حیدرآباد دکن میں ہوئی۔

قومی خدمات انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے تقریباً ۱۶ سال سے ممبر ہیں - سال ۱۳۴۱ھ میں انجمن ظہیر المومنین نوگانواں سادات قائم ہوئی جس کے تین چار سال تک پریسیڈنٹ رہے اور تمام سادات و مومنین کے جملہ مقدمات دیوانی و فوجداری وہاں طے کرتے رہے۔ شیعہ کالج کی کمیٹی کے سکریٹری چند سال تک رہے اور دس بارہ سال تک مرکزی کمیٹی آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے ممبر بھی رہے - ۱۹۳۲ء میں جو انجمن موسومہ اصلاح تمدن نوگانواں سادات میں قائم ہوئی اس کے پریسیڈنٹ رہے دس سال قبل حج بیت اللہ و زیارت مدینہ طیبہ و زیارت دمشق و مصر و شام و بیت المقدس و مسجد اقصیٰ و ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبران کی زیارت و آٹھ مرتبہ زیارت کربلا و نجف اشرف و کاظمین و سامرہ و چار مرتبہ زیارت شہد مقدس و معصومہ وغیرہ سے مشرف ہوئے۔

ملازمت آپ عالیجناب نواب نظام یار جنگ نظام یار الدولہ حسام الملک خان خاناں بہادر دام اقبالہم کی جاگیرات میں سررشتہ دار عدالتی رہے ۱۹۱۳ء میں عالیجناب نواب صفدر جنگ مشیر الدولہ فخر الملک بہادر کی جاگیرات میں تحصیلدار مقرر ہوئے اور چند سال کی ملازمت کے بعد تعلقدار (کلکٹر) تین پرگنوں پر رہے اور اس کے بعد ڈپٹی کمشنر انعام یعنی (معافیات) کا کام کرتے رہے اور ۱۹۳۵ء میں ترک ملازمت کرکے اپنے وطن مالوف قصبہ نوگانواں سادات تحصیل امروہہ ضلع مرادآباد میں اپنے مواضعات موضع محمد پور مزرعہ - موضع بڑکھڑ سادات - و موضع تاراپور مجال نیاز علی - موضع پیلا کنڈ - موضع قطب پور حمید پور عرف کوتوپورہ - ملک بوسہرہ، قصبہ نوگانواں سادات - موضع آسی پور تھن گانوڑی پرگنہ و تحصیل امروہہ ضلع مرادآباد - موضع مالوہ جاگیر مجال غضنفر حسین ضلع بجنور کے انتظامات میں مصروف و مشغول ہوئے - جاگیرات نواب صاحب ممدوح میں تین دفعہ تین پرگنوں پر مبلغ ساٹھ ہزار روپیہ کا مستقل اضافہ مالگذاری و لگان میں کیا اور ہر اضافہ پر آپکو زمانہ تحصیلداری میں خلعت عطا ہوا اور تنخواہ میں اضافہ ہوتا رہا - چنانچہ پانچ اسناد فخر الملک صاحب بہادر کی جانب سے آپکو ملی ہیں جس میں آپکے کام کی تعریف کی گئی ہے - ۱۹۱۷ء میں گورنمنٹ برطانیہ نے جو دیہاتیں پنچایتیں قائم کیں اس کے تین چار سال تک پریسیڈنٹ رہے جس میں پچیس روپیہ تک دیوانی اور بیس روپیہ تک صیغہ فوجداری میں اختیارات تھے اور اس مدت مذکور میں ہزارہا مقدمات دیوانی و فوجداری کا فیصل کئے۔ آپ ۱۹۱۴ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب سیّد بشیر حسین صاحب بہادر زیدی بی۔اے (کینٹب) بار ایٹ لا

(چیف منسٹر رامپور اسٹیٹ)

اعلیٰ تعلیم ۱۹۱۹ء میں سینٹ اسٹیفنس کالج دہلی سے گریجویٹ ہوئے پھر انگلینڈ روانہ ہو کر کیمبرج یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔ ۱۹۲۱ء میں انٹرنیشنل طلبا کانفرنس ٹرنو (یوگوسلاویکیا) میں ہندوستان کی نمایندگی کی۔ سال ۱۹۲۲ء میں ممبران لیجسلیٹو سینٹر (ہالینڈ) کی طرف سے خطبہ کی دعوت دی گئی۔ ۱۹۲۲ء میں کیمبرج یونیورسٹی سے ہسٹری میں گریجویٹ ہوئے۔ پھر سال ۱۹۲۳ء میں وہیں سے بار ایٹ لا کی ڈگری حاصل کی۔ فارغ التحصیل ہونیکے بعد یورپ کی خوب سیاحت فرمائی اور حج بیت اللہ سے فراغت پاتے ہوئے آپ ہندوستان تشریف لائے۔

شروع سال ۱۹۲۴ء میں مسلم یونیورسٹی اسکول۔ علیگڈھ کے ہیڈ ماسٹر مقرر ہوئے اور ۱۹۳۰ء تک علیگڈھ میں مذکورہ بالا خدمات انجام دیں جولائی ۱۹۳۰ء میں اعلیٰ حضرت والی رامپور دام اقبالہم وملکہم کے ایماء عالی کے مطابق ہائی کورٹ کے پیونی جج مقرر ہوئے پھر حضور ممدوح نے فروری ۱۹۳۱ء میں اُن کا تقرر ہاؤس ہولڈ منسٹری پر ۱۹۳۱ء و ۱۹۳۲ء اور ۱۹۳۳ء میں سر عبد الصمد خاں صاحب بہادر کی روانگی یورپ کے دوران میں صاحب موصوف قائم مقام چیف منسٹر رہے اور اس کے بعد مستقلاً پولٹیکل منسٹری کی خدمات انجام دیں۔ ۱۹۳۲ء میں تھرڈ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں رامپور کی نمایندگی کی۔ صاحب موصوف کے چارج میں متفرق صیغہ جات۔ پولٹیکل ڈپارٹمنٹ، پی۔ ڈبلو۔ ڈی بجلی گھر و اٹروکس تعلیمات اور پبلیسٹی بیورو ہیں۔ ۱۹۳۵ء میں یو۔پی مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے سیشن کی مراد آباد میں صدارت فرمائی ۱۹۳۶ء میں محکمہ جات ریونیو اور فنانس کا چارج لیا۔ اب آپ چیف منسٹر رامپور ہیں۔ ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ بڑے خلیق اور متکسر المزاج ہیں۔

عالیجناب مولوی سیّد زین العابدین صاحب قبلہ

(ملتان)

پیدائش وغیرہ آپ کا تاریخی نام جواد اصغر ہے۔ آپکی پیدائش ۲ صفر ۱۳۱۵ھ کو موضع نوشہرہ ضلع گوڑگانواں میں ہوئی۔ والد بزرگوار کا اسم مبارک سیّد ممتاز علی صاحب ہے آپ نقوی سادات گردیزی میں سے ہیں جو ضلع گوڑگانواں و نواح دہلی میں آباد ہیں۔

اجداد کا حال آپ کے جد اعلیٰ سیّد شمس الدین علیہ الرحمۃ ہیں جنھیں سلطان علاء الدین غوری ۶۰۲ھ میں اپنے ساتھ غزنی سے دہلی میں لائے اور اپنی دختر نیک اختر کے ساتھ تزویج فرمایا۔ اور عہدہ وزارت عطا فرما کر مزید ممتاز فرمایا۔ آپکی قبر مبارک مہرولی میں حوض شمسی کے نام سے مشہور ہے آپ امام دہم حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی ساتویں پشت میں ہیں اور آپ حضرت قدوۃ الروحانین شاہ محمد یوسف شاہ طالب اللہ ثم اللہ وجعل الجنۃ مثواہ ملقب بہ شاہ گردیز علیہ الرحمۃ (جنکا مزار مبارک شہر ملتان محلہ شاہ گردیز میں واقع ہے) کے حقیقی بھانجہ ہیں۔

آپ کا خاندان اگرچہ ایک عرصہ سے فوجی خاندان ہے اور آپکے حقیقی چچا پدری اور جدہ مادری دونوں انگریزی رجمنٹ میں رسالدار تھے اور آپکے دادا صاحب مرحوم کو سردار بہادر کا خطاب بھی حاصل تھا

لیکن باوجود فوجی ہونیکے آپکے سارے خاندان کو دینی علوم سے ہمیشہ سے ایک اُنس رہا ہے اسی وجہ سے اہل علم کی قدردانی اور عزت افزائی کے علاوہ اپنی یہ عادت رکھی ہے کہ کسی نہ کسی فرد خاندان کو عالم دین ضرور بنایا جائے۔ چنانچہ اس آخری صدی میں بھی آپکے خاندان میں سے جناب مولانا مولوی سیّد محمد صادق صاحب اعلی اللہ مقامہٗ و جناب مولوی سید حیدر علی صاحب مرحوم جلیل القدر فاضل گذرے ہیں اور اُن کے حقیقی برادرزادہ عزیزم مولوی سیّد مرتضیٰ صاحب صدر الافاضل ہیں جو نہایت قابل قدر و مقدس بزرگ ہیں۔

چنانچہ اسی جذبۂ دیرینہ نے آپکے والد ماجد مدظلہم العالی کو بھی مجبور کیا کہ آنجناب بھی اپنی اولاد میں سے آپکو علوم دینیہ کی تحصیل کرائیں۔ باوجودیکہ آپکے بہت سے عزیز رفتار زمانہ سے متاثر ہوکر آپکے والد ماجد مدظلہم کی اس رائے کے سخت مخالف تھے اور تحصیل علوم دنیاوی کا مشورہ دیتے تھے اس لئے کہ انھیں حکومت انگریزی میں خاندانی حقوق حاصل ہونیکی وجہ سے بہت کچھ فوائد دنیاوی کی امید تھی لیکن آپکے والد ماجد مدظلہم العالی و شکر اللہ سعیہم نے فلاح آخرت کو نجاح دنیا پر ترجیح دی اب آپ پورے پچاس سال کے ہیں آپ نے ابتدائی تعلیم مختلف اساتذہ سے پائی جب آپ تیرہ سال کے ہوئے تو آپنے عربی صرف و نحو شروع کی اس میں آپکے سب سے پہلے اور سب سے زیادہ شفیق اور مفید اُستاد جناب مولانا مولوی سید محمد ظفریاب صاحب قبلہ مدظلہم العالی ہیں جنکے طریق تعلیم سے آپکو آخر تحصیل تک بڑی مدد ملی ان کے بعد اُستاد الاساتذہ جناب مولانا مولوی مظفر علی خاں صاحب مرحوم مراد آبادی (جن سے طبقہ علما خاص طور پر واقف ہے) سے وطن ہی میں کچھ عرصہ تک تحصیل کرتے رہے بعد ازاں جناب مولانا مولوی محمد ہارون صاحب قبلہ مرحوم زنگی پوری سے دہلی میں چند کتابیں پڑھیں، بعد ازاں جبکہ مولانا مظفر علی خاں صاحب مرحوم کا ریاست رامپور سے ایک معقول تعلق پیدا ہوگیا تو آنجناب مرحوم نے اپنی بزرگانہ شفقت سے آپکو رامپور بلالیا اور مدرسہ عالیہ رامپور میں داخل کرادیا دینیات شیعہ مرحوم خود پڑھاتے تھے وہاں چند امتحانات میں کامیابی حاصل کی پھر آپکی خواہش ہوئی کہ لکھنؤ جاکر کسی اپنے مذہبی مدرسہ میں داخل ہوکر مذہبیات حاصل کریں اسی زمانہ میں آپکی شادی کردیگئی شادی کے ایک ہی ماہ بعد آپ لکھنؤ چلے گئے اور وہاں پانچ سال تک سلطان المدارس میں داخل رہکر وہاں کا دوسرا درجہ جکا تمام اب سند الافاضل ہے نہایت اعلیٰ نمبروں میں پاس کیا۔ آپ جولائی ۱۹۱۹ء سے انجمن کے باقاعدہ ممبر ہیں

عالیجناب خاں صاحب سیّد حیدر کرار صاحب جعفری

(بلرام پور گونڈہ)

مقام و تاریخ پیدائش | جناب خاں صاحب سیّد حیدر کرار صاحب جعفری اسسٹنٹ کلکٹر کورٹ آف وارڈس بلرام پور ضلع گونڈہ ۸ نومبر ۱۸۷۹ء میں بمقام بلرام پور پیدا ہوئے۔ آپ آگرہ کے معزز خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ غدر ۱۸۵۷ء کی خدمات کے صلہ میں آپکے آباؤ اجداد کو مراد آباد اور نواح میں جاگیریں عطا ہوئی تھیں آپکے اعزا میں سے اب بھی ممتاز عہدوں پر مامور ہیں آپکے والد ماجد جناب سیّد مہدی حسن صاحب بلرام پور میں ممتاز عہدوں پر مامور رہے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم | فارسی اُردو وغیرہ کی تعلیم گھر پر حاصل کی اس کے بعد بی۔ اے تک علیگڈھ ایم۔ اے۔ او کالج میں حاصل کی۔ اور اگاؤنٹنگ و کامرس کا امتحان بمبئی سے پاس کیا۔

ملازمت وغیرہ | بیس سال سے بلرام پور ضلع گونڈہ میں اسسٹنٹ نیجر کورٹ آف وارڈس ہیں۔ زمانۂ جنگ عظیم میں زبردست خدمات انجام دیں۔ ۱۹۱۸ء میں گورنر صاحب بہادر یو۔ پی نے ایک سرٹیفکٹ عطا فرمایا جس میں آپکی خدمات کا اعتراف کیا گیا۔

قومی خدمات | چوبیس سال تک آنریری مجسٹریٹ رہے۔ تیس سال تک میونسپل بورڈ بلرام پور کے ممبر رہے اور ایک سال تک چیرمین بھی رہے تین سال تک اسمبلی کے ممبر رہے۔ نو سال تک بلرام پور گرلز اسکول کے سکریٹری رہے۔ اکیس سال تک شیعہ کالج کے ٹرسٹی رہے۔ چودہ سال تک مرکزی کمیٹی شیعہ کانفرنس کے ممبر رہے۔

۱۹۱۱ء میں جشن تاجپوشی کے وقت آپ کو خدمات کے اعتراف میں ایک تمغہ عطا ہوا ۱۹۳۵ء آنریبل گورنمنٹ کی جانب سے خانصاحب کا خطاب عطا ہوا۔ آپ جنوری ۱۹۱۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب حاجی سیّد دلدار حسین صاحب مرحوم رضوی

(علی نگر بھیکپور)

ولادت | مولوی سیّد دلدار حسین صاحب رضوی مرحوم (ریٹائرڈ اورسیر) اپنے وطن علی نگر بھیک پور ضلع سارن (بہار) میں ۱۲۸۳ھ مطابق ۱۸۶۶ء میں پیدا ہوئے۔

آپکے والد ماجد مولوی میر الٰہی بخش صاحب مرحوم رسولپور اسٹیٹ (ضلع اعظم گڈھ) میں مدرس تھے۔

تعلیم و تربیت | حاجی صاحب ابھی سن رشد کو بھی نہ پہونچے تھے کہ شفیق باپ کا سایہ اٹھ گیا۔ مگر سچ ہے جب اللہ کسی کو سنوارنا اور بنانا چاہتا ہے تو ویسے ہی قدرتی سامان بھی ہو جایا کرتے ہیں۔ اب آپکی تعلیم و تربیت آپکے نسبتی بھائی صاحب مصنف "لوامع الاحزان" و مواعظ المتقین فخر الحاج والمعتمرین مولانا سیّد محمد مہدی صاحب قبلہ (علی نگر بھیکپور) اعلی اللہ مقامہ امام جامع مسجد مظفر پور (بہار) کی سرپرستی و نگرانی میں ہونے لگی پھر پٹنہ جاکر انگریزی تعلیم کا ذوق ہوا اور انجینئرنگ لائن میں آپ داخل ہوئے سر عبد الرحیم کے خسر مولوی یحیی صاحب وکیل کے یہاں رہ کر انگریزی میں اچھی خاصی مہارت پیدا کر لی۔ رڑکی کالج میں بھی کچھ دنوں تعلیمی سلسلہ میں قیام رہا۔ ۲۲-۲۳ برس کی عمر میں قانون گو ہو گئے۔ اس کے بعد اورسیری لائن میں آئے اور ایک باکمال اورسیر کی حیثیت سے کامل پینتیس برس بڑی تندہی، جانفشانی، نیکنامی، ایمانداری اور دیانت کے ساتھ ملازمت کی۔

قومی خدمات | اورسیر کی مذہبی و قومی خدمات بھی اپنی نوعیت میں نہایت ہی ممتاز اور سبق آموز ہیں، زندگی بھر کار خیر میں مصروف رہا کئے۔ ہزار ہا روپیہ کی جائدادیں خرید کر کے وقف فرما دیں عظیم الشان جامع مسجد، بڑا امام باڑہ۔ کربلا۔ مدرسہ۔ یہ چیزیں وطن میں یادگار ہیں چہاردہ معصومین علیہ السلام کی ولادت و وفات کے لئے بالالتزام محافل و مجالس کا انعقاد، مستقل طور پر اقامت جمعہ و جماعت کے لئے پیش نماز و مؤذن کا تقرر، مدرس و متولیوں کا نظم و نسق، عشرۂ محرم کی مجالس و تعزیہ وغیرہ کے لئے معقول آمدنی کا باضابطہ انصرام۔ اور دیگر مقامی و غیر مقامی مثل سادات وظیفہ فنڈ وغیرہ ادارات کے لئے مالی امداد۔ یہ سب امور خیر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جاری رہنے والے ہیں۔

اورسیر صاحب کو سادات وظیفہ فنڈ سے کس درجہ محبت و الفت تھی اور اسے کیسا ضروری اور اہم قومی کام سمجھتے تھے اس کا اندازہ یوں کیا جا سکتا ہے کہ جہاں اپنے اہل وطن کی ضرورتوں کا لحاظ فرماتے ہوئے جائدادیں وقف فرما دیں وہاں وظیفہ فنڈ کو بھی فراموش نہ فرمایا باضابطہ بذریعہ رجسٹری ہمیشہ ہمیشہ کے لئے کار خیر کے لئے بھی سرمایہ محفوظ فرما دیا۔


حج و زیارات سے بھی فارغ ہو چکے تھے بلکہ متعدد مرتبہ زیارات عتبات عالیات و مشہد مقدس سے مشرف ہو آئے۔ ابھی حال ہی میں خراسان تشریف لیگئے تھے اور عنقریب پھر جانیکا عزم تھا اور ہجرت کر کے جانیوالے تھے کہ موت نے مہلت نہ دی۔ ۱۱ بجے دن کے گلزار باغ



عالیجناب ڈاکٹر محمد احمد صاحب بالقابہ




عالیجناب سید حمید رکرار صاحب بالقابہ




عالیجناب مولوی سید زین العابدین صاحب قبلہ



عالیجناب حاجی ولد احسین صاحب مرحوم



عالیجناب خان صاحب سید منظور حسین صاحب بالقابہ




عالیجناب حاجی سید العابدین صاحب بالقابہ



عالیجناب مولوی سید ریاست حسین صاحب قبلہ



عالیجناب نواب رضا میرزا صاحب بالقابہ



عالیجناب مولوی سید حامد حسین صاحب عشروی قبلہ

پٹنہ میں انتقال فرمایا خمس و زکوٰۃ کے نکالنے میں بلیغ اہتمام فرماتے تھے علمائے کرام و مجتہدین عظام کثرہم اللہ امثالہم عراق و لکھنؤ کی خدمات میں پابندی کے ساتھ رقمیں جایا کرتی تھیں۔ اس معاملہ خاص میں دوسروں کو بھی ترغیب دلایا کرتے تھے۔ آپ کے بڑے صاحبزادہ جناب سید غلام حسین صاحب رضوی وقف کے متولی ہیں۔

آپ اگست ۱۹۱۸ء سے انجمن کے ممبر تھے اور جب تک انجمن قائم ہے ممبر رہیں گے۔ اس لئے کہ آپنے اپنے وصیت نامہ میں اس انجمن کے چندہ ماہانہ کے لئے معقول انتظام کر دیا ہے

عالیجناب ڈاکٹر سید محمد احمد صاحب نقوی امروہوی

(بغداد)

ولادت محمد احمد صاحب نقوی ولد سید محمد ابراہیم علی صاحب مرحوم (وکیل) ساکن قصبہ امروہہ محلہ گذری ضلع مراد آباد ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۰۵ھ کو پیدا ہوئے۔

اعلیٰ تعلیم شروع میں مکتب میں قرآن شریف اور اردو فارسی کی تعلیم پائی ۱۸۹۹ء میں گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ میں داخل ہوئے وہاں فروری ۱۹۰۳ء تک پڑھتے رہے مارچ ۱۹۰۳ء میں گورنمنٹ ہائی اسکول مراد آباد میں داخل ہوگئے۔ مراد آباد اسکول میں جا کر کھیلوں میں بھی کافی حصہ لیا اور ۱۹۰۶ء اور ۱۹۰۷ء میں کرکٹ کے کپتان رہے جسکی وجہ سے مراد آباد اسکول میں بہت ممتاز طلبا میں شمار رہا ہیڈ ماسٹر گارڈن صاحب بہادر بہت زیادہ محبت کرتے تھے۔ کرکٹ، ہاکی اور فٹ بال اسکول میں کھیلتے تھے ٹینس کا کھیل اسکول لائف کے بعد شروع کیا۔ بہرحال ۱۹۰۸ء میں میٹریکولیشن پاس کیا۔ اس وقت تک زندگی بہت شان کے ساتھ گذری۔

ملازمت ۱۹۰۸ء اور ۱۹۱۵ء کے درمیان منصفی امروہہ میں ملازمت کی ۱۹۰۹ء میں سروے آف انڈیا میں بحیثیت کلرک کے راولپنڈی اور منصوری میں ملازمت کی۔

۱۹۱۲ء میں مراد آباد میں اپرنٹس ہو گئے محکمہ کلکٹری میں اور اپرنٹیسی کے زمانہ میں ہی نائب تحصیلداری کے لئے نامزد ہوتے رہے چونکہ نائب تحصیلداری کی امید تھی اس وجہ سے کلکٹری میں کوئی مستقل جگہ حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی۔ لیکن جب ۱۹۱۵ء میں نائب تحصیلداری سے مایوسی ہوئی تو آپکی عمر ساڑھے چوبیس سال اسکول سارٹیفکیٹ کے لحاظ سے ہوگئی تھی اور ۲۵ سال کی عمر کے بعد پنشن کی کوئی جگہ نہیں ملسکتی تھی اس لئے شروع اگست ۱۹۱۵ء میں سننے میں آیا کہ آگرہ میڈیکل اسکول میں بھرتی ہو رہی ہے۔ چنانچہ آپنے ایک عرضی وہاں بھیجدی جس کے جواب میں بذریعہ تار اطلاع دی گئی کہ تم کو لیٹری کلاس میں داخل کر لیا گیا ۱۹۱۵ء میں میڈیکل اسکول سے پاس ہوئے اور اسی وقت سے لیٹری میں سب اسسٹنٹ سرجن کی حیثیت سے ملازم ہیں۔ میڈیکل اسکول آگرہ میں داخل ہونے کے بعد آپکو اس انجمن سے بہت دلچسپی ہوگئی کیونکہ وہاں پر آپنے دیکھا کہ کئی لڑکے اس انجمن سے وظیفے لے رہے ہیں اور محض اس وظیفہ کی وجہ سے وہ اپنی تعلیم جاری رکھ کر کامیاب ہوئے اور ملازم ہوگئے۔ آپکو انجمن سے اسقدر دلچسپی ہوگئی تھی کہ آپنے وہاں سے پاس ہوتے ہی اپنا نام ممبری کے لئے بھیجدیا۔ چنانچہ اپریل ۱۹۱۸ء سے برابر ممبر ہیں ۱۹۲۰ء میں انجمن نے ممبروں سے یہ درخواست کی کہ اگر ہر ممبر ہر سال ایک جدید ممبر فراہم کر دیا کرے تو ہر سال ممبروں کی تعداد دگنی ہو سکتی ہے۔ آپ کو یہ ہدایت انجمن کی بہت پسند آئی اور آپنے ۱۹۲۰ء سے برابر یہ کوشش جاری رکھی۔ ہر سال انجمن کو ایک دو ممبر دیتے ہیں۔ آپ کا ممبر بنانے کا اوسط ایک ممبر فی سال سے کم نہیں رہا۔ اس سال خوش قسمتی سے چھ ممبر بنا سکے ہیں جس میں سے ایک صاحب چار روپیہ ماہوار کے ممبر ہیں۔ ممکن تھا کہ آپ اس دوران

ہیں زیادہ ممبر نہ بنا سکتے۔ مگر آپ کے لئے ہمیشہ یہ مشکل رہی کہ آپ ہمیشہ ایسی چھاؤنیوں میں تعینات رہے جہاں کسی شیعہ کا وجود ہی نہیں ہوتا تھا اور سال دو سال

اپنے ایمانی بھائیوں کو دیکھنے کیلئے آنکھیں ترستی رہتی تھیں اپنے مذہب کی بات کرنے والا بھی کوئی نہیں ملتا تھا۔ اب آپ بغداد میں ریوی ہسپتال کے سیکرٹری منتخب ہوئے ہیں

عالیجناب خانصاحب سیّد منظور حسین صاحب پنشنر فارسٹ رینجر

(نوگانواں)

خاندانی حالات | خاں صاحب سید منظور حسین صاحب نوگانواں سادات ضلع مراد آباد کے ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جنکی تعلیم و تربیت ایسی آغوش میں ہوئی کہ خاں صاحب موصوف ابتداہی سے مذہبی اور قومی معاملات میں مصروف ہوگئے اپنی قوم کے قریب قریب تمام قومی جرائد و رسائل آپکے مطالعہ میں ہیں۔

ملازمت | ۱۹۰۲ء سے ملازمت شروع ہوئی اور محکمہ جنگلات میں اپنے کام کو اس خوبی و محنت اور دیانتداری سے کیا کہ تمام حکام آپکے کام سے خوش و مطمئن تھے۔ دوران خدمات کے صلہ میں گورنمنٹ سے "خاں صاحب" کا خطاب ملا۔

اوائل ۱۹۳۵ء میں پنشن لیکر آپ اپنے وطن مالوف میں رہتے ہیں نوگانواں میں آپ بہت ہر دلعزیز ہیں۔

آپ اپریل ۱۹۱۹ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں اور انجمن سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں اور اکثر ممبر بھی مرحمت فرماتے رہتے ہیں۔ درد قومی سے آپ کا دل لبریز ہے اور شیعہ کانفرنس کے جلسوں میں برابر شرکت فرمایا کرتے ہیں اور قومی اداروں کی امداد اعانت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں۔

عالیجناب سیّد محمد رضا صاحب

(ضلع ایٹہ)

وطن | آپ کا مولد قصبہ بڑاگاؤں ضلع فیض آباد ہے۔ آپ کا تعلق وہاں کے ایک شریف اور معزز خاندان سے ہے آپ کے اجداد سرکاری محکمہ جات میں معزز عہدوں پر ممتاز رہے اور ہیں۔ آپنے ابتدائی تعلیم وطن ہی میں حاصل کی۔

ملازمت | نومبر ۱۹۱۲ء میں آپ ضلع علی گڈھ سے کورٹ آف وارڈس کی ملازمت میں بھرتی ہوئے۔ ۱۹۱۵ء میں آپ علی گڈھ سے ایٹہ آگئے نومبر ۱۹۱۶ء میں پھر ہاتھرس ضلع علیگڈھ تبدیل ہوئے۔ ۱۹۲۲ء میں پھر آپکا تبادلہ ایٹہ کو ہوا۔ اسوقت سے اب تک یہیں کام کر رہے ہیں۔ آپ ضلع ایٹہ کے کامیاب ترین ضلع دار ہیں۔ زمانۂ عدم تعاون میں آپنے نہایت قابل قدر خدمات انجام دیں اور اس کے صلہ میں ایک بندوق انعام میں پائی۔ آپکے دل میں درد قومی کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ کوئی قومی و ملی آپکی اعانت سے محروم نہیں رہتا۔ جنت البقیع کے رضا کاروں میں بھرتی ہونیکے بعد آپکی زندگی میں انقلاب ہوگیا۔ آپ نہایت متشرع اور پابند صوم و صلوٰۃ ہیں۔

قومی خدمات | ۱۹۲۶ء سے صدر فنڈ کے خریدار ہیں۔ یتیم خانہ جنت البقیع عتبہ بیگان۔ مزار شہید ثالث علیہ الرحمۃ۔ مدرسۃ الواعظین۔ امامیہ مشن

انجمن زینت المصطفیٰ بڑا گاؤں ضلع فیض آباد۔ الواعظ سبھی کی خدمات آپ | سالانہ چندہ سے پابندی کے ساتھ فرماتے ہیں۔ جولائی ۱۹۱۹ء آپ انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سیّد ریاست حسین صاحب جعفری

(سیتاپور)

مقام پیدائش وتعلیم وغیرہ | آپ بمقام سیتاپور اپریل ۱۸۹۳ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار سیّد محب حسین صاحب جعفری مشن اسکول سیتاپور میں اسسٹنٹ ماسٹر تھے۔ آپ کے والد بزرگوار نے ابتدائی کتب اردو خود پڑھائیں لیکن جب ۱۹۰۰ء میں والد ماجد صاحب کا انتقال ہوگیا تو اسکول میں داخلہ کرایا اور بڑی محنت و شوق سے کام کیا جس کا نتیجہ خاطر خواہ ثابت ہوا اور ۱۹۱۰ء میں اردو مڈل فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ وکیورنٹ سے وظیفہ ملا۔ ۱۹۰۶ء میں انٹرنس پاس کیا

ملازمت وغیرہ | طبیعت کا فطری رجحان درس و تدریس کی طرف تھا اس لئے ۱۹۱۰ء میں ٹرننگ کے لئے لکھنؤ پہونچے ۱۹۱۲ء میں ٹرننگ سے فارغ ہوکر ۲ جولائی ۱۹۱۹ء سے سرکاری ملازمت میں داخل ہوئے اب آپ ڈیڑھ سو کے گریڈ میں سیتاپور گورنمنٹ ہائی اسکول میں ہیں اردو اعلیٰ قابلیت اور منشی کے امتحانات بھی پاس کرلئے ہیں تیاری میں ہیں کہ

قومی خدمات | [illegible] عقد ہوگیا [illegible] ۱۹۱۳ء میں آپ [illegible] سکریٹری کام کیا اور آپ کے زمانہ میں ممبروں کی تعداد دگنی ہوگئی۔ مرقومہ ممبران نہایت مستعدی اور گرمجوشی سے [illegible] کے ممبر ہیں۔ مثل تیم [illegible] وغیرہ سے ممبر ہیں اور ٹرسٹی و ممبرانجمن کے معاملات میں حصہ لیتے ہیں۔

عالیجناب مولوی سیّد حامد حسین صاحب قبلہ عشروی

(گونڈہ)

ولادت | مولانا ماہ ربیع الثانی ۱۳۱۸ھ میں اپنے وطن مالوف موضع عشری ڈاکخانہ جسنہ پور ضلع سارن صوبہ بہار میں پیدا ہوئے سلسلۂ نسب امام تمام رضا علیہ السلام تک پہونچتا ہے۔ شومئی قسمت سے آپ کے والد بزرگوار سیّد غلام حسین صاحب کا نور دسالگی ہی میں انتقال فرمایا۔ بچپن ایسا غفلت کے اچھے برے کی تمیز کیا بلکہ حروف شناسی تک نہ تھی۔ خدا مغفرت کرے حقیقی چچا سیّد محمد جعفر صاحب مرحوم علی اللہ مقامہ اور بڑی چچی صاحبہ مرحومہ کی کہ ان فرشتگان رحمت نے کردیتیمی جھنے نہ دی اور اس طرح تعلیم و تربیت فرمائی جس کی مثال اگر ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم | کچھ ابتدائی کتابیں بڑے بھائی صاحب قبلہ مولانا حکیم سیّد محمد بشیر صاحب سے پڑھیں اس کے بعد تعلیمی سلسلہ صوبہ بہار کے مشہور و نامور مقام کھجوہ ضلع سارن میں فخر بہار فلسفئ وقت مولانا حاجی سیّد علی تقی صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ سے شروع ہوکر ابتدائی کتب درسیہ تمام ہوئیں ۱۹۱۱ء میں مدرسہ سلطان المدارس لکھنؤ میں داخل

ہو کر مورد الطاف وعنایات اساتذہ کرام ہوئے۔ حضرت باقر العلوم اعلی اللہ مقامہ خاص توجہ فرمایا کرتے تھے سنہ ۱۹۱۲ء تک لکھنؤ میں تعلیم و وجہ حاصل کی سنہ ۱۹۱۳ء میں بسلسلۂ امتحانات پنجاب یونیورسٹی ریاست رامپور میں آئے سنہ ۱۹۱۹ء میں سلسلہ درس نظامی کا تکملہ بہ سرپرستی و شاگردی مولانا فضل حق صاحب پرنسپل کے سنہ ۱۹۲۰ء میں پنجاب یونیورسٹی سے مولوی فاضل اور سنہ ۱۹۲۱ء میں منشی فاضل کے امتحانات سے باحسن وجوہ فراغت حاصل کر کے سلسلۂ ملازمت میں منسلک ہوئے۔ دوران تعلیم میں خصوصیت سے سرکار باقر العلوم اعلی اللہ مقامہ نیز حضرت ظل الملۃ دام ظلہم کی سرپرستی حاصل رہی۔ حضرت ناصر الملۃ دام ظلہ اور حضرت نجم العلماء مدظلہم العالی بھی بہت محبت فرماتے ہیں۔

قومی خدمات زمانۂ تعلیم ہی سے قومی اور مذہبی خدمات کا شوق دامنگیر ہے۔ اس لئے برابر اس کے مظاہرے بذریعہ مضامین ہوتے رہا کئے چنانچہ موجودہ اخبارات کے علاوہ مرحوم اخبار اثنا عشری دہلی۔ شیعہ کالج کانپور۔ لکھنؤ۔ ذوالفقار لاہور اور قرطاس امرو ہہ وغیرہ میں بکثرت شائع ہو چکے ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین سے زمانۂ تعلیم ہی سے دلچسپی رہی اس لئے اسی زمانہ میں اس کے سرگرم ممبر ہو گئے اور خود ممبر بنکے بعد ہر سال کافی تعداد میں ممبر بھی بنائے۔ باقیداروں سے وصولی کی سعی بھی برابر کرتے ہیں اور مضامین بھی انجمن کے متعلق لکھا کرتے ہیں۔

حضرات مجتہدین کرام دام ظلہم نے اجازہ پیش نمازی سے بھی سرفراز فرمایا ہے۔ ذاکری کا بھی شوق ہے لیکن وہ صرف اس حد تک کہ اسکو کبھی بھی ذریعہ معاش نہیں قرار دیا۔ انجمن عقد بیوگان کے حامی اس کے ابتدائی قیام ہی سے تھے اور قبل ممبر ہونیکے اس کے لئے سعی مشکور کر چکے تھے اسی بنا پر بعض احباب نے سنہ ۱۹۲۸ء میں ممبروں کی متفقہ رائے سے آل انڈیا انجمن عقد بیوگان کا سکریٹری تجویز کر دیا جسکا سلسلہ اب تک قائم ہے اس انجمن کی خدمات بھی امکان بھر باحسن طریق انجام دے رہے ہیں۔

الحمد للہ کہ دو مرتبہ سنہ ۱۹۳۰ء اور سنہ ۱۹۳۳ء میں زیارت مشاہد مقدسہ عراق و ایران وغیرہ سے بھی معہ اہل وعیال کے مشرف ہو چکے ہیں۔ ابتدائی مستقل ملازمت گورنمنٹ ہائی اسکول ایٹہ سے ہوئی۔ تقریباً چھ برس وہاں رہے اسکے بعد تبادلہ گونڈہ کا ہوا جسکو اب نواں سال ہے مدرس عربی اردو، فارسی ہیں تقریباً تمام قومی مشہور انجمنوں سے دلچسپی ہے۔ چنانچہ شیعہ کانفرنس کی مرکزی کمیٹی۔ امامیہ مشن کی کارکن کمیٹی وغیرہ کے ممبر بھی ہیں۔ آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے جولائی سنہ ۱۹۲۰ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب خواجہ اختر حسن صاحب تحصیلدار

(فیروزپور جھرکہ)

حالات زندگی خواجہ سید اختر حسن صاحب کے والد ماجد حکیم خواجہ سید حسن صاحب پانی پت میں طبابت فرماتے تھے۔ آپنے دہلی سے میٹرک کیا اس کے بعد علی گڈھ میں داخل ہو گئے۔ وہاں سے ایف۔ اے کیا۔

ملازمت ابتداءً نائب تحصیلدار ہوئے اس کے بعد تحصیلدار ہو گئے۔ اپنی صداقت۔ دیانتداری اور وضعداری کے لئے مشہور ہیں۔ آپ کا خاندان پانی پت میں خاص خصوصیات سے علم کا حامل ہے۔ اور آپ کے افراد خاندان معزز عہدوں پر مامور ہیں۔

آپ کا دل قومی درد سے لبریز ہے۔ آپ کو قومی اداروں سے نہایت دلچسپی ہے اور اُن کی اکثر امداد فرماتے رہتے ہیں۔ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب نواب سید رضا میرزا صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی وکیل
(دہلی)

پیدائش و ابتدائی حالات جناب سید رضا میرزا صاحب ۱۸۹۵ء میں پیدا ہوئے آپ جناب سید حیدر میرزا صاحب کے سب سے بڑے صاحبزادہ ہیں۔ ابتدائی تعلیم اینگلو عربک اسکول دہلی میں ہوئی اور ۱۹۱۱ء میں انٹرنس پاس کیا اور ۱۹۱۵ء میں اسٹیفنسن کالج دہلی سے ایل۔ ایل بی کا امتحان پاس کیا۔

پیشہ وکالت ۱۹۲۱ء سے دہلی میں وکالت شروع کی اور چونکہ اپنے فرائض کو محنت و مشقت سے انجام دیتے ہیں اس لئے پیشہ وکالت میں بہت شہرت حاصل کر لی ہے۔ دہلی کے کامیاب وکلا میں شمار ہوتا ہے دماغ نہایت اچھا اور طبیعت رسا پائی ہے۔

قومی خدمات ہر قومی کام میں دلچسپی سے حصہ لیتے ہیں۔ اجلاس سنت و پنج آل انڈیا شیعہ کانفرنس دہلی کی مجلس استقبالیہ کے سکریٹری رہ چکے ہیں آپکے حسن انتظام سے یہ جلسہ دہلی میں بہت کامیاب رہا۔ اینگلو عربک کالج دہلی اور بار ایسوسی ایشن دہلی کے مجلس انتظامیہ کے ممبر ہیں۔ اور پراونشل شیعہ کانفرنس دہلی اور مجلس لیگ دہلی کے دو سال تک صدر رہ چکے ہیں آپ بہت اچھے مقرر ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے نہایت باقاعدہ ممبر جنوری ۱۹۲۰ء سے ہیں۔

عالیجناب حاجی السید العابدین صاحب کربلائی مشہدی
(شاہ گنج آگرہ)

حالات زندگی آپ ۱۲ دسمبر ۱۸۷۴ء کو آگرہ میں پیدا ہوئے آپکے دادا سید ہدایت علی صاحب مرحوم شاہ گنج کے قدیم امام باڑہ کے بانی تھے۔ آپکے والد ماجد سید احترام علی صاحب مرحوم پولیس میں سب انسپکٹر تھے اور زمانہ پنشن میں پچیس برس تک کتب بینی اور حصول علم دین اور تصنیف میں مشغول رہے۔ حاجی صاحب موصوف کلکٹری آگرہ میں پیشکار رہے اور ۱۹۳۴ء سے پنشن پا رہے ہیں ۱۹۲۲ء میں آپ نے سفر حج کیا۔ ۱۹۲۸ء میں کربلائے معلی اور دیگر عتبات عالیات کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ ۱۹۳۳ء میں مشہد مقدس تشریف لے گئے۔ آپ شاہ گنج آگرہ کے پرانے امام باڑہ کے متولی ہیں۔

قومی و مذہبی خدمات آپ مدرسۃ الواعظین۔ شیعہ یتیم خانہ کی اعانت فرماتے رہتے ہیں۔ وردی اشتامل رکھتے ہیں۔

آپ نے ایک مکان پختہ محلہ شاہ گنج آگرہ میں بنوا کر اغراض ذیل چندہ سالانہ مذکورۂ بالا شعبوں و نیز پرانے امام باڑہ شاہ گنج کے کے لئے وقف فرما دیا ہے۔ شیعہ کالج کی تعمیر کے وقت اس کے چندہ میں آپ شریک تھے۔ اس تحریک کو کامیاب بنانے میں ساعی رہے آپکو انجمن وظیفہ سادات و مومنین سے بڑی دلچسپی ہے اور آپ اس کے ۱۹۱۶ء سے ممبر ہیں۔ بڑی خوبیوں کے بزرگ ہیں۔

عالیجناب سیّد عابد حسین شاہ صاحب گردیزی ضلعدار ہرکوڑے شاہ ضلع منٹگمری

(ملتان)

حالاتِ زندگی خاندان سادات گردیزی ملتان میں قدیم الایام سے آباد ہے اس خاندان کے مورث علی حضرت سیّد جمال الدین محمد یوسف قدس سرہٗ سلطان مسعود ابن سلطان محمود غزنوی کے وقت قصبہ گردیز سے جو کہ غزنی کے قرب وجوار میں واقع ہے آئے تھے۔ قصبہ گردیز کی وجہ سے اس خاندان کو گردیزی کہا جاتا ہے۔ اس خاندان کا ذکر "تذکرہ رومے پنجاب" و "ملتان گزیٹیر" میں درج ہے۔ سیّد عابد حسین شاہ صاحب بھی سادات گردیزی سے ہیں۔

آپ پنجاب یونیورسٹی سے انٹرنس پاس ہیں اور آجکل بمقام کوڑے شاہ ضلع منٹگمری فرسٹ گریڈ ضلعدار نہر ہیں۔ عتبات عالیات کی زیارات سے مشرف ہو چکے ہیں۔ آپ جولائی ۱۹۱۹ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد اقبال حسین شاہ صاحب بی۔اے بی۔ٹی

(منٹگمری)

مقام پیدائش بہیرہ ضلع شاہ پور آپ کا وطن ہے۔ ابتدائی تعلیم اردو وغیرہ کی بہیرہ میں حاصل کی۔ اس کے بعد لاہور تحصیل علم کی غرض سے آگئے۔ اعلیٰ تعلیم لاہور میں حاصل کی۔


قومی خدمات قومی امور میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اگست ۱۹۲۰ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ یہ زمانہ آپکی طالب علمی کا تھا اُس وقت سے اب تک اس کے سرگرم رکن ہیں۔ امامیہ انٹر کالجیٹ ایسوسی ایشن لاہور کے تین سال تک آنریری سکریٹری رہے۔

ملازمت آج کل منٹگمری میں اسسٹنٹ انسپکٹر مدارس ہیں آپ ہر جگہ انجمن خدمۂ سادات و مومنین کے ممبر بنانے میں کوشاں رہتے ہیں۔ قومی درد موجود ہے غریب بچوں کی امداد کو اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ جب میں پنجاب کے دورہ کے سلسلہ میں منٹگمری پہنچا تو آپ بڑے اخلاق سے پیش آئے اور وہاں کے مقتدر حضرات کے پاس مجھ کو لے گئے۔


عالیجناب خان بہادر سیّد سجاد حسین صاحب ریٹائرڈ اسسٹنٹ رزیڈنٹ صاحب بہادر گوالیار

(لکھنؤ)


خاندانی حالات آپ قصبہ بجنور ضلع لکھنؤ میں پیدا ہوئے حضرت امام علی نقی علیہ السلام کے صاحبزادہ حضرت حسینؑ کی اولاد سے ہیں سیّد محمد صاحب جو حضرت حسینؑ کی گیارھویں پشت میں تھے مع اپنی زوجہ محترمہ کے مشہد مقدس سے ہجرت کرکے وارد ہندوستان ہوئے سیّد محمد صاحب کی چوتھی پشت ہے۔ سیّد محمد ابن سیّد عمر کے دو صاحبزادے تھے بڑے بیٹے سیّد علی صاحب تھے یہ صاحب اودھ تشریف لائے اور پرگنہ




عالیجناب نواب سید علی نجاد صاحب بالقابہ




عالیجناب خان بہادر ڈاکٹر سید غلام مرتضیٰ صاحب بالقابہ




عالیجناب سید تصدق حسین صاحب نقوی بالقابہ



عالیجناب خان جہانجہاں میرزا خادم حسین صاحب بالقابہ




عالیجناب سید اقبال حسین شاہ صاحب بالقابہ



عالیجناب خان بہادر سید سجاد حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب سید عابد حسین شاہ صاحب اکونزی بالقابہ



عالیجناب سید شکور علی صاحب بالقابہ

خیر آباد میں سکونت پذیر ہوئے اور اس مقام کا نام علی پور سیہارا رکھا دوسرے صاحبزادہ سید مبارک لکھنؤ تشریف لائے۔

تعلیم اور ملازمت آپنے اُردو مڈل، انگریزی مڈل اور انٹرنس پاس کیا۔ ایف۔ اے میں چند روز تعلیم پاکر ملازمت کے سلسلہ میں داخل ہوئے۔ شروع میں محکمہ سروے ضلع بریلی میں محافظ دفتر مقرر ہوئے۔ اس کے بعد ضلع نینی تال میں ہیڈ کلرک و آفس ہیڈ انسپکٹر رہے بعد کو ضلع ایٹہ کا تبادلہ ہوا سروے سے علیحدگی کے بعد چند روز لکھنؤ میں قیام کیا اور ۱۰ر جولائی ۱۹۰۵ء کو پولیٹکل ایجنٹ صاحب بہادر نوگانوں (سنٹرل انڈیا) کے دفتر میں کیمپ کلرک مقرر ہوئے ۱۹۰۶ء میں میر منشی کے عہدہ پر ترقی پائی ۱۹۱۰ء میں مالوہ ایجنسی (نیمچ) کو تبادلہ ہوا ۱۹۱۶ء میں ہیڈ کلرک مقرر ہوئے اور ۱۹۲۵ء میں سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر گوالیار کے اسسٹنٹ مقرر ہوئے اور ۶ر اکتوبر ۱۹۳۵ء میں پنشن پائی۔ ۱۹۲۳ء میں شہزادہ ڈیوک آف کناٹ کے دربار میں مقام دہلی "DONAT" کا تمغہ عطا ہوا۔ ۱۹۲۴ء میں خانصاحب کا خطاب عطا ہوا۔ ۱۹۲۹ء میں خان بہادر کا خطاب عطا ہوا۔

قومی خدمات آل انڈیا شیعہ کانفرنس سے پیسہ فنڈ کے سلسلہ میں آپکو دو مرتبہ تمغے ملے۔ میرزا بابر صاحب مرحوم کے امام باڑہ واقع مال یا زار آگرہ کی مرمت کرائی۔ چھوٹے حضرت علیہ السلام کی درگاہ دیس تربت پر چاندی کی چادر چڑھوائی۔ شہید اربع علیہ الرحمہ کا مقبرہ دہلی۔ درگاہ پیر شرلیف میں بنوایا۔ اس میں تقریباً سات ہزار روپیہ صرف ہوا ہے آپ ۱۹۱۴ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے نہایت باقاعدہ ممبر ہیں مجید آپ کے ذاتی نیاز حاصل ہے بڑے متواضع اور ظریف ہیں۔ پانسو روپیہ دے کر یتیم خانہ لکھنؤ میں ایک کمرہ بنوایا۔

عالیجناب شکور علی صاحب گورنمنٹ کنٹریکٹر ورنیں سنجولی

(شملہ)

حالات زندگی آپ معززین شملہ میں ایک خاص درجہ رکھتے ہیں آپکا دائرہ احباب بہت وسیع ہے اور ہر قوم و ملت کا فرد آپکی ذات سے حتی الوسع مستفیض ہوتا رہتا ہے۔

الحمد للہ کہ موصوف آج اپنی ذاتی جد و جہد کے باعث (سنجولی) شملہ میں کئی کوٹھیوں کے مالک ہیں اور شملہ میں ایک کامیاب کنٹریکٹر ہیں۔ آپ سابق کنٹریکٹر ایسوسی ایشن کے پریزیڈنٹ تھے اور فی الحال شملہ بنک لیمیٹڈ کے شیر ہولڈروں میں سے ہیں۔

قومی و مذہبی امورات سے دلچسپی ہے۔ مقامی انجمن حیدریہ شملہ کی اکثر مدد فرماتے رہتے ہیں۔

عرصہ سے موصوف آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے مرکزی کمیٹی کے ممبر ہیں۔ مختلف قومی اخبارات کے خریدار ہیں۔ جولائی ۱۹۲۲ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے باقاعدہ ممبر ہیں۔

عالیجناب سید تصدق حسین صاحب نقوی

(کیمبل پور)

مقام و تاریخ پیدائش ۲۹ر جنوری ۱۸۹۹ء کو بمقام کیمبل پور ضلع اٹک (پنجاب) میں پیدا ہوئے۔

آباؤ اجداد کا حال سلسلہ سیادت اولاد امام نقی علیہ السلام سے شروع ہوتا ہے اور بھاکری سادات سے منسوب ہوتے ہیں آپ کے والد بزرگوار سید پھول حسین صاحب جبکہ آپکی عمر تین سال کی تھی انتقال فرما گئے۔ آپکی پرورش آپکی والدہ معظمہ نے کی۔ آپ کے جد بزرگوار موضع کامل پور میں ایک معزز اور ممتاز بزرگ تھے۔ آپ موضع کامل پور میں پہلے شخص تھے جنھوں نے مذہب شیعہ کی اشاعت کی۔ آپنے زر کثیر صرف کرکے علماء و مبلغین بُلا بُلا کر کامل پور میں تبلیغ مذہب جعفریہ کی اور اب ان کی بدولت سادات کامل پور اصولی شیعہ ہیں۔ آپکے دادا صاحب ہی کی کوشش سے عمارت امام باڑہ تعمیر ۱۹۱۹ء میں ہوئی۔ جو پنجاب میں اپنا نمونہ آپ ہی ہے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم سید باغ علی شاہ صاحب قبلہ کی بدولت دسویں جماعت تک کیمبل پور گورنمنٹ ہائی اسکول میں تعلیم حاصل کی اور پنجاب یونیورسٹی سے ۱۹۱۶ء میں دسویں جماعت کا امتحان پاس کیا اور فوراً ہی اپنے ضلع میں ملازم ہوگئے اور اب بعہدہ ہیڈ کلرک دفتر ڈسٹرکٹ بورڈ اٹک کیمبل پور ملازم ہیں۔

قومی خدمات بزمانہ جناب سید محسن میرزا صاحب مرحوم سکریٹری انجمن ہذا جبکہ انجمن کا دفتر کیمبل پور میں تھا تو آپنے دو سال انجمن کے حالات کو بلا معاوضہ آڈٹ کیا۔

سید محسن میرزا صاحب مرحوم بانی انجمن حسینیہ کیمبل پور نے دوران قیام کیمبل پور اس انجمن کی بنیاد قائم کی تھی۔ اور انجمن حسینیہ کامل پور کے بعہدہ نائب سکریٹری دو سال تک کام کرتے رہے۔ پھر دو سال تک جنرل سکریٹری رہے۔ آپ آنریری سکریٹری انجمن معین التبلیغ ضلع اٹک کیمبل پور کی خدمت باوجود یکہ مصروفیت کے سرانجام دیرہے ہیں۔ جولائی ۱۹۲۳ء سے انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔

عالیجناب نوّاب سیّد علی سجّاد صاحب متولّی گلزار باغ

(پٹنہ)

حالات زندگی آپ ۱۸۹۷ء میں پیدا ہوئے آپنے ابتدائی و اعلیٰ تعلیم پٹنہ میں حاصل کی آپ شہر پٹنہ کے مشہور و معروف خاندان نوّاب عبدالعلی خاں صاحب نائب ناظم پٹنہ کے چشم و چراغ ہیں۔ زمانۂ تعلیم نہایت شاندار رہا

قومی خدمات آپکا خاندان خصوصیت سے کارہائے خیر و سرپرستی مذہب میں مشہور ہے۔

آپ کی جدّہ ماجدہ جناب امام باندی بیگم صاحبہ مغفورہ نے جو کثیر جائداد کی مالکہ تھیں کارہائے خیر و عزاداری امام مظلوم علیہ السلام کے لئے وقف کر دی۔

وقف گلزار باغ ان ہی مرحومہ کی یادگار ہے۔ جس کی زمام تولیت جناب نوّاب صاحب کے ہاتھ میں ہے۔ ایک مدرسہ تعلیم دینیات کے لئے اپنے والد بزرگوار کے نام پر "مدرسہ عباسیہ" قائم کیا۔ جس میں تقریباً سو سوا سو طلبہ تعلیم پاتے ہیں اور اُن کے خورونوش و قیام کے لئے بورڈنگ بھی تعمیر کیا۔

مسافرین و سیاح اور دیگر ضرورتمندوں کے لئے ہمیشہ آپ کا دروازہ کھلا رہتا ہے۔ سیکڑوں بیواؤں اور یتیموں کی پرورش کرتے ہیں۔

انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے جنوری ۱۹۲۳ء سے ممبر ہیں اور انجمن کے محسن ہیں اور اس کی ترقی میں کوشاں رہتے ہیں۔

کیا آپ توسیع ممبران کی طرف توجہ نہ فرمائیں گے؟

عالیجناب خان بہادر ڈاکٹر سید غلام مرتضیٰ صاحب سول سرجن

(فتح گڑھ)

پیدائش و تعلیم آپ اکتوبر ۱۸۸۶ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کا وطن سادات یمن ضلع بجنور ہے۔ آپکے والد ماجد سید غلام مصطفےٰ صاحب نبیرۂ الوطنی میں کے معززین میں سے تھے۔ اعلیٰ تعلیم جے پور کالج میں حاصل کرنیکے بعد ۱۹۰۹ء میں لاہور میڈیکل کالج سے ایل۔ ایم۔ ایس کیا۔

ملازمت ۱۹۰۹ء میں اسسٹنٹ سرجن مقرر ہوئے ۱۹۱۸ء میں بحیثیت لکچرار آگرہ میڈیکل کالج میں تعینات ہوئی اور وہاں پر گیارہ سال تک اپنے فرائض منصبی کو بطریق احسن انجام دیا جس کے صلہ میں ۱۹۲۰ء میں گورنمنٹ نے خان بہادری کا خطاب عطا فرمایا اور ۱۹۲۹ء میں عہدۂ سول سرجنی پر مقرر کیا۔ آج کل آپ فتح گڑھ میں تعینات ہیں۔

انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے اگست ۱۹۲۳ء سے ممبر ہیں نام و نمود کو پسند نہیں فرماتے میرے مسلسل تقاضوں اور درخواست پر اپنا فوٹو مرحمت فرمایا ہے

عالیجناب خواجہ تہور علی حیدر صاحب ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی وکیل

(پانی پت)

حالات زندگی آپ کے والد بزرگوار خواجہ حیدر علی صاحب پٹیالہ میں مشہور و معروف وکیل تھے۔ خواجہ تہور علی حیدر صاحب کی ابتدائی و اعلیٰ تعلیم ریاست پٹیالہ ہی میں ہوئی۔ لاہور سے ایل۔ ایل۔ بی پاس کیا ابتداءً کرنال میں پریکٹس شروع کی بعدہٗ پانی پت میں تشریف لائے اور اب مستقلاً پانی پت میں وکالت کرتے ہیں۔ مذہبی و قومی امور میں خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ شیعہ پنچایت و انجمن حسینی کے سکریٹری ہیں اکتوبر ۱۹۲۲ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب خانصاحب میرزا خادم حسین صاحب آنریری مجسٹریٹ

(گورکھپور)

حالات زندگی آپ کا مولد فیض آباد ہے۔ مورث اعلیٰ نادر شاہ کے ساتھ دہلی تشریف لائے تھے اور وہیں فوجی خدمات انجام دیتے رہے بعد ازاں شاہان اودھ کے یہاں فوجی خدمتگزاریاں کیں۔ آپکے پردادا کپتان کے عہدہ پر فائز تھے اور اسی کی خدمت میں بہت بڑی جاگیر گورکھپور کے ضلع میں معافی ملی تھی چنانچہ کپتان گنج اپنے نام سے ایک موضع آباد کیا میرزا صاحب اس کے اسوقت معافیدار ہیں آپنے یونیورسٹی علیگڈھ میں تعلیم پائی ایک کتاب "تحفۂ اصغر" المعروف بہ رفیق النساء تصنیف کی۔ شیعہ کانفرنس کے ہمدرد ہیں اور تمام قومی ادارات کی امداد فرماتے رہتے ہیں۔ اگست ۱۹۲۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں نہایت ہی منکسر المزاج ہیں

عالیجناب حجۃ الاسلام مولنا مولوی سید محمد صاحب قبلہ مجتہد العصر پرنسپل سید المدارس

(امروہہ)

ولادت و اجداد کا حال | جناب موصوف قبلہ بتاریخ ۱۲ ربیع الاول مطابق ۱۸ اگست ۱۸۶۷ء بروز جمعہ پیدا ہوئے۔ تاریخی اسم گرامی نظیر حسین ہے آپکے والد ماجد جناب مولانا سید امید حسین صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ اعاظم علماء سے تھے۔ جنکے علمی انوار و برکات کے حقیقی حامل و وارث مولانا ہیں۔

تعلیم | آپ نے ابتدائی تعلیم مدرسہ سید المدارس امروہہ میں حاصل کی اور منطق و فلسفہ و ہیئت و کلام و فقہ و اصول فقہ معقولات و منقولات کی مروجہ کتب درسیت اپنے والد بزرگوار سے پڑھیں۔

۱۳۲۵ھ میں والد ماجد مرحوم کے انتقال سے چند سال بعد آپ لکھنؤ تشریف لے گئے اور سلطان المدارس کے درجۂ اعلی میں مشغول تحصیل رہے ۱۳۳۳ھ میں سند صدر الافاضل حاصل کی۔ پھر وطن تشریف لائے۔ اور سید المدارس امروہہ کی صدارت اختیار فرمائی لیکن اسی اثنا میں علی گڑھ و فطری ذوق نے باوجود بہت سی دشواریوں کے سفر عراق پر آمادہ کیا جس کے لئے انجمن وظیفہ سادات و مومنین اور سلطان المدارس لکھنؤ نے آپکے واسطے وظائف منظور کئے۔

انجمن ہذا کا یہ وظیفہ جو اس کی دینی و قدیمی کا ایک نمونہ ہے اور جسکی واپسی اس نے اپنے دستور عام کے مطابق لازمی بھی قرار نہیں دی سب سے اول مولانا کے واسطے جاری کیا گیا۔ اور سلطان المدارس کی تاریخ میں یہ دوسرا وظیفہ تھا جیسا کہ اس ایڈریس سے ظاہر ہوتا ہے جو ۱۳۳۵ھ میں بحضور سر ولیم میور کمیلی صاحب بہادر سابق گورنر ممالک متحدہ جناب جامعہ عثمانیہ پیش کیا گیا تھا۔ اس سپاس نامہ میں ان پانچ فارغ التحصیل افاضل کا تذکرہ ہے جنکو تکمیل علوم کے لئے عراق بھیجا گیا اور وہ حضرات وہاں سے واپس ہو کر مسند جگہوں پر کام کر رہے ہیں۔ اس فہرست میں دوسرے نمبر پر جناب مولانا کا نام مبارک ہے۔


تعلیم عراق | عراق میں علماء دین اعلام اسلام کے خصوصیت کے ساتھ سرکار آقا میرزا محمد تقی صاحب شیرازی کے درس میں آپ کی شرکت رہی اور حجۃ الاسلام آقا سید محمد باقر فیروز آبادی حجۃ الاسلام آقا شیخ حسین حائری مازندرانی حجۃ الاسلام آقا شیخ فتح اللہ تہرانی کے اجازات اجتہاد سے مشرف ہو کر ۱۳۳۹ھ میں آپ ہندوستان تشریف لائے۔ اور پھر سید المدارس امروہہ کی سرپرستی قبول فرمائی۔

سید المدارس برس کے مولانا آج کل پرنسپل ہیں امروہہ میں علوم مشرقیہ کی ایک قدیم و مشہور درسگاہ ہے پہلی تعلیمگاہ ہے جو ابتداءً صرف دینیات کا ایک مدرسہ تھا لیکن مولانا کے فیوض و مساعی جمیلہ کا نتیجہ ہے کہ اس میں چودہ سال سے علوم و فنون عربیہ و السنہ مشرقیہ کا تعلیمی سلسلہ زیر نگرانی شعبۂ تعلیم ممالک متحدہ اعلی پیمانہ پر جاری ہے اور سرکاری امتحانات مولوی عالم و فاضل منشی کامل میں کافی تعداد سے طلباء شریک ہوتے ہیں۔

یہ مولانا کی مخصوص جامعیت ہے کہ جس طرح آپنے تبحر علم و فضل سے تشنگان علم و تحقیق کے لئے درس و تدریس سیراب ہوتے ہیں اسی طرح آپکے مواعظ و تصنیفات کے چشمہائے فیوض جاری ہیں اور ایسے ممتاز و مشہور فصیح البیان و طلیق اللسان واعظ ہیں جنکی یہ خصوصیت قوم و ملت کے لئے موجب تشکر و باعث منت ہے کہ آپنے امروہہ یا بیرونجات میں کسی مقام سے کبھی کسی وقت نذر و خیر کا قبول فرمانا گوارا نہیں کیا اور محض قربۃً الی اللہ تمام عظیم الشان مجالس میں بیانات کی زحمت برداشت فرماتے ہیں۔

تصانیف | قلمی سرمایہ میں آپ بیش بہا جواہر کے مالک ہیں "رسائل الشریعۃ" "وظائف الشیعہ" "اربعین" "فقہ الفریقین" "فرق الفریقین" "اصول خمسہ" "عشرہ کاملہ" آپکی قابل قدر تصنیفات ہیں جن میں اول الذکر بے مثیل و بے نظیر کتابیں ملک میں شائع ہو چکی ہیں اور تمام اطراف و اکناف سے جنکی عظمت و جلالت کا اعتراف ہو رہا ہے۔

حجاز کانفرنس کی صدارت | حجاز کانفرنس دہلی کا وہ اجلاس



عالیجناب مولوی سید محمد صاحب فاضل تحت




عالیجناب جسٹس سید فضل علی صاحب بہادر بالقابہ






عالیجناب سید مہدی حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب مخدومی شریف الحسن صاحب قبلہ



عالیجناب مخدومی سید علی حیدر حسن جہاں ظلی بالقابہ



عالیجناب خان بہادر احمد علی صاحب بالقابہ



عالیجناب ممتاز حسین جہاں بالقابہ

جو آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے ساتھ اپریل ۱۹۳۳ء میں منعقد ہوا تھا اور جس کے جناب مولانا صدر تھے اس موقع پر ایسا فصیح و بلیغ پُر زور و پُر از معلومات زبانی خطبہ صدارت ارشاد فرمایا تھا جو بیحد مقبول ہوا اس حجاز کانفرنس میں خاکسار بھی موجود تھا۔ یہ ایسی معرکتہ الآرا تقریر تھی کہ ہزاروں کا مجمع ہمہ تن گوش تھا اور ہر طرف سے تحسین و آفرین کے فلک شگاف نعرے بلند تھے۔ جب حضرت مولانا نے انہدام جنت البقیع کا نقشہ کھینچا ہے تو تمام سامعین گریہ و بکا کر رہے تھے، یہ اسپیشل اجلاس شیعہ کانفرنس کی تاریخ میں ایک یادگار اجلاس رہیگا۔

غرضکہ مولانا کے مراسم علمیہ و خدمات ملیہ و اوصاف حمیدہ و خصائل پسندیدہ، محاسن اخلاق، توا ضع، ایثار، منکسر مزاجی، روشن خیالی کے پائدار نقوش صفحات قلوب پر ثبت ہیں۔ حضرت مولانا انجمن وظیفہ سادات سے خاص ہمدردی رکھتے ہیں سرفراز۔ اسد۔ سفینہ۔ الواعظ۔ اتحاد وغیرہ میں "سلور جوبلی" نمبر کی تائید اور انجمن کی خدمات کے اعتراف میں متعدد مضامین شائع ہوئے ہیں جناب قبلہ وکعبہ اپریل ۱۹۲۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب شاہزادہ میرزا محمد مراد شاہ صاحب گورگانی

(دہلی)

آباؤ اجداد کا حال شاہزادہ میرزا فیاض بخت عرف میرزا مجھو قیاض شاہ مرحوم کی حقیقی ہمشیرہ نواب عدۃ الزمانی بیگم عرف عادل الزمانی بیگم صاحبہ ملکۂ وقت تھیں اور ابوظفر سراج الدین بہادر شاہ ثانی آخری بادشاہ دہلی سے منسوب تھیں۔ والدہ کا نام نواب بتی بیگم صاحبہ دختر لاڈو بیگم صاحبہ چچازاد بہن جناب نواب ملکہ آفاق و والدہ نواب والا جاہ علیشاہ والیٔ لکھنؤ اور نواب بتی بیگم صاحبہ کے والد کا نام میرزا آغا عالی اللہ نواب کاظم علیخاں قندھار نسلف نواب ہاشم علی خاں۔ شاہزادہ مذکور الصدر کو تا ایام غدر ۱۸۵۷ء پانچ سو پچاس روپیہ ماہوار وظیفہ شاہی ملتا رہا۔

بعد غدر شاہزادہ صاحب کا بہت سا زمانہ بمعیت اپنی زوجہ شہزادہ بیگم صاحبہ (پروتی شاہ عالم ثانی بادشاہ دہلی) ریاست علیہ بھوپال تاج محل میں گذرا۔ اور علیہ نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ مرحومہ و مغفورہ والیہ ریاست بھوپال کے دریائے فیض و کرم سے اسدرجہ سیراب کیا کہ انقلاب دہلی کی تمام کلفتیں فراموش ہوگئیں۔ شاہزادہ صاحب نے جب دہلی میں انتقال کیا تو آپ کے فرزند میرزا محمد شاہ کی عمر دس سال کی تھی۔

پیدائش و تعلیم میرزا محمد مراد شاہ کی پیدائش شاہجہاں آباد المعروف بہ دہلی شہر میں ہوئی سکونت من ابتدائے پیدائش تا ایندم اپنے موروثی مکان واقع گلی میر جملہ۔ بازار لال چاند دہلی میں ہے۔ انگلو عربک ہائی اسکول دہلی میں تعلیم حاصل کی، اور ۱۹۰۲ء میں انٹرنس پاس کیا۔

ملازمت ۱۹۰۵ء میں دفتر صاحب ڈپٹی اکونٹنٹ جنرل پوسٹ اینڈ ٹیلیگراف اوڈٹ آفس دہلی میں ملازم ہوئے اور بسوقت سینیارٹی ڈیڈ وسپرنٹنڈنٹ ریٹائر ہوئے۔ زمانہ پنشن قریب ہے۔ بڑے صاحبزادہ میرزا اکبر شاہ سنٹ اسٹیفنز کالج دہلی میں بی۔ ایس۔ سی۔ کلاس (فائنل) میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ چھوٹے صاحبزادہ میرزا اصغر شاہ مڈل کلاس میں پڑھتے ہیں دونوں کو گورنمنٹ سے پولیٹکل اسکالرشپ برائے حصول تعلیم ابتدا سے ملتا ہے۔

قومی خدمات میرزا صاحب انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے پرانے معاون ہیں۔ اور انجمن سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔

آل انڈیا شیعہ تیمچہ نواب لکھنؤ کی اعانت میں ابتدا سے حصہ لیتے ہیں مذہبی و قومی کاموں میں خلوص سے امداد کرتے ہیں نہایت متواضع اور خلیق طبع ہونے ہیں۔ مجھ کو آپ سے نیاز حاصل ہے۔ آپ جنوری ۱۹۲۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب آنریبل جسٹس سید فضل علی صاحب بہادر جج ہائی کورٹ

(پٹنہ)

ولادت وذخیرہ | سال ولادت ۱۸۸۶ء ہے۔ آپکے والد ماجد جناب سید ناظر علی صاحب بنارس میں وکالت کرتے تھے اور ایک نہایت معزز و بابرکت ہستی تھی جنکی خیر و برکت سے اُن کے زمانۂ حیات میں بہت سے لوگ مستفید ہوا کرتے تھے۔ اور امور خیر میں جناب سید صاحب موصوف کو بہت انہماک تھا اور تعزیہ داری و مجت اہلبیت میں خاص خلوص و دلچسپی رکھتے تھے۔ چنانچہ جج صاحب کا یہ عقیدہ ہے کہ جو کچھ اُن کو دنیوی ترقی ہوئی ہے وہ اُن کے والد ماجد کی فیاضیوں کا نتیجہ ہے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم | جج صاحب نے مذہبی تعلیم مدرسہ ایمانیہ بنارس میں حاصل کی اور فخر العلما جناب مولانا سید علی خورد صاحب مرحوم و مغفور کے زیر تعلیم رہے اور انگریزی تعلیم جناب موصوف نے کوئن مشن اسکول بنارس میں حاصل کی اور لندن مشن کے ہر درجہ میں اوّل ہوتے رہے اور بہت سے تمغے و انعامات سال بسال پاتے رہے اور انٹرنس کے امتحان الہ آباد یونیورسٹی میں اوّل ہوئے منجملہ اور انعامات کے موصوف کو ایک تمغہ اسکول سے اس بنیاد پر ملا کہ اسکول کے اساتذہ نے آپکی خداداد ذکاوت و ذہانت کی تعریف کی، یہ تمغہ اسکول کو ایک امریکن نے نذر کیا تھا۔

جج صاحب کے والد ماجد سید ناظر علی صاحب کا انتقال اُسی سال ہوا جس سال امتحان انٹرنس کی تیاری کر رہے تھے اور اُن کے انتقال کی وجہ سے ایک انقلاب عظیم زندگی و خاندان میں پیدا ہوگیا اور حالت کم سنی میں موصوف طرح طرح کے تردّدات میں مبتلا ہوگئے۔ مگر نہایت استقلال کے ساتھ اپنی تعلیم میں مصروف رہے اور بعد کامیابی انٹرنس کے کوئن کالج بنارس میں داخل ہوئے۔ چنانچہ ایف۔ اے کا امتحان فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا اور یونیورسٹی کے امتحان میں موصوف کا چوتھا نمبر تھا اور ۱۹۰۵ء میں موصوف نے بی۔ اے پاس کیا اور پھر الہ آباد یونیورسٹی میں فرسٹ ہوئے اس کے بعد میور سنٹرل کالج الہ آباد میں مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے گئے اور ایم۔ اے و ایل۔ ایل بی کے درجوں میں داخل ہوئے ۱۹۰۸ء میں پریوس ایم۔ اے کا امتحان فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا اور پھر کل یونیورسٹی میں فرسٹ ہوئے۔ اسی سال موصوف ولایت روانہ ہوئے۔ اور امتحان بیرسٹری کو فرسٹ کلاس میں پاس کیا اور ۱۹۱۱ء میں ہندوستان واپس ہوکر شہر چھپرہ میں پریکٹس شروع کی تھوڑے عرصہ میں بہت کافی شہرت حاصل کی اور مختلف اضلاع یوپی و بہار میں ان کی طلبی ہونے لگی۔

چنانچہ کثرت مشاغل یعنی مقدمات کی وجہ سے عرصہ دراز تک چھپرہ سے غیر حاضر ہونا پڑتا تھا۔ لہٰذا چند احباب کے اصرار پر ۱۹۲۳ء میں چھپرہ چھوڑ کر پٹنہ میں بیرسٹری شروع کی اور ۱۹۳۸ء میں جج ہائی کورٹ ہوئے۔

بیگم فضل علی صاحبہ کے والد جناب سید ذاکر حسین صاحب مرحوم بہار اڑیسہ کے ایک مشہور ڈپٹی کلکٹر تھے اور الحمد للہ کہ جناب جج صاحب کے اس وقت پانچ اولادیں۔ جن میں دو پسر و تین دختریں۔ چنانچہ بڑی صاحبزادی کی شادی سید مہدی امام صاحب بی۔ اے بار ایٹ لا پسر مسٹر حسن امام صاحب مرحوم سے ہوئی ہے۔ جج صاحب موصوف نہایت خلیق اور شگفتہ المزاج ہیں۔ آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے جولائی ۱۹۲۲ء سے نہایت باقاعدہ ممبر ہیں۔

ہر شخص جو اپنی آمدنی کا ایک فی صدی ماہوار چندہ ادا کرے اس انجمن کا ممبر ہو سکتا ہے۔
جو حضرات پانچ سو روپیہ یکمشت چندہ مرحمت فرمائیں وہ لائف ممبر تصور ہونگے۔

عالیجناب سیّد مہدی حسین صاحب زیدی نائب تحصیلدار
(فیروز آباد ضلع آگرہ)

حالات زندگی سیّد مہدی حسین صاحب زیدی خلف خانصاحب میر ولایت حسین صاحب سابق اسسٹنٹ ہیڈ ماسٹر ایم - اے او کالج علیگڈھ ابتداسے انتہا تک تعلیم علیگڈھ کالجیٹ اسکول و کالج میں پائی چونکہ آنکھیں کمزور تھیں اس لئے صرف ایف - اے تک پڑھا - اگست ۱۹۱۸ء میں عارضی نائب تحصیلدار مقرر ہوئے ۱۹۲۴ء سے مستقل نائب تحصیلدار ہیں اور ستمبر ۱۹۲۸ء سے فیروز آباد ضلع آگرہ میں تعینات ہیں درد قومی سے آپ کا دل لبریز ہے -

قریب قریب ہر سال دو چار جدید ممبر انجمن کو دیتے ہیں - مقامی ممبران سے چندہ وصول کرکے سکریٹری صاحب انجمن کے پاس بھیجتے ہیں آپ فروری ۱۹۱۹ء سے انجمن کے ممبر ہیں -

---

عالیجناب خان بہادر سیّد احمد علیخان صاحب ایم اے ڈپٹی کلکٹر
(پٹنہ)

پیدائش و اجداد کا حال آپکی پیدائش یکم جولائی ۱۸۶۸ء کو بمقام پٹنہ ہوئی آپ کے والد بزرگوار کا نام سیّد ہادی علی خاں صاحب مرحوم تھا - آپ کا مادری سلسلۂ نسب مخدوم شاہ شرف الدین صاحب بہار شریف اور پدری ابوالفتح صاحب واسطی تک پہنچتا ہے -

ابتدائی تعلیم گھر پر مختصر سی تعلیم حاصل کرنیکے بعد پٹنہ کالیجیٹ اسکول میں داخل ہوئے ۱۸۸۳ء میں اسی اسکول سے انٹرنس کے امتحان میں کامیابی حاصل کی اور ۱۸۸۵ء میں ایف - اے اور ۱۸۸۸ء میں بی اے آنرز پٹنہ کالج سے پاس کیا -

ملازمت سرکاری ۱۸۹۱ء میں سب ڈپٹی مقرر ہوئے اور ۱۸۹۵ء میں ڈپٹی کلکٹر کے عہدہ پر فائز ہوئے ۱۹۰۵ء لغایت ۱۹۱۰ء کمشنر کے پرسنل اسسٹنٹ رہے ۱۹۰۹ء میں خانصاحب کا اور ۱۹۱۵ء میں "خان بہادر" کا خطاب ملا ۱۹۱۸ء میں خدمات جنگ کے صلہ میں سند ملی اور اسی سال وار میڈل ملا - اس کا تذکرہ اس فہرست میں ہے جو گورنمنٹ آف انڈیا گزٹ مرقومہ ۲۹ رجولائی ۱۹۱۹ء کے ساتھ شائع ہوئی ہے

۱۹۲۳ء میں کچھ دنوں کے لئے قائم مقام کلکٹر و ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع سارن رہے ۱۹۲۴ء میں پنشن لی - دوران ملازمت میں نہایت ہی نیک نام رہے اور کارگزار افسران میں شمار رہا - متعدد اسناد آپکی مستعدی قابلیت اور تدین کے متعلق افسران اعلیٰ نے مرحمت فرمائی ہیں -

نیم سرکاری خدمات کچھ دنوں تک ڈسٹرکٹ بورڈ ضلع سارن کے چیرمین رہے - اور پٹنہ یونیورسٹی کے انعقاد کے موقع پر جو کمیٹی مرتب ہوئی تھی اس کے منجملہ تین ممبران کے ایک ممبر تھے

قومی خدمات ۱۹۲۴ء میں پنشن پانے کے بعد ہمہ تن قومی خدمت کی طرف متوجہ ہوئے دسمبر ۱۹۲۶ء میں آل انڈیا شیعہ کانفرنس کا سالانہ اجلاس پٹنہ میں نہایت ہی کامیابی کے ساتھ آپکی کوششوں سے ہوا آپ مجلس استقبالیہ کے سکریٹری بھی تھے - سنہ مذکور میں آپنے پٹنہ میں بہار صوبہ شیعہ کانفرنس کا انعقاد کیا اور نہایت ہی جانفشانی اور نیکنامی سے آنریری سکریٹری کے فرائض ۱۹۲۶ء سے ۱۹۳۵ء تک انجام دیتے رہے - اس دوران میں بہت سے ایسے موقع آئے جبکہ بظاہر ناسلجھنے والی گتھیوں کی وجہ

سے کانفرنس ٹوٹنا چاہتی تھی مگر آپ نے خوش اسلوبی سے قومی بیڑے کو سنبھالا ۱۹۳۵ء میں جبکہ بوجہ ضعیفی آپ نے سکریٹری شپ سے استعفا دیا تو قوم نے آپ کو ایک سپاسنامہ نقرئی کاسکٹ میں بعوض حسن خدمات پیش کیا اور اس سپاسنامہ کے الفاظ سے آپ کی بے لوث سچی اور مخلصانہ خدمات کا پتہ چلتا ہے - آپ اس ضعیفی میں بھی جوانوں سے زیادہ کام کر سکتے ہیں -

تصانیف و تالیفات آپ فارسی کے ایک باکمال شاعر ہیں اور فن تاریخ گوئی میں ید طولیٰ رکھتے ہیں - آپکی تصانیف فارسی میں، حدیقہ آخرت مخمس غیر منقوط - مثنوی برگ سبز - مثنوی تشکر موا عظ عقلیہ وغیرہ مشہور ہیں - آپ نہایت ہی پابند مذہب اور ہمدرد قوم ہیں - ہر قومی کام میں بلا عذر شرکت کرتے ہیں -

آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے جولائی ۱۹۲۲ء سے ممبر ہیں -

عالیجناب سید ممتاز حسین صاحب اورسیر

(سہسرام ضلع شاہ آباد)

حالات زندگی گورنمنٹ ہائی اسکول میرزاپور سے انٹرنس پاس کرنیکے بعد پٹنہ انجینیرنگ کالج میں چار سال تعلیم حاصل کرکے اورسیر کلاس کا امتحان پاس کیا اور ایک سال ٹریننگ کے بعد اپرسیارڈنیٹ کا سرٹیفکٹ حاصل کیا ابتدا میں پانچ برس پٹنہ ضلع میں ملازمت کی پھر اپریل ۱۹۲۷ء سے شاہ آباد (آرہ) میں ملازمت کی جہاں ابتک ملازم ہیں ۱۹۲۳ء میں اپنے والد ماجد جناب خان بہادر حاجی سید محمد خلیل صاحب ایم - اے مرحوم کے ہمراہ مشہد مقدس کی زیارت سے مشرف ہوتے پھر دوبارہ ۱۹۳۳ء میں بہمراہی سید مجتبیٰ حسن صاحب بلگرامی موضع سمری ضلع شاہ آباد کے مشہد مقدس سے براہ قم کربلائے معلیٰ و عتبات عالیات کی زیارت سے مشرف ہوکر دو ماہ بعد واپس وطن ہوئے - آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے جولائی ۱۹۲۲ء سے ہیں - اور انجمن سے بڑی دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں -

عالیجناب علی حیدر صاحب کاظمی بی - اے ایل - ٹی نیوتنی

(ایٹہ)

ولادت دسمبر ۱۸۹۶ء میں ولادت بمقام قصبہ نیوتنی ضلع اناؤ ہوئی - ابتدائی تعلیم سے فراغت پانیکے بعد حسین آباد ہائی اسکول لکھنؤ سے میٹریکولیشن اور کنگ کالج لکھنؤ سے بی - اے پاس کیا -

ملازمت تعلیم سے فرصت پاتے ہی بلا انتظار اگست ۱۹۲۱ء میں سب ڈپٹی انسپکٹری مل گئی - جھانسی - ہمیرپور - اناؤ ہوتے ہوئے ایٹہ پہونچے - دوران ملازمت میں رخصت لیکر ۱۹۲۹ء میں ایل - ٹی الہ آباد سے کیا - نہایت ہی مستقل مزاج ہیں اور ترقی کرنے کا مادہ موجود ہے - اپنے فرائض منصبی کو نہایت تندہی اور محنت کے ساتھ انجام دیتے ہیں - انجمن وظیفہ سادات کے نومبر ۱۹۲۳ء سے ممبر ہیں - اور انجمن ہذا سے بہت دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں - مجھے آپ سے نیاز حاصل ہے -

عالیجناب مولوی سیّد شریف حسین صاحب زیدی الواسطی باہر ہوی حسین آبادی

ولادت وغیرہ | تاریخ ۲ر اکتوبر ۱۸۹۳ء کو اپنے خاص وطن قصبہ حسین آباد ضلع پاموں میں ولادت ہوئی۔ اصل نام نور روز محمد ہے یہ نام والد ین نے اس مناسبت سے رکھا کہ ولادت کے دن ۹ ربیع الاوّل تھی۔ سیّد شریف حسین کے نام سے مشہور ہوئے۔ شریف تخلص کرتے ہیں۔ والد کا نام سیّد فراست حسین عرف وزیر نواب صاحب (ابن حکیم صادق سیّد تصدق حسین صاحب عرف غلام حسین صاحب رئیس اعظم حسین آباد ضلع پاموں) ہے نیز شیر الملک معین الدولہ نواب سیّد غلام حسین خاں صاحب بہادر ظفر جنگ و سعید الدولہ نواب سیّد علی خاں صاحب بہادر شمشیر جنگ (ابن تخت الممالک نواب سید ہدایت علی خاں صاحب بہادر اسد جنگ کی لڑکیوں (رجدۂ اعلیٰ و جدۂ ماجدہ) کے واسطے سے سلسلۂ امام حسن ابن علی علیہ السلام تک پہونچتا ہے۔

تعلیم | آسودہ اور خوشحال گھرانے میں پیدا ہوئے۔ دسویں برس قصبہ حسین آباد کے مڈل اسکول میں داخل ہوئے۔

سن ۱۹۰۷ء میں مڈل پاس ہوئے۔ مہربان مدرسین کے ذریعہ ڈالمین گنج آئے ٹریننگ اسکول میں داخلہ ہوا۔ قاعدہ کے مطابق مبلغ چار روپیہ وظیفہ ملنے لگا سنہ ۱۹۱۱ء میں یہاں سے فرسٹ ڈیپارٹمنٹ میں کامیاب ہوئے، رانچی گئے۔ مہربان معلمین کی سفارش یہاں بھی کام آئی۔ رانچی ٹریننگ اسکول میں نام درج ہوا، مبلغ سات روپیہ وظیفہ ہوا۔

ملازمت | سنہ ۱۹۱۳ء میں مدرسہ انجمن حمید۔ حسین آباد میں ملازمت ملی اُس وقت سے برابر بہر رشتہ تعلیم میں ملازمت کا سلسلہ جاری ہے دوران ملازمت غیر انسپکٹنگ مولوی بحال رہے۔ گڑھوا، بھوناتھ پور کے جنگلوں اور پہاڑوں کی سیر و سیاحت کا موقع ملا۔ سون ندی کے کنارے کنارے خوب گشت ہوئی۔ شیروں وغیرہ درندوں کی آوازیں جنسے کبھی کان آشنا تھے دن دہاڑے جنگلوں میں سنا کئے داؤدنگر مڈل انگلش ضلع گیا میں آکر ٹپنہ سے فائنل کی سند پر ائیویٹ امتحان دیکر حاصل کی۔ اپر موڈل مکتب حسین آباد و کوسیارہ میں مدرس اعلیٰ رہے۔ کچھوہ مڈل انگلش اسکول میں آنا ہوا یہاں سے مڈل ورناکیولر اسکول مولانگر ضلع مظفر پور کے مدرس اعلیٰ بحال ہوکر ۱۳ر مئی ۱۹۲۳ء میں مولانگر آنا ہوا اور ۲۴ر اپریل ۱۹۲۳ء میں مڈل انگلش اسکول اورائی ضلع مظفر پور تبدیل ہوکر پہونچے۔

قومی خدمات | اگست ۱۹۲۵ء میں انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہوئے چندہ وقت پر ادا ہوتا رہا۔ نظری مشاغل کتب بینی اور روحانی غذا، اخباری دنیا سے باخبر رہنا ہے۔ اپنی اس چھوٹی بضاعت میں ہزار سے زیادہ کتابوں کے مالک ہیں۔ جن میں اکثر و بیشتر کمیاب و نایاب ہیں۔ بزرگوں کے ہاتھوں کے لکھے قلمی نسخے اور قرآن مجید بڑی مشکلوں سے بہم پہونچی اس اسر میں سو کے قریب فن تاریخ و تذکرہ، سوانحات اور نسب نامے وغیرہ ہیں۔ جد و جہد اور رکاوشوں کا نتیجہ اوّل "تذکرۃ الاجداد فی احوال حسین آباد" جامع طباعت سے مزین ہوکر خراج تحسین وصول کر رہا ہے۔

اسی طرح خدا کرے باقی تصنیف و تالیف بھی جلد شائع ہوں۔ آمین ثم آمین یارب العالمین قومی کاموں میں اب تک جو کچھ حصہ لیا ہے اس کی شہادت اثنا عشری، سرفراز، ذوالفقار، وغیرہ کے فائل دیں گے۔ مگر وفا صاحب جن کا سلسلہ نسب مشیر الملک ممدوح الذکر سے ملتا ہے، کی تصنیف "نظارہ وطن" میں لکھا ہے ؎

اہل و لا شریف حسین افتخار ما — جان کمال ذی ہنر و صاحب ذکا
ہمدرد قوم صاحب اخلاق بے ریا — فخر زمن محب وطن مایۂ وفا

ارباب ذوق محرک "نظارۂ وطن"

ذات شریف رہنیت گہوارۂ وطن

آپ کا دل قومی و مذہبی درد سے لبریز ہے۔ اور آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین سے بہت دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں۔

عالیجناب سید کاظم میرزا صاحب موسوی ایل ایل۔ بی وکیل

(دہلی)

پیدایش و ابتدائی حالات آپ ۱۸۹۱ء میں فراشخانہ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اینگلو عربک کالج دہلی میں حاصل کی ۱۹۰۷ء میں انٹرنس پاس کیا۔ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ سے بی۔ اے ۱۹۲۶ء میں پاس کیا۔ ۱۹۲۹ء میں ایل۔ ایل۔ بی پاس کیا اور اب دہلی میں وکالت کرتے ہیں۔

قومی خدمات قومی امور میں کافی دلچسپی لیتے ہیں مجلس لیگ دہلی کے سکریٹری ہیں جنوری ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سید سعید حسن صاحب مرحوم نقوی وکیل

(امروہہ)

حالات زندگی آپ ۱۸۵۵ء میں پیدا ہوئے آپکے والد مرحوم سید الطاف حسن صاحب امروہہ کے معافیداران میں سے تھے۔ گیارہ سال کی عمر میں آپکے سر سے سایۂ پدری اُٹھ گیا آپکے ماموں سید خادم حسین صاحب کی زیر نگرانی ابتدائی تعلیم امروہہ میں حاصل کی۔

اُردو مڈل نہایت عمدہ نمبروں سے پاس کرنے کے بعد آپنے عربی و فارسی کی اعلیٰ تعلیم کی طرف توجہ کی۔ تھوڑے عرصہ میں فلسفہ منطق علوم دینیہ میں کافی دستگاہ حاصل کرلی۔ اس کے بعد امتحان وکالت کے لئے قانون پڑھنا شروع کیا ۱۸۸۴ء میں ۲۴ سال کی عمر میں وکالت کا امتحان پاس کرکے مراد آباد میں وکالت شروع کی۔ بہت تھوڑی مدت میں اپنے پیشہ میں بڑی شہرت حاصل کرلی اور ۱۹۱۸ء تک نہایت کامیابی کے ساتھ وکالت کی۔ ۸ ستمبر ۱۹۱۵ء میں آپ نے اس دار فانی سے رحلت فرمائی ایک لاکھ سے کچھ زائد مالیت کا ترکہ چھوڑا۔

قومی خدمات شیعہ کانفرنس کو امروہہ میں مدعو کرنے کے لئے سب سے پہلے محرک آپ تھے۔ قومی اور ملی معاملات میں آپ کو بے انتہا دلچسپی تھی۔ انجمن وظیفہ سادات کے ممبر تھے۔


عالیجناب سید جانباز حسین صاحب ایم۔ اے ڈپٹی انسپکٹر مدارس ضلع جھانسی

خاندانی حالات آپ کے مورث اعلیٰ قاضی عبدالرزاق صاحب کا وطن مشہد مقدس تھا۔ سرکار سنبھل میں بعہدہ قضا مامور ہوئے اور ان کے بعد اُن کی اولاد میں سے دو صاحبان بعہدۂ قاضی و مفتی سرکار دہلی کی طرف سے مقرر ہوئے۔ ڈپٹی صاحب موصوف کا سلسلہ مفتی سید نجم الدین صاحب سے ملتا ہے اور یہ خاندان ابھی تک مفتی خاندان کے نام سے موسوم ہے۔ آپکے خاندان میں ہمیشہ علم سے دلچسپی رہی اور بڑے بڑے عالم و فاضل گزرے ہیں عالیجناب آنریبل سر سید رضا علی صاحب سی۔ بی۔ ای سخت گورنر جنرل ہند آپ کے بہت قریب کے عزیز ہیں آپ اپنے وطن کنندر کی ضلع مراد آباد میں ۱۸۹۰ء میں پیدا ہوئے۔

تعلیم اور ملازمت ابتدا میں اُردو فارسی کی تعلیم اپنے والد بزرگوار اور چچا صاحب مرحوم سے حاصل کی اس کے بعد اُردو مدارس میں پڑھے اُردو مڈل کے امتحان میں صوبہ میں اوّل نمبر پاس ہوئے جس کے صلہ میں




عالیجناب سید کاظم میرزا صاحب باقابہ



عالیجناب محمد حامد حسین صاحب باقابہ



عالیجناب سید ظہار الحسنین صاحب باقابہ



عالیجناب مولوی سید سعید حسن صاحب مرحوم



عالیجناب محمود علی خان صاحب بالقابہ



عالیجناب سید صدر الاسلام صاحب بالقابہ



عالیجناب سید محمد عابد جلیل شاہ صاحب بالقابہ



عالیجناب ڈاکٹر ضابدر رضا صاحب بالقابہ

حاکم ضلع ونٹر صاحب بہادر نے اپنی جیب خاص سے دس روپیہ انعام دیا اور گورنمنٹ سے وظیفہ مقرر ہوا۔ اس کے بعد گورنمنٹ ہائی اسکول مراد آباد میں انگریزی تعلیم شروع کی۔ اور اپنے اُستاد جناب گارڈن صاحب ہیڈ ماسٹر کی شفقت اور اپنی ذہانت سے پانچ سال کا کورس چار سال میں پورا کرکے انٹرنس کا امتحان ۱۹۱۰ء میں پاس کیا اور اپنے اسکول میں اوّل نمبر آئے۔ آپ ابتدا میں امام المدارس اسکول امروہہ میں جو اسوقت تک درجہ تک تھا ہیڈ ماسٹر مقرر ہوئے اور باوجود اپنی نوعمری کے اپنے فرائض کو حسن وخوبی سے انجام دیا اس کے بعد گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ میں چند سال کام کیا اور گورنمنٹ ٹریننگ کالج لکھنؤ سے سی۔ ٹی کا امتحان پاس کیا اور کالج میں اوّل نمبر آئے۔ موصوف کا نام کالج کے آنریوڈ پر سنہرے حرفوں میں لکھا ہوا ہے بعہدۂ سب ڈپٹی انسپکٹر مدارس ہوکر ضلع بستی میں کام کیا اور یہ ثابت کر دیا کہ موصوف محکمۂ تعلیم کے افسر ہونیکی حقیقی قابلیت رکھتے ہیں۔ دوران ملازمت میں آپنے پرائیویٹ طور پر ایف۔ اے۔ بی۔ اے اور ایم اے پریویس کے امتحان پاس کئے۔ ایم۔ اے پریویس کے امتحان میں آپ درجہ اوّل میں کامیاب ہوئے آٹھ برس تک آپ بعہدۂ ڈپٹی انسپکٹر مدارس اسلامیہ گورکھپور اور آگرہ میں کام کرتے رہے۔ اور مدارس اسلامی و مکاتب کے بڑھانے میں اپنی پوری طاقت صرف کی اب آپ ضلع جھانسی میں بعہدۂ ڈپٹی انسپکٹر مدارس مامور ہیں۔

قومی خدمات موصوف پابند مذہب اور ذاکر امام مظلوم ہیں اور عام فہم مجلس پڑھتے ہیں آپنے اپنے بہت سے اعزا کو تعلیم انگریزی دلائی۔ طلبا کو وظیفہ دیتے ہیں دو یتیموں کی غائبانہ امداد کی۔ اسلامیہ اسکول جھانسی کے باقاعدہ ممبر اور ممبر پریسیڈنسی امام المدارس ہائی اسکول امروہہ کی تعمیر میں امداد فرمائی اور اسکے ٹرسٹی ہیں ۱۹۲۵ء سے آپ انجمن کے جوشیلے ممبر ہیں اور انجمن کو شیعوں کا بہترین ادارہ خیال فرماتے ہیں

عالیجناب سیّد اظہار الحسنین صاحب نقوی ہیڈ ماسٹر اسکول بریلی

(بھوپال)

حالات زندگی آپ ۱۳۱۶ھ کو بمقام قصبہ منڈو اضلع فتحپور سیکری میں پیدا ہوئے آپکے والد حاجی سیّد غنی حیدر صاحب ضلع بانده میں بصیغہ مال ملازم رہے۔ حج اور زیارات سے مشرف ہوئے۔ آپنے ۱۹۲۱ء میں رائے بریلی سے ایس۔ ایل۔ سی کا امتحان پاس کیا۔ اسی سال آپ بھوپال کے ایک اسکول میں اسسٹنٹ ماسٹر مقرر ہوگئے۔ اس کے بعد آپ ہیڈ ماسٹر اور ڈپٹی انسپکٹر مدارس بھی عارضی ہوتے رہے اور آپ بریلی (بھوپال) میں ہیڈ ماسٹر ہیں اور ۱۹۲۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب ڈاکٹر سیّد عابد رضا صاحب جعفری

(میرٹھ)

پیدائش و وطن آپ ۱۸۹۶ء میں بمقام سیونی ملک متوسط میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد سیّد آل محمد صاحب جعفری پہر سریاست بھرت پور کے ساکن تھے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم ابتدائی تعلیم ساگر میں ہوئی۔ آگرہ میں سینٹ جانس

کالج سے ایف۔ اے کا امتحان پاس کرکے آگرہ میڈیکل کالج میں ۱۹۲۱ء میں داخل ہوئے اور ۱۹۲۵ء میں امتحان ڈاکٹری پاس کرکے ۱۹۲۶ء سے میرٹھ میں پریکٹس کرتے ہیں۔ ستمبر ۱۹۲۷ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ بڑے پابند صوم و صلوٰۃ ہیں اور ہر شخص سے اخلاق و مروت سے ملتے ہیں۔

عالیجناب سید محمد عبدالجلیل شاہ صاحب گردیزی رئیس

(ملتان)

اجداد کا حال آپ جناب خان بہادر سید حسن بخش صاحب گردیزی رئیس اعظم و پراونشل دربار ملتان کے بڑے صاحبزادہ سید زمرد حسین شاہ مرحوم مغفور کے اکلوتے بیٹے ہیں آپکے والد بزرگوار نے عین عالم شباب میں رحلت فرمائی اس صدمۂ جانکاہ سے متاثر ہوکر آپکے جد امجد خان بہادر موصوف نے بذریعہ میمورنامہ آپکو جائیداد زرعی و سکنی علیحدہ کرکے حوالہ کردی جس پر آپ قابض ہیں آپکی عمر اس وقت ۲۰ سال کی ہے۔

تعلیم سات آٹھ سال تک آپنے چیفس کالج لاہور میں تعلیم پائی ڈپلومہ کلاس کی تعلیم کے دوران میں آپکو لندن جانے اور وہاں تعلیم حاصل کرنیکا خیال پیدا ہوا اور آپنے انگلینڈ کا سفر اختیار کیا۔ پانچ سال کے قریب آپ وہاں مقیم رہے ۱۹۲۵ء میں آپکے جد امجد سخت بیمار ہوگئے۔ انھوں نے آپکو واپس بلالیا۔ چونکہ شفا پانیکے بعد عالم پیری کی وجہ سے آپکے جد امجد کی طاقت پھر بحال نہ ہوسکی اس لئے انھوں نے پھر آپکی مفارقت گوارا نہ کی اور آپ کو ہمیشہ کے لئے اپنے پاس ٹھہرالیا۔ لندن کے قیام اور یورپ کے بعض ممالک کی سیاحت سے آپ کو بہت فائدہ حاصل ہوا۔ انگریزی زبان انگلش رسم و رواج اور موجودہ پالیٹکس کے آپ پورے ماہر ہوگئے دلچسپی پر آپنے بمبئی۔ دہلی۔ آگرہ۔ شملہ اور کشمیر کی بھی سیاحت کی اور ملک ایران اور عراق کو بھی دیکھا اور زیارات مشاہد مقدسہ سے بھی مشرف ہوئے آپ کو زمانہ بحال کے سیاسی معاشرتی اور اقتصادی امور کی بھی خاصی واقفیت ہوگئی اور آپکے وجود ذیجود میں ملک و ملت کی خدمت بجالانیکی بھی قابلیت پائی جاتی ہے۔ اپنے مرحوم بڑے بیٹے کے فرزند ہونے کی وجہ سے خان بہادر موصوف نے آپکو اپنا جانشین کردیا ہے۔ جنوری ۱۹۲۹ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔

عالیجناب خان صاحب محمود علی خاں صاحب دریاآبادی

(الہ آباد)

حالات زندگی آپکے جد اعلیٰ نواب ادارت خاں صاحب الہ آباد کے صوبہ دار (گورنر) تھے۔ ضلع الہ آباد و فتحپور میں دوسو سے زائد مواضعات علاقہ کے تھے جنکی مالگذاری سلطنت برطانیہ کے ابتدائی دور میں ڈیڑھ لاکھ روپیہ سالانہ تھی اور اب پانچ لاکھ روپیہ سالانہ ہے۔ غدر کے زمانہ میں بہت زیادہ حصہ علاقہ کا نکل گیا حکومت برطانیہ نے وفاداری کے صلہ میں خاں صاحب کا خطاب عطا کیا آپ اسپیشل مجسٹریٹ بھی ہیں۔ اور اپنے فرائض کو بطریق احسن انجام دیتے ہیں۔

قومی خدمات آپ ہمیشہ سے قومی خدمات میں پیش پیش رہتے ہیں۔ اور ہر شعبہ کی امداد کرتے رہتے ہیں۔ آپ ۱۹۲۹ء کی آل انڈیا شیعہ کانفرنس الہ آباد کی استقبالیہ کمیٹی کے صدر تھے ۱۹۱۶ء میں جو وفد ہز ہائینس نواب

صاحب بہادر مرحوم کی خدمت میں شیعہ کالج قائم کرنیکے لئے گیا تھا اس کے بھی آپ رکن تھے اور نواب صاحب بہادر نے دو لاکھ روپیہ کالج کے لئے مرحمت فرمایا تھا۔ انجمن تبلیغ الایمان الہ آباد کے صدر ہیں۔ آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس کے ممبر کین ہیں آپ بھی ہیں آپکا دل درد قومی سے لبریز ہے۔ اسد سرفراز۔ الواعظ۔ اتحاد وغیرہ کی بھی مدد کرتے رہتے ہیں انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے جنوری ۱۹۳۰ء سے رکن ہیں۔

عالیجناب سیّد صدرالاسلام صاحب جارچوی صدر سرکل انسپکٹر پولیس

(بجنور)

آپکے آباؤ اجداد کا اصلی وطن جارچہ ضلع بلند شہر ہے۔ لیکن ایک عرصہ سے بسلسلۂ ملازمت ترک وطن کرکے لکھنؤ میں مستقل طور سے سکونت اختیار کرلی ہے۔

ملازمت فارغ التحصیل ہوکر جون ۱۹۱۸ء میں بہ حیثیت سب انسپکٹر پولیس ملازمت شروع کی۔ ایک عرصہ تک لکھنؤ میں سرکل انسپکٹر رہے اور آج کل بجنور میں سرکل انسپکٹر ہیں۔

شاعری کی ابتدا ۱۹۱۳ء سے ہوئی اور جناب محشر سے تلمذ ہے۔ قصیدہ غزل۔ مرثیہ۔ اور نفیس سیکڑوں کی تعداد میں کہی ہیں۔ اکثر سرفراز اور دیگر رسائل وجرائد میں آپ کا کلام شائع ہوا ہے۔ بڑے خوش اخلاق لوگوں میں ہیں۔ میرے قریبی عزیز ہیں۔ درد قومی سے آپکا دل لبریز ہے۔ آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے اکتوبر ۱۹۳۰ء سے ممبر ہیں

عالیجناب مولوی سیّد بدرالاسلام صاحب جارچوی پروفیسر منصبیہ کالج

(میرٹھ)

حالات زندگی آپ کا وطن مالوف جارچہ ضلع بلند شہر ہے لیکن والد صاحب مرحوم ترک وطن کرکے میرٹھ آگئے تھے۔ آپکی ابتدائی و اعلیٰ تعلیم میرٹھ ہی ہوئی۔ منصبیہ کالج سے منشی، منشی کامل، مولوی، مولوی عالم، مولوی فاضل وغیرہ کے امتحانات پاس کئے کچھ عرصہ تک امروہہ میں تعلیم حاصل کی۔

فارغ التحصیل ہونے کے بعد منصبیہ کالج میں پروفیسر مقرر ہوئے۔ نہایت سنجیدہ طبیعت پائی ہے۔ قومی درد دل میں موجود ہے۔ انجمن کے بہی خواہ ہیں۔ عربی اور فارسی کے مسلم الثبوت استاد ہیں۔ ذاکری بھی فرماتے ہیں اور شاعر بھی ہیں۔ جنوری ۱۹۳۰ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

ہر شخص جو اپنی آمدنی کا ایک فی صدی ماہوار چندہ ادا کرے اس انجمن کا ممبر ہو سکتا ہے۔
جن حضرات کے ذمہ ایک سال کا چندہ باقی ہوگا اُن کا نام خارج کیا جا سکتا ہے۔
جن حضرات کے ذمہ اگست تک چندہ باقی ہوگا وہ کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب نہیں ہو سکتے۔

عالیجناب کیپٹن سیّد محمد ضامن علیصاحب ضامنؔ ایم۔اے صدر شعبۂ اردو
(الہ آباد یونیورسٹی)

خاندانی حالات | آپ کی ولادت ۱۸۹۳ء میں قصبہ مصطفےٰ آباد ضلع رائے بریلی کے ایک معزز خاندان سادات میں ہوئی۔ سادات گردیزہ اپنے شرف ونسب کی حیثیت سے کافی مشہور ہیں اور آپکا نسبی سلسلہ بھی انھیں سے جاکر ملتا ہے اس خاندان نے ہر عہد میں علم دین اور علم ادب کے ماہر پیدا کئے۔ ماضی کے نامور افراد کو چھوڑ کر اگر ہم صرف ایک ہی پشت اوپر دیکھیں تو کئی مشہور ومعروف ہستیاں نظر آتی ہیں آپکے عم نامدار مولوی سیّد مظہر حسین صاحب اپنی عربی کی قابلیت کی وجہ سے ایک ممتاز درجہ رکھتے تھے عربی ادب کے علاوہ آپ فارسی اور اُردو کے بھی شاعر تھے۔ مناظرہ اور علم الکلام میں آپکی دو کتابیں مذہبی ادبیات کے لئے سرمایۂ افتخار ہیں۔ جہانتک علم وادب اور مذہبی خدمات کا تعلق ہے اس خاندان کے افراد نے ہمیشہ کوئی نہ کوئی نمایاں کارنامہ پیش کیا ہے۔ آپ کے ایک دوسرے چچا جنکی عربی نثر کی کتاب "کوالب فرید" کے نام سے چھپ چکی ہے زبان عربی کے بے مثل ادیب اور شاعر تھے مولوی سیّد محمد مہدی صاحب نام تھا اور رشتہ میں شمس العلما مولانا سید ناصر حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر کے بہنوئی تھے انکی حیثیت ایک مسلم الثبوت ماہر ادب کی تھی۔ ضامن علی صاحب کے والد سید واجد علیصاحب مرحوم بھی اُردو کے شاعر تھے۔ آپ کے جدّ محترم سیّد نور روز علی صاحب مرحوم شاہان اودھ کے یہاں نظم سلطنت کے باوقار عہدہ پر مامور تھے۔

یہ تو اُن کے والد مرحوم کے خاندان کا مختصر تذکرہ تھا۔ ماں کی طرف سے بھی قدرت نے ایک ذی اثر اور ذی مرتبہ خاندان عطا کیا تھا۔ آپکے نانا میر علی سجاد صاحب ڈپٹی کلکٹر ہونے کے علاوہ اُردو زبان کے ایک باکمال شاعر بھی تھے۔ حکومت نے انکی غدر ۱۸۵۷ء کی خدمتوں کو سراہتے ہوئے جاگیر عطا کی میر صاحب کے دو صاحبزادے میر علی جواد صاحب و میر علی عباد صاحب تحصیلدار رہتے۔ میر علی عباد صاحب اُردو کے زبردست شاعر تھے اور نیساں تخلص فرماتے تھے انکی علمی قابلیت اور ان کے شاعرانہ کمالات کی دیکھنے والی آنکھیں آج بھی انھیں یاد کرکے آنسو بہاتی ہیں۔

تعلیم | جس خاندان میں اس طرح علم ادب اور شاعری کا تذکرہ ہو اُس کا ماحول ہی بچوں کے لئے ایک مکتب ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ضامن علی صاحب میں بھی بچپن ہی سے وہی خوبو پائی جاتی تھی بچپن کا بیشتر حصہ لکھنؤ میں گزرا اور علامہ سیّد جواد صاحب و مولانا شیخ فدا حسین صاحب سے شرف تلمذ رہا۔ علوم مشرقیہ کی تعلیم زیادہ تر وہیں حاصل کی ہاں جب انگریزی تعلیم شروع ہوئی تو اپنی سہولتوں کے لحاظ سے مختلف جگہوں سے مختلف امتحانات پاس کرتے رہے ایف۔اے آگرہ سے اور بی۔اے و ایم۔اے الہ آباد سے پاس کیا۔

ملازمت | ۱۹۱۶ء میں بی۔اے کی سند حاصل کرتے ہی الہ آباد ہائیکورٹ میں مترجم کی ممتاز جگہ پر مامور ہوگئے۔ تھوڑی ہی مدت میں ڈپٹی کلکٹری کے لئے بھی نامزد ہوگئے۔ لیکن چونکہ طبیعت کو اس طرح کی ملازمتوں سے لگاؤ نہ تھا اور خیر میں علمی مذاق رچا ہوا تھا اس لئے اس طرح کی تمام ملازمتوں کا خیال ترک کرکے آپنے کرسچین کالج الہ آباد میں فارسی کا پروفیسر ہونا پسند کیا۔ کم وبیش چھ سال تک اسی کالج میں کامیابی اور عزّت کے ساتھ پڑھاتے رہے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ ناصری صاحب مرحوم بھی الہ آباد یونیورسٹی میں فارسی کے پروفیسری کے عہدہ پر مامور تھے ناصری صاحب گورنمنٹ ہائی اسکول بجنور ہیڈ ماسٹر ہو کر الہ آباد سے چلے گئے۔ یونیورسٹی کے ارباب حل وعقد نے اُنکی جگہ پر آپ کا تقرر کیا جب ۱۹۲۳ء میں الہ آباد یونیورسٹی میں پہلی بار شعبۂ اُردو قائم ہوا تو آپ ہی اُس شعبہ کے صدر قرار پائے۔ اُسوقت سے اب تک آپ بڑی حسن و خوبی سے اس کشتی کی ناخدائی میں مصروف ہیں۔ آپ کی علمی قابلیت، طریقۂ تعلیم اور وسیع اخلاق نے نہ صرف یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلبا کو آپکا

گرویدہ بنا دیا ہے بلکہ یہ شخص آپکی وسیع النظری سے متاثر اور اخلاق کا معترف نظر آتا ہے۔

علمی اور قومی کارنامے | ماحول کا اثر، خداداد ذہانت اور شوق کا یہ عالم رہا کہ آپنے علمی دنیا میں اپنے لئے بڑی وقیع جگہ تلاش کر لی ہے۔ میر علی عباد صاحب نیر آں مرحوم کی صحبت نے نظری مذاق شاعری پر اور جلا کر دی اور آپکا شمار اُردو کے مشہور شعراء میں ہونے لگا۔ یونیورسٹی کے عالمانہ لیکچر تو خیر روز کی بات ہے آپنے دوسرے کاموں کے لئے بھی وقت نکالا۔ آپ کا سب سے بڑا کارنامہ اُردو زبان اور ادب پر وہ مقالہ ہے جو آپنے ہندوستانی اکیڈمی کی اُردو سروے کمیٹی کی رپورٹ پر پیش کیا تاریخ زبان و ادب اُردو میں وہ ایک ریسرچ کا مرتبہ رکھتا ہے اور اُردو زبان کے مخرج اور ابتدا کی تاریخ سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے ایک ناگزیر کتاب ہے۔

رسولؐ و آل رسولؐ سے محبت بھی آپکے خمیر میں ہے چنانچہ قصائد اور سلام، رباعی اور مرثیہ وغیرہ کے علاوہ آپنے واقعات کربلا پر ایک زبردست تاریخی مقالہ اورنٹیل کانفرنس میں پڑھا۔ علم تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے ہی اُن کی کاوش اور تحقیق کی داد دے سکتے ہیں۔ یہ مقالہ اس قدر پسند کیا گیا کہ ابتک اس کے دو تین ایڈیشن نکل چکے ہیں اور بہت سے لوگوں کے لئے رہنمائی کا سبب بنچکے ہیں۔ مرثیہ سے آپ کو خاص شغف رہا۔ اور یہی وجہ تھی کہ آپنے تمام اصناف سخن میں اسی کو اپنی تحقیقات اور مطالعہ کا مرکز بنایا۔ اس سلسلہ میں ان کے پاس بہت زیادہ مواد فراہم ہوگیا ہے۔ دیکھئے اُن کے شائع ہونے کی نوبت کب تک آتی ہے کیونکہ اُن میں اُردو زبان کی سب سے گرانبہا چیز پر نہایت مخصوص انداز میں داد تحقیق دی گئی ہے۔

مختصر یہ کہ آپکے علمی کارنامے اُس سے کئی گونہ زیادہ ابھی شائع ہونیکو باقی ہیں جتنے ہماری نظر سے گزر چکے ہیں۔ آپ زبان اور ادب سے تعلق رکھنے والی بہت سی انجمنوں اور کمیٹیوں کے ممبر اور صدر ہیں۔ اس صوبہ کے باہر بھی اکثر کمیٹیاں آپ کی رائے سے فائدہ اٹھاتی ہیں۔

اُن کے یہ مختصر حالات زندگی تشنہ رہجائیں گے اگر ہم یہ بھی نہ بتا دیں کہ آپکو فوجی تعلیمات سے بڑی دلچسپی ہے چنانچہ اسی شوق کا نتیجہ ہے کہ آپ اپنے ادبی مشاغل سے وقت نکالکر یو۔ پی۔ سی کے آفیسر کمانڈنگ کی حیثیت سے بھی کچھ وقت صرف کرتے ہیں۔ گورنمنٹ نے فی الحال آپ کو کیپٹن کا درجہ دیا ہے۔ لیکن ہم بہت جلد اس سے بھی بڑے منصب کی امید رکھتے ہیں آپ کے اس شوق میں قوم کے نوجوانوں کے لئے ایک بڑا گہرا سبق پوشیدہ ہے۔ آپ مئی ۱۹۳۱ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور خاکسار کو آپ سے ذاتی شرف نیاز حاصل ہے۔ انجمن کے کاموں میں آپ دلچسپی لیتے ہیں اور ممبر بنانے کی سعی بھی فرماتے رہتے ہیں۔ نیشنل کانفرنس سے ہمدردی ہے

عالیجناب محمد حضور عالم صاحب بی۔ ایس سی۔ ایم۔ آر۔ اے۔ ایس۔ ایف۔ آر۔ ایس اے

(انسپکٹر لیدر انڈسٹریز صوبجات متحدہ)

ولادت | آپ بدایوں میں ۱۰ جنوری ۱۸۹۶ء کو پیدا ہوئے سکونت اکرام منزل بدایوں ہے۔

آباؤ اجداد کا مختصر حال | مورث اعلیٰ حضرت شیخ حمید الدین گنجوی جو حضرت محمد بن ابی بکر کی نسل میں تھے۔ سلطان غیاث الدین بلبن کے عہد میں سبزوار ایران سے ہندوستان میں وارد ہوئے۔ حکومت برطانیہ کے زمانہ میں بھی بزرگوں نے عہدہ قضا کی مناسبت سے عدالتی پیشہ اختیار کیا اور اس میں نمایاں ترقی حاصل کی۔ چنانچہ آپکے والد بزرگوار مولوی اکرام عالم صاحب قبلہ وکیل بریلی اس صوبہ کے ایک ممتاز ماہر قانون ہیں

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم | ۱۹۰۳ء سے ۱۹۰۶ء تک نجی طور پر اُردو اور فارسی کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۱۲ء تک شاہجہاں پور اور بدایوں کے

گورنمنٹ ہائی سکولوں میں انگریزی تعلیم پائی۔ ایم۔ اے او کالج علیگڈھ میں داخل ہوئے اور ۱۹۲۲ء میں مسلم یونیورسٹی کے بی۔ اے کے پہلے امتحان میں شرکت کی۔ ۱۹۲۳ء سے کانپور میں صنعتی تعلیم حاصل کی اور ساتھ ہی ایک ذاتی کارخانہ (ایشیاٹک لیدر کمپنی) کی بنا ڈالی۔ ۱۹۲۷ء میں اعلیٰ تعلیم کی غرض سے لندن گئے وہاں علاوہ صنعتی تعلیم کے بی۔ ایس۔ سی کی ڈگری حاصل کی اسی زمانہ میں رائل سوسائٹی آف آرٹس کے فیلو اور رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے ممبر منتخب ہوئے۔ کچھ عرصہ جرمنی میں صنعتی تعلیم کی غرض سے تبدیل تجارتی تعلقات قائم کرنے کے واسطے قیام کیا اور ۱۹۲۹ء میں فرانس بلجیم، آسٹریا، سوئیزرلینڈ، اٹلی اور مصر وغیرہ کی سیاحت کرتے ہوئے ہندوستان واپس ہوئے۔

تجارت و ملازمت ۱۹۲۹ء سے ۱۹۳۲ء تک ذاتی کاروبار کو فروغ دیا۔ حتیٰ کہ اس وقت آگرہ اور بغداد (عراق) میں برانچ آفس اور ہندوستان کے متعدد مقامات مثلاً کراچی، کوئٹہ، احمد آباد، کلکتہ، بمبئی اور دہلی وغیرہ میں ایجنسیاں قائم تھیں لیکن بعض مخصوص حالات سے مجبور ہوکر ۱۹۳۲ء میں کاروبار فروخت کرنا پڑا۔ اسی سال میں یو۔ پی گورنمنٹ نے ایک جدید عہدہ (لیدر انسپکٹری) قائم کرکے اس پر مقرر کر دیا۔ چنانچہ اس صوبہ میں چمڑے کی صنعت کو منظم کرنا اور ترقی دینا اب آپکا فرض ہے کانپور کے قیام کے زمانہ میں جبکہ فرقہ وارانہ بلوہ کے بعد ہندو مسلمانو کے تعلقات بیحد خراب ہو رہے تھے آپنے مسلم نیشنلسٹ پارٹی قائم کی اور اس کے آنریری سکریٹری تھے۔

اسی زمانہ میں ایک روزنامہ "انصاف" کانپور سے زیر ادارت حضرت قتیل لکھنوی جاری ہوا۔ اس کی مجلس انتظامیہ کے وائس پریذیڈنٹ تھے ان دونوں اداروں نے کانپور کی فضا درست کرنے میں قابل قدر خدمات انجام دیں۔ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے ممبر رہے ہیں اور اس کے ۱۹۳۳ء کے اجلاس لاہور میں آپ کی تحریک پر جو اقتصادی کمیٹی مرتب ہوئی تھی اس کے کارکن تھے۔ اس کمیٹی کی رپورٹ جو بیشتر مولوی طفیل احمد صاحب (علیگ) کی کوششوں کا نتیجہ تھی بہت مقبول ثابت ہوئی ۱۹۳۱ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے سرگرم ممبر ہیں۔ آپ پابند صوم و صلوٰۃ ہیں اور ہر شخص سے نہایت خلوص و محبت سے ملتے ہیں۔ ندہبی امور میں خاص واقفیت کے مالک ہیں۔

عالیجناب سید فقیر حسین صاحب بخاری ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی مسلم یونیورسٹی علیگڈھ


(بٹالہ ضلع گورداسپور)

آباؤ اجداد کا حال آپ کا خاندان بمقام بٹالہ ضلع گورداسپور پنجاب اور سادات بخاری کے نام سے موسوم ہے شاہان مغلیہ کے عہد حکومت میں اس خاندان کے مورث اعلیٰ سید محمد شاہ المعروف حضرت موحد ریا بخاری قصبہ اوچ شریف واقعہ ریاست بھاولپور سے جو ہندوستان کے بخاری سادات کا مرکز اولین ہے حسب طلب جلال الدین اکبر بادشاہ ہند تشریف لائے اور اُن کے قدوم میمنت لزوم کے بدولت چتوڑ کا قلعہ فتح ہوا اس خوشی میں بادشاہ نے ایک لاکھ روپیہ سالانہ کی جاگیر علی الدوام مرحمت فرمائی۔ موجودہ خاندان سادات بخاری کے لئے اس مقتدر ہستی کی اولاد میں سے ہونا باعث صد ناز و افتخار ہے۔ نہایت ہی بابرکت بزرگوار تھے جنکی نسبت کی وجہ سے بٹالہ آج تک "شریف" کے لقب سے ملقب چلا آتا ہے۔ علم طبابت میں بھی افراد خاندان ید طولیٰ رکھتے تھے جنمیں خصوصیت کے ساتھ سید بھاول شیر مرحوم اور آپکے والد بزرگوار سید زین العابدین صاحب مرحوم خاص شہرت کے مالک تھے۔ آپ کی ولادت ۱۸۹۹ء میں ہوئی۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم ابتدائی تعلیم مشن اسکول بٹالہ سے حاصل کی پنجاب یونیورسٹی کے بی۔ اے آنرز کے امتحان میں فرسٹ ڈویژن میں



عالیجناب سید فقیر حسین صاحب بالقاب




عالیجناب سید افتخار حسین صاحب بالقاب



عالیجناب کیپٹن سید امجد علی صاحب بالقاب



عالیجناب مولوی محمد عابد صاحب بالقاب






عالیجناب مولوی سید فرحت حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب سید محمد صفی صاحب بالقابہ



عالیجناب نصیب علی صاحب بالقابہ

کامیابی حاصل ہوئی اور صوبہ بھر کے مسلمان طلبا میں اوّل رہنے پر ڈیگن میڈل عطا ہوا۔ بعد ازاں گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم۔ اے انگریزی کا امتحان سیکنڈ ڈویژن میں پاس کیا۔ پھر سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور سے بی۔ ٹی کیا اور اوّل رہنے پر طلائی تمغہ ملا۔ قابلیت کی بنا پر زمانۂ تعلیم میں اکثر وظیفہ ملتا رہا۔

ملازمت ۱۹۲۵ء لغایۃ ۱۹۳۰ء مسلم ہائی اسکول ٹبالہ میں جس کے بانی سر فضل حسین کے والد گرامی میاں حسین بخش صاحب مرحوم سشن جج رہے ہیں بعہدۂ ہیڈ ماسٹر فائز رہے۔ اسی زمانہ میں شہر ٹبالہ کے حلقہ نمبر ۶ کی جانب سے بلا مقابلہ میونسپل کمشنر منتخب ہوئے۔ مزید براں انجمن سادات ٹبالہ کی صدارت کے فرائض بھی آپکی سپرد تھے۔ جولائی ۱۹۳۰ء سے مسلم یونیورسٹی علیگڈھ میں بطور پروفیسر انگریزی زبان مامور ہیں۔

قومی خدمات مارچ ۱۹۳۲ء سے انجمن کی رکنیت قبول فرمائی اور اسوقت سے چوبیس روپیہ سالانہ چندہ دیرہے ہیں اور بقدر امکان اپنے حلقہ اثر میں انجمن کی توسیع و اشاعت کے لئے کوشاں رہتے ہیں آپکا خاندان امور مذہبی میں خاص حصہ لیتا ہے

عالیجناب سیّد افتخار حسین صاحب سب جسٹس رار علیگڈھ

(بیل پور ضلع پلی بھیت)

حالات زندگی آپ پہاسو ضلع بلند شہر کے ساکن ہیں مگر آپکے والد سید عجاز حسین صاحب مرحوم وکیل بغرض تعلیم علیگڈھ تشریف لے آئے تھے اور یہیں سکونت اختیار کرلی تھی۔ مگر محرم میں آپ اپنے وطن قدیم اپنے بنا کردہ امام باڑہ میں مجالس منعقد کرنے کے لئے تشریف لیجاتے تھے۔ سید افتخار حسین صاحب بھی اپنے والد کے قدم بقدم چل رہے ہیں۔ آپ پہلے ضلع بلند شہر کے ساکن ہیں مگر آپکے والد سید عجاز حسین صاحب مرحوم وکیل بغرض تعلیم علیگڈھ تشریف لے آئے تھے اور یہیں سکونت اختیار کرلی تھی۔ مگر محرم میں آپ اپنے وطن قدیم اپنے بنا کردہ امام باڑہ میں مجالس منعقد کرنے کے لئے تشریف لیجاتے تھے۔ سید افتخار حسین صاحب بھی اپنے والد کے قدم بقدم چل رہے ہیں۔ آپ نے ایک کارخانہ قفل اور بکس کا کھولا تھا جو گیارہ سال چلنے کے بعد فیل ہوگیا۔

ایام جنگ میں آپ کی خدمات کو ملحوظ رکھکر کمانڈر انچیف صاحب نے آپکو ایک سند اور کشمر صاحب نے ایک تلوار عطا فرمائی اب ۱۹۳۰ء سے آپ سب رجسٹراری کے عہدہ پر مامور ہیں، آپ ۱۹۳۲ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سیّد فرحت حسین صاحب غازی پور

(بنارس)

پیدائش و اجداد کا حال آپ مارچ ۱۹۰۲ء کو ضلع جونپور میں پیدا ہوئے آپکے مورث اعلیٰ حافظ امان اللہ صاحب بنارسی عالمگیر اورنگ زیب کے اُستاد تھے اور آپکے جد مرحوم جناب مولانا محمد علی صاحب بنارس میں نہایت ہی عالم باعمل گزرے ہیں۔ جنھوں نے اس کاشی کے ظلمت کدہ میں شمع ہدایت جلاکر اجر دارین حاصل کیا۔

مدارج تعلیم عربی تعلیم مولوی محمد رضا صاحب مرحوم سے حاصل کی ۱۹۱۸ء میں امتحان ملّا اور ۱۹۲۰ء میں ملّا فاضل الہ آباد پاس کیا اعلیٰ تعلیم ادب وفقہ حضرت مولانا مولوی سیّد شبیر حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر پرنسپل فیض آباد وشیعہ اسکول سے حاصل کی۔

ملازمت ۱۹۲۶ء کو ٹینس کالج بنارس میں، اپنے جد مرحوم مولوی محمد علی صاحب کی جگہ پر ان کا تقرر ہوا ۱۹۲۶ء میں علیگڈھ کا تبادلہ ہوگیا۔ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کے دینی معاملات میں آپنے کافی مدد پہنچائی۔ آج کل آپ

غازی پور گورنمنٹ ہائی اسکول میں ہیڈ مولوی ہیں۔

قومی خدمات آپ ذاکر حسین بھی ہیں قدیم و فرسودہ رنگ کی ذاکری ناپسند ہے آپ جدید طرز پر ذاکری فرماتے ہیں اور بلا معاوضہ اس کار خیر اور تبلیغ عظیم میں حصہ لیتے ہیں انجمن سے خاص ہمدردی ہے آپ اپریل ۱۹۳۳ء انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب نصیب علیصاحب منیجر میڈیوپل ہوٹل

(شملہ)

حالات زندگی آپ معززین شملہ میں سے ہیں اور فخر قوم جناب شیکو علی صاحب کے برادر عزیز ہیں۔ آپ اب سے پیشتر ایسوسی ایٹیڈ ہوٹل انڈیا میں ہیڈ کلرک تھے۔ مگر ۱۹۳۲ء میں اپنا کاروبار شروع کرنیکی غرض سے آپنے ملازمت ترک فرمائی۔ اب موصوف میڈیوپل ہوٹل جو شملہ میں ایک نمایاں انگلش ہوٹل ہے اُس کے کاروبار میں آپ حصہ دار ہیں اور بحیثیت منیجر کے ہوٹل کی جملہ ذمہ داری کے آپ مالک ہیں۔

گذشتہ دوران ملازمت میں جنگ عظیم کے بعد جبکہ شملہ میں ملیٹری افسران کے لئے کنوالیسنٹ ڈپو کھلا تو آپ کچھ عرصہ تک بحیثیت اکاؤنٹنٹ زیر ماتحت کرنل راس صاحب بہادر اس سرکاری ادارہ میں کام کرتے رہے کرنل صاحب نے آپکی ان خدمات کو بیحد سراہا۔ موصوف مقامی ہر مذہبی تحریک میں مالی امداد فرمایا کرتے ہیں اور انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے جولائی ۱۹۳۲ء ممبر ہیں۔

عالیجناب سید محمد صفی صاحب میرٹھ

(جارچہ ضلع بلند شہر)


آبا و اجداد کا حال سید محمد صفی صاحب متوطن قصبہ جارچہ ضلع بلند شہر ہیں۔ ضلع چھندواڑہ ملک متوسط میں پیدا ہوئے جہاں آپکے پدر بزرگوار مولوی سید تفضل حسین صاحب بسلسلۂ ملازمت تعینات تھے جنھوں نے بکمال اتقا و پرہیزگاری عہدہ ہائے جلیلہ نائب تحصیلداری وغیرہ سے انکار کر دیا۔ اور محض محافظ دفتری پر اکتفا کرکے اپنی عمر کا سارا حصہ گزار دیا اور چھ ماہ بعد حصول پنشن تحصیل منجھن پور ضلع الہ آباد میں اس دار فانی سے رحلت فرمائی۔ اور منجھن پور کربلا میں دفن ہوئے

ملازمت ۱۹۰۸ء میں الہ آباد میں بصیغۂ قانون گوئی ملازمت شروع کی جسے اپنی طبیعت کے خلاف پاکر ۱۹۱۰ء میں رہنوے میں ملازمت اختیار کی اور جون ۱۹۲۶ء سے میرٹھ میں تعینات ہیں تین اولاد پسری اور تین دختری رکھتے ہیں۔

سلسلۂ نسب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ہے جارچہ کی سکونت بوجوہ عرصہ سے ترک کر دی ہے اور اب میرٹھ میں سکونت پذیر ہیں آپکے فرزند اکبر ڈاکٹر سید قمر الاسلام صاحب میرٹھ میں ڈاکٹری کرتے ہیں دوسرے صاحبزادہ سید نجم الاسلام صاحب ممالک متوسط میں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس ہیں آپ نہایت با اصول لوگوں میں ہیں قومی امور میں بقدر استطاعت حصہ لیتے ہیں مشہور و معروف شاعر مولوی سید ضیاء الاسلام صاحب مرحوم جارچوی آپکے بھتیجے تھے جون ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں میرٹھ کی مقامی ضرورتوں میں فراخدلی سے چندہ مرحمت فرماتے ہیں



عالیجناب ذاکر منصور حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب سردار مہدی صاحب بالقابہ



عالیجناب سید مظفر حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب سید عزیز حسن صاحب بالقابہ



عالیجناب آغا علی امیر آقا بالقابہ



عالیجناب میرزا محمود حسن صاحب بالقابہ



عالیجناب میر علی عباس صاحب حسینی بالقابہ



عالیجناب حاجی علی صاحب بالقابہ

عالیجناب حجۃ الاسلام مولانا سید یوسف حسین صاحب مرحوم مجتہد

(امروہہ)

ولادت آپکی ولادت ۱۸ ماہ رجب ۱۳۰۲ھ میں بمقام امروہہ محلہ دانشمندان ہوئی، مادہ تاریخ ولادت کا یہ ہے ع لکھ غریبا لو جو یوسف بخت آپکے والد ماجد مولوی سید مرتضیٰ حسین صاحب قبلہ بھی فضلائے امروہہ میں سے تھے اور اعلیٰ درجہ کے مدرس تھے۔

تعلیم ابتدائی آپنے کتب درسیہ معقولات ومنقولات اپنے والد ماجد اور مولوی محمد امین صاحب سنی المذہب شاہ آبادی واقع ریاست عالیہ رامپور سے پڑھیں پڑھانے کا آپکو بچپن سے شوق تھا۔

تعلیم عراق ۱۳۲۲ھ میں بغرض تکمیل فقہ واصول فقہ وحدیث وغیرہ عراق تشریف لے گئے اور زیارات مقامات مقدسہ سے مشرف ہوکر نجف اشرف میں آغا سید محمد کاظم صاحب طباطبائی میں قیام فرماکر علوم دینیہ کی تکمیل جناب آغائے اخوند ملا محمد کاظم صاحب خراسانی اور آقا ابوالحسن صاحب اصفہانی اور آغا شیخ علی صاحب قوچانی اور آقا شیخ ضیاء عراقی اور آقا سید کاظم طباطبائی اور آقا سید محمد صاحب اور آقا سید ابوتراب صاحب خوانساری وغیرہ کے درس خارجی وسطی میں شریک ہوتے رہے اور کربلائے معلیٰ میں مولوی سید کلب باقر صاحب مجتہد ہندی نصیر آبادی اور آقا شیخ مہدی صاحب کشمیری سے تلمذ رہا بعد تکمیل ۱۳۳۳ھ میں اپنے وطن تشریف لائے چونکہ آپ اور جناب مولوی سید سبط نبی صاحب قبلہ مجتہد نوگانوی یہاں سے بھی ساتھ تشریف لیگئے تھے اور وہاں بھی ساتھ ساتھ رہے تو مراجعت بھی ساتھ ہوئی تو سادات امروہہ وسادات نوگانوہ اسٹیشن امروہہ پر آپکے استقبال کو حاضر ہوئے تو مجمع کثیر وجم غفیر سے اسٹیشن بھرا ہوا تھا درود کے نعروں سے گویا زمین ہلتی تھی فینس میں سوار ہوکر شہر میں تشریف لائے اور مومنین سے معانقہ ومصافحہ تفصیلاً ہوئے، آپ بڑے ذہین وطباع تھے خلق وتواضع وذہانت وذکاوت آپکی نورانی صورت سے ظاہر تھی اور جناب سید کاظم صاحب طباطبائی جناب آقائے شریعت فتح اللہ اصفہانی اور جناب آقا سید ابوالحسن صاحب موسوی اصفہانی اور جناب آقا السید ابوتراب صاحب موسوی نجفی خونساری اور جناب آقا شیخ علی خراسانی قوچانی اور جناب حاجی شیخ حسین مازندرانی حائری نے نہایت آب وتاب سے اجتہاد کے اجازے عنایت فرمائے۔

کفایۃ الاصول مصنفہ اخوند ملا محمد کاظم صاحب پر آپنے حاشیہ بھی لکھا ہے اور رسالہ توضیح الرکعات عن آیات الصلوٰۃ در جواب رسالہ تصدق حسین پنجابی آپنے تحریر فرمایا ہے۔

میرٹھ منصبیہ کی پرنسپلی ۱۳۳۶ھ میں آپ مدرسہ منصبیہ میرٹھ میں مدرس اول ہے تو یہاں آپکی سرپرستی میں ایک ہوا پر چہ الہادی جاری ہوا اس میں آپکے فتوے بھی چھپتے تھے

پروفیسری مسلم یونیورسٹی علیگڈھ بعد وفات جناب قاری عباس حسین صاحب قبلہ جارچوی کی جگہ پر علیگڈھ کالج میں آپ پروفیسر ہوئے آپ اگست ۱۹۲۲ء سے انجمن کے ممبر تھے

عالیجناب سردار مہدی صاحب رضوی

(لکھنو)

پیدائش آپ جنوری ۱۹۰۰ء میں قصبہ زیدپور صوبہ اودھ میں پیدا ہوئے سلسلۂ نسب تینتیسویں پشت میں حضرت امام رضا علیہ الصلوٰۃ والسلام

یک منتہی ہوتا ہے، مورث اعلیٰ سیّد عبداللہ زرنجش ایران کے مشہور شہر قم سے آکر زیدپور میں مقیم ہوئے اور زیدپور اپنے بیٹے سیّد زید کے نام پر آباد کیا۔ آبا و اجداد زمانۂ شاہی میں اعلیٰ عہدوں پر ممتاز رہے۔

تعلیم مسلم یونیورسٹی سے ہائی اسکول کا امتحان پاس کرکے انٹرمیجیٹ تک تعلیم حاصل کی چھ سال تک اے۔ وی کالجیٹ اسکول لکھنؤ میں اسسٹنٹ ماسٹر رہے۔ ایرانی النسل ہونیکی وجہ سے زبان فارسی سے خاص اُنس ہے

آجکل اسکی تکمیل میں کوشاں ہیں دارالعلوم لکھنؤ میں مقیم ہیں فارسی انگریزی و اُردو کے مضامین برابر اخبار و رسائل میں شائع کرتے رہتے ہیں ۱۹۳۵ء میں بیرکامل بھی پاس کرلیا ہے

قومی خدمات انجمن سابق طلبا مدرسۂ شیعہ کالج کی مجلس منتظمہ کے جوائنٹ سکریٹری کئی بار منتخب ہوئے آجکل انجمن امامیہ مشن کے جوائنٹ سکریٹری ہیں۔ مذہبی امور کے دلدادہ ہیں، انجمن وظیفہ سادات کے بڑے ہمدرد ہیں۔ جنوری ۱۹۳۳ء سے اس کے ممبر ہیں۔ حضرات مومنین کو ممبری کے لئے ترغیب دیتے رہتے ہیں۔

عالیجناب شیخ مظفر حسین صاحب

(لکھنؤ)

حالات زندگی شیخ مظفر حسین صاحب سپروائزر ٹیلیگراف آفس لکھنؤ قومی ہمدردی رکھنے والے ہیں۔ اور قومی امور میں دلچسپی لیتے ہیں۔

خوش اخلاق اور بامروت بزرگ ہیں۔ اکتوبر ۱۹۳۳ء سے انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔

عالیجناب خواجہ اسداللہ صاحب اسد ایڈیٹر اسد لکھنؤ

(بنارس)

ابتدائی حالات جناب خواجہ اسداللہ صاحب اسد کی ذات شیعی دنیا میں محتاج تعارف نہیں۔

آپ کے والد بزرگوار خواجہ عصمت اللہ صاحب بنارس میں پنشکار رجی تھے آپ کے آباؤ اجداد کشمیر میں مناصب جلیلہ پر فائز تھے خواجہ عبدالرسول اور خواجہ نعیم اللہ صاحب مرثیہ گوئی میں مشہور و معروف تھے۔ آپ ۱۸۹۴ء میں بنارس میں پیدا ہوئے۔ عربی و فارسی کی تعلیم حاصل کرنیکے بعد انٹرنس پاس کیا۔ ۱۹۱۴ء میں نواب شفاء الدولہ بہادر کی پوتی سے آپ کی شادی ہوئی۔

ملازمت و قومی خدمات ۱۹۲۰ء میں پنشکار رجی ہوئے لیکن نجف اشرف کی گوشہ باری کے سلسلہ میں جو مضامین لکھے اُس کی بنا پر آپ کو سرکاری ملازمت سے مستعفی ہونا پڑا اور دو رجدید الکمال۔ الحکیم وغیرہ کے ایڈیٹر رہے ۱۹۲۵ء میں سرفراز کے ایڈیٹر ہوئے اور اپنے ایثار و اعلیٰ مضامین سے سرفراز کی ترقی کے باعث ہوئے اور دس سال تک سرفراز میں رہے۔

۱۹۳۴ء سے اسد جاری کیا اور لکھنؤ میں مستقل سکونت اختیار کی ستمبر ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں

ممبروں کی سفارش پر وظیفہ ملتا ہے

عالیجناب سیّد عزیز حسین صاحب رضوی بی۔ اے سب ڈپٹی انسپکٹر مدارس سیتاپور

(زیدپوری)

پیدائش آپ جنوری ۱۸۹۷ء میں قصبہ زیدپور ضلع بارہ بنکی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار سید نصرت حسین صاحب رضوی زیدپور کے معززین میں سے تھے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم آپنے ابتدا میں قدیم دستور کے بموجب قرآن شریف اور معمولی درسیات کی تعلیم اپنے وطن زیدپور میں پائی پھر مدرسہ میں داخل ہوئے۔ اپر پرائمری امتحان پاس کرنے کے بعد وظیفہ کے امتحان میں شریک ہوکر ضلع بارہ بنکی میں اوّل نمبر پر کامیاب ہوئے، کچھ عرصہ بعد لکھنؤ تشریف لیگئے اور مڈل اسکول نویسہ سے وَرناکیولر فائنل امتحان ۱۹۱۲ء میں درجہ اوّل میں پاس کیا اور صوبہ ممالک متحدہ میں بارھواں نمبر حاصل کرکے گورنمنٹ سے وظیفہ پایا۔ اس کے بعد حسین آباد گورنمنٹ ہائی اسکول لکھنؤ کے اسپیشل کلاس میں بھرتی ہوئے اور سی اسکول سے پانچ سال بعد ۱۹۱۷ء میں میٹریکولیشن کا امتحان درجہ اوّل میں پاس کیا اس مرتبہ صوبہ ممالک متحدہ میں آپ کا چوتھا نمبر تھا گورنمنٹ کی جانب سے پھر وظیفہ عطا ہوا کہ کالج کی تعلیم حاصل کریں۔

والد صاحب کے ۱۹۱۵ء میں پنشن پا جانے سے آپ لوگوں کی مالی حالت اچھی نہیں رہی تھی اور آپ کے اعزا کی رائے تھی کہ آپ سلسلۂ تعلیم ترک کردیں لیکن آپنے پختہ ارادہ کرلیا تھا کہ جب تک بی۔ اے کی ڈگری نہ حاصل کرلینگے ہرگز تعلیم سے دستبردار نہ ہونگے۔ چنانچہ آپ کیننگ کالج لکھنؤ میں داخل ہوگئے اور اپنی ذاتی جد وجہد سے ۱۹۱۹ء میں ایف۔ اے سکنڈ ڈویژن میں اور ۱۹۲۱ء میں بی۔ اے پاس کیا۔

ملازمت بی۔ اے پاس کرنیکے چند ہی مہینے بعد آپکو ضلع غازی پور میں سب ڈپٹی انسپکٹر مدارس کی جگہ مل گئی۔ کچھ عرصہ بعد آپ سیتاپور تبدیل ہوگئے تین برس بعد آپکا تبادلہ ضلع ہردوئی کا ہوگیا جہاں آپ چھ برس رہے آپکو تعمیر عمارت کا بڑا شوق ہے چنانچہ ۱۹۳۰ء میں چار راہ کی رخصت لیکر اپنے وطن میں ایک مکان "عزیز منزل" کے نام سے بنوایا اس درمیان میں آپ کا تبادلہ ضلع کھیری کو ہوگیا۔ وہاں ڈیڑھ دو برس کام کرنیکے بعد آپ تین چار راہ کی رخصت لیکر مع اہل وعیال ۱۹۳۴ء میں کربلائے معلیٰ گئے۔ ملک عراق کی زیارات کے بعد خراسان کا بھی ارادہ تھا مگر بوجوہ چندیہ تمنا پوری نہ ہوسکی۔ وہاں سے واپسی کے بعد ضلع لکھنؤ میں تقرر ہوا لیکن کم وبیش ایک سال بعد ہی دوبارہ ضلع سیتاپور تبدیل ہوئے جہاں فی الحال کام کر رہے ہیں۔

قومی خدمات آپ کو اشاعت تعلیم کا بھی بہت شوق ہے چنانچہ آپنے اپنے وطن زیدپور میں ایک مکتب عزیز المدارس کے نام سے جاری کیا تھا جو تقریباً ایک سال تک قائم رہا۔

چونکہ آپ پردیس میں تھے اُس کی کافی نگرانی نہ ہوسکی اور ابنائے وطن نے اس سے کافی دلچسپی نہ لی اور نہ معقول فائدہ اُٹھایا لہٰذا مجبوراً اسکو بند کرنا پڑا۔

اس کے علاوہ اپنے ایک قریبی رشتہ دار کی ڈھائی سال پانچ روپیہ ماہوار کی اعانت بغرض حصول تعلیم انگریزی کرتے رہے۔ آپ ماہ نومبر ۱۹۳۳ء سے انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے باقاعدہ ممبر ہیں اور آپ انجمن سے خاص طور پر دلچسپی رکھتے ہیں۔

عالیجناب ڈاکٹر سیّد منصور حسین صاحب صبا بی۔ ایس۔ سی۔ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس

(لکھنؤ)

پیدائش وغیرہ جناب ڈاکٹر سیّد منصور حسین صاحب کی ولادت ۱۹۰۲ء میں بمقام جونپور محلہ دریبہ ہوئی، آپکے والد بزرگوار سید علی حامد صاحب

بی - اے - ایل - ایل - بی جج تھے آپ خاندان ذوالقدر بہادر سے ہیں لکھنؤ یونیورسٹی سے بی - ایس - سی اور ایم - بی - بی - ایس کی اسناد حاصل کیں زمانۂ تعلیم میں نہایت اچھے طلبا میں آپ کا شمار رہتا ہے -

کوائف زندگی اس وقت آپ لکھنؤ میں ڈاکٹری کر رہے ہیں کنگس یونانی ہسپتال میں سینئر ٹیچنڈنٹ ہیں اور گورنمنٹ طبیہ اسکول کے پرنسپل ہیں بہت نیک نفس اور ہر دلعزیز ہیں آپ اکتوبر ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں -

عالیجناب آغا سجّاد میرزا صاحب لکھنؤ
(فیض آباد)

حالات زندگی آپ ۱۸۸۵ء میں بمقام فیض آباد پیدا ہوئے آپکے بزرگ ایرانی تھے جو بادشاہ کے ہمراہ دہلی آئے تھے ننہیال کی طرف سے آپ کا سلسلہ نسب میرزا صائب تک پہنچتا ہے بادشاہان دہلی نے متعدد جاگیریں آپکے بزرگ محمد رضا خاں صاحب کو عطا کی تھیں - زمانۂ غدر میں آپکے دادا ورنانا صاحب دہلی سے فیض آباد آگئے تھے - آپکے دادا بعہد نواب شجاع الدولہ کیساں تھے - شاہی خدمات کے صلہ میں آپکے خاندان کے لوگوں کو نواب بہو بیگم صاحبہ کا وثیقہ ملتا ہے - آپ نے اُردو انگریزی کی تعلیم پائی اور نقشہ نویسی کا کام سیکھا اور سب اوورسیر ہو گئے - پھر ترقی کرتے رہے اور مختلف عہدوں کے فرائض انجام دیتے رہے آج کل آپ لکھنؤ میں پی - ڈبلو - ڈی سکریٹریٹ میں ملازم ہیں -

قومی خدمات فیض آباد میں انجمن سجادیہ قائم کی اور غیر آباد مساجد آباد کیا - درگاہ چوک فیض آباد کی درستی کے لئے احباب کی معیت میں آپنے ڈھائی ہزار روپیہ چندہ وصول کیا اور درگاہ کی تعمیری خدمات انجام دیں - درگاہ حضرت عباس علیہ السلام لکھنؤ کے گنبد کی درستی میں تعمیری خدمات انجام دیں - شیعہ یتیم خانہ لکھنؤ کی تعمیر کے سلسلہ میں تقریباً سات سال تک خدمت کی - فیض آباد میں شب یازدہم محرم کو شام غریباں کی مجلس کی بناڈالی - آپ خود اور آپکی اہلیہ اور دو صاحبزادے انجمن کے ممبر ہیں جو دوسروں کے لئے قابل تقلید ہے انتہائی خوش اخلاق اور متواضع ہیں - شیعہ کانفرنس کے حامیان میں آپ کا شمار ہوتا ہے - انجمن کے ساتھ حقیقی محبت رکھتے ہیں - اور اس کے دائرہ ممبران کو وسیع کرنے کی سعی بلیغ فرماتے رہتے ہیں اور آپ ماہ نومبر ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں -

عالیجناب اعجاز حسین صاحب قزلباش انسپکٹر پولیس
(سانگی پور)

حالات زندگی آپ خاندان قزلباش سے ہیں جو حضرت ظل سبحانی شاہ صفی صاحب طاب سراہ کا مرید تھا - آپکے مورث اعلیٰ مراد علی خاں نادر شاہ کے ہمراہ اصفہان سے ہندوستان وارد ہوئے - اور قیام کیا - دہلی سے اودھ تشریف لائے اور نواب اودھ کے درباری ہوئے اور خطاب رکن الدولہ پایا - ان کے صاحبزادہ فیض علی بیگ آگرہ چلے گئے اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانہ میں تحصیلدار رہے اور آخر میں فقیری اختیار کر کے جنگل کی راہ لی اُن کے صاحبزادہ میرزا حاتم بیگ مہر آگرہ میں وکیل سرکار رہے، منصف ہوئے مگر استعفا دیکر وکالت کرتے رہے، غالب کے

ہمعصر تھے خطوط غالب میں تذکرہ ہے صاحب دیوان ہیں۔ آپکے خسر عالی مقام ولی اللہ حاجی الحرمین عالی جناب شاہزادہ میرزا شمس بخت صاحب بہادر تیموری گورگانی سب جج نے بمقام لکھنؤ ۱۹۳۵ء میں انتقال فرمایا وانا للہ

غفران مآب طاب سراہ میں مدفون ہوئے۔ آپکے دو لڑکے اور دو لڑکیاں عطیہ مولائے دو جہاں علی ابن ابیطالب ہیں بڑے صاحبزادہ آغا مصطفیٰ قاسم قزلباش امتحان بی۔ اے میں مسال شریک ہوئے ہیں انجمن کے دسمبر ۱۹۳۳ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب پروفیسر سید مسعود حسن صاحب رضوی ادیب ایم۔ اے صدر شعبۂ فارسی و اُردو

(لکھنؤ یونیورسٹی)

آبا و اجداد کا حال | پروفیسر سید مسعود حسن صاحب رضوی ادیب ایم اے کے اجداد ذی عزت اور خوش حال تھے بعض پرانے سرکاری کاغذات سے جو موصوف کے پاس موجود ہیں معلوم ہوتا ہے کہ آپکے دادا سید عزیز علی صاحب مرحوم ولد سید عبد المطلب کی ایک جاگیر کی تفصیل درج ہے جو لواح لکھنؤ میں واقع تھی۔ سید عزیز علی صاحب مرحوم کی ایک بڑی جاگیر نواح گورکھپور میں بھی تھی۔ آپکے والد سید مرتضیٰ حسین صاحب مرحوم ایک ذی علم بزرگ اور حاذق طبیب تھے اودھ کے ضلع اناؤ میں نیوتنی کا قصبہ ان کا وطن تھا مگر علم کا شوق لکھنؤ کھینچ لے گیا تھا اور آب و دانہ کی کشش نے ان کو بہرائچ پہنچا دیا تھا جہاں ان کی ذہانت۔ صداقت۔ اتقا اور پابندیٔ وضع کی تعریف کرنیوالے اب بھی موجود ہیں۔

پیدائش و ابتدائی تعلیم وغیرہ | بہرائچ ہی میں پروفیسر صاحب محرم الحرام ۱۳۱۱ھ کو پیدا ہوئے۔ جب آپ چار برس چار مہینے اور چار دن کے ہوئے تو آپکی بسم اللہ ہوئی۔ عربی و فارسی کی تعلیم ہونے لگی آپ کے والد بزرگوار آپکو اپنے نقش قدم پر چلانا اور طب یونانی کا ماہر اور علوم اسلامی کا عالم بنانا چاہتے تھے۔ مگر آپ ابھی دس سال کے تھے کہ والد بزرگوار کا انتقال ہوگیا۔ والدہ ماجدہ نے اسکول بھیجدیا اسکول کا پہلا امتحان اپر پرائمری پاس کرکے وظیفہ کا امتحان امتیاز کے ساتھ پاس کیا اور وظیفہ حاصل کیا اس کے بعد ورنا کیولر فائنل امتحان اول درجہ میں پاس کرکے وظیفہ حاصل کیا۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم | انگریزی تعلیم ابتدا سے میٹریکولیشن تک حسین آباد ہائی اسکول لکھنؤ میں ہوئی۔ خان بہادر میرزا حبیب حسین مرحوم اس اسکول کے ہیڈ ماسٹر تھے وہ ہمیشہ آپکی ذہانت، قابلیت اور محنت سے خوش رہے اور اپنے سرٹیفکٹ میں آپ کی بڑی تعریف کی اور لکھا کہ آپ اسکول میں ہر حیثیت سے بہترین طالب علم تھے۔ انٹرمیڈیٹ اور بی۔ اے کی تعلیم کیننگ کالج لکھنؤ میں ہوئی مسٹر کیمرن پرنسپل کالج آپکی محنت قابلیت رسائی ذہن اور سلامت فہم سے بہت خوش رہے ۱۹۱۷ء میں بی۔ اے کا امتحان پاس کرلیا۔ ایم۔ اے کے درجہ میں داخل ہوگئے۔ مگر زمانۂ امتحان کے قریب ایک سخت بیماری کے باعث امتحان میں شریک نہ ہوسکے۔ آپ کی طالب علمی کا زمانہ قابل رشک اور قابل تقلید ہے

سررشتۂ تعلیم میں ملازمت | بی۔ اے پاس کرنیکے بعد اپریل ۱۹۱۸ء میں صوبۂ متحدہ کے سررشتۂ تعلیم میں ملازمت کرلی اس جگہ کی ابتدائی تنخواہ سو روپیہ ماہوار تھی اور کام یہ تھا کہ ہر سہ ماہی میں اس صوبہ میں جتنی کتابیں طبع ہوں اُن کی فہرست تمام ضروری تفصیلوں کے ساتھ مرتب کرکے صوبے کی سرکاری گزٹ میں شائع کیجائے۔ ساڑھے تین سال تک اس جگہ پر کام کیا اس زمانہ میں صوبہ متحدہ میں ہر سال ڈھائی تین ہزار کتابیں چھپتی تھیں اس طرح مختلف موضوعوں پر تقریباً دس بارہ ہزار کتب آپکی نظر سے گزریں۔ مطالعہ کی اس کثرت نے آپکی نظر میں وسعت اور دل میں تصنیف و تالیف کا شوق پیدا کیا۔

ایل ٹی کا امتحان اور اسکول کی ملازمت | اسی ملازمت کے زمانہ میں رخصت لیکر ٹریننگ کالج الہ آباد سے ۱۹۲۲ء میں ایل۔ ٹی کی سند حاصل کی اور اسی سال جولائی کے مہینہ میں گورنمنٹ ہائی اسکول فتح گڈھ

میں ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار پر آپ کا تقرر ہوگیا۔

لکھنؤ یونیورسٹی میں ملازمت اس ملازمت کو ابھی چالیس دن ہوئے تھے کہ لکھنؤ یونیورسٹی میں اُردو کے جونیئر لکچرار کی جگہ آپ کو ملگئی جس کی تنخواہ ۱۵۰ اس وقت ۲۵۰ ۰۰ ۲۲۵ تھی۔ چار برس کی ملازمت کے بعد اکتوبر ۱۹۲۶ء سے حسن خدمات کے صلہ میں آپکو اپنی مقررہ تنخواہ کے علاوہ پچیس روپیہ ماہوار الاؤنس ملنے لگا۔ اگست ۱۹۲۷ء میں آپکا تقرر ۲۵۰ ۰۰ ۴۵۰ کے گریڈ میں پونے تین سو روپیہ ماہوار پر اُردو کے لکچرار کی حیثیت سے ہوگیا ۱۹۳۰ء میں آپنے فارسی ایم۔اے کا امتحان اوّل درجہ میں اس امتیاز کے ساتھ پاس کیا کہ یونیورسٹی نے ایک طلائی تمغہ عطا کیا۔ اگست ۱۹۳۱ء میں آپ کا تقرر فارسی کے ریڈر اور شعبۂ فارسی و اُردو کے صدر کی حیثیت سے ۵۵۰ ۰۰ ۸۰۰ روپیہ کے گریڈ میں ہوگیا اور اب آپکی موجودہ تنخواہ آٹھسو روپیہ ماہوار ہے۔

آپکی تصانیف آپنے اوائل ۱۹۲۸ء میں "ہماری شاعری" کے نام سے ایک کتاب تصنیف کی یہ کتاب فنِ شعر کی قوت اور سخن فہمی کا ملکہ پیدا کرنے میں بے نظیر ہے جس تفصیل، جس خوبی، جس خوش اسلوبی اور جن مختلف پہلوؤں سے اُردو شاعری پر نظر ڈالی گئی ہے اور جس طرح نگاہوں سے اوجھل نکتے منظر عام پر لائے گئے ہیں وہ صد رجہ تحسین اور داد کے مستحق ہیں۔ یہ تصنیف اسقدر مقبول ہوئی کہ اس کے تین ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ یہ کتاب کئی یونیورسٹیوں میں داخل نصاب ہے اور ملک کے مشہور و معروف نقادوں نے اس پر شاندار الفاظ میں ریویو کیا ہے۔ ابتک جن کتابوں کی تصنیف، تالیف ترتیب ترجمہ یا تحشیہ آپنے کیا ہے اُن کے نام یہ ہیں امتحان وفا۔ فرہنگ امثال۔ ہماری شاعری۔ فیض میر۔ مجالس رنگین۔ دبستان اُردو۔ روح انیس۔ نظام اُردو۔ جواہر سخن۔ آپکے ذخیرہ کتب میں زیادہ تر ایسی کتابیں ہیں جو ادبی تحقیق کے لئے بالعموم اور ادب اُردو کی تاریخ کے لئے بالخصوص کارآمد ہیں تین چیزیں خاص طور سے قابل ذکر ہیں ایک مشاہیر کے خطوط کے مجموعے، دوسرے واجد علی شاہ کی تصانیف۔ تیسرے مراثی۔ مرثیوں کا ذخیرہ حقیقتاً حیرت انگیز ہے اور کئی سو مرثیہ گویوں کے کئی ہزار مرثیوں پر مشتمل ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف کی جو شہرت ایک باکمال ادیب و انشاپرداز کی حیثیت سے تمام ہندوستان میں ہے وہ کسی تفصیل کی محتاج نہیں ہے آپ مختلف ادبی اداروں کے صدر، نائب صدر، سکریٹری و ممبر وغیرہ رہ چکے ہیں جس میں ہندوستانی اکیڈمی۔ انجمن اُردو لکھنؤ وغیرہ خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔

اس وقت دو کتابیں زیر تصنیف ہیں ایک "حیات انیس" دوسری "تاریخ مرثیہ"، شعر کا شوق و ذوق فطری ہے اور آپ ادیب تخلص کرتے ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔ نہایت خلیق اور متواضع ہیں، کلام میں شیرینی ہے۔ جب میں لکھنؤ دورہ پر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا تو آپ کے حسن اخلاق نے میرے قلب پر گہرا اثر ڈالا تھا۔ درمیان میں ممبری کا سلسلہ منقطع ہوگیا تھا لیکن پھر جنوری ۱۹۳۳ء سے ممبری کی تجدید فرمائی ہے۔

عالیجناب پروفیسر سیّد علی عباس صاحب حسینی ایم۔اے ایل۔ٹی

(پارہ ضلع غازی پور)

خاندانی حالات فروری ۱۸۹۹ء میں پارہ ضلع غازی پور میں پیدا ہوئے۔ آپ کے جد امجد مولوی سیّد حسین اصغر صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ حضرت مفتی میر محمد عباس صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ کے ارشد تلامذہ میں تھے اور آپکے والد ماجد مولانا سیّد محمد صالح الحسینی اعلی اللہ مقامہ حضرت تاج العلما اعلی اللہ مقامہ سے شرف تلمذ رکھتے تھے۔ آپ کے عم محترم سیّد محمد اسحٰق الحسینی صاحب مدظلہ ہمیشہ قومیات سے گہری دلچسپی لیتے رہے۔

اور آپکے والد بزرگوار کے ساتھ ساتھ خود بھی انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے بہت عرصہ تک ممبر رہے۔

تعلیم سیّد علی عباس صاحب حسینی نے ابتدا میں مدرسہ سلیمانیہ پٹنہ میں عربی کی تعلیم حاصل کی، پھر انگریزی کی طرف رجوع کیا ۱۹۱۵ء میں میٹرک ۱۹۱۷ء میں ایف۔ اے اور ۱۹۱۹ء میں بی۔ اے کے امتحانات پاس کئے کچھ دنوں کے لئے محمڈن انگلو عربک کالج علیگڈھ میں انگریزی میں ایم۔ اے اور قانون کی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ مگر صحت کی خرابی کی وجہ سے یہ دونوں امتحانات ترک کر دینے پڑے ۱۹۲۷ء میں آپنے الہ آباد ٹریننگ کالج سے ایل۔ ٹی کی ڈگری حاصل کی اور گورنمنٹ ہائی اسکول رائے بریلی میں اسسٹنٹ ماسٹر مقرر ہوئے وہیں سے آپنے ۱۹۳۲ء میں تاریخ میں ایم۔ اے کا امتحان پاس کیا آج کل آپ گورنمنٹ جوبلی کالج میں اسسٹنٹ ماسٹر ہیں آپنے جس طرح کے ماحول میں تربیت پائی تھی اُس کا نتیجہ وہ علمی وادبی ذوق ہے جس نے انھیں ایک معلم کی زندگی پسند کرنے پر مجبور کیا ہے اور جو انھیں قصّے، کہانیاں، ناول، فسانے علمی اور تنقیدی مضامین لکھنے میں ہمیشہ منہمک رکھتا ہے آپکا سب سے پہلا ناول سر سید احمد پاشا ۱۹۱۹ء میں لکھا گیا ہے کچھ دنوں صحت کی خرابی ایل۔ ٹی کی تیاری اور معلمی کی ابتدائی دشواری نے قلم پر پہرے بٹھائے پھر نکلا نہ بیٹھا گیا اور برابر کچھ نہ کچھ لکھتے ہی رہے اور فسانہ نویسی میں ایک خاص امتیازی شان پیدا کر لی۔ چنانچہ ۱۹۳۲ء میں آپکے فسانوں کا مختصر مجموعہ "رفیق تنہائی" اس سال کی تمام ادبی کتابوں سے بہتر تسلیم کیا گیا اور ہندوستانی اکیڈمی یوپی نے آپکو اس پر پانچسو روپیہ کا گرانقدر انعام عطا فرمایا علاوہ ان دس سے زیادہ درسی کتابوں کے جو اب تک لکھ چکے ہیں۔ آپ اس وقت ایک ضخیم کتاب دو جلدوں میں "اُردو اور ناول نویسی" کے موضوع پر لکھنے میں مشغول ہیں۔

قومی خدمات شیعہ کانفرنس کی مرکزی کمیٹی کے باقاعدہ ممبر ہیں۔ آل انڈیا شیعہ یتیم خانہ کے ہمدرد ہیں۔

سرفراز پریس اور اخبار سرفراز کی کمیٹی کے ممبر ہیں سرفراز میں برابر اخلاقی اور ادبی، معاشرتی مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے آپ ایک جوشیلے ممبر اور سچے بہی خواہ ہیں اور فروری ۱۹۳۴ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد حامد علی صاحب

(بیلڑہ ضلع مظفرنگر)

حالات زندگی آپ موضع بیلڑہ ضلع مظفرنگر میں ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئے آپکے والد بزرگوار سیّد جیون علی صاحب مرحوم ومغفور کو امور دینی سے زیادہ دلچسپی رہی تعمیرات کا کافی شوق تھا علاوہ مکانات رہائش کے ایک مسجد اور ایک امام باڑہ جو بہت اچھی حیثیت رکھتے ہیں تعمیر کرایا۔ مرحوم انجمن جعفریہ مظفرنگر کے سرگرم رکن تھے۔ آپ کے برادر حقیقی جناب سیّد محمد علی صاحب اس وقت آنریری اسسٹنٹ کلکٹر ہیں۔ انجمن ترقی تعلیم سادات باہرہ مظفرنگر کے ٹرسٹی اور ریاست وقف متعلقہ انجمن مذکور کے مہتمم ہیں۔ پرائیویٹ طریقہ سے اُردو فارسی کی تعلیم حاصل کی اور انگریزی میں ایف۔ اے تک پڑھا۔

کوئی ملازمت نہیں کی اپنی زمینداری کے کام کو بہت دلچسپی کے ساتھ کرتے ہیں اور اس میں ترقی بھی کافی کی اور تقریباً ایک ہزار روپیہ بطور مالگذاری ادا کرتے ہیں۔ باغات میں بھی زیادہ دلچسپی سے کام کیا اور ابھی تک کر رہے ہیں۔

قومی خدمات انجمن ترقی تعلیم سادات باہرہ مظفرنگر کے بھی آپ ممبر ہیں اور نہایت دلچسپی سے کام کرتے ہیں۔ شیعہ یتیم خانہ دہلی، لکھنؤ کی بھی اعانت کرتے رہتے ہیں اور ایسی ہی دوسری قومی اداروں کی بھی امداد فرماتے ہیں اور آپنے رفاہ عام کو مدنظر رکھتے ہوئے دو عدد چاہ پختہ بھی تعمیر کرائے ہیں۔ انجمن کے مارچ ۱۹۳۳ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولانا سید اختر علی صاحب تلہری

(لکھنو)

ولادت وغیرہ مولانا سید اختر علی صاحب تلہری خلف سید اکبر علی صاحب تلہر ضلع شاہجہاں پور میں ۱۸۹۹ء میں پیدا ہوئے۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم آپکی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی اس کے بعد مدرسہ عالیہ رامپور میں داخل ہوگئے جہاں آپ کا شمار ممتاز طلبہ میں رہا ۱۹۱۲ء میں مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا ۱۹۱۶ء میں درس نظامی کے درجہ اعلیٰ کی سند حاصل کی ۱۹۱۸ء میں منشی فاضل پاس کیا۔

ملازمت ۱۹۱۹ء میں سرکاری ملازمت حاصل ہوئی۔ ابتدائی تقرر گورنمنٹ ہائی اسکول ہمیر پور میں ہوا ۱۹۲۱ء میں زمانۂ ملازمت میں ہی انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ کچھ عرصہ کے بعد آپ کا تبادلہ جوبلی انٹر کالج لکھنؤ کو ہوگیا۔ جہاں آپ بڑی خوبی سے اپنا کام انجام دے رہے ہیں۔

تصانیف وغیرہ قومی جرائد میں آپکے بلند پایہ مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں آپ نے "ابتلاء عظیم" لکھی جس کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی اور بڑے بڑے ادبا نے شاندار الفاظ میں اس کتاب پر ریویو کیا دیگر تصانیف "رسول کی پاکدامنی" "شہادت عظمیٰ" "اسلامی جہاد" وغیرہ ہیں۔

آپ کی تمام تصانیف پسندیدگی کی نظر سے دیکھی گئیں آپکے ادبی علمی مضامین سرفراز۔ ادیب۔ نگار۔ زمانہ۔ الحکم وغیرہ میں برابر شائع ہوتے رہتے ہیں۔

قومی خدمات قومی امور میں کافی دلچسپی ہے۔ شیعہ کانفرنس کی مرکزی کمیٹی کے ممبر ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات کے مارچ ۱۹۳۴ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب کرار حسین صاحب انصاری ایم۔ اے میرٹھ کالج

(شکارپور)

حالات زندگی آپ کے اجداد کا اصلی وطن شکارپور ضلع بلند شہر ہے۔ لیکن بسلسلۂ ملازمت آپ کے والد بزرگوار کوٹہ ریاست میں سکونت پذیر ہوگئے ہیں۔


ابتدائی تعلیم ابتدائی و اعلیٰ تعلیم کوٹہ میں مہاراجہ انٹر کالج میں حاصل کی ایف۔ اے پاس کرنے کے بعد آگرہ کالج میں داخلہ کرایا۔ پھر بی۔ اے کی سند آگرہ کالج سے نہایت اعلیٰ نمبروں سے حاصل کی اور گورنمنٹ سے تیس روپیہ ماہوار وظیفہ دو سال تک ملا۔ میرٹھ کالج سے ایم۔ اے انگریزی میں پاس کیا۔

ملازمت وغیرہ ایم۔ اے پاس کرنیکے بعد میرٹھ کالج میں لکچرار ہوگئے نہایت قابل اور رقائع لوگوں میں سے ہیں۔ جو کچھ لکھا ہے اُس پر مطمئن ہیں آگے ترقی کرنا نہیں چاہتے اگر چاہیں تو قوم کی بڑی خدمت کرسکتے ہیں۔ اکتوبر ۱۹۳۴ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔


ہر سال کی ہر قسم کی آمدنی کا چوتھائی حصہ بطور سرمایۂ محفوظ کے جمع ہوتا ہے۔ سرمایہ محفوظ پچاس ہزار ہوگیا ہے۔ ممبروں کی سفارش پر وظیفہ ملتا ہے۔



عالیجناب پرنس سید محمد عباس صاحب بالقابہ



عالیجناب شیخ توحید الحسن خان صاحب بالقابہ







عالیجناب شیخ عبدالرحیم صاحب بالقابہ



علامہ جناب مولوی سید حفیظ الاسلام حسین صاحب قبلہ



علامہ جناب نواب خان حسین صاحب قبلہ



علامہ جناب مولوی رشید حسین صاحب قبلہ



علامہ استاد رشید حسین صاحب قبلہ

عالیجناب سیّد توصیف الحسن خانصاحب رئیس و میونسپل کمشنر

(امروہہ)

حالات زندگی آپ کی ولادت جولائی ۱۹۰۱ء کو امروہہ ضلع مراد آباد میں ہوئی۔ آپکے والد بزرگوار سیّد منور حسن خاں صاحب امروہہ کے رئیس اور زمیندار تھے۔ ابتدائی تعلیم پرائیویٹ طور پر ہوئی عربی فارسی اور اُردو تعلیم کی تکمیل گھر پر کی اس کے بعد انگریزی بھی بقدر ضرورت پڑھی امام المدارس ہائی اسکول کی مجلس انتظامیہ کے رکن ایک عرصہ تک رہے امروہہ محلہ دربارکلاں کے متمول اور معزز حضرات میں شمار ہوتا ہے متواتر سات آٹھ سال سے بلا مقابلہ میونسپل کمشنر منتخب ہوتے رہے ہیں نہایت خلیق اور متواضع ہیں کلام میں شیرینی ہے۔ انجمن وظیفہ سادات کے اکتوبر ۱۹۳۴ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب ڈاکٹر سیّد اظہر حسن صاحب

(امروہہ)

حالات زندگی ڈاکٹر سیّد اظہر حسن صاحب سادات امروہہ کے مشہور خاندان کے ایک ممتاز رکن ہیں جو ۹ فروری ۱۸۷۱ء کو امروہہ میں پیدا ہوئے آپ پرانی وضع کی ایک زندہ یادگار ہیں آپکے والد ماجد کا اسم گرامی سیّد مظہر حسن صاحب تھا جو وکالت کا پیشہ کرتے تھے اور امروہہ کے معافیداروں میں تھے۔ ڈاکٹر صاحب کے دادا کے کوئی اولاد نرینہ نہ تھی اور اُن کی بابت مشہور ہے کہ جب اولاد نرینہ یعنی ڈاکٹر صاحب کے والد سیّد مظہر حسن صاحب پیدا ہوئے تو اس خوشی میں اُنھوں نے پھٹی کی رسم میں امروہہ کے ہندو مسلمانوں کو ایک وسیع اور اعلیٰ پیمانہ پر دعوت دی ڈاکٹر صاحب کی تعلیم اس زمانہ میں ہوئی جبکہ امروہہ میں انگریزیت کی ابتدا تھی اور ماسٹر فتح چند صاحب کی ہیڈ ماسٹری میں ایک مڈل اسکول امروہہ میں کھولا گیا تھا۔ اور انگریزی تعلیم کو کفر سمجھا جاتا تھا۔ آپنے عربی فارسی کی معمولی تعلیم کے بعد اس زمانہ کے اسکول میں صرف چوتھے درجہ تک انگریزی تعلیم حاصل کی اور آگرہ کے میڈیکل اسکول میں داخل ہوگئے اور ۱۸۹۱ء میں وہاں سے ڈاکٹری کی سند حاصل کی اور پھر ۷ مئی ۱۸۹۱ء کو میرٹھ کی فوج میں ڈاکٹر ہوگئے۔

۱۸۹۳ء میں وزیرستان فیلڈ فورس پر تعینات ہوئی اور ۱۸۹۴ء میں چترال ریلیف فورس پر آپ بھیجے گئے بمنہ ۱۹۰۰ء و ۱۹۰۱ء میں چین فیلڈ فورس پر تعینات ہوئے سپیشل پروموشن حاصل کیا ۱۹۱۵ء سے ۱۹۱۸ء تک یورپ گریٹ وار میں بغداد اور بصرہ میسوپوٹامیہ میں خدمات انجام دیں شیعہ کالج کو ایک پوری تنخواہ ماہ کی مرحمت فرمائی جنکی خدمات کے صلہ میں جملہ لڑائیوں سے آپکو میڈل ملتے رہے ۱۹۱۸ء میں لندن گریٹ وار سلیبریشن یعنی جنگ عظیم کے بعد جشن کی خوشی میں سرکاری طور پر آپ نامزد کئے گئے یعنی ہندوستان کے میڈیکل ڈیپارٹمنٹ میں منجملہ تین ہزار ڈاکٹروں کے صرف سات اصحاب کا جو انتخاب ہوا تھا ان میں ایک ڈاکٹر سیّد اظہر حسن صاحب بھی شامل تھے۔ اس کے بعد ۱۹۲۲ء میں آپنے پینشن لیکر اپنے وطن امروہہ میں پرائیویٹ طور پر پریکٹس شروع کی اور اہل وطن کی پُرخلوص خدمات کو اپنا مشغلہ زندگی اور ذریعہ نجات قرار دیا۔ مریضوں کے علاج میں جس طرح انکا دست شفا دراز اور وسیع ثابت ہوا اسی طرح انکی طبع کا دامن کھنچا ہوا رہا وہ بڑے بامروت اور پرخلوص خدمت کرنیوالے اور ہر شخص کی حالت کو دیکھتے ہوئے خدمت کرنیوالے ثابت ہوئے قومی معاملات میں پوری دلچسپی لیتے ہیں۔

اور حتی الامکان قومی تحریکات میں امداد فرماتے ہیں۔ آپ اکتوبر ۱۹۳۴ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔

عالیجناب برنس نواب سید محمد عباس صاحب موسوی الصفوی رئیس (شمس آباد)

۱۰ اکتوبر ۱۹۰۹ء کو کانپور میں پیدا ہوئے۔

آباؤ اجداد کا حال | آپ سلاطین صفویہ آثار اللہ تعالیٰ برہانہم کی اولاد میں سے ہیں۔ آباؤ اجداد نے ۱۰۰۰ھ میں زوال سلطنت صفویہ کے بعد ماژندران وغیرہ میں لوائے حکومت بلند کرنا چاہا لیکن کامیابی نہیں ہوئی بالآخر شاہ عالم ثانی کے عہد سے کچھ پیشتر شاہ محسن اردبیلی ہندوستان ہوئے، حکومت مغلیہ جہاں تب تھی کچھ بھی سلاطین وقت نے کافی قدر کی اور شاہ محسن اور انکی اولاد کو مناصب عالیہ عطا کئے گئے۔ ناصر الدین حیدر شاہ اودھ کے عہد میں شاہ میر صاحب لکھنؤ تشریف لے گئے اور وہیں اُن کے بڑے صاحبزادہ نواب محمد علی خاں کا عقد میر فضل علی وزیر اعظم اودھ کی صاحبزادی جعفری بیگم سے ہوا۔ میر فضل علی کے انتقال کے بعد ۱۲۵۳ھ میں نواب محمد علی خاں المعروف بہ نواب دولہ شمس آباد ضلع فرخ آباد میں مقیم ہوگئے۔ نواب محمد علی خاں کے صاحبزادہ نواب مہدی علی خاں کا انتقال ۱۹۱۲ء میں ہوا۔

حالات زندگی | آپ نواب مہدی علی خاں مرحوم کے بڑے صاحبزادہ نواب حیدر سلطان مظلہ العالی کے صاحبزادہ ہیں۔ والدین کے اکلوتے بیٹے ہونے کی وجہ سے کسی سرکاری درسگاہ میں داخل نہیں ہوئے پرائیویٹ طور سے مسلم یونیورسٹی علیگڈھ سے ۱۹۲۵ء میں انٹرنس کا امتحان پاس کیا ۱۹۲۶ء میں ایف۔ اے کا امتحان پرائیویٹ دیا۔ زمینداری کے کاموں میں مشغول ہونیکی وجہ سے کہیں ملازمت نہیں کی۔

قومی خدمات | امور قومی میں بقدر استطاعت حصہ لیا انجمن عقد بیوگان کی اکثر عائت کی نظارہ لکھنؤ، سہیل یمن لکھنؤ، اصلاح کھجوا اور دیگر شیعہ جرائد میں حمایت مذہب شیعہ میں کچھ نہ کچھ لکھتے رہتے علم رجال سے والہانہ شغف ہے۔ موضوع احادیث کے امتیاز کرنیکے لئے دو کتابیں "تنقید الاحادیث" اور "تطبیق الاحادیث" شائع کیں جنمیں قوم کے روشن خیال طبقے نے بہ نظر استحسان دیکھا۔ نومبر ۱۹۳۴ء سے آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔

عالیجناب حجۃ الاسلام مولوی سید سبط نبی صاحب قبلہ مجتہد العصر (نوگانواں ضلع مرادآباد)

پیدائش | آپ ۲۰ شعبان ۱۳۱۸ھ میں نوگانواں میں پیدا ہوئے آپنے ابتدائی مولوی محمد حسین صاحب نوگانوی سے پڑھا پھر مولوی حکیم سید ظہور الدین صاحب نوگانوی سے پڑھا اس کے بعد آپنے مدرسہ نور المدارس امروہہ میں جناب حاجی مولوی سید مرتضیٰ حسین صاحب قبلہ امروہوی اور مولوی محمد امین صاحب سنی المذہب ساکن شاہ آباد واقع ریاست عالیہ رامپور سے امروہہ میں رہکر پڑھا۔

تعلیم عراق | آپ اور مولوی سید یوسف حسین صاحب قبلہ امروہوی ۱۳۴۲ھ میں بغرض تکمیل علوم دینیہ عتبات عالیات کو گئے بعد زیارات

دورہ کر بلائے معلیٰ میں جناب مولوی کلب باقر صاحب مجتہد جائسی اور جناب آغا شیخ مہدی صاحب کشمیری سے پڑھا اور پھر نجف اشرف میں مدرسہ جناب آغا سید کاظم صاحب طباطبائی میں قیام فرما کر مشغول تحصیل علوم ہوئے فقہ و اصول فقہ و حدیث و تفسیر وغیرہ آغا خوند سید کاظم صاحب خراسانی اور آغا سید ابوالحسن صاحب اصفہانی اور آغا شیخ علی صاحب قوچانی اور آغا سید محمد پسر آغا سید کاظم طباطبائی اور آغا سید محمد فیروز آبادی اور آغا شیخ ضیاء عراقی اور آغا سید کاظم طباطبائی اور آقائے شریعت فرح اللہ اور دیگر ممائین علماء کے درس سطحی و خارجی میں شریک ہوتے رہے اور اپنے وطن کا عیش و آرام سالہا سال چھوڑ کر علم کے شوق میں وہاں رہے حالانکہ آپکی شادی بھی ہو چکی تھی بالآخر جناب کاظم صاحب طباطبائی اور جناب آقائے شریعت اور جناب آقا السید ابوالحسن موسوی اصفہانی اور جناب آقا ابوتراب صاحب موسوی تنجفی اور آقائے قوچانی اور جناب آقا شیخ محمد حسین صاحب حائری مازندرانی نے اجتہاد کے اجازے عطا فرمائے نوگانوہ میں آپ مجتہد ہیں ۱۳۳۲ھ میں نوگانوہ تشریف لائے اور نوگانوہ میں ایک مدرسہ ۱۳۳۳ھ میں جاری فرمایا - اس درسگاہ میں یونیورسٹی کی تعلیم ہوتی ہے خود بھی پڑھاتے تھے لیکن جب جناب مولانا یوسف حسین صاحب قبلہ مرحوم کا انتقال ہوا تو انکی جگہ پر مسلم یونیورسٹی علیگڈھ میں آپ کا تقرر بحیثیت ناظم شعبہ دینیات ہوا - آپ نہایت سادہ طبیعت اور متواضع واقع ہوئے ہیں - نہایت نیک طینت، مقدس و متقی ہیں - نام و نمود و شہرت کے متمنی نہیں ہیں آپ ماہ دسمبر ۱۹۳۷ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں -

عالیجناب سید صغیر حسن صاحب کاظمی بی - اے اکبر پور فیض آباد

(شیخوپورہ)

حالات زندگی | آپ تحصیل اکبر پور کے ایک موضع قیام الدین پور شیخوپورہ میں یکم اگست ۱۹۰۹ء کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی اسکولوں میں حاصل کی اس کے بعد ۱۹۲۹ء میں آگرہ یونیورسٹی سے بی اے کی سند حاصل کی -

ملازمت | یکم فروری ۱۹۲۹ء کو محکمہ ڈاکخانہ میں ملازم ہوگئے اور آجکل اکبر پور میں تبادلہ ہوا ہے اور بہت ہر دلعزیز ہیں طرز معاشرت نہایت سادہ ہے قومی امور میں حتی المقدور حصہ لیتے ہیں - دسمبر ۱۹۳۷ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں -

عالیجناب نواب خاقان حسین صاحب رضوی عارف

(کانپور)

ابتدائی حالات | آپ کا اسم گرامی سید خاقان حسین صاحب رضوی اور عارف تخلص ہے بزرگوں کا اصلی وطن قم ایران ہے ترک وطن کر کے دہلی میں آباد ہوئے اب آپ کانپور میں رہتے ہیں عمر تخمیناً ۶۰ سال ہے سال ولادت ۱۸۷۶ء ہے - آغاز عمر میں عربی فارسی کی کتابیں اور اساتذہ ایران کے دواوین آقا احمد صاحب آذربائیجانی سے پڑھیں نظم فارسی کا شوق اور مذاق صوفیانہ اور حکیمانہ انہیں بزرگوار کی خوشنودی کا نتیجہ ہے -

فارسی کی نظم پر اصلاح سالہا سال تک انھیں جناب آقا احمد صاحب حامد مرزمہ سے جو ایرانی تھے لیتے رہے۔ انگریزی گورنمنٹ اسکول میں حاصل کی آقا تکو صوف سے کچھ ترکی زبان بھی سیکھی تھی۔

اجداد کا حال آپکے دادو نواب سید علی حسین خاں صاحب مرحوم نواب دولہ صاحب کے بزرگ دربار عالمگیری میں عہدہائے ممتاز پر فائز تھے گولکنڈہ وغیرہ صوبوں کی گورنری یعنی صوبہ داری بھی ان سے متعلق رہی ہے دلی کی تباہی کے بعد فیض آباد آرہے دادا صاحب مرحوم کی ولادت یہیں ہوئی اور نواب معتمد الدولہ آغا میر صاحب کی صاحبزادی سے شادی ہوئی۔ ان معظمہ کے بطن سے تین صاحبزادے پیدا ہوئے۔ نواب سید اکبر حسین خاں مرحوم المتخلص بہ سیف آپکے بڑے چچا تھے، آپکے والد نواب سید مظفر حسین خاں صاحب المتخلص بہ سرخوش آپکے چھوٹے حقیقی چچا نواب سید احمد حسین خاں مرحوم سالک وغیرہ تھے۔ غازی الدین حیدر بہادر شاہ اوّل اودھ نے غالباً ۱۸۲۵ء میں کچھ روپیہ ایسٹ انڈیا کمپنی کو صہ فیصدی کے سود پر دئے تھے اور وصیت کی تھی کہ میرے بعد فلاں فلاں اشخاص کو اس میں سے دیا جائے۔ چنانچہ نواب آغا میر صاحب المنقب بہ معتمد الدولہ بہادر سالق الذکر کے واسطے بیس ہزار روپیہ ماہواری کی پنشن مقرر کی جو آج تک حصہ رسد آپ لوگوں کو ملا کرتی ہے۔ دوسرا ذریعہ معاش کرایہ مکانات، دوکانات دیہات کی آمدنی ہے۔ خدا کے فضل سے آپکے دو لڑکے ہیں۔ سید قیصر حسین صاحب قیصر تخلص اور سید انور حسین سلمہ اللہ تعالیٰ، دونوں خدا کے فضل سے تعلیم یافتہ وصاحب اولاد ہیں۔ ۱۹۱۸ء میں آنریری مجسٹریٹ مقرر ہوئے ۱۹۳۳ء تک کام کیا۔ اس عرصہ میں دیانتداری اور خوش اخلاقی اور عمدگی کے بخشت سارٹیفکٹ آف آنر آپ کو لے دو تمغے چاندی کے پھر دو موقعوں پر حاصل ہوئے۔ چنانچہ دربار تاج پوشی کے موقع پر ایک تمغہ ملا ہے ۱۹۳۳ء میں جب آپنے کام کی کثرت اور صحت کے بگڑ جانے سے مجبور ہو کر استعفا دیا اس وقت آپ کو گورنمنٹ نے ازراہ قدردانی "ہول لائف آنریری مجسٹریٹ" کا درجہ اختیارات مزید کے ساتھ عنایت فرمایا۔

تصانیف و تالیفات آپکے مؤلفات فارسی میں ایک دیوان ہے چھ ہزار اشعار کے قریب، ایک معدن الاسرار نامی مثنوی ہے جس میں تین ہزار سے زائد شعر ہیں فلسفہ اور تصوف اور حل عقائد مذہبی بمذاق حکیمانہ اس کا موضوع ہے اُردو میں العلم و عمل نامی کتاب لائق دید ہے مذہب شیعہ کا اصلی حال دکھایا ہے۔ مولویوں کے اثر سے یہ کتاب بالکل علیحدہ ہے۔ انگریزی میں اسٹڈی آف شیازم سب سے پہلی کتاب ہے جس میں عقائد و تعلیم مذہب کا خلاصہ چھاپا گیا ہے۔

سب سے پہلے اس موضوع پر جس نے قلم اُٹھایا اور لوگوں کو ایسا کرنے پر آمادہ کیا وہ آپ ہی ہیں۔

عربی میں الحکمۃ لدنیہ ایسے مضمون پر لکھی گئی ہے جس کی نظیر دنیا کے مذاہب میں کہیں نظر نہیں آتی مگر افسوس زمانہ کی ناقدر شناسی سے بہ استثنا نمبر ۳-۴ کے اور سب غیر مطبوع موجود ہیں۔ آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ماہ اکتوبر ۱۹۳۴ء سے ممبر ہیں اور آپکو انجمن سے بڑی ہمدردی ہے۔

عالیجناب سید شبیر حسین صاحب بخاری بی۔ اے۔ بی۔ ٹی ہیڈ ماسٹر زمیندار مسلم ہائی اسکول (گجرات پنجاب)

حالات زندگی سید صاحب موصوف کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی اُردو فارسی۔ عربی وغیرہ آپنے پرائیویٹ طور پر پڑھی اس کے بعد مقامی اسکول میں داخل ہوگئے۔ ابتدا ہی سے آپ بڑے ذہین تھے اور اپنی ذہانت و

اپنے کام میں یدطولیٰ رکھتے ہیں۔ اکتوبر ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد اظہر حسین صاحب
(بیسلپور ضلع پیلی بھیت)

حالات زندگی آپ کا تاریخی نام محمد اظہر حسین ہے آپ ۲۰ صفر ۱۳۲۵ھ کو موضع نورلیوں سرائے تحصیل سنبھل ضلع مُراد آباد میں پیدا ہوئے اصل وطن سے زیدی سید ہیں آباؤ اجداد کا پیشہ زمینداری تھا والد ماجد سیّد مظہر حسین صاحب مرحوم کا سایہ ۵ سال کی عمر میں سر پر سے اُٹھ گیا۔ باپ کا سایہ سر سے اُٹھ جانے کے بعد والدہ معظمہ نے اپنے برادر سیّد اعجاز حسین صاحب عرف ننھے میاں ساکن قصبہ سرسی ضلع مُراد آباد کی نگرانی میں دونوں بھائیوں کو پرورش کیا اور تعلیم دلائی۔ آپ نے پہلے اپنے پیدائشی مقام نورلیوں سرائے کے اپر پرائمری اسکول میں درجہ چہارم تک تعلیم پائی۔ ۲۰ مئی ۱۹۱۹ء کو درجہ چہارم پاس کیا۔ اس کے بعد وظیفہ کا امتحان دیا۔ جس میں کامیاب ہوئے اور ڈسٹرکٹ بورڈ سے ۴ روپیہ ماہوار اُردو مڈل تک وظیفہ پایا۔ درجہ پنجم سے اُردو مڈل تک تحصیلی اسکول سنبھل میں تعلیم پائی۔ مارچ ۱۹۲۲ء میں اُردو مڈل اچھے نمبروں سے پاس کیا کہ گورنمنٹ نے انگریزی تعلیم کے واسطے پہلے مبلغ چھ روپیہ ماہوار دو سال تک اور بعد میں مبلغ آٹھ روپیہ ماہوار ہائی اسکول پاس کرنے تک دیئے۔ انگریزی تعلیم میونسپل مسلم ہائی سکول مُراد آباد میں حاصل کی اور ۱۹۲۶ء میں ہائی اسکول پاس کیا۔ اس کے بعد مُراد آباد کالج کے انٹرمیڈیٹ کلاس میں داخل ہوگئے لیکن مالی کمزوری کی وجہ سے تعلیم چھوڑ دی اور کلکٹری مُراد آباد میں پیڈ اپرنٹیسی کرلی پیڈ اپرنٹیسی کی حالت میں قانون گو ٹریننگ اسکول کے داخلہ کے واسطے مقابلہ کے امتحان میں شریک ہوگئے جس میں کامیاب ہوئے اور پیڈ اپرنٹیسی سے استعفاء دیکر قانون گو ٹریننگ اسکول ہردوئی میں داخل ہوگئے۔ قانون گو ٹریننگ اسکول کی تعلیم کے واسطے انجمن وظیفہ سادات سے ۱۹۳۰ء میں آٹھ روپیہ ماہوار وظیفہ دس ماہ تک لیا اس ٹریننگ کو پاس کرنے کے بعد پٹکیل سرے ٹریننگ کے واسطے انجمن کے بند و بست میں بھیجے گئے جہاں تین ماہ تک دس روپیہ ماہوار کے حساب سے انجمن سے اور وظیفہ لیا اسکے بعد یکم مئی ۱۹۲۸ء سے ضلع گونڈہ میں بحیثیت قانونگو آپکا تقرر ہوگیا۔ تنخواہ پاتے ہی آپنے قرض حسنہ کی ادائیگی شروع کردی اور جنوری ۱۹۳۲ء کو قرض حسنہ سے سبکدوش ہوگئے۔ ستمبر ۱۹۳۲ء میں دوبارہ ضلع پیلی بھیت بھیجدیئے گئے یہانکی تحصیل پورزیو میں ۱۲ ستمبر ۱۹۳۳ء کو چارج لیا اُسی تاریخ سے آپ مستقل گرداور قانون گو کردیئے گئے۔ آپکے چھوٹے بھائی سیّد ناصر حسین صاحب مرض جنون میں مبتلا ہیں آپ نے منت مانی ہے کہ اگر ان کو صحت ہوگی تو آپ بارہ روپیہ ماہوار شیعہ یتیم خانہ اور انجمن وظیفہ سادات کو مرحمت فرمایا کریں گے۔

ممبران انجمن سے درخواست ہے کہ موصوف کے برادر کی صحت کے لئے دُعا سے بخل نہ فرمائیں آپ مارچ ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ خداوند عالم آپ کے برادر کو شفا عطا فرمائے۔

عالیجناب سیّد ضیاء الاسلام صاحب عیاں چارچوی بی۔ اے ایل ایل بی مرحوم

پیدائش وغیرہ سیّد ضیاء الاسلام نام اور عیاں تخلص تھا۔ اخیر (میرٹھ) زمانہ ۱۸۹۶ء میں بمقام رُڑکی ضلع سہارنپور جہاں عیاں صاحب مرحوم کے

نانا سید مہدی علی صاحب مرحوم ڈپٹی کلکٹر تھے، بروز جمعہ پیدا ہوئے۔ عیاں مرحوم کے والد بزرگوار سید سلطان الحق صاحب مرحوم سید محمد مرتضیٰ صاحب بیان ویزدانی جارچوی میرٹھی کے چھوٹے بھائی تھے۔ بیان میرٹھی نے اپنے زمانۂ حیات ہی میں عیاں کو اپنا بیٹا بنا لیا تھا۔ عیاں مرحوم کی ابتدائی تعلیم گورکھپور سے جہاں انکے والد سلسلۂ ملازمت متعین تھے شروع ہوئی لیکن جبکہ عیاں مرحوم کی عمر ۱۰ سال کی تھی انکے والد مولوی سید سلطان الحق کا انتقال بمقام لکھنؤ بعارضۂ فالج ہو گیا۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم اب اس خاندان کا بار کفالت عیاں صاحب مرحوم کے چچا میر سید حسین صاحب مرحوم تحصیلدار و سید علی اوسط صاحب مرحوم بیرسٹر ایٹ لا لکھنؤ پر رہا۔ اور عیاں صاحب مرحوم کا سلسلۂ تعلیم جوبلی ہائی اسکول لکھنؤ میں شروع ہوا۔ میٹریکولیشن کا امتحان شاندار حیثیت سے پاس کر کے کنگ کالج میں داخل ہوئے اور ایف۔ اے پاس کیا زمانہ کی ضروریات نے مجبور کر کے لکھنؤ چھڑایا اور عیاں نے گورکھپور جا کر بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔

وکالت بی۔ اے پاس کر کے الہ آباد چلے گئے۔ اسی دوران تعلیم ترک کر کے مجبوراً ہائی اسکول میں ملازمت کر لی۔ امتحان وکالت میں کامیاب ہو کر میرٹھ میں مشغول وکالت شروع کی اور وہاں کے بڑے بڑے اہل قلم اور کامیاب وکیل تھے۔

شاعری کی ابتدا عیاں مرحوم کی طبیعت بچپن سے شعر و شاعری کی طرف مائل تھی چنانچہ جب عیاں کی عمر ۸ سال کی تھی تو اپنے ایک بھائی کے تعلق جبتہ یہ شعر کہا تھا ؎

نماز صبح آپ پڑھتے نہیں
خدا کی عبادت بھی کرتے نہیں

پہلی غزل اکتوبر ۱۹۱۵ء میں کہی جس پر اپنے بڑے بھائی سید صدر الاسلام صاحب صدر سرکل انسپکٹر پولیس کے مشورہ سے مداح آل محمد جناب میرزا کاظم حسین صاحب محشر لکھنوی سے اصلاح لی اور کچھ دنوں جناب محشر ہی سے اصلاح لیتے رہے عیاں مرحوم کی غزل کا ایک شعر آجتک اس زمانہ کے طلبا میں مشہور ہے جو درج ذیل کیا جاتا ہے۔ لطف سے

خالی نہ ہوگا ؎

آ اے اجل کہ دیکھ نہ لے آسماں کہیں
مرمر کے آج پہنچے ہیں ہم کوئے یار میں

لکھنؤ چھوڑ کر جب گورکھپور پہنچے وہاں مشاعروں میں شریک ہونے لگے۔ کلام کی بلاغت اور دلکشی نے وہیں سے ممتاز شعرا کی صف میں شامل کر لیا۔ اصلاح لینے کا سلسلہ ترک ہو گیا۔ الہ آباد میں غزلوں پر سر تیج بہادر سپرو اور مونی لال نہرو کے تمغہ جات حاصل کئے۔ مہدی حسین صاحب بصری مرحوم کے مشورہ سے ذاکری شروع کی اور اس حیثیت سے ذاکر ہوئے کہ میرٹھ۔ لاہور۔ امروہہ۔ بہرائچ بنی۔ علی گڑھ اور لکھنؤ میں ان کی مجالس یادگار ہیں اور خراج تحسین حاصل کر چکی ہیں۔

علالت و رحلت وسط سال ۱۹۳۳ء میں مرض سل میں مبتلا ہو کے میرٹھ میں جب کوئی فائدہ کی صورت نہ ہوئی تو اپنے بھائی سید صدر الاسلام صاحب جو لکھنؤ میں انسپکٹر پولیس تھے ان کے پاس علاج کے لیئے آئے لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا اور تقریباً ۳۷ سال کی عمر میں ۲۱ جنوری ۱۹۳۴ء کو صبح ۹ بجے سے قبل انتقال کیا اور وہیں منشی فضل حسین کی کربلا میں دفن ہوئے ذیل کے دو شعر اپنے زمانۂ حیات میں تصنیف کیے جو انکی وصیت کے مطابق سنگ مزار پر کندہ ہیں ؎

مظفر شام غربت کب تیری جان نکلی ہائے کروٹ پنجم آخر جس وقت تو بولا تھا
میں اور قیام گیا مجبور تھا عیاں ال تو آئی خوشی تھی ورنہ جینے میں کیا دھرا تھا

مرنے کی تاریخیں تو بہت ہیں لیکن جناب محشر لکھنوی کا قطعہ عام طور پر پسند کیا گیا اور وہی قبر پر کندہ کرا دیا گیا ؎

نوجوانی میں اجل آئی ہائے ؛ اٹھ گیا دار فنا سے ناکام
سنگ تربت پہ لکھو اے محشرؔ ؛ یہ بنی قبر ضیاء الاسلام

ملازمت کرنے کے عیاں مرحوم بہت خلاف رہے تھے کہتے تھے کہ اپنی زندگی پر پابندیاں خود لگا لینا ایک فضول بات ہے۔ چنانچہ ۱۹۲۷ء میں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کا عہدہ مل رہا تھا لیکن باوجود اعزا کے اصرار کے بھی لینے کی کوشش نہ کی۔

ایک مرتبہ ایک اپیل میں مظفر نگر کے کلکٹر کے اجلاس پر گئے۔ کلکٹر صاحب

پہچانتے نہ تھے حیاں نہایت سادہ لباس میں تھے جب انھوں نے بحث شروع کی تمام اجلاس خالی ہوگیا لیکن جس وقت بحث ختم کی اس وقت باہر تک جلاس و کلاسے بھرا ہوا تھا اور کلکٹر نے علاوہ اس کے کہ فیصلہ انکے موافق دیا ان کو اس روز مہمان بھی رکھا۔

کلام کا نمونہ یہاں موجود نہیں ہے میرٹھ میں زیر طبع ہے۔ اصل وطن جارچہ تھا لیکن دادا کے وقت سے میرٹھ میں سکونت پذیر رہے۔ نہایت خوش رو اور صاف رنگ کے آدمی تھے۔ ایک لڑکی چھوڑی ہے۔ انجمن سے امداد لیتی تھی جو سب ادا کردی۔ انجمن کے جون ۱۹۳۳ء سے ممبر تھے۔

عالیجناب مولوی سید اشاد حسین صاحب

(آگرہ)

حالات زندگی آپکا وطن بلند شہر ہے آپ بالاے کوٹ محلہ قاضی ٹولہ میں پیدا ہوئے۔ مورث اعلیٰ مشہد مقدس سے شمس آباد ضلع فرخ آباد آئے آپکے والد ماجد کا گھر اطراف بلند شہر میں مشہور و معروف رہا ہے جب آپ سن تمیز کو پہنچے تو خود بخود تحصیل عربی کا دل میں شوق پیدا ہوا بدقت چھپکر امروہہ پہنچے اور مدرسہ مدارس میں داخلہ کرالیا۔ ۱۹۱۸ء میں ملا اللہ آباد آئے اور مولوی پنجاب سید المدارس ہیں کو پاس کیا۔ عالم فلسفہ و منطق اور ادیب فاضل ۱۹۲۱ء میں نور المدارس سے پاس کیا ۱۹۲۵ء میں بصورت مستثنی الہ آباد آئے اور علی قابلیت آگرہ میں پاس کیا۔ اب آپ آگرہ میں محسن ہائی اسکول میں مدرس ہیں اور آپ جنوری ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی میر حید رصاحب پیارک ہائی ایٹ

(اعظم گڈھ)

ابتدائی حالات آپ کا مولد و مسکن قصبہ ہل ضلع اعظم گڈھ ہے آپنے ابتدائی تعلیم اپنے وطن کے مدرسہ میں حاصل کی اور پھر گورکھپور سے نارمل اسکول پاس کیا۔ خدا نے آپ کے دماغ کو ذہن و ذکاوت کی ایسی تیز بجلیاں عطا فرمائی ہیں کہ آپ جس میدان میں قدم رکھتے ہیں اسے سر کئے بغیر نہیں رہتے۔ نارمل اسکول کے امتحان میں آپ اول نمبر کامیاب ہوئے منشی کا امتحان بھی شاندار طریقہ پر پاس کیا۔

ملازمت ۱۹۱۱ء میں اسکول کے اسٹاف میں داخل ہونے کے بعد آپ ترقی کرکے نارمل اسکول کی ماسٹری پر پہنچے اور اب گورنمنٹ اسکول ایٹہ میں ٹیچر ہیں۔

قومی خدمات آپ کی قومی زندگی اسوقت سے شروع ہوئی جب آپ نے ہوش سنبھالا۔ اس میدان میں قدم رکھنے کے بعد آپ جادۂ قلم فرما رہے ہیں۔ متعدد رسالے اور بیشمار مضامین آپکے قلم کی تراوش کا نتیجہ ہیں۔ کوئی اخبار یا قومی رسالہ ایسا نہیں ہے جس میں آپ کے دریائے نگارش کی لہریں جاری نہ ہوں۔ مسائل قومی اور حفظ مذہب حقہ میں آپکا قلم بجلی کی رو سے زیادہ سرعت سے چلتا ہے۔ اہل بیت اطہار سے آپ کو غیر معمولی محبت ہے۔ ان کے آستانہ پر آپنے عقیدت کے ایسے ایسے گلہائے شاداب نثار کئے ہیں جنھوں نے نظم کے پھولوں کی رنگت کو بھی ماند کردیا ہے فرائض منصبی اور حوائج ضروری سے فراغت کے بعد آپ کو اگر کوئی کام

ہے نو قلمرانی۔ قومی خدمات کی دوڑ میں آپ کی زبان کبھی آپ کے قلم سے پیچھے نہیں رہی۔ آپ کو علامہ حائری قبلہ سے شرف تلمذ حاصل ہے اس کے علاوہ بھی کسی موقع پر جہاں بولنا چاہیئے آپ خاموش نہیں رہتے۔ آپ لفظاً ہی بیباک نہیں ہیں بلکہ معناً و عملاً بھی ہیں۔ آپ جنوری ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب سید محمد زاہد صاحب ڈپٹی کلکٹر آگرہ

(سیدواڑہ ضلع بارہ بنکی)

ابتدائی حالات آپکا وطن سیدواڑہ ضلع بارہ بنکی ہے۔ سنہ ۱۸۹۰ء میں ولادت ہوئی۔ سادات زیدی ہیں۔ آپ کے والد بزرگوار سید محمد عابد صاحب مرحوم نے رائے بریلی میں وکالت کی و رہبت نام حاصل کیا۔ رائے بریلی میں قیام کی وجہ سے آپ کی ابتدائی تعلیم وہیں ہوئی۔ سنہ ۱۹۰۹ء علی گڑھ میں اور ۱۹۱۲ء تک کیمفورڈ میں تعلیم حاصل کی۔


ملازمت وغیرہ تعلیم سے فراغت حاصل کرنے کے بعد قریب ایک سال کے ریاست بیکانیر بطور پرائیویٹ سکریٹری پرنس شیوا جی راؤ کے کام کیا۔ علاوہ اخراجات کے چار سو روپیہ ماہوار تنخواہ تھی۔ ۱۹۱۵ء میں بستی میں ڈپٹی کلکٹر مقرر ہوئے تنخواہ ۲۵۰ روپیہ ماہوار سے شروع ہوئی۔ اس درمیان میں دو مرتبہ کار خاص میں مقرر ہوئے ۱۹۲۱ء میں سہارنپور میں مردم شماری کا دفتر سپرد ہوا ۱۹۳۱-۳۲ء میں پراونشل ٹریننگ کلاس مراد آباد میں لکچرار کی خدمت سپرد ہوئی دونوں جگہ خوش اسلوبی اور نیک نامی سے کام انجام دیا۔

اس وقت آپ آگرہ میں ڈپٹی کلکٹر ہیں۔ آپ کی موجودہ تنخواہ ساڑھے سات سو روپیہ ماہوار ہے۔ آپ مارچ ۱۹۳۵ء سے انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سید محمد مجتبیٰ صاحب عراق

(نوگانواں ضلع مراد آباد)

ابتدائی حالات آپ کی ولادت ۴ رجب سنہ ۱۳۰۲ھ کو اپنے وطن مالوف نوگانوہ سادات ضلع مراد آباد میں ہوئی۔ اگرچہ آپ کا خاندان بحیثیت قدردانی علم و فضل، احساس مذہب جذبات ملت۔ پابندئ شرعیات ہمیشہ سے امتیازی شان رکھتا ہے لیکن ماضی قریب آپکے خاندان کو علم و کمال سے غیر معمولی ربط ہے یعنی آپ کے والد ماجد مولانا سید محمد حسین صاحب امام جمعہ و جماعت جانسٹھ ضلع مظفر نگر بڑے پایہ کے واعظ و ذاکر صاحب صفات قدیم عالم جید فقیہ مستند بڑی بڑی ضخیم و مفید کتابوں کے مصنف ہیں جن کی اولاد میں دو ہستیاں ایک آپ اور ایک آپکے بڑے بھائی مولانا حکیم سید مظاہر حسین صاحب علم و فضل میں بڑے مرتبہ پر فائز ہیں، ابتدائی صرف و نحو جانسٹھ میں رہکر اپنے والد سے پڑھی درجہ مولوی پنجاب کی سند منصبیہ کالج میرٹھ میں مولانا ناظر حسین صاحب ممتاز الافاضل بڑھانوی سے اور مولوی عالم پنجاب کی سند ڈبائی ضلع بلند شہر میں مولوی سید زوار حسین صاحب مولوی فاضل نوگانوی سے پڑھکر حاصل کی اس کے بعد ایک سال تک مدرسہ عالیہ رامپور میں ہکر مولوی سید تاثیر حسن صاحب مرحوم ممتاز الافاضل پھندیڑوی مولوی فضل حق صاحب فلسفی حنفی اور مولانا سید محمد داؤد صاحب




عالیجناب مولوی سید محمد محسنی صاحب قبلہ




عالیجناب لوی ولادحسین صاحب شاہ قبلہ



عالیجناب شیخ محمد زاہد صاحب بالقابہ




عالیجناب لوئی بھیم جی صاحب کاکانی قبلہ



عالیجناب موسیٰ میمن صاحب پاک علی بالقابہ



عالیجناب سید محمد تقی ہادی صاحب باالقابہ



عالیجناب سیّد حسن علی شاہ صاحب باالقابہ



عالیجناب سیّد افسر علی صاحب باالقابہ



منشی فاضل، مولوی فاضل، ممتاز الافاضل زنگی پوری قبلہ سے شرح لمہ۔ تفسیر بیضاوی شرح اشارات وغیرہ وغیرہ میں تلمذ رہا۔ پھر چھ سات سال تک سید المدارس امروہہ میں رہکر جناب مولانا السید محمد صاحب قبلہ مجتہد العصر امروہوی سے استفادات کرتے رہے۔ درجات عالم۔ آدیب فاضل۔ فقیہہ فاضل الہ آباد کی سندیں ممدوح ہی کے زیر سایہ رہکر حاصل کیں۔ امروہہ و لکھنؤ وغیرہ جہاں بسلسلۂ تحصیل علم رہے مرجع طلاب بھی رہے یعنی خارج اوقات میں اکثر اوقات طلاب آپ سے عالیہ و فاضل کی کتابیں پڑھتے تھے جس قدر میدان علم میں آگے بڑھتے گئے یہ خدمتیں بھی ترقی کرتی گئیں یہی وجہ ہے کہ آپ اپنے اساتذہ و بلکہ تمام علما و مجتہدین کی نظر میں وقیع و عزیز رہے اور یہی چنانچہ آپ کے اساتذہ میں سے جناب مولانا مجتہد العصر سید محمد صاحب امروہوی مولانا سید کلب حسین صاحب مجتہد لکھنوی، مولانا سید محمد ہادی صاحب لکھنوی اور غیر اساتذہ میں سے جناب سلطان العلما مولانا سید محمد صاحب مجتہد لکھنوی اور جناب ناصر الملۃ مولانا سید ناصر حسین صاحب مجتہد لکھنوی نے جو اجازات عطا فرمائے ہیں وہ آپکی تحقیقی و تدقیقی تحصیل اور علمی تعمق و تبحر کی شاندار دلیل ہیں

ملازمت وغیرہ | دوران تحصیل میں بھی اور اس کے بعد بھی آپنے چار پانچ سال تک بسلسلۂ ملازمت سید المدارس کی علمی خدمات انجام دیں اور یونیورسٹی کے اعلیٰ درجات کی تعلیم میں شاندار نتائج برآمد کئے، اثنائے سکونت اپنے وطن میں اپنے ادارہ تصنیف و تالیف دائرۃ الاشاعۃ کے سرپرست ہیں۔ آپ اپریل ۱۹۲۳ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے پرجوش و ہمدرد ممبر ہیں اس کی ہر قسم کی بہبودی میں منہمک رہتے ہیں اور باوجود وغیرہ معمولی عدیم الفرصتی کے اکثر اوقات عملی حصہ لیتے رہتے ہیں۔

تصانیف وغیرہ | آپ کا علم و کمال ہمدردی قوم کی تعلیم و تدریس وغیرہ وغیرہ میں حصہ لینے کے ساتھ ساتھ آپ اپنے بیان و تقریر سے قوم و مذہب کی وہ گراں قدر و گراں بہا خدمات فرماتے رہتے ہیں جن کی ایک مذہبی کارآمد و پُرجوش عالم سے امید ہوسکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے مواعظ و مجالس نے اطراف و اکناف ہند میں باوجود اس حداثت سن و سال کے آپ کا قابل رشک تعارف کرا دیا ہے۔ آپ کو تصنیف و تالیف سے خاص شغف ہے اپنے جواہر علم کو قوم کے سامنے بے دھڑک پیش فرما کر مذہب کی بہترین خدمات انجام دیتے رہتے ہیں۔

آپکی بہت سی ضخیم و جید کتابیں دینیات طبابت و صحافت میں آچکی ہیں اور آتی رہتی ہیں جنھیں قدر دانان قوم نے بیش قیمت خراج تحسین دیا ہے۔ علما و مجتہدین دیگر ارباب قلم اور مدیران جرائد و اخبار کی بہترین تقریظات و آرا جو بذریعہ اشتہارات بر ایر اخبار میں شائع ہوتی رہتی ہیں آپ کے کمال علم و علو شان پر ناطق گواہ ہیں آپکی ان خدمات کا مرکز دارالاشاعت نوگانواں سادات ہے جسکے مستقل اور بذریعہ اخبار و جرائد اشتہارات سے ہندوستان کا کوئی دور و نزدیک مقام خالی نہیں۔ آپ ذی الحجہ ۱۳۵۵ھ میں بغرض تحصیل مراتب اجتہاد عراق تشریف لے گئے ہیں۔ خدا وند عالم آپ کو کامیاب فرما کر عالمانہ فیوض پر مجتہدانہ افادات کا اضافہ فرمائے۔

عالیجناب مولوی سید وصی حیدر صاحب بلگرامی

(مظفر پور)

حالات زندگی | آپ سادات بلگرام سے ہیں۔ آپکے والد ماجد سید محمد عسکری صاحب بلگرامی بڑے دیندار بزرگ تھے۔ آپکی ولادت قصبہ کوٹھ ضلع شاہ آباد میں ۲۱ محرم ۱۳۱۲ھ کو ہوئی ۱۳۱۸ھ میں والد مرحوم کے انتقال بعد نانا مرحوم کے ساتھ مظفر پور میں رہنے لگے اور اب تک

مامول سید محمد امیر صاحب بلگرامی زمیندار و پریسیڈنٹ یونین بورڈ کے ساتھ ہیں۔ شادی ۱۳۳۸ھ میں نانھی سید ضمیر الحسن صاحب بلگرامی ساکن موضع باڑی ضلع ہردوئی کی منجلی لڑکی سے ہوئی جن سے ایک لڑکی اور دو لڑکے حیات ہیں۔

تعلیم وغیرہ ابتدائی تعلیم قصبہ کوٹھ ضلع آرہ میں حکیم مولوی سید محمد مجید صاحب بلگرامی کے زیر نگرانی ہوئی۔ والد مرحوم کے انتقال کے بعد مدرسہ ایمانیہ مظفر پور میں داخل ہوئے۔ جہاں عربی کی اوسط اور فارسی کی اعلیٰ درسیات کی تعلیم ہوئی یہ سلسلہ مدرسہ ایمانیہ کی انتہائی تعلیم سے آگے نہ بڑھ سکا۔

ملازمت ۱۹۲۳ء میں مدرسہ ایمانیہ میں مدرس سوم بحال کئے گئے دو سال کے بعد مدرس دوم کے استعفا پر ان کی جگہ آپکو دیگئی ۱۹۲۳ء سے اوائل ۱۹۳۰ء تک مدھیپورا اور سہرسنڈھا ہائی انگلش اسکولوں میں ہیڈ مولوی کے عہدہ پر مامور رہے۔ جہاں ہندی اور انگریزی کی مہارت حاصل کی۔ فروری ۱۹۳۰ء کالیجیٹ اسکول مظفر پور میں ہیڈ مولوی ہی کو اتھ انجمن معراج التقریر بزم مقاصدہ، انجمن امامیہ، اور شیعہ مشن مظفر پور کے بانی۔ سکریٹری اور کارکن رہ چکے ہیں۔ ۱۹۳۳ء کے زلزلہ بہار کے بعد انجمن عباسیہ علی نگر سارن کی خدمات مساجد وغیرہ میں بھی حصہ لیا اور اس کے سرمایہ کی فراہمی میں چند اضلاع بہار کا دورہ بھی کیا۔ آپ نومبر ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور اس کی توسیع ممبران میں خاص حصہ لیتے ہیں۔

عالیجناب مولوی سید اولاد حسین صاحب شاعر قبلہ لکھنوی

(رامپور)

ولادت جناب مولوی سید اولاد حسین صاحب شاعر ۱۴ ذی الحجہ ۱۳۱۲ھ کو بمقام لکھنؤ محلہ سبزی شہر بیتکدہ حضرت عماد الدین مولانا سید مصطفیٰ صاحب میں ہوئی۔ حضرت عماد العلماء آپکے حقیقی نانا تھے۔

اجداد کا حال آپکے والد بزرگوار مولوی سید فرزند حسین صاحب مرحوم ذاکر اپنے حقیقی ماموں نواب مولوی سید احمد حسن فاخر مرحوم کے دولتخانہ واقع محلہ بڑھی حضرت گنج لکھنؤ میں رہتے تھے۔ لہذا دولت کے سایہ میں آپکے چودہ برس گذرے۔ یہیں آپکی تعلیم کی ابتدا ہوئی۔ آپکے اساتذہ میں آپکے حقیقی چچا شمس العلماء مولوی سید سبط حسن صاحب مرحوم اور قدوۃ العلماء طاب ثراہما حضرت ممتاز العلماء مولوی سید ابو الحسن صاحب قبلہ کے اسماء گرامی خاص طور قابل ذکر ہیں۔ مدرسوں میں مدرسہ ناظمیہ اور سلطان المدارس قابل تحریر ہیں۔ آپکے دادا حضرت فاخر مرحوم کا دولتخانہ ایک طرف تو دولت دنیا سے مالا مال تھا۔ دوسری جانب علم و ادب کے جواہر ریزے سنگریزوں کی طرح راہ میں بچھے ہوئے تھے۔ یہاں شعراء کا مجمع تھا۔ مولوی سید مہدی حسین صاحب ناصر۔ مولوی سید بندہ کاظم صاحب جاوید مولوی ساجد حسین صاحب فہم کے ادنیٰ حلقۂ تاثرات نے آپ کو ۸ سال کی عمر میں شاعر بنا دیا۔ شاعر پر ماحول کا اثر ہوا کرتا ہے لہذا ان مرثیہ گویوں میں رہکر سب سے پہلے آپنے مرثیہ کی طرف توجہ کی اور شعراء کی انجمن سے علیحدہ ہو کر لیل و نہار کے انقلابات نے آپکو مجبور کیا کہ ملازمت تلاش کریں اور آپ سیارہ اخبار میں دس روپیہ ماہوار پر ملازم ہوگئے۔ آپسے قدوۃ العلما نے فرمایا کہ ذاکر بنیو! حدیث خوانی کی کتب کا مطالعہ شروع کیا اور یکم محرم کی پہلی مجلس پڑھی اور کاشی مرحوم کا مرثیہ پڑھا، مجلس نہایت کامیاب رہی اور دھوم مچگئی۔ ہر شخص کی زبان پر تعریف تھی۔ اور سیارہ اخبار میں بھی آپکے زور قلم کی دھوم ہوئی اور بالآخر سب ایڈیٹر ہوگئے اور پھر بہ حیثیت شریک ایک حصہ کے مالک ہوگئے۔ سیارہ کے بعد سفینہ اخبار نکالا اور وقت نے مساعدت کی۔ نجف اشرف کی گورنمنٹ نے باغیوں کی فہرست میں لکھدیا۔

نواب صاحب خیر پور کی آمد داغی کے سلسلہ میں حیدرآباد کے مولوی سید عبد الرسول صاحب نے خیر پور اسٹیٹ پہنچا دیا اور یہاں کے نواب صاحب بہادر نے موجودہ نواب صاحب کا استاد بنا دیا نواب صاحب بہادر مرحوم نے آپکی سرپرستی کی۔

ریاست رامپور میں حضرت قدوۃ العلماء نے مولانائے موصوف

کو رامپور پہنچایا۔ نواب جنت مکان اعلیٰ اللہ مقامہ کے رعب نے وہ سکہ بٹھایا کہ سیاسیات سے قطع تعلق کیا اور رامپور میں واعظ مقرر ہوئے اس کے بعد آڈیٹری کا عہدہ مرحمت فرمایا۔ اس کے بعد معلم الاطفال مقرر ہوئے اور جنت مکان کے انتقال کے بعد موجودہ نواب صاحب بہادر نے پہلے مختار پھر سپلیٹی آفیسر پھر افسر اوقاف اور اوقاف میں مصرف خیر کے صیغہ جات کا اضافہ فرما کر افسر امور خیر کر دیا ہے۔ اور آج کل آپ رامپور میں ہیں نہایت خلیق اور متواضع ہیں۔ جب میں دہلی ہز ہائینس نواب صاحب بہادر کی خدمت میں وفد کے ہمراہ گیا تھا تو آپ کی خدمت میں شرف باریابی حاصل ہوا۔ میری درخواست پر فوٹو مرحمت فرمایا ہے۔ آپ جون ۱۹۳۵ء سے انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد محمد نوازشاہ صاحب گردیزی

(ملتان)

ابتدائی حالات زندگی آپ جولائی ۱۸۸۲ء میں اپنے وطن مالوف ملتان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار عالیجناب خان بہادر سیّد حسن بخش صاحب گردیزی کا معززین و روسائے عظام میں شمار ہوتا ہے۔ چھ سال کی عمر میں کلام پاک کی تعلیم شروع کی۔ تین سال بعد اسکول میں داخل ہو گئے۔ ۱۹۰۰ء میں انٹرنس کا امتحان پاس کیا پھر ۱۹۰۲ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے امتحان ایف۔ اے پاس کیا۔

ملازمت زمانۂ ملازمت ۱۹۰۵ء سے شروع ہوتا ہے۔ ابتداءً قائمقام نائب تحصیلدار مقرر ہوئے اور بعد کو امتحان تحصیلداری پاس کیا ۱۹۰۸ء سے ۱۹۲۵ء تک مختلف مقامات میں تحصیلداری کے فرائض کو بطریق احسن انجام دیا اور جنگ عظیم و سیلاب ضلع مظفرگڑھ کی خدمات کے صلہ میں سندات۔ انعامات حاصل کئے۔ ۱۴ اپریل ۱۹۲۵ء سے اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہو کر ضلع نشکری میں چارج لیا۔ جون ۱۹۳۲ء تک اس عہدہ کے فرائض بحیثیت مجسٹریٹ درجہ اوّل انجام دئے۔ جولائی ۱۹۳۲ء سے پنشن لیکر ملتان میں اپنے وقت کو قومی خدمات میں صرف کر رہے ہیں۔

قومی خدمات وغیرہ حصول پنشن کے بعد سے آپ اپنا وقت مذہبی کتب کے مطالعہ میں صرف کرتے ہیں۔ آپ کا زیادہ وقت تفسیر کلام مجید کی تلاوت میں صرف ہوتا ہے ۱۹۲۷ء اور ۱۹۲۹ء میں زیارات مشاہد مقدسہ سے مشرف ہوئے۔ ہر قومی کام میں حصہ لیتے ہیں۔ جولائی ۱۹۳۳ء سے انجمن کے باقاعدہ ممبر ہیں۔ ۱۹۳۶ء کی کارکن کمیٹی کے ممبر بھی منتخب ہوئے۔

بڑے ہمدرد قوم اور مخلص ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ آپ جولائی ۱۹۳۳ء سے انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد محمد تقی ہادی صاحب۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی وکیل میونسپل کمشنر

(امروہہ)

ابتدائی حالات آپ خان بہادر سیّد نبی ہادی صاحب رئیس اعظم امروہہ سابق ایم۔ ایل۔ اے کے فرزند ارجمند ہیں ۱۹۰۲ء میں امروہہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ پھر گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ میں داخل ہو گئے اور ۱۹۲۱ء میں انٹرنس پاس کیا اس کے بعد شیعہ کالج لکھنؤ

میں داخلہ کرایا۔ چند ماہ کے بعد علیگڈھ مسلم یونیورسٹی میں داخل ہوگئے۔ ۱۹۲۷ء میں بی۔ اے پاس کیا۔ اور ۱۹۳۰ء میں ایل۔ ایل۔ بی کی ڈگری حاصل کرکے امروہہ میں پریکٹس شروع کردی۔

قومی خدمات علیگڈھ سے تشریف لانے کے بعد امروہہ کی مقامی انجمن اصلاح معاشرت میں سرگرمی سے حصہ لینے لگے اور یہاں پر سیاسی ہر دلعزیزی حاصل کی۔ امام المدارس ہائی اسکول کے منیجر منتخب ہوئے ۱۹۳۱ء سے۔ اسکول کی ترقی میں برابر جدوجہد کرتے رہے اور چودہ ہزار کی رقم سے اسکول کی امداد بھی کی۔ اسکول کی تعمیر میں بہت سا حصہ سرسید رضا علی بالقابہ سے عمارت اسکول کا سنگ بنیاد رکھا اور بیس ہزار سے زائد کی رقم چندہ سے جمع کرکے امام المدارس ہائی اسکول امروہہ کی عمارت پر صرف کیا۔ یہ آپ ہی کے ذاتی اثرات و کوشش کا نتیجہ تھا۔ جبکہ ریکگنیشن کی بیحد ہوئی اسکول درجات کھولنے کی درخواست نامنظور کرچکی تھی مسٹر اے۔ ایم میکنزی صاحب سابق ڈائرکٹر آف ایجوکیشن نے اپنے خصوصی اختیارات سے امام المدارس کو ہائی اسکول کیا۔ یو۔ پی کے فیوچر کا نفرنس کے ممبر ہیں۔ اور اس وقت میں جو وزیر تعلیمات کی خدمت میں باریاب ہوا تھا آپ بھی شریک تھے۔ آپ کے والد بزرگوار نے علاوہ مستقل امداد کی ایک کمرہ تقریباً دو ہزار کے صرفہ سے نئی ہادی روم تعمیر کرایا۔

انجمن اصلاح معاشرت کے۔ کن بھی ۵ پیکٹ ہیں۔ آل انڈیا مسلم اسکول کی کارکن کمیٹی کے ممبر بھی ہیں ۱۹۳۳ء میں میونسپل بورڈ امروہہ کے ممبر ہوئے اور ۱۹۳۵ء میں جبکہ سر ہیری ہیگ گورنر یوپی امروہہ تشریف لاتے ہیں تو آپ میونسپل بورڈ کے وائس چیرمین تھے ۱۹۳۵ء میں پھر آپ میونسپل کمشنر منتخب ہوئے اور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے آپ چیرمین تھے۔ انڈیا شیعہ کانفرنس مسلم لیگ مسلم آپٹیکل کانفرنس وغیرہ کے ممبر بھی ہیں۔ نہایت خاموش کام کرنیوالے لوگوں میں ہیں نہایت خاموش واقع ہوئے ہیں اور ہر کام کو بہت غور و خوض کرنیکے بعد کرتے ہیں انجمن ستمبر ۱۹۲۶ء سے ممبر ہیں۔


عالیجناب سیّد حسن علی شاہ صاحب

(بھاولپور)


ابتدائی حالات زندگی سیّد حسن علی شاہ صاحب قبلہ کے والد بزرگوار کا اسم گرامی سیّد چراغ علی شاہ صاحب مرحوم ہے۔ آپکی جائے پیدائش فیروز پور قصوری دروازہ ہے۔ آپ کے والد ماجد سیّد چراغ علی شاہ صاحب مرحوم بہاولپور میں ملازم تھے۔ صوبہ داری کے عہدے سے پنشن یاب ہوکر اپنے حقیقی ماموں سیّد کاظم شاہ صاحب کے پاس فیروز پور میں مقیم ہوئے اور شرف داماد ی حاصل کیا۔ نو سال کی عمر ہوئی تو لاہور میں فقیر قمرالدین صاحب کی خدمت میں جو اس وقت شاید شخصیلدار تھے بھیجے گئے۔ معمولی نامہ اور منشی کاری کا غذات مختار نامہ جات وغیرہ کا علم ممدوح بکمال شفقت پیش آئے۔ اور لاہور میں تعلیم دلوانے کا وعدہ فرمایا۔ مگر آپکی نانی صاحبہ نے لاہور میں رکھنا منظور نہ فرمایا اور فیروز پور میں بلا کر حکمت وغیرہ کی تعلیم دلوائی۔

ملازمت آپ سال ۱۹۰۹ء سے بھاولپور میں منصرم جاگیر ہوئے اور مطب بھی ساتھ ہی رکھا۔ اس کے بعد ملازمت کو محکمہ پولیس میں منتقل کرایا۔ مئی ۱۹۲۳ء تک پولیس بھاولپور میں رہ کر کارہائے منصبی کو نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دیا۔ ڈکیتی اور رسہ قزاق کے مقدمات برآمد کرکے حکام وقت سے انعام اور خوشنودی مزاج کے سرٹیفکیٹ حاصل کئے۔ آپ کو علم جفر میں کمال مہارت حاصل ہے جو خاندانی عطیہ ہے

ملازمت خیرپور ہز ہائینس جنت نشیانی میر علی نواز خاں مغفور فرمانروائے ریاست خیرپور میرس آپکو کمال محبت تھی۔ میر صاحب مرحوم کا زمانہ ولیعہدی زرد پگڑ آشوب تھا۔ اس زمانہ میں آپ لکھنؤ شولاپور بمبئی وغیرہ مقامات میں آپ کے ہمراہ تھے۔ میر صاحب ممدوح نے مسند نشین ہونے پر آپ کی ملازمت دس سال کے لئے بھاولپور اسٹیٹ



عالیجناب سیّد احسان حسین صاحب باالقابہ




عالیجناب خواجہ حبیب علی صاحب باالقابہ



والاجناب شیخ الحسن صاحب باالقابہ



عالیجناب مولوی سیّد بشیر حسین صاحب قبلہ




عالیجناب سید طاہر حسین صاحب قریشی باقابہ



عالیجناب مرزا مہدی رضا صاحب باقابہ



عالیجناب ظہور الحسنین صاحب باقابہ



عالیجناب سید محمد اصغر صاحب باقابہ

سے عاریتاً لی اور خیرپور پولیس میں بمقام کوٹ ڈجی فوجدار پولیس تعینات ہوئے۔ بھاول پور میں باقاعدہ عزاداری امام ہمام امام حسین علیہ السلام روحی و روضا فداہ آپ نے قائم کی جس کے باعث آپ کو سخت ترین مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ چنانچہ سال ۱۹۲۶ء کے واقعات اوراق تاریخ میں تا قیامت تابندہ رہیں گے۔ الحمد للہ آپ اپنے ارادوں میں نہایت خوش اسلوبی سے کامیاب ہوئے۔ بھاولپور میں امام باڑہ قائم کر کے وقف علی الاولاد کیا۔ باقاعدہ عزاداری کی بنیاد ڈالی۔ ریاست خیرپور میں بھی عزاداری کو رونق دی۔ فوجدار پولیس رہے اور آخر میں مرحوم ہز ہائینس میر علی نواز خاں صاحب کی خدمت میں ریٹائرڈ ہوئے۔ بھاولپور میں بھی عہدۂ سارجنٹی کی پنشن ملی جس کی وصولی یکم جولائی ۱۹۳۶ء کو ہوئی ہے۔ سال ۱۹۱۵ء میں آپ زیارات عتبات عالیات سے مشرف ہو چکے ہیں۔

قومی خدمات آپ کی اولاد نرینہ میں بفضلہ تعالیٰ صرف سید علی حسین صاحب کربلائی ہیں۔ آپ خاموش قومی کام کرنے والے ہیں۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے اجلاس ہائے منعقدہ ملتان۔ سکھر۔ منٹگمری وغیرہ میں آپ نے شمولیت کی اور اراکین کانفرنس کو اپنے زرّیں مشوروں سے امداد دی۔ سال ۱۹۰۸ء میں انجمن صادقیہ بھاولپور اسٹیٹ کی بنیاد رکھی جو اس وقت تک بھاولپور کی شیعی پبلک کی اہم خدمات انجام دے رہی ہے۔ یہ انجمن آل انڈیا شیعہ کانفرنس کا سٹیٹ باڈی کی حیثیت میں شیعیان بھاولپور کی نمایندگی کرتے ہوئے ملحقہ ادارہ ہے۔ آپ اس قومی ادارہ کے صدر ہیں۔ انجمن جولائی ۱۹۳۴ء سے ممبر ہیں اخبار بینی کا از حد شوق ہے سرفراز۔ الواعظ لکھنؤ۔ شیعہ لاہور۔ اسد لکھنؤ۔ در نجف سیالکوٹ، سفینہ لاہور۔ اصلاح کھجوہ۔ اتحاد امروہہ وغیرہ وغیرہ جرائد کے مستقل خریدار ہیں۔

عالیجناب سیّد افسر علی صاحب زیدی

(دہلی)

ابتدائی حالات آپ ۱۰ مئی ۱۹۰۶ء کو دہلی میں پیدا ہوئے اور ۱۹۱۳ء میں عربک اسکول میں پہلی جماعت میں داخل ہوئے۔ ۱۹۲۳ء میں تعلیمی سلسلہ انٹرنس جماعت سے منقطع ہو گیا اور تجارت وغیرہ میں مصروف ہو گئے لیکن اس میں خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں ہوئی اس لئے ۱۹۲۷ء میں انٹرنس کا امتحان دیا اور کامیاب ہوئے۔

قومی خدمات انٹرنس کرنے کے بعد اگست ۱۹۳۰ء میں آر۔ ایم ایس محکمہ میں ملازم ہو گئے۔ قومی اور مذہبی کاموں میں خوب حصہ لیتے ہیں۔ مختلف قومی اداروں کے عہدہ دار رہے اور اپنے فرائض کو نہایت مستعدی اور خوبی سے انجام دیا۔ نہایت ہی غیور واقع ہوئے ہیں اور "اپنی مدد آپ" کے اصول کو پسند کرتے ہیں۔ دہلی میں درجنوں اداروں نے آپ کی خدمات سے فائدہ اُٹھایا ہے ۱۹۳۱ء سے انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔

عالیجناب خواجہ حبیب علی صاحب تحصیلدار پانی پت

(روپڑ ضلع انبالہ)

حالات زندگی خواجہ محب علی صاحب مرحوم پانی پت کے معززین میں سے تھے۔ آپ خواجہ غلام السبطین صاحب کے حقیقی بھانجے ہیں۔ آپ

اگست ۱۸۹۰ء میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم دینیات فارسی، اُردو وغیرہ گھر پر مولوی خواجہ غلام الحسنین صاحب سے حاصل کی ۱۹۱۲ء میں بی ایس سی علیگڈھ یونیورسٹی سے پاس کیا۔ کالج اور اسکولوں میں آپ کی محنت اور قابلیت کی داد اساتذہ نے خوب دی کالج میں وظیفہ حاصل کیا آپ نہایت ذہین ہیں۔ آپ نے ڈپٹی کلکٹری کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا اور ڈپٹی کلکٹری کیلئے نامزد ہوئے۔

ملازمت وغیرہ کچھ عرصہ تک گورنمنٹ آف انڈیا میں کام کیا۔ اس کے بعد ایک سکول میں اعلیٰ جماعتوں کی تعلیم دی اب پنجاب ضلع انبالہ میں تحصیلدار ہیں آپنے تحصیلداری کا امتحان نہایت اعلیٰ نمبروں سے پاس کیا۔

قومی خدمات درد قومی رکھتے ہیں۔ ہر قومی تحریک میں انہاک سے حصہ لیتے ہیں۔ آپ جولائی ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سید رضا حیدر صاحب زیدہ ضلع فیروزپور

(میمن سادات)

حالات زندگی وطن مالوف میمن سادات ہے۔ ابتدائی و اعلیٰ تعلیم منصبیہ کالج میرٹھ میں عالیجناب حافظ خواجہ فیاض حسین صاحب قبلہ مرحوم اور مولوی سید یوسف حسین صاحب قبلہ مجتہد مرحوم سے حاصل کی اور اسی درس گاہ سے الہ آباد یونیورسٹی کے منشی اور مولوی کے درجات پاس کئے اور منشی عالم پنجاب یونیورسٹی سے کیا۔ بعد ازاں اورینٹل کالج لاہور سے منشی فاضل کی ڈگری حاصل کی اور ٹریننگ کالج لاہور سے ٹریننگ کی سند حاصل کرکے جالندھر ڈویژن کے مقامات پر ۱۹۲۷ء سے ملازم ہیں۔

قومی خدمات دو سال تک نور پور ضلع کانگڑہ میں بسلسلہ ملازمت قیام رہا اور انجمن معین الغرباء قائم کی۔ تین چار سال تک مرکزی کمیٹی آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے ممبر رہے۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین سے خاص اُنس ہے۔ جولائی ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد افتخار حسین صاحب تحصیلدار پنشنیر

(جاگیردار مونہہ)

حالات زندگی جناب میر افتخار حسین صاحب تحصیلدار پنشنیر جاگیردار مونہہ نے ابتدائی تعلیم عربی و فارسی علیگڈھ میں عالیجناب شمس العلماء مولوی سید عباس حسین صاحب جارچوی مرحوم کی خدمت میں رہکر حاصل کی اور جناب قبلہ و کعبہ مولانا مولوی قاری سید جعفر علی صاحب سے قرأت سیکھی محمڈن کالج علی گڑھ سے انٹرنس پاس کیا۔ آپ کے والد بزرگوار میر اشرف علی صاحب مونہہ کے معزز افراد میں سے تھے آپ کے والد ماجد نے کوشش کرکے آپ کو تحصیلدار کرادیا جس خدمت کو آپ نے بڑی خوبی سے انجام دیا۔ اب آپ پنشن لیکر مونہہ میں سکونت پذیر ہیں۔

تصنیف و تالیف وغیرہ آپ کا ہمیشہ سے دینیات کی طرف رجحان رہا ہے۔ متعدد رسائل بھی تالیف کرچکے ہیں اور مذہبی جرائد و رسائل وغیرہ میں آپ کے گراں قدر مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں

قومی خدمات یتیم خانہ دہلی کے ممبر ہیں۔ شیعہ کالج لکھنؤ کا وفد جب مونہہ پہنچا تو آپ نے ایک ہزار روپیہ مرحمت فرمایا تھا۔ زیارات عتبات

عالیات سے بھی مشرف ہو چکے ہیں۔ | آپ ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب سیّد احسان حسین صاحب موسوی

(حیدرآباد دکن)

حالات زندگی | آپ یکم ذی الحجہ ۱۲۹۱ھ کو قصبہ کپور ضلع بارہ بنکی میں پیدا ہوئے جب بارہ سال کے ہوئے تو آپ کے والد بزرگوار کا انتقال ہو گیا ابتدائی تعلیم قصبہ کپور میں ہوئی۔ اس کے بعد سرپرستی مولانا مولوی سیّد کرامت حسین صاحب قبلہ مرحوم میں کچھ سال تک علی گڑھ کالج میں تعلیم حاصل کی پھر لکھنؤ میں جوبلی کالج میں داخل ہوئے۔ عربی تعلیم حضرت ناصر الملت قبلہ سے حاصل کی آپ اگست ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سیّد بشیر حسن صاحب ہائی پوٹر

(امروہہ)

حالات زندگی | مولوی سیّد بشیر حسن صاحب امروہہ کے خاندان سادات کے ایک ممتاز رکن ہیں۔ آپ کی ابتدائی تعلیم سید المدارس امروہہ میں ہوئی ۱۹۰۹ء میں آپ اورینٹل کالج لاہور میں داخل ہوئے اور مولوی عالم اور مولوی فاضل پاس کیا۔ اس کے بعد انگریزی میں انٹرنس پاس کیا تعلیمی مدارج نہایت خوش اسلوبی سے طے کئے اور شاندار حیثیت سے امتحانات پاس کئے۔ مولوی عالم کے امتحان میں اوّل نمبر اور یونیورسٹی میں دوسرے درجہ پر رہے۔ گورنمنٹ کی طرف سے دس روپیہ ماہوار دو سال تک اس شاندار کامیابی کے سلسلہ میں وظیفہ ملا۔ زمانۂ تعلیم ہی میں آپکو انجمن وظیفہ سادات سے اُنس پیدا ہو گیا تھا اور آپنے اس کی ممبری قبول قبول فرمائی تھی۔ لیکن درمیان میں ممبری کا سلسلہ منقطع ہو گیا تھا اب پھر آپ نے تجدید فرمائی ہے۔ فروری ۱۹۱۸ء سے سرکاری ملازمت میں بحیثیت مدرس عربی و فارسی داخل ہوئے۔ آج کل آپ ہائی پوٹر گورنمنٹ ہائی اسکول میں مدرس ہیں۔

قومی خدمات و تصانیف | قوم کی اخلاقی و معاشرتی اصلاح کی طرف خاص طور سے آپ متوجہ ہیں۔ تعلیم نسواں کے زبردست حامی ہیں۔ لڑکیوں کو اچھی بیٹی۔ کامیاب بیوی اور سلیقہ مند ماں بنانے کے لئے آپ نے ایک معرکۃ الآرا کتاب تصنیف کی جس کا نام "گھر گرہستی" ہے۔ یہ کتاب ہندوستان کے مشہور و معروف حضرات نے بہت پسند کی اور ایک ہندو صاحب نے اس کتاب کا ہندی میں ترجمہ کر کے شائع کیا آل احمد گرلز اسکول امروہہ کے سرپرستوں میں سے ہیں اور کافی امداد کرتے ہیں انجمن اصلاح معاشرت امروہہ کے خاص رکن ہیں۔ آپ جون ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ بڑے خلیق اور متواضع ہیں۔

غیر مستطیع شیعہ طلباء اس فنڈ سے وظیفہ پا سکتے ہیں
نیک چلن، پابند صوم و صلوٰۃ طالب علموں کو وظیفہ ملتا ہے

عالیجناب سیّد ظہور الحسنین صاحب نقوی فتح پوری

(کرنال)

حالات زندگی آپ کا وطن مالوف فتح پور ہے۔ آپ آج کل کرنال میں اور سیر محکمۂ آثار قدیمہ ہیں، قومی امور میں خاص دلچسپی سے حصہ لیتے ہیں لاہور میں ۸ سال تک رہے اور انجمن اثنا عشری یو۔ پی قائم کی اور اس کے سکریٹری منتخب ہوئے۔ بڑے جوشیلے نوجوان ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے بڑے ہمدرد ہیں۔ اور نومبر ۱۹۳۲ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب میرزا مہدی رضا صاحب

(کانپور)

حالات زندگی آپ ۴ راگست ۱۸۹۲ء کو بمقام کانپور پیدا ہوئے آپ ضلع مظفر پور کے ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کے والد بزرگوار مولوی علی میرزا صاحب بسلسلۂ ملازمت محکمۂ زراعت کانپور میں تشریف لائے اور یہیں مستقل سکونت پذیر ہوگئے۔ ابتدائی اردو فارسی و دینیات کی تعلیم گھر پر ہوئی۔ اس کے بعد گورنمنٹ ہائی اسکول کانپور میں داخل ہوئے اور اپنے ہم جماعتوں میں ممتاز رہے۔ ۱۹۱۳ء میں سب اوورسیری کا امتحان دیا اور اب آپ کانپور امپرومنٹ ٹرسٹ میں ملازم ہیں۔

قومی خدمات آپ کو قومی کام کرنے کا بڑا شوق ہے چنانچہ کانپور کی مقامی انجمنوں میں حصہ لیتے ہیں۔
انجمن ناصریہ کانپور کے جنرل سکریٹری ہیں۔ آپ کو انجمن وظیفہ سادات سے عشق ہے۔ کانپور سے متعدد ممبر بنائے اور لوکل سکریٹری ہیں۔ چندہ کی رقوم وصول کرکے صدر دفتر کو روانہ فرماتے ہیں۔ آپ بوٹ اور خاموش کام کرنے والے بزرگ ہیں۔ شیعہ کانفرنس سے ہمدردی ہے مجھ کو آپ سے ذاتی تعارف حاصل ہے۔ آپ جولائی ۱۹۳۲ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب داروغہ سیّد محمد اصغر صاحب اسپیشل مجسٹریٹ

(لکھنؤ)

حالات زندگی آپ وقف شاہ نجف لکھنؤ کے داروغہ ہیں نہایت ہی نیک نفس مومن اور ہمدرد قوم بزرگ ہیں انجمن کے قدردان اور اس کی بہبودی کے خواہاں ہیں۔ شیعہ کانفرنس کے ہمدرد ہیں۔

نہایت خلیق اور خوش مزاج ہیں۔ آپ اکتوبر ۱۹۳۲ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ لکھنؤ میں خاص اثر رکھتے ہیں۔ اسپیشل مجسٹریٹ ہیں اپنے فرائض منصبی کو بطریق احسن انجام دیتے ہیں۔

عالیجناب طاہر حسین صاحب قریشی

(بغداد)

حالات زندگی آپ لاہور میں ۶ مارچ ۱۹۰۰ء کو پیدا ہوئے آپ کے والد بزرگوار حاجی مولا بخش صاحب قریشی لاہور کے ساکن ہیں آپ یکم دسمبر ۱۹۲۰ء کو بعہدۂ محافظ زائرین عراق میں حکومت ہند کی جانب سے معین ہوئے ۱۹۳۰ء سے نظارت خیریہ اودھ دیگئی۔

۲ جولائی ۱۹۳۶ء کو برٹش پروقونصل کا عہدہ عطا ہوا۔ اور ۱۹۳۷ء میں آپ کی زرّیں خدمات کے صلہ میں حکومت برطانیہ کی جانب سے **خان بہادر** کا خطاب عطا ہوا۔ آپ جنوری ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ بڑے ہمدرد اور بہی خواہ انجمن ہیں۔

عالیجناب حکیم کاظم علی خاں صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی ایڈووکیٹ

(امروہہ)

حالات زندگی آپ ۶ ربیع الثانی ۱۳۱۴ھ کو امروہہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار حکیم محمد رفعت علی خاں صاحب ڈپٹی کلکٹر پینشنر کا امروہہ کی ممتاز و معزز ہستیوں میں شمار ہوتا ہے۔ آپ کے حقیقی نانا خان بہادر الطاف حسین خاں صاحب اسپیشل مجسٹریٹ تھے اور کانپور کے مشہور تعلقدار تھے۔ میرٹھ میں ابتدائی تعلیم ہوئی اور چرچ مشن ہائی اسکول میرٹھ سے ۱۹۱۶ء میں انٹرنس کا امتحان پاس کیا اعلیٰ تعلیم علی گڑھ میں حاصل کی ۱۹۲۰ء میں علیگڈھ سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی اور ۱۹۲۵ء میں لکھنؤ یونیورسٹی سے ایل۔ ایل۔ بی پاس کیا لکھنؤ یونیورسٹی سے ایل۔ ایل بی پاس کرنے کے بعد لکھنؤ ہی میں پریکٹس شروع کر دی۔ لیکن امروہہ کی زمینداری نے مجبور کیا اور آپ امروہہ تشریف لے آئے اور ۱۹۳۱ء سے برابر امروہہ ہی میں پریکٹس کر رہے ہیں۔ اور یہاں کے کامیاب وکلا میں آپ کا شمار ہوتا ہے اور امروہہ بار ایسوسی ایشن کے صدر بھی ہیں۔

قومی خدمات آپ کا دل درد قومی سے لبریز ہے۔ آل انڈیا شیعہ یتیم خانہ کی مجلس انتظامیہ کے رکن تھے شیعہ کانفرنس سے بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ کانفرنس کے سالانہ اجلاس میں برابر شرکت فرماتے رہتے ہیں ۱۹۳۵ء میں جو وفد ایران کے لئے منتخب ہوا تھا اس میں آپ کا بھی انتخاب ہوا تھا امام المدارس ہائی اسکول امروہہ کے بانیان میں ہیں۔ ایک ہزار روپیہ دے کر ایک کمرہ تعمیر کرایا جو آپ کے والد بزرگوار حکیم رفعت علی خاں صاحب بی۔ اے کے نام سے موسوم ہے ۱۹۳۱ء میں انجمن اصلاح معاشرت امروہہ کے صدر رہ چکے ہیں۔ آل احمد گرلز اسکول امروہہ کی مجلس انتظامیہ کے ممبر ہیں ڈسٹرکٹ اسکاؤٹ کمشنر بھی ہیں شیعہ یتیم خانہ کی تحریک ماہی خیبا کو فروغ میں کامیاب بنانے میں آپنے بڑا حصہ لیا مسلم لیگ کے ممبر تھے لیکن جب آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس نے لیگ سے علیحدگی کا ریزولیوشن پاس کیا تو آپ نے سب سے پہلے اپنا استعفیٰ پیش کیا۔ میرے خاص کرم فرما ہیں۔ آپ خوش اخلاق اور متواضع ہیں۔ قومی اخبارات و رسائل و جرائد کی امداد فرماتے رہتے ہیں۔

ماہ دسمبر ۱۹۳۵ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے باقاعدہ ممبر ہیں۔ اور اس کی ہر ایک تحریک میں انہماک اور دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں۔

عالیجناب خان بہادر سیّد نبی ہادی صاحب سابق ایم ایل اے و رئیس اعظم

(امروہہ)

پیدائش و حالات اجداد خان بہادر سیّد نبی ہادی صاحب سابق ایم۔ ایل۔ اے و سابق چیرمین میونسپل بورڈ امروہہ و رئیس اعظم امروہہ اکتوبر ۱۸۷۹ء کو امروہہ میں پیدا ہوئے۔ آپکے مورث اعلیٰ سیّد شرف الدین شاہ ولایت صاحب متشہد یہ میں ایران سے امروہہ تشریف لائے اور امروہہ میں مستقل سکونت اختیار کی۔ غالباً آپ ہی نے اس قصبہ کا نام جو پہلے عزیزپور تھا امروہہ رکھا۔ اس لئے کہ آپکو آم اور روہو ماہی بہت مرغوب تھی اور یہ دو چیزیں یہاں افراط سے ہوتی ہیں۔ ان ہی بزرگ کا امروہہ میں مزار شریف بھی ہے جہاں ہر سال ایک اعلیٰ پیمانہ پر عرس ہوتا ہے۔ اس مقام کی جہاں آپ مدفون ہیں یہ خصوصیت ہے کہ اس احاطہ میں "نیش عقرب" (بچھو کا ڈنک) کوئی اثر نہیں رکھتا۔ آپ اس کو ہاتھ میں لے لیجئے وہ آپکو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکیگا۔ اور جب اس مقام سے باہر لیجا کر اس بچھو کو چھوڑ دیجئے تو فوراً اس کی قوت مضرت رسانی عود کر آئیگی۔ اس حیرت انگیز چیز کے ملاحظہ کے لئے سرپیلی ہیگ لاٹ گورنر بہادر یو۔ پی خود شاہ ولایت تشریف لے گئے اور اس معجزہ کو دیکھ کر بہت متحیر ہوئے۔

آپکے جد اعلیٰ سیّد محمد صاحب کو عبد اکبری میں میر عدل کا خطاب ملا اور وہ قاضی القضاۃ مقرر ہوئے سیّد کرم علی صاحب کو خطاب حسان عطا ہوا تھا۔ اور ان ہی بزرگ کے نام سے آبادی کا ایک حصہ گھیر کرم علی خاں کے نام سے موسوم ہے آپکے والد بزرگوار سیّد ہادی علی صاحب مرحوم امروہہ کے کامیاب وکلا میں سے تھے اور رؤسائے امروہہ میں شمار ہوتا تھا۔ میونسپل بورڈ امروہہ کے وائس چیرمین بھی تھے۔

تعلیم گھر پر فارسی اُردو اور کلام مجید کی تعلیم حاصل کی۔ اس کے بعد گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ سے انٹرنس پاس کیا۔

کوائف زندگی ۱۹۰۶ء سے ۱۹۱۹ء تک ممبر و وائس چیرمین میونسپل بورڈ امروہہ رہے ۱۹۱۰ء سے ۱۹۲۵ء تک آنریری مجسٹریٹ رہے ۱۹۲۳ء سے ۱۹۲۶ء تک ایم۔ ایل۔ اے رہے۔ زمانۂ جنگ عظیم میں آنریری ڈسٹرکٹ آفیسر رہے ۱۹۲۸ء سے ۱۹۳۱ء تک چیرمین میونسپل بورڈ امروہہ رہے۔ ۱۹۳۱ء میں گورنمنٹ نے آپ کی خدمات کے اعتراف میں خان بہادری کا خطاب عطا فرمایا۔ ۱۹۳۵ء میں حج بیت اللہ سے مشرف اور چھ ائمہ کے مزارات کی زیارت کی۔ امام المدارس ہائی اسکول امروہہ کے آنریری سکریٹری رہے۔ بارہ سو روپیہ میں نبی ہادی روم تعمیر کرایا شیعہ کالج کے ٹرسٹی بھی تھے۔

شیعہ کالج کو دو ہزار روپیہ عطا فرمایا۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے عرصہ تک ممبر رہے۔ آرٹ اسکول امروہہ کے صدر ہیں آپنے دو سو روپے آرٹ اسکول کو مرحمت فرمائے ہیں۔ دانشرائے بہادر کے درباری بھی ہیں۔ عرصہ دراز تک انجمن وظیفہ سادات کے ممبر بھی رہے ہیں اور اب پھر جنوری ۱۹۳۶ء سے ممبری کی تجدید فرمائی ہے۔

عالیجناب سیّد معقول احمد صاحب بی۔ اے سکریٹری اسٹیٹ کونسل رامپور

(امروہہ)

اجداد کا حال جناب سیّد معقول احمد صاحب بی۔ اے سکریٹری اسٹیٹ کونسل ریاست رامپور کے والد بزرگوار جناب سید مقبول احمد



عالیجناب خان بہادر سید نبی ہادی صاحب بالقابہ



عالیجاہ خاصادق حسین خان صاحب بالقابہ



عالیجناب حکیم کاظم علی خان صاحب بالقابہ




عالیجناب شیخ مقبول احمد صاحب بانفاذ



عالیجناب شیخ ابوالفاروق محمد مکرمی حسبا بانفاذ



عالیجناب حاجی منیر محمد حسن حسبا بانفاذ



عالیجناب شیخ اصغر حسن حسبا طالب مرحوم

صاحب مرحوم امروہہ کے معززین میں شمار ہوتے تھے یہاں کے مقتدر لوگوں میں تھے۔ میونسپل بورڈ امروہہ کے ممبر وائس چیرمین تھے۔ حج بیت اللہ سے بھی مشرف ہوئے تھے۔ آپ نے ۱۹۱۲ء میں رحلت فرمائی۔

ابتدائی و اعلیٰ تعلیم ابتدائی تعلیم کلام مجید و اُردو مقامی مکتب میں ہوئی۔ انٹرنس گورنمنٹ اسکول امروہہ سے کیا۔ اس کے بعد بی اے بریلی سے کیا۔ تعلیم کا زمانہ نہایت خوش اسلوبی سے گذرا اور شاندار رہا۔ اسکول کے مختلف شعبہ جات میں بڑی دلچسپی سے حصہ لیتے تھے۔

ملازمت و قومی خدمات کچھ عرصہ تک گورنمنٹ آف انڈیا میں رہے اس کے بعد ریاست رامپور میں سکریٹری اسٹیٹ کونسل ہیں۔ اور اپنے فرائض کو بطریق احسن انجام دیتے رہے ہیں۔ انجمن اصلاح معاشرت امروہہ کے صدر بھی منتخب ہوئے تھے۔ آرٹ اسکول امروہہ کو سو روپیہ کا گرانقدر عطیہ مرحمت فرمایا۔ اس صنعتی اسکول کے سرپرستوں میں ہیں آپکے والد بزرگوار نے ایک معقول آمدنی کی جائداد وقف کرکے امام المدارس کی بنیاد ڈالی تھی اور اس کے ابتدائی دور میں وہ خود سکریٹری تھے اب یہ اسکول بحمد اللہ ہائی اسکول کے درجہ تک پہنچ گیا ہے آپ اس اسکول کی مجلس منتظمہ کے ایک رکن ہیں آپ فروری ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب آغا صادق حسین خاں صاحب قزلباش وزیر اعظم

(امروہہ)

آباؤ اجداد کا حال آغا صادق حسین خاں صاحب قزلباش طائش ولد سردار غلام علی خاں صاحب مرحوم کے آباؤ اجداد کا قدیم مسکن شہر لنکران مقصل بحیرہ کیسپین تھا۔ آپ کے مورث وجد امجد محمد حسن خاں صاحب مرحوم و مغفور تھے۔ جو کہ امرائے دربار نادر شاہ سے تھے۔ محمد حسن خاں صاحب مرحوم کے پسر خان محمد خاں مرحوم نے افغانستان کی مستقل سکونت اختیار فرمائی آپ کے آباؤ اجداد شاہ زماں و شاہ شجاع الملک شاہان افغانستان کے ہمراہ ہندوستان آئے اور پھر ۱۸۳۸ء میں جبکہ برٹش حکومت نے شاہ شجاع الملک کو مدد دیکر افغانستان پر فوج کشی فرمائی تو آپکے آباؤ اجداد شاہ جنت مکان کے ہمراہ تھے اور آپکے خاندان کے بہت سے افراد نے فوج میں کارہائے نمایاں کئے ۱۸۴۲ء میں جبکہ شاہ شجاع الملک عام بغاوت کی وجہ سے افغانستان میں مارے گئے اور آپ کے نانا صاحب مرحوم سردار حیدر علی خاں صاحب ۱۳ ستمبر ۱۸۴۲ء مذکورہ میں بمقام تیزین بمقابلہ سردار اکبر خاں ولد دوست محمد خاں نہایت بہادری اور دلیری کے ساتھ اُس موقع پر جبکہ آپ اپنے مدمقابل کے جھنڈے کو اپنے قبضہ میں کرنا چاہتے تھے مارے گئے۔ اس جانبازی کے صلہ میں آپ کی نانی صاحبہ مرحومہ کو بیس ہزار نقد اور مبلغ سو روپیہ ماہوار کی پنشن بغرض پرورش اولاد انگریزی حکومت سے عطا ہوئی۔

یہ خاندان شاہ ممدوح کے مارے جانے کے بعد ان کی اولاد و خاندان کے ساتھ ہندوستان چلا آیا اور مستقل سکونت لودھیانہ میں اختیار کی آپ کے خاندان نے جنگ میں بڑے بڑے زبردست اور محیر العقول کارہائے نمایاں کئے ہیں اور پولیٹکل خدمات بھی افغانستان۔ ایران۔ روس وغیرہ میں انجام دی ہیں جن کے صلہ میں خطابات۔ القابات۔ جاگیرات و اعلیٰ تمغہ جات عطا ہوئے۔

امروہہ کی سکونت جاگیرات مختلف صوبجات و ممالک متحدہ آگرہ و اودھ و برہما میں عطا ہوئیں اس لئے اس خاندان کے مختلف افراد نے لودھیانہ کے علاوہ دوسرے مقامات پر بھی سکونت اختیار فرمائی۔ اسی بنا پر آپکے حقیقی ماموں آنریری کیپٹن محمد حسین خاں صاحب رسالدار میجر سردار بہادر نے انجام دی۔ فوجی خدمات کے علاوہ زیادہ تر پولیٹکل خدمات بھی ہیں ان کو عطیہ جاگیر کے علاوہ پوری پنشن عطا ہوئی تھی۔ اپنی سکونت امروہہ ضلع

مراد آباد اور اپر برہما میں اختیار فرمائی تھی۔

کوائف وحالات آغا صاحب کی ولادت چھاؤنی مراد کی ہے۔ ابتدائی تعلیم وتربیت امروہہ لودھیانہ وغیرہ میں ہوئی۔ آپ کی شادی آپ کے حقیقی ماموں کپتان محمد حسین خاں صاحب سردار بہادر وجاگیردار امروہہ واپر برہما کی صاحبزادی سے ہوئی جس کے بطن سے اس وقت تین لڑکیاں ہیں آپ ایک مدت تک سکریٹری میونسپل بورڈ بعدہٗ ریاست بھوپال میں چیرمین میونسپل بورڈ وہاؤس ہولڈ سکریٹری وناظم رئیسین رہے۔ بیگم صاحبہ مرحومہ آپ سے بے انتہا خوش تھیں، بھوپال کی واپسی کے بعد چھ سال متواتر ممبر میونسپل بورڈ امروہہ رہے۔ اتحاد واتفاق کے آپ برابر حامی ہیں۔ قومی ومذہبی امور میں پیش پیش رہتے ہیں۔ نہایت مہمان نواز متواضع اور خلیق ہیں مستقل سکونت امروہہ ضلع مراد آباد کی ہے۔ جنوری ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد محمد عسکری صاحب

(امروہہ)

حالات زندگی آپ امروہہ ضلع مراد آباد میں ماہ ذی الحجہ ۱۳۰۱ھ کو پیدا ہوئے آپ کے والد بزرگوار سیّد عابد حسین صاحب امروہہ کے معززین میں سے تھے۔ اور امروہہ کے باکمال لوگوں میں آپ کا شمار ہوتا ہے عربی، فارسی اور اردو کی تعلیم مقامی سکاچ میں حاصل کی۔ بانڈہ گورنمنٹ ہائی اسکول اور کرائسٹ چرچ ہائی اسکول کانپور میں انگریزی تعلیم حاصل کی۔

اس کے بعد ۱۹۰۴ء سے فکر ڈاکخانہ میں ہیں اور کثیر الاشغال ہوتے کے باوجود متعدد کتب کے مصنف ہیں "دافع البہتان" "التقیہ فی الاسلام" "نیا زنامہ" "القول الجمیل فی التورات والانجیل" "آفتاب صداقت" وغیرہ آپ کی تصانیف میں سے ہیں۔

قومی خدمات امروہہ کی انجمن تنظیم المومنین کے سرگرم رکن ہیں۔ مذہبی امور میں بہت دلچسپی رکھتے ہیں۔ ماہ جنوری ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے باقاعدہ ممبر ہیں۔

عالیجناب حاجی سیّد معجز حسن صاحب ایس

(امروہہ)

حالات زندگی آپ ۱۸۸۵ء میں بمقام امروہہ پیدا ہوئے۔ آپ کے والد مرحوم مولوی سیّد ابن علی صاحب امروہہ کے معزز ومقتدر لوگوں میں سے تھے۔ ابتدائی تعلیم اردو فارسی گھر پر ہوئی اس کے بعد انگریزی ۱۹۰۲ء میں آٹھویں درجہ تک پڑھ کر ترک کردی۔ ۱۹۰۳ء میں والد بزرگوار کے انتقال کے بعد ضروریات زمینداری میں مشغول ہوگئے۔ ۱۹۰۴ء میں آپ کی اہلیہ کا انتقال ہوگیا۔ ۱۹۰۶ء میں مکہ معظمہ کا سفر کیا اور ۱۹۰۸ء میں ایک آراضی محلہ سیّد عبد الحمید عرف مجا پوتہ میں خرید کر عزاخانہ ومسجد وچاہ اپنی زوجہ مسماۃ میمونہ خاتون کی یادگار میں مبلغ تین ہزار روپیہ میں تعمیر کرایا جس میں خصوصیت سے عشرۂ محرم وغیرہ میں مجالس

ہوا کرتی ہیں۔ شب جمعہ میں اس مسجد میں عالیجناب مولانا سید محمد صاحب قبلہ مجتہد العصر نماز جماعت پڑھاتے ہیں۔ ۸ر فروری ۱۹۳۲ء کو مسٹر جی۔ ایل ٹھوسل صاحب بہادر کلکٹر نے سند عطا کی ۲۸ر جون ۱۹۳۵ء کو صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر مردم شماری نے پروانہ خوشنودی مزاج عطا فرمایا۔ ۱۹۳۵ء میں زیارات عراق سے مشرف ہوئے امروہہ میں ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ انجمن کے فروری ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب حکیم سید معصوم حسن صاحب نائب

(امروہہ)

حالات زندگی آپ حکیم سید مصطفےٰ حسن صاحب رئیس امروہہ کے خلف صالح ہیں جو طبابت اور امارت کے ساتھ ساتھ حذاقت اور سخاوت کی صفات سے متصف تھے۔ آپکے جد اعلیٰ سید اسد اللہ خاں صاحب احمد شاہ ابدالی کی فوج میں تھے پانی پت کی آخری لڑائی میں حصہ لیا۔ پنجہزاری منصب تھا۔ پھر نواب دوندے خاں نواب روہیلکھنڈ کی ملازمت کی آپ کو شاہان وقت کی طرف سے جاگیریں عطا ہوئیں اور جن کا کچھ حصہ ابھی تک آپ کی اولاد میں موجود ہے۔ حکیم صاحب موصوف سرزمین امروہہ کی مشہور و معروف شخصیت ہیں۔ اسم بامسمیٰ انسان ہیں۔ غریبوں اور یتیموں کی امداد اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ مذہبی اور قومی جوش دل میں رکھتے ہیں۔ مہمان نوازی اور حسن سلوک آپ کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ آپ کی عمر اسوقت ۶۲ سال ہے۔ آنریری مجسٹریٹ بھی رہ چکے ہیں۔ عتبات عالیات کی زیارت سے مشرف ہو چکے ہیں۔

قومی خدمات قوم کی ہر آواز پر آپ لبیک کہتے ہیں۔ شیعہ کالج کے چندہ جمع کرنے کے لئے امروہہ میں کافی کام کیا اور خود بھی تین سو روپیہ سالانہ آمدنی کی جائداد وقف فرما دی۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے پرانے ممبر ہیں۔ آپ نے کچھ جائداد امور خیر پر صرف کے لئے وقف کر دی ہے۔ شیعہ کانفرنس اور مدرستہ الواعظین کو امروہہ میں مدعو کرنے میں آپنے کافی حصہ لیا۔ جنوری ۱۹۳۶ء سے پھر انجمن کی ممبری کی تجدید فرمائی ہے

عالیجناب سید اصغر حسن صاحب طالب

(امروہہ)

حالات زندگی آپ ۱۹ر ربیع الاول ۱۲۹۳ھ مطابق اپریل ۱۸۷۶ء کو بمقام امروہہ پیدا ہوئے۔ آباؤ اجداد کا پیشہ زمانہ شاہی سے معافی و زمینداری رہا ہے۔ آپ کے والد مصفی امروہہ میں وکالت کرتے تھے۔

۱۸۹۶ء میں ہائی اسکول امروہہ سے انٹرنس پاس کرنے کے بعد ملازمت کا سلسلہ شروع ہو گیا اور اسی حالت میں منشی اور منشی عالم کے امتحانات پاس کئے۔ فن شاعری میں آپ کو جناب مولانا صفی صاحب لکھنوی سے تلمذ حاصل ہے۔ ۱۹۰۱ء سے ۱۹۳۲ء تک آپ دفتر ڈپٹی کمشنر بہادر لکھنؤ میں کام کرتے رہے اور اسی دفتر سے جوڈیشل اسسٹنٹ کے عہدہ سے پنشن پائی۔ اب عرصہ چار سال سے امروہہ میں مقیم ہیں۔

قومی خدمات پنشن لینے کے بعد مذہبی نقطۂ نظر سے آپ نے مثنوی احسن القصص میں پیغمبروں کے حالات نظم کرنا شروع کئے ہیں جس کا حصہ اول

موسوم بہ "احسن القصص" حصہ اوّل جس میں حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت اسمٰعیلؑ تک کے حالات ہیں طبع ہوگیا ہے اور دوسرا حصہ موسوم "بزم پیغمبران" جس میں حضرت لوطؑ سے لیکر حضرت یوسفؑ تک کے حالات نظم کئے ہیں بالکل تیار ہے۔ آپ نے پچیس جلدیں احسن القصص کی سلور جوبلی فنڈ کے لئے مرحمت فرمائی ہیں۔ کتاب کی قیمت ۱۴ ہے لیکن انجمن کے ممبروں کی خدمت میں ۸ ؍ میں پیش کیجائیگی۔ آپ فروری ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد ممتاز حسن صاحب تحصیلدار پنشنر

(امروہہ)

حالات زندگی آپ ۱۲ ؍ جمادی الاخر ۱۳۸۸ھ مطابق ۹ ؍ ستمبر ۱۸۷۱ء کو امروہہ میں پیدا ہوئے۔ سیّد ابرار حسین صاحب نے انگریزی پڑھانی شروع کی اور درسیات اُردو فارسی مختلف ذی علم حضرات مثل خلیفہ فیروز علی صاحب و خلیفہ سیّد سعید حسن صاحب وغیرہ سے پڑھتے رہے۔ ۹ ؍ نومبر ۱۸۸۱ء وایڈڈ اسکول انگریزی امروہہ میں داخل ہوئے اور بعد ازاں ۱۲ ؍ فروری ۱۸۸۴ء کو ہائی اسکول مراد آباد میں داخل ہوئے اور ۱۸۸۵ء میں واپس امروہہ آئے اور ۱۸۸۶ء میں مڈل کا امتحان پاس کیا اور پھر مراد آباد ہائی اسکول میں داخل ہوکر ایف۔ اے ۱۸۹۲ء میں اور بی۔ اے ۱۸۹۴ء میں پاس کیا۔ اور اس کے بعد نائب تحصیلدار ہوئے۔ اسی سلسلہ میں ۳۰ ؍ مارچ ۱۸۹۵ء کو چارج نائب تحصیلداری ضلع آگرہ کا لیا جو قائم مقامی ۸ ؍ جولائی ۱۸۹۶ء کو ختم ہوئی پھر ۱۸ ؍ مارچ ۱۸۹۹ء کو تحصیل کاسگنج ضلع ایٹہ میں نائب تحصیلدار ہوئے اور علی گنج و جلیسر میں بھی نائب تحصیلداری ۱۹۰۵ء تک کرتے رہے۔ ۲۰ ؍ ستمبر ۱۹۰۵ء کو پیلانی ضلع بانده میں تحصیلدار ہوکر گئے جس وقت سے برابر سلسلہ تحصیلداری کا رہا۔

بانده سے فتح پور اور وہاں سے الہ آباد پھر لکھیم پور کھیری پھر اٹاوہ پھر بدایوں و بریلی کے اضلاع میں تحصیلداری کی آخر میں ۹ ؍ ستمبر ۱۹۲۸ء کو بہڑی ضلع بریلی سے بحالت تحصیلداری پنشن لی۔

قومی خدمات آپ انجمن وظیفہ سادات کے ممبر عرصہ دراز تک دوران ملازمت میں رہے۔ دیگر قومی کاموں میں اپنے نام سے بوجہ ملازمت کے اشغال کے حصہ نہ لے سکے لیکن آپکے والد ماجد مرحوم نے امروہہ کے اندر صدہا کام کئے یہانتک کہ ہر کام انھیں کے زور بازو سے انجام پاتا تھا۔ شیعہ کالج میں مرحوم نے بہت کوشش کی ہزار ہا روپیہ کی جائداد وقف کردی یہ انھیں کا کام تھا کہ امروہہ سے پچاس ساٹھ ہزار روپیہ کا چندہ شیعہ کالج کے لئے ہوگیا۔ آپ انجمن کے ممبر جنوری ۱۹۳۶ء سے ہیں۔


عالیجناب سیّد سجاد حسین صاحب رضوی جارچوی

(میرٹھ کالج)


حالات زندگی آپ کا وطن مالوف جارچہ ضلع بلند شہر ہے۔ ابتدائی تعلیم فارسی اُردو وغیرہ عالیجناب شمس العلماء مولوی سیّد عباس حسین صاحب جارچوی مرحوم پروفیسر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے مکتب میں حاصل کی۔ اس کے بعد میرٹھ تشریف لائے اور فیض عام ہائی اسکول میرٹھ میں داخل ہوگئے۔ تعلیم سے فارغ ہوکر میرٹھ کالج میں پندرہ سال سے لائبریرین ہیں۔ منشی: اُردو اعلیٰ قابلیت وغیرہ کے امتحانات پاس کئے۔



عالیجناب نواب مختار حسین صاحب باقاعدہ۔




عالیجناب میرزا محمد جواد صاحب باقاعدہ۔



عالیجناب سید سجاد حسین صاحب باوی باقاعدہ



عالیجناب سید مجتبیٰ حسن صاحب باقاعدہ




عالیجناب سید آل احمد صاحب بالقابہ



عالیجناب خان صاحب آغا محمد ناصر خان صاحب بالقابہ



عالیجناب محمد عقیل صاحب خوشتر بالقابہ



عالیجناب سید مبارک حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب سید مسعود حسن صاحب بالقابہ

اپنے عزیزوں کو تعلیم میں امداد دیتے ہیں - فارسی میں بیاتر تالیف کیا جو ایم - اے میں داخل ہے - قومی درد موجود ہے - میرٹھ میں مستقل سکونت اختیار کر لی ہے مختلف ادارات قومی کے ممبر ہیں، میرٹھ میں بہت ہر دلعزیز اور مشہور ہیں - مارچ ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں -

عالیجناب سیّد مجتبیٰ حسن صاحب جعفری بی اے

(جونپور)

حالات زندگی آپ ۱۹ ربیع الاوّل ۱۳۱۳ھ کو پیدا ہوئے - آپکا وطن مالوف شہر جونپور محلہ درمیہ ہے - آپ کے والد ماجد سیّد محمد ہاشم صاحب مرحوم ڈپٹی کلکٹر تھے - جو بہت ہر دلعزیز تھے اور اپنی دینداری اور زہد و ورع کیلئے مشہور تھے آپ نے اوائل عمر میں عربی، فارسی، اُردو کی تعلیم اپنے وطن ہی میں حاصل کی ۱۹۰۵ء میں وطن چھوڑ کر آگرہ بغرض تعلیم گئے وہاں سینٹ جانس کالجیٹ اسکول میں داخلہ ہوا - وہاں ڈیڑھ سال تک تعلیم حاصل کی پھر بریلی تشریف لے گئے وہاں ایک سال تک گورنمنٹ ہائی اسکول میں تعلیم حاصل کی اس کے بعد بنارس ۱۹۱۵ء میں انٹرنس پاس کیا - ۱۹۱۷ء میں سنٹرل کالج الہ آباد سے ایف - اے پاس کیا - ۱۹۱۹ء میں بی - اے پاس کیا - پھر ایل - ایل - بی میں داخلہ کرایا لیکن ستمبر ۱۹۲۱ء میں اس کو چھوڑ کر یو پی سکریٹریٹ میں ایک عارضی جگہ پر ملازمت کر لی اور ۱۹۲۵ء میں مستقل ہو گئے اور اب تک کام کر رہے ہیں تنخواہ ۱۵۰ سے شروع ہو کر اس وقت ۱۵۰ روپیہ ماہوار پا رہے ہیں انجمن سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں اور مارچ ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں -

عالیجناب ماسٹر مرتضیٰ حسین صاحب

(میرٹھ)

حالات زندگی انگریزی میں انٹرنس پاس ہیں - ایک عرصہ تک منصبیہ کالج میں انگلش ٹیچر رہے اور منصبیہ کالج سے منشی، اُردو اعلیٰ قابلیت وغیرہ کے امتحانات بھی پاس کئے -

اس کے بعد آپ گرلز چرچ مشن اسکول میرٹھ میں اُردو فارسی کے ٹیچر ہیں - بڑے کام کے بزرگ ہیں اور ہمدرد قوم ہیں لیکن قومی خدمات کرنے کا وقت نہیں ملتا ہے - مارچ ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں -

عالیجناب سیّد نسیم احمد صاحب رضوی جارچوی

(میرٹھ)

حالات زندگی آپکے والد بزرگوار ڈاکٹر سیّد حسن صاحب میرٹھ چھاؤنی میں ڈاکٹر تھے - آپ کی ابتدائی و اعلیٰ تعلیم میرٹھ میں ہوئی -

فارغ التحصیل ہونے کے بعد میرٹھ کنٹونمنٹ بورڈ میں اسٹور کیپر ہیں اسلامیہ اسکول لال کرتی میرٹھ کے آنریری سکریٹری رہے۔ قومی امور میں دلچسپی لیتے رہتے ہیں۔ مارچ ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ میرٹھ کی مقامی انجمنوں میں انہاک سے حصہ لیتے ہیں۔

عالیجناب قاضی مختار احمد صاحب میرٹھ

(جارچہ ضلع بلند شہر)

حالات زندگی آپ کا وطن جارچہ ضلع بلند شہر ہے۔ آپکے والد بزرگوار کا جارچہ میں خاص لوگوں میں شمار ہوتا تھا آپکے انتقال کے بعد آپنے ترک وطن کرکے میرٹھ میں سکونت اختیار کرلی۔ اب آپ میرٹھ میں تجارت کرتے ہیں اور اس فن میں بہت تجربہ حاصل کرلیا ہے۔ مارچ ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب میرزا محمد جواد صاحب مالک نظامی پریس

(لکھنؤ)

جناب میرزا محمد جواد صاحب مالک نظامی پریس لکھنؤ کی ذات محتاج تعارف نہیں ہے۔ آپ اپنے مطبع کے ذریعہ مذہب کی جو عظیم الشان خدمات انجام دے رہے ہیں وہ افراد قوم سے مخفی و پوشیدہ نہیں ہے۔ مولوی سید فرمان علی صاحب مرحوم کے مترجمہ کلام مجید کو جس خوبی اور عمدگی سے طبع کیا ہے وہ قوم پر روشن ہے۔ اب "نہج البلاغۃ" کا ترجمہ باقساط شائع کر رہے ہیں، آپ کی زندگی اور حالات ہم لوگوں کے لئے اور نوجوان تعلیم یافتہ طبقہ کے لئے خاص طور پر سبق آموز ثابت ہوں گے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ کے حالات کو بغیر کسی قطع و برید کے من و عن درج کروں تاکہ محنت و مشقت صبر و استقلال کے نمونے آپکے سامنے پیش ہوسکیں اور معلوم ہوسکے کہ کس طرح ہزاروں کی جائداد کے مالک ہوسکتے ہیں

حالات

(اعجاز جارچوی)

جناب اعجاز جارچوی صاحب کا حکم ہے کہ تم اپنے حالات لکھو۔ لیکن میرے حالات ہی کیا اور ان سے لوگوں کو کیا دلچسپی؟ بہتر یہ معلوم ہوتا ہے کہ میں پریس کے کچھ حالات لکھوں کہ بغیر سرمایہ کے کیونکر ابتدا ہوئی اور کیسے چلایا ممکن ہے کہ ان واقعات سے ان لوگوں کی ہمت بڑھے جو تجارت کو بغیر سرمایہ کے ناممکن سمجھتے ہیں۔

خاندانی حالات مجھے لکھنؤ کے ایک شریف خاندان کے فرد ہونے کا فخر حاصل ہے میں نے جب آنکھ کھولی تو اپنے گرد تقریباً سنتر کچہتر بزرگوں کا جمگھٹا دیکھا۔ لیکن زوال سلطنت کے جلو میں جو اخلاقی پستی رونما ہوچکی تھی اس کی زد سے میرا خاندان بھی محفوظ نہ رہ سکا، اور خاندان کے تقریباً تمام افراد بیکاری کے عالمگیر سیلاب میں بہے چلے جارہے تھے کسی کو اپنی موجودہ حالت کی اصلاح اور آیندہ کی فلاح کا خیال نہ تھا۔ اور کدھر میں سے ایک پیسہ پیدا کرنا گناہ تصور کرتے تھے۔ بلکہ اکتساب علم و ہنر کے بجائے تضیع اوقات (تیتر بازی کنکوا، بادشاہ چنگ وغیرہ وغیرہ) میں مصروف رہتے تھے۔

ابتدائی زندگی ماحول کے اس تیز دھارے کے خلاف تیرنے کے لئے میں نے چودہ سال کی عمر میں خوش نویسی سیکھی، جس سے آٹھ دس روپیہ ماہوار کی آمدنی تھی، جس میں والدہ اور کمزور دماغ باپ کا ساتھ تھا۔ خدا خدا کر کے ۱۹۲۳ء تک میری آمدنی پچاس ساٹھ روپیہ ماہوار تک پہنچی، اُس وقت میں محلہ کاظمین میں دو روپیہ ماہوار کرایہ کے مکان میں رہتا تھا اور میرے پاس اُس وقت صرف دو قسم کا سرمایہ موجود تھا اوّل محنت، دوم فن کرتابت، انھیں دو سرمایوں کے بل پر میں نے نقطی پریس کو صرف دو سو روپیہ کی حقیر رقم سے قائم کیا۔

پریس کا افتتاح پریس کے افتتاح پر اکثر اعزا و احباب نے سخت مخالفت کی (چونکہ سرمایہ تھا ہی نہیں اس لئے یہ مخالفت سمجھ بھی تھی) لیکن میں نے نہ مانا، دو ماہ تک پریس کے سامان کی درستی و فراہمی کے بعد پریس کاظمین سے وکٹوریہ اسٹریٹ پر منتقل کیا گیا۔

لیکن پریس کی یہ حالت تھی کہ کہیں سے کام آتا نہ تھا۔ بازار سے کتب فروشوں سے کام کوشش کر کے حاصل کیا جاتا تھا۔ چونکہ اپنی غرض تھی اس لئے اجرت بہت کم ملتی تھی اور ابتداءً تجربہ بھی نہ تھا اس لئے پریس کے کام کرنے والوں کو اُجرت زیادہ دی جاتی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ دن بھر کام کرنے کے بعد ایک روپیہ سوا روپیہ روزانہ گھاٹا ہوتا تھا اور اور تقریباً ایک سال تک تیس چالیس روپیہ ماہوار کے گھاٹے سے پریس چلتا رہا۔ لیکن یہ کمی اس طرح پوری کی جاتی تھی کہ روزانہ رات کو بارہ بجے سے اُٹھ کر کتابت کا کام کرتا تھا اور صبح آٹھ بجے تک دن بھر سے زیادہ کام ہو جاتا تھا۔ یعنی دو ڈھائی روپیہ روزانہ کا کام کر لیتا تھا جس سے پریس کا گھاٹا اور گھر کے اخراجات پورے ہوتے تھے، اس لئے کہ دن بھر پریس کی مصروفیت، دوڑ دھوپ میں کام کا موقع نہ ملتا تھا اور پریس روزانہ چلا کرتا تھا، لوگ یہ جانتے تھے کہ ان کے پاس کام کافی موجود ہے۔ ایک سال کی متواتر محنت شاقہ اور جانفشانی کے بعد پریس میں کچھ کام آنے لگا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس سال میں برابر رہے نہ نفع ہوا نہ گھاٹا۔ لیکن روزانہ ۱۲ یا ایک بجے رات سے اُٹھ کر کام کرنا ضروری تھا، اس لئے کہ جو گھر کے اخراجات سے بچتا تھا وہ پریس کے اشیاء کی خریداری میں صرف ہوتا تھا۔ تیسرے سال سے بفضلہ کام بھی آنے لگا اور کچھ نفع بھی ہونے لگا۔ اب مجھے یہ فکر ہوئی کہ مشین ہونا چاہئے۔ اس لئے بغیر مشین کے (دستی پریس) سے کام نہیں چل سکتا۔ پریس میں جو لاگت آتی ہے اس سے کم پر مشین والے چھاپ دیتے ہیں۔ لیکن سرمایہ نہ ہونے سے مشین ناممکن تھی مگر میں اسی دھن میں رہا۔

۱۹۲۶ء میں کچھ کام ایسے پھیلے جن میں سے ایک ہزار روپیہ مجھے ایک ہی زمانہ میں مل گیا۔ میں نے سوچا کہ اس سے مشین خریدنا چاہئے، لیکن مشین خریدنے کے لئے کم از کم چار ہزار روپیہ ہونا ضروری تھے۔ بہرصورت کسی طرح قرض وغیرہ سے انتظام کر کے میں بمبئی پہونچا اور ایک سکنڈ ہینڈ مشین خرید لی اور کچھ پھر لئے۔ غرض کہ چار ہزار روپیہ صرف ہو چکے اور تین ہزار کا مقروض ہو لیا تب مشین چالو ہوئی۔

دو سال کی دن رات محنت اور کشاکش کے بعد بفضلہ قرضہ ادا ہو گیا۔ کام کی زیادتی اور قرض کی ادائیگی کی وجہ سے حوصلہ بڑھا اور ہمت کر کے دوسری مشین خریدی۔ لیکن اس مرتبہ کچھ ایسے اتفاقات ہوئے کہ نقصانات پے در پے کا سامنا ہوا۔ اور پریس کی حالت ۲۸،۲۹ء میں اس قدر خراب ہوئی کہ بد سے بدتر ہو گئی۔ جو تدبیر کرتا تھا اُلٹی ہوتی تھی، جو کام کرتا تھا نقصان ہوتا تھا کافی قرضہ ہو گیا اور حالت نہایت نازک ہو گئی، یقین کامل ہو گیا کہ اب خاتمہ ہے، لیکن ہمارا بس ہی کیا تھا سوائے اس کے کہ استقلال کے ساتھ محنت اور مشقت کئے جائیں۔ غرضکہ مجبور ہو کر ایک مشین فروخت کر ڈالی (اور اتنی قیمت پر کہ جس کی دوگنی قیمت ایک سال پہلے ملتی تھی۔

مذہبی خدمت تھوڑے ہی زمانہ کے بعد کام بدستور چلنے لگا اور قرض وغیرہ بھی سب ادا ہو گیا۔ لیکن اس وقت پریس میں صرف فرمائشی کام ہوتے تھے اپنی ذاتی کوئی کتاب نہ تھی اور دل چاہتا تھا کہ ایسی شاندار قومی خدمت کروں جو شیعیان ہند کے شایان شان ہو، آخر شعبان ۱۳۵۱ھ مطابق دسمبر ۱۹۳۲ء میں نے قرآن مجید رنگین و سادہ مترجمہ مولانا فرمان علی اعلی اللہ مقامہ شروع کیا (قرآن مجید کی اس شان سے طباعت کرنے کو میرا دل عرصہ سے چاہتا تھا لیکن سرمایہ کی کمی کی وجہ سے ہمت نہ ہوتی تھی جسکی لاگت پندرہ ہزار روپیہ سے کم نہ تھی۔ خداوند عالم کی مدد اور

ہمدردان ملت کی ہمت افزائی سے اس اہم خدمت کو میں نے حسب وعدہ ایک سال میں تیار کر لیا۔ اور جیسا کہ یہ پروگرام بنایا تھا اس کے مطابق شروع شعبان ۱۳۵۱ھ مطابق دسمبر ۱۹۳۲ء میں ختم کر دیا اور "نظامی پریس بک ایجنسی" کی بنیاد ڈالی، قرآن مجید کی طباعت کی خصوصیتوں نے ہندوستان اور بیرون ہند کے ہمدردان ملت کی توجہ کو نظامی پریس اور بک ایجنسی کی طرف مبذول کر دیا۔ اور بفضلہ تعالیٰ بک ایجنسی کا کام اچھی طرح چلنے لگا۔ اس درمیان میں پریس تین مختلف کرایہ کے مکانوں میں (جن میں اوسطاً ۵۰ روپیہ ماہوار کرایہ دینا پڑتا تھا) منتقل ہوتا رہا۔ مگر اب ڈھائی سال سے اپنی ذاتی عمارت نظامی پریس بلڈنگ میں ہے جو لکھنؤ کی ایک مشہور عمارت ہے اور "آہنی پھاٹک" کے نام سے موسوم ہے۔

فی الحال "نہج البلاغۃ" معہ ترجمہ اور مفصل نوٹ کے ۵ قسم کی چھاپی جا رہی ہیں۔ دو قسم رنگین اور تین قسم کی سادی، جسکی لاگت کا تخمینہ بیس ہزار روپیہ کا ہے۔

ہندوستان اور بیرون ہند سے کثرت سے فرمائشیں آ رہی ہیں حضرات علماء و فضلاء اور مومنین کرام اس کام کی مسرت میں نظامی پریس کے واسطے دعائیں کر رہے ہیں جن کی برکت سے پریس روز افزوں ترقی کرتا جا رہا ہے۔ اور خدا کا شکر ہے کہ میں اسی طرح محنت و مشقت کر رہا ہوں جس طرح ۱۹۲۳ء میں کرتا تھا۔ لکھنؤ کے دورہ کے سلسلہ میں، میں آپ کی خدمت میں اپریل ۱۹۳۳ء میں حاضر ہوا تھا۔ میری درخواست پر آپنے انجمن کی ممبری قبول فرمائی آپ اپریل ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید مسعود حسن صاحب جعابی۔ اے ایل ایل۔ بی وکیل سرکار

(امروہہ)

حالات زندگی آپ امروہہ میں ۱۴ اگست ۱۹۰۱ء کو پیدا ہوئے آپ کے والد بزرگوار مولوی سید سعید حسن صاحب مشہور و معروف وکیل تھے۔ ابتدائی تعلیم فارسی و اردو و دینیات وغیرہ گھر پر ہوئی۔ گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ سے انٹرنس ۱۹۲۲ء میں پاس کیا۔ اس کے بعد علی گڑھ سے ایف۔ اے پاس کیا اور بی۔ اے ۱۹۲۵ء میں پاس کیا۔ ۱۹۲۷ء سے امروہہ میں ایک سال ٹریننگ حاصل کرنے کے بعد پریکٹس شروع کی اور وکیل سرکار ۱۹۳۱ء میں منتخب ہوئے۔ حال ہی میں آپ کی دوسری شادی سید نواب حسن صاحب جج خفیفہ آگرہ کی صاحبزادی سے ہوئی ہے۔

قومی خدمات آپ کو ہر قومی معاملہ میں دلچسپی ہے آپ انجمن اصلاح معاشرت کے ۱۹۳۱ء اور ۱۹۳۲ء میں صدر رہ چکے ہیں، گورنمنٹ پبلسٹی کا کام انجام دیا اور امروہہ میں لبرل ایسوسی ایشن کے سکریٹری رہے امام المدارس ہائی اسکول کی مجلس انتظامیہ کے ممبر ہیں شیعہ آرٹ اسکول امروہہ کے نیچر ہیں اور فراہمی چندہ میں آپنے اپنا وقت صرف کیا اور اس اسکول کے اجراء میں کوشش فرمائی تنظیم المومنین میں آپ مشیر قانونی ہیں جس زمانہ میں امروہہ میں جمعیت علماء ہند کا جلسہ ہوا تھا تو آپ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی طرف سے نمائندہ منتخب ہوئے تھے۔ جنوری ۱۹۳۶ء انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب خاں صاحب آغا محمد زماں خاں صاحب قزلباش سپرنٹنڈنٹ اکسائز پنجاب

(لودھیانہ)

اجداد کا حال خاں صاحب آغا محمد زماں خاں صاحب قزلباش اپنے وطن مالوف کابل (افغانستان) سے ۷ سال کی عمر میں معہ عزیزو

اقارب اوائل ۱۸۸۸ء میں ہندوستان تشریف لائے۔ آپکے والد ماجد کربلائی آغا فقیر محمد خاں صاحب قزلباش مرحوم ایک زاہد و عابد بزرگ تھے اور ۱۸۸۸ء میں ہندوستان تشریف لائے۔ خاں صاحب مرحوم کی تعلیم و تربیت زیر سرپرستی سر نواب فتح علی خاں صاحب قزلباش مرحوم مغفور ہوئی۔ آپ محکمہ بندوبست کے ابتدائی ٹریننگ کے بعد ضلع گورداسپور کے بندوبست میں نائب تحصیلدار بندوبست مقرر ہوئے۔

ازاں بعد ۱۹۱۰ء میں اکسائز میں تبدیل ہوئے جہاں نہایت جرأت و دلیری سے اپنے فرائض منصبی انجام دیتے رہے آپ کے حسن خدمات کے صلہ میں گورنمنٹ عالیہ نے آپ کو ۱۹۳۱ء میں سپرنٹنڈنٹ اکسائز کا عہدہ عطا فرمایا۔ اور جنوری ۱۹۳۶ء میں آپکے مستحسن خدمات کے صلہ میں گورنمنٹ ہند نے آپ کو خطاب خانصاحب عطا فرمایا۔ آپ مذہبی کاموں میں خلوص دل سے دلچسپی لینے والے افراد میں سے ہیں۔ جنوری ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید فقیر حسین صاحب رضوی

(ہلور ضلع بستی)

حالات زندگی آپ ۱۳۰۲ھ کو بمقام ضلع بستی پیدا ہوئے آپ کے والد کا اسم گرامی سید محمد حسین صاحب ہے۔ ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد سید ابو الحسن صاحب امروہوی کی معرفت آپ امروہہ تشریف لے گئے اور سید المدارس امروہہ میں تعلیم پائی۔ اور حکیم سید محمد صاحب قبلہ کے مہمان رہے۔ کچھ زمانہ آگرہ رہے پھر گورکھپور ڈسٹرکٹ بورڈ میں ملازمت کی اور آج کل بھی ورناکیولر مڈل اسکول دیوریا میں اسسٹنٹ ٹیچر ہیں۔ ۱۹۰۳ء میں آپ نے اُردو اعلیٰ قابلیت کا امتحان پاس کیا۔ آپ سال ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سید آل احمد صاحب نعیم وکیل

(امروہہ)

حالات زندگی آپ قصبہ سہسوان ضلع بدایوں میں پیدا ہوئے آپ کا تاریخی اسم گرامی محمد ظریف ہے۔ آپ کے والد ماجد سہسوان میں بڑے نامور وکیل تھے قریب ۴۰ سال وکالت کی اور بڑا نام اور شہرت حاصل کی۔

مکان پر عربی و فارسی کی تعلیم حاصل کی اور بڑی قابلیت و استعداد حاصل کی ۱۸۸۴ء میں ہر کلر آیا کہ امتحان وکالت ۱۸۸۶ء سے انگریزی میں ہوگا اس لئے آپ کی توجہ امتحان وکالت کی طرف منعطف ہوگئی اور جنوری ۱۸۸۸ء میں شریک امتحان ہوئے اور اوّل نمبر امتحان میں کامیاب ہوئے اور ممتحن نے آپ کی بہت تعریف کی۔

پیشہ وکالت ستمبر ۱۸۸۵ء سے وکالت کا پیشہ اپنے والد مرحوم کے ساتھ شروع کیا۔ اور کام میں خوب ترقی ہوئی ۱۹۰۱ء سے ایسے مصائب میں مبتلا ہوئے کہ جن کے سننے سے سینہ پاش پاش ہوتا ہے جوان العمر اولاد نے داغ مفارقت دیا۔ تین شادی شدہ صاحبزادے لڑکیوں نے رحلت کی اب موصوف کے ایک صاحبزادہ سید عطا حسین صاحب بی۔ اے نائب تحصیلدار ہیں۔ اگست ۱۹۱۲ء میں امروہہ تشریف لائے اور سرزمین امروہہ کچھ ایسی پسند آئی کہ یہاں پر مستقل سکونت اختیار فرمائی اور

اب آپ منصفی میں وکالت کرتے ہیں۔

تصانیف آپ کی تصانیف کثیرہ کی تعداد بہت طویل ہے۔ آپ ایک اچھے شاعر ہونے کے علاوہ ایک کامیاب مصنف بھی ہیں، مراثی و سلام آپ کے بہت مشہور ہیں۔ رسالہ جنۃ النعیم" میں آپ نے بڑی خوبی سے یہ دکھایا ہے کہ از روئے قرآن پاک مالک جنت محض امام حسینؑ ہی ہیں۔

قومی خدمات امروہہ کی مقامی تحریکوں میں برابر حصہ لیتے رہتے ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ایک عرصہ تک رہ چکے ہیں لیکن اب پھر جنوری ۱۹۳۶ء سے ممبری کی تجدید فرمائی ہے۔

عالیجناب مولوی سیّد شفیق حسن صاحب ایلیا

(امروہہ)

حالات زندگی جناب مولوی سیّد شفیق حسن صاحب ۱۴ جولائی ۱۸۹۸ء کو پیدا ہوئے۔ آپ حضرت مخدوم سیّد شرف الدین حسین شاہ ولایت امروہہ کے خلف اکبر سیّد علی صاحب قاضی القضاۃ امروہہ کی اولاد میں ہیں۔ سلطان محمد تغلق اور فیروز شاہ تغلق کے زمانۂ حکومت میں اس خاندان کو بہت عروج حاصل ہوا اور مناصب جلیلہ پر فائز ہوئے،

آپ نے تعلیم کلام پاک اپنے جد امجد سیّد امیر حسن صاحب مرحوم سے پائی اور عربی کی تعلیم والد بزرگوار سیّد نصیر حسن صاحب اور مولوی سیّد اولاد حسین صاحب سے حاصل کی۔ آپ کو قدرت نے ذہن رسا اور طبع سلیم کی نعمت عطا فرمائی ہے۔ چنانچہ بسلسلۂ تالیف و تصنیف موصوف عربی، فارسی، انگریزی اور سنسکرت وغیرہ زبانوں سے مدد لیتے ہیں۔

تصانیف و تالیفات آپ کی تصانیف میں رسالہ اصل الاصول تبرّا د تولا کے بیان میں قابل دید ہے۔ حقیقت المسیح، رئیس العالمین، شہید ازل و صاحب زماں، وغیرہ کتب اپنے طرز کی بالکل جدید تالیفات ہیں ان کے علاوہ آپ متعدد رسائل و کتب کثیرہ کے مؤلف و مصنف ہیں، و مجلد تصدیق المعراج میں تحقیق السراج علم ہیئت میں ایک عجوبۂ روزگار تالیف ہے ان تالیفات کے علاوہ مذاق نظم میں بھی موصوف کا پایہ بہت بلند ہے، تخلص اخترؔ ہے

قومی خدمات موصوف امور قومی و مذہبی میں بھی بہت دلچسپی لیتے ہیں۔ چنانچہ آپ نے ۱۳۲۲ھ میں انجمن امامیہ امروہہ میں قایم کی تھی جو عرصہ تک قومی و مذہبی خدمات انجام دیتی رہی۔ اور اب رجب ۱۳۵۴ھ میں آپ نے اکابر و عمائد قدامت پسند کی سرکردگی میں انجمن تنظیم المومنین قائم کی ہے جو معزز طرز کی تعلیم نسواں کے قطعاً خلاف ہے مارچ ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد محمد عقیل صاحب خوشتر

(امروہہ)

حالات زندگی آپ ۱۹۱۰ء میں پیدا ہوئے۔ امروہہ میں تعلیم پائی اور ٹاؤن اسکول امروہہ سے ورناکیولر مڈل کا امتحان پاس کیا اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے محکمۂ تعلیم میں ملازم ہوئے۔ آج کل بھی آپ خدمات تعلیمی انجام دے رہے ہیں۔ سخن سنج اور سخن فہم ہیں۔ نوجوان صالح ہیں۔ میری تحریک سے آپ فروری ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مبارک حسین صاحب ایم۔اے۔بی۔ٹی بریلی

(لکھنؤ)

حالات زندگی لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ گھر پر اُردو فارسی کی تعلیم شروع کی۔ تیرہ سال کی عمر میں چوتھے درجہ میں داخل ہوئے۔ جب پانچویں جماعت میں پہونچے تو انفلوئنزا کے مرض میں والدہ ماجدہ، والد بزرگوار اور بھائی وغیرہ سب ایک ماہ کے اندر انتقال فرما گئے۔ کوئی کفیل اور مددگار نہ رہا۔ ماں باپ کے سایۂ عاطفت سے محروم ہو جانا اور پھر چودہ سال کی عمر جس پریشان حالی میں زندگی گذرنی چاہئے تھی اُس کا وہی لوگ اندازہ لگا سکتے ہیں جنکو یتیموں سے کوئی واسطہ پڑا ہو۔ اسکول کے ہیڈ ماسٹر مولوی زین العباد صاحب کو جب یہ عبرتناک اور دردانگیز حال معلوم ہوا تو آپ کی فیس معاف کر دی۔ انگریزی مڈل میں اوّل نمبر آئے؛ دسویں جماعت تک وظیفہ ملتا رہا۔ اس طرح سے اپنے ذاتی شوق اور معلمین کی عنایت سے انٹرنس پاس کیا۔ شیعہ کالج میں ایف۔اے میں داخل ہوگئے۔ ٹیوشن کا سلسلہ شروع ہوا۔ اور کالج نے وظیفہ مقرر کر دیا۔ اس طرح سے ایف۔اے پاس کیا۔ بی ایف۔اے کے بعد بھی آپ کی طبیعت پست نہ ہوئی اور آپ نے بی۔اے کا ارادہ کیا اور خدا پر بھروسہ کر کے بی۔اے میں داخلہ کرا لیا۔

اور اب مصارف کی زیادتی کو دیکھتے ہوئے ٹیوشنوں میں اضافہ کر لیا۔ بی۔اے کی سند حاصل کرنے کے بعد ایم۔اے انگریزی میں لکھنؤ یونیورسٹی سے کیا۔

چونکہ ابتدا ہی سن شعور سے درس و تدریس کا شوق تھا اس لئے بی۔ٹی میں داخلہ کے لئے درخواست دی۔ پروفیسر سید تجمل حسین صاحب ایم اے اُس زمانہ میں انجمن وظیفہ سادات کے سکریٹری تھے۔ انجمن سے مصارف فیس وغیرہ کے لئے وظیفہ مقرر کرا دیا۔ جس کو آپنے ادا و بیباق کر دیا ہے بی۔ٹی میں اوّل نمبر (PRACTICE) میں اور سکنڈ ڈویژن (THEORY) میں رہے، اور آپ کا نام سررشتۂ تعلیم میں سرکاری ملازمت کے لئے گیا۔ لیکن آپنے قومی اداروں کی خدمت کرنا بہتر خیال کیا اور اب آپ بریلی اسلامیہ ہائی اسکول میں انگلش ماسٹر ہیں۔ بی۔ٹی میں میرے ہم جماعت تھے۔ بڑے خاموش سنجیدہ اور خلیق ہیں۔ آپنے جو کچھ حاصل کیا وہ (SELF HELP) سے کیا۔ بے یار و مددگار رہکر کسی دوسرے کے مرہون منت نہ ہوئے اپنے دست و بازو کی قوت سے حاصل کیا بے یار و مددگار طالب علموں کو سبق حاصل کرنا چاہئے۔ اپریل ۱۹۱۸ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب سیّد سعادت حسین صاحب

(امروہہ)

حالات زندگی آپ کا سلسلۂ نسب حضرت امام زین العابدین علیہ السلام تک پہونچتا ہے۔ آپ کے اجداد میں سے مولانا بدرالدین اسحاق عالم و فاضل درویش کامل اور کتاب اسرار الاولیا کے مصنف تھے آپ کے حالات کتاب سیر الاخطاب و مدارج الولایت و جواہر فریدی میں درج ہیں۔ مولانا موصوف ہندوستان پاک پٹن میں تشریف لائے بابا شیخ فرید گنج شکر نے اپنی دختر بی بی فاطمہ کو ان کے جالۂ عقد میں دیکر کمالات باطنی سے مفخر فرما دیا۔ چند و اسطوں کے بعد حضرت شاہ نصیر الدین غازی قدس سرہٗ آپ کے جد درویش کامل ہوئے جو قبل سنہ ہجری

یں امروہہ تشریف لائے۔ اُن کے چند واسطوں کے بعد آپکے اجداد میں سے سید عبدالرسول عرف سید میراں خاں بعہد شاہان مغلیہ پنجہزاری منصب چار ہزار سوار علم و نقارہ اور خطاب بخشی الملک سے ممتاز ہوئے اور جاگیرات عطا ہوئیں۔ اور ان کے بعد بھی آپ کے اجداد کو سلسلہ بسلسلہ منصب اور جاگیرات پر داد آتک عطا ہوتی رہیں۔ اور اب تک ان کے خاندان میں جاگیر کسی قدر باقی ہیں۔ آپنے فارسی تعلیم امروہہ میں اور عربی کی مدرسہ ناظمیہ لکھنؤ میں پائی۔

قومی خدمات | ۱۹ سال سے بزم حق نما امروہہ کے آپ صدر ہیں اور عشرۂ محرم میں باجہ و دلدل وغیرہ کے منتظم رہتے ہیں اور خدمات عزاداران امام حسین علیہ السلام کرتے ہیں۔ سربرآوردۂ قوم امروہہ میں باعزت اور محلہ کے مکھیا ہیں۔ ہر قومی کام میں دلچسپی کا اظہار فرماتے اور اور حتی المقدور اداروں کی امداد فرماتے ہیں آپکے بڑے بھائی سید سید دلتا حسین صاحب امروہہ کے معززین میں سے ہیں۔ آپ اپریل ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور چندہ باقاعدہ مرحمت فرماتے ہیں۔

عالیجناب مولوی سید ابرار حسین صاحب پاروی


(پٹنہ)

حالات زندگی | آپ کا وطن مالوف پارہ ہے لیکن اعلیٰ تعلیم لکھنؤ میں حاصل کی۔ آپ نے مدرسہ ناظمیہ لکھنؤ سے ممتاز الافاضل اور لکھنؤ یونیورسٹی سے فاضل ادب پاس کیا ہے، مدرسہ سلیمانیہ پٹنہ میں ادبیات پڑھاتے ہیں پانچ برس سے طبابت کی خدمت انجام دے رہے ہیں مضمون نگاری کا مشغلہ بھی عرصہ سے قائم رکھا ہے چنانچہ سرفراز کا کوئی محرم نمبر یا رجب نمبر آپکے مضمون سے خالی نہیں رہا ہے۔ اسد، الواعظ، وغیرہ میں بھی برابر مضامین بھیجتے رہتے ہیں۔ ذاکری کا سلسلہ بھی عرصہ سے قایم ہے محرم سے اربعین تک برابر کلکتہ وعظیم آباد میں خدمت سید الشہداء میں مصروف رہتے ہیں "انارۃ البہم" ایک کتابچہ بھی آپ کی تصنیف سے ہے۔ اپریل ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور شیعہ کانفرنس کے حامی ہیں


عالیجناب سید علی مقدس صاحب رضوی بی اے۔ بی ٹی

(شاہ گنج آگرہ)

حالات زندگی | آپ کے والد ماجد کا اسم گرامی سید وجیہ الحسن صاحب رضوی ہے۔ آپ کی پیدائش جولائی ۱۹۰۸ء محلہ شاہ گنج آگرہ میں ہوئی بچپن سے انگریزی تعلیم کا سلسلہ رہا ۱۹۳۵ء میں بی۔ اے کا امتحان آگرہ یونیورسٹی سے پاس کیا۔ اور ۱۹۳۶ء میں بی۔ ٹی کی ڈگری ٹچرس ٹریننگ کالج علی گڑھ یونیورسٹی سے حاصل کی۔ علاوہ بریں دیگر امتحانات بھی بسلسلۂ تعلیم پاس کئے۔ اسکول اور کالج لائف میں آپ مختلف ادبی عہدوں پر ممتاز رہے۔ مثلاً سکریٹری بزم اُردو، اڈیٹر آگرہ میگزین وغیرہ۔ آپ چند رسالوں کے مصنف بھی ہیں۔ قدرت نے ذوق شعر بھی عطا فرمایا ہے۔ اور ملک کے مختلف رسائل اور اخبارات میں آپ کی نظمیں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ نثر کے مضامین بھی آپ کے خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ مثلاً مرثیہ اور اخلاق" فی الحال آپ سینٹ پیٹرک کالج آگرہ میں اُردو لکچرار ہیں۔




عالیجناب سید سعادت حسین صاحب بالغایہ



عالیجناب مولوی سید برادر حسین صاحب بالغایہ دہلوی



عالیجناب سید علی مقدس صاحب رضوی بالغایہ



عالیجناب سید امداد حسین صاحب بالغایہ




عالیجناب قبلہ و کعبی محمد داؤد صاحب قبلہ



عالیجناب اولی سید کلب حسین صاحب قبلہ مجتہد



عالیجناب رئیس سید محمد تقی صاحب بالقابہ



عالیجناب نواب ذوالفقار یار خان صاحب حیدری بالقابہ

قومی خدمات | آپ انجمن مہدویہ شاہ گنج کے پُرجوش ممبر ہیں اور چند بار صدارت اور نیابت صدارت کے عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ آج کل بھی اس انجمن کے آپ صدر ہیں حاجی سید العابدین صاحب قبلہ کی تحریک پر آپنے اکتوبر ۱۹۳۶ء انجمن کی ممبری قبول فرمائی۔

عالیجناب سید المہاجرین حضرت صابر رضوی

(آگرہ)

حالات زندگی | آپ ۸ مارچ ۱۹۱۴ء کو شاہ گنج آگرہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا خاندان ملازمت پیشہ ہے۔ آپ کے دادا سید احترام علی صاحب پولیس میں سب انسپکٹر تھے۔ اور ہمیشہ دینی کاموں میں حصہ لیا کرتے تھے اور موصوف نے چند رسالے مذہب آریہ کی رد میں تحریر فرمائے۔ آپکے والد سید الساجدین صاحب عدالت جھجی جھانسی میں نائب محافظ دفتر تھے۔ اور آپ منصفی اور ڑی میں اہلمد ہیں۔ اور نہایت خوش اخلاق ہیں۔

آپ اپنے چچا حاجی سید العابدین صاحب کی تحریک سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہوئے ہیں اور امامیہ مشن اور شیعہ یتیم خانہ کے بھی آپ مستقل ممبر ہیں۔ آپ اکتوبر ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب لقمان زماں حکیم سید احمد صاحب

(امروہہ)

حالات زندگی | آپ امروہہ محلہ لکڑہ میں ۲ ربیع الاول ۱۳۰۶ھ مطابق ۶ نومبر ۱۸۸۸ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کے جد امجد حاجی محمد مہر علی صاحب طبابت کرتے تھے اور حکیم غلام امام صاحب اکبر آبادی کے شاگرد تھے۔ آپ کے دادا سید مرتضیٰ صاحب امروہوی فرخ آباد میں طبابت کرتے تھے اور حکیم میر حسن خاں موہانی کے شاگرد تھے اور وہیں انتقال کیا۔ آپکے والد بزرگوار حکیم سید محمد صاحب امروہہ کے مشہور و معروف اور ہر دل عزیز حکیم تھے۔ مدرسۃ الواعظین کو امروہہ میں مدعو کیا۔ استقبالیہ کمیٹی کے صدر منتخب ہوئے۔ آپ بڑے دین دار اور پابند صوم و صلوٰۃ بزرگ تھے۔ آپ کی غربا پروری اب تک زبان زد خاص و عام ہے۔

سید المدارس امروہہ کے بانی تھے۔ سکریٹری بھی رہے۔ آپ نے سید المدارس امروہہ سے مولوی اور مولوی عالم کے درجہ تک تعلیم حاصل کی بعدہٗ والد ماجد کی خدمت میں رہ کر کامل ۲۲ سال تک تجربہ حاصل کیا

قومی خدمات | سید المدارس کے سکریٹری ہیں امام باڑہ محلہ لکڑہ کے متولی ہیں۔ پابند خمس و زکوٰۃ ہیں۔ قومی امور میں خاص طور سے دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں۔ اربعین کے موقع پر مشہور و معروف ذاکرین کو مدعو کر کے مومنین امروہہ کو محظوظ کرتے ہیں۔ نہایت ہی خوش مزاج ہیں اپنے فن طبابت میں مسلم الثبوت استاد ہیں غریبوں، یتیموں اور بیواؤں کی حتی المقدور اعانت و امداد کرتے رہتے ہیں۔ انجمن کے جون ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب داروغہ وزیر خاں صاحب حیدری

کپورتھلہ اسٹیٹ

حالات زندگی آپ بلوچ قوم سے تعلق رکھتے ہیں آپ کا سلسلۂ نسب جناب حبیب ابن مظاہر علیہ السلام تک پہنچتا ہے آپکے خاندان کے ذکور و اناث کے قلوب میں مودت اہلبیت اور محبت سادات کا فی موجود ہے سید الشہداء علیہ التحیۃ والثنا کی مجالس عزا برپا کرنے میں آپ کی قوم ہر جگہ نہایت سے کام لیتی ہے۔ آپ ۱۹۰۱ء سے ۱۹۱۹ء تک فوج میں ملازم رہنے کے بعد خوش اخلاق ہیں۔

۱۹۲۰ء میں کپورتھلہ اسٹیٹ کیطرف سے انچارج ضلع مقرر ہوئے اور اس وقت بھی اس عہدہ پر مامور ہیں۔

قومی خدمات آپ مسلم مذہب ہیں۔ مجالس پڑھتے ہیں۔ فرانس کے جنگ عظیم کے زمانہ میں میدان جنگ میں اپنے مجالس منعقد کیں انجمن امیکیور تھلہ کے آپ جنرل سکریٹری ہیں۔ آجکل آپ مسجد و امام باڑہ کی تعمیر کے لئے کوشاں ہیں۔ آپ ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید المصلین صاحب

(شاہ گنج آگرہ)

حالات زندگی آپ سید الساجدین صاحب کے فرزند ہیں قدیم امام باڑہ واقع شاہ گنج آگرہ کے بانی کی اولاد میں ہیں ۱۹۱۹ء میں آپکے والد ماجد نے انتقال فرمایا۔ اُس وقت سے آپ تمام خاندان کے کفیل ہیں۔ آپ کے چچا حاجی سید العابدین صاحب کربلائی بھی انجمن کے ممبر ہیں۔

آپ اکتوبر ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید کونین احمد صاحب رضوی علیگ میرٹھ

(چھولس ضلع بلند شہر)

حالات زندگی سید کونین احمد صاحب رضوی میر محمد حسین صاحب تحصیلدار ساکن چھولس ضلع بلند شہر کے سب سے چھوٹے صاحبزادہ ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئے۔ بچپن ہی سے سایۂ پدری سے محروم ہو گئے تھے اور ان جملہ صعوبات کا سامنا کرنا پڑا جو ہر یتیم بچہ کو ایسے حالوں میں پیش آتے ہیں۔ ۱۹۰۹ء میں مقامی اسکول میں تعلیم شروع کی ۱۹۱۵ء میں اُردو مڈل میں شاندار طور پر کامیابی حاصل کی اور انٹرنس تک سرکاری وظیفہ پایا۔ ۱۹۲۰ء میں انٹرنس پاس کیا۔ علی گڑھ سے ایف۔ اے پاس کیا۔ اور تعلیمی سلسلہ منقطع کر کے ملازمت کی جستجو ہوئی۔ اور قدرت نے مساعدت کی آپ محکمۂ زراعت میں ہیں۔ آج کل میرٹھ میں متعین ہیں۔ قوم کا درد دل میں ہے لیکن درد قومی کا اظہار اپنی مصروفیتوں

کے باعث کہ نہیں سکتے۔ نہایت خوش اخلاق اور شیریں کلام ہیں۔ مارچ ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد صفی حیدر صاحب سابق میونسپل کمشنر رئیس

(امروہہ)

حالات زندگی آپ ۱۸۹۸ء میں بمقام امروہہ پیدا ہوئے آپکے والد بزرگوار سید علی حیدر صاحب مرحوم مراد آباد میں وکالت کرتے تھے اور کامیاب وکلا میں شمار ہوتا تھا آپ کی ابتدائی تعلیم امروہہ میں ہوئی انگریزی تعلیم مسلم یونیورسٹی میں حاصل کی۔

آپ میونسپل بورڈ امروہہ کے ممبر تھے، انجمن اصلاح معاشرت امروہہ کے جنرل سکریٹری عرصہ تک رہے اور قومی خدمات میں خاص دلچسپی و انہماک سے کام لیتے ہیں۔ امام المدارس ہائی اسکول امروہہ کی مجلس منتظمہ کے رکن تھے۔ شیعہ آرفنس اسکول امروہہ کے اسسٹنٹ منیجر ہیں آپ کی ہمدردی قومی معاملات میں قابل رشک ہے۔ نہایت خلیق و متواضع واقع ہوئے ہیں آپ جون ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سیّد محمد داؤد صاحب

(رامپور)

حالات زندگی گوہر منثور میں ہے کہ آپ بمقام زنگی پور ۹ رجب ۱۲۹۴ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تاریخی نام سید منظر ہے۔ اور مولوی ہارون صاحب کے بعد آپ کا نمبر تھا مگر لیاقت علمیہ اور ذہانت وجودت میں کچھ کمی نہیں علاوہ علمی لیاقت کے آپ بڑے خوش بیان اور با اثر ہیں۔ مجالس عزا میں مصائب ایسے طرز سے پڑھتے ہیں کہ ہر شخص محظوظ ہوتا ہے اور طبیعت میں اصلاح اور صواب رائے تو گویا آپ کی صفت آبائی ہے۔ آپ کو اجازہ جو جناب نجم العلماء نے عطا فرمایا ہے وہ آپ کی نمایاں لیاقت کی کافی دلیل ہے بچپن ہی سے آپ کو تلاوت قرآن و نماز و عبادت کا شوق تھا اور اب تو آپ کا تقویٰ و تورع پوری معیار پر پہونچا ہے بالکل مقدسین علماء کی روش اور وضع، چونکہ اختلاج قلب و نزلہ وغیرہ کا مرض رہتا ہے تو کچھ تصنیف کی نوبت نہیں آئی جہاں کچھ شروع کیا اور دوران سر پڑا، اور وہ ناقص ہی رہگیا البتہ عربی فارسی، اردو کے قصائد نہایت با اثر و مضمون خیز ہوتے ہیں آپ فارغ التحصیل ہو کر جناب مولوی سید علی احمد صاحب رئیس اورنگ آباد ضلع بند شہر کی تعلیم کے واسطے مقرر ہوئے وہاں کچھ قیام کیا تھا کہ مولوی سید ذکی حسن صاحب زنگی پوری نے اپنی نیابت پر پٹنہ بلا لیا۔ اور جناب اور جناب نواب سید محمد مہدی حسن خاں صاحب عرف بادشاہ نواب صاحب کی سرکار میں توسل ہو گیا۔ وہاں کے مومنین سب خوش رہے اور خود بھی مانوس تھے مگر وہاں کی آب و ہوا مزاج کے موافق نہ آئی تو یہ سلسلہ ترک کر کے پھر اورنگ آباد میں تشریف لائے تو وہاں کے مومنین آپ کی خدمت کرنے لگے۔

اب ۱۳۳۴ھ سے مدرسہ عالیہ رامپور میں مدرس ہیں مجھے بھی آپ سے نیاز حاصل ہوا فی الحقیقت خلق مجسم ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات کے مئی ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب حجۃ الاسلام عمدۃ العلماء مولانا السید کلب حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر والزماں

(لکھنؤ)

حالات زندگی | ۶ رشعبان ۱۳۱۱ھ کو جوہری محلہ لکھنؤ میں پیدا ہوئے آپ کا حسب ونسب آسمان علم پر آفتاب ماہتاب کی طرح روشن ہے پدر بزرگوار حضرت قدوۃ العلماء مولانا مولوی سید آقا حسن صاحب قبلہ مرحوم اور مادر گرامی قدر حضرت عماد العلماء مولوی سید مصطفےٰ عرف مولوی میر آغا صاحب مجتہد اعظم لکھنؤ کی بڑی صاحبزادی تھیں۔

صرف ابجدی تعلیم آپ کی گھر پر ہوئی۔ جس کے بعد جامعہ سلطانیہ (سلطان المدارس) لکھنؤ میں آپ داخل ہوگئے اور ابتدائی درجوں ہی سے اساتذہ کی نگاہوں میں عزت اور وقعت پیدا کرلی۔ آپ وقت کے پابند ہر حال میں حاضر اور اپنی جماعت میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ۱۳۳۱ھ میں جامعہ کی آخری سند صدر الافاضل حاصل کرکے ہندوستان کی تعلیم سے فارغ ہوئے۔ آپ فارغ التحصیل ہونے کے بعد وقت کو ضائع نہیں کیا بلکہ ۱۳۳۲ھ کے ابتدا ہی میں عراق پہنچکر حجۃ الاسلام میرزا علی شہرستانی، علامہ سید محمد فیروز آبادی و سید عبد الحسن حجۃ مدظلہم القدسی جیسے مشاہیر روزگار علماء سے تحصیل علم فرماتی۔ و درس خارجی میں شریک رہے یہاں تک کہ منجرات مرض میں ایک ایسا رسالہ لکھا جو علماء عراق کے نزدیک ہندی کے قلم سے ہونا ایک معجزہ تھا ان امور حضرت نے حجۃ الاسلام آقا ابو الحسن اصفہانی اور جناب شیخ عبد اللہ مامقانی (ران کے علاوہ خود حضرت قدوۃ العلماء مرحوم شراز سے بھی اجازات اجتہاد عطا فرمائے اور عمدۃ العلماء کے خطاب سے ممتاز ہوئے۔

حضرت عمدۃ العلماء کو اجازات اجتہاد ملنے کی خبر نے اہل لکھنؤ کے خائف دل میں چراغاں کردیا بے شمار مبارکباد کے مراسلے واپسی کے اصرار سے لبریز پہونچے آخر حضرت عمدۃ العلماء کو عراق چھوڑتے ہی بنا۔ اور تشنگان علم کے اصرار پر مدرسہ شیعہ بیت المال کے درجہ اعلیٰ کی تعلیم آپ کے متعلق ہوگئی اور عرصہ تک یہ سلسلہ جاری رہا۔

نماز جمعہ | لکھنؤ کے لوازمات مذہب کا علم بردار خاندان اجتہاد ہے اس لئے نماز جمعہ وجماعت عیدین کی ذمہ داری بھی ہمیشہ سے اس خاندان کے متعلق ہے حضرت غفران مآب و سلطان العلماء و ممتاز العلماء و شمس العلماء سید ابراہیم صاحب و عماد العلماء مولوی میر آغا صاحب اپنے اپنے عہد میں اس نماز کے امام ہوتے رہے ہیں جو آج سے چند سال پہلے حضرت قدوۃ العلماء طاب ثراہ نے اس عظیم الشان مذہبی خدمت کے پہلے ہی حضرت عمدۃ العلماء کو منتخب فرمالیا تھا۔ چنانچہ حضرت قدوۃ العلماء اپنی بیماری یا کسی ایسی اہم حالت میں اپنی زندگی میں نماز کے لئے حضرت عمدۃ العلماء کو اجازت دیا کرتے تھے۔ جس کا سلسلہ تقریباً ۱۳۴۱ھ سے شروع ہوگیا تھا اور ۱۳۴۴ھ میں تو حضرت قدوۃ العلماء کو ایک طویل و شدید بیماری کا سامنا کرنا پڑا جس میں تمام اہل لکھنؤ جناب کی زندگی سے مایوس ہوچکے تھے اور خود بھی حضرت قدوۃ العلماء اپنا حال خوب سمجھ رہے تھے اس عالم میں جناب نے نہ صرف نماز جمعہ بلکہ اوقاف وغیرہ کی تمام ذمہ داریاں بھی حضرت عمدۃ العلماء کے متعلق فرمادیں۔ ۱۳۴۵ھ میں جناب مرحوم بقصد ہجرت زیارت حرمین وعتبات عالیات کے لئے روانہ ہوئے اس وقت بھی نماز جمعہ وجماعت عیدین وتعلقات اوقاف شہر و بیرون شہر وجوابات مسائل وقومیات و مذہبیات کی ذمہ داری حضرت عمدۃ العلماء پر چھوڑ دی گئی۔ یہاں تک کہ جناب مرحوم جب اہل لکھنؤ کے اصرار بے پایاں سے مجبور ہوکر چند ماہ کے لئے دوبارہ لکھنؤ تشریف لائے تو آپ نے یہ ذمہ داریاں واپس نہیں لیں آخر ۱۳۴۸ھ میں جناب مرحوم کا عازم رشتہ انتقال رونما ہوا۔

قومی خدمات | خاندان خصوصی کی پرورش، خاندان عمومی کی حمایت اہل شہر کے مذہبی خدمات، لکھنؤ و بیرون لکھنؤ کے مسائل کے جوابات لکھنؤ و بیرون لکھنؤ، مواعظ و محافل و مجالس، درس و تدریس، مطالعہ

وغیرہ میں خاص انہماک و دلچسپی رکھتے ہیں۔ حضرت عمدۃ العلماء جوان ہیں مگر آپ کے اثر کا یہ عالم ہے کہ اہل لکھنؤ صرف اشارہ کے منتظر رہتے ہیں ابن سعود کے خلاف ایک یوم غم شیعہ کانفرنس و دیگر علماء کی متحدانہ کوششوں سے فاطمین میں منایا جاتا ہے۔ اور دوسرا یوم غم حضرت عمدۃ العلماء کے ایما سے صفر کے پہلے اتوار کو شیعہ بیت المال کے امام باڑہ واقع ٹھاکر گنج میں ہوتا ہے ہم ان دونوں کا صرف یوں مقابلہ کر سکتے ہیں جیسے لکھنؤ کے کسی امام باڑہ میں معمولی شب جمعہ کی مجلس اور اسی امام باڑہ کی نویں ماہ محرم کی مجلس اسی ابن سعود کی مخالفت میں لکھنؤ میں جب شیعوں کا جلوس نکلا ہے تنہا حضرت عمدۃ العلماء کا حکم تھا اور جب آپ نے علم کی چھڑی ہاتھ رکھا ہے تو پچاس ہزار کا مجمع اپنے جوش میں اُن حدود تک پہونچ گیا تھا جہاں سے قانون شکنی کی حد قریب تھی۔ زلزلہ بہار کے بعد عریضہ دینے کے لئے نماز جمعہ کے بعد بغیر اطلاع تنہا تشریف لے چلے تھے۔ گھر سے دریا تک پہونچتے پہونچتے بیعت کا سیلاب اُمنڈ آیا یہاں تک کہ انتظاماً سواریوں کی آمد رفت روک دینا پڑی حق یہ ہے کہ آپ کا اثر ایک تو عالمانہ و مجتہدانہ ہے دوسرے واعظانہ زور، ان دونوں مرتبوں پر آپ کے فائز ہونے کی نظیر دوسری نہیں ملتی۔ آپ جون ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں اور میرٹھ کی مجالس میں ممبران اسامیین سے تعارف کرا کر انجمن کے متعلق تقریر کی اجازت مرحمت فرمائی اور خود بھی انجمن کی تعریف فرمائی۔

عالیجناب پروفیسر سید محمد لقا علی صاحب نقوی ایم اے۔ ایل۔ ٹی الہ آباد

(امروہہ)

حالات زندگی آپ امروہہ ضلع مراد آباد میں ۱۹ اگست ۱۸۹۹ء کو پیدا ہوئے۔ آپ نہ صرف امروہہ کے لئے باعث افتخار ہیں بلکہ آپکی ذات والاصفات قوم کے لئے باعث صد فخر ہے۔ آپ ان چند ممتاز ہستیوں میں سے ہیں جن کو ELF MADE MAN کا معزز لقب ملتا ہے کیونکہ آپ کی تمام تر ترقی کسی دوسرے کی امداد کی رہین منت نہیں ہوئی جہاں تک تعلیم و تعلم کا تعلق ہے آپ کی قابل قدر ہستی تمام نوجوانوں کے لئے ایک بیش بہا نمونہ اور قابل تقلید مثال ہے۔ باوجود انتہائی انگریزی تعلیم حاصل کرنے کے مذہب اور مذہبیات سے آپ کو انتہائی دلچسپی ہے اور آپ بجائے مذہب سے غافل ہونے کے مذہب سے خاص شغف رکھتے ہیں آپ نہایت ذہین، طباع، فہیم اور خلیق ہیں۔ اور آج کل صوبہ متحدہ کے محکمۂ تعلیم میں ہیں، آپ اپنی یکتا شان رکھتے ہیں۔ دل میں قوم کا سچا درد رکھتے ہیں۔ آپ ظاہری نمائش و نام و نمود کو پسند نہیں کرتے بلکہ ہر جگہ ٹھوس کام دیکھنا چاہتے ہیں۔

آپ کے والد ماجد کا اسم گرامی حاجی سید ارتضیٰ حسین صاحب ہے آپکے مورث اعظم سید شرف الدین صاحب شاہ ولایت ہیں۔ آپنے اولاً اپنے ہی مکان پر کلام الٰہی ختم کیا۔ اور ابتدائی اُردو دینیات اور حساب وغیرہ کی تعلیم حاصل کی۔ پھر گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ سے ۱۹۱۶ء میں میٹریکولیشن پاس کیا۔ پھر عالی جناب الحاج مولوی سید مرتضیٰ حسین صاحب قبلہ مرحوم امروہوی اور عالیجناب مولوی سید یوسف حسین صاحب قبلہ مجتہد مرحوم امروہوی اعلی اللہ مقامہما کی زیر تعلیم امتحان مُلّا الہ آباد سے ۱۹۱۸ء میں پرائیویٹ طالب علم کی حیثیت سے سکنڈ ڈویژن میں پاس کیا اور ۱۹۱۹ء میں امتحان ملا فاضل نور المدارس امروہہ سے پاس کیا اور مدرسہ مذکور سے مبلغ تیس روپیہ کا انعام اعلیٰ کامیابی پر حاصل کیا۔ تعلیم اور دینیات میں ہمیشہ اعلیٰ نمبر حاصل کئے۔ اور ۱۹۲۰ء میں امتحان منشی فاضل (آنرز ان پرشین) میں سکنڈ ڈویژن میں کامیابی حاصل کی اپریل ۱۹۲۱ء میں گورنمنٹ ہائی اسکول فیض آباد میں بعہدۂ ہیڈ مولوی تقرر ہوا۔ اسی سال وہ اسکول انٹرمیڈیٹ کالج ہو گیا اور آپ وہاں پانچ سال تک عربی وغیرہ پڑھاتے رہے۔ فرائض تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنے

فرض تعلیم کو بھی نہ بھولے۔ چنانچہ ۱۹۲۴ء میں یو۔پی بورڈ آئی ایجوکیشن کا امتحان ایف۔اے سکنڈ ڈویژن میں پاس کیا۔ عربی میں تصرف درجہ امتیاز ملا بلکہ کل یو۔پی میں اوّل نمبر کامیابی پر الہ آباد یونیورسٹی نے سٹڈن اسکالرشپ عطا فرمایا۔

اگست ۱۹۲۵ء میں گورنمنٹ نے کل صوبہ سے پراونشیل پولیس ٹریننگ اسکول مراد آباد کی اردو پروفیسری کے لئے آپ کا انتخاب کیا اور اگست ۱۹۲۵ء سے اپریل ۱۹۳۲ء تک بطور پروفیسری کام کرتے رہے اور یورپین اور انڈین گزیٹیڈ افسران کو تعلیم دیتے رہے ۱۹۳۰ء میں علیگڈھ یونیورسٹی سے کل مضامین میں بی۔اے کی ڈگری حاصل کی۔ عربی میں اوّل نمبر کامیابی پر "حقی پرائز" پایا۔ ۱۹۳۲ء میں مسلم یونیورسٹی کے امتحان ایم۔اے (عربی) میں شریک ہوئے اور بفضل تعالیٰ اوّل درجہ اور اوّل پوزیشن کی کامیابی کا شرف حاصل کیا۔

چونکہ محکمۂ پولیس میں تنخواہ کی انتہائی حد پر پہونچ چکے تھے اس لئے ۱۹۳۲ء میں محکمۂ تعلیم کو واپس ہوئے اور نینی تال میں تعینات ہوئے ۱۹۳۴ء میں الہ آباد ٹریننگ کالج سے ایل۔ٹی کی سند حاصل کی اور اب آپ انٹر کالج الہ آباد میں پروفیسری کی خدمات بطریق احسن انجام دے رہے ہیں ۱۹۳۷ء میں زیارات عتبات عالیات عراق سے مشرف ہوئے اور ۱۹۳۸ء میں براہ خشکی زیارت امام ضامن ثامن علیہ الاف التحیۃ والثنا کا شرف حاصل کیا۔ اس دوران میں کئی سال تک انجمن اصلاح معاشرت امروہہ کے سرگرم کارکن رہے۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس لکھنؤ کے ممبر رہتے اور ممبران عمومی کی فراہمی کی تحریک میں کافی حصہ لیا اور بہت سے ممبران عمومی کانفرنس کو فراہم کئے۔ کئی سال انجمن ایمامیہ مشن لکھنؤ کے ممبر رہے نیز آل انڈیا انجمن عقد بیوگان کے ممبر ہیں اور کافی تعداد میں انجمن مذکور کو ممبر فراہم کئے۔ انجمن وظیفہ سادات سے دلی ہمدردی ہے مئی ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں آپنے سورو یڈ آرٹ اسکول مرو کو مرحمت فرمایا

عالیجناب حکیم ساجد علی خاں صاحب بی۔اے۔ایل۔ایل۔بی وکیل رئیس

(امروہہ)

حالات زندگی آپ ۱۹۰۱ء میں بمقام امروہہ پیدا ہوئے۔ آپکے والد بزرگوار عالی جناب حکیم نواب علی خاں صاحب مرحوم امروہہ کے رؤسا میں سے ہیں اور یہاں کے مقتدر و معزز حضرات میں آپ کا شمار ہوتا ہے حکیم نواب علی خاں صاحب نے شیعہ کانفرنس کو امروہہ میں مدعو کرکے ایک ایسا اجلاس کیا جو شیعہ کانفرنس کی تاریخ میں یادگار رہیگا۔ کئی ہزار روپیہ اپنی جیب خاص سے خرچ کیا۔ شیعہ کالج کے لئے چندہ کیا اور خود بھی معتدبہ رقم دی۔ حکیم صاحب امروہہ میں بہت ہردل عزیز اور مشہور و معروف ہیں۔ ساجد علی خاں صاحب کی ابتدائی تعلیم گورنمنٹ ہائی اسکول حسین آباد لکھنؤ میں ہوئی۔ اس زمانہ میں آپکے چچا حامد علی خاں صاحب لکھنؤ میں بیرسٹر تھے۔ اس لئے آپ بیرسٹر صاحب کے ساتھ رہتے تھے۔ عربی فارسی و دینیات کی تعلیم شمس العلما مولوی سید ناصر حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر کی مکتب میں حاصل کی۔ امروہہ سے انٹرنس پاس کیا۔ آگرہ سے انٹر کیا اور مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے بی۔اے۔ ایل۔ بی کیا ۱۹۳۰ء سے امروہہ میں وکالت کرتے ہیں۔ بہت مقبول و ہردل عزیز ہیں اصابت رائے کے لئے مشہور ہیں۔ جنوری ۱۹۳۶ء سے انجمن کے باقاعدہ ممبر ہیں نام و نمود سے علیحدہ ہیں نوٹو دستیاب نہ ہو سکا۔ میرے خاص کرم فرما ہیں۔

ممبران کی اولاد کا حق سب پر مقدم سمجھا جاتا ہے
انجمن کے سرمایہ کو ایک لاکھ کر دینا آپ کا قومی فرض ہے

عالیجناب ڈاکٹر سیّد مطاہر حسن صاحب آئی۔ ایم۔ ڈی مانڈلے (رنگون)

(امروہہ)

حالات زندگی آپ سیّد اظہر حسن صاحب کے صاحبزادہ اور ڈاکٹر سیّد اظہر حسن صاحب صوبہ دار میجر کے بھتیجے ہیں۔ امروہہ میں تعلیم پائی زمانۂ تعلیم میں کرکٹ کے مشہور کھلاڑی تھے۔ جنگ عظیم کے زمانہ میں فوج میں ڈاکٹر ہوئے اور قابل قدر خدمات کے سلسلہ میں بیرونی ممالک فلسطین شام وغیرہ تشریف لے گئے۔ ہندوستان میں دور و دراز مقامات پر بسلسلۂ ملازمت تشریف لیگئے ہیں۔ جوان صالح ہیں، مذہبی اور قومی درد دل میں رکھتے ہیں تقریباً ۴۴ سال کی عمر ہوگی، میڈیکل کالج آگرہ کی تعلیم کے زمانے سے انجمن سے وظیفہ لیا ہے جو آپ ادا کر چکے ہیں۔ اور انجمن کے اپریل ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب حاجی خان محمد خان صاحب بلوچ کوہہ

(ڈیرہ غازی خاں)

حالات زندگی آپ کے والد ماجد کا اسم گرامی سردار مکرم خاں صاحب ہے۔ آپ کا پیشہ زمینداری ہے۔ آپ کے خاندان کے سب لوگ شیعہ ہیں جو عتبات عالیات کی زیارت سے مشرف ہو چکے ہیں۔ ۱۹۳۰ء میں آپنے فریضۂ حج ادا کیا۔ اس کے بعد پانچ مرتبہ زیارات عراق اور تین مرتبہ مشہد مقدس کی زیارت سے مشرف ہوئے ہیں۔ آپ مئی ۱۹۳۶ء انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد محمد حسین صاحب بخاری سادات گنج

(لاہور)

حالات زندگی آپ کوٹلی خواجہ ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مڈل اسکول مہار اجکی ضلع سیالکوٹ میں حاصل کی۔ انگریزی تعلیم اسلامیہ ہائی اسکول اور میکلی کالج آف کامرس میں حاصل کی کچھ عرصہ تک نارتھ ویسٹرن ریلوے لاہور اور پنجاب لیجسلیٹو کونسل لاہور میں ملازم رہے۔

اب آپ مستقل طور پر ہیڈ کلرک واکاؤنٹینٹ دفتر آرڈرن انڈیا چیمبر آف کامرس لاہور میں ہیں۔ بڑے دیندار اور محنتی ہیں۔

قومی خدمات آپ کا دل قومی درد سے لبریز ہے، قومی امور میں خاص طور سے حصّہ لیتے ہیں۔ اس وقت شیعہ بینک میں ایسوسی ایشن لاہور کی انتظامیہ کمیٹی کے رکن ہیں۔ رفاہ عام ایسوسی ایشن کے نائب صدر رہ چکے ہیں۔ اب مفاد عامہ ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے سکریٹری ہیں جون ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید صبیح الحسن صاحب جگانواں

(بار۔ ایٹ۔ لا)


حالات زندگی آپ ۔۔۔ مرحوم حضرت ۔۔۔ کے ۔۔۔ جگانواں ضلع ۔۔۔ پیدا ہوئے ۔۔۔ آپ کے والد ۔۔۔ سید علی ۔۔۔ مرحوم ۔۔۔ زمیندار ۔۔۔ آپ کے ۔۔۔ تعلیم ۔۔۔ میں ۔۔۔ ہوئی ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔




عالیجناب محمد حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب صحیح الحسن صاحب بالقابہ




عالیجناب حاجی محمد جان صاحب بالقابہ



عالیجناب اکبر مطاہر حسن صاحب بالقابہ




عالیجناب شرف حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب عصمام علی صاحب بالقابہ



عالیجناب محمد علی صاحب بالقابہ



عالیجناب کاوت علی صاحب بالقابہ

عالیجناب حکیم سیّد مشرف حسین صاحب رضوی

(اکبر پور فیض آباد)

حالات زندگی | حکیم سیّد مشرف حسین صاحب رضوی ہندیا ضلع اکبر پور ضلع فیض آباد میں رہتے ہیں۔ بہت کامیاب حکیم ہیں۔ اور بہت ہر دل عزیز حکیم ہیں جوش ایمانی رکھتے ہیں۔ نام و نمود سے متنفر ہیں۔ ۱۹۰۵ء سے انجمن میں ممبر طبیہ کالج لکھنؤ ہیں۔ وطن آپ کا بڑا گاؤں ضلع جونپور ہے یہ سلسلۂ طبابت

عالیجناب سیّد صمصام علی صاحب فارسٹ ریینجر

(بہرائچ)

حالات زندگی | آپ ۱۸۹۴ء میں بمقام بہرائچ محلہ قاضی پورہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے اجداد سلسلۂ تجارت ایران سے لاہور و امرتسر میں آکر مقیم ہوئے آپکے والد ماجد سید امجد علی شاہ بعہدہ خیر خواہی گورنمنٹ کے صلہ میں عطایات ہوئے۔ سیّد امجد شاہ صاحب سے ہمراہ جو کہ اُن کے داماد تھے لاہور سے بہرائچ آئے اور یہیں سکونت اختیار کی صمصام علی صاحب نے ۱۹۱۳ء میں جنگل کی ملازمت شروع کی اور اور فارسٹری کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد فارسٹر اور ڈپٹی رینجر مقرر ہوئے۔ اس وقت فارسٹ رینجر کا عہدہ ہے۔

قومی خدمات | اوائل عمر میں انجمن فنافی الحسین میں خاص کام کیا۔ تقریباً دس برس تک سکریٹری رہے۔ آج کل انجمن اسلامیہ بہرائچ کے سکریٹری ہیں اور سالانہ مجالس کا انتظام فرماتے ہیں۔ آپ انجمن کی ممبری ۱۹۳۰ء سے قبول فرمائی ہے۔

عالیجناب آغا شہزادہ حسین صاحب قزلباش

(لدھیانہ)

حالات زندگی | آپ کا سلسلۂ حسب و نسب قزلباش ہے یہ کہ شجاعت و دلیری میں اپنی نظیر آپ ہیں۔ آپ اپریل ۱۸۹۱ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے جد امجد جناب آغا اللہ یار خاں صاحب رسالدار میجر تھے۔ انھوں نے سرکار انگلشیہ سے سردار بہادر کا خطاب اعلیٰ حاصل کیا تھا۔ زمانۂ غدر ۱۸۵۷ء میں اپنی پامردی اور بہادری و وفاداری کا سکہ افسران بالا کے دلوں پر بٹھا دیا جس کے صلہ میں حکومت انگلشیہ نے جاگیر سے حوصلہ افزائی کی۔ اپنے سینہ و جسم کو باغیوں کی بے پناہ گولیوں سے چھلنی چھلنی کرایا۔ مگر یونین جیک کا جھنڈا غدار حکومت کے حوالہ نہ کیا حکومت نے ان خدمات کے صلہ میں اپنی بیحد مہربانیوں اور نوازشوں سے خوشنودی کے سرٹیفکٹ عنایت فرمائے۔

آپ کی ابتدائی تعلیم یونگ کرسچین ہائی اسکول لودھیانہ میں ہوئی۔ ان ابتدائی مراحل کو بخیر و خوبی طے کرنے کے بعد انیگلو عربک کالج میں داخل

ہوئے لیکن یہ سلسلۂ تعلیم زیادہ عرصہ تک قائم نہ رہ سکا۔ | آپ جون ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد محمد ہاشم صاحب منشی فاضل بریلی

(امروہہ)

حالات زندگی | آپ سیّد محمد کاظم صاحب کے خلف اکبر ہیں آپکی تعلیم امروہہ ہوئی۔ گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ سے انٹرنس پاس کرکے سنہ شرقیہ کی تحصیل کی طرف توجہ کی اور منشی فاضل پنجاب اور کامل (بی اے) سے پاس کیا۔ اس کے بعد پرانتوی انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا۔ اور نورالمدارس میں رجو علوم شرقیہ کا زبردست ادارہ تھا انگریزی اور ریاضیات کے استاد مقرر ہوئے مگر ادارۂ مذکور کی انتظامی خرابی کو دیکھ کر آپ نے سی۔ ٹی کا امتحان پاس کیا چند سال مشن ہائی اسکول غازی آباد میں ماسٹر رہے اجگل اسلامیہ ہائی اسکول بریلی میں اسسٹنٹ ماسٹر ہیں خوش خلق خوش مذاق ہیں آپ اپریل ۱۹۳۶ء انجمن کے ممبر ہیں بڑے خوبی کے بزرگ ہیں چندہ برابر باقاعدہ مرحمت فرماتے ہیں۔

عالیجناب سیّد ابوالحسن صاحب

(استرزئی ضلع کوہاٹ)

حالات زندگی | آپ دسمبر ۱۹۰۰ء میں استرزئی علاقہ شیوہ بنگش ضلع کوہاٹ میں پیدا ہوئے۔ انگریزی تعلیم پائی مگر مالی کمزوریوں کی وجہ سے میٹرک پاس نہ کرسکے اور ایم۔ ای۔ ایس میں بعہدۂ اسسٹنٹ کمپیلر ملازم ہوئے۔ اور ترقی کرکے سب اوورسیر ہوگئے۔ آپ مومن مخلص اور ہمدرد قوم ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب ڈاکٹر سیّد تہور حسین صاحب مرادآباد

(امروہہ)

حالات زندگی | شوال ۱۳۱۵ھ میں پیدا ہوئے ابتداءً مکتبی تعلیم حاصل کی جو اردو فارسی پر مشتمل تھی۔ اس کے بعد سرکاری مدرسہ میں داخل ہوگئے اور ساتھ ہی ساتھ مولانا سیّد اولاد حسن صاحب قبلہ مرحوم امام جمعہ امروہہ سے عربی حاصل کی۔ اردو کے مدرسہ سے مڈل پاس کرنے کے بعد انگریزی اسکول میں پڑھنا شروع کیا اور ۱۸۹۸ء میں انگریزی کی تعلیم ختم کرنے کے بعد میڈیکل اسکول آگرہ میں داخل ہوئے ۱۹۰۲ء میں میڈیکل اسکول کی تعلیم ختم کی اور سرکاری ملازمت کا زمانہ شروع ہوا۔ اور مکمل ۲۵ سال ملازمت کرنے کے بعد ۱۹۲۸ء میں پنشن حاصل

کی فی الحال مراد آباد میں پریکٹس کر رہے ہیں۔ دوران ملازمت میں مختلف حصص ملک میں کام کرنے کے علاوہ جنگ عظیم کے زمانہ میں بسلسلۂ فوجی خدمات افریقہ کا طویل سفر بھی کیا اور ۱۹۱۷ء سے ۱۹۲۰ء تک تین سال کا زمانہ افریقہ کے مختلف حصوں میں فوجی خدمات انجام دیتے ہوئے بسر کیا۔ موصوف کے غیر ممالک کے سفروں میں سے ۱۹۱۴ء کا سفر یورپ اور دوسرا سفر افریقہ ہی ہے جو ۱۹۱۷ء سے ۱۹۲۰ء تک جاری رہا۔ لیکن آخر ترین سفر عراق اور ایران کے سفر میں جو ۱۹۳۲ء میں حاصل کر کے بعد ۱۹۳۳ء میں بغرض زیارات عتبات عالیات ایران اور عراق کا سفر اختیار کیا اور تقریباً چار ماہ تک ان دونوں ملکوں میں رہ کر اسلامی ممالک کی مواقع کا بنظر غائر مطالعہ فرمایا اور ۱۹۳۶ء میں دوبارہ زیارات سے مشرف ہوئے۔

تصانیف افریقہ کا سفر کچھ ایسا مبارک سفر تھا جس نے علمی اعتبار سے بہت زیادہ فائدہ پہنچایا چنانچہ موصوف نے دوران قیام افریقہ میں چند تصانیف فرمائیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) "اسلام اس چورٹی اینڈ پروگریس" انگریزی زبان میں صحت اور اسلام کا مقابلہ کیا ہے۔ اور اصول اسلام یعنی توحید و نبوت اور قیامت پر عقلی دلائل کے ساتھ بحث کی ہے۔ اس کے بعد اصول صحت پر بحث ہے جس میں تثلیث فی التوحید وغیرہ پر مفصل بحث ہے۔

(۲) "رسالہ متعہ" جو اس متعہ کو عقلی و نقلی حیثیت سے ثابت کیا ہے۔ اردو زبان میں چھوٹے سائز پر ۲۴ صفحہ پر مشتمل ہے جس کو مفتی کی جانب سے شائع ہوا ہے۔

(۳) "ریوا" ایک مختصر مضمون ہے جو [illegible] شائع ہوا اس میں سود کے مسئلہ پر عقلی حیثیت سے آیات قرآنی سے استدلال کیا ہے۔

قومی خدمات قومی و مذہبی خدمات سے آپ کو [illegible] آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی تعلیمی [illegible] کے ایک [illegible] ہیں علاوہ اس کے دیگر قومی اداروں میں سے [illegible] ممبر ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے تقریباً پندرہ سال ممبر رہے۔ سفر کے باعث ممبری کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ اور آپ اکتوبر ۱۹۳۶ء سے انجمن کے پھر ممبر ہیں۔

عالیجناب سید نذر حسین شاہ صاحب نقوی

(ٹانک مرحوم)

حالات زندگی سید نذر حسین شاہ صاحب نقوی انجاری تاریخ ۲۷ مارچ ۱۸۹۰ء بمقام موضع انوال تحصیل ٹانک ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں صوبہ سرحد پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار سید نور حسین شاہ صاحب قوم کے ایک باثر سرگرم ہستی تھے جن کا ۱۹۱۸ء میں اس جہان فانی سے انتقال ہوا۔ آپ کا شجرۂ نسب حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے ملتا ہے۔ اس لئے سادات نقوی کہلاتے ہیں۔ آپ کے دادا پیر سید باشاد صاحب ایک جید عالم و متقی تھے۔

سید نذر حسین شاہ صاحب اینگلو ورنیکلر بڑل تک تعلیم یافتہ ہیں مزید حصول تعلیم اپنے زمیندارہ و مصروفیات کے سبب سے نہ ہو سکی۔

آپ بعہدۂ میونسپل کمیٹی ٹانک فائز ہیں۔ پیشہ زمینداری ہے۔ مرحوم نیدان تحصیل ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے ممبر رہے۔ آپ کی زرعی موضع ہے گلاچی و موضع انوال ٹانک شہر میں مکانات واقعات رکھتے ہیں۔

قومی خدمات مقامی انجمن حامیہ شیعہ ٹانک کے پریذیڈنٹ ہوتے کے ساتھ قوم کے سرگرم رکن مذہبی امور میں ہمیشہ دلچسپی لے کر مالی امداد کرتے رہتے ہیں۔ پرادنشل شیعہ کانفرنس پیشاور امامیہ مشن لکھنؤ انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔ اس انجمن کے ممبر ہونے ساتھ ساتھ توسیع ممبران کے لئے ہمہ تن کوشاں رہتے ہیں۔ آپ ماہ جون ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب آغا نثار حسین خاں صاحب قزلباش

(لدھیانہ)

حالات زندگی آپ ۱۴ ستمبر ۱۹۱۴ء کو لودھیانہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار جناب آغا محمد زماں خاں صاحب قزلباش سپرنٹنڈنٹ اکسائز پنجاب میں خاص شہرت کے مالک ہیں۔ آپ کا خاندان اپنی علمی قابلیت اور استعداد کے لئے ہمیشہ مشہور رہا ہے۔ آپ کے آباؤ اجداد افغانستان سے ۱۸۸۸ء میں ہندوستان آئے۔ اور یہاں پر اعلیٰ عہدوں پر مامور ہوئے اور کارہائے نمایاں کے صلہ میں املاک و جائداد شاہ وقت نے عطا کیں ابتدائی تعلیم لدھیانہ کے اسکولوں میں ہوئی۔ ہائی اسکول پاس کرنے کے بعد گورنمنٹ کالج لودھیانہ میں داخل ہوئے اور اب بفضلہ بی۔ اے فائنل میں تعلیم پا رہے ہیں۔ آپ میں مذہبی جوش بہت ہے اور مذہبی امور میں خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ آپ جون ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب آغا سعادت حسین خاں صاحب قزلباش


(لدھیانہ)

حالات زندگی آپ ۱۵ نومبر ۱۹۱۶ء کو لدھیانہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے اجداد ۱۸۸۸ء میں افغانستان سے وارد ہند ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار خاں صاحب آغا محمد زماں خاں صاحب قزلباش سپرنٹنڈنٹ محکمہ اکسائز پنجاب میں آپ کے دیگر اعزا ہندوستان میں ممتاز عہدوں پر مامور ہیں۔ آپ کی ابتدائی تعلیم فارسی و اردو وغیرہ مکان پر ہوئی۔ اس کے بعد مقامی اسکول میں داخل ہو گئے۔ اور اب آپ گورنمنٹ کالج لدھیانہ میں ایف۔ اے جماعت میں تعلیم پا رہے ہیں۔ نہایت ہی متواضع اور خلیق ہیں میری درخواست پر پنجاب کے دورہ میں آپ نے انجمن کی ممبری قبول فرمائی۔ آپ ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب حکیم ڈاکٹر سید محمد باقر صاحب رضوی

(ناپارہ)

حالات زندگی سید محمد باقر ابن حاجی سید حکیم سید محمد جعفر صاحب حضرت امام رضا علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔ ۱۹۱۵ء میں بمقام لکھنؤ پیدا ہوئے۔ میر لندنی اور آغا میر وزیر اودھ کے خاندان سے تعلق ہے۔ اردو انگریزی فارسی کی تعلیم کے بعد یونانی طبیہ ایڈ ڈاسکول لکھنؤ سے سند طبابت اور سرجری حاصل کی اور ہومیوپیتھک کا اعلیٰ ڈپلومہ بھی حاصل کیا۔ تشخیص مرض میں خاص دستگاہ ہے۔ ناپارہ میں مطب اور ان کا ایک دواخانہ رضوی میڈیکل ہال ہے۔ آپ کا ارادہ ہے کہ دواخانہ کی آمدنی کا ایک جزو انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے لئے




عالیجناب مذہر حسن صاحب باالقابہ




عالیجناب محمد ہاشم صاحب باالقابہ




عالیجناب شہزادہ حسن صاحب باالقابہ




عالیجناب ابوالحسن صاحب باالقابہ




عالیجناب ڈاکٹر تہور حسین صاحب باالقابہ




عالیجناب نجم الحسن صاحب بالقابہ



عالیجناب غلام حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب غلام حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب محمد باقر صاحب بالقابہ

وقف فرمادیں۔ قومی کاموں سے خاص دلچسپی ہے۔ انجمن وظیفہ سادات سے ہمدردی پیدا کرنے کے لئے جابجا تقریر وسعی فرماتے ہیں اکثر قومی کارکنوں اور سفرا کو کافی مدد دی۔ نابینا رہ میں عزاداری اور ماتمی دستہ کی تنظیم اور ترقی کے روح رواں ہیں۔ آپ انجمن کے اپریل ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی حامد رضا صاحب جعفری بی۔ اے انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرادآباد

(بدایوں)

حالات زندگی آپ کا وطن مالوف بدایوں ہے اور آپ کے مورث اعلیٰ سبزوار سے ہندوستان تشریف لائے تھے۔ شاہان مغلیہ کے زمانۂ حکومت میں کارہائے نمایاں کئے اور اس کے صلہ میں جاگیرات پائیں۔ سلطنت مغلیہ نے اس خاندان کے افراد کی قدردانی کی اور مناصب جلیلہ پر فائز کیا۔ عہدہ "قاضی القضاۃ" عطا کیا۔ آپ کی ابتدائی تعلیم کلام پاک اُردو فارسی گھر پر ہوئی۔ اس کے بعد انگریزی شروع کی اور الہ آباد یونیورسٹی سے بی۔ اے پاس کیا۔ زمانۂ تعلیم بڑا شاندار رہا اور آپ اپنے ہم جماعتوں میں ممتاز رہے۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد محکمہ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ میں انسپکٹر ہیں۔ بڑے پابند صوم وصلوٰۃ ہیں۔ خاموش کام کرنا چاہتے ہیں مستحقین کی امداد پوشیدہ طور پر کرتے رہتے ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے اگست ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔ آپ کے بڑے بھائی خاں صاحب مولوی احمد علی صاحب جعفری بھی انجمن کے پرانے ممبر ہیں۔ آپ بڑے خلیق اور دیندار بزرگ ہیں۔

عالیجناب سید نجم الحسن صاحب صبابی۔ اے ایم ایل اے

(پٹنہ)

حالات زندگی آپ فروری ۱۹۱۰ء میں اپنے وطن علی نگر ضلع گیا میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد سر سلطان احمد کے ساتھ پٹنہ میں گھر پر حاصل کی ۱۹۳۰ء میں پٹنہ کالج سے بی۔ اے پاس کیا پہلی مرتبہ ۱۹۳۰ء میں اپنے والد سر سلطان احمد کے ہمراہ سکریٹری کی حیثیت سے لندن تشریف لے گئے۔ اور راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شرکت کی۔ دوسری مرتبہ ۱۹۳۶ء میں پارلیمنٹری اصول کی تعلیم کے لئے تنہا لندن گئے۔ اس سفر میں یورپ کی بڑی بڑی سلطنتوں جرمنی۔ اٹلی۔ فرانس سوئیزرلینڈ کی سیاسی اور معاشرتی حالات کا بھی بغور مطالعہ کیا۔

قومی خدمات ۱۹۳۷ء کے الکشن میں دیہاتی حلقۂ انتخاب سے ممبر اسمبلی ہوئے آپ اسمبلی کے سب سے کم عمر لائق وقابل ممبر ہیں آپ باوجود سخت مقابلہ کے بھی کامیاب ہوئے آپ سیاسیات کے ساتھ ہی مذہبیات میں کافی دلچسپی لیتے ہیں۔ شیعہ کانفرنس کے اجلاس ہائے سالانہ میں بھی برابر شرکت فرماتے رہتے ہیں اور یتیم خانہ اور کانفرنس کی اعانت بھی فرماتے ہیں خداوند عالم آپ کی دلچسپیوں کو زائد کرے۔ اور سر سلطان احمد کا صحیح جانشین بنائے۔ آپ انجمن کے دسمبر ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عراق کی تعلیم دینیات کے لئے بھی دو وظیفے پندرہ پندرہ روپیہ ماہوار کے دئے جاتے ہیں
لڑکیوں پر واپسی قرض حسنہ ضروری نہیں ہے

عالیجناب مولوی مفتی سیّد محمد احمد صاحب

(سونی پت)

حالات زندگی مولانا سید محمد احمد صاحب کا نام نامی ملک اور قوم کے لئے کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ مولانا کی عمر صرف پانچ سال کی تھی جبکہ مولوی علی خاں صاحب مرحوم نے اس دریتیم کو داغ یتیمی دیا۔ آپ کی تاریخ ولادت ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۱۷ھ ہے۔ اسی اعتبار سے آپکے والد ماجد نے آپ کا تاریخی نام فخر حسن تجویز فرمایا تھا۔ آپ کی ابتدائی تربیت تمام آپ کی والدہ ماجدہ کے زیر سایہ ہوئی جو میر افتخار علی صاحب رئیس و میونسپل کمشنر و آنریری مجسٹریٹ زبردست (یعنی حضرت آیۃ اللہ مرحوم) کی صاحبزادی اور نہایت دانشمند اور منتظم خاتون تھیں۔ مرحومہ کو آپ کی تعلیم و تربیت کا خاص خیال رہتا تھا اور انھوں نے اس کے لئے بڑی زحمات اور تکالیف برداشت کیں۔ آپ کی ابتدائی تعلیم قرآن مجید سے شروع ہوئی۔ آپکے نانا کو دولت کا یہ عالم تھا کہ سات سال کی عمر میں آپکے خالہ زاد بھائی اور سونی پت کے مشہور حافظ سید نظیر حسین صاحب نے آپ کو تمام قرآن شریف ختم کرا دیا تھا۔ اردو اور فارسی اور حساب کی تعلیم منشی سید محمد قاسم صاحب مصنف الشہید وحیات المسلمین سے حاصل کی اور اسی دوران میں پانچویں درجہ تک مدرسہ کلاں میں پڑھا۔ لیکن آپ کی صرف ۹ سال کی عمر تھی جبکہ آپ کی والدہ نے آپ کو اسکول سے اٹھا لیا۔ اور مشہور اہل حدیث عالم مولوی عبد اللطیف صاحب کے سپرد کر دیا۔ وہ کچھ عرصہ بعد آپ مولوی محمد ہادی صاحب جارچوی کے پاس موضع فرید پور ضلع کرنال میں تعلیم کی غرض سے بھیج دئے گئے۔ وہاں جناب ممدوح سے کئی سال تک عربی کی تعلیم درجہ مولوی عالم تک حاصل کی۔

اسی عرصہ میں آپ ایک سال تک شمس العلماء مولوی عبد الرحمن صاحب پروفیسر مشن کالج دہلی سے بھی تعلیم پاتے رہے یہ وہ زمانہ تھا جبکہ مولوی محمد ہادی صاحب جارچوی اپنے وطن جا کر علیل ہو گئے تھے اس دوران میں آپ کی والدہ ماجدہ نے آپ کے تعلیمی نقصان کو ملحوظ نظر رکھ کر آپ کو ایک سال کے لئے شمس العلماء موصوف کے پاس بھیج دیا۔

جناب مولانا کی ذکاوت اور محنت کی وجہ سے ان کے تمام اساتذہ ہمیشہ مداح رہے۔ عربی کے ساتھ ساتھ فارسی کی تکمیل بھی ہوتی رہی آپ کی چودہ سال کی عمر تھی کہ آپ مولوی عالم کے امتحان سے فارغ ہو کر اورینٹل کالج لاہور میں مولوی فاضل کے درجہ میں داخل ہوئے اور وہاں ۱½ سال شمس العلماء مولوی عبد اللہ صاحب ٹونکی اور مولانا مومن علی صاحب سے علوم عربیہ کی تکمیل کی۔ لیکن امتحان سے قبل آپ سوء اتفاق سے میعادی بخار میں مبتلا ہو کر وطن چلے آئے اور ایک عرصہ تک صاحب فراش رہے۔ اس کے بعد ریاست رامپور کے مدرسہ عالیہ میں داخل ہو کر مولوی فاضل اور درس نظامی کی تکمیل کی اور علوم متداولہ کی تکمیل کے بعد وطن میں چھ ماہ تک سرکاری ہائی اسکول میں عربک ٹیچر رہے۔ عربک ٹیچری کے زمانہ میں مدرسہ کنجہ العلماء مدظلہ اور مولانا سید محمد صاحب قبلہ دہلوی کی تحریک پر آپ کو مدرسۃ الواعظین کا شوق پیدا ہوا اور آپ ملازمت ترک کر کے لکھنؤ تشریف لے گئے وہاں پرائیوٹ طور پر مدرسہ کنجہ العلماء مدظلہ سے فقہ اور اصول فقہ کی تعلیم حاصل کی اور اپنی خداداد ذہانت کی وجہ سے مدرسۃ الواعظین کا سہ سالہ نصاب نہایت کامیابی سے صرف دو سال میں ختم کر لیا۔ اور مدرسۃ الواعظین کے ہر امتحان میں اکثر اوّل نمبر کامیاب ہوتے رہے اور اس کے بعد الواعظ کی ادارت آپ کے سپرد کر دی گئی اور آپ نے صیغہ دارالتالیف بھی اسی زمانہ میں قائم کیا۔

قومی خدمات مولانا ممدوح کی قومی خدمات کسی تبصرہ کی محتاج نہیں پندرہ سال سے آپ جس خلوص کے ساتھ تبلیغ و ہدایت کے فرائض کو انجام دے رہے ہیں وہ کسی سے مخفی و پوشیدہ نہیں ہیں اس کے علاوہ بھی آپ ایک روشن خیال عالم ہونے کی وجہ سے ہمیشہ قومی و ملی خدمات

انجام دیتے رہے۔ اس کے علاوہ عام قومی معاملات بھی بہت کم ایسے ہوئے جس میں جناب مولانا کی ذات مستجمع صفات شریک نہ ہو۔ قومی اداروں کی امداد و اعانت میں کبھی آپ کی طرف سے پہلو تہی نہیں کی گئی۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے آپ عرصہ دراز سے اعزازی ممبر ہیں اور اس کی خدمات کے لئے آمادہ رہتے ہیں۔ مدرسۃ الواعظین سے آپ کا روحانی تعلق ہے اور ہمیشہ اس کے سود و بہبود کی جناب ممدوح کو فکر رہتی ہے غرض خداوند عالم نے آپ کے پہلو میں وہ درد آشنا دل مرحمت فرمایا ہے جو ہر قومی مصیبت کا حال سن کر بے چین ہو جاتا ہے۔ کراری کا حادثہ ہو یا سیالکوٹ کا معاملہ اور اس کے قبل کے دیگر قومی مصائب میں جس درد اور انہماک کے ساتھ جناب مولانا نے امداد فرمائی ہے وہ صفحۂ ہستی پر ہمیشہ یادگار رہیگی۔

ان تمام مذہبی و قومی خدمات اور تبلیغ و ہدایات کے ساتھ سلسلہ تصانیف و تالیف بھی جاری رہتا ہے۔

آپ مئی ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے رکن ہوئے۔ اور میرے پنجاب کے دورہ میں آپ نے بڑی امداد فرمائی ہے۔ اور سونی پت کے متقدر حضرات کی خدمت میں مجھ کو اپنے ہمراہ لے گئے۔

عالیجناب ہدایت حسین صاحب زیدی

نہٹور ضلع بجنور

حالات زندگی آپ ۱۱ مارچ ۱۹۰۹ء کو نہٹور ضلع بجنور میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم قصبہ میں ہی حاصل کی۔ بعد ازاں اپنے نانا مسٹر شبلی حسن صاحب مرحوم کی زیر تربیت امروہہ اور لکھنؤ میں مختلف مقامات پر انٹرنس تک تعلیم حاصل کی مگر امتحان میں ناکامیابی کی وجہ سے بجلی کا کام سیکھا اور اس کے بعد ٹیکنیکل اسکول لکھنؤ میں داخل ہوئے یہاں چار سال تعلیم پائی۔ اور مختلف کمپنیوں اور فیکٹریوں میں ملازمت کی اب آپ تین سال سے سیتا پور ایکسٹرک سپلائی کمپنی میں بحیثیت شفٹ انجنیر ملازم ہیں۔ بڑے مخلص اور خوش اخلاق ہیں۔

قومی خدمات آپ ۱۹۳۶ء میں بحیثیت رضاکار دستہ حسین آباد میں شریک تھے۔ سیتا پور میں آپ نے انجمن ذوالفقار حیدری میں علمی خدمات انجام دیں۔ ماسٹر سید ریاست حسین صاحب جعفری کی تحریک پر آپ نے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی ۱۹۳۶ء سے ممبری قبول فرمائی ہے۔

عالیجناب سید محمد صالح صاحب پوسٹل کلرک کوٹہ اسٹیٹ

حالات زندگی آپ کا وطن مالوف دارالمومنین قصبہ پھریسر ریاست بھرتپور ہے آپ ۲۵ ستمبر ۱۹۱۵ء کو پھریسر میں پیدا ہوئے۔ آپ کے مورث اعلیٰ سید عبداللہ قلندر مرحوم مع اپنے برادر سید عبداللہ سکندر مرحوم کے ایران سے وارد ہند ہوئے اور ان کی قیادت میں بیانہ دارالسلطنت راجگان راجپوتانہ فتح ہوا اور حسب منشاء شاہ وقت اسی جگہ آباد ہوئے ان کی اولاد میں بڑے بڑے سربرآوردہ حضرات پیدا ہوئے جنھوں نے بڑی شہرت اور ناموری حاصل کی اور مناصب جلیلہ پر فائز ہوتے۔

ابتدائی تعلیم عربی و فارسی پرائیویٹ طور پر حاصل کی۔ اس کے بعد صدر ہائی اسکول بھرتپور میں داخل ہو کر ۱۹۳۲ء میٹرک سکنڈ ڈویژن میں پاس کیا۔ اب آپ ریاست کوٹہ میں پوسٹل کلرک ہیں۔ آپ جولائی ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور انجمن سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ اور ممبر فراہم کرتے رہتے ہیں۔

عالیجناب آقائے ثقۃ الاسلام مجتہد مرحوم
(بمبئی)

حالات زندگی حضرت ثقۃ الاسلام کا کیشیا (علاقہ کوہ قاف) کے شہر باکو سے نسبت رکھتے ہیں۔ آپ ۲۳ راگست ۱۸۷۷ء کو بمقام بلیلہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد باکو کے رؤسا میں سے تھے مگر سر کار ثقۃ الاسلام عنفوان شباب ہی سے اس صولت و ثروت کو ترک کر کے تحصیل علم کے لئے طہران تشریف لائے اور فقہ و کلام حکمت و فلسفہ اور ریاضیات کی تکمیل کی۔ یہاں آپ شاہ ایران اور دیگر رؤسا ایران میں معزز و موقر رہے۔ اس کے بعد آپ اجتہاد کے لئے نجف اشرف تشریف لے گئے اور چودہ سال تک آیۃ اللہ آقا سید محمد کاظم صاحب طباطبائی علیہ الرحمہ اور حضرت آیۃ اللہ اخوند ملا محمد کاظم صاحب خراسانی علیہ الرحمہ سے درس حاصل کیا اور رتبۂ اجتہاد پر فائز ہوئے اور پندرہ مجتہدین نے اجازۂ اجتہاد عطا فرمایا۔

قومی و ملکی خدمات ایتام سادات کے لئے آپنے مدارس کا اجراء کیا اور صنعتی اسکول کھولے اور ان سب کا خرچ اپنی جیب خاص سے عنایت فرمایا اور بمبئی میں ایک اسکول لڑکوں کے لئے اور ایک اسکول لڑکیوں کے لئے قائم کیا۔ مدرسۂ نسواں کے خرچ کے لئے ۲۲ سال سے اپنی جیب سے عطا فرماتے رہے ہیں۔ تیس سال قبل نسوجات اسلامیہ کو عراق میں رائج کیا اور ایران کے کپڑے کا لباس تیار کرا کے مجتہدین عراق کو مفت تقسیم کیا تاکہ یورپ کے کپڑے کا بائیکاٹ کریں۔ آپ پارلیمنٹ کے موسسین سے ہیں۔ اور ایران میں پارلیمنٹ کے قیام کے لئے کافی روپیہ خرچ کیا اور وجوب پر فتویٰ دیا۔ اور سلطنت روس کے نزدیک سیاسی مجرم قرار پائے چونکہ وہ آزادی ایران کے مخالف تھی۔ مگر سلطنت ایران نے ان خدمات جلیلہ کو دیکھتے ہوئے چند فرمان اور درجہ اول کے تمغے اور دولت ترکی نے تمغہ طلائی اور فرمان شاہی بغیر حضرت ثقۃ الاسلام کی استدعا کے عنایت فرمایا۔ اور ثقۃ الاسلام ذوالریاستین شمس العلماء کے خطابات اور القاب سے سرفراز ہوئے۔

جنگ عظیم سے قبل اپنے والد ماجد کے ہمراہ باکو واپس ہونا چاہتے تھے کہ جنگ شروع ہو گئی لہٰذا بمبئی تشریف لے آئے۔ چونکہ حضرت ثقۃ الاسلام کی شخصیت ممالک اسلامی عراق۔ ایران۔ ترکستان۔ شام وغیرہ میں شہرت تامہ رکھتی تھی اور ان ممالک کا سفر بھی آپ نے کیا تھا اور ان ممالک کی سیاست میں بھی دخل رکھتے تھے اور اتحاد اسلام کے مؤیدین سے تھے اس لئے حکومت ہند نے آغاز جنگ میں آپکے داخلہ کو مشکوک نظر سے دیکھا اور محترانہ نظر بند کر دیا کہ ختم جنگ تک ہندوستان سے باہر تشریف نہ لیجائیں اور ختم جنگ پر حکومت ہند نے آزادی دیدی پھر انجمن خدام عتبات عالیات کی صدارت کے لئے (نجف اشرف پر گورنری کے زمانہ میں) لکھنؤ تشریف لائے۔ یہاں سے بمبئی گئے وہاں معلوم ہوا کہ آذربائجان کی حکومت جمہوری سے اور بالشویک سے جنگ شروع ہو گئی۔

چند سال بمبئی ہی میں رہے یہاں معلوم ہوا کہ آذربائجان بالشویکیوں کے قبضہ میں آگیا اور آپ کی خاندانی جائداد پر بالشویکوں نے قبضہ کر لیا اور والد ماجد کا انتقال ہو گیا اور بھائی بالشویکوں کے ہاتھوں سے قتل کئے گئے۔

چونکہ بالشویک سرمایہ کے ایسے دشمن تھے جیسے مذہب کے لہٰذا حضرت ثقۃ الاسلام بمبئی ہی میں سکونت پذیر رہے اور اپنے ملک کو واپس تشریف نہ لے گئے۔ مرحوم کو شیعہ کانفرنس سے خاص ہمدردی تھی۔

افسوس جبکہ "جوبلی نمبر" کی کتابت ہی ہو رہی تھی آقائے ثقۃ الاسلام نے جنوری ۱۹۳۷ء میں حرکت قلب بند ہو جانے سے ریاست رامپور میں انتقال فرمایا۔ نواب صاحب رامپور نے آپکے جنازہ کو کاندھا دیا اور اہل سنت و شیعہ حضرات نے نماز میت ادا کی۔

عالیجناب مولانا مولوی سیّد علی نقی صاحب قبلہ مجتہد العصر

(لکھنؤ)

حالات زندگی آپ مولانا سیّد ابوالحسن صاحب عرف منن صاحب قبلہ پرنسپل مدرسۃ الواعظین لکھنؤ کے خلف اکبر ہیں ۱۳۲۳ھ میں متولد ہوئے اپنے والد ماجد اور دوسرے اساتذہ کبار سے تحصیل علم کیا۔ ہندوستان میں فارغ التحصیل ہونے کے بعد ۱۳۴۵ھ میں تکمیل تعلیم کی غرض سے عراق تشریف لے گئے اور پانچ سال تک بڑی جانکاہی اور جانفشانی کے ساتھ تعلیم کو اتمام تک پہونچایا۔ اور اجتہاد کی سند لے کر ۱۳۵۰ھ میں لکھنؤ واپس تشریف لائے۔ عراق کے قیام کے زمانہ میں آپ کے علمی مضامین اخبارات

اکثر چھپتے رہے۔ ہندوستان آنے کے بعد آپ لکھنؤ یونیورسٹی میں ملازم ہیں۔ آپ کے مواعظ میں جو ماہ مبارک رمضان میں روزانہ اور غیر ایام میں ہر اتوار کو ہوا کرتے ہیں مومنین کا اور خصوصاً انگریزی دانوں کا اچھا خاصہ مجمع ہوتا ہے۔ امامیہ مشن کے آپ سرپرست خصوصی ہیں اصلاح رسوم کے بڑے مؤید اور ریکارنو جوانوں کو تجارت اور صنعت و حرفت میں عملی حصہ لینے کے لئے ترغیب دیا کرتے ہیں ابھی آپ کا عنفوان شباب ہے آپ سے قوم کی دینی اور دنیاوی فلاحیں بہت کچھ وابستہ ہیں۔ آپ دسمبر ۱۹۳۶ء سے انجمن مبلغین

عالیجناب سیّد غلام علی صاحب احسن وکیل شاہ گنج

(آگرہ)

حالات زندگی اصل وطن سیدپورہ ریاست بھرت پور ہے لیکن ۶-۷ پشت سے شاہ گنج آگرہ میں آباد ہیں آپکے والد ماجد جناب سیّد بنیاد علی صاحب مرحوم ریلوے میل سروس میں ملازم تھے۔ پیدائش بمقام شاہ گنج آگرہ۔ ۱۵ شعبان ۱۳۱۵ھ مطابق ۲۱ جون ۱۸۹۸ء کو ہوئی۔ تاریخی نام غلام علی احسن صاحب ہے۔

تعلیم آگرہ کالجیٹ اسکول میں پائی اور ۱۹۰۳ء میں اسکول فائنل کا امتحان پاس کرنے کے بعد دفتر کمشنری آگرہ میں بطور کلرک ملازمت کی ۱۹۱۴ء میں امتحان مختاری پاس کر کے آگرہ میں وکالت شروع کی۔ ابتدائے عمر سے آگرہ ہی میں قیام رہا۔ جب آگرہ میں شیعہ کانفرنس کا اجلاس ہوا تھا تو آپ سبجیکٹ کمیٹی کے سکریٹری منتخب ہوئے تھے شیعہ کالج کے ٹرسٹی ۱۲ برس تک رہے اور آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی مرکزی کمیٹی کے بھی چند سال ممبر رہے ۱۹۳۲ء سے ۱۹۳۵ء تک آگرہ ڈسٹرکٹ بورڈ کے ممبر ہوئے اور بورڈ میں سینیر وائس چیرمین منتخب ہوئے۔

۱۹۳۲ء میں زیارت عتبات عالیات عراق و ایران سے مشرف ہوئے اور واپسی پر کتاب "رہبر زائران" لکھی جو عام طور پر مقبول ہوئی اور اخبارات میں ریویو کرتے ہوئے تحریر کیا کہ ایسی گائڈ آج تک نہیں لکھی گئی۔ میں نے آپ کی کتاب سے "باب المعلومات" میں مدد لی ہے۔ انگریزی طالب علموں کی مذہبی تعلیم کے لئے ایک رسالہ معرفۃ الیقین لکھا جس کو حضرات علماء کثیر ہم اللہ نے بہت پسند فرمایا ہے اور اپنے زریں ریویو سے مزین کیا۔ آپ جون ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔

عالیجناب عمدۃ الفقہاء مولوی سیّد سجاد حسین صاحب قبلہ جونپوری

(نانپارہ)

حالات زندگی آپ ۱۷ شعبان المعظم ۱۲۹۶ھ میں اپنے آبائی وطن شہر جونپور محلہ ملاٹولہ میں پیدا ہوئے ۱۳۱۰ھ سے ۱۳۳۲ھ تک تحصیل علم کی تکمیل میں مصروف رہے ۱۳۳۲ھ میں کربلائے معلیٰ کے مجتہد اعظم جناب آقا سیّد اسمٰعیل صاحب صدر علیہ الرحمہ نے آپ کو اجازہ اور عمدۃ العلماء کا خطاب مرحمت فرمایا۔ مدرسہ عالیہ اسلامیہ لکھنؤ میں عرصہ تک تعلیم حاصل کی۔ اُردو کے آپ ایک باکمال ادیب و استاد کامل ہیں تخلص طور ہے۔


قومی خدمات قومی کاموں میں بھی آپ کو خاص دلچسپی ہے۔ تمام قومی ادارات میں آپ کم و بیش حصہ لیتے ہیں۔ شیعہ کانفرنس کے ابتدائی خدماؤں میں سے ہیں۔ شیعہ کالج کی تحریک میں خاص طور پر آپ نے امداد فرمائی اور چھتیس ہزار روپیہ مومنین نانپارہ سے وصول کرکے شیعہ کالج کو عطا فرمایا۔ آپ کی تصانیف و تالیفات میں کتاب شارق الشارق عربی و روضۃ الرضا و صراط مستقیم وعظ سجادیہ وغیرہ خاص طور پر طور پر قابل ذکر ہیں۔ نانپارہ میں امام جمعہ و جماعت ہیں، ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب الحاج حافظ صاحب خواجہ لطیف حسن صاحب آئی۔ ای۔ ایس سنشیر


(پانی پت)

حالات زندگی آپ بمقام فراش خانہ دہلی ۱۸۷۱ء میں پیدا ہوئے آپ کے والد ماجد حکیم خواجہ حمید حسن صاحب مرحوم اپنے زمانہ کے حاذق طبیب تھے۔ فارسی کی تحصیل اپنے نانا مولوی سیّد باقر حسین صاحب مرحوم سے حاصل کی۔ انگریزی ماسٹر چندو لال سے پڑھی۔ گورنمنٹ اسکول لاہور سے انٹرنس پاس کرکے سینٹ سٹیفنس کالج دہلی میں داخل ہوئے اور انجینیرنگ کالج رُڑکی کے امتحان مقابلہ میں شریک ہوگئے اور کامیاب ہوئے۔ ۱۸۹۵ء میں آپ کا رہائے واٹر ورکس دہلی کی تعمیر پر متعین ہوئے چندراول کے کنوئیں اور پہاڑی پر پانی کا خزانہ تعمیر کرایا۔ بعد تکمیل آب رسانی کا رہائے ڈرنچ دہلی کی تعمیر بھی آپ ہی کے ذریعہ عمل میں آئی۔ نراں بعد لائل پور کا واٹر ورکس تعمیر کرایا جس کے بعد آپ کا تبادلہ لدھیانہ واٹر ورکس پر ہوگیا ۱۹۰۹ء میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور کی تعمیر کے سلسلہ میں حصول جائداد کے لئے تشخیص معاوضہ کا کام تفویض ہوا اس موقع پر ایک مسجد کو جو میڈیکل کالج کی حدود میں آگئی تھی اپنے اثرات کو کام میں لاکر شہید ہونے سے بچایا۔ اس کے بعد ہی دربار تاجپوشی جارج پنجم کی تقریب میں کیمپ شاہی کی تیاری کا انتظام آپ کی سپرد ہوا حسن خدمت کے صلہ میں گورنمنٹ نے تمغۂ کورونیشن عطا کیا۔ اسی عرصہ میں بڑے بڑے نقادان فن اور صاحب کمال انجنیروں نے آپ کی خدمات کو بہ نظر تحسین دیکھا اور چند روز بعد آپ کی فتی قابلیت محنت اور دیانت کا اعتراف کرتے ہوئے انڈین سروس آف انجنیرس کے عہدہ پر ترقی دی گئی۔ خاں صاحب کے خطاب سے سرفراز ہوئے۔ دو سال ہوئے کہ عہدۂ ایگزیکٹو انجنیری سے ریٹائر ہوئے۔ آپ نہایت خلیق پابند مذہب ہیں پنشن کے بعد پانی پت میں جو آپ کا آبائی وطن ہے قیام ہے اور قومی خدمت مصروف رہتے ہیں۔

قومی خدمات اسی زمانہ میں برمن میوہائی اسکول کی تعمیر آپ کے




عالیجناب مجتہد العصر مولوی سید علی نقی صاحب قبلہ مجتہد




عالیجناب خان اعظم مولوی سید لطف حسین صاحب بالقابہ




عالیجناب مولوی سید نجف حسین صاحب قبلہ




عالیجناب غلام علی صاحب احسن بالقابہ



عالیجناب زوار حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب مفتی محمد احمد صاحب بالقابہ



عالیجناب ثقۃ الاسلام مرحوم



عالیجناب محمد صلی صاحب بالقابہ



عالیجناب ہدایت حسین صاحب بالقابہ

دست مبارک سے ہوئی۔ جس کا اعتراف سر فیروز خاں نون وزیر پنجاب نے سر دربار کیا۔ حال میں جامعہ ملیہ کی عمارت بمقام اوکھلا آپ کی نگرانی میں انجام پائی۔ حالی مسلم ہائی اسکول کی کمیٹی کے ممبر ہیں اس کے علاوہ بھی متعدد قومی اداروں کے رکن ہیں۔ تعلیم نسواں کے بہت بڑے حامی ہیں اور چونکہ آپ کا قول اور عمل ایک ہی ہے پانی پت میں لڑکیوں کے دو مدرسے ایک مڈل کے درجہ تک اور دوسرا انڈسٹریل اعلیٰ پیمانہ پر اپنے ذاتی صرف سے جاری کئے ہیں جن صد سالہ یادگار حالی مرحوم کے موقع پر اہل پانی پت کے ایڈریس کے جواب میں نواب سر حمید اللہ خاں والی بھوپال نے آپ کی قومی خدمات کا پُر جوش لفظوں میں اعتراف کیا ہے۔

پانی پت واٹر ورکس اسکیم کے لئے بھی بہت کوشش کی اور الحمد للہ کہ سعی مشکور ہوئی اور کار تعمیر شروع ہوگیا۔ پانی پت میں گورنمنٹ انڈسٹریل اسکول کا قیام بھی آپ ہی کی کوشش کا نتیجہ ہے۔ پانی پت کی دو مسجدیں جو بوجہ فرقہ داری تنازعات گورنمنٹ کے قبضہ میں ہیں انکی بحالی کے لئے کوشاں ہیں۔ حج و زیارات سے مشرف ہو چکے ہیں۔ آپ جون ۱۹۳۶ء انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب میرزا زوار حسین صاحب

(میرٹھ)

حالات زندگی قدیم وطن مراد پورہ ضلع مظفر نگر ہے لیکن اب آپ نے میرٹھ میں سکونت اختیار کر لی ہے آپکے اجداد شہنشاہ ہمایوں کے زمانہ میں ایران سے نقل وطن کر کے ہندوستان چلے آئے تھے اور فوجی خدمات پر مامور تھے۔ آپ کے والد میرزا ہادی حسین صاحب مرحوم ریاست اندور میں ایک معزز عہدہ پر ممتاز تھے لیکن ۱۹۱۵ء کے قریب ان کے اچانک انتقال ہو جانے کی وجہ سے یہ خاندان جو ایک والدہ، تین صغیر السن بھائیوں اور دو بہنوں پر مشتمل تھا تمام دنیاوی راحت و آسائش اور وسائل امداد سے محروم بے یار و مددگار رہگیا اور ہوش سنبھالتے ہی اپنی اور اپنے خاندان کی پرورش کے لئے کسب معاش کی فکر کرنی پڑی۔ الغرض زندگی کی ابتدائی منزل ہی میں دنیا کی سخت ترین مصیبتوں سے نبرد آزما ہونا پڑا۔ چونکہ طبیعت میں خودداری بے انتہا تھی کبھی کسی کا احسان برداشت کرنا گوارا نہ کیا جس طرح ممکن ہوا محنت مزدوری کر کے اپنا پیٹ پالا اور اس دلق پوشی اور فاقہ مستی کے زمانہ میں بھی اپنی تعلیمی جدوجہد کو جاری رکھا۔ آپ آج کل وقف منصبیہ میرٹھ میں مختار عام ہیں اور اسی ملازمت کے دوران میں اُردو فارسی کے امتحانات منشی فاضل وغیرہ پاس کرنے کے بعد ۱۹۳۴ء میں پنجاب یونیورسٹی سے انٹرنس کا امتحان پاس کیا اور یہ تعلیمی سلسلہ غالباً اب بھی جاری ہے۔ زوار حسین صاحب کو اس بات پر فخر ہے کہ انھوں نے اکثر ادبی و اخلاقی سبق خان بہادر سید محمد حسین صاحب شوق جیسی صاحب کمال اور با اخلاق ہستی سے حاصل کئے ہیں۔

ان کے یہ مختصر سوانح ان لوگوں میں جو دنیاوی وسیلوں سے بے نیاز ہو کر مذہبی اور اخلاقی حالت کو درست رکھتے ہوئے خدائی امداد کے بھروسہ پر اپنے پیروں کھڑے ہونے کی کوشش کرتے ہیں ایک اچھی مثال ہے۔ انجمن کے اپریل ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

ہزاروں طالب علم انجمن کی وجہ سے عالم و فاضل ہو گئے ہیں
جوبلی نمبر خرید فرما کر غریبوں میں تقسیم کیجئے

عالیجناب سید عاشق حسین صاحب جعفری رئیس

(سونی پت)

حالات زندگی اپریل ۱۸۸۸ء میں بمقام سونی پت پیدا ہوئے ہوش سنبھالنے کے بعد اپنے والد ماجد مولوی سید مظہر علی صاحب مرحوم اعلی اللہ مقامہ کے زیر اثر تعلیم پائی۔ اور سونی پت مدرسہ سے جس کے بانی جناب مغفور تھے تعلیم حاصل کرنے کے بعد اینگلو عربک ہائی اسکول دہلی سے انٹرنس پاس کیا بعدہٗ اسلامیہ کالج لاہور سے ایف۔ اے پاس کیا۔

۱۹۰۱ء میں پنجاب گورنمنٹ سیکرٹریٹ میں ملازم ہوئے اور ۱۹۱۳ء تک لاہور قیام رہا۔ وہاں پر بڑی ہر دل عزیزی حاصل کرلی

قومی خدمات دوران ملازمت میں پچیس سال تک شملہ جاتے رہے شملہ کے قیام کے زمانہ میں تمام مومنین شملہ نے جمع ہو کر ایک انجمن کی بنیاد ڈالی جو انجمن حیدریہ کے نام سے موسوم ہے اور آپ کو تین سال سے زیادہ صدر رہنے کا اور مومنین کی خدمت کرنے کا شرف حاصل رہا ہے اور دوران ملازمت میں جو مومنین و احباب تمام ہندوستان سے شملہ تشریف لاتے تھے ان کی خدمات جس طرح مناسب طریق سے ہو سکا کرتے رہے۔ اور جس کی وجہ حلقہ احباب بہت وسیع ہو گیا۔ اور ہندوستان کے ہر گوشہ میں خداوند عالم اور ائمہ معصومین علیہ السلام کے تصدق سے کوئی کوئی دوست ضرور ملتا ہے ۱۹۳۰ء میں ملازمت کے ۳۰ سال ختم کرنے کے بعد خرابی صحت کی وجہ سے پنشن لیکر سونی پت آگئے اب اس جگہ سرکاری خدمات آنریری طور پر انجام دیتے رہتے ہیں۔ چنانچہ آتے ہی اس قصبہ میں جس وقت کانگریس کا زور تھا ایک امن سبھا قائم ہوئی جس کے پریزیڈنٹ آپ منتخب ہوئے تین سال آنریری پنچایت آفیسر رہنے کے بعد مستعفی ہو گئے۔ اور اب آنریری اوفیسر ہیں، اسیسر بھی ہیں اور وقتاً فوقتاً جو سرکاری خدمات سپرد کیجاتی ہیں انجام دیتے رہتے ہیں اور اب گھر میں جو شہادی کی پہاڑی کی مانند بلند ہے خدا کی یاد میں مصروف ہیں آپ کا شمار شہر کے مسلمان رؤسا میں ہوتا ہے۔

آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ابتدائی دور میں ممبر رہ چکے ہیں لیکن چند سال سے رکنیت نہیں رہی تھی اب میرے پنجاب کے دورہ میں آپ نے جون ۱۹۳۶ء سے ممبری کی تجدید فرمائی ہے۔ بڑے خلیق ملنسار اور متواضع ہیں۔

عالیجناب میرزا مصطفےٰ علی صاحب ہمدانی ایڈیٹر سفینہ

(لاہور)

حالات زندگی آباؤ اجداد ایران کے شہر ہمدان سے ہندوستان میں آئے تھے۔ لاہور میں نصف صدی سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے۔ آپکی جائے پیدائش لاہور ہے اور سن پیدائش اپریل ۱۹۰۹ء لاہور ہی میں تعلیم حاصل کی انگریزی میں ایف۔ اے تک اور فارسی میں "منشی فاضل" موجودہ تعلیم کو ناقص سمجھ کر ضیاع مال و وقت کے بجائے سلسلہ تعلیم منقطع کرکے لاہور کے مختلف اسلامی روزناموں میں کام کیا اور کئی سال تک ملک کے مختلف اخبارات و رسائل میں ادبی و مذہبی مضامین نظم و نثر لکھے۔ پنجاب کے نوجوان شعراء میں پہلے فرد ہیں جس کے کلام پر ابھی تک تنقید نہیں ہوئی۔ شاعری میں استاد اعظم پروفیسر سید اولاد حسین صاحب شاداں بلگرامی سے شرف تلمذ حاصل رہا۔ پنجاب میں سب سے پہلی انجمن اصغر یجس نے

سیاسیات میں بھی حصہ لیا) کے جنرل سکریٹری ہیں اور بزم غالب ادبی انجمن کے سکریٹری ہیں ۔۔۔ پنجاب میں ذوالجناح سیالکوٹ کا جو دلخراش واقعہ ہوا تھا اس کی تحقیقاتی کمیٹی کے رکن تھے ۔ اس کے بعد لاہور میں اسی واقعہ سے متاثر ہو کر سیالکوٹ کمیٹی بنائی اور ایک ایسی تحریک جاری ہوئی جس نے ہندوستان کے گوشہ گوشہ سے صدائے احتجاج بلند کرادی یہ زمانہ سر سکندر حیات کی گورنری کا تھا ۔ اور ہندوستان میں شیعوں نے اپنی زندگی کا پہلا بار ڈالا ۔ حکومت کو آخر کار واقعہ سیالکوٹ کے ذمہ دار حکام کو سیالکوٹ سے تبدیل کرنا پڑا ۔ اور ذوالجناح سے بندشیں ہٹادی گئیں ۔ سیالکوٹ ڈسٹرکٹ مسلم کانفرنس لاہور کی مجلس کے رکن ہیں ۔ دسمبر ۱۹۳۵ء میں اخبار سفینہ جاری کیا ۔ رسالہ حسین مظلوم ضبط کرایا گیا جو شیعہ حضرات کے خلاف کے خلاف شائع ہوا تھا ۔

سفینہ ہی کے احتجاج پر شالامار باغ کا میلہ جو محرم میں ہوا قرار پایا تھا ملتوی ہوا آپ کے والد ماجد مولوی میرزا صفدر علی ہمدانی ریٹائرڈ ڈائریکٹر بقضلہ زندہ ہیں آپ کے بڑے بھائی حکیم میرزا افتخار علی صاحب ہمدانی حکیم حاذق مالک المسیح یونانی دواخانہ ہیں ۔

موصوف بھی انجمن اصغریہ کے سکریٹری رہ چکے ہیں ۔ والد محترم امامیہ مشن لکھنؤ کے رفیق کار رہیں اور بلا معاوضہ مشن کی خدمات سرانجام دیتے ہیں آپ بڑے خلیق اور ملنسار ہیں ۔ طبیعت میں تصنع وغیرہ بالکل نہیں ہے ۔ پنجاب کے دورہ میں جب میں لاہور پہنچا تو آپ بڑے اخلاق سے پیش آئے جس کا اثر میرے قلب سے محو نہیں ہو سکتا ۔ ماہ جون ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں ۔ قصور کے معاملہ میں آپ نے بڑے بڑے زبردست قلمی مقالے لکھے ۔

عالیجناب خان صاحب میجر محمد سرور خاں صاحب سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل

(ملتان)

حالات زندگی آپ ۱۸۸۳ء میں پیدا ہوئے ۔ ابتدائے تعلیم آپ کے جد امجد رسالدار میجر سردار بہادر محمد کاظم خاں آئی ۔ او ۔ ایم کی زیر نگرانیت بمقام دہلی ہوئی ۔ آپ انٹرنس پاس کر کے ہزہائینس نواب صاحب بھاولپور کے اے ۔ ڈی ۔ سی مقرر ہوئے ۱۹۰۹ء میں ملازمت ترک کر کے کوئین وکٹوریا اون گائڈز رکیولری میں ڈائرکٹ کمیشن لیکر فوج میں داخل ہوئے ۔ جنگ عظیم میں عراق تشریف لے گئے اور موجودہ کمانڈر ان چیف بہادر کی ماتحتی میں نمایاں خدمات انجام دیں ۱۹۱۹ء میں پولیٹکل ڈیپارٹمنٹ عراق میں کرنیلاسی کے سب سے اوّل ہندوستانی پولیٹکل افسر مقرر ہوئے ۔ پھر کاظمین کے حاکم مقرر ہوئے ۔

اس زمانہ میں سلطان احمد شاہ قاچار زیارات سے مشرف ہونے کے لئے کاظمین تشریف لائے ۔ آپنے سپاسنامہ پیش کیا اور شاہ نے "شیر و خورشید" کا تمغہ درجہ دوئم عطا فرمایا گورنمنٹ نے خاں صاحب کا خطاب عطا فرمایا ۔ ۱۹۲۱ء میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بغداد غربی مقرر ہوئے ۱۹۲۳ء میں بسلسلہ سوال عربی و ہندوستانی ہندوستان واپس ہوئے ۔ پھر پنجاب میں ۔ ای ۔ اے سی مقرر ہوئے اور کمانڈر ان چیف کی سفارش پر بادشاہ آنجہانی نے میجری منظور فرمائی ۔ فی الحال آپ جیل ڈیپارٹمنٹ میں بعہدۂ سپرنٹنڈنٹ ملتان میں متعین ہیں ۔ آپ ماہ جون ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں ۔ بڑے ہمدرد قوم ہیں ۔

اگر آپ اس کے ممبر نہ ہوں تو آج ہی ہو جائیے
انجمن کے حسابات کی ہر سال رپورٹ طبع ہوتی ہے

عالیجناب ابوالخلیل مولوی سیّد راحت حسین صاحب رضوی

(بھیک پور)

حالات زندگی یکم محرم الحرام ۱۳۰۰ھ میں اپنے وطن علی نگر بھیک پور ضلع سارن (بہار) میں پیدا ہوئے۔ تاریخی نام غلام زین العابدین ہے آپکے والد ماجد مولوی سید محمد ابراہیم صاحب رضوی مرحوم و مغفور ہوگلی کالج میں قانون پڑھ رہے تھے ابھی امتحان نہ دیا تھا کہ دفعۃً علیل ہوئے اور ۲۸ صفر المظفر ۱۳۰۱ھ کو مظفر پور میں انتقال فرمایا۔ وطن میں آپ کی خاص زمینداری ہے۔ کچھ دنوں وطن ہی میں تعلیم ہوتی رہی۔ مولوی سید نثار علی صاحب فارسی لٹریچر کے ماہر سے اُردو فارسی پڑھ کر مدرسہ ایمانیہ مظفر پور میں داخل ہوگئے۔ جس کے مدرس اوّل آپکے خالو صاحب نوادع الاخوان و مواعظ المتقین فخر الحاج والمعتمرین مولانا السیّد محمد مہدی صاحب قبلہ علا بھیک پوری اعلی اللہ مقامہ تھے۔ موصوف ہی کی زیر نگرانی عربی کی تعلیم شروع ہوگئی۔

مدرسہ سلیمانیہ پٹنہ میں بھی داخل ہو کر فخر المدرسین جناب مولانا حافظ سید فرمان علی صاحب قبلہ مختار الافاضل سے درسی کتابیں پڑھیں ۱۳۲۳ھ میں لکھنؤ تشریف لے گئے سلطان المدارس میں نام لکھوایا ۱۳۲۸ھ تک وہاں تعلیم جاری رہی۔ اور خارج طور پر معالم الاصول وسلّم جناب فضیلت مآب مولانا سید ظہور حسن صاحب قبلہ مجتہد سے اور شرائع الاسلام و شرح لمعہ نجح البلاغۃ صدر الملۃ شمس العلماء آقا سید ناصر حسین صاحب قبلہ مجتہد سے اور ادبیات کے ساتھ چند درسی کتابیں جناب مفتی سید محمد علی صاحب قبلہ مجتہد سے پڑھیں۔ اور اپنے نسبتی بھائی فخر بہار سرکار حجت الاسلام مولانا سید عابد حسین صاحب قبلہ منطقی پروفیسر سلطان المدارس بھیک پوری سے بھی چند کتابیں پڑھیں ۱۳۳۲ھ میں آپ کو لکھنؤ سے فراغت ہوگئی اور ریش نمازی کا اجازہ مل گیا۔

لکھنؤ سے ایک مشہور اخبار آل انڈیا شیعہ گزٹ نکل رہا تھا آپ اُس کے اسسٹنٹ ایڈیٹر رہے۔ لکھنؤ ہی کے قیام کے زمانہ میں بغرض زیارت عتبات عالیات تشریف لے گئے تھے۔ سفر نامہ چھپ چکا ہے۔ کچھ دنوں مولانا حکیم سیّد مقبول احمد صاحب دہلوی کے ہمراہ ریاست رامپور میں رہے اور مدرسۂ عالیہ میں مولوی فاضل کے درجہ میں آپ داخل کر لئے گئے۔

ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں مولانا مقبول احمد صاحب کے ہمراہ فن خطابت کی مشق کرتے رہے۔ بسا اوقات مولانا اپنی پیش خوانی بھی کراتے رہے پانچ پانچ چھ چھ ہزار کے مجمع میں مجلسیں پڑھوائیں تقریر کے ساتھ تحریری مشق بھی جاری رہی، ہندوستان کے چوٹی کے اخبارات و رسائل میں آپ کے مضامین چھپتے رہے۔ یہ ایک فطرتی خداداد شوق تھا۔ اس میں بڑی عزت اور شہرت پیدا کی۔ ۱۳۳۶ھ میں آپ کی دار السلطنت دہلی سے طلبی ہوئی اور عرصہ تک وہاں کے مشہور اخبار اثنا عشری کو ایڈٹ کرتے رہے سادات وظیفہ فنڈ کی پوری خدمت (تحریری) آپ نے انجام دی۔ آپنے عزاداری کی حمایت میں صدہا مضامین اخبارات میں چھپوائے خصوصاً اثنا عشری۔ دہلی گزٹ وغیرہ میں اور ملک کے گوشہ گوشہ میں اس کی بابت تقریریں بھی فرمائیں اور بہت سے رسالے تبلیغی رنگ میں لکھ ڈالے ۱۳۴۰ھ میں آپ کو اہل وطن نے مجبور کیا۔ جامع مسجد بھیک پور کی امامت اور مدرسہ رضویہ کی نگرانی اور وقف حاجی سیّد دلدار حسین صاحب (جو آپکے حقیقی ماموں تھے) مرحوم و مغفور کی سرپرستی اور ائمہ معصومین علیہ السلام کی ولادت و وفات کی محفلوں و مجلسوں کی ذاکری آپ کے سپرد ہوئی جو بحمد اللہ بڑے حسن و خوبی سے اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں تبلیغی کام وطن اور وطن سے باہر تو روں میں جاری ہے پریکٹیٹ طریقہ سے انگریزی کا بھی سلسلہ قائم ہے۔

آپ کا اخلاق بہت وسیع ہے حد درجہ منکسر المزاج واقع ہوئے ہیں اسی سبب سے بفضلہ ہر طبقہ میں ہر دلعزیز ہیں ہر ادران ہنود شوقیہ آپ سے لیکچر دلواتے اور اہل سنت مولود شریف پڑھواتے ہیں۔




عالیجناب محمد سرور خان صاحب بالقاء



عالیجناب نواب سید احمد حسین صاحب بالقاء







عالیجناب غلام مصطفیٰ صاحب سیاہ پوش



عالیجناب مولوی محمد رشید صاحب قبلہ



عالیجناب سید باقر حسین صاحب بانقاپوری



عالیجناب تقی حسن صاحب بانقاپوری

مولانا خاور نجیب آبادی نے اثنا عشری میں لکھا تھا ؎

تسکین قلب ہوتی ہے لیتے ہی ان کا نام | قدرت نے کیا بنایا ہے پتلا سنوار کے
نازک بدن لطیف خیالات خندہ رو | راحت حسین پھول ہیں گویا بہار کے

آپ مئی ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہوئے اور اس سے قبل جب آپ اثنا عشری کے ایڈیٹر تھے تو بہت سے مضامین انجمن کی حمایت میں شائع فرمائے۔

عالیجناب سید تقی حسن صاحب نائب تحصیلدار جاگیر جناب نواب شوکت جنگ بہادر حیدرآباد دکن

(نوگانواں)

حالات زندگی آپ فروری ۱۹۰۳ء کو بمقام نوگانواں پیدا ہوئے اردو مڈل تک آپ نے تعلیم پائی ۱۹۲۳ء سے جناب نواب شوکت جنگ بہادر حیدرآباد دکن میں نائب تحصیلدار ہیں۔ قومی اخبارات کے مطالعہ کے شائق ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات کے اپریل ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب حکیم سید غلام مصطفیٰ شاہ صاحب سیاہ پوش

(درگاہیوالہ ضلع گجرانوالہ)

حالات زندگی آپ سادات جعفری شیرازی سے ہیں آپکے بزرگ شیر علی شاہ صاحب ترکمان ہمایوں کے ساتھ دہلی تشریف لائے تھے۔ آپ مڈل پاس ہیں۔ دس سال تک ویٹرنری ڈیپارٹمنٹ میں ملازمت کی پھر ملازمت چھوڑ کر طبابت کی اور یونانی طب کے علاوہ ایلوپیتھک ہومیوپیتھک سرجری اور دائی میں بھی مہارت حاصل کی۔

قومی خدمات ۱۹۲۰ء میں آپنے انجمن جعفری شیرازی کی بنیاد ڈالی ۱۹۲۳ء میں ایک مذہبی مدرسہ کھولا جو اقتصادی دشواریوں کی بنا پر بند ہو گیا ۱۹۳۴ء سے آپنے ایک امامیہ لائبریری کا اجرا کیا جس میں چار سو مذہبی کتابیں موجود ہیں جن سے دیہات کے مومنین مستفید ہوتے ہیں۔ آپ دار نجف۔ شیعہ۔ سفینہ۔ الواعظ۔ نظارہ۔ اصلاح۔ ہمدرد وغیرہ کے خریدار ہیں۔ امامیہ مشن۔ شیعہ مشن جینی مشن کے ممبر ہیں۔ آپ کی تبلیغ سے شیعہ مذہب پھیل رہا ہے آپ کے یہاں سے ۸ محرم کو جلوس ذوالجناح نکلتا ہے جس پر آپ کافی روپیہ خرچ کرتے ہیں۔ آپ سجادہ نشین اور مختار دار ہیں۔ اور مئی ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید ناصر حسن صاحب جعفری نائب صدر پنجاب شیعہ کانفرنس

(مالیر کوٹلہ)

حالات زندگی آپ ۵ مئی ۱۹۰۶ء کو لکھنؤ میں پیدا ہوئے آپ کے والد بزرگوار خان بہادر سید محمد رضا حسین صاحب نے ۳۵ سال تک

یو۔پی میں محکمۂ زراعت میں ملازمت کی اور آخر میں سپرنٹنڈنٹ سول وٹنری سے پنشن لی۔ آپ ٹھوس اور خاموش کام کرنے والے ہیں قومی تحریکوں میں حصہ لیتے ہیں۔ آپنے سینیر کیمرج (انگلینڈ) پاس کیا اور تجارتی زندگی کو پسند فرمایا۔ مالیر کوٹلہ میں آپ کا ذاتی بجلی گھر ہے جس کے آپ منیجنگ ڈائرکٹر ہیں۔ بڑے ہونہار اور محنتی ہیں۔

قومی خدمات آپ پنجاب شیعہ کانفرنس کے روح رواں ہیں پنجاب میں تنظیم کی لہر دوڑا رہے ہیں آپ نے اپنی جیب خاص سے تین ہزار روپیہ کانفرنس کے سالانہ اجلاس پر خرچ کئے آپ شیعہ پولیٹیکل پنجابی کے نائب صدر بھی ہیں آپ نے چودہ سال تک شہید ثالث کے مزار پر سالانہ جلسوں کے موقعوں پر بحیثیت سکریٹری کیمپ کام کیا۔

مجھ کو آپ سے ذاتی تعارف حاصل ہے اشیعہ کانفرنس کے موقع پر لکھنؤ آپسے نیاز حاصل ہوا بڑے معاملہ فہم اور ہمدرد قوم ہیں انجمن کے اکتوبر ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں

عالیجناب مولانا محمد بشیر صاحب مبلغ مدرسۃ الواعظین ٹیکسلہ

(شکارپور ضلع بلند شہر)

حالات زندگی آپ ۱۰ر جنوری ۱۹۰۱ء کو پیدا ہوئے۔ علوم دینیہ کی ابتدائی تحصیل مولانا سید محمد صاحب قبلہ سے کی۔ مدرسہ ناظمیہ سے ممتاز الافاضل امتیازی شان سے پاس کیا۔ شیعہ عربی کالج سے علم کلام میں آخری درجہ اعلیٰ ڈویژن میں پاس کیا۔ تین سال تک مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں منطق و فلسفہ کی تحصیل کی۔ جامعہ سلطانیہ سے سند الافاضل کا امتحان پاس کیا۔ پھر آپنے مدرسۃ الواعظین میں داخلہ کیا اور تعلیم ہی کے زمانہ میں اتحاد الفریقین کے دو حصے تالیف کئے جو امامیہ مشن لکھنؤ کو بطور ہدیہ پیش کئے اور جس کے اشرات کامیابی سے خالی نہیں ہیں۔

قومی خدمات مدرسۃ الواعظین کی تعلیم کے بعد ضلع ہزارہ سرحد بھیجے گئے جہاں لفظ شیعہ کا مفہوم نہایت وحشیانہ تھا آپ نے فضا کو درست کیا دو مرتبہ علماء اہلسنت سے مناظرہ ہوا جس میں کثیر تعداد نے مذہب حقہ قبول کیا۔ اب اُس علاقہ میں نماز جمعہ و جماعت بڑی شان کے ساتھ ہوتی ہے۔ اور ایک امام باڑہ بھی زیر تعمیر ہے۔ جس میں آپنے پچاس روپیہ چندہ عطا فرمایا ہے۔ اور اس کی ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔

اس کے بعد آپ ٹیکسلہ میں دعوت دیگئی۔ یہاں آنے پر دو مرتبہ علماء پنجاب و سرحد سے مناظرہ ہوا۔ پہلے موقع پر مقابل مناظر مولانا محبوب عالم صاحب اپنی شکست کی دستخطی تحریر دیدی اور مولانا قاضی عبدالعزیز صاحب اور مولانا امیر اللہ خاں صاحب نے مذہب شیعہ قبول کیا اور نور سرگھر شیعہ ہوگئے۔ صوبہ پنجاب کے تبلیغی دوروں میں دو سال کے عرصہ میں پانچ ہزار سے زیادہ افراد مذہب حقہ قبول کر چکے ہیں۔ آپ قومی اداروں کی بھی امداد فرماتے رہتے ہیں۔

ذاکری و مناظرہ میں ید طولیٰ حاصل ہے۔ ہزاروں مذہبی کتب کے اوراق وسطور حفظ یاد ہیں۔ تقریر اعتقادی نہیں ہوتی بلکہ ایسی ہوتی ہے جسکو عقل تسلیم کر سکے۔ آپ نہایت خوش اخلاق اور ملنسار الزاج ہیں۔ آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔ حضور کے مسئلہ عزاداری میں فائز تھے اور فتح حاصل کی۔

سفارش کنندہ ممبر کا چندہ سفارش کرتے وقت چار ماہ سے زائد کا باقی نہ ہو یعنی اگست کا چندہ بیباق ہو
تعلیمی حالت اور چال چلن کی بابت درسگاہ کے مدرس اعلیٰ کا سرٹیفکٹ آنا ضروری ہے
کسی عالم دین کا سرٹیفکٹ متعلق پابند صوم وصلوٰۃ ہونا ضروری ہے

عالیجناب سیّد صغیر حسین صاحب کربلائے معلیٰ عراق

(بجنور)

حالات زندگی قصبہ یمن سادات ضلع بجنور میں جنوری ۱۸۶۹ء میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام سیّد عضنفر علی ابن سیّد بندہ علی ابن سیّد عظمت علی جد اعلیٰ سیّد اشرف شاہ زیدی خراسانی آبادکنندہ قصبہ سادات ہے۔ ابتدائی تعلیم آپ کی فارسی اُردو مڈل تک ہوئی، اپنی قابلیت اُردو مڈل کے مطابق محکمہ کنہر کی ریونیو برانچ ابتدائی ملازمت میں بلا کسی وسیلہ کے داخل ہوئے اور پہلے ہی سال سے اپنے ہمعصر منامہ میں لحاظ کام آپکا نمبر اول آتا رہا۔ اپنے عہدہ کے کام میں سخت معروفیت کے باوجود آپنے انگریزی اور انجینیرنگ سیکھنے میں ایسی کوشش کی کہ چند ہی سال میں امین کے عہدہ سے ترقی پاکر سب اور سیر مقرر ہوئے۔ قریب چار سال سب اور سیری کا کام کرنے پر عہدۂ ضلعداری پر ترقی ہوگئی۔ اسی عرصہ میں سب ڈویژن افیسری کی قائم مقامی کے چانس ملتے رہے۔ چند ہی سال میں تھرڈ گریڈ ضلعداری سے صوبہ کے ۱۹ ضلعداروں کو سوپر سیڈ کرکے ڈپٹی مجسٹریٹی پر ترقی پائی۔ آپ پہلے ڈپٹی مجسٹریٹ تھے جو صوبہ کی ارگنیشن بورڈ کے ممبر گورنمنٹ سے منتخب ہوئے تمام سروس میں ہر سالانہ رپورٹ میں آپ کے کام کی تعریف لکھی جاتی رہی۔ کارہائے خاص پر بھی تعیناتی ہوتی رہی۔ آپ کی مخصوص کارگزاریوں کے صلہ میں علاوہ محکمہ کنہر کے اعلیٰ افسران کے صوبہ کے چند صاحبان گورنر نے متعدد سارٹیفکٹ حسن کارگزاری کے عطا فرمائے ایک سارٹیفکٹ حضور معلیٰ وائسرائے ہند اور ایک سند اعلیٰ حضرت ملک معظم سے عطا ہوئی۔ خطاب خاں صاحب عطا ہوا۔ ۳۳ سال کی سروس اور ۵۶ سال کی عمر کے بعد شروع ۱۹۲۵ء میں اول درجہ کی ڈپٹی مجسٹریٹی سے ۲۵۰ روپیہ ماہوار پنشن مقرر ہوئی۔ یا سباب ظاہر ان ترقیات و اعزاز کا راز آپ کی محنت و دیانت میں مضمر تھا بعد پنشن شروع جون ۱۹۲۶ء میں زیارت کربلائے معلیٰ سے مشرف ہوئے بعد قیام ایک سال کے ۳ ماہ خراسان میں قیام رہا۔

شروع ۱۹۲۹ء میں برائے حج بیت اللہ روانہ ہوئے قریباً ۸ ماہ میں مکہ معظمہ مدینہ منورہ شام و بیت المقدس کی زیارت سے مشرف ہوکر شروع ستمبر ۱۹۲۹ء میں بار دیگر کربلائے معلیٰ میں شرف یاب ہوئے، حال یہاں مجاور ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات کے حون ۱۹۳۰ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سیّد مطاہر حسن صاحب نقوی مومن قانی

(امروہہ)

حالات زندگی آپ رجب ۱۳۲۳ھ میں بمقام امروہہ محلہ جامع مسجد (سدّو) پیدا ہوئے۔ آپ حضرت سیّد السادات صاحب کشف و کرامات شاہ شرف الدین حسن صاحب الملقب بہ شاہ ولایت صاحب امروہہ قدس سرہ العزیز کے بڑے صاحبزادے حضرت مولانا سید امیر علی صاحب بزرگ طاب ثراہ قاضی القضاۃ الہند کی اولاد سے ہیں جن کا سلسلۂ نسب امام ہمام حضرت علی نقی علیہ آلاف تحیۃ و السلام پر منتہی ہوتا ہے آپکے آباؤ اجداد نے عہد سلاطین مغلیہ میں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہ کر بڑے بڑے مناصب و معافیات حاصل کیں لیکن آپ کا تعلق امروہہ کے مشہور و معروف خاندان متولیان سے ہے جو ایک معزز عہدہ تھا ابتدائی تعلیم حسب دستور قدیم مکان ہی پر ہوئی اس کے بعد مقامی میونسپل

اسکولوں میں تعلیم پاتے رہے۔ پھر علوم عربیہ و فارسیہ کی تحصیل کے شوق میں دار العلوم اشرف المدارس امروہہ میں داخل ہو کر عمدۃ الحاج مولانا حاجی سید مرتضیٰ حسین صاحب اعلی اللہ مقامہٗ کی شاگردی خاص سے مشرف و ممتاز ہوئے اور چند ڈگریاں السنۂ مشرقیہ کی حاصل کیں اور دوران تعلیم میں بعض تحتی درجات کو تعلیم دی۔ جن ایام میں عزیز العلماء حجۃ الاسلام حضرت یوسف الملۃ والدین مولانا سید یوسف حسین صاحب مجتہد تخفی الامروہوی اعلی اللہ تعالی مقامہ منصب عربک کالج میرٹھ میں پرنسپل تھے کالج مذکور میں مولوی عالم الہ آباد کا کورس پڑھا کچھ عرصہ دار العلوم سید المدارس امروہہ میں حجۃ الاسلام سید العلماء مولانا سید محمد صاحب مجتہد العصر مدظلہم العالی مادامۃ الایام واللیالی کی خدمت بابرکت میں رہ کر تحصیل علوم و معارف میں انہاک رہا۔ اسی طرح کچھ عرصہ آب العلم نوگانواں سادات تحصیل امروہہ میں بہ حیثیت (معلمی و متعلمی) صدر الفقہا حجۃ الاسلام مولانا سید سبط نبی صاحب ادام اللہ فیوضہم کے فیضان صحبت سے سرفراز و کامیاب رہے غرض اسی طرح رفتہ رفتہ اعلی تعلیم اور علوم متداولہ کی تکمیل ہوگئی۔ آپ عرصہ تک اے بی مشن ہائی اسکول دہرہ دون میں ہیڈ مولوی رہے اسی طرح کچھ عرصہ گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ میں عربک و پرشین ٹیچر کی حیثیت سے رہے اور دربار ہائی اسکول جھانبوا اسٹیٹ سنٹرل انڈیا میں ہیڈ مولوی رہے۔

قومی خدمات آپ ایک باکمال شاعر ہیں۔ جوبلی نمبر کے متعلق ایک نظم اس نمبر میں شائع ہو رہی ہے۔ آپ ابتدائے شعور سے حتی الامکان ہر قومی و مذہبی معاملہ میں حصہ لیکر نمایاں دلچسپی کا اظہار فرماتے رہے ہیں، آپ تقریباً چار سال تک انجمن معراج المومنین امروہہ کے جنرل سکریٹری کی حیثیت سے قومی خدمات انجام دیتے رہے اس کے بعد انجمن مذکور کا نام بدل جانے پر اسی انجمن تنظیم الاسلام کے صدر منتخب ہو کر تین سال سے نہایت جوش و انہاک کے ساتھ خدمات قوم باحسن الوجوہ بجالا رہے ہیں عرصہ تک امروہہ کی مایۂ ناز انجمن اصلاح معاشرت کے رکن رکین رہے اور اب بھی رکن خاص ہیں۔ انجمن تنظیم المومنین امروہا اور شیعہ آرٹس اسکول امروہہ کے بھی ہمدرد خاص ہیں۔ آپ کا دل قومی و مذہبی درد سے بھرا ہوا ہے چنانچہ ایسے موقع پر جب کبھی ضرورت محسوس ہوتی ہے تو آپ ہمہ تن مستعد اور مصروف کار ہو جاتے ہیں چنانچہ انجمن ہذا کی سلور جوبلی کی تحریک کا جس الوالعزمی سے خیر مقدم کیا اور شاندار طور پر تائید فرمائی وہ اخبار میں حضرات سے پوشیدہ نہیں قومی و ملکی اخبارات میں اس سلسلہ میں متعدد مضامین تحریر کر کے شائع کرائے جو آپ کی قومی ہمدردی کے شاہد ہیں۔ خداوند عالم ایسے مخلص کارکن۔ روشن دماغ۔ ذی استعداد بزرگوار افراد کی یوماً فیوماً ترقی فرمائے۔ اور ہمیشہ ہمیشہ فضائے قوم کو ان کے زرین کارنامہ جات کے ذریعہ روشن و منور رکھے۔ اور دیگر افراد ملک و قوم کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق کرامت فرمائے۔

آپ اکتوبر ۱۹۳۳ء سے انجمن وظیفہ سادات مومنین کے ممبر ہیں اور انجمن کے شیدائی ہیں۔ انجمن کی ترقی کے کوشاں رہتے ہیں اور مختلف قومی جرائد میں انجمن کی خدمات پر متعدد مضامین شائع فرماتے ہیں۔

عالیجناب مولوی سید جمیل حسن صاحب کامل رضوی شاملی

(کندرکھی)


حالات زندگی سید جمیل حسن صاحب کامل رضوی اپنے وطن قصبہ کندرکھی ضلع مراد آباد میں ۲۵ رمضان المبارک ۱۳۲۱ھ مطابق ۱۵ دسمبر ۱۹۰۳ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلۂ نسب جناب سرور کائنات اور جناب حضرت ابوطالب سے ملتا ہے۔ آپ کے مورث اعلی ہمایوں بادشاہ کی نصرت میں ایران سے وارد ہندوستان ہوئے اور اکبر آباد میں قیام کیا۔ سلطنت مغلیہ کے زمانہ میں سرکار سنبھل کی



عالیجناب نبیل الشرف جناب القاب




عالیجناب مولوی سہیل حسن صاحب القاب



عالیجناب منیر حسین صاحب القاب



عالیجناب مولوی مطاہر حسین صاحب القاب



عالیجناب نواب حسن میرزا صاحب بالقابہ



عالیجناب مولوی نظر حسن صاحب قبلہ



عالیجناب نواب تقی میرزا صاحب بالقابہ



عالیجناب تصور حسین صاحب بالقابہ

طرف قاضی سید عبدالرزاق صاحب رضوی کو عہدہ قضا ملا اور اب تک اُن کی اولاد کندرکھی میں آباد ہے اور وہیں قاضی صاحب کا مزار ہے۔ سید جمیل حسن صاحب رضوی صرف دس پندرہ دن کے تھے کہ والدہ معظمہ نے رحلت کی اور جب سوا نو برس کے ہوئے تو والد بزرگوار نے انتقال فرمایا۔ اپر پرائمری مدرسہ کی جماعتیں پاس کرکے ۱۹۱۶ء میں مراد آباد کے تحصیلی اسکول میں داخل ہوئے اور اپنی محنت و جانفشانی سے دو روپیہ ماہوار ڈسٹرکٹ بورڈ سے وظیفہ حاصل کیا اور درجہ ششم ماڈل اسکول سے پاس کرکے بلاری کے ٹاؤن اسکول میں داخل ہوئے جو کندرکھی سے تین کوس کے فاصلہ پر ہے آپ روزانہ علی الصباح پڑھنے جاتے اور شام کو گھر واپس آتے ۱۹۱۹ء میں اُردو مڈل پاس کیا۔ ۱۹۲۱ء میں حاجی سید مرتضیٰ حسین صاحب قبلہ مرحوم امروہوی کے مدرسہ نورالمدارس میں داخل ہوئے اور فارسی پڑھنی شروع کی مرحوم نے پانچ روپیہ ماہوار اسکول سے مقرر کر دیا تھا باقی مصارف ٹیوشن سے پورے ہوتے تھے۔

۱۹۲۲ء میں منشی کا امتحان پاس کیا اور پھر منصبیہ کالج میرٹھ میں داخل ہوکر مولانا سید یوسف حسین صاحب قبلہ مجتہد مرحوم سے درس حاصل کیا پھر مولانا سید محمد صاحب قبلہ مجتہد العصر نے سید المدارس میں تقریر کیا ۱۹۲۶ء میں نورالمدارس سے کامل کا امتحان پاس کیا۔

تعلیم سے فارغ ہوکر باب العلم نوگانواں سادات میں پندرہ روپیہ ماہوار کی ملازمت کی اور ۱۹۲۶ء میں اس اسکول سے مولوی کا امتحان پاس کیا۔

۱۹۲۸ء میں اُردو اعلیٰ قابلیت کی سند حاصل کی جولائی ۱۹۲۸ء سے ویش اسکول شاملی ضلع مظفرنگر میں ملازم ہو گئے۔

قومی خدمات | اپریل ۱۹۳۲ء سے رسالہ زہرہ کا مستورات کی بیداری کے لئے اجرا کیا۔ شاعری کا شوق بھی ہے کامل تخلص کرتے ہیں مجالس بھی پڑھتے ہیں اور بلا معاوضہ اس تبلیغی کام میں اپنا وقت صرف کرتے ہیں طبیعت میں استقلال حد درجہ ہے ڈرامہ نویسی میں بھی ملکہ حاصل ہے۔ اکتوبر ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید انیس اشرف صاحب بی اے انسپکٹر آف اسکول

(مظفرپور)

حالات زندگی | آپکے اجداد شاہی فوج میں ملازم تھے۔ آپکے مورث اعلیٰ میر سعادت حسین مرحوم تھے آپکے والد بزرگوار سید ضامن حسین صاحب پوسٹ ماسٹر تھے اور ۱۹۲۶ء میں رحلت فرما گئے سید انیس اشرف صاحب ۶ اکتوبر ۱۹۰۶ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم چمپارن میں والد مرحوم کی زیر نگرانی ہوئی۔ ۱۹۲۳ء میں انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد مظفرپور جی۔ بی۔ کالج سے بی۔ اے کی سند ۱۹۲۸ء میں حاصل کی۔ جولائی ۱۹۲۸ء میں سب انسپکٹر آف اسکولس ہوئے۔ ۱۹۳۰ء میں ٹریننگ کالج سے ڈپلوما ان ایجوکیشن کا امتحان پاس کیا۔ اور آج کل آپ مظفرپور میں ہیں

قومی خدمات | قومی خدمات میں حتی الامکان حصہ لیتے ہیں۔ انجمن حسینیہ حسین گنج کے جنرل سکریٹری رہے۔ جنوری ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور انجمن سے آپ کو محبت ہے۔

ہر طالب علم کو اقرار نامہ لکھنا ہوتا ہے اور واپسی قرضہ ضروری ہے
اپنے بچوں کو بھی انجمن کا ممبر بنا سکتے ہیں

عالیجناب سیّد تصور حسین صاحب

(امروہہ)

حالاتِ زندگی آپ ۱۴ محرم الحرام ۱۳۲۴ھ کو امروہہ میں پیدا ہوئے تھے۔ ابتداءً مکتب میں فارسی اور اُردو پڑھی پھر گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ میں انگریزی شروع کر دی ۱۹۲۱ء میں اسکول چھوڑ دیا۔ چند ماہ کے بعد کانپور زراعتی کالج میں داخل ہوئے ۱۹۲۵ء میں محکمۂ زراعت میں سرکاری ملازمت کا سلسلہ شروع ہوا ۱۹۳۸ء میں گورنمنٹ کی جانب سے وظیفہ حاصل کر کے زراعت میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے انگلینڈ تشریف لے گئے۔ تین سال تک پڑھ کر ڈی۔ اے۔ جی پاس کرنے کے بعد ۱۹۳۱ء میں ہندوستان واپس تشریف لائے۔ ۱۹۳۵ء سے پراونشل سروس ملی اور محکمۂ زراعت میں ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ہو گئے۔ فی الحال مراد آباد میں ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ زراعت کے عہدہ پر فائز ہیں۔ انجمن کے چند سال قبل ممبر تھے درمیان میں ممبری چھوڑ دی اب پھر اکتوبر ۱۹۳۷ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب شمس العلماء مولانا سیّد ظفر حسن صاحب مراد آباد

(امروہہ)

حالاتِ زندگی جناب مولانا سیّد ظفر حسن صاحب کی ذات گرامی علمی دنیا میں محتاجِ تعارف نہیں ہے آپ کی علمی قابلیت۔ ذاکری اُردو (انشاء پردازی) سے سکہ کا اثر کر چکے ہیں۔ آپ ۱۹۰۳ء میں امروہہ میں پیدا ہوئے۔ عربی، فارسی اُردو کی تعلیم مقامی مدارس میں حاصل کی ۱۹۰۹ء میں مدرسہ نظامیہ لکھنؤ میں تشریف لے گئے۔ ۱۹۱۰ء میں الٰہ آباد یونیورسٹی کا امتحان دیا۔ ۱۹۱۱ء میں فاضل عربی زبان میں اور ۱۹۱۲ء میں منشی فاضل پاس کیا ۱۹۱۳ء میں انٹرنس کا امتحان زبان انگریزی میں پاس کیا۔ فی فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ محکمۂ تعلیم میں ۱۹۱۳ء سے بہترین خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اور اب آپ ۱۹۲۶ء سے پار کر ہائی اسکول مراد آباد میں سپرنٹنڈنٹ مولوی ہیں۔

قومی، ادبی، مذہبی خدمات آپ ایک باکمال شاعر ہیں اور جذبات انسانی و مناظر قدرت کی صحیح ترجمانی فرماتے ہیں۔ اُردو زبان کے لحاظ سے آپ بہترین ادیب ہیں۔ قابل فخر مصنف و مولف ہیں، اگر میں یہاں پر آپ کی تصانیف و تالیفات کثیرہ کے نام لکھوں تو ایک صفحہ زائد کی ضرورت ہوگی۔ آپنے متعدد کتب تصنیف فرمائی ہیں جن میں سے بعض کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ آپ کی تالیفات میں سے بہت سی کتب ایف۔ اے۔ انٹرنس۔ مڈل وغیرہ کے درجوں میں بطور نصاب داخل ہیں۔ آپنے اپنے قلم کے ذریعہ مذہب کی بھی زبردست اور عظیم الشان خدمت انجام دی ہے۔ آپ کی اُردو عبارت حد درجہ سلیس۔ شگفتہ اور عام فہم ہوتی ہے۔ مولانا کی تقریر و تحریر کے انتہائی پُرزور ہونے کا بہترین ثبوت یہ ہے کہ آپ کو مختلف انعامات ادبی خدمات کے صلہ میں ملے۔ سول نافرمانی کے خلاف آپ نے ایک رسالہ تحریر فرمایا اُس پر آپ کو مبلغ سو روپیہ کا انعام ملا۔ دوسرا انعام آپ کو شہنشاہ جارج پنجم کی سلور جوبلی کے موقع پر ملا۔ آپنے ایک نظم تہنیت تحریر فرمائی تھی جو تمام یوپی میں بہترین ثابت ہوئی۔ اُس پر گورنمنٹ نے سو روپیہ بطور انعام مرحمت فرمائے اور پرنسپل جارڈن

ایم۔ اے بالقابہ نے گراں قدر الفاظ میں مولانا کی تعریف فرمائی۔ آپ ہمارے مذہب کے بہترین واعظ، قابل فخر مقرر اور مایۂ ناز ذاکر ہیں آپ مجالس میں وہ عجیب وغریب نکات علمیہ بیان فرماتے ہیں کہ ہر طرف سے صدائے تحسین وآفرین بلند ہوتی ہے۔ آپ عقلی دلائل بہترین صورت میں پیش فرماتے ہیں۔ تقریباً سترہ سال سے آپ پٹیالہ میں عشرۂ محرم کے زمانہ میں خلیفہ سید حامد حسن صاحب کے عزاخانہ میں ذاکری فرماتے ہیں۔ مولانائے محترم ایک درد آشنا دل رکھتے ہیں امام المدارس ہائی اسکول کی مجلس منتظمہ کے ممبر ہیں اور اس کی فلاح وبہبود میں ہمیشہ شامل رہے ہیں۔

۱۹۳۷ء میں شیعیان مروہ نے شیعہ پبلک کو صنعت وحرفت کی طرف متوجہ کرنے کے لئے آپ کی تحریک پر ایک شیعہ آرٹ اسکول جاری کیا ہے۔ جو انہماک ودلچسپی آپ اس ادارہ کی طرف فرما رہے ہیں اُس سے مجھ کو اُمید ہے کہ یہ اسکول غریبوں اور مسکینوں کو باکار بنانے اور افراد کا سرمایہ پیدا کرنے میں بڑی مدد پہنچائے گا۔ آپ انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے ابتدائی دور میں بڑے ہمدرد رہے۔ لیکن چند سال سے سلسلہ ممبری منقطع ہو گیا تھا۔ اب آپ نے اس کی پھر تجدید فرمائی ہے۔ آپ میرے خاص کرم فرما ہیں۔ انجمن کو قوم کے لئے مفید اور بہترین خیال فرماتے ہیں۔

عالیجناب نوّاب سیّد حسن میرزا صاحب

(دہلی)

حالات زندگی آپ بانی انجمن نوّاب سیّد محسن میرزا صاحب مرحوم کے برادر معظم ہیں۔ آپکے خاندانی حالات صفحہ ۲۵ پر موجود ہیں آپ کی عمر اس وقت ۶۲ سال کی ہے انٹرنس پاس کرنے کے بعد حیدرآباد دکن تشریف لے گئے اور تقریباً ۲۳ سال تک مختلف شعبوں میں ملازمت کرنے کے بعد وطن مالوف واپس تشریف لے آئے۔

قومی خدمات آپ قومی امور میں خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ اور قومی جلسوں میں برابر شریک ہوتے ہیں۔

عزاداری امام مظلوم سے خاص انہماک ہے۔ قومی ومذہبی درد سے آپ کا دل لبریز ہے۔ آپ انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں اور انجمن کی بیحد قدر کرتے ہیں۔

عالیجناب سیّد محمد تقی میرزا صاحب۔ اے

(دہلی)

حالات زندگی آپ محسن قوم کے فرزند سعید ہیں۔ ابتدائی و اعلیٰ تعلیم دہلی میں ہوئی۔ عربک کالج دہلی سے بی۔ اے کرنے کے بعد ۱۹۳۶ء میں لاہور ٹریننگ کالج میں بی۔ ٹی میں داخل ہوئے ہیں

قومی خدمات کا بڑا ذوق وشوق ہے۔ اپنے والد مرحوم کی طرح درد آشنا دل رکھتے ہیں۔ انجمن محسنیہ کے بڑے سرگرم رکن ہیں اور آخر ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب نواب سیّد احسن میرزا صاحب
(دہلی)


حالات زندگی آپ نواب سیّد محسن میرزا صاحب کے چھوٹے بھائی ہیں۔ ابتدائی و اعلیٰ تعلیم دہلی میں ہوئی۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ دہلی میں ملازم ہوگئے۔ اپنے کام میں بڑے مستعد ہیں دہلی کی مقامی انجمنوں میں حصہ لیتے رہتے ہیں۔ پروونشل شیعہ کانفرنس کے بڑے سرگرم رکن ہیں اس کے ہر کام میں پیش پیش نظر آتے ہیں۔ امامیہ یتیم خانہ دہلی کے جائنٹ سکریٹری ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ۱۹۱۳ء سے ممبر ہیں۔ اپنا چندہ نہایت باقاعدہ طور پر روانہ فرماتے ہیں۔ قومی و مذہبی درد سے آپ کا دل لبریز ہے۔ بہت خوش اخلاق، و منکسر المزاج اور بڑے خوبیوں کے بزرگ ہیں مجھ کو نیاز حاصل ہے۔

عالیجناب سیّد غلام علمبردار صاحب پرائیویٹ سکریٹری صدر المہام صاحب بہادر
(حیدر آباد دکن)

حالات زندگی آپ اٹاوہ میں پیدا ہوئے آپکے والد بزرگوار مرحوم و مغفور اٹاوہ کے ایک معزز و مقتدر زمیندار تھے آپنے ابتدائی تعلیم اردو، فارسی و دنیویات وغیرہ گھر پر پرائیویٹ طور پر مختلف اساتذہ سے حاصل کی۔ زمانہ طفولیت ہی میں والد بزرگوار کے سایۂ عاطفت سے محروم ہوگئے اپنی خداداد ذہانت سے ترقی کی اور میونسپلبورڈ اٹاوہ کے انسپکٹر ہوگئے۔ اس کے بعد حیدر آباد دکن پہونچے وہاں پر استی روپیہ ماہوار سے ملازمت شروع ہوئی اور بتدریج ترقی کرکے رجسٹرار کے عہدہ پر پہونچے سر مہاراجہ کشن پرشاد بہادر صدر المہام حیدر آباد دکن کے پرائیویٹ سکریٹری منتخب ہوئے۔ بڑے محنتی اور جفاکش ہیں۔ مصر و یورپ وغیرہ کی سیاحت بھی فرما چکے ہیں۔ آپ دسمبر ۱۹۲۸ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔

عالیجناب حاجی سیّد مقبول حسین صاحب آنریری سکریٹری شیعہ یتیم خانہ
(دہلی)


حالات زندگی آپ زیدپور ضلع کرنال کے رئیس ہیں۔ آپ کی شادی دہلی میں میر زا محمد حسن صاحب مرحوم و مغفور کی صاحبزادی سے ہوئی اور آپنے دہلی ہی میں مستقل طور پر سکونت اختیار کر لی۔ آپ بڑے قومی کام کرنے والے بزرگ ہیں۔ آپ کی عمر اس وقت ستر سال کے قریب ہے۔ لیکن حبیب ابن مظاہر کی طرح ہر مذہبی کام میں پیش پیش رہتے ہیں۔ انجمن شیعۃ الصفا کے سکریٹری مالیات رہے۔ آل انڈیا



عالیجناب حاجی حبیب اللہ صاحب بالقابہ




عالیجناب غلام علی صاحب بالقابہ




عالیجناب خانصاحب محمد امیر میرزا صاحب بالقابہ



عالیجناب نواب حسن میرزا صاحب بالقابہ




عالیجناب سید باقر حسین صاحب باقاعہ




عالیجناب سید جعفر حسین صاحب باقاعہ



عالیجناب فضال حسین بیتاب باقاعہ



عالیجناب سید یاقوف الحسن صاحب باقاعہ



عالیجناب مظہر حسن صاحب باقاعہ

شیعہ کانفرنس دہلی کو کامیاب بنانے میں آپ بڑے ساعی رہے امامیہ یتیم خانہ دہلی کے آپ سرگرم رکن ہیں اور اُس کے روح رواں ہیں اور ہر وقت اُس کی فلاح و بہبود میں صرف فرماتے ہیں۔ انجمن کے جنوری ۱۹۳۳ء سے ممبر ہیں میرے خاص کرم فرما ہیں۔

عالیجناب آغا محمد امیر میرزا صاحب ایم۔اے۔ایل۔ایل۔بی وکیل

(دہلی)

حالات زندگی آپ کا وطن دہلی ہے ابتدائی و اعلیٰ تعلیمی مدارج سب دہلی میں پایۂ تکمیل کو پہونچے مشن کالج دہلی سے ایم۔اے کا امتحان پاس کرنے کے بعد ایل۔ایل۔بی کا امتحان پاس کیا اور دہلی میں پریکٹس شروع کی اور اگست ۱۹۳۶ء میں آپ کے والد بزرگوار کا اچانک انتقال ہوگیا اور آپ کو پیشہ وکالت ترک کرنا پڑا اور دوکان کا کاروبار سنبھالنا پڑا۔ آپ دہلی کی ہر قومی تحریک میں حصہ لیتے ہیں۔ انجمن شیعہ الصفی کے مشیر قانونی ہیں۔ شیعہ ینگ مینس ایسوسی ایشن کے کئی سال تک صدر رہے۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کو کامیاب بنانے میں بڑی مدد پہونچائی ہے۔ ستمبر ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید افضال حسین صاحب قیصر سب انسپکٹر پولیس کھیری

(چھولس ضلع بلند شہر)

حالات زندگی آپ ۲ دسمبر ۱۹۰۴ء کو بمقام چھولس ضلع بلند شہر پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار سید اقبال حسین صاحب محکمۂ پولیس میں سب انسپکٹر تھے اور تیس سال کی ملازمت کے بعد ریٹائر ہوئے۔ آپ کا چھولس کے معزز و مقتدر حضرات میں شمار ہوتا ہے آپ کے مورث اعلیٰ میر سید علی صاحب مرحوم شہر سبزوار ملک ایران کے باشندے تھے جو پندرھویں صدی عیسوی میں انقلاب وقت کی بدولت عازم ہندوستان ہوکر دربار دہلی میں وارد ہوئے جہاں لودھی خاندان برسر حکومت تھا۔ یہاں سے کچھ آراضی بطور جاگیر عنایت ہوئی جو دہلی سے تیس میل کے فاصلہ پر تھی۔ موصوف نے قصبہ آباد کیا وہ جارچہ کے نام سے موسوم ہوا۔ ابتداءً "چارچاہ" تھا۔ اس لئے کہ اس بستی میں چار بڑے بڑے کنویں تھے۔ لیکن امتداد زمانہ کے ساتھ ساتھ یہ "جارچہ" کہلایا جانے لگا۔ میر سید علی صاحب نے آخر عمر میں جارچہ سے ترک سکونت کرکے چھولس کے نام سے دو میل کے فاصلہ پر ایک دوسری بستی آباد کی۔

آپ کی تعلیم انگریزی اینگلو عربک کالج دہلی۔ گورنمنٹ ہائی اسکول علی گڑھ اور مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ہوئی۔ اپریل ۱۹۲۳ء میں امتحان انٹرنس پاس کیا۔ دسمبر ۱۹۲۶ء میں پولیس ٹریننگ اسکول مراد آباد سے سب انسپکٹری کا امتحان پاس کیا۔ ۹ ستمبر ۱۹۲۶ء کو بحیثیت سب انسپکٹر بریلی میں تعینات ہوئے۔ اگست ۱۹۳۲ء میں کھیری لکھیم پور میں تبادلہ ہوا۔ آپ کو شعر و شاعری سے بھی بہت شوق ہے۔ قیصر تخلص کرتے ہیں۔ تصانیف میں تین ناول ہیں۔ قومی درد دل میں رکھتے ہیں۔ انجمن کے اواخر ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد معزز حسین صاحب نقوی ایم۔اے ایل ایل۔بی علیگ

(امروہہ)

حالات زندگی آپ ۲۰ نومبر ۱۹۰۶ء کو بمقام امروہہ پیدا ہوئے آپ خاندان سادات بگلہ کے معزز ممبر ہیں آپکے دادا سیّد محمد باقر صاحب امروہہ کے ممتاز رؤسا میں تھے اور بانیان امام المدارس میں سے تھے اُردو، فارسی اور فن کتابت (خوش نویسی) کی تعلیم استاد فن سیّد محسن حسین صاحب سخی امروہوی سے حاصل کرنے کے بعد ۱۹۱۶ء میں امام المدارس امروہہ میں داخل ہوئے اور ۱۹۲۲ء میں ہائی اسکول اسکالرشپ کے مقابلہ کے امتحان میں کامیاب ہوئے اور ۱۹۲۴ء میں ہائی اسکول کا امتحان پاس کیا۔ کچھ عرصہ شیعہ کالج لکھنؤ و میرٹھ کالج میں تعلیم پاکر ۱۹۲۶ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں داخل ہوئے علی گڑھ یونیورسٹی میں مسلم یونیورسٹی یونین میں خاص طور سے نمایاں حصّہ لیا اور مقابلہ کے ڈبیٹ میں میڈل حاصل کیا۔ سلطانیہ ہٹاریکل سوسائٹی کے سکریٹری منتخب ہوئے ۱۹۲۹ء و ۱۹۳۰ء میں ایم۔ اے اور لا کا امتحان پاس کیا اور امروہہ میں وکالت کرتے ہیں

قومی خدمات آپ قومی معاملات میں کافی حصّہ لیتے ہیں امروہہ کی مشہور و یادگار انجمن اصلاح معاشرت کے بانیان میں ہونے کے علاوہ ۱۹۲۵ء سے اس کے پرجوش ممبر ہیں۔ اور انجمن بہت کچھ آپ کی کوششوں کی مرہون منّت ہے۔ امسال یعنی ۱۹۳۷ء میں آپ ہر دلعزیزی کے باعث اسی انجمن کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہوئے ہیں اور ایسا زبردست اور کامیاب خطبۂ صدارت ارشاد فرمایا کہ ہر طبقہ میں پسندیدگی سے دیکھا جارہا ہے اور آپکے دور صدارت میں بہت سے وہ حضرات جو انجمن سے بعض امور میں گونہ اختلاف رکھتے تھے اختلاف کو نظر انداز کرکے انجمن کی رُکنیت سے مشرف ہو چکے ہیں۔

۱۹۳۲ء میں آپ مٹن شوہہ لائبریری کے سکریٹری رہ چکے ہیں اور ۱۹۲۸ء سے آپ آئی۔ ایم ہائی اسکول امروہہ کی مجلس منتظمہ کے ممبر ہیں اور منجملان ممبران کے ہیں جنکی وجہ سے اسکول ہائی اسکول ہوسکا اور نئی عمارت تعمیر ہوسکی۔ مدرسہ کے لئے چندہ جمع کرنے میں خاص کوشش کی اور اس سلسلہ میں آپکو مسعود کی ہمدردی حاصل کی۔ آپ امام المدارس اولڈ بوائیز ایسوسی ایشن کے بانیان سے ہیں اور اس کے صدر بھی ہیں۔

امام المدارس کی بلڈنگ فنڈ کے سکریٹری بھی رہ چکے ہیں تحریک تعلیم نسواں کے آپ زبردست حامی ہیں اور آل احمد گرلس اسکول امروہہ کے مخصوص بانیوں میں ہیں۔ اس کے علاوہ اس کے جوائنٹ سکریٹری بھی ہیں۔ بڑے جوشیلے نوجوان صالح ہیں۔

تحریک تعلیم نسواں کو قوم شیعہ میں مقبول بنانے کے لئے آپنے مضامین لکھے ہیں اور تقریریں کی ہیں، اور آپ کی کوششوں کی یہ تحریک بہت کچھ مرہون منت ہے، قومی امور میں خاصا انہماک ہے۔

آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی مرکزی کمیٹی کے بھی آپ ممبر ہیں آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے سالانہ جلسوں میں خاص حصّہ لیتے ہیں۔ آپ دسمبر ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور انجمن سے خاص ہمدردی ہے۔ میرے کرمفرما ہیں۔ امروہہ میں بہت ہر دل عزیز اور مقبول وکیل ہیں۔

عالیجناب سیّد جعفر حسن صاحب سونی پتی

(دہلی)

حالات زندگی آپکے والد بزرگوار منشی میر سید حسن صاحب سونی پتی ضلع رہتک کے معززین میں سے تھے۔ آپ کا سلسلۂ نسب امام زین العابدینؑ

تک پہونچتا ہے۔ مورث اعلیٰ قاضی نصراللہ الادیب نیشاپور سے سلطانہ رضیہ کے انالیق مقرر ہوکر ہندوستان تشریف لائے اور قاضی القضاۃ ہوئے۔ آپ ۱۸۹۴ء میں بمقام سونی پت پیدا ہوئے۔ ابتداہی سے ذہین اور محنتی تھے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم اُردو، کلام مجید وغیرہ گھر پر ہوئی۔ اس کے بعد انگریزی تعلیم حاصل کی۔

فارغ التحصیل ہوکر گورنمنٹ آف انڈیا کے محکمہ پی۔ ڈبلو۔ ڈی کے دفتر میں ملازم ہوگئے اور اب ہیڈ ڈرافس مین کے عہدہ پر مامور ہیں نہایت شریف اور خلیق ہیں۔ فی الوسع ہر قومی کام میں کم وبیش امداد فرماتے ہیں۔ انجمن کے دسمبر ۱۹۳۳ء سے ممبر ہیں اور اس سے ہمدردی رکھتے ہیں۔ مجھ کو آپ سے نیاز حاصل ہے۔

عالیجناب سیّد باقر حسین صاحب سونی پتی

(دہلی)

حالات زندگی آپکے والد میر سیّد حسن صاحب مرحوم سونی پت کے اکابرین میں سے تھے۔ سیّد باقر حسین صاحب کی ولادت ۱۸۹۴ء میں بالائے قلعہ سونی پت میں ہوئی۔ انٹرنس پاس کرنے کے بعد ڈی۔ اے جی او فس میں بطور کلرک ملازم ہوئے لیکن اپنی خداداد ذکاوت، محنت، اور جفاکشی سے امتحان ایس۔ اے۔ ایس شاندار حیثیت سے پاس کیا۔ اب آپ تین سو روپیہ ماہوار پر اسی دفتر میں سپرنٹنڈنٹ کے عہدہ پر مامور ہیں۔ ایران کی سیاحت بھی فرما چکے ہیں۔ مقامات عتبات عالیہ کی زیارت سے مشرف ہو چکے ہیں ہر قومی کام میں دلچسپی لیتے ہیں۔ عزاداریٔ امام مظلومؑ کے شیدائی ہیں۔ بڑی خوبیوں کے بزرگ ہیں۔ مجھ کو ذاتی نیاز حاصل ہے آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے دسمبر ۱۹۳۳ء سے باقاعدہ ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد ریاض احسن صاحب سونی پتی

(دہلی)

حالات زندگی آپ ۱۹۰۰ء میں بمقام سونی پت پیدا ہوئے۔ آپ ۶ سال کی عمر میں اپنے والد بزرگوار میر سیّد حسن صاحب کے سایۂ عاطفت سے محروم ہوگئے تھے۔ آپ کی تمام ابتدائی و اعلیٰ تعلیم شفیق برادران کی مرہون منت ہے۔ آپ انٹرنس پاس کرنے کے بعد ڈی۔ اے۔ جی او فس میں ملازم ہوگئے۔ اور اپنے کام کو بطریق احسن انجام دے رہے ہیں۔ قومی امور میں خاص دلچسپی وانہماک فرماتے ہیں۔

اپنے احباب میں بڑے ہر دل عزیز اور محبوب ہیں۔ نہایت خوش اخلاق اور منکسر المزاج ہیں۔ آپ اوائل ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات ومومنین کے ممبر ہیں

سفارش کنندہ کا فرض ہے کہ وہ اپنی سعی و کوشش سے وظیفہ واپس دلائے

عالیجناب مولوی سیّد محمد عبادت صاحب امام جمعہ وجماعت


(امروہہ)

حالات زندگی آپ، ۲۰ صفر ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۷ فروری ۱۹۱۱ء کو امروہہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے جد اعلیٰ مولانا سیّد محمد عبادت صاحب مرحوم ایک جید شیعہ عالم تھے جنھوں نے سرزمین امروہہ میں نماز باجماعت پڑھائی۔ مرحوم کے بعد یہ سلسلۂ امامت جمعہ وجماعت آپ ہی کے خاندان میں رہا۔ ابتدائی تعلیم نورالمدارس سے شروع ہوئی۔ ۱۹۲۰ء میں والد بزرگوار مولوی سیّد اولاد حسین صاحب کے سایۂ عاطفت سے محروم ہوگئے۔ ۱۹۲۱ء مولوی سیّد یوسف حسین صاحب مرحوم نے منصبیہ کالج میرٹھ میں داخل کرا دیا۔ تین سال کے بعد امروہہ میں حاجی مولوی سیّد وصی حسین صاحب کے درس میں شرکت کی۔ مدتوں فلسفہ۔ کلام۔ ادب۔ صرف۔ نحو وغیرہ حاجی صاحب سے حاصل کئے۔ ۱۹۲۹ء میں فقہ واصول کی تحصیل کے لئے لکھنؤ تشریف لے گئے۔ اور مفتی سیّد احمد علی صاحب قبلہ کے درس میں شریک ہوگئے۔ ۱۹۳۳ء میں وطن تشریف لائے اور اسی سال سے جامع مسجد امروہہ کی امامت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ نورالمدارس میں صدر مدرس ہیں۔ اپنے کام کو بڑی خوبی سے انجام دے رہے ہیں۔ ذاکر امام مظلومؑ بھی ہیں۔ عام فہم عبارت میں درد انگیز بیان فرماتے ہیں بڑے خوش اخلاق اور منکسر المزاج ہیں۔ اواخر ۱۹۳۸ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب آغا برکت حسین خاں صاحب قزلباش

(امروہہ)


اجداد کا حال آغا برکت حسین صاحب سادات رضوی مشہد مقدس سے ہیں۔ آپ کے ایک جد بزرگوار میر محمد علی صاحب کلید بردار روضۂ رضوی مشہد مقدس تھے۔ ان کے پوتے مقرب الخاقان میر ابوالحسن خاں صاحب مرحوم نے بعہد تیمور شاہ ابن شاہ ابدالی کابل کو ہجرت فرمائی۔ شہزادہ شجاع الملک ابن تیمور شاہ کی ملازمت اختیار فرمائی اور شاہ شجاع الملک کے زمانۂ حکومت میں میر ابوالحسن صاحب مرحوم صندوق دار کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ آپ قزلباشوں کے سردار بھی ہوئے اور بعد کو وزیر وگورنر پشاور ہوئے اور ۱۸۰۹ء میں سفیران انگریزی کی مہمانداری آپ کی سپرد ہوئی۔ جس وقت شاہ شجاع الملک لاہور میں رنجیت سنگھ کے پنجہ میں گرفتار تھے تو اس مصیبت سے نجات میر ابوالحسن صاحب مرحوم اور آپ کے بھائی میر ابوطالب خاں کے ذریعہ سے ہوئی اور شہر لدھیانہ میں سرکار انگریزی کی پناہ حاصل کی۔ شاہ جنت مکان نے اس داستان درد انگیز کی مفصل کیفیت اپنی تزک میں درج فرمائی اور میر ابوالحسن صاحب کی خدمات زریں کا اعتراف شاندار الفاظ میں فرمایا ہے۔ آپ کے کارہائے نمایاں کا ذکر جگہ جگہ پر فرمایا ہے۔ شہر لدھیانہ سے سرکار انگریزی کی معاونت سے ۱۸۳۸ء میں شاہ ممدوح نے کابل پر فوج کشی فرمائی۔ دوبارہ تخت پر متمکن ہوئے اور ۱۸۴۲ء میں قتل ہوئے اور اس انقلاب عظیم کے بعد میر ابوالحسن مرحوم لدھیانہ واپس آگئے۔ اور یہیں انتقال فرمایا۔ اور اولاد شاہ شجاع الملک وشاہ زماں نے بھی مستقل سکونت لدھیانہ ہی میں اختیار فرمائی۔



عالیجناب مولوی سید محمد بہادر صاحب




عالیجناب نواب عقیل جنگ بہادر صاحب بالقابہ



عالیجناب مولوی سید محمد جعفر صاحب بالقابہ



عالیجناب آغا سید برکت حسین خاں صاحب بالقابہ



عالیجناب مرزا مہدی علی خاں صاحب لکھنوی



عالیجناب نواب برادر حسن صاحب اناوی



عالیجناب علی نواب صاحب بانڈہ



عزیزہ عابدہ بیگم صاحبہ مرحومہ

میر ابوالحسن صاحب مرحوم کی متعدد اولادتھیں مگر صرف پسر اکبر سید حسن خاں صاحب مرحوم سے ہی آپ کی نسل باقی ہے۔ یہ بھی نامی وگرامی سرداران عہد شاہ شجاع الملک سے تھے۔ آپ نے چار لڑکے تین لڑکیاں چھوڑیں لیکن اب آپکے صرف دو صاحب زادے میر محمود خاں صاحب مرحوم و میر محمد ہاشم خاں صاحب مرحوم سے اولاد باقی ہے۔ میر محمود خاں صاحب مرحوم پہلی بار ڈکلکٹو میں ۱۸۸۸ء میں قتل ہوئے۔ ان سے صرف ایک پسر آغا میر شجاعت علی خاں صاحب مرحوم تھے۔ پرورش ان کے چچا صاحب سردار میر محمد ہاشم صاحب رسالدار میجر سردار بہادر جاگیردار کھیم پور کھیری و رتیں ستیا پور کی ظل عاطفت میں ہوئی۔ جوان ہونے پر آپ کی شادی آپ کے چچا صاحب کی صاحبزادی سے ہوگئی۔ شادی کے دو تین سال بعد ہی والد مرحوم اپنے حقیقی ماموں آنریری کیپٹن سردار محمد حسین خاں صاحب مرحوم قزلباش رسالدار میجر سردار بہادر کے پاس امروہہ آگئے یہاں آپکے ماموں کی لڑکی کے ساتھ آپ کی شادی ہوئی جن کے بطن سے آغا برکت حسین خاں صاحب پیدا ہوئے۔ سردار میر محمد ہاشم خاں صاحب مرحوم کی اولاد سول لائن ستیا پور میں آباد ہے۔ آپکے فرزند آغا میر ابوتراب صاحب مرحوم جائنٹ مجسٹریٹ یو۔پی میں تھے جن کے فرزند اکبر خان بہادر آغا ابوالقاسم صاحب ایس۔پی ہیں اور فرزند اصغر سید احمد رضا صاحب سابق آنریری مجسٹریٹ ستیا پور میں ہیں۔ آپکے نصف اعزا ستیا پور میں ہیں اور نصف امروہہ میں ہیں اور دیگر اعزہ لدھیانہ لاہور وغیرہ میں بھی ہیں۔

حالات زندگی آپ امروہہ محلہ قاضی زادہ میں ۲ر صفر المظفر ۱۳۰۸ھ بروز چہارشنبہ پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم فارسی، اردو، دینیات وغیرہ گھر پر ہوئی۔ اس کے بعد انگریزی گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ میں پڑھی۔ ابتدائی عمر سے ہی مذہبی کتب کی طرف دلچسپی رہی ہے چنانچہ بیس بائیس سال کی عمر میں ایک رسالہ "اخلاق المعصومین" الیف کیا۔ جو رسالہ اصلاح کھجوہ۔ والبرہان وغیرہ میں شائع ہوکر بہت مقبول ہوا اور افراد قوم کے اصرار پر اس کو کتابی صورت میں طبع کیا اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگیا۔ اس رسالہ کے متعلق قومی جرائد و رسائل نے بہترین ریویو لکھے اس کے علاوہ متعدد مضامین "اسلامی خدا"، "اسلامی رسول" "تاریخ القرآن"، وغیرہ لکھے۔ جو مذہبی رسالوں میں شائع ہوکر بنظر استحسان دیکھے گئے۔

بڑے زندہ دل اور خلیق واقع ہوئے ہیں۔ دسمبر ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ آپ کے دو فرزند آغا محمد ہاشم اور آغا محمد کاظم امام المدارس ہائی اسکول امروہہ میں تعلیم پا رہے ہیں۔

عالیجناب محمد ابوالحسنین صاحب ناطق صدیقی بدایوں

(نوگانواں)

حالات زندگی آپ ۹ر ستمبر ۱۹۰۹ء کو ریاست رامپور میں پیدا ہوئے۔ آپ کا وطن بدایوں ہے۔ آپ مولوی اکرام عالم صاحب وکیل کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کے اعزہ بڑے بڑے عہدوں پر سرفراز ہیں۔ آپ کی ابتدائی تعلیم ریاست رامپور میں ہوئی۔ جہاں آپ کے والد بزرگوار مولوی غلام حسنین صاحب ملازم تھے۔ آپ شاعر بھی ہیں اور ناطق تخلص فرماتے ہیں آج کل آپ نوگانوہ سادات ضلع مراد آباد میں پوسٹ ماسٹر ہیں۔ ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں آپ کو انجمن مذکور سے بڑی دلچسپی اور ہمدردی ہے اور آپ حتی الامکان اس کی توسیع میں بھی سعی فرماتے ہیں۔

عالیجناب نواب عقیل جنگ بہادر صاحب

(حیدرآباد دکن)

حالات زندگی آپکے والد بزرگوار نواب عماد الملک بہادر مرحوم کا نام شیعی دنیا میں محتاج تعارف نہیں ہے۔ آپ کی ولادت قصبۂ بلگرام میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم و تربیت اپنے شفیق باپ کی آغوش عاطفت میں پائی اس کی تکمیل کے بعد مدرسہ عالیہ اورنظام کالج حیدرآباد میں تعلیم حاصل کی فارغ التحصیل ہونے کے بعد سلک ملازمت میں داخل ہوئے اور ترقی کے مدارج طے کرتے ہوئے منصب جلیلہ پر فائز ہوئے اور اب صدر المہام فوج کے جلیل القدر عہدہ پر بطریق احسن خدمات انجام دے رہے ہیں۔ آپ کی شادی آنولہ کے ممتاز سادات خاندان سید علی حسن صاحب کی صاحبزادی سے ہوئی۔ نواب عقیل جنگ بہادر صاحب بڑے مومن و دیندار ہیں۔ غربا کی امداد کرتے رہتے ہیں۔ زیارت عتبات عالیات سے بھی مشرف ہو چکے ہیں اوصاف حمیدہ اور اخلاق پسندیدہ کے حامل ہیں۔ طبیعت میں غرور و تمکنت بالکل نہیں ہے۔ ہر شخص سے بڑے اخلاق سے پیش آتے ہیں مئی ۱۹۳۱ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب مولوی سید محمد جعفر صاحب جعفری گورنمنٹ ہائی اسکول الموڑہ

(امروہہ)

حالات زندگی آپ کے والد سید سعید حسن صاحب محلہ دانشمندان کے معززین میں سے ہیں۔ آپ کی ابتدائی و اعلیٰ تعلیم امروہہ میں ہوئی کچھ عرصہ تک رامپور میں بھی تعلیم پائی۔ فارسی و عربی کے امتحانات پاس کرنے کے بعد تعلیم یو۔ پی میں مدرس فارسی و اردو وغیرہ مقرر ہوگئے۔ فوجی تعلیم سے آپ کو خاص دلچسپی ہے۔ فوجی ٹریننگ بھی حاصل کی ٹینس کرکٹ فٹ بال وغیرہ میں خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ آج کل آپ الموڑہ گورنمنٹ ہائی اسکول میں ہیں۔ انجمن کے ہمدرد ہیں اور مارچ ۱۹۳۳ء سے ممبر ہیں۔ بڑے زندہ دل ہیں۔

عالیجناب سید مظہر نقی صاحب جارچوی سرکل انسپکٹر سی۔ پی

(جارچہ)

حالات زندگی آپکے والد بزرگوار ڈاکٹر مہدی حسن صاحب جارچہ کے معززین میں سے تھے اور بڑے ہر دلعزیز اور مرد مومن تھے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم جارچہ میں ہوئی۔ اس کے بعد انگریزی تعلیم اینگلو عربک کالج دہلی میں حاصل کی انٹرنس کے بعد محکمۂ پولیس میں ملازم ہوگئے اور اپنے کام کو بڑی خوبی اور محنت سے انجام دیا اور سرکل انسپکٹر مقرر ہوگئے آپ کی شادی لکھنؤ میں ہوئی اس لئے آپنے ایک مکان لکھنؤ اشرف آباد میں خرید فرمالیا ہے اور مستقل طور پر سکونت لکھنؤ میں اختیار فرمائی ہے ہمدرد قوم ہیں شیعہ کانفرنس کی مرکزی کمیٹی کے ممبر ہیں۔ انجمن کے ۱۹۳۳ء سے ممبر ہیں

عالیجناب مولانا سیّد علی نقی صاحب صفی

(لکھنؤ)

حالات زندگی | دنیائے شاعری میں کون شخص ایسا ہوگا جو حضرت صفی لکھنوی سے واقف نہ ہو۔ آپکے والد بزرگوار سیّد فضل حسین صاحب مرحوم آخری تاجدار اودھ سلطان عالم کے بھائی شاہزادہ میرزا سلیمان قدر بہادر کے معتمد تھے۔ آپ زیدی سیّد ہیں۔ یعنی حضرت زید شہید کی اولاد سے ہیں جیسا کہ انھوں نے خود فرمایا ہے ؎

دل سے قریب گو کہ بظاہر بعید ہیں
ہم بھی چراغ مشہد زید الشہید ہیں

مولانا صفی کے مورث اعلیٰ شاہ مبارک غزنی سے آکر دہلی میں مقیم ہوئے پھر سیّد جلال مرحوم نے پنجاب کی سرحد پر قصبہ پنگوڑہ کو آباد کیا۔ اور حالات گردی کے زمانہ میں جانوں کے تشدّد و تظلّم سے تنگ آکر اودھ میں آبسے مولانا صفی قبلہ ۳ر جنوری ۱۸۶۲ء مطابق یکم رجب ۱۲۷۸ھ کو لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ مولوی نجم الدین صاحب کاکوروی سے درسیات فارسی اور شیخ حافظ علی صاحب بلہیروی سے درسیات عربی حاصل کئے نیز اپنے خسر مولانا مولوی سیّد احمد علی صاحب قبلہ مرحوم سے اور اپنے عم بزرگ سیّد حسین صاحب مرحوم سے طبیب حاذق۔ فاضل جید، صاحب اجازہ۔ عالم باعمل اور شہزادہ سلیمان قدر کے اتالیق تھے۔ معقولات و منقولات کا استفادہ کیا۔ فن طب اپنے عزیز اور مشہور حکیم سیّد باقر حسین صاحب مرحوم سے حاصل کیا۔ امین آباد نائٹ اسکول اور کرسٹنگ کالجیٹ اسکول لکھنؤ میں نظر نس تک انگریزی تعلیم حاصل کی ۱۸۷۹ء میں تعلیمی سلسلہ منقطع ہونے پر لال اسکول لکھنؤ میں انگریزی کے معلم مقرر ہوئے۔ پھر سرکاری ملازمت میں داخل ہوئے اور محکمۂ دیوانی میں مختلف عہدوں پر سلطانپور، رائے بریلی وغیرہ رہے بالآخر ۱۹۲۳ء میں جج خفیفہ لکھنؤ کے عہدۂ سرشتہ داری سے پنشن لی۔

مولانا صفی قبلہ کو اوائل عمری سے شاعری کا شوق تھا۔ فن ادب اور عروض کی کتابوں کا بھی خود مطالعہ کرتے رہے اور اس لئے فن شاعری میں کسی اُستاد کے مرہون منت ہوئے بغیر کمال حاصل کیا۔ مولانا کو شیعہ کانفرنس سے بحبوبیت و عشق ہے وہ "لخت جگر" کے مطالعہ سے معلوم ہوسکتا ہے۔ شیعہ کانفرنس کا کوئی اجلاس ایسا ہوگا جس میں آپنے اپنی درد انگیز نظم نہ پڑھی ہو۔ قوم کی اصلاح و بہبود کے لئے آپ کی ہزاروں نظمیں شائع ہوچکی ہیں۔ اسی وجہ سے آپ کو قوم نے "لسان القوم" کا خطاب دیا ہے۔ قومیت میں جو روح تازہ آپکے "لخت جگر" نے پھونکی ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔

آپ موجودہ زمانہ کے ایسے مسلّم الثبوت اُستاد ہیں کہ نہ صرف لکھنؤ بلکہ ہندوستان اور بیرون ہند میں ان کے ادبی کارنامے مشہور ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ہمدرد ہیں۔ سادہ مزاج اور خلیق ہیں۔

اور جب میں عالی جناب راجہ صاحب محمود آباد بالقابہ کی خدمت میں لکھنؤ حاضر ہوا تو آپ نے میری درخواست پر انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی ممبری قبول فرمائی۔

آپ نے "سلور جوبلی" نمبر کے متعلق دو بند "لخت جگر" میں شیعہ کانفرنس منعقدہ لکھنؤ کے موقع پر تصنیف فرمائے جو درج ذیل ہیں ؎

ایک دارہ اور ہی جاری ہے جس کا فیض عام
جس کی "سلور جوبلی" کا ہو رہا ہے انتظام
جس کا ہے سادات تعلیمی وظیفہ فنڈ نام
مدتوں سے در حقیقت کر رہا ہے خوب کام
سوکھ جاتے ورنہ صدہا باغ ملت کے شجر
جنکی نرمت ہے اسی کی آبیاری کا ثمر

جانے دیجئے بزم شوریٰ کو اسی کو دیکھئے
ہے اگر احساس دل پہلو میں کچھ تو دیکھئے
جبر کر کے دلپہ ممکن جس طرح ہو دیکھئے
کم سے کم قومی ادائے ایک یا دو دیکھئے
رائے قائم کیجئے کیوں اپنی بے دیکھے ہوئے
ورنہ جائیں گے یہی اہل نظر کہتے ہوئے

عالیجناب سیّد علی نوّاب صاحب رضوی ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی ہیڈ ماسٹر دربار ہائی اسکول رتلام (لکھنؤ)

حالات زندگی آپ کی ابتدائی تعلیم عربی و فارسی گھر پر ہوئی۔ لکھنؤ یونیورسٹی سے عربی میں ایم۔ اے کیا۔ اس کے بعد ۱۹۳۴ء میں علی گڑھ میں ٹریننگ کالج میں داخل ہوئے۔ بی۔ ٹی پاس کرنے کے بعد رتلام میں ہیڈ ماسٹر ہیں۔ ذاکری میں خاص ملکہ رکھتے ہیں۔ بڑی درد انگیز مجالس پڑھتے ہیں کچھ عرصہ تک اسلامیہ ہائی اسکول بریلی میں عربی ٹیچر رہے کئی سال تک انجمن سے وظیفہ لیا جس کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔ دسمبر ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سیّد ابرار حسین صاحب معلّم شیعہ دینیات مسلم ہائی اسکول انبالہ

حالات زندگی مولوی سیّد ابرار حسین صاحب نے ابتدائی تعلیم اُردو، فارسی و عربی گھر پر حاصل کی۔ اس کے بعد مدرسہ میں داخل ہوگئے اور نمایاں طلباء میں آپ کا شمار ہونے لگا۔ تعلیم کا شوق لکھنؤ لے گیا اور وہاں سے ممتاز الافاضل وغیرہ امتحانات پاس کئے اور اب آپ مسلم ہائی اسکول انبالہ میں معلّم شیعہ دینیات ہیں اور بورڈنگ ہاؤس کے وارڈن ہیں۔ میرے پنجاب کے دورہ میں آپ سے مجھ کو مدد ملی۔ بڑے جوشیلے اور ہمدرد قوم ہیں۔ قومی امور میں دلچسپی سے حصّہ لیتے ہیں۔ انبالہ میں خاص طور پر ہر دلعزیز ہیں۔ جون ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں اس سے پیشتر بھی ممبر رہ چکے ہیں لیکن درمیان میں سلسلۂ ممبری منقطع ہو گیا تھا آپ نے پھر تجدید فرما دی ہے۔

عزیزہ عابدہ بیگم صاحبہ مرحومہ دختر سیّد حسن صاحب بلتستانی شملہ

حالات زندگی عابدہ مرحومہ سیّد حسن صاحب بلتستانی کی صاحبزادی تھیں آپ کو اس بچی سے بڑی محبت تھی یہ بچی مقامی اسکول میں پڑھ رہی تھی کہ یکایک علیل ہوئی اور آٹھ سال کی عمر میں اپنے عزیز و اقارب و ماں باپ کو روتا چھوڑ کر داغ مفارقت دے گئی خدا مرحومہ کو غریق رحمت کرے۔ سیّد حسن صاحب نے اس بچی کی یاد تازہ رکھنے کے لئے انجمن کا ممبر بنا دیا ہے۔


عالیجناب سیّد عتیق حسن صاحب شرف آرٹسٹ امروہہ

حالات زندگی آپ ۱۹۰۳ء میں پیدا ہوئے۔ تعلیم فارسی، اُردو دینیات وغیرہ گھر پر حاصل کی اس کے بعد انگریزی بقدر ضرورت پڑھی۔ ۱۹۲۳ء میں محکمہ دیسی نیشن میں ملازمت کی۔ لیکن ۱۹۲۸ء میں استعفیٰ دے کر بمبئی تشریف لے گئے وہاں پر اسکول آف آرٹس میں فوٹوگرافی و پینٹنگ کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۳۳ء میں ڈرامیٹنگ ماسٹری پاس کی۔ شاعری سے بھی دلچسپی ہے۔ شرف تخلص کرتے ہیں۔ اپریل ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات کے ممبر ہیں۔ مرثیہ خوانی میں حصّہ لیتے ہیں۔

اس سال آپ ایک ممبر تو ضرور مرحمت فرمائیں



عالیجناب سید یوسف حسین صاحب قزلباش




عالیجناب ابوالفارق محمد عسکری صاحب بالقابہ




عالیجناب عشق حسن صاحب بالقابہ



عالیجناب محمد تقی صاحب بالقابہ



عالیجناب سید محمد حسن صاحب مرحوم بالقاب



عالیجناب سید قائم رضا صاحب سلمہ بالقاب



عالیجناب احمد نواب صاحب بالقاب



عالیجناب حسن رضا صاحب بالقاب

عالیجناب سیّد محمد تقی صاحب بی۔ اے ایل۔ ٹی ہیڈ ماسٹر امام المدارس ہائی اسکول

(امروہہ)

حالات زندگی آپ سنہ ۱۹۰۰ء میں امروہہ محلہ بگلہ میں پیدا ہوئے آپکی ابتدائی تعلیم اُردو۔ دینیات وغیرہ آپ کے والد بزرگوار سیّد مہاجر حسین صاحب کے زیر نگرانی ہوئی۔ اس کے بعد آپنے امام المدارس اسکول سے درجہ ہفتم پاس کرنے کے بعد گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ سے سنہ ۱۹۱۸ء میں انٹرنس پاس کیا۔ سنہ ۱۹۲۰ء میں آگرہ کالج سے انٹرمیڈیٹ پاس کیا۔ امتحان انٹر سے پاس کرنے کے بعد بوجہ علالت تعلیمی سلسلہ منقطع ہوگیا۔ اور پھر سنہ ۱۹۲۳ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔ سنہ ۱۹۲۶ء میں ایل ٹی کا ڈپلومہ حاصل کیا۔ زمانۂ طالب علمی میں آپ اپنے ہمعصروں میں بڑی ممتاز حیثیت اور نمایاں درجہ رکھتے تھے کرکیٹ اور ٹینس کے بہترین پلیر تھے کرکیٹ اور ٹینس سے ابھی تک دلچسپی موجود ہے۔ محلہ بگلہ میں آپ کا خاندان معززین شہر میں شمار ہوتا ہے۔

قومی خدمات وغیرہ بی۔ اے پاس کرنے کے بعد امام المدارس میں (جس کا سنگ بنیاد سنہ ۱۹۰۱ء میں شمس العلما مولوی سیّد نجم الحسن صاحب قبلہ مجتہد العصر نے رکھا تھا) ہیڈ ماسٹر ہوگئے۔ یہ اسکول مڈل اسکول تھا آپنے اپنی محنت و تجربہ تعلیم سے اسکول کو پبلک کی نظروں میں وقیع بنا دیا اور اپنے مذہبی جذبہ کے ماتحت مشیعہ طلبا کی تعلیم دینیات کے ساتھ سنّی طلبا کے لئے بھی تعلیم دینیات کا انتظام فرما دیا۔

آپ کے زمانہ ہیڈ ماسٹری میں ہز ایکسی لنسی سابق گورنر یوپی۔ اور سر سید راضا علی صاحب بہادر بالقابہ اور ڈاکٹر میکنزی وغیرہ اسکول میں تشریف لائے۔ آل احمد گرلز سکول کی مجلس منتظمہ کے ممبر ہیں۔ انجمن اصلاح معاشرہ کے صدر اوّل رہ چکے ہیں۔ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس سے ہمدردی رکھتے ہیں اور اس کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت فرماتے ہیں۔ اسکول کے طلبا میں بڑے ہر دلعزیز ہیں۔ آپ بڑے خلیق اور متواضع واقع ہوئے ہیں اور اساتذہ اسکول کے ساتھ بھی آپ کے تعلقات نہایت خوش گوار ہیں۔ شہر میں اپنی نیک نفسی اور اخلاق کے لئے مشہور ہیں۔

قومی امور میں حتی الامکان حصّہ لینے سے دریغ نہیں فرماتے ہیں دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔ بڑے محتاط اور دور اندیش ہیں۔

عالیجناب سیّد یوسف حسین صاحب انسپکٹر پولیس سنشیر جارچہ ضلع بلند شہر

حالات زندگی آپ کی ابتدائی تعلیم اُردو۔ فارسی۔ عربی وغیرہ جارچہ میں آپ کے والد بزرگوار سید افضل حسین صاحب کے پاس ہوئی پھر کوٹہ تشریف لیگئے۔ اور محکمہ پولیس میں ملازمت کی اپنے فرائض منصبی کو بطریق احسن انجام دیا۔ اور بہت جلد پولیس انسپکٹر ہوگئے نیچے اندور۔ گوالیار۔ رتلام وغیرہ میں کارہائے نمایاں کئے اور اس کے صلہ میں برٹش گورنمنٹ سے تمغہ جات اور اسناد حاصل کیں، دربار سنہ ۱۹۱۱ء میں آپنے بڑی زبردست خدمات انجام دیں اور انعام حاصل کیا۔ تیس سال کی ملازمت کے بعد پنشن لے کر اپنے وطن مالوف جارچہ ضلع بلند شہر میں سکونت پذیر ہیں آپ نے جارچہ میں ایک بہت وسیع باغ لگایا ہے جو گرد و نواح میں مشہور و معروف ہے اس باغ میں مسافروں کے لئے ایک پیاؤ بھی ہے اور ایک کوٹھی بھی اس باغ میں تعمیر کرائی ہے جارچہ میں خاص شخصیت کے مالک ہیں اور وہاں کے معززین میں شمار ہوتے ہیں میرے جدّی عم محترم ہیں انجمن سنہ ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں

عالیجناب سیّد ابوالفاروق محمد عسکری صاحب بریلی

(امروہہ)

سید ابوالفاروق محمد عسکری صاحب امروہوی کی سوانح حیات نوجوان طبقہ کے لئے سبق آموز ثابت ہوگی، آپ کا مسلک ہمیشہ اتحاد و اتفاق رہا ہے اور اپنے زور قلم سے بعض مختلف الخیال جماعتوں کو متحد کرانے میں کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ آپنے مذہب کی خدمت بھی باوجود سرکاری ملازمت کے بدرجۂ اتم انجام دی ہے۔ ان تمام وجوہ کے باعث آپ کے حالات زندگی مفصل طور پر شائع کئے جاتے ہیں۔ میں سیّد صاحب ممدوح کا مرہون منت ہوں کہ آپ نے اس معمول سوانح حیات کا بجلی نمبر پر نہیں ڈالا

پیدائش و تعلیم ذی الحجہ ۱۳۰۰ھ میں بمقام امروہہ پیدا ہوئے۔ آپکے والد ماجد جناب سیّد عابد حسین صاحب مرحوم و مغفور جن کا انتقال امروہہ میں تقریباً ۸۳ سال کی عمر میں ۸ رجنوری ۱۹۳۳ء کو ہوا امروہہ کے اُن چند معزز اور ممتاز بزرگان سادات نقویہ سے تھے جن کا تقویٰ اور زہد و دیانت اور حسن انتظام بحیثیت ایک متولی وقف ہونے کے اس قصبہ میں ضرب المثل ہے۔ سیّد ابوالفاروق صاحب کی ابتدائی تعلیم اُردو فارسی و عربی بطرز قدیم امروہہ میں ہوئی ۱۸۹۳ء سے ۱۸۹۹ء تک بانڈا گورنمنٹ ہائی اسکول میں اور بعد ازاں کرائسٹ چرچ کانپور میں انگریزی تعلیم حاصل کی۔

مذہب کے متعلق آپکے خیالات ابتدائی سن شعور سے آپ کو مذہبیات سے خاص دلچسپی رہی ہے۔ یہ بات شروع ہی سے ان کے دماغ میں قدرتی طور پر راسخ تھی کہ انسان کا مذہب کسی طرح پر بنائے تقلید نہ ہونا چاہئے بلکہ ہر فرد نوع انسان کو تحقیق و اجتہاد کے ذریعہ سے مذہب کا اختیار کرنا اس کا سب سے پہلا فرض ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کانپور کے دوران قیام میں انہوں نے عیسائیت کا خاص طور سے مطالعہ کیا۔ اس زمانہ میں مسیحی کلیسا و میں عربی و فارسی اور عبرانی وغیرہ علوم و فنون کے بڑے بڑے جید عالم موجود تھے اور جا بجا مسلمانوں سے ان کے مذہبی مناظرات ہوتے رہتے تھے سیّد صاحب موصوف نے جب دیکھا کہ علمائے اسلام ان کے مقابلہ میں اکثر الزامی جوابات سے اپنی گلو خلاصی کی سعی کرتے ہیں اور مقام تحقیق میں ان کے جوابات کافی نہیں ہوتے تو انھیں اس طرف خاص توجہ ہوگئی اور ایک عرصہ تک علمائے مسیحیہ سے مل کر اُن کے دلائل اور معتقدات کی تفتیش کرتے رہے غالباً ان کا یہی طریقہ کار اس کا سبب ہوا کہ عام طور پر ان کے عیسائی ہو جانے کی شہرت ہوگئی یہاں تک کہ اخبار نور افشاں لودھیانہ اور کانپور کوارٹرلی ریویو میں ان کا تبدیل مذہب کر دینا مشتہر ہوگیا جس کی تردید رسالہ تحفہ محمدیہ کانپور میں جو مولانا محمد علی صاحب کانپوری سابق ناظم ندوۃ العلما کی سرپرستی میں نکلتا تھا شائع ہوئی۔ کچھ عرصہ کے بعد جب آپ نے اسلام اور عیسائیت کے متعلق قدیم و جدید لٹریچر کا بنظر غائر مطالعہ کرکے مذہب اسلام کی حقانیت کا کافی اطمینان حاصل کر لیا اور پادری صاحبان ان کے مقابلے کی تاب نہ لا سکے تو انھوں نے اہل ہند کے دیگر مذاہب خصوصاً آریہ سماج کی طرف توجہ کی جس کے ابد تک اس زمانہ میں اہل اسلام کو خصوصیت کے ساتھ آریہ دھرم کی طرف دعوت دے رہے تھے۔ چنانچہ بڑی تلاش اور جد و جہد کے ساتھ انہوں نے ان کی الہامی اور غیر الہامی کتابوں کو فراہم کیا اور ضروری معلومات ان کے اصول و فروع اور دلائل مذہب کے متعلق حاصل کیں۔

اس زمانہ میں میرزائے قادیان کی نئی نبوت کا شباب تھا۔ ان کی سچائی کے ثبوت میں ایک صاحب نے بڑی تحدّی کے ساتھ قرآن مجید سے ایک عجیب استدلال پیش کیا جس کو علمائے اہل سنّت بغیر تفسیر اہل بیت طاہرین کی طرف رجوع کئے کما ینبغی حل کرنے سے قاصر تھے۔ آپ نے رسالہ "القول المتین فی قطع الوتین" میں اس کا محققانہ جواب لکھا جس کو مولانا محمد علی صاحب کانپوری عالم اہل سنّت نے بہت پسند کیا اور کچھ عرصہ کے بعد "رسالہ تحفہ رحمانیہ" مونگیر میں چھپوایا۔

ایڈیٹر النجم سے سلسلہ مراسلات ابھی تک آپ کی عنان توجہ زیادہ تر مخالفین اسلام کی طرف تھی لیکن ۱۹۰۸ء میں جبکہ آپ بہرائچ کے صدر پوسٹ آفس میں کلرک تھے آپ کو معلوم ہوا کہ لکھنؤ میں کاکوری کے کسی نوخیز اخبار نویس شیخ عبدالشکور نامی کی طرف سے ایک ہفتہ وار اخبار بنام النجم جاری کیا گیا ہے جس میں حمایت اسلام کی بجائے خود اسلامی فرقوں میں جنگ و جدل اور فتنہ و فساد کی بنیاد ڈالی جاتی ہے تو انہوں نے از راہ درد دینی و اخوت اسلامی اڈیٹر النجم سے مراسلات کا سلسلہ شروع کیا تاکہ مسلمانوں کی وہ قوت جو آپس کی لڑائی میں بیکار ضائع کی جاتی ہے وہ دشمنان اسلام کے مقابلے میں صرف کیجائے۔ لیکن اڈیٹر مذکور نے اپنی گمراہ کن پالیسی کو نہ بدلا بلکہ احقاق حق کے بہانے سے سنی اور شیعہ میں خطرناک منافرت و عناد کے جراثیم پیدا کر دئے۔ آخر کار مجبور ہو کر ۱۹۰۹ء میں سید ابوالفاروق صاحبؒ اڈیٹر النجم سے تحریری مناظرہ شروع کر دیا ان کے دس سوالات اجماع و خلافت کے متعلق اڈیٹر النجم نے اپنے اخبار کی تیسری جلد مجریہ ۱۳۲۵ھ میں چھاپنے کو تو چھاپ دئے اور اُن کا الٹا سیدھا جواب بھی لکھ مارا مگر جب سید صاحب موصوف نے جواب الجواب لکھ کر بھیجا تو احقاق حق کے مدعی شہر خموشاں کی طرف ہجرت کر گئے۔ متعدد رجسٹری شدہ یاد دہانیاں بھیجیں مگر اڈیٹر صاحب النجم کہاں تھے۔ فبهت الذی کفر۔ مجبور ہو کر آپ نے وہ جوابات رسالہ "القول بالجزم فی انتشار النجم" کی شکل میں ترتیب دیکر رسالہ اصلاح کمبوہ ضلع سارن میں شائع کرا دئے اس کے علاوہ النجم کے مختلف مباحث کے جواب میں متعدد محققانہ علمی مضامین جن میں رسالہ "آیۃ اختلاف و اہل خلاف" ایک بہترین تحقیقات کا مجموعہ ہے رسالہ اصلاح میں تتوں شائع ہوتے رہے اور آج تک اڈیٹر النجم یا اُن کے کسی حامی کی طرف سے اُن پر حرف گیری کی جرات نہ ہو سکی۔

آریوں سے مناظرہ ۱۹۱۰ء میں خاص آریہ سماج کی عمارت میں دو روز انھیں مہاشہ ست دیو جی ایک مشہور آریہ لیکچرار سے مناظرہ کا اتفاق ہوا۔ اس مناظرہ میں جو ویدوں کے الہامی اور غیر الہامی ہونے کے متعلق تھا آریوں کو ان کے مقابلہ میں شکست فاش ہوئی جس کی مکمل روئداد حاجی ریاض الدین احمد حنفی بریلوی ہیڈ ماسٹر مسلم اسکول امروہہ نے شائع کی۔ اس مناظرہ میں قابل ذکر بات یہ ہے کہ پہلے روز سید صاحب موصوف کی زلزلہ افگن تقریر نے آریہ لیکچرار کو سخت بہوت کر دیا تھا۔ دوسرے دن سماج نے اس مصیبت سے رہائی کی تدبیر یہ نکالی کہ خود مہاشہ ست دیو جی نے چپکے چپکے سید صاحب سے اسٹیج پر علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے دوستانہ لہجہ میں کہا کہ ہمیں تعجب ہے کہ ہمارے اور شیعہ صاحبان کے درمیان تو ہمیشہ صلح رہی ہے ہماری بحث صرف سنیوں سے ہوتی ہے نہ شیعوں سے آپ نے خواہ مخواہ یہ غیر متوقع پالیسی کیوں اختیار کی؟ آپ نے کہا جو پوسٹر آریہ سماج نے شائع کیا تھا اس میں اسلام اور قرآن کا نام لیا گیا۔ جب آپ اسلام پر حملہ آور ہوں گے تو لامحالہ اس کی جواب دہی ہم پر فرض ہوگی۔ ابھی یہاں آہستہ آہستہ یہ گفتگو ہو ہی رہی تھی کہ یکایک منتری صاحب آریہ سماج نے جلسہ کے برخاست ہونے کا اعلان کر دیا جس پر حافظ عبدالسمیع صاحب احمدی نے منتری صاحب سے مخاطب ہو کر کہا کہ کل خود آپنے وعدہ کیا تھا کہ سید صاحب کے اعتراضات کا جواب کل دیا جائے گا پھر قرارداد کے خلاف جلسہ کیوں ختم کیا جاتا ہے۔ اسی طرح تمام سناتن دھرم والے اہل ہنود شاکی ہوئے کہ اگر آپ کو یہ شاستراتھ منظور نہ تھا تو اس کی ابتدا ہی کیوں کی اور وعدہ کرنے کے بعد بحث کو ناتمام چھوڑ دینا کیا یہ بدعہدی نہیں ہے۔ بالآخر جب ہر چہار طرف سے شور و غل کی آوازیں بلند ہوئیں تو پردھان جلسہ پنڈت نرنجن دیو نے پکار کر کہا کہ صاحبو بحث کا جاری رکھنا ہماری مصلحت کے خلاف ہے اور خواہ آپ لوگ ہماری شکست ہی کیوں نہ تصور کریں ہم سید صاحب سے کسی طرح بحث کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اس پر سید صاحب اور تمام حاضرین جلسہ اُٹھ کھڑے ہوئے، اس وقت کا منظر قابل دید تھا۔

آپنے اُسی سال امروہہ میں باتفاق اہل سنت ایک انجمن بنام "دیانند مت کھنڈن سبھا"، قایم کی جس کے "کھ دھشٹاۃ"، حاجی صاحب موصوف اور منتری جناب سید آل محمد صاحب مقرر ہوئے۔ چار سال اس انجمن نے خوب ترقی کی یہاں تک کہ ۱۹۱۶ء میں اس کا نام انجمن اشاعت الاسلام قرار پایا۔ جس کے سکریٹری آغا اعجاز احمد صاحب مقرر ہوئے اور انجمن کا دستور العمل بھی نیا مرتب ہو کر پاس ہوا۔ اس کے سالانہ جلسہ میں جو ۱۹۱۷ء میں حضرات اہل سنت کی ایک وسیع عمارت واقع

محلہ گھیر منافی میں منعقد ہوا تھا۔ باہر سے سُنّی اور شیعہ لیکچرار بلائے گئے۔ جس میں بالاتفاق ایک ہی پلیٹ فارم پر ہر دو فریق کے علما اور فضلا کی تقریریں صدہا وقت اسلام پر ہوئیں۔ اثنائے جلسہ میں پنڈت رام چندر دہلوی آریہ اُپدیشک نے ایک اعتراض پیش کیا جس کا جواب دینے کے لئے فاضل دیوبند مولوی مرتضیٰ حسن صاحب کھڑے ہوئے اور طرفین کی طرف سے دیر تک ایک دوسرے پر ردّ و قدح کا سلسلہ جاری رہا۔ لیکن پنڈت راجندر نے اس مناظرہ میں مولوی عبدالشکور کی طرح اپنی لفاظی اور کیادی سے اس قدر دھاندلی مچائی کہ مولوی مرتضیٰ حسن کی تقریر ماند پڑ گئی اور عوام الناس کو یقین ہو گیا کہ میدان پنڈت رام چندر کے ہاتھ رہا۔ مولانا خواجہ غلام السیدین صاحب پانی پتی نے جو اس جلسہ میں موجود تھے جب اس حالت کو ملاحظہ فرمایا اور ہزاروں مسلمانوں کے چہرے اپنی مغلوبی کے احساس اور فرطِ انفعال سے اُترے ہوئے پائے تو فوراً صدر صاحب سے اجازت لیکر پنڈت جی سے چند سوالات شروع کر دئے۔ خواجہ صاحب کی ابھی تمہید ہی شروع ہوئی تھی کہ جواب میں پنڈت جی کی زبان سے رُک رُک کر کچھ مہمل فقرے نکلے جن کا اصل موضوع سے کوئی تعلق نہ تھا اور چند منٹ کے بعد تو پنڈت جی اس قدر سراسیمہ اور مبہوت ہوئے کہ کہنا کچھ چاہتے تھے اور زبان سے کچھ نکلتا تھا پھر تو تمام حاضرین جلسہ نے جس میں بکثرت اہل ہنود بھی شامل تھے یہ تماشہ اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ پنڈت جی کی وہ دھرم پرچارنی زبان جو تھوڑی دیر پہلے دیوبندی مولوی صاحب کے مقابلہ میں مشین کی طرح چل رہی تھی وہ ایک شیعہ فاضل کے سامنے یک لخت ایسی بند ہوئی کہ گویا قدرت نے اُس پر تالا چڑھا دیا۔ واقعاً پنڈت جی کی حالت اُس وقت قابلِ رحم تھی آخر جناب خواجہ صاحب نے از راہ کریم النفسی ان کے اس عذر کو کہ وہ اس وقت جواب دینے کے لئے تیار نہیں ہیں قبول و منظور فرمالیا اُس وقت بہت سے سُنّی حضرات نے سید ابوالفاروق صاحب سے کہا کہ میر صاحب آپ نے کیوں ناحق اس دیوبند کے مولوی کو بحث کرنے کے لئے کھڑا کر دیا تھا یہ کام تو آپ ہی لوگوں کے کرنے کا ہے۔ ہمارے مولوی بحث کرنا کیا جانیں حق تو یہ ہے کہ آپ نے اسلام کی لاج رکھلی خود آغا اعجاز احمد صاحب حنفی نے فرمایا کہ یہ مولوی لوگ ہمیں تو داڑھی منڈانے کو منع کرتے ہیں اور خود بدولت نے ایک آریہ سے بھرے جلسہ میں اپنی داڑھی منڈا لی اگر خواجہ صاحب کھڑے نہ ہوتے تو انھوں نے اسلام کو ذلیل کرنے میں کیا کسر اُٹھا رکھی تھی غرضکہ تمام حضرات اہل سنّت خواجہ صاحب کی تقریر سے نہایت خوش ہوئے اور یہ عظیم الشان جلسہ بڑی کامیابی اور سنّی و شیعہ کے باہمی اتحاد و اتفاق کے ساتھ ختم ہوا۔

منصوری کا تبادلہ | مارچ ۱۹۱۸ء میں سید صاحب موصوف امروہہ سے کوہ منصوری تبدیل ہو گئے اور ادھر ان کے دوست حاجی ریاض الدین احمد صاحب بریلوی بھی اپنی ملازمت سے سبکدوش ہو کر اپنے وطن مالوف کو تشریف لے گئے۔ کوہ منصوری پر پہونچ کر میر ذائے قادیانی کے چند مریدوں سے سید صاحب کی ملاقات ہوئی جنہوں نے ختم نبوت کے متعلق دو رسائل آپ کے سامنے پیش کئے اور ان کی لاجوابی کا دعویٰ کیا آپنے زبانی ان کے دلائل کی نفوذیت کو ثابت کیا مگر ان کا اصرار ہوا کہ ہم تحریری جواب چاہتے ہیں تاکہ اپنے مولویوں کو دکھائیں۔ آپ وہاں شاردا ہائی اسکول پرسب پوسٹ ماسٹر تھے اور وہاں کی مصروفیت کسی کتاب کی تبییض و ترتیب میں مانع تھی۔ آپنے وہ دونوں رسالے جناب مولانا سید محمد ہارون صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ کی خدمت میں بھیج کر درخواست کی کہ ان کا مکمل جواب تحریر فرما کر جلد مرحمت فرمائیں جناب ممدوح نے دو ہفتہ میں جواب مکمل کر کے بھیجدیا آپنے اس کی طباعت کے لئے چندہ فراہم کیا اور مقبول پریس دہلی میں اس کو طبع کرایا۔ اس کتاب کا نام ہے "التسیف الیمانی علی السیخ القادیانی" اسی زمانہ میں جناب علامہ ممدوح نے اپنی ضخیم اور محققانہ کتاب "الدلیل التناسخ" کا مسودہ تیار فرما کر آپکے پاس بھیجا۔ یہ کتاب بھی آپ ہی کی تحریک پر علامہ ممدوح نے پنڈت لیکھرام کے ثبوت تناسخ کے جواب میں تحریر فرمائی تھی آپنے مسودہ کو بالاستیعاب دیکھ کر چند اعتراضات کا اضافہ کیا حق سے عالم مصنف نے تعرض نہیں فرمایا تھا اس کے علاوہ پنڈت دیانند بانی آریہ سماج کی تفسیر "رگ وید آدی بھاشیہ بھومکا" سے تناسخ کے متعلق آریہ نقطہ نظر کو واضح کیا تاکہ اس موضوع پر مکمل تبصرہ کرنے میں سہولت ہو۔ جب یہ مسودہ مصنف علام کی خدمت میں واپس ہوا تو جناب ممدوح آپ کی تجاویز کو دیکھکر بہت خوش ہوئے اور کتاب پر دوبارہ نظر فرما کر

اور جن چیزوں کی اس میں کمی تھی ان کو باحسن وجوہ مکمل کرکے آپکے پاس پھر واپس کردیا۔ اس مرتبہ کتاب بلحاظ قوت استدلال اور جامعیت کلام ہر طرح کافی ووافی تھی مگر آپنے اس کو زیادہ مفید اور دلچسپ بنانے کے لئے جناب مولانا خواجہ غلام السیدین صاحب پانی پتی کی خدمت میں بھیجدیا تاکہ ممدوح اس کے تمام مباحث پر نمبروار سرخیاں قائم کرکے فہرست مضامین مرتب فرمائیں۔ چنانچہ جناب خواجہ صاحب قبلہ کی جدید ترتیب وتہذیب کے بعد یہ کتاب لکھنؤ میں شائع ہوئی۔

امروہہ میں اتحاد واتفاق کی سعی بلیغ ۱۹۱۸ء کے حالات میں یہ واقعہ بھی قابل ذکر ہے کہ امروہہ میں انجمن اشاعت اسلام کے قیام سے جو سنی اور شیعہ دونوں کی مشترکہ انجمن تھی چونکہ فریقین کے باہمی تعلقات نہایت خوشگوار قائم ہوگئے تھے امروہہ کے چند ہنگامہ پسند نواصب کو ان کا یہ اتحاد واتفاق سخت ناگوار تھا اور وہ اس اخوتِ اسلامی کی شان کو مٹانے کی فکر میں عرصہ سے بے چین ہو رہے تھے۔

ادھر سید ابوالفاروق صاحب اور حاجی ریاض الدین احمد صاحب وغیرہ جو اس مبارک تحریک کے روح رواں تھے امروہہ سے باہر جا ہی چکے تھے اب انھیں میدان خالی پاکر اپنے منصوبوں کو پورا کرنے کا کافی موقع ملگیا۔ انھوں نے اس موقع کو غنیمت سمجھ کر انجمن اشاعت اسلام پر اپنا قبضہ جمالیا اور اس کے سالانہ جلسہ میں لکھنؤ سے مولوی عبدالشکور کو بلایا مولوی صاحب امروہہ پہونچ کر حسب عادت نہایت اشتعال انگیز تقریریں کیں اور اپنے زور تقریر سے اُن تمام مخلصانہ روابط ومراسم باہمی کو جو سنی وشیعہ میں قائم ہوچکے تھے یکایک انتہائی نفرت وعناد سے بدل دیا۔ یہاں تک کہ انجمن اشاعت اسلام کا دفتر سنی اور شیعہ کا محاذ جنگ بن گیا۔

سید ابوالفاروق صاحب کو جب اپنی قائم کردہ انجمن کے اس افسوسناک انقلاب کا حال معلوم ہوا تو انہیں سخت روحانی تکلیف پہونچی اور انہوں نے اس فتنہ کو فرو کرنے کی بقدر استطاعت کوشش کی۔ مولوی عبدالشکور کی خارجیت کا امروہہ کے سنی مسلمانوں پر گہرا رنگ چڑھ چکا تھا اور وہ اس کے چند گمراہ کن رسالوں کو جو کذب وافترا کی پوٹ تھے وحی آسمانی کی طرح لاجواب سمجھ کر ہر چہار طرف اچھالتے اور بغلیں بجاتے پھرتے تھے آپنے امروہہ پہونچ کر ان فریب خوردہ مسلمانوں پر ملائے مذکور کی اصلی حقیقت کو بالکل بے نقاب کردیا اور رسالہ "دافع البہتان و التقیۃ فی الاسلام" اور رسالہ "نیاز نامہ" لکھکر اور عام طور سے بلاقیمت شائع کرکے بتادیا کہ ملائے مذکور کتنے پانی میں ہے اور یہ کہ اس کے لچر اور پوچ دلائل تارعنکبوت سے زیادہ مضبوط نہیں۔ آپکے ان رسائل ثلثہ کا یہ اثر ہوا کہ اہل سنت میں جو سمجھدار لوگ تھے وہ عبدالشکور کے دجل وفریب سے واقف ہوگئے اور انہوں نے شکوری جماعت پر شد ومد کے ساتھ طعن وتشنیع کرنا شروع کردیا یہاں تک کہ دسمبر ۱۹۲۰ء کے مناظرہ میں جناب مولانا سید سبط حسن صاحب قبلہ طاب ثراہ نے جلسہ عام میں ملائے مذکور کی جو درگت بنائی اُس نے امروہہ میں اس جماعت کی تمام آرزوؤں کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ کردیا۔

۱۹۲۷ء میں امروہہ کی شیعہ جماعت میں بدقسمتی سے مجتہد بازی کا ایک ہنگامہ برپا ہوگیا۔ دو مقامی مجتہد صاحبان کی سادہ لوح پارٹیاں عوام الناس کی طرح متصادم ہوئیں اور ہر ایک نے ملا ازرم کے زیر اثر اپنے اپنے جناب کو آسمان ہفتم پر پہنچانے کی سعی لاحاصل میں ایک دوسرے کی تحقیر وتذلیل پر علانیہ کمربادھی اور عامیانہ پمفلٹ بازی شروع کردی۔ اس فتنہ کے شعلے اس قدر مشتعل ہوئے کہ ذاتی حملوں سے گزر کر محض ضد میں شیعہ اصول وعقائد اور مسلمات مذہبی بھی ان کے اعتراضات کا نشانہ بنادیئے گئے سید ابوالفاروق صاحب کا قیام اس عرصہ میں مراد آباد میں تھا۔ انہوں نے وہیں بیٹھے بیٹھے اس طوفان بے تمیزی کے انسداد کی فکر کی اور بہت جلد ایک فیصلہ کن رسالہ بنام "رقیمۃ الوداد الی مدیر الاتحاد" بلاقیمت شائع کرکے علمی ومذہبی مسائل کو تحقیق کی روشنی اور معتدل پیرایہ میں اس تہذیب ومتانت اور رحزم واحتیاط کے ساتھ منظر عام پر پیش کیا جس سے دونوں پارٹیاں مطمئن ہوگئیں

اور اس طرح خدا خدا کرکے اس ناگوار نزاع واختلاف کا خاتمہ ہوا کتاب رقیمۃ الوداد کے متعلق یہ امر خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہے کہ یہ کتاب جب تقدس مآب جناب شمس العلماء مولانا السید نجم الحسن صاحب قبلہ اور جلالت مآب صدر المحققین شمس العلماء حضرت ناصر الملۃ دام ظلہا العالی

کے ملاحظہ سے گذری تو حضرات ممدوحین نے بذریعہ خطوط نہایت مسرت کا اظہار فرمایا۔ جناب مولانا سید یوسف حسین صاحب قبلہ مجتہد تخفی الی اللہ مقامہ شیعہ ڈین مسلم یونیورسٹی نے علی گڈھ سے مصنف کے آزادانہ اور بے لاگ تبصرہ کو بنظر استحسان دیکھتے ہوئے مصنف کو مبارکباد لکھ کر بھیجی۔ جناب عمدۃ العلما مولانا سید خورشید حسن صاحب قبلہ مقیم شیعہ مسجد گیا صوبہ بہار نے اس پر تفصیلی ریویو لکھ کر مصنف کے پاس بھیجا جس میں خاص طور سے اس کے مباحث عدل اور فلسفہ نجات کو مفید اور بہترین بتاتے ہوئے کتاب کو شیعہ علم الکلام کے اُردو لٹریچر میں قابل قدر اضافہ تسلیم کیا۔

تاریخ امروہہ کا جواب ۱۹۳۳ء میں شیخ محمود احمد صاحب عباسی کی "تاریخ امروہہ سے تمام شیوخ و سادات امروہہ کے جذبات قلبی مجروح ہو رہے تھے اور اس سلسلہ میں ہر چہار طرف سے پمفلٹ بازی کا ایک طوفان بے تمیزی برپا تھا۔ عباسی صاحب نے اپنی تاریخ اور متعدد رسالوں میں واقعہ نگاری کے بہانے سے سادات امروہہ کے آبائے کرام اور اُن کے مذہبی معتقدات پر بھی حد سے زیادہ افترا پردازی کے ساتھ دل آزار حملے کئے۔ یہ ایک ایسا وقت تھا جس میں باقتضائے حمیت و درد دینی سید ابو انصار وق صاحب مجبور تھے کہ عباسی صاحب کی تاریخ امروہہ کے جذبات کے جواب میں ایک فیصلہ کن اور زبردست کتاب بنام "مہر منیر چشم عباسی المعروف بہ آفتاب صداقت" لکھ کر طبع کرائی۔ امروہہ کے تمام تمام سنی اور شیعہ تعلیم یافتہ اصحاب میں اس کی بکثرت جلدیں بلا قیمت تقسیم کی گئیں اور ہندوستان کے مختلف مقامات پر مشاہیر علماء و فضلائے اہل سنت و اہل تشیع کی خدمت میں دو سو سے زیادہ نسخے بادائے محصول ڈاک بھیجے گئے۔ کتاب کا شائع ہونا تھا کہ شیخ صاحب کی آنکھوں میں سرسوں پھول گئی اور انجام کار عباسیت کی کساد بازاری کے ساتھ ان کی تمام نقلی اور مہر دانی کے دعوے انتہائی ذلت و خواری کے ساتھ ختم ہوئے۔ بہت سر مارا خنوں تک زور لگائے مگر آفتاب صداقت کا جواب نہ ہونا تھا نہ ہوا۔ اس کتابچے صرف عباسی صاحب ہی کو لاجواب نہیں بنا دیا بلکہ دیگر علماء اہل سنت نے اس امر کا اعتراف کیا کہ اس کتاب کا جواب قطعاً ناممکن ہے۔ جس کی وجہ یہ بتائی کہ اس کے دلائل چونکہ ہمارے مسلمات ہیں اس لئے ان کا جواب صرف اسی صورت میں ممکن ہے جبکہ مذہب اہل سنت ہی کو خیرباد کہدیا جائے۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ اس کتاب کی برکت سے فرنگی محل کے ایک فاضل اجل نے مذہب حق کو قبول کیا اور بہت سے تعلیم یافتہ اہل سنت کے عقائد میں انقلاب عظیم پیدا ہو گیا۔ علی گڈھ میں آئی۔ ایم۔ ہائی اسکول امروہہ کا ایک وفد جناب آنریبل نواب مولانا حاجی مرزا اللہ خاں صاحب بالقابہ کی خدمت میں پہونچا تو نواب صاحب ممدوح نے وفد کے سامنے اس کتاب کا خاص طور سے ذکر کیا اور بکمال مسرت اس کی تہذیب و متانت اور حکیمانہ طرز استدلال کا اعتراف فرمایا۔ اس وفد میں جناب سید مغرز حسین صاحب ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی۔ وکیل اور مسٹر کاظم علی خاں صاحب ایڈووکیٹ اور مسٹر سید تقی ہادی صاحب بی اے۔ ایل۔ ایل۔ بی نیچر آئی۔ ایم ہائی اسکول اور دیگر معززین شامل تھے جنہوں نے امروہہ تشریف لاکر اس واقعہ کا ذکر فرمایا۔

حال میں انجمن مؤید العلوم مدرسۃ الواعظین لکھنؤ نے آپ کی ایک معرکۃ الآرا کتاب "القول الجمیل فی التورات و الانجیل"، جو کئی سال ہوئے جناب تقدس مآب شمس العلماء حضرت نجم الملۃ دامت برکاتہ کی خاص فرمائش پر آپ نے لکھی تھی شائع کی ہے۔

اس کتاب کا سبب تالیف ایک خاص واقعہ ہے جس کی تفصیل کا یہاں موقع نہیں ہے اور شکر ہے کہ جس نئے فتنہ کا آغاز اس کی تصنیف کا داعی ہوا تھا اس کے سد باب کرنے میں مصنف کو اعلیٰ کامیابی حاصل ہوئی یہ کتاب مروجہ بائبل کے جعلی اور مصنوعی ہونے کی بابت اندرونی اور بیرونی شہادتوں کے علاوہ (جو عہد عتیق و عہد جدید کی تصریحات اور علمائے مسیحیہ کی قدیم اور جدید کتب تفاسیر و تواریخ سے ماخوذ ہیں) اس مشکل ترین قضیہ کا اطمینان بخش فیصلہ پیش کرتی ہے کہ انبیاء سابقین کی وہ منزل من اللہ کتابیں جنکا نزول قرآن کے وقت موجود فی الخارج ہونا خود قرآن سے ثابت ہوتا ہے آیا فی الواقع محرف ہوگئیں یا وہ تحریف سے بالکل منزہ اب تک موجود و محفوظ ہیں اور نوکس طرح اور کہاں۔

سید ابو الفاروق صاحب کی دینی و مذہبی خدمات کا ایک مختصر تذکرہ بقدر گنجائش یہاں درج کیا گیا ہے۔ آپ کی زندگی ان لوگوں کے لئے جو مخصوص کسب معیشت ہی کے دھندوں کے لئے وقف رہتے ہوئے مذہبی معلومات کے اکتساب اور خدمات دینی کی طرف التفات کو عملاً ناممکن اور محال سمجھتے ہیں بہت زیادہ سبق آموز ہے وہ دیکھیں کہ محکمۂ ڈاک و تار کا ایک کثیر العیال ملازم جس کی صحت جسمانی فطرتاً نہایت سقیم اور کمزور رہی اور جس کے تمام اوقات صبح سے شام تک ہمیشہ اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی میں صرف ہوتے ہوں جہاں اور تعطیلوں کا تو کیا ذکر ایک اتوار کو بھی پورے دن کی چھٹی نہیں ہوتی وہ کس طرح ان اہم خدمات دینی کے لئے وقت نکال سکتا ہے۔

موصوف کا قیام آج کل بریلی میں ہے جہاں کہ وہ صدر پوسٹ آفس میں ڈپٹی پوسٹماسٹری کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ بڑے خوش اخلاق اور ہمدرد قوم ہیں۔ مارچ ۱۹۳۶ء سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ممبر ہیں۔ نام و نمود سے کوسوں دور ہیں یہی وجہ ہے کہ آپ کی اکثر تصانیف آپ کے ایک عزیز نے شائع کی ہیں اور اس طرح سے مذہب کی زبردست خدمت انجام دی ہے۔

عالیجناب مولوی علی احمد صاحب جعفری خانصاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس علی گڑھ

حالات زندگی آپ کا وطن مالوف بدایوں ہے۔ آپ کا خاندان بدایوں میں نہایت معتقد و معزز شمار ہوتا ہے اور اس خاندان کے افراد بڑے بڑے ممتاز عہدوں پر مامور ہیں۔ آپ کا تعلیمی زمانہ نہایت شاندار گذرا اس کے بعد محکمۂ تعلیم میں داخل ہوگئے اور آج کل ڈپٹی انسپکٹر مدارس ہیں اور علیگڈھ میں تعینات ہیں۔ آپ کی قابلیت محنت اور دیانتداری کی وجہ سے افسران محکمہ آپ کے کام سے بہت خوش ہیں اور اس صلہ میں خاں صاحب کا خطاب مرحمت ہوا۔ نام و نمود سے کوسوں دور ہیں۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین سے خاص دلچسپی ہے۔ آپ اکتوبر ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور اس کی توسیع میں کوشش فرماتے رہتے ہیں۔

عالیجناب سید احمد نوّاب صاحب مظفرپور

حالات زندگی آپکے والد ماجد حاجی سیّد علی نوّاب صاحب مرحوم اور دادا حاجی سیّد محمد تقی خاں صاحب مرحوم واقف واقف نواب صاحب کمرہ مظفرپور ہیں۔ ابتدائی تعلیم سے فراغت کے بعد بغرض تعلیم بیرسٹری لندن گئے اور فراغ تعلیم کے بعد مظفرپور میں بعہدۂ ڈپٹی کلکٹری مامور ہوئے اب چند سال سے پنشن پاکر مکان ہی پر مقیم ہیں اور بیرسٹری کرتے ہیں ۱۹۲۳ء میں اپنے دادا مرحوم کے وقف مذکور کے متولی مقرر ہوئے اور ابتک اس دینی خدمت کو انجام دے رہے ہیں۔

قومی خدمات جنوری ۱۹۳۶ء سے قوم کے مفید اور ہر دلعزیز ادارے سادات و مومنین وظیفہ فنڈ کے ممبر ہیں اور آپکی اہلیہ محترمہ رضیہ بیگم صاحبہ خود بھی انجمن وظیفہ سادات کی ممبر ہیں اور اپنے والد مرحوم کے وقف کی متولیہ ہیں۔

عالیجناب سیّد حسن صاحب بلتستانی (شملہ)

حالات زندگی آپ گورنمنٹ آف انڈیا پریس میں ملازم ہیں ۱۹۲۸ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ادیب عالم کا امتحان پاس کیا اور ۱۹۳۰ء میں

میٹرک میں کامیابی ہوئی۔ ۱۹۳۳ء میں جبکہ اصلاحات کشمیر کی جدوجہد موری تھی۔ چند احباب کی کوششوں کے ساتھ انجمن جوانان بلتستان کے قیام میں آپنے سرتوڑ کوشش کی اور اس کے سکریٹری شپ کے لئے آپ کا انتخاب ہوا۔ اپنی سکریٹری شپ کے زمانہ میں آپنے اپنے عزیز برادر مسٹر ذکاوت علی صاحب بی۔اے کی مدد سے ایک یادداشت تیار کی جو انجمن جوانان بلتستان کی طرف سے ریاست کشمیر میں فرانچائز کمیٹی کو بھیجی گئی جس میں دیگر مطالبات کے علاوہ علاقہ بلتستان سے تین نمایندے اسمبلی میں لینے کے لئے درخواست کی گئی تھی الحمدللہ اس پر توجہ کی گئی اور علاقہ مذکور سے دو نمایندے کشمیر اسمبلی میں لئے گئے۔

بلتستان میں اہل حدیث کانفرنس کی تبلیغی جد و جہد سے آل انڈیا شیعہ کانفرنس و مدرسۃ الواعظین کو سب سے پیشتر آپ نے مطلع کیا اور آپ کی ہی تحریک پر مدرسۃ الواعظین کی طرف سے مشن بلتستان برائے اصلاح و تبلیغ بھیجا گیا۔ جو کارآمد ثابت ہوا۔ الحمدللہ شیعی دنیا میں بلتستان کو تعارف کرانے میں آپ کا نام صف اولین میں ہے۔ مقامی انجمن حیدریہ رجسٹرڈ شملہ کے دو سال سکریٹری رہے۔ اس کے علاوہ آپ تمام قومی تحریکات میں دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں، شیعہ کانفرنس کے ہمدرد و معاون ہیں۔ انجمن کے اوائل ۱۹۳۵ء سے ممبر ہیں اور توسیع ممبران میں سعی فرماتے رہتے ہیں۔

عالیجناب سیّد مجاہد حسین صاحب جوہر ایڈیٹر اتحاد امروہہ

حالات زندگی سید مجاہد حسین صاحب جوہر کی ذات شیعی دنیا میں محتاج تعارف نہیں ہے۔ آپ اٹھائیس سال سے بذریعہ اخبار اتحاد امروہہ قوم کی زبردست خدمات انجام دے رہے ہیں۔ آپ کو اگر شیعہ جرائد میں "فادر آف شیعہ پریس" کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ اتحاد نے شیعہ قوم میں قوت کی روح پیدا کردی تھی اور اس کی خدمات کے اعتراف میں علماؤ رؤسا و امرا نے تعریفی مضامین شائع کرائے۔ شیعہ کالج کے اجرا کے زمانہ میں آپنے بڑی قومی خدمات انجام دی ہیں، اہل امروہہ کی خدمات بھی آپ بطریق احسن انجام دے رہے ہیں۔ اس عالم پیری میں جوانوں سے زیادہ ہمت و استقلال کے مالک ہیں ضعیفی میں ایک جوان العمر بیٹے محامد حسین نے انتقال کیا اور اب دوسرے صاحبزادہ سید مشاہد حسین صاحب عرصہ تین سال سے علیل ہیں۔ ناظرین اُن کی صحت کے لئے دعا فرمائیں۔ آپ کو انجمن سے خاص ہمدردی ہے۔ میرے مضامین جوبلی نمبر کے لئے برابر اتحاد میں شائع ہوتے رہے اور کئی ماہ تک اتحاد بعض حضرات کی خدمت میں بلا قیمت جاتا رہا اوائل ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب مولوی سیّد قائم رضا صاحب نسیم امروہوی

(لکھنؤ)

حالات زندگی آپ حضرت فرزوق ہندنسیم امروہوی کے پوتے ہیں، وطن اوائل امروہہ ہے پیدائش محلہ دانشمندان ہے، ابتدائی و اعلیٰ تعلیم نورالمدارس میں ہوئی امتحان السنۃ شرقیہ پاس کرنے کے بعد محکمۂ تعلیم میں ملازمت اختیار کی کالیجیٹ ہائی اسکول میں ہیڈ مولوی ہیں ایک باکمال ادیب ہیں، آپ کی متعدد کتب اُردو نصاب میں داخل ہیں۔ شاعر بھی ہیں نسیم تخلص کرتے ہیں، نہایت پاکیزہ کلام ہے۔ مرثیہ گوئی میں خاص کمال حاصل ہے۔ بڑی خوبیوں کے حامل ہیں لکھنؤ کے شعرا میں خاص درجہ امتیاز رکھتے ہیں۔ جوبلی نمبر کو مبلغ بیس روپیہ کا عطیہ مرحمت فرمایا لیکن مفصل حالات زندگی اپنی عدیم الفرصتی کے باعث تحریر نہیں فرما سکے۔ اس لئے میں نے یہ مختصر حالات قلمبند کر دئے ہیں، آپ اپریل ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد محمد مستحسن صاحب زیدی مرحوم بیرسٹر پروفیسر میرٹھ کالج
(میرٹھ)

مجھ کو شوق ہوسٹل کے افتتاح کے موقع پر عالی جناب سیّد محمد مستحسن صاحب مرحوم بیرسٹر نے فروری ۱۹۳۶ء میں میرٹھ مدعو کیا تھا۔ اُس وقت میں نے مرحوم سے درخواست کی تھی کہ جوبلی نمبر کے لئے حالات مرحمت فرمادیجئے۔ آپ نے مجھ کو سال ولادت وغیرہ بتادئیے اور فرمایا کہ میری سوانح عمری یہی ہے: جو کچھ ہے وہ تم کو معلوم ہے تم خود لکھ سکتے ہو لیکن افسوس کہ مرحوم نے ۳ رمارچ ۱۹۳۶ء کو اس دار فانی سے کوچ فرمایا اور مجھ کو بادل ناخواستہ آپکے حالات خود لکھنے پڑے جو بہت تشنہ تھے لیکن میں بیگم زیدی صاحبہ کا مرہون منت ہوں کہ آپنے خود زیدی مرحوم کے مفصل حالات قلمبند کرنے کی زحمت فرمائی اور قوم کے ایک بے نظیر فرد کے کارنامے روشنی میں آگئے۔

بیگم زیدی صاحبہ آنریبل خواجہ غلام الثقلین صاحب مرحوم کی سب سے بڑی صاحبزادی ہیں آپ نہایت قابل اور تعلیم یافتہ خاتون ہیں۔ آپنے جس درد انگیز اور دلچسپ پیرایہ میں حالات قلمبند کئے ہیں وہ قابل تعریف ہے۔ اسی وجہ سے میں نے اس میں ترمیم وتنسیخ نہیں کی اور ان حالات کو بیگم صاحبہ کے الفاظ میں بخصبہ درج کردیا ہے۔ آپ کی طرز تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ عربی، فارسی، اُردو میں مہارت تام رکھتی ہیں۔ زبان کی سادگی۔ خیالات کی شائستگی اور جذبات کی درد انگیزی نے مجبور کیا کہ ایک سوگوار شریف النفس خاتون کے جذبات محبت خداوند مجازی کو آپ حضرات کی خدمت میں پیش کردوں۔ بیگم ممدوحہ کا میں شکر گزار ہوں کہ آپنے اس طویل سیرۃ زیدی کا بار طباعت جوبلی نمبر پر نہیں پڑنے دیا۔

(اعجاز جارچوی)

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا

ترا کہ از کرمت شاد بود دشمن و دوست
زکف چو دشمنی دادیم دوستی بنگر

زرفتن تو اگر رفتگاں خوش اند چہ سود
کہ ماندگان ترا ماندد اغہا بہ جگر

ترا کہ گفت؟ کہ از لوح قبر کن یا لیں
ترا کہ گفت؟ کہ از خاک گور کن بستر

ترا خدائے دہد جائے در کنار نبی
چہ ایں نبی پدرت باشد و چہ پیغمبر

تمہید اور وجہ تاخیر فروری ۱۹۳۶ء میں انجمن وظیفہ سادات سے ایک خط میرے شوہر جناب زیدی صاحب کے نام آیا تھا کہ وہ اپنی مختصر سوانح حیات لکھ کر بھیجیں اور اپنے حالات زندگی سے سب ممبران و اہل اسلام کو مستفید کریں تاکہ اُن کے حالات سب ممبران انجمن کے حالات کے ساتھ انجمن کی پچیس سالہ جوبلی کے موقع پر شائع کئے جائیں۔ اگرچہ وہ اپنے حالات زندگی کو کوئی خاص اہمیت نہیں دیتے تھے بلکہ اپنے حالات سے زیادہ اپنے والد مرحوم کے حالات زندگی لکھنے کا پختہ ارادہ کرلیا تھا۔ مگر افسوس ہزار افسوس کہ اس کے دو ڈیڑھ ہفتہ کے اندر ہی اپریشن کی ناگہانی آفت کے سبب قضا کے بے رحم ہاتھوں نے زیدی صاحب جیسے ہمہ صفت موصوف انسان کو ہم جیسے بدقسمتوں سے چھین لیا۔ اور نہ صرف ایک ارادہ بلکہ اُن کے ہزاروں نیک ارادوں اور اُن کے دوستوں عزیزوں، ہموطنوں کی بے شمار آرزوؤں کا خون ہوگیا۔ ع۔ اے بسا آرزو کہ خاک شدہ۔

۲ رمارچ ۱۹۳۶ء کو آپریشن ہوا اور ۳ رمارچ ۱۹۳۶ء کو ۴ بجے صبح

زیدی صاحب نے ۹ رذی الحجہ بروز حج اس دار ناپائیدار کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خیرباد کہدیا اور اپنے تمام اعزّہ، دوستوں کو رنجیدہ اور اپنے حرماں نصیب بیوی بچّوں کو مثل ماہی بے آب تڑپتا چھوڑ کر سفر آخرت اختیار کیا۔ کیا واقعی دنیا نیک و بھلائی جیسے فرشتہ صفت انسان کے رہنے کی جگہ نہیں ہے؟

اس واقعہ عظیم کے بعد جو حالت دل و دماغ کی ہوئی اور اس کوہ الم کا جو اثر مجھ پر پڑا نہ وہ بیان کیا جا سکتا ہے نہ احاطۂ تحریر میں آسکتا ہے بس یہی خیال کر لینا کافی ہے کہ جس سانحہ کا اثر اور غم ملنے والوں، دوستوں عزیزوں، اہل شہر، اہل اسلام اور غیروں تک کے دلوں پر ہے، اس غم سے اُن کے بدقسمت بیوی بچّوں کی حالت جس قدر خراب ہو کم ہے اور وہ جتنے خون کے آنسو روئیں بجا ہے۔ اوّل تو اپنی اور بچّوں کی بربادی کا غم اور اُس پر زیدی صاحب کے بے مثل اخلاق اور صفات حسنہ کی یاد تا دم مرگ دل سے فراموش ہونے والی چیزیں نہیں ہیں۔ اور میری حالت اس واقعہ کے سال بھر بعد تک ایسی نہ تھی کہ میں کوئی دماغی کام کر سکوں، یا قلم بھی پکڑ سکوں۔ اسی سبب سے باوجود اپنے ارادہ اور خواہش کے میں اب تک زیدی صاحب کے حالات نہ لکھ سکی جس کا مجھ کو افسوس ہے۔ نیز میرا خیال تھا کہ انجمن کی رپورٹ تیار ہو گئی ہوگی اور اب وقت گزر چکا ہے لیکن گذشتہ ہفتہ مجھے پانی پت میں اپنے عم عزیز گرامی جناب مولانا خواجہ غلام الحسنین صاحب قبلہ سے معلوم ہوا کہ ابھی رپورٹ چھپی نہیں بلکہ عنقریب چھپنے والی ہے لہٰذا اب میں نے اپنے دل کو سنبھال کر ارادہ کر لیا کہ میں اپنے ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں اپنے شوہر مرحوم کے مختصر حالات زندگی لکھ کر انجمن کی خدمت میں پیش کر دوں اگرچہ اصل مکمل حالات تو وہی ہوتے جو زیدی صاحب (اگر اُن کی عمر وفا کرتی) خود لکھتے اور ہم لوگ اُن سے مستفید ہوتے مگر مشیت ایزدی میں کسی کا چارہ نہیں ہے افسوس "ما در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال" بہرحال میں امید کرتی ہوں کہ باوجود اس کے کہ میری یہ ناچیز تحریر بلحاظ میری ناقابلیت کے کوئی اہمیت نہیں رکھتی، تاہم اس لحاظ سے قابل مطالعہ ضرور ہے کہ اس میں ایک فرشتہ صفت انسان کی سیرت کا ہلکا سا خاکہ دکھایا گیا ہے اور اُن کی قابل تقلید زندگی کا اس سے کچھ اندازہ ہو سکتا ہے مجھے امید ہے کہ قابل آنریری پبلسٹی سکریٹری صاحب اور دیگر ممبران میری کم علمی کو نظر انداز کر کے جناب امیرالمومنین علی علیہ السلام کے اس مقولہ پر عمل کرینگے کہ "انظر الی ما قال ولا تنظر الی من قال۔ یعنی نہ دیکھنا چاہئے کہ کس نے کہا ہے بلکہ یہ دیکھنا چاہئے کہ کیا کہا ہے۔

خاندان اور حسب نسب میرے شوہر سید محمد مستحسن صاحب زیدی بیرسٹر ایٹ لا (آنریری متولی وقف منصبیہ میرٹھ) ابن خان بہادر ڈپٹی حاجی سید محمد حسین صاحب شوق سابق متولی وقف مذکور سادات بنی فاطمہ سے تھے اور اُن کا سلسلۂ نسب ماں باپ دونوں کی طرف سے اس طرح جناب علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام اور جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچتا ہے، وہ امام چہارم علی ابن الحسینؑ جناب امام زین العابدین علیہ السلام کے صاحبزادے حضرت زید شہید کی اولاد میں سے تھے اور اسی نسبت سے زیدی کہلاتے ہیں۔ حضرت زید شہید کی خصوصیات جواں مردی اور شجاعت وغیرہ محتاج بیان نہیں۔ زیدی صاحب کی والدہ حضرت امام علیؑ ابن موسیٰ رضاؑ کی اولاد میں سے تھیں اور بہت نیک بیوی تھیں زیدی صاحب کا خاندان کئی سو سال کا عرصہ ہوا عرب سے ایران آیا اور کچھ مدت تک وہاں رہ کر سامانہ (ریاست پٹیالہ) میں آکر آباد ہو گیا اور اور اور اس کے بعد ان حضرات نے سامانہ سے ترک وطن کر دیا اور سہارنپور میں آکر سکونت اختیار کر لی۔ اور وہاں بھی اپنے محلہ کا نام سامانہ کے نام پر رکھا ان کا محلہ اب بھی محلہ سادات سامانیان کے نام سے مشہور ہے اس خاندان کو تقریباً دو سو سال کا عرصہ سہارنپور آئے ہوئے ہو گیا ہے مگر اب بھی ان کی جائدادیں اور مکانات وہاں موجود ہیں۔

شوق صاحب کا ذکر زیدی صاحب کے دادا ڈپٹی سید جمعیت علی صاحب مرحوم ایک باخدا۔ پرہیزگار۔ متدین اور عاشق حسین بزرگ تھے اور اپنے زمانہ کے سربرآوردہ لوگوں میں گنے جاتے تھے اُن کے بڑے بیٹے خان بہادر ڈپٹی سید محمد حسین صاحب شوق ڈپٹی مجسٹریٹ نہر تھے اور ڈپٹی صاحب مرحوم کے منجھلے (تیسرے) بیٹے سید محمد مستحسن صاحب زیدی تھے جناب شوق مرحوم کا علمی و مذہبی شوق اور قرآنی ذوق اُن کی طبیعت ثانیہ بن گیا تھا۔ وہ کلام الٰہی کے مطالب و معانی پر کافی عبور رکھتے تھے اور

علاوہ کلام الٰہی کی باقاعدہ تلاوت کے اُس پر عمل بھی کرتے تھے اُن کے زہد و اتقا کی مثالیں دنیا میں فی زمانہ بہت کم ہیں فرض نماز اور نماز شب کی پابندی اس سے ظاہر ہے کہ اُن کی صرف دو روز کی نماز شب آخری وقت میں قضا ہوئی ہے اور فرض نماز انتقال سے دو گھنٹے قبل بھی ادا کر چکے تھے۔ وقف منصبیہ کی جو خدمات بیس سال تک زیدی صاحب اور شوق صاحب نے کی ہیں اُن کی شاہد وقف کی گذشتہ بیس سالہ رپورٹیں موجود ہیں۔ مرحوم کو شاعری سے بہت شغف تھا اُن کی متعدد نظمیں جو اخباروں اور رسالوں میں شائع ہوئیں ان کے علاوہ انہوں نے نظموں کا دیوان بھی لکھا ہے جو افسوس ہے کہ زیدی صاحب کی بے وقت وفات کے سبب شائع نہ ہو سکا اور زیدی صاحب کو اس کے چھپوانے کا وقت نہ ملا ورنہ اُن کا ارادہ اپنے والد مرحوم کے دیوان کو چھپوانے کا پختہ تھا۔

شوق صاحب کا اتقا ڈپٹی صاحب مرحوم کی نیکی اور حیاداری ایسی تھی کہ اپنی مجسٹریٹی کے زمانہ میں دورہ پر گاؤں میں سے گذرتے تھے تو گھوڑے سے اُتر کر پیدل چلتے تھے تاکہ گاؤں والوں کی عورتوں کی بے پردگی نہ ہو کیونکہ عموماً گاؤں کے مکانات کی دیواریں پست ہوتی ہیں۔

ایک حکیمانہ قول جناب شوق صاحب فرمایا کرتے کہ تین قسم کے بیٹے ہوتے ہیں۔ کپوت۔ سپوت اور پوت۔ کپوت یعنی باپ سے کمتر اور پوت باپ کے مثل اور سپوت باپ سے برتر اور بڑھا ہوا پھر فرماتے کہ میں اپنے باپ کا پوت ہوں، اور یہ میاں محسن سلمہٗ میرے سپوت ہیں کیونکہ یہ قابلیت، علم، اخلاق اور بہت سی خوبیوں میں مجھ سے بڑھ کر ہیں۔

واقعی جناب مرحوم کا قول بالکل صحیح تھا زیدی صاحب مرحوم میں اپنے والد بزرگوار کی ان تمام خوبیوں کے علاوہ جو اُنہوں نے اپنے والد سے وراثتہً پائی تھیں بعض خوبیاں اُن سے بھی زیادہ بڑھی ہوئی تھیں۔ وہ اصلی معنوں میں الولد سر لابیہ کے مصداق اور اپنے والد مرحوم کے نام روشن کرنے والے تھے۔

ولادت اور بچپن سیّد محمد محسن زیدی کی ولادت جون ۱۸۸۶ء میں ہوئی اور وہ ۱۳ شعبان کو بوقت شب اپنے وطن سہارنپور میں اپنے جدی مکان میں پیدا ہوئے اور زمانہ طفولیت بھی اوّل سہارنپور میں گذرا اور اس کے بعد اپنے والد کے تبادلہ وغیرہ کے سبب کچھ دن کاندھلہ اور بڑوت میں۔ جہاں اُن کو اپنی والدہ کے ساتھ جانے کا اتفاق ہوتا تھا۔ زمانہ طفولیت ہی سے مزاج میں نیکی۔ نرمی۔ فرماں برداری اور صلح و آشتی و صبر پایا جاتا تھا۔ گویا مرحوم کو خدائے تعالیٰ نے ابتدا ہی سے نیکی کا مجموعہ بنانے کا ارادہ کر لیا تھا۔ نہ کبھی اپنے بھائیوں اور عزیزوں کے بچوں سے لڑے نہ کسی بات پر کبھی ضد کی، نہ بزرگوں کی نافرمانی کی۔ دو تین سال کی عمر میں بھی نیکی کا یہ حال تھا کہ جب کبھی بیمار ہوتے تھے تو نہ روتے نہ صدر کرتے بلکہ خاموش لیٹے رہتے اور اپنی والدہ سے کہتے کہ اماں جان آپ جا کر نماز پڑھ آئیے میں یہاں خاموش لیٹا رہوں گا آپ اطمینان رکھیں میں بالکل نہیں روؤں گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوتا تھا کہ اُن کی والدہ جس کھٹولہ پر لٹا کر جاتی تھیں وہیں آکر دیکھتی تھیں اکثر اپنے حصہ کی ہر چیز اپنے دوسرے بھائیوں اور عزیزوں کو دے دیتے تھے اور کوئی دوسرا چھین لیتا تب بھی کچھ خیال نہ کرتے اُن کی والدہ اُن سے بہت محبت کرتی تھیں اور بعض چیزیں زبردستی اُن کو کھلاتی تھیں اور کہا کرتی تھیں کہ یہ تو میرا مظلوم بچہ ہے یہ خود نہیں کھائیگا جب تک میں نہ کھلاؤں۔

حلیہ زیدی صاحب کا حلیہ یہ تھا۔ بلند قد۔ اعضا متناسب۔ جسم اکہرا ہاتھ پاؤں چوڑے۔ انگلیاں متناسب مگر کسی قدر لمبی۔ پیشانی کشادہ، رخسار اور بلند۔ دراز بینی۔ رنگ کھلتا ہوا گندمی۔ سرخی مائل۔ دہن فراخ۔ لب معمولی۔ آنکھیں قدرے بھوری اور رسیلی۔ پلکیں دراز۔ موچھیں بھوری سر کے بال سیاہ۔ خط بھرا ہوا۔ چہرہ بحیثیت مجموعی شاندار اور دلکش آواز نرم آہستہ گفتار۔ تقریر پسندیدہ و سنجیدہ۔ بشرہ سے ذہانت و متانت ہویدا اور چہرہ پر عموماً ایک خاص قسم کی مسکراہٹ نمایاں رہتی تھی۔ جسم میں موزونیت اور جامہ زیبی خصوصیت سے تھی اچکن اور سوٹ میں خصوصاً اور دیگر لباس میں عموماً بھلے معلوم ہوتے تھے۔ چہرہ اور گردن پر سیاہ تل تھے۔ رفتار عموماً آہستہ ہوتی تھی۔ مگر شکار وغیرہ کے موقع پر تیز چلتے تھے

ابتدائی تعلیم طبیعت میں بچپن ہی سے تعلیم کا شوق تھا۔ کچھ عرصہ مکتب میں اور ایک مولوی صاحب سے ابتدائی تعلیم پائی یعنی کلام مجید اور زینتی کتب

پڑھی تھیں۔ اس کے بعد اٹاوہ کے ہائی اسکول میں داخل ہو کر بہت جلد ابتدائی کلاسوں کے مراحل طے کر لئے۔ ابتدائی تین جماعتیں صرف چھ ماہ میں پاس کیں اور ایک سال میں دو کلاسیں پاس کر کے چار سال میں مڈل پاس کر لیا۔ خان بہادر مولوی بشیر الدین صاحب سکریٹری اٹاوہ ہائی اسکول اُن کی نیکی اور ذہانت کے سبب اُن سے بہت محبت کرتے تھے اسکول کے اور تمام ماسٹر بھی اُن کو بنظر عزت دیکھتے تھے اور دیگر طالب علموں کو اُن کی مثال دیا کرتے تھے۔ مڈل پاس کرنے کے دو سال بعد کامیابی کے ساتھ انٹرنس پاس کر لیا۔ زیدی صاحب کا اپنا بیان ہے کہ جب میں نے میٹرک پاس کیا تو میری عمر اس قدر کم تھی کہ نہ امتحان کا چنداں فکر تھا نہ کوئی تیاری کرنی آتی تھی کیونکہ اُس وقت میری عمر تیرہ سال اور چند ماہ کی تھی اور اس سال امتحان میں یہی اس سبب سے شریک ہو سکے تھے کہ جب تک عمر وغیرہ کی کوئی قید نہ تھی ورنہ کم عمری کے سبب امتحان نہ دے سکتے۔ بعد امتحان قرآن شریف ختم کیا۔

علی گڑھ میں تعلیم پانا غرض ۱۹۰۰ء میں میٹرک پاس کرنے کے بعد علی گڑھ کالج میں داخل ہوئے جہاں دو سال بعد ۱۹۰۲ء میں ایف۔ اے پاس کر کے بی۔ اے میں داخل ہوئے۔ اور ۱۹۰۴ء میں سکنڈ ڈویژن میں الہ آباد یونیورسٹی سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کر لی زیدی صاحب بزمانۂ تعلیم علی گڑھ بلحاظ اخلاق وصفات سب طلبہ میں ممتاز رہے۔ اور وہاں بھی سب پروفیسران خوش رہتے تھے اور تعریف کیا کرتے تھے ہر مضمون میں عموماً اور ریاضی اور فارسی میں خصوصاً بہت اچھے نمبر حاصل کرتے تھے کیونکہ ان دونوں مضامین سے خاص دلچسپی تھی۔ عموماً کالج کے لڑکے قسم قسم کی شرارتیں کیا کرتے تھے لیکن انہوں نے اس میں بھی کوئی حصہ نہیں لیا اور اپنا زیادہ تر وقت مشاغل تعلیم میں صرف کرتے تھے اور صوم وصلوٰۃ کی پابندی کا خیال رکھتے تھے۔ بی۔ اے کے بعد اٹاوہ ہائی اسکول میں کچھ دنوں آنریری خدمات انجام دیں۔ اور پھر وہیں سیکنڈ ماسٹر ہو گئے تقریباً دو سال تک وہاں قیام رہا۔

تعلیم انگلستان اور پابندیٔ مذہب پھر بغرض تعلیم قانون انگلستان روانہ ہو گئے۔ جہاں تقریباً چار سال تک قیام رہا اور اس عرصہ میں مسلسل ذہنی اور علمی ترقی کرتے رہے اور بعض تمغے اور انعامات حاصل کئے ۱۹۱۲ء میں کیمرج یونیورسٹی سے ریاضی میں بی۔ اے (آنرز) کی ڈگری حاصل کی۔ اور ۱۹۱۳ء میں ایل۔ ایل۔ بی کی ڈگری اور بیرسٹری کی سند حاصل کی اور ۱۹۱۳ء کے آخر میں ہندوستان واپس آئے۔

زیدی صاحب نے دیگر ہندوستانی طلبہ کی طرح ولایت جا کر نہ مذہب سے لاپروائی نہیں اختیار کی۔ بلکہ وہاں جا کر وہ اپنے مذہبی معاملات میں پختہ رہے اور برابر روزہ نماز کی پابندی قائم رکھی بلکہ وہاں کی نام نہاد دیکھ کر اپنے عقائد میں اور زیادہ راسخ ہو گئے بقول شیخ سعدیؒ، لقمان حکیمؑ را گفتند ادب از کہ آموختی گفت از بے ادبان، گفتند چہ گونہ گفت ہر چہ از از ایشان بنظر م ناپسند آمد از آں پرہیز کردم ۱۹۱۳ء میں ہندوستان واپس آئے تو میرٹھ میں دو سال تک میرے والد خواجہ غلام الثقلین صاحب مرحوم کے پاس کام سیکھنے اور اُن کی معیت میں وکالت کرنے کی غرض سے مقیم رہے۔ والد مرحوم اور شوق صاحب مرحوم میں بہت عرصہ سے دوستی تھی۔ اس سبب سے زیدی صاحب کو کوئی تکلف نہ تھا۔ اور وہ مع اپنے اہل وعیال کے والد مرحوم کے ساتھ کوٹھی کے دوسرے حصے میں رہتے تھے۔ والد مرحوم اکثر زیدی صاحب کی قابلیت اور نیکی کی تعریف کیا کرتے تھے۔

وکالت ۱۹۱۵ء میں جب والد مرحوم میرٹھ سے بغرض تبدیل آب وہوا پہاڑ پر چلے گئے تھے۔ اس وقت تک زیدی صاحب اپنی ذہانت اور والد مرحوم کی ہدایت کی وجہ سے کام میں ماہر ہو گئے تھے چنانچہ ان کی بیرسٹری اچھی طرح چلتی تھی، وکالت کا زمانہ جنوری ۱۹۱۴ء سے فروری ۱۹۳۶ء تک برابر میرٹھ ہی میں گزرا اور کسی دوسری جگہ جانا باوجود بعض عزیزوں اور دوستوں کے مشورہ کے منظور نہیں کیا حالانکہ ہائی کورٹ میں ترقی کی زیادہ امید ہو سکتی تھی۔ ایک مرتبہ اسمبلی کی ممبری کے لئے کھڑے ہونے کا ارادہ ہوا مگر عزیزوں کے منع کرنے پر ارادہ ترک کر دیا

فوجداری مقدمات سے پرہیز بیرسٹر صاحب مرحوم بالعموم عدالت دیوانی میں پریکٹس کرتے تھے اور گاہ گاہ بوقت فرصت مال کے مقدمات بھی لے لیتے تھے۔ عدالت فوجداری میں کام کرنا انھوں نے

پسند نہیں کیا۔ کیونکہ وہاں اکثر مقدمے جھوٹے اور قتل وخون کے متعلق ہوتے ہیں جنکی پیروی کے لئے اُن کا ضمیر انھیں اجازت نہیں دے سکتا تھا ان کے پاس خواہ فوجداری کا کتنا ہی بڑا مقدمہ آئے خود نہیں لیتے تھے بلکہ اپنے دوسرے ہم پیشہ دوستوں کو دیدیتے تھے۔

اہل عدالت پر زیدی صاحب کا اثر تمام اہل عدالت بیرسٹر اور وکلا اور بیرسٹر صاحبان پر خصوصاً زیدی صاحب کا اثر تھا جب کبھی بعض حضرات میں کوئی مذہبی، سیاسی یا ذاتی بحث ہوتی اور وہ بڑھکر نزاع کی صورت اختیار کرلیتی تو وہ نہایت ہی سہولت سے ہر دو فریق کو سمجھا کر تصفیہ کرا دیتے تھے۔ اور سب وکیل اور بیرسٹر صاحبان خواہ وہ ہندو ہوں یا مسلمان سنّی ہوں یا شیعہ بلا تخصیص مذہب وملت اُن کے فیصلہ پر راضی ہو جاتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ بیرسٹر صاحب کے انتقال سے ہر شخص کو ایک جداگانہ وجہ سے صدمہ پہنچا اور ہر ایک شخص نے اپنے اپنے خیال کے مطابق اُن کا ماتم کیا۔

عدالت میں خالصاً لوجہ اللہ کام کرنا یہ امر واقعہ ہے کہ زیدی صاحب نے اپنی اس ۲۲ سال پریکٹس میں ہزاروں آدمیوں کا مفت کام کیا ہے اور بے شمار مستحقوں کو ان سے فائدہ پہنچا ہے اور انہوں نے بے شمار مقدمات بغیر فیس اور محض نہ خالصاً لوجہ اللہ کئے اور اسی طرح سیکڑوں مقدموں میں کم سے کم محض نہ پیروی کی ہے۔ جس میں ہندو، مسلمان، عیسائی، شیعہ، سنّی ہر مذہب وملت کے لوگ شریک ہیں۔ بسا اوقات کی اس فراخدلی میں امیر وغریب کی تفریق بھی نہ ہوتی تھی وقف منصبیہ میرٹھ کے تمام مقدمات کی پیروی تو ہمیشہ بغیر فیس اور مفت نہ کے کرتے ہی تھے، علاوہ اس کے وقف کے ہر ایک شعبہ کا کام بذات خود نہایت انہماک کے ساتھ کرتے تھے۔ حتیٰ کہ اگر ٹھکارکی غرض سے بھی کبھی وقف کے دیہات وغیرہ میں جاتے تو وہاں بھی وقف کا کاروبار دیکھتے تھے۔ دیگر قومی انجمنوں، قومی اوقاف، قومی درسگاہوں وغیرہ کے مقدمات میں بھی پیروی اکثر بلا فیس اور گاہ گاہ بہت کم محنتانہ پر کر دیتے تھے۔ اور اپنے دوستوں، عزیزوں کے علاوہ عزیزوں اور دوستوں کے عزیزوں، اور اپنے محلہ والوں اور عام غریبوں سے، بیوہ اور غریب عورتوں اور غریب سیّدوں سے بھی فیس لینا منظور نہ ہوتا تھا۔ اکثر اوقات بعض ذی استطاعت حضرات سے بھی فیس وصول نہ ہوتی تھی لیکن اپنی مروّت اور طبیعت کی وجہ سے اُن پر کبھی تقاضہ کرنا پسند نہ تھا۔ اور وہ لوگ اس نرمی سے فائدہ اٹھاتے تھے۔ چنانچہ اب بھی میرٹھ میں اور دیگر شہروں میں اُن کے ایسے موکل موجود ہیں جن پر اُن کی کافی رقم واجب الادا ہے۔ لیکن وہ لوگ اپنی پُرانی عادت پر قائم ہیں۔

شاگردوں پر مہربانی اس کے علاوہ انھوں نے اپنی فیس کی کافی رقم اپنے اُن شاگردوں پر چھوڑی ہے جو ہر سال اُن کے پاس وکالت کا کام سیکھنے آتے تھے اور جسکے یہ قاعدہ جاری ہوا تھا کہ ایل۔ ایل۔ بی پاس کرکے کام سیکھنے اور کسی ایڈووکیٹ کا سرٹیفکٹ حاصل کرنے کے بغیر وکالت کی اجازت نہیں مل سکتی اس وقت سے ہر سال بیرسٹر صاحب کے پاس چار چار شاگرد موجود رہتے تھے کیونکہ ان سے بہتر کوئی بیرسٹر شہر میں نہ تھا۔ اور اُن سے سرٹیفکٹ حاصل کرتے تھے مگر اُنہوں نے ملا تخصیص مذہب وملت کسی شاگرد سے کبھی فیس لینے کا خیال بھی نہیں کیا حالانکہ قاعدہ کی رو سے چھ سو روپیہ فی طالب علم لے کر سرٹیفکٹ دینے کی اجازت ہے اور اس طرح بھی چوبیس سو روپیہ سال انہوں نے دس سال تک اپنے شاگردوں پر چھوڑا ہے۔ اس طرح اکثر اوقاف کے حسابات کی جانچ پڑتال بغیر فیس کے کی ہے۔ اور ان لوگوں پر معقول رقمیں چھوڑی ہیں۔ منشی صاحبان خواہ کم کام کرنے والے ہوں یا زیادہ نئے ہوں یا پُرانے سب کے ساتھ ہمیشہ رعایت کرتے تھے یہی سبب ہے کہ ہر شخص اس باخدا انسان کی موت کو اپنے لئے ناقابل تلافی نقصان خیال کرتا ہے۔

اہل عدالت کا افسوس میرٹھ کی عدالتوں کو افسوس ہے کہ ایک بہترین مقرر اور قابل بیرسٹر کی جگہ خالی ہوگئی۔ وکیل صاحبان روتے ہیں کہ ہم لوگوں کا ایسا قابل مشیر اور مربّی دوست جدا ہوگیا کہ اس کی تلافی نہیں ہوسکتی۔

وکلا اور موکلوں وغیرہ کا افسوس وکیل صاحبان کا بیان ہے کہ ہم لوگوں کو قانون کی کتابیں خریدنے اور دماغ پر زور ڈالنے کی ضرورت

ہی نہ ہوتی تھی۔ ہم تو بیرسٹر صاحب کے پاس جاکر جو خاص بات دریافت کرنی ہوتی یا پیش کرنے کے لئے جو نظیر معلوم کرنی ہوتی اُن سے دریافت کر لیا۔ اور اُن کے مشورہ سے فیض یاب ہوکر اپنا کام کر لیا۔

"ہائے افسوس ہماری تو قانون کی کتاب گم ہوگئی"

موکل پریشان ہیں کہ ہم لوگوں کو اب ایسا قابل، سمجھ دار، حلیم، ہمدرد اور محنت سے کام کرنے والا بیرسٹر کہاں ملے گا اور ہماری اس طرح تسلی کون کریگا۔ اُن کے منشی گریاں ہیں کہ ہم کیا کریں کہاں جائیں ہمارا مزاج تو بیرسٹر صاحب ہی اُٹھاتے تھے افسوس اب ہم کو ایسا ہمدرد اور مربی بیرسٹر کہاں سے ملے گا۔ ہمارے تو وہی سرپرست تھے خواہ ہم اُن کا کام کرتے یا نہ کرتے مگر اُن سے ہمارا کام چلتا رہتا تھا۔ شہر کے اکثر غریب اور کم استطاعت روتے ہیں کہ اب ہمارے مقدمات کی مفت پیروی بیرسٹر صاحب کی طرح کون کریگا۔ اور کون اس قدر انہماک کے ساتھ ہمارا کام کریگا۔

قانون کی پروفیسری پانچ سال سے زیدی صاحب نے اپنے بعض دوستوں اور کمیٹی کے اصرار سے لا کالج میرٹھ کی پروفیسری منظور کر لی تھی اور وہاں بھی حسب عادت انہماک اور محنت سے کام کرتے تھے اور اس عرصہ میں بہت سے طلبہ کو اُن سے مستفید ہونے کا موقع ملا ہے وہاں کے پروفیسروں اور طلبہ کو بھی اُن کی جدائی کا سخت افسوس ہے

زیدی صاحب کی پہلی شادی زیدی صاحب کی پہلی شادی غالباً ۱۹۰۸ء میں اُن کے انگلستان جانے سے قبل ہوگئی تھی اُن کی اہلیہ سید محمود حسین صاحب کی بڑی صاحبزادی تھیں۔ اُن کے دو لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئے، لڑکیاں تو کم سنی ہی میں مرگئیں اور ۱۹۱۸ء میں زیدی صاحب کی اہلیہ کا انتقال ہوگیا مرحومہ بہت نیک اور خوش خلق تھیں دونوں لڑکے بڑے ہوئے اور اپنے باپ کے سایۂ عاطفت میں تعلیم و تربیت پاتے رہے مگر افسوس کہ اُن کا بڑا لڑکا سید محمد مستبشر زیدی ایک سال علیل رہ کر ۲۲ سال کی عمر میں اپنے والد کو داغ مفارقت دے گیا مرحوم بہت ہونہار اور قابل لڑکا تھا اوریئنٹل۔ اے میں تعلیم پا رہا تھا مگر زیدی صاحب کا تو یہاں بھی خدائے تعالیٰ کو امتحان لینا مقصود تھا کہ ایسا سخت صدمہ اُن کو پیش آیا سب عزیزوں بالخصوص اُس کے والد کو سخت صدمہ ہوا مگر اُس وقت بھی زیدی صاحب نے صبر و استقلال سے کام لیا جو خدا نے اُن کی طبیعت میں ودیعت کیا تھا۔ میں نے ایسے سخت صدمہ میں ایسا صبر کرتے کسی کو نہیں دیکھا۔ ان اللہ مع الصابرین۔ چھوٹا لڑکا مستنذر زیدی سلمہٗ بفضل ایزدی موجود ہے اس کی عمر بیس سال کے قریب ہے، مگر افسوس کہ وہ اپنے ایسے باپ کے سایۂ عاطفت سے محروم ہوگیا خدا اُس کو عمر اور قابلیت عطا کرے۔

دوسری شادی ۱۸ ذی الحجہ مطابق ۱۹۱۹ء میں زیدی صاحب کی دوسری شادی خاکسار کے ساتھ بمقام پانی پت ہوئی اور بالکل شرعی طور پر اور نہایت سادگی کے ساتھ عمل میں آئی کیونکہ زیدی صاحب اُن کے والد اور میرے والد مرحوم اصلاح تمدن کے حامی تھے اور غیر ضروری رسومات کو بُرا خیال کرتے تھے۔ زیدی صاحب اس شادی سے بہت خوش تھے اور اکثر بسبیل تذکرہ فرمایا کرتے تھے کہ اگرچہ ہمارے لئے لڑکیوں والوں کی طرف سے بہت سے پیغامات آئے مگر مجھ کو اپنے مربی و محسن اور اُستاد خواجہ صاحب کے ہاں شادی کرنے کا خیال پیدا ہوگیا تھا اس لئے سب جگہ انکار کرکے آپ کے ہاں پیغام دیا گیا جو ہماری خوش قسمتی سے منظور ہوگیا اور مجھے اور ابا جان کو اس پر فخر ہے کہ آپ میرے اُستاد کی نشانی ہیں اسی لئے تو میں آپ کی اتنی عزت کرتا ہوں بیرسٹر صاحب کو لڑکیوں سے خاص طور پر محبت تھی اُن کی پہلی جو لڑکیاں کم سنی میں مرگئیں اُن کا بھی ذکر کیا کرتے تھے۔

لڑکیوں سے محبت اور اُن کی پیدائش پر شکر کرنا جب جون ۱۹۲۳ء میں اُن کی موجودہ بڑی لڑکی صابرہ خاتون سلمہا پیدا ہوئی تو اُن کو بے حد خوشی ہوئی اور اس بچی کو پیار میں بلکہ قلوب کہا کرتے تھے اور رہے انتہا چاہتے تھے ۱۹۲۳ء سے ۱۹۳۰ء تک پانچ لڑکیاں متواتر ہوئیں جو بفضل خدا زندہ و سلامت ہیں۔ وہ ہر ایک لڑکی کی پیدائش پر پہلے سے بھی زیادہ خوش ہوتے اور شکر کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ صاحب ہمارے ہاں تو رحمت خدا نازل ہوتی ہے کہتے ہیں کہ جس شخص کے ہاں چار بیٹیاں ہوں اور وہ اُن کی باقاعدہ

خبر گیری اور تربیت کرے اُس پر بہشت واجب ہو جاتی ہے اور ہمارے ہاں تو سات بیٹیاں ہوئیں۔ اس حساب سے ہمارے اوپر تو تقریباً دو بہشت واجب ہوگئی ہوں گی۔ سب سے چھوٹی لڑکی سے انتہائی محبت تھی قسمت نے آہ، افسوس ان معصوم بچیوں کو اس صغرسنی میں ایسے شفیق باپ کے سایۂ عاطفت سے محروم کر دیا۔

عزیزوں کے ساتھ حسن سلوک اگرچہ زیدی صاحب جیسے انسان کی تمام صفات اگر مفصل بیان کی جائیں تو ایک کتاب بن سکتی ہے مگر میں حتی الامکان اختصار کی کوشش کروں گی جیسا کہ میں اوپر عرض کر چکی ہوں وہ اپنی فیس وغیرہ اکثر لوگوں پر چھوڑ دیتے تھے تاہم ایک کامیاب بیرسٹر ہونے کی وجہ سے کافی آمدنی ہونی ممکن تھی لیکن باوجود اپنی اور اپنے متعلقین کی سادہ زندگی اور معاشرت رکھنے کے بھی وہ روپیہ پس انداز نہ کر سکتے تھے کیونکہ اُن کا جود و کرم جس طرح باہر عام تھا اسی طرح گھر میں اپنے اعزّہ، خاندان اور بھائی بندوں کے لئے تھا اور ابتدا ہی سے وہ اپنے اہل خاندان اور اعزّہ کا خرچ اُٹھاتے تھے۔ اور علاوہ مشترکہ اخراجات اُٹھانے کے اُنہوں نے اکثر اعزّہ پر فرداً فرداً بھی ہزاروں روپیہ صرف کیا ہے اور بہت سے عزیزوں اور بچوں کو معقول تعلیم دلائی ہے۔ اُنہوں نے کبھی کسی عزیز اور غیر کا بڑے سے بڑا سوال رد نہیں کیا۔ خواہ وہ ضرورت مندانہ ہوا اور اس کا سوال اُن کی استطاعت کے موافق ہو یا زیادہ وہ اپنی مروّت نیکی اور قدرتی جاگی وجہ سے نہ انکار کر سکتے تھے نہ یہ بات اُن کو پسند تھی کہ کسی کو اُس کی طلب سے کم دیں۔ اُنہوں نے خوشنودی خدا کے ساتھ اپنے والد بزرگوار کی خواہش اور خوشنودی کو بھی ہمیشہ مدنظر رکھا ہے اور اسی سبب سے اُنہوں نے اپنا تن من دھن سب کچھ وقف کر رکھا تھا اپنے خاندان کے لئے اُن کو اس کی پروا نہیں تھی کہ کوئی اُن کا احسان مانے یا اُس کو یہ علم ضرور ہی ہو کون ہمارے ساتھ کیا کر رہا ہے۔ خفیہ اور ظاہر ہر طریقہ سے عزیزوں کی مدد کرنا اُن کا فرض تھا اور اگر کوئی اُن کے ساتھ نیکی کے بدلے میں بھی برائی کرتا خواہ وہ اپنا ہو یا غیر کبھی اس سے بدلہ لینے کا خیال بھی نہیں کرتے تھے بلکہ پہلے سے زیادہ مروّت و اخلاق سے کام لیتے تھے۔ ہمیشہ ایسے موقعوں پر خود بھی صبر و ضبط سے کام لیا اور ہم لوگوں کو بھی یہی ہدایت کی۔ اکثر اس ایثار کی بدولت اُن کو اپنی ذات پر تکلیف اُٹھانی پڑتی تھی اور بارہا پشیمانی بھی ہوتی تھی لیکن وہ اس کو خاطر میں نہیں لاتے تھے اور ہر کسی کی برائی کو بھی اچھے معنی پہنا لیتے تھے۔

ضرورت سے زیادہ نیکی بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اُن کی ذات میں یہ کمی تھی اور یہ اُن کی ناعاقبت اندیشی سمجھی جاتی ہے لیکن سچ پوچھئے تو یہ اُن کی کوئی خامی نہ تھی بلکہ اُن کی بڑھی ہوئی فیاضی کا نتیجہ تھا۔

میری والدہ صاحبہ سے اکثر میرے نانا جان مرحوم خواجہ اخلاق حسین صاحب فرمایا کرتے تھے کہ بھئی سید مستحسن تو ضرورت سے زیادہ نیک واقع ہوئے ہیں۔ واقعی اُن کا فرمانا بالکل درست تھا۔ اور اس "سترہ سال" کی معیت میں مجھ کو اچھی طرح تجربہ اور اندازہ ہو گیا کہ بیرسٹر صاحب کی ذات میں کوئی سقم یا کمی نہ تھی بلکہ اُن کی ضرورت سے زیادہ سخاوت اور نیکی ہی کے سبب اُن کو یا مجھ کو بعض مرتبہ مشکلات پیش آتی تھیں، بہرحال مجھے اعتراف ہے اور فخر بھی کہ میرے شوہر میں ائمہ معصومین اور بزرگان دین کی خوبیوں کا پرتو تھا اور خدائے تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں میں جن صفات کی موجودگی ضروری بتائی ہے وہ اُن کی ذات والا صفات میں جمع تھیں۔ میں نے اپنے والد مرحوم کے علاوہ اتنی خوبیاں اگر کسی میں پائی ہیں تو وہ میرے شوہر ہیں۔ میرا عقیدہ ہے اور اکثر عزیزوں کا اس پر اتفاق ہے کہ اُن میں بحیثیت مجموعی بے انتہا خوبیاں موجود تھیں، وہ ایک بے مثل ہستی تھے فی زمانہ ایک شخص میں اتنی خوبیاں ہونا مشکل ہی نہیں بلکہ تقریباً ناممکن ہے۔

صفات حسنہ اُن کی نیکی۔ راست بازی۔ پاک باطنی۔ مذہبی پابندی۔ دینداری۔ غربا پروری۔ خوش اخلاقی۔ پارسائی۔ کنبہ پروری۔ ہمدردی۔ پرہیزگاری۔ جود و سخا۔ مروّت و حیا۔ صدق و صفا۔ صبر و تحمل۔ استقلال اور ایثار۔ حلم و عفو۔ اُن کا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر عمل۔ یہی وہ صفات ہیں جو مرحوم کی زندگی کو بے مثل اور قابل تقلید بنائے ہوئے تھیں اور اسی سبب سے خاکسار کے دل میں اپنے

شوہر کی بے انتہا عزت و وقعت حرمت و محبت ہے اور مرتے دم تک رہیگی جبکہ میں اُن کو ایک فرشتہ صفت انسان اور واجب احترام ہستی خیال کرتی تھی تو کس طرح ممکن تھا کہ اس سترہ سالہ زندگی میں اُن کی اطاعت میں کمی ہوتی یا اب اُس کے اعتراف میں فرق آسکتا۔ افسوس ان کی یہی خوبیاں اور صفات حسنہ اس حرماں نصیب کو اور بھی تمام عمر خون کے آنسو رُلائیں گی ورنہ ممکن تھا کہ دنیا کے قاعدہ کے موافق کچھ بتدریج اس غم میں کمی ہوسکتی مگر ان حالات میں یہ امر ممکن نہیں۔

وقف منصبیہ کی خدمات اور قومی کاموں سے دلچسپی | وقف منصبیہ میرٹھ کی جو خدمات زیدی صاحب مرحوم نے ۱۹۱۶ء سے ۱۹۳۶ء تک بیس سال متواتر کی ہیں اور جس جانفشانی سے انہوں نے اور ان کے والد نے اس خشک پودے کو اپنے خون سے سینچا ہے اور دردے درمے قلے سخنے اُس کی مدد کی ہے وہ اُن ہی کا حصہ تھا اور والد مرحوم نے جس خشک پودے کو اُن کے ہاتھ میں بادِ مخالف سے بچا کر دیا تھا وہ اُن دونوں حضرات کی جانکاہ کوشش سے سرسبز ہوگیا۔ شوق صاحبہ کے ساتھ اُن کے سامنے بھی اور اُن کے بعد بھی زیدی صاحب نے اُس کی برابر آب پاشی کی مگر اب کوئی دوسرا شخص ایسا نظر نہیں آتا بہرحال اب اُس کی حالت اتنی درست ہوگئی ہے کہ بادِ مخالف کا اثر نہ ہوسکے گا۔ بیس سال میں زیدی صاحب نے اور اُن کے والد نے اپنا ذاتی حق خدمت چالیس ہزار روپیہ وقف پر چھوڑا ہے جو وہ معاوضہ کی صورت میں لے سکتے تھے۔ نیز دیگر مذہبی کاموں اور قومی خدمات میں بھی بہت دلچسپی تھی حالانکہ اپنے کام میں مشغولیت کے سبب بہت کم وقت ملتا تھا مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین شیعہ کالج لکھنؤ اور حالی مسلم ہائی اسکول۔ انجمن حمایت الاسلام وغیرہ سے خاص طور پر ہمدردی تھی اور حتی الامکان اُن کی ترقی اور بہبودی میں کوشاں تھے۔ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس جب میرٹھ میں ہوا تو اُس میں بھی بڑا حصہ لیا اور اس کی کامیابی کی کوشش کی

علمی ذوق اور سخن فہمی | علمی شوق اور ذوق سخن بہت اچھا تھا فارسی اور اردو شاعری سے بہت شغف تھا اگرچہ وہ خود عموماً شعر نہیں کہتے تھے اور تصنیف و تالیف کا بھی زیادہ موقع نہیں ملتا تھا مگر اُردو ادبیات اور مشہور شعراء کی شاعری میں بہت دلچسپی لیتے اور محظوظ ہوتے تھے۔ مرزا غالب مرحوم۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال اور میر انیس اور مولانا حالی کی شاعری اپنی اپنی جگہ بہت پسند تھی اور بالخصوص غالب اور اقبال کی فارسی اور اُردو غزلوں اور نظموں کی بہت تعریف کرتے تھے اور اُن کے اکثر اشعار ورد زبان رہتے تھے۔ زیدی صاحبہ نے ایک ناول اور چند نظمیں خود بھی تصنیف کی تھیں انگلستان جانے سے قبل مگر ان کو شائع نہیں کرایا بلکہ اپنے ایک دوسرے عزیز کے نام سے موسوم کر دیا جن کی معیت میں لکھتے تھے۔

نرمی اور پُر اثر نصیحت | طبیعت میں نرمی اور ملائمت خاص طور پر تھی کسی شخص کی بُرائی سختی کا جواب بھی کبھی سختی سے نہیں بلکہ ہمیشہ نرمی اور بھلائی سے دیتے تھے۔ وقف منصبیہ کے متعلق اکثر مختلف قسم کی شکایات آتی رہتی تھیں اور اُن کا تدارک اور تصفیہ عموماً ایسی آہستگی اور نرمی سے کر دیتے تھے کہ کسی کو ناگوار نہ ہو چھوٹی چھوٹی شکایات اور معاملات کو کمیٹی وغیرہ کے سامنے پیش کرنے کی چنداں ضرورت پیش نہ آتی تھی سوائے اہم معاملات کے۔

وقف کے ایک طالبعلم کی تقریر | وقف منصبیہ کے ایک نومسلم طالب علم نے بیرسٹر صاحب کے سوئم کے دن اُن کے اخلاق و نرم دلی اور مشفقانہ نصیحت کے متعلق ایک تقریر کر لائے وقف منصبیہ میں کی تھی جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اُن کا اخلاق ہر کس و ناکس کے ساتھ کس قسم کا ہوتا تھا۔ اس طالب علم کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ چند دن قبل وفات بیرسٹر صاحب کے پاس وقف منصبیہ کے بورڈنگ ہاؤس سے بدمزہ کھانا ملنے کی شکایت کی اور اس میں پُر زور الفاظ استعمال کئے تو آپ نے نہایت نرمی اور محبت سے مجھ سے کہا کہ بھائی اس بات پر اتنا ناخوش نہیں ہونا چاہئے۔ ہم کو بھی علی گڑھ کالج میں ایسا ہی کھانا ملا ہے اور ایسے واقعے پیش آتے ہیں مگر ہم نے کبھی اس طرح شکایت نہیں کی اس کے اپنے دارالعلوم کی بدنامی ہوتی ہے جو خود اپنی بدنامی ہے۔ آئندہ سے انتظام کر دیا جائے گا۔ اور اس طرح سمجھاتے ہوئے اپنی کوٹھی واقع نوچندی سے بہت دور تک میرے شانے پر ہاتھ رکھے ہوئے میرے ساتھ

تشریف لائے میرے دل پر اس محبت اور نرمی کی نصیحت کا ایسا گہرا اثر ہوا کہ میں شرم سے پانی پانی اور اُن کے اخلاق کا گرویدہ ہوگیا۔

بچّوں اور نوکروں پر شفقت اپنے نوکروں اور بچّوں سے بھی ہمیشہ مہربانی اور محبت سے گفتگو کرتے اور نرمی سے پیش آتے تھے۔ کبھی کسی پر سختی کرنا اُن کو پسند نہیں ہوتا تھا۔ بلکہ اُن کا قول تھا کہ سختی کرنے سے بچّے اور ملازم بے حیا ہو جاتے ہیں۔ جو ملازم پرانے ہوتے اُن کا مثل عزیزوں کے ادب اور چھوٹے اور کم عمر نوکروں پر اپنے بچّوں کی طرح شفقت کرتے تھے بالخصوص ملازم عورتوں سے ہمیشہ آپ بولتے تھے اُن کو تم کبھی نہیں کہتے تھے۔ بڑوں اور چھوٹوں سب پر سلام میں سبقت کرتے تھے۔ خود مجھ کو بھی اکثر سلام میں سبقت کرنے میں ناکامی ہو جاتی تھی۔ کیسا ہی بڑا قصور ہو جائے کبھی ملازموں پر سختی نہیں کی۔ بلکہ یا تو درگذر کر دیا یا نرمی سے سمجھا دیا

حیا اور نیکی مزاج میں نیکی، حیا اور شرم اتنی تھی کہ کبھی غیر عورتوں کی طرف آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھتے تھے اپنے مکان میں بھی ہمیشہ آواز دے کر اور اجازت لے کر آتے تھے بغیر انتظار جواب کبھی نہیں آتے تھے۔ اپنے والد بزرگوار کی اپنے اس طرح فرماں برداری کرتے تھے کہ کوئی کم عمر بچّہ بھی نہ کرتا ہوگا۔ اور اپنے سے بڑے کا ادب اور ہر ایک چھوٹے بڑے سے محبت کرتے تھے۔ کبھی کسی کام کو کسر شان نہیں سمجھا بلکہ باوجود ملازموں کی موجودگی کے اکثر اپنا کام اپنے ہاتھ سے کر لیا کرتے یا مجھ سے کرا لیتے اور اُن کو تکلیف نہ دیتے خواہ کسی سے کیسا ہی کوئی نقصان ہو جائے بجائے سختی کے ہمیشہ نرمی سے اس کو سمجھا دیا اور معاف کر دیا اپنے دوستوں، عزیزوں، اور ملنے والوں کی ہر ایک تکلیف یا پریشانی میں ہمیشہ مدد کی اور ہر ایک ایسے موقع پر اُن کے ساتھ شرکت کی ہے۔

قرض حسنہ اکثر لوگوں اور بالخصوص اپنے عزیزوں کو اُن کی ضرورت میں ہمیشہ قرض دے دیتے تھے مگر کبھی اُس سے طلب نہیں کرتے تھے نہ اس کا خیال کرتے تھے۔ تمام عمر میں شاید چند ہی ایسی مثالیں ملیں کہ لوگوں نے کبھی اُن کا قرض واپس کیا ہو۔ لینے والے بھی اُس کو اپنا حق سمجھ کر مطمئن ہو جاتے تھے گویا انھوں نے دینے کی نیت سے لیا ہی نہ تھا۔ اور پھر سٹر صاحب بھی دے کر بھول جاتے تھے۔ زیدی صاحب مرحوم یقیناً اس آیت پر عامل تھے۔

واقیموا الصلوٰۃ واٰتوا الزکوٰۃ واقرضوا اللہ قرضاً حسناً وما تقدّموا لانفسکم من خیر تجدوہ عند اللہ ھو خیراً واعظم اجراً۔

باغ کا شوق باغ اور بالخصوص آموں کے باغ سے بہت دلچسپی اور آموں سے حد شوق تھا۔ اسی لئے زیدی صاحب نے جونپور چندی کے قریب باغ لگایا ہے اس میں قسم قسم کے آموں کے درخت لگائے ہیں۔ تقریباً سو سوا سو مختلف قسم کے آموں کی قلمیں انہوں نے اپنے باغ میں لگائی ہیں۔ باغ کی دیکھ بھال میں بھی بہت حصہ لیتے اور کبھی کبھی خود اپنے ہاتھ سے قلمیں لگاتے اور خود قلمیں باندھتے تھے اور خوش ہوتے تھے اور ہر فصل میں دو سو ڈیڑھ سو روپیہ کے آم خرید کر سب بچّوں گھر والوں اور عزیزوں کو کھلایا کرتے تھے۔ اور حسب عادت کھلا کر اور آموں کی قسمیں بتا بتا کر بہت خوش ہوتے تھے

علالت میں صبر کرنا ہمیشہ جس طرح روحانی کوفت یا پریشانی وغیرہ میں صبر سے کام لیتے تھے۔ اسی طرح جسمانی تکالیف پر بھی صبر کرتے اور مستقل مزاجی سے ہر بیماری اور علالت کو برداشت کرلیتے تھے اور کبھی علالت میں سوائے صبر یا شکر کے کلمۂ اُف تک زبان پر نہ آتا تھا۔ حتیٰ کہ اختلاج کے موقع پر بھی کسی قسم کی گھبراہٹ کا اظہار نہیں ہوتا تھا۔ بلکہ چہرے سے اطمینان اور مسکراہٹ پایا جاتا تھا۔ شکار کا شوق زیدی صاحب کو بہت تھا اور اکثر گرمی کے موسم میں بھی تعطیل کے موقع پر شکار کو جاتے تھے ایک مرتبہ گرمی کا موسم تھا اور رمضان کا مہینہ، حسب عادت کسی قریبی دیہات میں بغرض شکار گئے اور وہاں سے واپسی میں سڑک کی خرابی کی وجہ سے پیشانی اور ناک میں بہت چوٹ آئی اور بہت سا خون نکلا اور واپسی میں بھی دیر ہوگئی مجھے سخت پریشانی تھی کہ دیر کا کیا سبب ہے بارے نو بجے شب کے قریب واپسی ہوئی اور پیشانی اور سر میں چوٹ آجانے کا حال معلوم ہوا۔ میں حسب عادت سخت بے چین اور پریشان ہوئی ڈاکٹر کو بلا کر ڈریسنگ وغیرہ کرائی اور کچھ غذا وغیرہ کھانے اور آرام کرنے کے لئے عرض کیا لیکن باوجود سخت تکلیف کے زیدی صاحب کے چہرے پر حسب دستور اطمینان اور مسکراہٹ موجود تھی اور آپنے بجائے آرام کرنے اور کچھ کھانے پینے کے پہلے نماز پڑھی۔ اس کے بعد روزہ افطار کیا اس عرصہ میں تقریباً دس بجے کا وقت ہوگیا تھا۔ میں نے بہت منّت کی کہ آپ کل روزہ نہ رکھیں

اور دو چار روز آرام لیں لیکن انہوں نے باوجود بیحد اصرار اور اپنی تکلیف کے ایک بھی روزہ نہیں چھوڑا اور یہ کہا کہ یہ تو معمولی بات ہے اس میں روزہ چھوڑنے کی ایسی کیا ضرورت ہے آپ اطمینان رکھیں مجھے زیادہ کمزوری نہیں ہوئی بچوٹ بالکل معمولی ہے۔

اسی طرح ہمیشہ صوم وصلوٰۃ کی پابندی کا خیال رہتا تھا اور کسی حالت میں بھی نماز، روزہ ترک نہیں کرتے تھے۔ حتیٰ کہ آپریشن کے دن صبح کو بھی نماز پڑھی ہے۔ اور بعد آپریشن بھی انکی صرف دو دن کی نماز قضا ہوئی۔

البتہ کبھی کبھی زیدی صاحب زمانہ انگلستان کی نماز روزہ کی بابت کہا کرتے تھے کہ وہاں کا نماز روزہ کچھ دل کو نہیں لگا۔ اگرچہ ہم برابر پڑھتے رہے۔ کیونکہ وہاں کافی پاکی نہیں ہوسکتی تھی۔ لہٰذا اسی خیال سے میں نے انگلستان کے زمانہ کے چار سال کے نماز روزہ اب ادا کرائے ہیں، اگرچہ وہ اُن کے ذمہ قضا نہ تھے۔

باغ میں زمانہ قیام نئے مکان ۱۹۰۷ء سے شروع ۱۲ سال ۱۹۳۶ء تک شہر کے مکان میں رہے۔ مگر کچھ عرصہ سے صحت کے خیال اور باغ کے شوق کی وجہ سے باغ میں مکان بنوایا تھا۔ اور ۲ مارچ ۱۹۳۵ء کو وہاں جا کر قیام کیا تھا مع اپنے خاندان اور اعزہ کے اس کو سوئے اتفاق کہا جائے یا مکان کی نحوست کہ جس دن ایک سال پورا ہوا اُسی روز زیدی صاحب کے آپریشن ہوا اور اس کے چالیس گھنٹے بعد اس دار فانی سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہو کر اتنی جلد تبدیل مکان کر لیا۔ افسوس"

کیفیت علالت اور آپریشن زیدی صاحب کی علالت اور آپریشن کی مختصر کیفیت یہ ہے کہ دسمبر ۱۹۳۶ء میں یعنی ۲۳ رمضان کو بوقت شب جس دن زیدی صاحب کے چھوٹے بھائی سید مرتضیٰ زیدی کا عقد تھا اس کے سلسلہ میں وہ اپنے ہاں دعوت کا دسترخوان بچھوا رہے تھے کہ یکایک اُن کے زیر ناف درد ہوگیا جو کبھی اس سے قبل نہیں ہوا تھا اور سخت تکلیف کی وجہ سے اُن کے چہرہ سے آثار تکلیف نمایاں ہوگئے اور چہرہ زرد ہوگیا اگرچہ بے حد صابر تھے اور اپنی تکلیف کا اظہار زبان سے نہیں کرتے تھے لیکن انسان کے قلب کی حالت چہرے سے ظاہر ہو جاتی ہے وہاں اتفاق سے ایک دوست ڈاکٹر صاحب موجود تھے انہوں نے پہچان کر کہا کہ بیرسٹر صاحب آپ کو سخت تکلیف معلوم ہوتی ہے آپ جا کر آرام لیں اور لیٹ جائیں چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اس شب کو کئی گھنٹے تکلیف رہی اور اس کے بعد اکثر اس قسم کی تکلیف ہوتی رہی جس سے بہت بے چینی ہوتی تھی اور جب زیدی صاحب جیسے صابر انسان سے ضبط مشکل ہوگیا تو انہوں نے کئی ڈاکٹروں کو دکھایا اور اس کے متعلق رائے دریافت کی۔

ڈاکٹروں کی رائے تو ڈاکٹروں نے فوراً آپریشن کرانے کی رائے دی اور یہ کہا کہ اس کے سوا اس درد کا کوئی علاج نہیں ہے اور آپریشن نہ کرانے میں خطرہ ہے اور کرانے میں کوئی اندیشہ نہیں کیونکہ یہ بالکل معمولی چیز ہے۔ آہ ڈاکٹر آپریشن کرنے پر تیار ہوگیا اور اس آپریشن کو اتنا معمولی ظاہر کیا کہ گھر پر ہی کرنے کو تیار ہوگیا۔ چنانچہ میرے باوجود بہت منت اور اصرار کے بھی کہ آپ آپریشن نہ کرائیں، یا دہلی ڈاکٹر جوشی سے کرائیں زیدی صاحب مرحوم نے اُس کی رائے پر عمل کیا اور آپریشن کرالیا۔

چنانچہ ۲ مارچ ۱۹۳۷ء کو دس بجے صبح کے وقت اسی ڈاکٹر نے گھر پر آکر آپریشن شروع کیا۔ ہندو مسلمان تین ڈاکٹر اور شریک تھے اور اس میں کوئی ایسی خرابی پیدا ہوگئی کہ زیدی صاحب کو تین گھنٹے تک ڈاکٹروں نے کلوروفارم کے ذریعہ بیہوش رکھا اور ایک بجے اس سے فارغ ہوئے اور اس تمام وقت میں آپریشن کرتے رہے اور کلوروفارم دیتے رہے۔ اور اپنی غلطی سے غائف ہو کر نہ اُس وقت کسی بڑے ڈاکٹر سے مدد طلب کی نہ بعد میں اس کا اظہار کیا بلکہ سب ڈاکٹر یہ کہتے رہے کہ آپریشن بہت کامیاب ہوگیا اور بغیر کسی خاص طبی ہدایت کے چھوڑ کر چلے گئے۔

حالانکہ چوبیس گھنٹے تک خاص طور پر احتیاط کرنی چاہئے تھی مگر کچھ نہ کیا نہ کوئی ڈاکٹر پاس رہا نہ کسی کیمیکل کو ڈور کو چھوڑا غرض ان تمام الٹی تدبیروں کا یہ نتیجہ ہوا کہ چالیس گھنٹے کی مسلسل سخت تکلیف اٹھانے کے بعد ۴ مارچ ۱۹۳۷ء کو ۴ بجے صبح اس فرشتہ خصال انسان نے اس دار فانی سے عالم جاودانی کو رحلت فرمائی اور اپنے سب عزیزوں دوستوں اور بالخصوص اپنے حرماں نصیب بیوی بچوں کو مثل ماہی بے آب و تاب چھوڑ کر جنت کی راہ لی۔ افسوس یہ آپریشن نہیں تھا بلکہ زیدی صاحب کی شہادت تھی ؎

ہزار حیف کہ زیدی زدار فانی رفت

واحسرتا! اگر ڈاکٹر اپنی غلطی پر پردہ نہ ڈال دیتے اور خاکسار کو تدارک کا موقعہ مل جاتا تو اپنے دل کی حسرت تو علاج وغیرہ میں کوشش کر کے نکالی جا سکتی تھی۔ مگر افسوس ہزار افسوس کہ ہم جیسے بدقسمتوں نے اس بے مثل عزیز دوست کو اس طرح اپنے ہاتھ سے کھو دیا۔ آخر میں کئی بڑے ڈاکٹر بلائے گئے مگر پھر کیا ہو سکتا تھا۔ آہ میں نے کس قدر کوشش کی اور ڈاکٹروں سے بمنت کہلا کر بھیجا کہ میرے بازو سے خون لے کر بیرسٹر صاحب کے جسم میں داخل کر دیں شاید قوت آجائے مگر ڈاکٹروں نے یہ بھی نہ مانا۔ ع

وائے ناکامی کوئی حسرت نہ پوری ہو سکی

اس دو دن میں ڈاکٹروں نے کوئی غذا دودھ وغیرہ یا پھلوں کا عرق نہ دیا اور یہ کہا کہ تیسرے دن سے پہلے کچھ نہیں ملے گا۔ افسوس صد افسوس تیسرا دن شروع بھی نہ ہوا تھا کہ بھوک پیاس اور زخموں کی تکلیف اٹھا کر وہ اس ناقدر شناس دنیا سے روپوش ہو گئے اور ان کو اس طرح درجۂ شہادت مل گیا۔ اور جمعہ کو بروز شہادت مسلم اور روز حج انہوں نے ستینتالیس سال کی عمر میں انتقال کیا۔ انتقال سے کچھ دیر قبل یہ کہا کہ افسوس مجھے علم نہ تھا کہ یہ اپریشن میرے لئے ایسا مہلک ثابت ہوگا۔ یہ خبر ہوتی تو میں اپریشن نہ کراتا، افسوس اس کا ہے کہ ابھی میرے بچے بہت چھوٹے ہیں مجھے ان کے لئے زندہ رہنے کی ضرورت تھی۔ آہ آخر وقت بھی زبان پر کلمۂ توحید اور کلام الٰہی جاری تھا اور لبوں کو یاد الٰہی میں جنبش تھی۔

انتقال کا اثر اس خبر وحشت اثر سے تمام شہر میں ایک سناٹا چھا گیا اور تمام گھر میں حشر برپا ہو گیا اور ان کے دوستوں عزیزوں تک نے ان کا ماتم کیا اور حرماں نصیب بیوی بچوں کے لئے تو یہ قیامت خیز واقعہ ہمیشہ کے لئے غم و الم کو کافی ہے۔ ان کی حالت جس قدر غیر موہ کہے اور جتنا تڑپیں بجا ہے۔ میرے پاس تمام دیہات و شہر میں سے اکثر بیوہ اور غریب عورتیں آکر روتی ہیں کہ ہم آج آپکے ساتھ بیوہ ہو گئے اور ہمارے بچے یتیم اور ان کے اکثر عزیز یتیم بچے کہتے ہیں کہ ہم تو آج یتیم ہو گئے ہیں تو اپنے والد کا مرنا معلوم نہ ہوا تھا ہمارے والد تو چچا جان تھے جو باپ سے زیادہ شفیق تھے آہ کس طرح لکھوں اور کس زبان سے کہوں کہ تقریباً ۳ بجے دن کے جنازہ اٹھایا گیا شہر کے قریب پہنچتے پہنچتے کئی ہزار آدمیوں کا ہجوم ہمراہ جنازہ زیدی صاحب مرحوم تھا۔ ہندو، مسلمان ہر ایک مذہب و ملت کے آدمیوں کا اور دیکھنے والوں کا بیان ہے کہ غم والم ہر ایک شخص پر ایسا چھایا ہوا تھا کہ گویا سب کا خون خشک ہو گیا ہے ایک تو زیدی صاحب جیسے انسان کی موت اور پھر ناگہانی، سب کو جس قدر حیرت اور غم ہو کم ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ میرٹھ میں یا نواب محمود علی خاں مرحوم کے جنازہ پر اتنا ہجوم تھا یا بیرسٹر صاحب کے کسی تیسرے شخص کی مثال نہیں پائی جاتی آہ کربلائے منصبیہ کے قبرستان میں زیدی صاحب کے جسم پاک کو سپرد خاک کر دیا گیا۔ اور دنیا ایسے مربی و محسن سے خالی ہو گئی ؎

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں ۔ خاک میں کیا صورتیں ہونگی کہ پنہاں ہو گئیں

میرا عقیدہ ہے کہ زیدی صاحب جیسی خوبیوں کے انسان مرتے نہیں بلکہ ہماری آنکھوں سے پنہاں ہو جاتے ہیں اور ہم لوگ بدقسمتی سے ان کی خوبیوں اور عنایات سے محروم ہو جاتے ہیں ورنہ اصلی معنی میں وہ زندہ ہیں کیونکہ ان کی تو ایک طرح کی شہادت بھی ہوئی ہے ؎

تمہیں کہتا ہے مردہ کون، تم زندوں کے زندہ ہو
تمہاری خوبیاں زندہ، تمہاری نیکیاں باقی

اخبارات کی رائیں

اکثر اخباروں نے بیرسٹر صاحب کے انتقال پُر ملال پر اس طرح اظہار افسوس کیا ہے

(۱) از رسالہ طبی دنیا دہلی جلد نمبر (۱) نمبر (۹) صفحہ ۲۶

آہ سید محسن سید محمد محسن صاحب زیدی بیرسٹر کے ہوش و حواس انتقال سے دس منٹ پہلے تک بجا تھے۔ وہ چالیس گھنٹے پہلے چلتے پھرتے جوان تھے اور اپریشن کے بعد قبر کی آغوش کے مہمان ہو گئے۔ اس حادثہ کا غم سارے شہر پر چھا گیا۔ عدالت بند ہو گئی۔ کاروبار بند کر دئے گئے۔ ہندو مسلمان خواص و عوام میں سے شاید ہی کوئی فرد ہوگا جو اس جوان مرگ کے جنازہ پر نہ ہو۔

سید مرحوم سادات بنی فاطمہ سے تھے۔ مرنج و مرنجان، سخی اور جواد۔ پابند مذہب پیشہ بیرسٹری، مگر طریقہ حمایت مظلوم، سچ کے طرفدار۔ جھوٹ سے انکار۔ اور جھوٹ کی پیروی سے بیزار۔ پیشہ میں کامیاب۔ لیکن گھر ثروت دنیا سے خالی۔ جو کمایا خدمت خلق میں صرف کیا۔ عزیز دلہا اور مقبول خاص و عام ہوئے اک شان سادات کرام کی دکھائی اور دنیا سے منہ چھپا لیا۔

(۲) از کانفرنس گزٹ جلد ۷، نمبر ۱۱ مارچ ۱۹۳۶ء

سید محسن کی رحلت میرٹھ کی یہ خبر ہم نے نہایت افسوس کے ساتھ سنی کہ سید محمد محسن صاحب زیدی خلف الرشید سید محمد حسین صاحب شوق مرحوم نے گذشتہ ہفتہ میں رحلت کی۔ اسی دو سال قبل میرٹھ میں جو اجلاس ہوا تھا اُس کے کامیاب بنانے میں آپ کی کوشش بھی شامل تھی اور ابتدا سے آخر تک آپ اس کارروائی میں دلچسپی سے حصہ لیتے رہے تھے، آپکے نامور والد سید محمد حسین شوق کو بھی علی گڈھ تحریک اور اس کے کاموں سے عمیق تعلق تھا سید محمد محسن صاحب کیمرج یونیورسٹی کے بی۔ اے اور بیرسٹر تھے اور باوجود اعلیٰ تعلیم یافتہ اور کامیاب قانون پیشہ ہونے کے سادہ معاشرت رکھتے تھے۔ اپنی قابلیت اور حسن معاشرت کی وجہ سے آپنے میرٹھ میں ایک ممتاز حیثیت حاصل کر لی تھی۔ مرحوم نے چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑے ہیں جن کا اپنے والد کے ظل عاطفت سے محروم ہو جانا ایک اندوہناک واقعہ ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان بچوں کی زندگی کو کامیاب بنائے اور پس ماندگان کو صبر کی توفیق عطا فرمائے۔

(۳) ایک اور اخبار نے اس طرح لکھا ہے۔

سید محمد محسن کی ناگہانی وفات میرٹھ کے مشہور اور ممتاز بیرسٹر اور وقف منصبیہ کے آنریری متولی سید محمد محسن صاحب زیدی نے ۴ مارچ ۱۹۳۶ء یوم بدھ کو اس عالم فانی سے الم ناک اور یاس انگیز طور پر رحلت فرمائی۔ اور دنیا ایک ایسی بے نظیر ہستی سے خالی ہو گئی جس کے حسن اخلاق۔ مروت۔ ہمدردی۔ خلوص و محبت نیک نیتی اور عالی دماغی کے صرف دوست ہی نہیں بلکہ دشمن بھی مداح تھے۔ میرٹھ کے ہر مذہب و ملت کے لوگ اس فرشتہ سیرت انسان کا ماتم کر رہے ہیں مرحوم خان بہادر سید محمد حسین شوق کے سنجھلے صاحبزادے تھے اور میرٹھ کی بار کے مشہور بیرسٹروں میں آپ کا شمار تھا۔ آپ کی عمر ابھی پورے پچاس سال کی بھی نہ تھی۔ آپ کو چند ماہ سے آنت اُترنے کی شکایت لاحق ہو گئی تھی جس پر آپ کے دوست ڈاکٹرنے اپریشن کرانے کی رائے دی۔ لیکن افسوس صد افسوس کہ یہ اپریشن خلاف امید غضبناک اور مہلک ثابت ہوا۔

تاریخہائے وفات

زیدی صاحب کی تاریخہائے وفات جو خاکسار نے نکالی ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔ اُن کی خصوصیت ان تاریخوں سے بھی ظاہر ہوتی ہے یعنی ایک مادہ تاریخ تو آیۂ کلام مجید ہے جس کے نکالنے میں مجھے کوئی دقت نہیں ہوئی بلکہ آیۂ مذکورہ سے صرف پہلا حرف (ف) نکال دینے سے پوری تاریخ ۱۹۳۶ء وفات زیدی صاحب نکل آتی ہے اور دوسری فارسی اُردو تاریخوں میں لفظ قدسی صفت اگر پوری تاریخ نکلتی ہے۔

(۱) عربی مادہ تاریخ از قرآن مجید۔ ادخلی فی عبادی وادخلی جنتی (میرے خاص بندوں میں شامل ہو اور میری جنت میں داخل ہو)

(۲) اُردو مادہ تاریخ۔ عازم الجنت ہوئے محسن قدسی صفات ۱۹۳۶


(۳) فارسی مادہ تاریخ۔ محسن خلد برفت ۱۹۳۶

(۴) فارسی قطعہ تاریخ جو خاکسار نے لوح مزار پر کندہ کرانے کے لئے لکھا ہے

این روحی لک فدا یا سیدی — این محسن لک روحی فدا
صابر و شاکر، تقی و متقی — مومن کامل کریم و باصفا
خلق تو محسن و محمود بود — نام تو سرد فتر اہل وفا
کار وقف منصبیہ ساختی — خدمت اسلام کردی بے ریا
یافتند از ذات تو فیض عمیم — مسلم و ہندو فقیر و اغنیا
اے یتیم و بیوہ را پشت و پناہ — بیکس و مظلوم را حاجت روا
بندۂ حکم خدائے دو جہاں — خادم دین محمد مصطفیٰ
چشم من خوں ریز و قلبم پاش پاش — آہ سرتاجم زمن گشتی جدا
الوداع اے زیدیٔ قدسی صفات — جان و دل بر روح پاک تو فدا
در دکن ار بطف حق آسودہ باد — سید من صاحب صدق و صفا
سیزدہ شعبان بہ دنیا آمدی — روز عرفہ رفتی از دار فنا
جاں بادی حیف در جوش و خلش — اے شہید نشتر ظلم و جفا
بہر سال رحلت مائلف بگفت — زیدی القدسی صفت کردہ قضا
۱۹۳۶



عالیجناب خواجہ سید حسن صاحب باالقابہ




عالیجناب سید کلب مصطفیٰ صاحب باالقابہ



عالیجناب سید علی صفدر رضا صاحب باالقابہ



عالیجناب سید محمد مہدی صاحب باالقابہ



علیجنابسیّد منظور علیصاحب باقاؔ



علیجناب سیّد حضور الحسن صاحب مالقابہ



علیجنابسیّد شہنشاہ حسین حسناؔ بالقابہ



علیجنابسیّد امداد حسین حسناؔ بالقابہ

عالیجناب ڈاکٹر سیّد ناصر عبّاس صاحب (فتح پوری) دہلی

حالات زندگی آپ دہلی کے معزز و ممتاز خاندان سادات سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپکا خاندان تعلیم نسواں کا زبردست حامی ہے اور اعلیٰ تعلیم کے جوہر سے آراستہ ہیں۔ آپ نے لکھنؤ سے ایم۔ بی۔ بی ایس کا امتحان پاس کرکے کچھ عرصہ سرکاری ملازمت کی اس کے بعد دہلی میں طبیہ کالج میں سرجن ہوگئے اور ترقی کرکے اب پرنسپل طبیہ کالج ہیں اور آپنے ہر دو عہدوں کی خدمات کو بطریق احسن انجام دیا۔ دہلی میں اپنی ذاتی پریکٹس شروع کردی آپکا دھلی کے ممتاز ڈاکٹروں میں شمار ہوتا ہے نہ صرف دہلی کے شیعہ بلکہ باہر کے مومنین بھی آپ کے فن سے کافی فائدہ اُٹھاتے ہیں آپ نہایت خلیق اور منکسر المزاج ہیں شخص سے نہایت خلوص سے ملتے ہیں قومی خدمات کا بیحد شوق ہے۔ انجمن وظیفہ سادات کے مئی ۱۹۳۲ء سے ممبر ہیں

عالیجناب سیّد مداد حسین صاحب سادات گنج لاہور

حالات زندگی آپ کی ابتدائی تعلیم اُردو۔ دینیات۔ فارسی وغیرہ گھر پر ہوئی۔ اس کے بعد انگریزی کی تعلیم حاصل کی۔ پھر ملازمت اختیار کی۔ بڑے مخلص قومی کارکن ہیں۔ پنجاب کے دورہ میں ہمدانی صاحب کی سفارش پر انجمن کی ممبری جون ۱۹۳۶ء سے قبول فرمائی تھی۔

عالیجناب سیّد شہنشاہ حسین صاحب اٹاوی حیدرآباد دکن

حالات زندگی آپ بمقام اٹاوہ ۹ جون ۱۸۹۰ء کو پیدا ہوئے۔ آپ سادات باہرہ کے ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ سیّد شفیق حسن صاحب کے فرزند اکبر ہیں۔ آپ کے نانا خان صاحب میر عزیز حسن صاحب آنریری مجسٹریٹ اور دادا سید رفیق حسن صاحب ڈپٹی کلکٹر ریاست دکن میں تھے۔ قومی امور سے آپ کو خاص دلچسپی ہے۔ اور آپ ایک درد آشنا دل رکھتے ہیں۔ قومی اداروں کی اعانت کو اپنا فرض خیال فرماتے ہیں۔ اصلی وطن اٹاوہ ہے۔ لیکن آپ حیدر آباد ... میں مقیم ہیں انجمن کے اواخر ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

پروفیسر سیّد حضور الحسن صاحب ایم ایس سی۔ لکھنؤ

حالات زندگی نیٹور ضلع بجنور آپ کا وطن ہے ۱۹۰۰ء میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد ماسٹر سید شبیہ الحسن صاحب کی زیر نگرانی شروع کی اس کے بعد کیننگ کالج لکھنؤ سے ۱۹۲۴ء میں۔ بی۔ ایس۔ سی کا امتحان پاس کیا اور اسی وقت سے آپ کرسچین کالج میں پروفیسر ہیں۔ بڑے خوش اخلاق اور متواضع ہیں۔ انجمن کے ہمدرد ہیں۔ اپنے حلقہ احباب میں دائرہ انجمن کو وسیع کرنے میں سعی فرماتے رہتے ہیں۔ آپ انجمن کے ۱۹۳۵ء سے ممبر ہیں۔

نوٹ جن حضرات نے سلور جوبلی کا عطیہ مرحمت نہیں فرمایا ہے وہ جلد توجہ فرمائیں۔ (مدیر)

عالیجناب سیّد اختر حسنین خان صاحب رئیس امروہہ

حالات زندگی آپ کی ابتدائی تعلیم فارسی اُردو عربی وغیرہ محلہ دانشمند کی کتب میں ہوئی اس کے بعد الہ آباد یونیورسٹی سے منشی کا امتحان پاس کیا انگریزی بھی بقدر ضرورت .... پڑھی اور اپنے زمینداری کے کاموں میں مصروف ہو گئے۔ امروہہ کے معززین میں شمار ہوتے ہیں آپ کے یہاں عزاداری امام مظلوم بھی ہوتی ہے جس کے واسطے ایک وقف ہے جسکے آپ متولی ہیں نہایت منکسر المزاج اور خلیق واقع ہوئے ہیں۔ شیعہ آرٹس اسکول کے سرپرستوں میں ہیں سو روپیہ کا گرانقدر عطیہ آرٹس اسکول کو مرحمت فرمایا۔ امام المدارس ہائی اسکول امروہہ کی مجلس منتظمہ کے رکن خاص ہیں ایک غریب طلبا کی ہر سال اپنی جیب خاص سے فیس وغیرہ کی امداد فرماتے رہتے ہیں میرے خاص کرمفرما ہیں اپریل ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں اس سے خاص لگاؤ رکھتے ہیں

عالیجناب محمود علی صاحب ہاشمی۔ پانی پت۔ دہلی

حالات زندگی آپ پانی پت کے معزز خاندان کے جوشیلے فرد ہیں آپ کے والد ماجد میر حامد علی صاحب مرحوم تحصیلدار اپنے مذہبی جذبہ اور قومی خدمات کے لئے مشہور و ہر دل عزیز تھے۔ انٹرنس پاس کرنے کے بعد کالج میں داخل ہو گئے لیکن تلاش روزگار کی فکر لاحق ہوئی اور تعلیمی سلسلہ منقطع کر دیا۔ آج کل آپ ڈائریکٹر آف ریلوے کے دفتر میں اسسٹنٹ ہیں قومی خدمات کا شوق بیحد ہے۔ انجمن اثنا عشریہ دہلی کے تین سال نائب صدر رہے اور ۲ سال سے سکریٹری ہیں انجمن وظیفہ سادات کے جوشیلے ممبر ہیں جب سے انجمن کا صدر دفتر نیو دہلی میں ہے آپ اسسٹنٹ سکریٹری ہیں۔ بڑے خلیق اور زندہ دل ہیں۔ اپریل ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔ فوٹو وفد رامپور میں موجود ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

سیّد ظفر حسین صاحب نیو دہلی

حالات زندگی آپکی ابتدائی تعلیم فارسی۔ اُردو وغیرہ انبالہ میں ہوئی اس کے بعد انبالہ سے انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ کالج میں داخل ہو گئے لیکن کچھ عرصہ کے بعد تعلیمی سلسلہ منقطع کر کے ملازمت کر لی۔ آجکل آپ لیجسلیٹو اسمبلی ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف انڈیا میں اسسٹنٹ ہیں۔ اور قومی خدمات میں بڑی دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں۔ جب میں پنجاب کا دورہ کرتا ہوا انبالہ پہنچا تو آپ کے یہاں مہمان ہوا اور آپ کے برادر خورد ..... نے بڑی خاطر و مدارات کی بشمول انجمن حیدریہ جنٹرڈ کے روح رواں ہیں انجمن اثنا عشریہ نیو دہلی کے نائب صدر ہیں۔ انجمن کے ۱۹۳۵ء سے باقاعدہ ممبر ہیں اور اس کے واسطے توسیع ممبران میں ساعی رہتے ہیں فوٹو گروپ فدرامپور میں موجود ہے۔

سیّد منظور علی صاحب اور سیر دہلی

حالات زندگی آپ ضلع بلند شہر کے ایک مشہور و معروف قصبہ کے معزز خاندان کے فرد ہیں رُڑکی کالج سے اوورسیری کا امتحان پاس کر کے مختلف مقامات پر رہے اب آپ ایک عرصہ سے دہلی میں سنٹرل پی ڈبلو ڈی میں اوورسیر ہیں انجمن اثنا عشریہ کے دو سال سے نائب صدر ہیں انجمن وظیفہ سادات کے ستمبر ۱۹۳۵ء سے ممبر ہیں

عالیجناب سید علی صفدر صاحب قصبہ بڑاگاؤں جونپور

حالات زندگی سید علی صفدر صاحب ۱۸۸۱ء میں قصبہ بڑاگاؤں ضلع جونپور میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار مولوی سید مرتضیٰ حسین صاحب مرحوم ایک بڑے پایہ کے عالم جید تھے۔ آپکی ابتدائی تعلیم اُردو۔ عربی فارسی وغیرہ والد ماجد کے زیر نگرانی ہوئی۔ انگریزی بھی بقدر ضرورت لکھنؤ و پٹنہ میں حاصل کی آپ چار سال تک رائجوت رجمنٹ فیض آباد میں فوجی فرائض کو کمال محنت و توجہ سے ادا کرتے رہے اور ہر حیثیت سے سربلند و ممتاز رہے۔ آجکل آپ محکمہ ڈاکخانہ میں ملازم ہیں

آپ ایک درد آشنا دل رکھتے ہیں کتب بینی اور مطالعہ اخبارات و رسائل کا خاص شوق و ذوق رکھتے ہیں انجمن ناصر الاسلام قصبہ بڑاگاؤں کا وجود آپکی قومی ہمدردی کا ثبوت ہے مقامی دستہ رضاکاران جنت البقیع کی قیادت اور اسکی ترقی زیادہ تر آپکی توجہ کی مرہون منت ہے۔

محکمہ بندوبست میں ہردوئی فیض آباد اور ریاست رام پور میں بہ زمانۂ ملازمت بڑی دلچسپی سے خدمات انجام دیں۔ آپ دسمبر ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیٹھ جعفر رشید صاحب صدر بازار دہلی

حالات زندگی جناب سیٹھ رشید صاحب ولد جعفر صاحب ۱۸۸۵ء میں موندرہ شہر ریاست کچھ میں پیدا ہوئے پندرہ سولہ سال کی عمر میں ۱۹۰۱ء میں دہلی تشریف لائے اور یہاں پر تجارت کا سلسلہ شروع کیا اور اب ترقی کر کے صدر بازار میں بہت بڑے گلاس ویر چینٹ ہیں۔ انجمن کے ہمدرد ہیں۔ دہلی کی قومی انجمنوں میں چندہ وغیرہ سے دریغ نہیں فرماتے ہیں۔ آپ ۱۹۳۱ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید محمد مہدی صاحب پیشکار انجمن وظیفہ سادات و مومنین دہلی

(رائے بریلی)

حالات زندگی سید محمد مہدی صاحب کا وطن مالوف رائے بریلی ہے ابتدائی تعلیم رائے بریلی میں ہوئی۔ انٹرنس تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد پنجاب تشریف لے گئے اور مختلف مقامات پر مدرس رہے۔ پانی پت میں ایک عرصہ تک مدرس رہے۔ چھ سال سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے پیشکار ہیں۔ انجمن سے خاص محبت ہے

میرے ہمراہ پنجاب کے دورہ پر دو ماہ کی رخصت لیکر گئے۔ سالانہ رپورٹ کی ترتیب ضمیمہ جات وغیرہ میں مصروف تھے کہ آپ کے والد بزرگوار کی بیماری کا حال معلوم ہوا۔ اور جب آپ رائے بریلی پہنچے تو آپ کے والد ماجد میر سید مہدی صاحب کا انتقال ہو چکا تھا۔ انجمن کے ممبر بھی ایک عرصہ تک رہ چکے ہیں۔

مدرسۃ الواعظین لکھنؤ یہ ادارہ ایک عرصہ دراز سے تبلیغی خدمات اعلیٰ پیمانہ پر بطریق احسن انجام دے رہا ہے۔ اسکی اعانت کرنا قومی فریضہ ہے

امامیہ مشن لکھنؤ مذہبی رسائل کی اشاعت اسکا نصب العین ہے۔ رسائل خرید فرما کر ملاحظہ کیجئے اور اسکی ہدیہ قبول فرما کر تقویت دین کا باعث ہو جئے۔

عالیجناب خواجہ سعید حسن صاحب انصاری دہلی

حالات زندگی آپ کا وطن مالوف پانی پت ہے۔ تعلیم اُردو فارسی۔ انگریزی وغیرہ پانی پت میں ہوئی اس کے بعد ملازمت کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ پانی پت انجمن حسینیہ کے آنریری جنرل سکریٹری ہیں۔ شیعہ پنچایت کے ممبر ہیں۔ دہلی میں شیعہ یتیم خانہ انجمن حسینی کے جائنٹ سکریٹری ہیں آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی مرکزی کمیٹی کے بھی ممبر ہیں بڑے مخلص کارکن ہیں۔ ڈی۔ اے۔ جی پی اینڈ کے دفتر میں آڈیٹر ہیں۔ انجمن کے خاص ہمدرد ہیں اور نومبر ۱۹۳۲ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید کلب مصطفیٰ صاحب وکیل رائے بریلی

حالات زندگی آپ ۱۰ نومبر ۱۸۹۹ء کو بمقام جائس ضلع رائے بریلی پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلہ نسب امام علی نقی علیہ السلام تک منتہی ہوتا ہے آپ کے مورث اعلیٰ نواب نجم الملک سید نجم الدین سبزواری قائم جائس ۱۲۱۰ھ سے لاکھنو تشریف لائے تھے۔ آپ کے آباؤ اجداد میں بڑی بڑی ذی علم بااثر اور مقدس ہستیاں پیدا ہوئی ہیں جن کے کمال کا سکہ ہند سے عراق تک چلتا رہا۔ پانچ برس کی عمر میں بمقام ایٹہ بسم اللہ ہوئی جہاں آپ کے پدر بزرگوار مولوی سید کلب جعفر صاحب قبلہ مرحوم بسلسلہ ملازمت انگریزی مقیم تھے۔ گھر پر ابتدائی تعلیم عربی۔ کلام مجید۔ فارسی اُردو وغیرہ حاصل کی نو سال کے سن میں رائے بریلی کے مدرسہ انگریزی میں داخل ہوگئے ۱۹۲۶ء میں انٹرنس رائے بریلی سے ۱۹۲۸ء میں ایف۔ اے گورنمنٹ جوبلی کالج لکھنؤ سے اور ۱۹۳۰ء میں آگرہ کالج سے بی۔ اے پاس کیا اسکے بعد ایل۔ ایل بی آگرہ کالج سے پاس کیا۔ دوران تعلیم میں آپ کی تعلیم و تربیت کی تمامتر ذمہ داری فخر قوم مولوی سید کلب عباس صاحب اور مولوی کلب احمد صاحب آقائی سے متعلق رہی۔

زمانہ طالب علمی آپکا بڑا شاندار رہا اور اپنے ہمعصروں میں ہمیشہ ممتاز رہے آپ نے مختلف تعلیمی درسگاہوں میں انگریزی اور اُردو میں تقریریں فرمائیں۔ تقریر کا شوق بچپن ہی سے ہے۔ آگرہ کالج میگزین کے مدیر تھے آپ کو قومیات سے بہت دلچسپی ہے آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے زبردست حامی ہیں اور آپ ایک درد آشنا دل رکھتے ہیں۔ بڑی دھواں دھار تقریریں کرتے ہیں یعقوب الحسن تنظیم فنڈ اور انجمن مآثر تبرکہ کے سکریٹری ہیں اور اپنے فرائض کو بطریق احسن انجام دیتے ہیں۔

آپ کی ذات قوم کے لیئے باعث فخر ہے۔


آپ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے بڑے ہمدرد ہیں۔

آپ نومبر ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید اصغر حسین صاحب لکھنوی (دہلی)

حالات زندگی آپ لکھنؤ کے معزز خاندان سے تعلق رکھتے ہیں دہلی میں تاجر عطریات بڑے دیندار اور مذہبی بزرگ ہیں دہلی میں مستقل سکونت اختیار کرلی ہے اس لیئے کہ میں نے دیکھا کہ آپ نے ایک عالیشان مکان دہلی میں تعمیر کرالیا ہے۔ اس مکان کو آپ نے بڑے سلیقہ کیساتھ تعمیر کرایا ہے۔


آپ نے ایک نہایت قلیل سرمایہ سے عطر کا کاروبار شروع کیا اور اب چند سال ہی بعد نہایت معقول ترقی کرلی ہے۔ آج کل آپکی دو دکان نصرف دہلی میں بلکہ مضافات دہلی میں معتبر سمجھی جاتی ہے۔ قومی امداد میں کافی حصہ لیتے ہیں انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے مارچ ۱۹۳۲ء سے ممبر ہیں۔



عالیجناب محمد احسن صاحب خاور بالقابہ




عالیجناب آغا علی حیدر صاحب بالقابہ




عالیجناب سید علی اکبر صاحب بالقابہ



عالیجناب عاشق عباس صاحب بالقابہ



عالیجناب مولوی خواجہ غلام الحسنین صاحب قبلہ



عالیجناب شیخ جعفر حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب سید حیدر عباس صاحب بالقابہ



عالیجناب مولوی مصطفیٰ مرتضیٰ صاحب بالقابہ



عالیجناب مرزا فدا حسین صاحب بالقابہ

عالیجناب مولوی میرزا یوسف حسین صاحب مبلغ مدرسۃ الواعظین (پنجاب)

حالات زندگی جناب مولانا میرزا یوسف حسین صاحب ۱۹۰۰ء کو بمقام لکھنؤ پیدا ہوئے چھٹے سال کی عمر میں بسم اللہ ہوئی۔ اپنے والد ماجد جناب حکیم وزیر میرزا صاحب اور نواب قمر میرزا صاحب سے تعلیم دینیات و کلام مجید حاصل کی اس کے بعد مولوی خادم حسین صاحب سے علم فارسی حاصل کیا۔ دس سال کی عمر سے علم عربی کی تحصیل شروع کی۔ اسی دوران میں مولانا سید محمد سجاد صاحب قبلہ مناظر سے علم طب کی تعلیم کسی حد تک حاصل کی۔ مدرسہ ناظمیہ میں داخل ہوگئے۔

چھ ماہ کی مدت میں امتحان دیا اور انعام میں شرح تہذیب حاصل کی۔ ۱۹۱۶ء میں مدرسہ سلطان المدارس کے درجہ ہفتم میں داخل ہو گئے اور امتحان میں کامیابی حاصل کی ۱۹۱۷ء میں امتحان الہ آباد یونیورسٹی میں شرکت کی اور کامیاب ہوئے۔ ۱۹۱۹ء میں درجہ سند الافاضل میں پہنچے۔ اور امتحان سالانہ میں اول درجہ کامیاب ہوئے۔ اسی سال سے ذاکری کا شوق ہوا اور اس میں کمال حاصل کیا۔

۱۹۱۹ء میں والد ماجد نے انتقال فرمایا لیکن آپکی ہمت مردانہ میں ذرا فرق نہ آیا اور تعلیمی سلسلہ جاری رکھا۔ ۱۹۲۰ء میں ملا فاضل کا امتحان الہ آباد یونیورسٹی سے دیا اور شاندار کامیابی حاصل کی اور شادی بھی اسی سال ہوئی۔ ۱۹۲۱ء میں مدرسۃ الواعظین کا افتتاح ہوا اور مدرسہ میں داخل ہوگئے۔ مدرسہ سلطان المدارس کے درجہ صدر الافاضل میں کامیابی ۱۹۲۳ء میں درجہ اوّل میں حاصل کی اور اسی سال زبان ہندی حاصل کی ۱۹۲۶ء میں لکھنؤ یونیورسٹی سے امتحان دبیر کامل درجہ اوّل میں کامیاب ہوئے اور سرکار نجم العلما مدظلہ نے اسی سال آپ کو ڈیرہ اسمٰعیل خان صوبہ سرحد بھیجدیا۔ مومنین ڈیرہ بہت مانوس ہوئے ۱۹۲۷ء میں مدرسۃ الواعظین نے پنجاب سرحد کی تبلیغ کے لئے مقرر کیا۔ مرکز شہر ڈیرہ قرار دیا۔ پہلے ہی سال میں وہاں ہر دل عزیزی حاصل کرلی اور تبحری کا مومنین مصرف ہوگئے پنجاب میں پنجابی زبان حاصل کی۔ اب اس زبان میں آپ وعظ فرما سکتے ہیں اور مختلف مقامات کے مناظروں میں فتح حاصل کی ہے۔ آپ کی جدوجہد اور سعی و کوشش سے ہزاروں آدمیوں نے مذہب حقہ شیعہ قبول کیا بیلی میں امام باڑہ تعمیر کرایا جسپر ایک ہزار روپیہ صرف ہوا۔ اور ہزارہا مقامات پر انجمنیں قائم کرائیں۔ آپ ۸ اگست ۱۹۳۲ء کو زیارت عتبات عالیات کے لئے تشریف لے گئے کاظمین بغداد کربلائے معلیٰ نجف اشرف وغیرہ میں عربی و فارسی وغیرہ میں تقاریر فرمائیں۔ چار ماہ بعد جب آپ واپس تشریف لائے تو حکومت کیطرف سے آپکا تقرر کورم ایجنسی میں منصب حاکم شریعت حسب قانون گورنمنٹ تین سال کے لئے ہوگیا ہے۔ ۵ مارچ ۱۹۳۳ء کو پاراچنار پہنچکر چارج لیا اور سوا تین سال کی مدت میں دو ہزار مقدمات کا فیصلہ کیا اور وہاں پر اتفاق و اتحاد رواداری۔ صلاح و آشتی کے تخم بو دئے۔ زبان پشتون کی تعلیم بھی حاصل کی۔ فرائض منصبی کے علاوہ بڑی قابل قدر مذہبی خدمات بھی انجام دیں۔ انجمن شباب الشیعہ قائم کی۔ پاراچنار میں اپنے اہتمام سے پندرہ ہزار روپیہ حاصل کرکے امام باڑہ تعمیر کرایا جو پنجاب سرحد میں بے نظیر ہے۔ کورم کے مدارس میں کتب دینیات داخل کرائیں ۲۴ اپریل ۱۹۳۳ء کو کورم سے روانہ ہوکر پھر پنجاب میں تقرر ہوا۔ ۲۵ مئی ۱۹۳۶ء جون ۱۹۳۷ء تک دو سو سے زائد تقاریر کا اتفاق ہوا۔ اپنے تبلیغی زمانہ میں آپ نے بڑی عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں اور اہل پنجاب کو اپنا گرویدہ و مسخر کرلیا ہے۔ آپ کو شعر و شاعری کا بھی شوق ہے تصنیف و تالیف میں بھی کمال حاصل ہے۔ آپ کی تصنیفات کی تعداد بہت زیادہ ہے اس لئے درج نہیں کی گئیں۔

انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے ہمدرد ہیں اور میری درخواست پر انجمن کی ممبری قبول فرمائی ہے۔ دسمبر ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب سیّد عاشق عبّاس صاحب دھلی

حالات زندگی شہر دہلی کے معزز خاندان سے تعلق رکھتے ہیں آپ کے جدامجد میر غلام عبّاس صاحب ایک پایہ کے مرثیہ خواں تھے اس خاندان کو عزاداری امام مظلوم سے خاص شغف وانہماک ہے آپ کے والد ماجد میر اخلاق عبّاس صاحب بھی اعلیٰ درجہ کے مرثیہ خواں تھے سیّد عاشق عباس صاحب کی تعلیم دہلی میں ہوئی تعلیم سے فراغت پاکر آپ محکمہ ریلوے میں ملازم ہوگئے اور اپنے کام کو بڑی خوش اسلوبی اور تندہی جوش کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ شیعہ کالج کے لیئے پانچسو روپئے اپنے خاندان سے فراہم کرکے روانہ کیئے ایک ہزار پھر دوبارہ چندہ کرکے بتوسط خطیب اعظم مولوی سیّد محمد صاحب قبلہ دھلوی لکھنؤ روانہ کیا۔ انہدام جنت البقیع کے موقع پر آپ نے بڑے ایثار سے کام لیا۔ ۱۳۴۵ھ میں مع اہل وعیال دیگر افراد خاندان کے مشرف بزیارت عتبات عالیات ہوئے اور عمدگی سے انجام دیا ایک دو سال میں ریٹائر ہونے والے ہیں

۲ دہلی میں محلہ سوئیوالان میں شیعوں کی ایک مسجد تعمیر ہوئی ہے اس میں ایک کمرہ ایک حوض آپ کے گرانقدر عطیہ سے تعمیر ہوئی ہے سنہ ۱۹ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب آغا علی حیدر صاحب دہلوی تحصیلدار (ہوشنگ آباد)

حالات زندگی آپ کے والد بزرگوار جناب آغا نواب میرزا صاحب کا دہلی کے معززین میں شمار ہوتا تھا۔ آپ کی ابتدائی واعلیٰ تعلیم والد ماجد کے زیر نگرانی ہوئی۔ ابتداء عمر سے ہی ہونہار اور محنتی تھے تعلیم میں خاص دلچسپی لیتے تھے اور اپنے ہمعصروں میں نمایاں حیثیت رکھتے تھے بی۔ اے پاس کرنے کے بعد انسپکٹر پوسٹ آفس ہوئے۔ اسکے بعد آبکاری میں انسپکٹر ہوئے۔ اس کے بعد نائب تحصیلدار ہوگئے۔ اس عہدہ کی خدمات کو بطریق احسن انجام دیا اور افسران کو اپنے کام سے خوش ومطمئن رکھا۔ اب آپ مستقل طور پر تحصیلدار ہوگئے ہیں۔ لیکن تین سال سے آپ سپرنٹنڈنٹ لینڈ ریکارڈز ہوشنگ آباد ہیں۔ انجمن سے خاص ہمدردی ہے۔ قدیم ممبر ہیں اور چندہ نہایت باقاعدہ مرحمت فرماتے ہیں

عالیجناب سیّد محمد حسن صاحب خاور نجیب آبادی دہلی

حالات زندگی آپ کا اصلی وطن قصبہ میمن ضلع بجنور ہے آپ کے جدامجد سیّد جعفر علی صاحب قصبہ کے ممتاز ترین حضرات میں شمار ہوتے تھے۔ آپ کے والد بزرگوار سیّد نسیم حسین صاحب پوسٹ ماسٹر بڑے شیعہ گر تھے۔ آپ نے وزیر آباد کیمبل پور اور انبالہ میں بہت سے حضرات کو راہ حق کی طرف مائل کیا۔ خاور صاحب کا زمانہ طالب علمی بڑا شاندار گزرا اور اپنے ہمعصروں میں ہمیشہ ممتاز حیثیت رہی مڈل اور انٹرنس کے امتحانات میں اوّل رہے۔ شاعری کا شوق بچپن ہی سے ہو اور اسمیں اسقدر کمال حاصل کیا کہ ممتاز شعراء کی صف میں شمار ہونے لگے آپ کی نظمیں اکثر سرفراز۔ شیعہ۔ الواعظ۔ اسد وغیرہ میں شائع ہوتی رہتی ہیں سرفراز کے اجراء کے وقت قومی تنظیم کے متعلق آپکا مضمون بہت پسند کیا گیا اور اسپر آپ کو انعام پیش کیا گیا ۱۹۲۶ء میں قومی خدمات کے صلہ میں شکایہ فرنس کیطرف سے ایک تمغہ پیش کیا گیا۔ دہلی میں آج کل انسپکٹر چونگی کے عہدہ پر فائز ہیں بڑے خلیق اور متواضع ہیں ڈاڑھی منڈانے والوں کو ڈاڑھی رکھنے کی ترغیب دیتے رہتے ہیں اور اواخر ۱۹۲۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب فدا حسین صاحب میرزائی۔ اے بی۔ ٹی منٹگمری

حالات زندگی آپ آج کل منٹگمری میں ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس ہیں۔ بڑے خلیق و متواضع ہیں۔ محکمہ تعلیم سے آپ کو ابتدا ہی سے دلچسپی رہی ہے۔ مذہبی رسائل میں آپ کے مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں انجمن وظیفہ سادات کے قدیم ممبر ہیں۔ درمیان میں سلسلہ ممبری منقطع ہو گیا تھا۔ اب میرے پنجاب کے دورہ میں پھر تجدید فرمادی ہے۔ جون ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید علی اکبر صاحب رضوی علی نگر سارن

حالات زندگی آپ کے والد بزرگوار مولوی سید فقیر حسین صاحب مدرس ماڑواڑی ہائی انگلش اسکول مظفر پور بڑے دیندار بزرگ تھے آپ کا وطن موضع علی نگر بھیک پور ڈاکخانہ چین پور ضلع سارن ہے آپ کی ابتدائی اور دینی تعلیم وطن مالوف میں ہوئی اور پھر مدرسہ ایمانیہ مظفر پور میں داخل ہو گئے۔ انٹرنس کا امتحان مدھے پور ضلع دربھنگہ سے پاس کیا۔ اور آئی ایس سی کلاس تک مظفر پور کالج میں تعلیم پائی اس کے بعد ایک سال پٹنہ انجینیرنگ کالج میں اور سیر کلاس کی تعلیم پائی۔ اس زمانہ تعلیم میں انجمن نے مدد کی ۱۹۲۵ء سے مختلف مقامات پر ملازم ہوئے اور اب مظفر پور کلکٹری میں بڑا رہ کلرک ہیں۔ انجمن عباسیہ بھیک پور کے آنریری سکریٹری ہیں۔ یہ انجمن دینی و قومی خدمت بطریق احسن انجام دے رہی ہے۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے وسط ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

عالیجناب ملک صادق علی صاحب عرفانی ایڈیٹر اخبار شیعہ لاہور

حالات زندگی آپ بمقام لاہور سنہ ۹۰ء میں پیدا ہوئے آپ کے والد بزرگوار حاجی ملک محمد ابراہیم صاحب مرحوم و مغفور ریشمینہ کپڑے کے اعلیٰ تاجر تھے۔ جنکا انتقال سنہ ۹۰ء میں ہوا۔ آپ کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی اس کے بعد اسلامیہ ہائی اسکول میں داخل ہوئے۔ سایہ پدری سر سے اُٹھ جانے کے باعث تعلیمی سلسلہ منقطع ہوا اور ۱۹۲۶ء سے اخبار شیعہ جاری کیا ۱۹۳۶ء میں مع اپنی بہنوں وغیرہ کے زیارت عتبات عالیات سے مشرف ہوئے ۱۹۳۱ء میں روزنامہ اثنا عشری جاری کیا جو ایک سال تک جاری رہا اور ایک سال میں تقریباً تین ہزار کا نقصان برداشت کرنا پڑا اور قوم کی بے التفاتی کے باعث مجبوراً بند کرنا پڑا۔ اخبار شیعہ کے ذریعہ قوم کی خدمت فرما رہے ہیں۔ انجمن سے ہمدردی اور اس ادارہ کو شیعوں کا مفید ترین ادارہ خیال فرماتے ہیں۔ سر میرے شدید تقاضوں کے بعد فوٹو مرحمت فرمایا ہے۔

عزیز القدر سید محمد عباس و محمد صالح۔ آگرہ

حالات زندگی یہ ہر دو بچے سید افضل حسین صاحب ایڈوکیٹ۔ اے اسپکٹر یوپی کے صاحبزادے ہیں اور انجمن کے ممبر ہیں گو عمر بہت قلیل ہیں لیکن حوصلے بڑے بلند ہیں بڑے ذہین و فہمی ہیں انجمن سے خاص محبت ہے اور اپنا چندہ تقاضہ کرکے اپنے والد صاحب سے روانہ کراتے ہیں بڑے سعید صالح ہیں اکتوبر ۱۹۳۵ء سے انجمن کے ممبر ہیں

عالیجناب مولوی صفی مرتضیٰ صاحب امروہہ


حالات زندگی ابتدائی تعلیم امروہہ میں حاصل کی اور السنہ شرقیہ کے امتحانات کی طرف توجہ کی۔ نورالمدارس امروہہ سے جو عربی اور فارسی کا زبردست ادارہ تھا ۱۹۲۵ء میں منشی الہ آباد اور ۱۹۲۸ء میں مولوی الہ آباد سے پاس کیا۔ اس کے بعد مدرسہ منصبیہ میرٹھ گئے یہاں ۱۹۲۹ء میں عالم الہ آباد اور ۱۹۳۰ء میں فاضل ادب کے امتحانات پاس کیے۔ اسی زمانہ میں انجمن وظیفہ سادات سے امداد لینے کی ضرورت پڑی۔ چنانچہ انجمن سے متواتر دو سال تک وظیفہ لیا اس کے بعد امروہہ آکر پرائیویٹ ۱۹۳۱ء میں منشی فاضل پنجاب کا امتحان پاس کیا ۱۹۳۲ء ۱۹۳۵ء تک مسلم اینگلو اورینٹل اسکول جھانسی میں ملازمت کی دوران ملازمت میں ۱۹۳۳ء میں اردو اعلیٰ قابلیت اور ۱۹۳۴ء میں ہائی اسکول کے امتحانات پاس کیے۔ اور انجمن کا قرضہ حسنہ ادا کیا۔ ۱۹۳۵ء سے امام المدارس ہائی اسکول امروہہ میں اعلیٰ درجات اردو فارسی کی تعلیم دیتے ہیں۔ ۱۹۳۷ء میں انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا۔ بڑے عیق وملنسار ہیں۔

عالیجناب سید معجز حسن صاحب بی۔ اے ایل ایل بی امروہوی لکھنؤ


حالات زندگی آپ حکیم سید مصطفیٰ حسن صاحب کے صاحبزادے ہیں حکیم صاحب موصوف امروہہ کے مشہور معروف حکماء میں شمار ہوتے ہیں۔ اور طبابت میں ید طولیٰ حاصل ہے۔ سید معجز حسن صاحب کی ابتدائی تعلیم امروہہ میں ہوئی اس کے بعد کیننگ کالج سے بی۔ اے فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ ایل۔ ایل بی لکھنؤ یونیورسٹی سے کرنے کے بعد وہیں پریکٹس شروع کردی۔ ایک عرصہ تک شیعہ کانفرنس کے سکریٹری رہے اور قومی خدمات میں پیش پیش رہتے ہیں۔ آپ ایک دردآشنا دل رکھتے ہیں۔ آپ کے صاحبزادے سید مونس حسن صاحب ایم۔ اے بھی انجمن کے ممبر ہیں۔ مونس حسن صاحب ایم اے بی ٹی اکورہ میں ماسٹر ہیں وکیل صاحب موصوف جولائی ۱۹۳۳ء سے انجمن کے ممبر ہیں۔

عالیجناب سید ظفر عباس صاحب نقوی فضل ایڈیٹر نظارہ لکھنؤ


حالات زندگی آپ کے والد ماجد مولانا مولوی سید فرزند حسین صاحب ذاکر کی ذات گرامی شیعی دنیا میں محتاج بیان نہیں۔ آپ خاندان اجتہاد کے ایک قابل فرد ہیں آپ کے موروث اعلیٰ سبزوار ایران سے وارد ہندوستان ہوئے اور نصیرآباد ضلع رائے بریلی میں سکونت پذیر ہوئے۔ آپ بمیں ۲ رجب المرجب ۱۳۳۳ھ کو بروز یک شنبہ لکھنؤ میں پیدا ہوئے آپ کی بسم اللہ پانچویں برس حضرت قدوۃ العلماء قبلہ مرحوم نے پڑھائی۔ ابتدائی کتب دینیات گھر پر پڑھیں اس کے بعد سلطان المدارس میں داخل ہوئے اور نو سال تک تحصیل علم میں مصروف رہے۔ شاعری میراث میں پائی فضل تخلص فرماتے ہیں۔ ایک باکمال ادیب و شاعر ہیں ۱۹۳۰ء میں نظارہ کا اجرا کیا اور اپنے زور قلم کے جوہر دکھائے۔ نظارہ کے ذریعہ مذہب و قوم کی زبردست خدمات انجام دے رہے ہیں میرے خاص کرم فرما ہیں۔ دسمبر ۱۹۳۶ء سے انجمن کے ممبر ہیں اور انجمن سے خاص ہمدردی ہے۔



فیملی گروپ آف نواب سید محسن مرزا صاحب مرحوم دہلوی



عالیجناب مولوی مرزا یوسف حسین صاحب بالقابہ



عالیجناب ملک صادق علی صاحب بالقابہ



عزیز القدر سید محمد عباس صاحب و سید محمد صالح صاحب

عالیجناب الحاج مولنا خواجہ غلام الحسنین صاحب پانی پتی کی خودنوشت سوانح عمری

جناب مولنا مولوی خواجہ غلام الحسنین صاحب فاضل پانی پتی کی ذات شیعی دنیا میں محتاج تعارف نہیں۔ آپ پانی پت کے مشہور و معروف خاندان انصار کے ایک مبلغ ہیں اور خدمت اسلام کو اپنی زندگی کا نصب العین قرار دے رکھا ہے۔ مولنائے ممدوح فلسفہ تعلیم کے بڑے ماہر اور فن تعلیم کے اُستاد ہیں۔ تبلیغی اور تبلیغی خدمات کے لیے آپ نے اپنے قلم اور زبان کو وقف کر دیا ہے اور اس پیرانہ سالی میں بھی ایک جوانمرد مجاہد کا کام کر رہے ہیں جس پر آپ کی بیشمار تقریریں اور تحریریں شاہد ہیں۔ آپ فلسفہ اسلام۔ معارف قرآن اور علمی مضامین کو سادہ سے سادہ زبان میں ادا فرماتے ہیں۔ آپ نے علوم مشرقیہ و مغربیہ کے ساتھ ساتھ غیر اسلامی مذاہب کا بھی مطالعہ فرمایا ہے۔ آپ کے بیانات بلا لحاظ فرقہ تمام مسلمانوں کے لیے یکساں دلچسپ اور مفید ہیں جن کو ہندو۔ آریہ۔ جین۔ عیسائی وغیرہ بھی بڑے اہتمام شوق سے سنتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ مولنا قبلہ کے محققانہ و عطوں۔ لیکچروں۔ مباحثوں اور مناظروں نے قرآن اور اسلام کی عظمت کا سکہ منکروں کے قلوب پر بٹھا دیا ہے۔

جو خصوصیات آپ کی تقریرات میں ہیں وہی آپ کی تحریرات میں بھی پائی جاتی ہیں۔ آپ کی تصنیفات نے آریوں۔ دہریوں۔ لچر پوں اور عیسائیوں پر حجت تمام کر دی ہے اور آج تک کسی لمحہ منکر اور مخالف کو آپ کے لاجواب دلائل کی تردید کا حوصلہ نہیں ہوا۔ ہندوستان اور عراق کے مشہور ترین علماء و مجتہدین نے بھی آپ کی ٹھوس اور گرانقدر خدمات کی تصدیق بہترین الفاظ میں کی ہے۔

خواجہ صاحب قبلہ نہایت خلوص اور خاموشی سے صرف خداوند عالم کے بھروسہ پر آذربائیجان مسلم مشنری کا کام پچاس سال سے انجام دے رہے ہیں اور اپنی مختلف تصنیفات کی ہزاروں جلدیں چھپوا کر مفت تقسیم کر چکے ہیں۔ جو کام قوم کی مجموعی طاقت اور اُمرا کی مالی اعانت سے ہونا چاہیئے تھا وہ خدا کے فضل سے آپ تنہا انجام دے رہے ہیں۔

جناب مولنا کی مندرجہ بالا خدمات اس امر کی محرک ہوئیں کہ میں آپ کے حالات زندگی کو جو اب تک تاریکی میں پڑے ہوئے تھے جوبلی نمبر میں درج کروں۔ میں نے آپ سے درخواست کی کہ اپنے حالات زندگی مفصل طور پر تحریر فرمائیں لیکن مولانا قبلہ کی تصنیف و تالیف کی مصروفیتیں مانع رہیں اور آپ نے انکار فرما دیا۔ لیکن جب میں پنجاب کے دورہ کے سلسلہ میں پانی پت پہنچا تو میرے اصرار پر آپ نے میری درخواست کو شرف قبولیت بخشا اور اپنی سوانح عمری مرتب کر کے روانہ فرمائی جس کو میں بغیر کسی کمی اور قطع و برید کے آپ ہی کے الفاظ میں درج کرتا ہوں حقیقت یہ ہے کہ خواجہ صاحب نے اپنے پچاس سالہ کارناموں کو نہایت سادگی اور دلچسپ پیرایہ میں تحریر فرمایا ہے۔

قوم کے نوجوانوں سے میری درخواست ہے کہ وہ جناب مولنا کے حالات زندگی کو بغور مطالعہ کر کے اپنی زندگی کو حتی الامکان تبلیغی زندگی بنانے کی کوشش کریں۔ آپ کے حالات زندگی جسقدر سبق آموز ہیں اسی قدر دلچسپ بھی ہیں۔ مولانائے ممدوح جو گرانقدر عطیہ سلور جوبلی نمبر کی اشاعت کے لیے مرحمت فرمایا ہے میں اس کا بھی شکریہ گزار ہوں۔

(اعجاز جاروی)

باب اول

خاندان اور سلسلۂ نسب

فی الجملہ نسبتے جو کافی بود مرا — مثبل ہمینکہ قافیہ گل شود بس است

۱۔ ولادت اور خاندان

راقم آثم خاکسار خواجہ غلام الحسنین ولد خواجہ غلام عباس ابن خواجہ اظہر علی ابن خواجہ اکبر علی انصاری کی ولادت دسمبر ۱۸۶۶ء کے قریب بمقام قصبہ پانی پت جو دہلی سے جانب شمال پچپن میل کے فاصلہ پر ایک گنجان بستی ہے۔ واقع ہوئی۔ اس قصبہ میں

کچھ کم سات سو برس سے قوم انصار کی ایک شاخ جس سے راقم کو تعلق ہے آباد چلی آتی ہے۔ یہ لوگ ایوبی انصاری یعنی حضرت ابوایوب انصاری (رضی اللہ عنہ) صحابیٔ رسولؐ کی اولاد میں ہیں۔

۲۔ ابوایوب انصاریؓ جب آنحضرت (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہجرت کرکے وارد مدینہ ہوئے تو جو لوگ مکۂ معظمہ سے آپ کے ساتھ آئے مہاجرین کہلائے اور اہل مدینہ جو آپ کے مددگار ہوئے انصار کے نام سے موسوم ہوئے۔ جماعت انصار میں شامل ہونے کے علاوہ حضرت ابوایوبؓ کو ایک خاص شرف یہ بھی حاصل ہوا کہ جب آنحضرتؐ وارد مدینہ ہوئے تو انصار میں سے ہر شخص کی دلی خواہش تھی کہ آپ اُسکے مکان میں قیام فرمائیں۔ آنحضرتؐ نے اپنی اونٹنی کی مہار ڈھیلی چھوڑ دی اور فرمایا کہ یہ خدا کی طرف سے مامور ہے جہاں یہ بیٹھ جائے گی وہیں میرا قیام ہوگا۔ خدا کی قدرت! اونٹنی ابوایوبؓ کے مکان کے سامنے آکر بیٹھ گئی اور حضور سرور عالم ایک مدت تک ابوایوب ہی کے مکان میں رہے جن کو آنحضرتؐ کی میزبانی کی عزت بھی حاصل ہوئی ۱۳۵۳ء مطابق ۱۹۳۵ء میں جبکہ میں حج سے مشرف ہوا تو مسجد نبوی کے بالکل قریب ہی ایک بند مکان دیکھا جس کے دروازہ پر منزل ابوایوب لکھا ہوا تھا آج کل یہ مکان سعودی حکومت کے قبضہ میں ہے۔

۳۔ ابوایوبؓ کے کارنامے حضرت ابوایوبؓ جناب امیرالمومنین علی مرتضیٰ (علیہ السلام) کے اصحاب خاص میں بھی تھے اور آپ کے زمانۂ خلافت میں مدینہ کے گورنر بھی رہے۔ جنگ صفین و نہروان میں نفس رسولؐ کی حمایت و نصرت میں جو کارہائے نمایاں اُن سے ظہور میں آئے وہ صفحات تاریخ پر یادگار رہیں گے۔ اُنکا مزار قسطنطنیہ میں مشہور زیارت گاہ ہے اور سلاطین ترکیہ کی رسم تاجپوشی تبرکاً اسی مزار پر ادا ہوتی تھی حضرت ابوایوب کا انتقال ۵۲ھ میں اسی سال کی عمر میں ہوا۔

۴۔ خواجہ عبداللہ انصاری پیر ہرات شیخ الاسلام خواجہ عبداللہ انصاری معروف بہ پیر ہرات جنکا نام نامی ہندوستان کے اہل علم میں بہت مشہور اور افغانستان و خراسان و ایران میں بچہ بچہ کی زبان پر ہے اسی خاندان کے ایک سربرآوردہ بزرگ ہوئے ہیں۔ خواجہ موصوف صاحب تصانیف ہیں اور اُن کی تصانیف بالخصوص اہل تصوف کے لئے مایۂ ناز ہیں اُنکا انتقال ۹ ربیع الاول ۴۸۱ھ کو پچاسی سال کی عمر میں ہوا۔

۵۔ خواجہ ملک علی انصاری کا ہندوستان آنا ساتویں صدی ہجری اور تیرھویں صدی عیسوی میں بعہد سلطان غیاث الدین بلبن خواجہ عبداللہ انصاری کی اولاد میں سے۔ ایک بزرگ خواجہ ملک علی نام جو بلحاظ علم و فضل و زہد و تقوی اپنے ہمعصروں میں ممتاز تھے۔ ہرات سے ہندوستان میں آئے جنکا سلسلۂ نسب چھبیس واسطہ سے حضرت ابوایوبؓ انصاری تک اٹھارہ واسطہ سے شیخ الاسلام تک اور دس واسطہ سے ملک محمود شاہ آنجو ملقب بہ آق خواجہ تک جو غزنوی دور میں فارس و کرمان و عراق عجم کا فرمان روا تھا پہنچتا ہے۔

۶۔ بلبن کی قدردانی چونکہ غیاث الدین بلبن اس بات میں نہایت مشہور تھا کہ قدیم اشراف خاندانوں کی بہت عزت کرتا ہے اور اسکا بیٹا شاہزادہ محمد علی شعر اور دیگر اہل کمال کا حد سے زیادہ قدردان تھا اس لئے اکثر اہل علم اور عالی خاندان لوگ ایران و ترکستان وغیرہ سے ہندوستان کا قصد کرتے تھے اسی شہرت نے خواجہ ملک علی کو سفر ہندوستان پر آمادہ کیا چنانچہ سلطان غیاث الدین نے چند عمدہ اور سرحاصل دیہات پرگنہ پانی پت میں اور معتدبہ اراضی سواد قصبہ پانی پت میں بطور مدد معاش اور بہت سی زمین اندرون آبادی قصبۂ پانی پت بغرض سکونت عنایت کی اور منصب قضا و صدارت و تشخیص نرخ بازار اور تولیت مزارات بزرگان دین جو سواد پانی پت میں واقع ہیں اور خطابت عیدین اُن سے متعلق کردی۔ فرمان شاہی میں یہی لکھا گیا تھا کہ یہ اراضی بطور معافی دوامی عطا کی جاتی ہے۔ یعنی جب تک خواجہ ملک علی کی اولاد میں سے کوئی متنفس باقی رہے اس وقت تک یہ معافی برقرار رہے چنانچہ باوجود بہت سے انقلابات کے جو سلطنت دہلی میں رونما ہوئے وہ معافی ابتک قائم ہے۔

خواجہ ملک علی کا انتقال ۷۱۸ھ میں ہوا۔

۷۔ شاہ ابو اسحاق انجو خاندان ابو ایوب کے بعض لوگ ایران میں آکر آباد ہوئے شاہ ابو اسحاق انجو۔ ممدوح خواجہ حافظ جو فارس کا ایک سخی و عادل بادشاہ تھا اسی خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ شاہ موصوف کی مدح میں خواجہ حافظ نے لکھا ہے ؎

جمالِ چہرۂ اسلام۔ شیخ ابو اسحاق
کہ ملک از قدمش زیب بوستاں گیرد

اور دوسری جگہ لکھا ہے :-

بروز کاف و الف از جمادی الاول سال ۷۵۴ گرفتند حاکم الاطلاق
خدایگان سلاطین مشرق و مغرب ؛ خدیو کشور لطف و کرم باستحقاق
بہر علم و حیا آفتاب جاہ و جلال ؛ جمال دنیا و دین شاہ شیخ ابو اسحاق
گذاشت عرصہ میدان خود بتیغ عدم ؛ نہاد بر دل احباب خویش داغ فراق

پہلے شعر سے تاریخ و سنہ وفات نکلتا ہے۔ یعنی ۱۲ جمادی الاول ۷۵۴ھ شاہ ممدوح کی سلطنت صرف چودہ سال رہی اور اس کے بعد ہی ختم ہو گئی جس کی طرف خواجہ حافظ نے اس شعر میں اشارہ کیا ہے

راستی خاتم فیروزۂ بو اسحاقی
خوش درخشید و دولت مستعجل بود

۸۔ نسب پدری و مادری میرا وطن پانی پت میں جو ایک محلہ انصاریوں کا ابتک موجود ہے وہ خواجہ ملک علی ہی کی اولاد سے منسوب ہے ہیں والد کی طرف سے اسی شاخ انصار سے تعلق رکھتا ہوں یعنی میرا پدری سلسلۂ نسب حضرت ابو ایوب انصاری تک پہنچتا ہے اور میری والدہ جعفری سادات کے ایک معزز گھرانے کی بیٹی تھیں جو یہاں سادات سہنسپور کے نام سے مشہور ہیں یعنی والدہ کی طرف سے بوساطت حضرت امام جعفر صادق (علیہ السلام) میرا سلسلۂ نسب خود پیغمبر اسلام (علیہ و آلہ الصلوٰۃ والسلام) تک پہنچتا ہے اگر خدا تعالےٰ قبول فرمالے تو یہ نسبت میری نجات کے کافی ہو سکتی ہے۔

باب دوم تعلیم و تربیت اور مطالعہ

فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ إِلَىٰ طَعَامِهِ أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا

۹۔ تعلیم و تربیت بارہ سال کی عمر تک پانی پت میں رہا اس عرصہ میں قرآن مجید ختم کیا۔ فارسی کی ابتدائی کتابیں اور گلستان و بوستان سعدی کا انتخاب پڑھا۔ فارسی انشاء پردازی کی کسی قدر تعلیم اپنے نانا سید محمد حسین صاحب مرحوم سے حاصل کی جو فارسی کے اچھے ادیب اور فارسی درسیات میں طولیٰ رکھتے تھے اور خط شکستہ کے عمدہ خوشنویس تھے عربی صرف و نحو کی درسی کتابیں ہدایت النحو تک اور فقہ میں فارسی کے چند ابتدائی رسالے مولوی شیخ احمد علی صاحب مرحوم ساکن موضع بریسٹ ضلع کرنال سے پڑھے جو لکھنؤ کے فارغ التحصیل سند یافتہ اور علم کلام کے عمدہ ماہر تھے۔ اس کے علاوہ مقامی ورنیکلر مڈل سکول کی چوتھی جماعت کا امتحان پاس کیا۔

۱۰۔ امرتسر میں آٹھ ماہ ۱۸۸۱ء کے قریب امرتسر بھیجا گیا جہاں اپنے پھپھا مولنا حاجی خواجہ ابراہیم حسین صاحب مرحوم سے جو معقول و منقول کے بڑے فاضل اور جناب سلطان العلماء میرزا صاحب قبلہ مجتہد لکھنؤ کے ارشد تلامذہ میں سے اور خوش بیان و واعظ بھی تھے۔ ادب عربی کی کچھ ابتدائی کتابیں پڑھیں۔ منطق میں قال اقول اور شرح تہذیب تمام کی اور مولوی سید احمد کبیر صاحب ساکن موضع بھیٹرہ (ضلع بجنور) سے پرائیویٹ طور پر کسی قدر انگریزی پڑھ کر گورنمنٹ ہائی اسکول امرتسر سے تین چار مہینے میں جماعت چہارم کا امتحان دیکر جماعت پنجم میں ترقی حاصل کی۔ مولنا ممدوح سے منطق میں قطبی اور نحو میں شرح ملا جامی شروع کرائی مگر چند ہی سبق پڑھنے پایا تھا کہ پانی پت واپس آنا پڑا۔ یہ سب آٹھ مہینے کی تعلیم تھی۔

۱۱۔ دہلی میں پانچ سال اس کے بعد مجھے مولنا حالی کی خدمت میں دہلی بھیجا گیا۔ اینگلو عربک سکول دہلی سے جماعت پنجم پاس کرنے کے

بعد وظیفہ مل گیا اور ڈبل ترقی کر کے اینگلو ورنیکولر مڈل کا امتحان تین سال کی جگہ دو سال میں پاس کیا اور ہائی سکول سکالرشپ حاصل کر کے گورنمنٹ ہائی سکول دہلی میں داخل ہوا اور دو سال تعلیم پا کر ۱۸۸۶ء میں اٹھارہ سال کی عمر میں انٹرنس پاس کیا۔ فارسی اور عربی کی تعلیم اینگلو عربک سکول میں مولنا حالی ہی سے حاصل کی جو وہاں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے معلم اوّل تھے۔ انہی دنوں میں مولنا کچھ مدّت تک قطبی کا درس بھی پرائیویٹ طور پر دیتے رہے جو زیادہ عرصہ تک جاری نہ رہ سکا۔ یہ ہے میری انگریزی۔ ریاضی۔ فارسی۔ عربی۔ وغیرہ کی تعلیم کی انتہا جو اٹھارہ سال کی عمر تک حاصل ہوئی۔

۱۲۔ زمانۂ ملازمت میں امتحانات

سنہ ۱۸۹۱ء میں گورنمنٹ سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور سے امتحان بی۔ اے۔ وی درجۂ اول میں پاس کیا۔ سنہ ۱۸۹۵ء میں فارسی زبان دانی اور علم ادب کا اعلیٰ ترین امتحان یعنی آنرز Honors درجۂ اوّل میں اور اردو زبان دانی اور علم ادب کا سب سے بڑا امتحان بھی ۱۸۹۶ء میں اوّل درجہ میں پاس کیا۔

۱۳ عام مطالعہ

مجھے مطالعہ کا شوق ہمیشہ رہا۔ ادب عربی کی کتابیں حماسہ۔ متنبی۔ معلقات وغیرہ کے بعض حصے لغات و شروح کی مدد سے حل کیے۔ فارسی درسیات کی خاص کتابوں سے نسخۂ ظہوری وقائع نعمت خان عالی۔ ابوالفضل۔ اخلاق جلالی وغیرہ کا مطالعہ کیا اور بعض کتابوں کا درس بھی دیا۔ انگریزی میں عموماً فلسفۂ مذہب اور فلسفۂ تعلیم و طریقۂ تعلیم کی کتابیں زیر مطالعہ رہیں۔

۱۴۔ اسلام اور غیر مذاہب کا مطالعہ

مذہب اسلام کے ساتھ غیر اسلامی مذاہب کا مطالعہ بھی جاری رہا۔ بائبل کے ضروری مقامات کا مطالعہ اردو انگریزی فارسی اور عربی زبانوں میں کیا اور عیسائی مذہب کے متعلق اور بھی کتابیں پڑھیں۔ آریہ دھرم کی تحقیق کا شوق سنہ ۱۸۹۰ء ہی میں پیدا ہو گیا تھا اور اس دھرم کے متعلق انگریزی اور اردو میں جس قدر بھی لٹریچر ہم پہنچ سکا بنظر تنقید دیکھا۔ پنڈت لیکھرام آریہ مسافر کی کل تصانیف اور سوامی دیانند کی بعض کتابوں خصوصاً ستیارتھ پرکاش اور رگوید آدی بھاشیہ بھومکا (مہتمید تفسیر وید) کے ترجموں کو غور سے پڑھا۔ ویدوں کے تراجم بھی پیش نظر رہے۔ سوامی جی کی بعض تحریروں کو کبھی کبھی اصل ہندی میں بھی پڑھنے کا اتفاق ہوا جس کی وجہ سے ہندی زبان اور ہندی رسم الخط اور سوامی جی کے طرز تحریر سے فی الجملہ مناسبت اور واقفیت پیدا ہو گئی۔

۱۵۔ خاندان کے دیگر بزرگوں سے استفادہ

میری ملازمت کا تقریباً تمام زمانہ پانی پت میں گزرا اور خوش قسمتی سے مولانا الحاج خواجہ ابراہیم حسین اور مولنا حالی بھی اس زمانہ میں اپنی اپنی ملازمت سے سبکدوش ہو کر پانی پت میں مقیم تھے۔ چنانچہ جب تک دونوں بزرگ زندہ رہے اُن سے علمی و دینی فیض برابر حاصل کرتا رہا۔ مولنا ابراہیم حسین کا انتقال ۱۹۱۰ء میں اور مولنا حالی کا انتقال ۱۹۱۴ء میں ہوا۔

۱۶۔ قرآن مجید کا ذوق والد مرحوم کا اثر اور علامۂ ہروی کا فیض

میرا سب سے دلچسپ مشغلہ قرآن مجید کا مطالعہ ہے جس کے مضامین میرے والد خواجہ غلام عباس مرحوم بچپن ہی سے میرے اور میرے بھائی بہنوں کے کان میں ڈالتے رہتے تھے۔ گھر میں ہر وقت دینی گفتگو اور قال اللہ اور قال الرسول کے تذکرے رہتے تھے۔ دینداری کی ترغیب اور لغویات سے اجتناب کا عملی درس ہر وقت ملتا تھا۔ جس سے اُن کی اولاد نے کافی فائدہ اُٹھایا۔ اُن کی سادہ معاشرت ہمارے لیے بہت اچھا نمونہ تھا وہ محنت کے عادی تھے۔ مسلمانوں کو کام سے لگانے اور مل جل کر تجارت کرنے کا عملی نمونہ پانی پت میں سب سے پہلے انھوں نے پیش کیا اور ایک کپڑے کی دوکان بڑے پیمانہ پر کھلوائی۔ میرے منجھلے بھائی خواجہ غلام الثقلین مرحوم نے اصلاح تمدن و معاشرت کے جو خیالات عصر جدید کے ذریعہ سے ملک میں پھیلائے وہ والد مرحوم ہی کے خیالات کا پرتو تھا۔ میرے چھوٹے بھائی خواجہ غلام السبطین (سلمہ اللہ) نے کاروبار کو محنت اور دیانت سے انجام

دینے کا سبق ان ہی مرحوم سے سیکھا ہے۔ خاکسار کو بھی دینی و قرآنی ذوق والد مرحوم ہی سے بطور وراثت پہنچا ہے۔

اس کے علاوہ ۱۹۰۵ء سے ۱۹۲۳ء تک علامہ ہروی حضرت مولانا شیخ عبدالعلی صاحب اعلی اللہ مقامہ کے حکیمانہ مواعظ قرآنی سے وقتاً فوقتاً فیض یاب ہوا اور اُن کے بہت سے مواعظ کی ترجمانی کی عزت بھی حاصل ہوئی۔ ان وجوہ سے میرے قرآنی ذوق میں روز بروز ترقی ہوتی رہی۔ علامہ ممدوح قرآن مجید اور فلسفۂ اسلام کے بے مثل عالم تھے مولانا حالی نے اُن کے مواعظ کے متعلق فرمایا تھا کہ میں نے مدت العمر میں کبھی ایسے وعظ نہیں سنے تھے۔ حضرت علامہ سے اکثر اہل ذوق اور اہل علم نے علمی اور روحانی فیض حاصل کیا۔ میرے خیال میں سب سے زیادہ فیض خواجہ غلام الثقلین مرحوم اور مولانا سید محمد سبطین فاضل سرسوی (سلمہ اللہ) نے حاصل کیا۔ جن کے مواعظ میں ہو بہو حضرت شیخ کا رنگ ہے۔ قصہ مختصر اہل کمال کی خدمت سے فائدہ اٹھانے کا کوئی موقع میں نے ہاتھ سے نہیں دیا۔ اور بقدر اپنے ظرف اور حوصلہ کے کچھ نہ کچھ حاصل کیا ؎

تمتع زہر گوشۂ یافتم ؎ زہر خرمنے خوشۂ یافتم

بالفاظ دیگر میں عمر بھر طالب علم رہا اور آج تک طالب علم ہوں۔

باب سوم۔ ملازمت اور پنجاہ سالہ خدمات

۱۷۔ ملازمت اختیار کرنے کی وجہ ایکہ دستت میرسد کار بکن ؎ پیش ازاں کز تو نیاید ہیچ کار

میں اپنی آئندہ تعلیم جاری رکھنے کا بہت خواہشمند تھا مگر اپنے والد کے بار کو کسی قدر ہلکا کرنے کے خیال سے ملازمت اختیار کی کیونکہ اُن کی سات اولادوں میں سب سے بڑا میں تھا اور چھ بھائی بہن زیر تعلیم تھے۔ زرعی جائداد کی آمدنی ناکافی تھی اور اُن کے حوصلہ کے مطابق تمام مصارف کو پورا نہیں کر سکتی تھی لہذا میں نے اپنے تعلیمی مصارف کا بار مزید اُن پر ڈالنے کی بجائے یہی مناسب سمجھا کہ اُنکی کچھ نہ کچھ مالی خدمت بجا لاؤں۔ میں آگے انگریزی تعلیم حاصل نہ کر سکا۔ مگر میرے دونوں بھائی فارغ التحصیل (گریجویٹ) ہوئے۔

۱۸۔ ابتدائی ملازمت (دفتر کی محرری) اکتوبر ۱۸۸۶ء میں کرنال میں امیدوار ہوا دو تین مہینے کے بعد مسٹر ڈرمنڈ (DRUMMOND) ڈپٹی کمشنر کی پیشی میں پندرہ روپیہ کی ایک اسامی مل گئی جس پر دس مہینے کام کیا صاحب نے بوقت رخصت بغیر میری درخواست کے حسن کارگزاری کا سرٹیفکیٹ عنایت کیا۔

۱۹۔ پانی پت کی مدرسی دفتری نوکری مجھے پسند نہیں تھی اس لئے کوشش کر کے نومبر ۱۸۸۶ء میں میونسپل بورڈ سکول پانی پت کی سکنڈ ماسٹری پر تبدیلی کرالی جسکی تنخواہ اُس وقت پچیس روپیہ تھی میرے وطن میں آجانے کی وجہ سے بھائی بہنوں کی تعلیم میں بہت آسانی پیدا ہو گئی۔ میں دوران ملازمت ہی میں دس مہینے کے لئے ٹریننگ کالج لاہور میں داخل ہوا اور جولائی ۱۸۹۰ء میں تعلیم سے فارغ ہو کر اپنی ملازمت پر واپس ہوا۔

۲۰۔ کرنال کی تبدیلی اس کے بعد ہائی سکول کرنال کی تبدیلی ہو گئی جہاں ۱۸ مئی ۱۸۹۳ء سے ۱۳ جون ۱۸۹۵ء تک دو سال رہنا ہوا۔ پھر خود کوشش کر کے اپنی اسامی پر واپس آگیا۔

۲۱۔ صوبہ گلبرگہ کی انسپکٹری اس کے بعد رخصت حاصل کر کے ڈھائی سال سے زیادہ صوبہ گلبرگہ میں اپنے بھائی خواجہ غلام الثقلین (مرحوم) کی جگہ صدر مہتمم تعلیمات (انسپکٹر مدارس) رہا اور قایم مقامی کی مدت پوری کر کے وطن واپس آیا اور ہربرٹ سپنسر HERBERT SPENCER کی کتاب ایجوکیشن کے ترجمہ کو جو گلبرگہ ہی میں شروع کر دیا تھا مکمل کیا اور مارچ ۱۹۰۲ء میں اپنی اسامی کا چارج لے لیا مجھے گلبرگہ میں دو سو پچاس روپیہ ماہوار سکہ حالی ملتے تھے۔

۲۲۔ میونسپل کمیٹی پانی پت کی سکرٹری شپ ۲۱ مئی ۱۹۰۲ء سے

۹ مئی ۱۹۰۹ء تک میونسپل کمیٹی پانی پت کا سکرٹری رہا اور نئے اکونٹ کوڈ (قانون حسابات) کے مطابق کمیٹی کی تنظیم کی۔

اس ملازمت میں مطالعہ کی فرصت کم ملتی تھی اس لیئے خود درخواست کر کے مدرسہ پانی پت میں واپس آگیا اور ساڑھے نو سال کے قریب ہاں رہا

۲۳۔ حالی مسلم ہائی سکول کی ملازمت اور ترک ملازمت

یکم اکتوبر ۱۹۱۰ء سے، جنوری ۱۹۱۹ء تک حالی مسلم ہائی سکول میں ساٹھ روپیہ ماہوار پر کام کیا مگر علالت کی وجہ سے اس خدمت سے مستعفی ہوا اور ملازمت کی پابندیوں سے آزاد ہو کر ساڑھے چار سال صرف تدہبی اور علمی خدمت اور مطالعہ میں منہمک رہا مگر قدرت نے تعلیم ہی کو میرا ذریعہ معاش بنایا تھا اور آخر کار اسی کی طرف لوٹنا پڑا۔

۲۴۔ الواعظ کی آنریری ایڈیٹری

اسی زمانہ میں مدرسۃ الواعظین لکھنؤ کا آرگن الواعظ جاری ہوا اور حسب الحکم جناب نجم العلماء قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند۔ اُس کی اعزازی ادارت کی عزت مجھ کو حاصل ہوئی ستمبر ۱۹۲۱ء سے اگست ۱۹۲۳ء تک آنریری ایڈیٹر کی حیثیت سے اس خدمت کو انجام دیا مگر چونکہ دو تین مہینے کے بعد ہی بغرض زیارات عتبات عالیات عراق جانے کا اتفاق ہوا اس لیئے وہیں سے الواعظ کے لیئے مضامین بھیجتا رہتا تھا۔

۲۵۔ مدرسۃ الواعظین کی خدمات

ایک سال کے بعد عراق سے واپس آیا اور جناب نجم العلماء کے ارشاد کے مطابق ۲۴-۱۹۲۳ء میں مدرسۃ الواعظین میں پورے ایک سال کام کیا میرا کام تحقیقات مذاہب سلام اور دیگر ادیان کے تقابل پر لکچر دینا اور فاضل طلاب مدرسہ کو طریقۂ تبلیغ کے متعلق ہدایات دینا قرار دیا گیا میں ایک سال تک بلا کسی معاوضہ کے اس خدمت کو انجام دینا چاہتا تھا مگر جناب نجم العلماء نے باصرار مبلغ پچاس روپیہ ماہوار مقرر فرمایا میں نے اس زمانہ میں ویدمت اور قربانی شہنشپ کی کہانی ہندو دھرم پر سات لکچر وغیرہ چند رسالے اُردو میں اور کتاب اسلام اور توحید (Islam and the Divine Unity) انگریزی میں لکھی جن سے واعظین نے فائدہ اٹھایا۔ ایک سال کے بعد اپنی مجبوریوں سے استعفا دینا پڑا جس کو جناب نجم العلماء نے میرے اصرار پر بادل ناخواستہ منظور کیا۔ کیونکہ جناب ممدوح مجھے مستقل طور پر رکھنا چاہتے تھے اور انھوں نے اپنی تجویز سے میرے لیئے آئندہ تصنیفات کا پلان بھی بنا دیا تھا

۲۶۔ ٹریننگ کالج بمبئی کی پرنسپلی

۱۵ جون ۱۹۲۵ء سے آخر دسمبر ۱۹۳۰ء تک ساڑھے تین سال بمبئی میونسپل اُردو ٹریننگ کالج معلمات کا پرنسپل رہا مسلم معلمات کے ٹریننگ کا کوئی قابل اطمینان چل نہ سکا سال سے بمبئی کے اہل حل و عقد کی سمجھ میں نہیں آتا تھا۔ میرے تقرر نے اس عقدہ کو حل کیا اور وہ گتھی (Gordian Knot) ایک ضعیف انسان کے ہاتھوں کھل گئی یعنی ٹرینڈ معلمات کے بہم پہنچنے کی وجہ سے اُردو مدارس صبیات کی حالت روز بروز بہتر ہوتی چلی گئی۔

۲۷۔ حالی مسلم ہائی سکول کی منیجری

میرا تقرر بمبئی میں ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار پر ہوا بعد میں پونے دو سو ہو گئے۔ اپریل ۱۹۲۹ء میں دو سو ہو نیوالے تھے مگر میرے محترم بزرگ جناب خواجہ حسن صاحب بی۔ اے (ابن مولانا حالی) نے مجھے پانی پت طلب کیا اور میں بمشکل تمام بمبئی سے قطع تعلق کر کے یہاں آیا خواجہ صاحب ممدوح نے ۳ جنوری ۱۹۳۱ء سے حالی مسلم ہائی سکول میں بحیثیت مدیر مدرسہ معلم اوّل السنہ مشرقیہ مقرر کر کے یکصد روپیہ ماہوار آنریریم (اعزازی نذرانہ) کے طور پر عنایت کیا۔ ساڑھے سات سال تک دونوں خدمتوں کو انجام دینے کے بعد میں نے دونوں خدمتوں سے سبکدوشی کی درخواست کی یکم جولائی ۱۹۳۶ء سے صرف تعلیمی فرائض سے سبکدوشی حاصل ہوئی منیجری کی خدمت کو ابھی تک انجام دے رہا ہوں اور میرے قرآنی لکچروں کا سلسلہ بھی مدرسہ میں بدستور جاری ہے[۵]

۲۸۔ پنجاہ سالہ خدمات پر ایک نظر

یہ ہے میری پچاس برس کی خدمات کا مختصر سا خاکہ اگر ایک سال کی تحریری اور دو سال کی سکرٹری شپ کو علیحدہ کر دیا جائے تو میری زندگی کو پورے سینتالیس

[۵] خواجہ صاحب کے متواتر اصرار پر یہ فیصلہ ہوا کہ آئندہ ۱۱ جولائی ۱۹۳۶ء سے خدمت منیجری سے بھی سبکدوش کر دیا جائے (اعجاز چاچڑی)

سال علمی اور تعلیمی کام میں بسر ہوئے جس میں مدرسی سے لیکر ایک مدرسہ کی منیجری ایک ٹریننگ کالج کی پرنسپلی ایک تبلیغی کالج (مدرسۃ الواعظین) کی پروفیسری اور ایک صوبہ کی انسپکٹری ہر قسم کی خدمتیں شامل ہیں اور مذہبی اور تبلیغی خدمتیں جو بذریعہ تحریر و تقریر آخر میری طور پر انجام دی گئیں وہ علاوہ ہیں میں نے ملازمت کے ذریعہ سے اپنی لیاقت سے بہت زیادہ کمایا اور چونکہ میرے ذاتی مصارف بہت محدود رہے ہیں اس لئے اگر روپیہ جوڑنے کا شوق ہوتا تو آج ہزاروں کا آدمی ہوتا اور اچھی خاصی پوزیشن ہوتی مگر میری کمائی اہل خاندان کی خدمت بھائی بہنوں اور ان کی اولاد کی تعلیمی اعانت مستحقین کی امداد اور اپنے دینی ذوق کے کاموں میں صرف ہوئی اور ہو رہی ہے اور یہ توفیق منجانب اللہ عطا ہوئی ہے

گر از حق۔ نہ توفیق خیرے رسد ۔ کے از بندہ خیرے بغیرے رسد

۲۹ چند اعزازی خدمات

تبلیغی خدمات کے علاوہ بھی کچھ آنریری خدمتیں مجھ سے متعلق ہیں۔

(۱) ۱۹۱۸ء سے حالی میموریل فنڈ ایسوسی ایشن کا لائف ممبر ہوں

(۲) آل انڈیا مرکزی جمعیت علمائے ہند (کانپور) جو مسلمانان ہند کی ایک نمائندہ جماعت ہے تین سال سے اس کی کارکن کمیٹی کا لائف ممبر ہوں۔

(۳) ۱۹۳۸ء سے مسلم یونیورسٹی کورٹ علی گڑھ کا ممبر ہوں اور اب دوبارہ پانچ سال کے لیے منتخب ہوا ہوں۔

باب چہارم تصنیفات و تالیفات

عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ

۳۰ تصنیفات کی تعداد اور بعض تصنیفات کے نام

میری ہر قسم کی چھوٹی بڑی تحریرات کی تعداد ستر کے قریب ہے۔ بعض کتب و رسائل کے نام یہ ہیں:-

فلسفہ یعلیم ترجمہ ایجوکیشن۔ سیرت النبی (حالات مکہ) اخلاق حسینی حضرت سید الشہداؓ کا اخلاق اور آپ کی مقدس زندگی کے اخلاقی نتائج۔ یادگار حسینؓ میرزا سلطان احمد صاحب رئیس قادیان کی تصنیف جو میری ترمیم و تلخیص سے شائع ہوئی ترجمہ الشہادتین کا ترجمہ۔ تحقیق الجہاد مولوی چراغ علی کی انگریزی کتاب کا ترجمہ تنقید لطیف بر خیالات ظریف۔ علی گڑھ کالج کے ایک سابق پروفیسر کے دہریانہ اور ملحدانہ خیالات کی مکمل تردید۔ اسلام اور توحید بزبان انگریزی [Islam and the Divine Unity] اسلامی توحید کی افضلیت و اکملیت تسخیر حصار۔ حصار کی ایک مذہبی کانفرنس منعقدہ ۱۹۱۹ء میں میری تقریر بر تناسخ اور قدامت روح و مادہ کا ابطال اور اثبات توحید تعلیم اور قرآن میرا لکچر جو دسمبر ۱۹۲۳ء میں بمقام علی گڑھ مسلم ایجوکیشنل کانفرنس میں پڑھا مذہبی تعلیم اور اس کے عملی طریقے۔ دسمبر ۱۹۲۴ء کا لکچر جو مسلم ایجوکیشنل کانفرنس میں بمقام بمبئی دیا گیا۔ تقدیس القرآن۔ قرآن مجید کے متعلق مخالفین کے چند اعتراضات اور غلط فہمیوں کا رد۔ حدوث مادہ۔ خواجہ غلام الثقلین کے مضامین بجواب آریہ سماج جو میری نظر ثانی اور ترمیم کے ساتھ کتابی صورت میں شائع ہوئے یہ کتاب شاعت اسلام کالج لاہور میں داخل درس ہے کشف حقیقت آیۂ ساق کی مکمل تفسیر۔ اللہ تعالیٰ کی کامل تقدیس اور آریوں کے اعتراضات کی کامل تردید متوازنہ مسیحیت و اسلام۔

اسلام کی افضلیت اور اکملیت بمقابلہ مسیحیت۔ ویدانت اور قربانی۔ سوامی دیانند کی تحریرات سے گائے بیل وغیرہ کی قربانی اور گوشت خواری کا ثبوت بشنہ شیپ کی کہانی۔ ویدوں کے زمانہ میں انسانی قربانی کا ثبوت اور سوامی جی کے اس دعوے کی تردید کہ ویدوں میں کوئی قصہ کہانی نہیں ہے۔ ہندو دھرم پرسات لکچر۔ سوامی دیانند کی مانی ہوئی کتابوں سے اس بات کا ثبوت کہ ہندو دھرم کی عمارت صرف ذاتوں کے امتیاز پر قایم کی گئی ہے۔ حقوق والدین۔ میرا لکچر جو حالی مسلم ہائی اسکول میں دیا گیا اور جون ۱۹۳۴ء میں شائع ہوا۔ عمدۃ المطالب فی مناقب علی بن ابی طالب۔ حسن المطالب فی امامۃ علی بن ابی طالب۔ احسن البراہین علی فضیلت امیر المومنین۔ خدا کی ہستی۔ خدا کی توحید۔ اثبات وجود خدا (بزبان فارسی) آئینہ قادیان۔ قادیانی تحریک پر خواجہ غلام الثقلین مرحوم کے محققانہ مضامین جو میرے حواشی و تشریحات وغیرہ کے

ساتھ شائع ہوئے۔ معیار الاخلاق۔ اسلامی اخلاق کا صحیح مفہوم فلسفیانہ رسالہ ہے ستیارتھی دیانند اور انکی تعلیم جسپر اکثر مسلم و غیر مسلم حضرات نے بہترین یورپ کے لیکن آریوں نے اسکو ضبط کرنیکی انتہائی کوشش کی مگر نا کامیاب رہے مولانا سید مجتبیٰ حسن صاحب فاضل کاکوروی نے حال میں بزبان عربی اسکا خلاصہ مصر میں شائع کرایا ہے جو علمائے مصر میں بہت مقبول ہوا[1]

باب پنجم مواعظ و تقریرات

اُدْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

فصل اول تقریرات کے مقامات اور انکی نوعیت

۳۱۔ سلامی ادارات کی تقریریں میری تقریریں مختلف قومی مذہبی۔ علمی تعلیمی اور تبلیغی ادارات میں ہوئی ہیں مثلاً انجمن حمایت اسلام لاہور۔ انجمن تہذیب الاخلاق بنارس۔ انجمن اسلامیہ بمبئی۔ انجمن اشاعت اسلام بمبئی۔ انجمن معلمین مدارس بمبئی۔ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس آل انڈیا شیعہ کانفرنس۔ آل انڈیا مرکزی جمعیت علمائے ہند۔ آل انڈیا مرکزی جمعیت تبلیغ الاسلام۔ حالی مسلم ہائی سکول پانی پت۔ مدرسۃ الواعظین لکھنؤ۔ عربک کالج دہلی۔ منصبیہ کالج میرٹھ وغیرہ میں نے اپنی تقریرات وغیرہ کو کسب معاش کا ذریعہ کبھی نہیں بنایا۔ میری معاش کا دارومدار زیادہ تر سررشتہ تعلیم کی ملازمت پر رہا۔

۳۲۔ مجالس محرم و میلاد شریف کے بیانات عشرۂ محرم الحرام وغیرہ کی مجالس میں میرے بیانات عموماً وطن ہی میں ہوئے ہیں مگر ۱۹۱۰ء ۱۹۱۱ء ۱۹۲۵ء ۱۹۲۶ء میں سیٹھ یوسف بھائی کے مکان پر اور مدرسہ ملا فراد اور محل حیدری وغیرہ میں محرم کی مجلسیں بمقام بمبئی پڑھیں ۱۹۲۵ء میں باندرہ (علاقہ بمبئی) میں محرم کی کل مجلسیں ایک حنفی سیٹھ کے مکان پر پڑھیں۔ ۱۹۱۳ء میں بمقام بدایوں شیعہ سنی حضرات کی جداگانہ مجالس میں چند تقریروں کا موقع ملا۔ یوم النبی اور میلاد شریف کی مجالس میں پانی پت کے علاوہ دیگر مقامات میں بھی فریقین کے مشترک اور جداگانہ جلسوں میں میری تقریریں ہوئی ہیں۔

۳۳۔ عراق کی مجالس اور مواعظ اور خدمت اسلام کا مجوزہ پروگرام ۱۹۳۲ء میں بزبانہ قیام عراق بہت سے بیانات ہوئے کاظمین کی تقریر جو علمائے مجتہدین کے مخصوص جلسہ میں بزبان فارسی کی گئی۔ بغداد کی تقریریں جو میلاد نبوی کے موقع پر ہوئیں اور کربلائے معلیٰ کی مجالس اور بیانات منبری اور خصوصاً وہ بیانات جو میلاد المعصومین کی مجالس میں کیے گئے قابل ذکر ہیں۔

میرا ارادہ عراق میں رہ کر کچھ مذہبی خدمت کرنیکا تھا۔ چنانچہ حضرت علامہ سید ہبۃ الدین شہرستانی کی سرپرستی میں ایک عربی و اردو رسالہ (جسکا نام علامہ مرحوم نے شمس المشرقین تجویز فرمایا تھا) جاری کرنے کا پورا انتظام ہو چکا تھا اور حضرت آقا سید ابوالحسن اصفہانی کی سرپرستی میں انسداد فتنۂ بھائیان کے متعلق بھی کام کرنیکا خیال تھا اور ایک ابتدائی مقالہ بزبان فارسی لکھ کر آقائے ممدوح کی خدمت میں پیش کر دیا تھا جو پسند کیا گیا۔ مگر خلاف توقع ایسے اسباب پیش آئے کہ مجھے ہندوستان واپس آنا پڑا۔

۳۴۔ خاص مقامات جہاں تقریریں ہوئیں جن مقامات پر میری تقریریں ہوئیں انکی ایک منتخب فہرست یہ ہے۔

انبالہ۔ امرتسر۔ امروہہ۔ آگرہ۔ اٹاوہ۔ ایٹہ۔ بنارس بمبئی۔ بدایوں بھوپال بھاگلپور بغداد۔ پانی پت۔ پیلی بھیت۔ پٹنہ۔ جالندھر جونپور۔ جھانسی۔ دہلی۔ رائے بریلی۔ رنگون

---

[1] خواجہ صاحب کا سفرنامہ حج حالی پبلشنگ ہوس لال کنواں دہلی سے چھپکر شائع ہو گیا ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔ اور کتاب سوامی دیانند اور اُن کی تعلیم بھی وہاں سے مل سکتی ہے قیمت دو روپیہ فی جلد۔ باقی کتابیں عموماً نایاب ہیں ۱۲ (مدیر)

سلطان پور[۲۲]۔ سیتا پور[۲۳]۔ سہارنپور[۲۴]۔ شوقی پت[۲۵]۔ علی گڈھ[۲۶]۔ غازی آباد[۲۷]۔ غازی پور[۲۸]۔ فرخ آباد[۲۹]۔ کرنال[۳۰]۔ کیرانہ[۳۱]۔ کانپور[۳۲]۔ کربلائے معلیٰ[۳۳]۔ کاظمین[۳۴]۔ گلبرگہ[۳۵]۔ گونڈہ[۳۶]۔ لکھنؤ[۳۷]۔ لکھیم پور کھیری[۳۸]۔ لاہور[۳۹]۔ میرٹھ[۴۰]۔ مظفر نگر[۴۱]۔ ہاپڑ کوٹلہ[۴۲]۔ ملتان[۴۳]۔ نجف اشرف[۴۴]۔ ہوشیارپور[۴۵]۔ ان مقامات کے علاوہ فروری ۱۹۳۵ء میں حج کو جاتے وقت (بمبئی میں اور علوی جہاز پر بمبئی اور جدہ کے درمیان) دو ہفتے تک تقریباً روزانہ مواعظ و میلاد و ذکر رسول کا سلسلہ جاری رہا اور جدہ سے واپسی پر "اسلامی جہاز" میں بھی چند تقریریں ہوئیں۔ سفر عراق میں وارسو VARSOVIA جہاز پر بھی مجالس کا سلسلہ جاری رہا تھا۔

۳۵ - نوعیت بیانات | میری ہر تقریر یا دربیان کا عام موضوع "قرآن مجید" ہوتا ہے جس میں "جامعیت قرآن اور معارف قرآن" کے ساتھ ساتھ فلسفۂ اسلام، اصول و اخلاق اسلام، اخلاق نبوی، اخلاق المعصومین وغیرہ مطالب بیان کئے جاتے ہیں، تارکین و ملاحدہ کے خیالات کا رد اور متشککین کے تشکک کا دفعیہ بھی قرآن اور عقلی دلائل سے کیا جاتا ہے۔ بیان شہادت بھی تاریخی اور اخلاقی حیثیت سے کیا جاتا ہے یہ وہ مضامین ہیں جن سے بالالتزام فرقہ سب مسلمانوں کو دلچسپی ہوتی ہے اور غیر مسلم بھی ان کو شوق سے سننے کے لئے آتے ہیں اور بعض اوقات اپنے جلسوں میں بھی مجھے تقریر کی دعوت دیتے ہیں۔

فصل دوم اثر تقریرات

۳۶ - مسلم اور غیر مسلم پبلک پر اثر | یہ تقریرات کس قدر مؤثر ثابت ہوئیں اور مسلم اور غیر مسلم پبلک پر اُن کا کیا اثر ہوا۔ اس بات کا اندازہ واقعات ذیل سے ہو سکتا ہے۔

۳۷ - بعض انجمنوں کی طرف سے مستقل دعوت تقریر | بنارس اور غازی پور کی اسلامی انجمنوں نے مجھے ہمیشہ کے لئے دعوت دیدی تھی چنانچہ جب تک وہ انجمنیں قائم رہیں۔ ہر سال وہاں جاتا رہا۔ دیگر واعظین عموماً ایک تقریر کرکے چلے جاتے تھے مگر مجھے یہ حکم تھا کہ ایام جلسہ میں ہر روز کم سے کم ایک تقریر ضرور کروں سادات باہرہ کی "انجمن جعفریہ مظفر نگر" بھی ۱۹۰۷ء

میں قائم ہو کر چند سال میں ختم ہو گئی۔ اُس میں بھی قریب قریب ہر سال میری تقریریں ہوا کرتی تھیں۔

۳۸ - بھوپال کی تقریروں کا اثر | ۱۹۲۰ء میں بھوپال جانے کا اتفاق ہوا وہاں مولوی عبید اللہ صاحب بسمل امرتسری (علیا حضرت سلطان جہاں مرحومہ) پر تبلیغ احمدیت کی غرض سے کئی مہینے سے موجود تھے اور اہل بھوپال کو مسئلہ نبوت و ختم نبوت پر تقریریں سننے کا بہت اشتیاق تھا۔ چنانچہ میری اور مولوی عصمت اللہ صاحب (ساکن اڑیسہ ٹانڈہ ضلع ہوشیارپور) کی بیسیوں تقریریں اس مضمون اور دیگر مضامین پر ہوئیں۔ سرکاری طور پر بھی تقریرات کا انتظام ہوا جامع مسجد بھوپال میں بھی مجھ کو بیان کرنے کا موقع دیا گیا۔ حضور بیگم صاحبہ کی خدمت میں دو مرتبہ باریابی ہوئی اور انہوں نے بھی اظہار پسندیدگی فرمایا اور ایک روز بعد نماز جمعہ ("مسجد آصفی") میں (جہاں زنانہ نشست کا بھی انتظام ہے) فریقین کی تقریرات کو بنفس نفیس سننے کا ارادہ فرمایا تھا۔ مگر بسبب صادنے منظور نہ کیا

۳۹ - بغداد کی تقریروں کا اثر | ۱۹۳۲ء میں "جامع السراے" بغداد میں سیرت نبوی پر تقریر ہوئی، ہندوستانیوں کے علاوہ عرب۔ ایرانی ترک اور غیر مسلم ہزاروں کی تعداد میں شریک تھے۔ سامعین پر خاص اثر پڑا اور عربوں کی خواہش پر مجھے شب کو دوسری تقریر بھی کرنی پڑی۔

۴۰ - آل انڈیا تبلیغ کانفرنس کی تقریروں کا اثر | دسمبر ۱۹۲۷ء میں لارڈ ہیڈلے کی صدارت میں آل انڈیا مرکزی جمعیت تبلیغ الاسلام، انبالہ کا جلسہ دہلی میں منعقد ہوا جس میں اطراف ملک سے ہر مذہب و ملت کے لوگ بتعداد کثیر شامل ہوئے۔ جن کی تعداد کا کوئی اندازہ نہیں لگایا جا سکتا، قریب ظہر میری تقریر شروع ہوئی۔ چند ہی منٹ کے بعد صدا میں آنے لگیں کہ اس تقریر کے لئے وقت کی قید نہیں ہونی چاہئے۔ نماز ظہر کے وقت میں بڑی گنجائش ہے، مقرر جب تک چاہے تقریر کرے۔ بعد ختم تقریر پبلک کے سخت اصرار پر شب کے آخری جلسہ میں دوسری تقریر کرنی پڑی جس کی وجہ سے ایک روز بعد بمبئی جانا ہوا ان تقریروں کا مضمون "اسلام اور آریہ دھرم کا مقابلہ" تھا۔

۴۱ - بمبئی کی تقریر کا اثر | انجمن اشاعۃ الاسلام، بمبئی میں میری بہت سی تقریریں ہوئیں ایک تقریر "سیرت خاتم النبیین" پر ہوئی جس کا

حسب دستور اخبار خلافت میں پہلے سے اعلان ہو چکا تھا۔ ہال میں داخل ہوتے ہی ایک پرچہ ملا، جس میں لکھا تھا کہ اس جلسہ میں چند "بہائی مذہب" کے لوگ آپ کی تقریر سننے کے لئے آئے ہیں "دلائل ختم نبوت" مفصل بیان کیجئے گا۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ دوران تقریر میں چند آدمی اُٹھ کر چلے گئے، معلوم ہوا کہ وہی بہائی تھے۔ صدر جلسہ مولوی عبدالرؤف صاحب (سکریٹری انجمن ضیاء الاسلام بمبئی) نے اپنی آخری تقریر میں کہا کہ وہ لوگ خواجہ صاحب کے دلائل پر کوئی سوال یا اعتراض نہیں کر سکتے تھے اس لئے جلسہ سے اُٹھ گئے۔ میرے بیان کا لب لباب یہ تھا کہ جو شخص آں حضرتؐ کے بعد مامور من اللہ ہونے کا مدعی ہو۔ اُس کو اپنی کتاب قرآن سے بہتر اور اپنا اخلاق آنحضرتؐ کے خلق عظیم سے بالاتر ثابت کرنا ہوگا اور یہ ناممکن ہے لہٰذا آں حضرت خاتم النبیین ہیں۔

۴۴۔ علی گڈھ کے ایک لکچر کا اثر میرے دسمبر ۱۹۳۳ء کے لکچر کے متعلق جو مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڈھ میں بہت سے اہل علم اور غیر مسلم ماہرین تعلیم کی موجودگی میں۔ "تعلیم اور قرآن" کے عنوان سے فی البدیہہ دیا گیا تھا۔ الواعظ لکھنؤ میں یہ نوٹ شائع ہوا تھا۔

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے چھتیسویں اجلاس میں ماہرین علم التعلیم دور دور سے لکچر دینے کے لئے مدعو تھے۔ مدرسۃ الواعظین سے مولانا خواجہ غلام السیدین صاحب بھی علی گڈھ گئے۔ اور تعلیم اور قرآن پر ایک عالمانہ اور پُر زور لکچر دیا جس کی نسبت چودھری ناصر علی صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی نے تحریر کیا ہے "لکچر کیا تھا علم کا عجیب و غریب اور بے نظیر ذخیرہ تھا جس سے ہر شخص بقدر ہمت خود لطف اُٹھا رہا تھا" صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب نے بھی ایک گرامی نامہ میں بہت تعریف لکھی ہے۔

یہ لکچر کانفرنس کی رپوٹ میں اور علیحدہ بھی چھپ چکا ہے۔

۴۳۔ غیر مسلموں پر اثر بیان منبری کا جو اثر غیر مسلموں پر ہوتا ہے اس کی تصدیق ایک عجیب طریقہ سے ہوتی، دو سال کا ذکر ہے کہ ایک صاحب نے مجھے دہلی میں ایک مجلس پڑھنے کے لئے پیغام بھجوایا۔ تاریخ اور وقت دریافت کرنے پر یہ جواب ملا کہ ایک انگریز ڈپٹی کمشنر مجلس میں شامل ہونے کا ارادہ رکھتے تھے اس لئے میری تقریر کی ضرورت تھی۔ کیونکہ موجودہ واعظین میں سے کوئی صاحب ایسا بیان نہیں کر سکتے جس کا اثر کسی غیر مسلم پر پڑے۔ اب صاحب کا ارادہ ملتوی ہو گیا ہے اس لئے مولانا کو زحمت فرمانے کی ضرورت نہیں، گویا مجھ خاکسار کا سادہ اور مدلل بیان صرف غیر مسلمین یا مشکلین کے لئے مفید ہوتا ہے۔ سیدھے سچے مومنین و مخلصین کے لئے اُس کی ضرورت نہیں۔ اُن کے لئے پر لطف فقرات اور خطابات ہی کافی ہیں۔ !!!

فصل سوم۔ چند دیگر پبلک تقریریں اور اُن کا اثر

۴۴۔ جالندھر کی پبلک تقریر ۱۹۰۵ء میں مولوی نیاز محمد خاں صاحب (مرحوم) وکیل جالندھر نے مولانا حالی کو لکھا کہ جالندھر آریوں کا خاص مرکز ہے۔ یہاں جلسہ میلاد النبیؐ میں تقریر کرنے کے لئے ایسے مقرر کی ضرورت ہے جس کی تقریر کا اثر غیر مسلموں پر بھی اچھا ہو۔ جو قرآن مجید اور آں حضرتؐ کی افضلیت کو معقول دلائل سے ثابت کر سکے اور ساتھ ساتھ آریوں کے اہم اعتراضات کی معقول تردید بھی کر سکے۔ مولانا کے حکم سے میں جالندھر گیا۔ تین گھنٹے تک تقریر ہوئی اور خدا کے فضل سے جیسی تقریر وہ چاہتے تھے ویسی ہی ہوئی۔ ..... مولوی مراد علی صاحب (سابق مصحح مطبع سرکاری لاہور) نے بخوشحم ہو کر تقریر مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ "اتنی طولانی اور اتنی کامیاب اور موثر تقریر مولانا نذیر احمد کے سوا ہم نے اب تک کسی سے نہیں سُنی تھی۔ آج سے آپ مولانا نذیر احمد کے قائم مقام ہو گئے"

۴۵۔ انجمن حمایت اسلام لاہور کی تقریریں ۱۹۰۵ء ہی میں "انجمن حمایت اسلام" لاہور کے سالانہ جلسوں پر میری تقریرات کا سلسلہ شروع ہوا اور کئی سال تک جاری رہا۔ "دین و دنیا کا تعلق"، "اخلاق نبوی"، "اعجاز القرآن"، "تعلیم القرآن" وغیرہ مضامین پر تقریریں ہوئیں جو مقصد انجمن کے عین مطابق اور کامیاب ثابت ہوئیں۔

۴۶۔ مظفر نگر کی تقریریں ۱۹۰۶ء میں "انجمن اسلامیہ مظفر نگر" کے سالانہ جلسوں میں تقریریں ہوئیں جن کا اثر مسلم اور غیر مسلم پبلک پر بھی اچھا ہوا۔

۴۷ - لکھنؤ کی تقریریں ۱۹۰۷ء میں (شیعہ کانفرنس کے قائم ہونے سے پہلے) القرآن کلام اللہ کے عنوان سے لکھنؤ میں برابر قریب دو ہفتے کے عزاخانہ میں مسلسل تین روز تک میری تقریریں ہوئیں جن میں مدارس عربیہ کے فاضل طلاب اور حضرات علمائے کرام بھی شریک ہوئے۔ سامعین کا عام خیال یہ تھا کہ اس مضمون پر یہ نئی قسم کی تقریریں ہیں" حضرت مولانا آقا سید آقا حسن صاحب قبلہ نے فرمایا کہ یہ تقریریں اس قابل ہیں کہ ان کا ترجمہ انگریزی میں بھی شائع کیا جائے۔

۴۸ - سب سے پہلی پبلک تقریر میری سب سے آخری پبلک تقریر حالی سنٹنری کے موقع پر اکتوبر ۱۹۳۵ء میں بمقام پانی پت ہوئی۔ جس کا عنوان تھا" مولانا حالی اور ہمدردی بنی نوع" مولوی عنایت اللہ صاحب بی۔ اے دہلوی (سابق ناظم دارالترجمہ حیدر آباد دکن) نے اس تقریر کو خاصی اہمیت دی اور فرمایا کہ یہ تقریر دو دن کی تمام کارروائی کا اصل مقصد اور نتیجہ ہے جس میں سیرت حالی کا پورا نقشہ صحیح طور پر دکھایا گیا ہے۔ یہ تقریر حالی سنٹنری کی رپورٹ کے ساتھ شائع ہو چکی ہے۔

باب ششم

مناظرات۔ مخاطبات۔ مکالمات اور بیانات

وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ

بیا و حال اہل درد بشنو ۔ بلفظ اندک و معنی بسیار

فصل اوّل۔ تقریری مناظرات وغیرہ

۴۹ - غیر مسلموں کا اصرار غیر اسلامی جلسوں میں بیان کرنے یا غیر مسلموں سے مناظرہ کرنے کا خیال مجھے از خود کبھی نہیں ہوا۔ مگر ان ہی لوگوں کی خواہش اور اصرار پر بعض اوقات زبانی گفتگو اور بعض اوقات اُن کے جلسوں میں مناظرہ اور تقریر کرنے کا اتفاق ہوا ہے جس کی مختصر کیفیت حسب ذیل ہے۔

۵۰ - پنڈت بھوجدت کے مکان پر فیصلہ کن مکالمہ اخبار مسافر آگرہ نے مجھے مناظرہ کے لئے چیلنج دیا۔ میں فوراً ہی ۱۳ مئی ۱۹۱۳ء کو آگرہ میں پنڈت بھوجدت کے مکان پر جا پہنچا۔ اُن سے اور اُن کے بیٹے پنڈت لکشمی دت ڈاکٹر سے دیر تک گفتگو رہی وہ ہر بحث کو ٹالتے رہے اور بوڑھے پنڈت جی نے تو صاف کہدیا کہ ہم شیعوں سے بحث نہیں کرتے مگر چلتے وقت ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ آپ اپنی تحریر بھیجئے ہم اُس کو چھاپ دیں گے مگر یہ وعدہ آج تک پورا نہیں ہوا۔

۵۱ - آریہ سماج پانی پت کے پلیٹ فارم پر سلسلۂ مناظرات و مکالمات ۱۹۱۶ء سے ۱۹۱۹ء تک آریہ سماج پانی پت کے سالانہ جلسوں پر آریہ پنڈتوں کے ساتھ پانچ مرتبہ مناظرات اور تقریرات کا اتفاق ہوا جس کا مجمل حال نیچے درج کیا جاتا ہے۔

۵۲ - ۱۹۱۶ء کا مناظرہ اور اس کا نتیجہ ستمبر ۱۹۱۶ء میں آریوں کے سب سے مشہور مناظر پنڈت رامچندر دہلوی فریق مقابل تھے، یہ صاحب آریوں میں فاضل القرآن کے نام سے مشہور ہیں۔ قرآن اور وید کی تعلیم کا مقابلہ، مضمون زیر بحث تھا۔ پنڈت جی میرے بہت سے سوالات اور مطالبات کو لاجواب چھوڑ کر چلے گئے میں نے رجسٹری شدہ خطوط کے ذریعہ سے بار بار اپنے مطالبات کا جواب طلب کیا مگر آج تک کوئی جواب نہیں ملا۔

۵۳ - ۱۹۱۷ء میں آریہ مناظر کی غیر حاضری اور آریہ سماج کی دفع الوقتی سال گزشتہ کے مناظرہ کا یہ اثر ہوا کہ سال آئندہ یعنی ۱۹۱۷ء کے جلسہ میں آریہ سماج کے بلانے کے باوجود پنڈت جی مناظرہ کے لئے نہ آئے۔ میں نے خود ہی سکریٹری آریہ سماج کو تکمیل مناظرہ کی یاد دہانی کی تو انھوں نے مجبوراً مجھے بلایا۔ مگر چونکہ اُن کا پہلوان موجود نہیں تھا اس لئے خود لالہ شادی رام صاحب سکریٹری کو مجبوراً سامنے آنا پڑا۔ بہت دیر تک بیکار دفع الوقتی کرتے رہے مگر مناظرہ کا موقع نہ دیا۔ اور تمام حاضرین نے آریوں کی کمزوری کو پوری طرح سمجھ لیا۔

۵۴ - ۱۹۱۸ء کا فیصلہ کن مناظرہ ۱۹۱۸ء میں پنڈت رامچندر جی کو آریہ سماج کے بلانے پر مجبوراً آنا پڑا۔ اس مرتبہ آریوں نے اپنی طاقت

دس گنا کر دیا یعنی تقریباً دس آدمی اُن کی مدد کے لئے موجود تھے۔ خاکسار خدا تعالیٰ کے بھروسہ پر "تن تنہا" اور فریق مقابل "دہ بانتہا" مسئلہ معاشرت پر جو پہلے سے مقرر ہو چکا تھا مناظرہ ہوا مگر معاشرت قرآن کے مقابلہ پر معاشرت ویدکا کوئی نقشہ باوجود میرے بار بار یاد دلانے کے آخر وقت تک بھی پنڈت جی پیش نہ کر سکے اور نہ کسی دوسرے موقع پر پیش کرنے کا وعدہ کیا اور کر بھی نہیں سکتے تھے کیونکہ قرآن کی سی جامعیت ویدوں میں کہاں؟ المختصر۔ پانچ چھ ہزار آدمیوں نے اُن کی کمزوری کو بخوبی محسوس کر لیا۔

۵۵۔ ۱۹۱۹ء میں سنیاس دھرم پر فیصلہ کن مناظرہ

۱۹۱۹ء میں پنڈت راجندر جی دوبارہ غائب ہوئے تو میں نے سکریٹری آریہ سماج کو اس سال بھی تکمیل مناظرہ کی یاددہانی کی تو دو آریوں نے میرے مکان پر آکر معذرت کی اور کہا "پنڈت راجندر جی تو نہیں آئے ہم نے اُن کو تار دیدیا ہے اگر وہ آگئے تو جلسہ کا ایک دن بڑھا کر کل پورا دن آپ کے ساتھ شاستر ارتھ کے لئے دیدیا جائے گا۔ آج تو آپ دوسرے پنڈت سے کسی دوسرے مسئلہ پر شاستر ارتھ کر لیں" میں نے کہا اچھا آپ اپنے پنڈت کو "سنیاس دھرم" پر مناظرہ کے لئے تیار کریں۔ الغرض مناظرہ ہوا اور آریہ پنڈت کو مجبوراً تسلیم کرنا پڑا کہ "سوامی دیانند نے سنیاس دھرم کو نہیں نباہ سکے" اور یہی میرا دعویٰ تھا۔ جو آریہ پنڈت کے اقرار سے ثابت ہو گیا

۵۶۔ قریشیام میں مباحثہ سے فارغ ہوا تو ایک آریہ نے میرے کان میں کہا کہ "پنڈت راجندر جی" دہلی سے آگئے ہیں آپ اُن سے بھی اس وقت مباحثہ کر لیں" میں نے کہا اس کے لئے آپ کو پورا دن مقرر کرنا پڑے گا۔ پنڈت جی کہیں پاس ہی بیٹھے ہوئے تھے یہ سُن کر کھڑے ہو گئے اور پبلک کو مغالطہ دینے کے لئے بلند آواز کے ساتھ مجھ سے مخاطب ہوئے "مولوی صاحب آپ الف وقت میرے ساتھ کیوں نہیں مباحثہ کر سکتے" میں نے اُن کے مغالطہ کو دفع کرنے کے لئے بلند تر آواز سے جواب دیا اور تمام پبلک کو سنا دیا "تین دن سے آپ کہاں تھے۔ تار پر تار آپ کو دئے گئے تو اب آخر وقت پر تشریف لائے۔ کل کا پورا دن آپ کے ساتھ مباحثہ کرنے کے لئے مقرر ہو چکا ہے کل تمام دن آپ کو حاضر رہنا پڑیگا" یہ سُن کر پنڈت جی لاجواب اور شرمندہ ہو کر بیٹھ گئے۔

۵۷۔ آریہ سماج کا زبردست مغالطہ اور مناظروں کا خاتمہ

دن میں اپنی عادت کے مطابق کتابوں کی گٹھری بغل میں دبا کر تنہا جلسہ گاہ میں پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ پبلک ندارد اور کوئی بیس آریہ موجود ہیں معلوم ہوا کہ برخلاف قرارداد باہمی رات ہی کو ختم جلسہ کا اعلان کر دیا اور مجھے سخت مغالطہ میں رکھا۔ میں نے بیحد اصرار کیا اور بار بار اُن کا وعدہ یاد دلایا مگر ایک نہ سُنی مجھے باتوں باتوں ہی میں ٹال دیا اور مباحثہ نہ کرایا وہ دن اور آج کا دن پھر کبھی آریہ سماج نے میرے ساتھ مناظرہ کا نام نہیں لیا۔

۵۸۔ مباحثوں کو آریوں نے کیوں بند کیا

بات یہ ہے کہ خاکسار کی قرآنی تقریریں مسلم اور غیر مسلم پبلک کے دلوں میں اُتر جاتی جاتی تھیں اور آریوں کی جوابی تقریروں سے لوگوں کو اُلجھن پیدا ہوتی تھی اور "قرآنی تعلیم" کے مقابلہ میں نام نہاد "ویدک تعلیم" کا رنگ نہیں جمتا تھا اور کیسے جم سکتا تھا ع۔ باکف موسوی چہ ند سحر سامری۔

اس کے علاوہ میں ہر سال برابر تقاضا کرتا رہتا تھا کہ فریقین کی تقریروں کو قلمبند کر کے کتابی صورت میں شائع کرا دیا جائے کیونکہ پنڈت جی ہر سال ایک ہی مضمون کو اُلٹ پلٹ کر بیان کر دیتے تھے۔ کئی سال تک وعدے ہوتے رہے مگر ۱۹۱۹ء میں صاف انکار کر دیا اور پنڈت راجندر نے بھی علی الاعلان مجھے کہدیا کہ "مولوی صاحب نہ تو میں اپنی تقریر قلمبند کراکر آپ کو دونگا اور نہ آپ کی قلمبند شدہ تقریروں گا، اور نہ آپ کی کسی تحریر کا جواب دونگا میرے پاس اتنا وقت ہی نہیں" میں نے بھی لالہ شادی رام سکریٹری آریہ سماج کو سنا دیا کہ اب میرے سامنے ایسے شخص کو لانا جسے ان کاموں کی فرصت ہو "یہ ہے بڑھیا آریہ پنڈتوں کی کمزوری کا نظارہ" سچ ہے ؎

بس بخجر بہ کردیم دریں دار مکافات ۔ بادین خدا ہر کہ در افتاد بر افتاد

۵۹۔ امروہہ میں اسلامی پلیٹ فارم پر پنڈت راجندر سے فیصلہ کن مکالمہ

۱۲ر دسمبر ۱۹۱۶ء کو جبکہ انجمن اشاعت اسلام امروہہ کے جلسہ میں مولانا سید مرتضےٰ حسن صاحب (مدرس مدرسہ امدادیہ مراد آباد) سے مباحثہ کر رہے تھے میں بھی انجمن کی دعوت پر وہاں پہنچ گیا۔ مباحثہ کے بعد میں نے بھرے جلسہ میں پنڈت جی سے کہا کہ آپ نے پندرہ مہینے سے میری کسی رجسٹری شدہ تحریر کا جواب نہیں دیا۔

اور ستمبر ۱۹۱۷ء کے مباحثہ میں میرے جن سوالات اور مطالبات کو بلا جواب چھوڑ کر آپ چلے آئے تھے آنکا جواب بھی پندرہ مہینے سے کچھ نہیں دیا۔

پنڈت جی اس سوال پر بہت پریشان ہوئے اور کسی قدر معذرت کے بعد تحریری جواب دینے کا وعدہ کیا مگر آج انیس سال ہو گئے انکا وعدہ اور جواب

۶۰۔ جین کانفرنس حصار کی مذہبی تقریریں

مئی ۱۹۱۹ء میں جین صاحبوں نے حصار میں ایک مذہبی کانفرنس منعقد کی جسمیں مجھ کو اسلامی نمائندہ کے حیثیت سے طلب کیا گیا اور خطوط کے علاوہ پلے در پلے تین تار میری طلبی میں آئے مجھے حصار جانا پڑا اور آنکے مقررکردہ مضامین تناسخ و توحید وغیرہ پر اسلامی نقطۂ نظر سے تقریریں کیں جن کا اثر غیر مسلموں پر خصوصاً بہت اچھا ہوا اور اُن ہی لوگوں کے اشتیاق اور بتواتر اصرار پر صدر جلسہ کو میری تقریر کے لیئے پندرہ منٹ کی جگہ چالیس منٹ دینے پڑے ؎

مرا تا عشق تعلیم سخن کرد ؛ حدیثم نکتۂ ہر محفلے بود

یہ تقریریں میری کتاب تیغ حصار میں چھپ چکی ہیں جسمیں پنڈتوں کی تقریرات پر ریویو بھی کیا گیا ہے۔

۶۱۔ لکھیم پور کھیری میں آریہ پلیٹ فارم پر مناظرہ

۱۹۲۳ء میں لکھیم پور کھیری کے آریوں نے مسلمانوں کو مناظرہ کا چیلنج دیا۔ میں مدرسۃ الواعظین کی طرف سے آریوں کے جلسہ میں پہنچا قدامت وید پر مناظرہ ہوا۔ میں نے ساتھ ہی ملوں اور سوامی دیانند کی تحریروں سے ثابت کیا کہ وید قدیم نہیں ہو سکتے۔ فاضل آریہ پنڈت نارائن سوامی ایم۔ اے نے معمولی سی دفع الوقتی کی مگر کسی ایک دلیل کو بھی رد نہ کر سکے اس مناظرہ کی روداد اُسی وقت انجمن اسلامیہ لکھیم پور کی طرف سے اخبار ہمدم لکھنؤ میں چھپ گئی تھی۔ بعد میں مولوی لقاء علی صاحب حیدری نے جو میرے ساتھ جلسہ میں گئے تھے پوری کیفیت قلمبند کر کے رسالہ منقبہ قدامت وید میں مدرسۃ الواعظین کی طرف سے شائع کرا دی تھی۔

۶۲۔ پانی پت جین کانفرنس میں تقریریں

جین سماج پانی پت کی سالانہ مذہبی کانفرنس میں مجھے کئی سال تک باصرار طلب کیا گیا۔ جہاں اُن لوگوں کے مقرر کردہ مضامین پر اسلامی نقطۂ نظر سے تقریریں کی گئیں جو پوری توجہ اور دلچسپی سے سُنی گئیں اور پسند کی گئیں ؎

ازاں بدیر مغانم عزیز میدارند ؛ کہ آتشے کہ نمیرد۔ درون سینۂ ماست

۶۳۔ اچھوت کانفرنس لکھنؤ کیلئے میری طلبی

۲۲ مئی ۱۹۳۶ء کو لکھنؤ میں اچھوت کانفرنس منعقد ہوئی جناب نجم العلماء مدظلہ نے مجھے بحیثیت ایک شیعہ نمائندہ کے اس کانفرنس میں شریک ہونے کے لیئے طلب کیا۔ میں لکھنؤ پہنچا پہلے روز مجھے وقت نہ مل سکا اور دوسرے روز میں ٹھہر نہ سکا کیونکہ فوراً ہی پانی پت واپس جانے کی ضرورت تھی اس لیئے اپنا مقالہ قلمبند کر کے دے آیا تاکہ کوئی دوسرا اسلامی نمائندہ اُس سے کام لے سکے۔

۶۴۔ پادری جوالا سنگھ سے فیصلہ کن مکالمہ

جس زمانہ میں میرا قیام لکھنؤ میں تھا مشن ہال نخاس میں ہفتہ میں دو تین مرتبہ مباحثے ہوا کرتے تھے۔ پادری جوالا سنگھ صاحب اپنے حریفوں کو لفظی بحثوں میں اُلجھاتے رہتے تھے۔ میں نے پادری صاحب سے کہا یہ طریقۂ بحث ٹھیک نہیں ہے۔ بالفرض آپ نے کسی ہندو یا مسلمان کو لفظی بحث میں لاجواب کر دیا تو اس سے ہندو دھرم یا اسلام باطل نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح اگر کسی ہندو یا مسلمان نے آپ کو لاجواب کر دیا تو اس سے عیسائی مذہب باطل نہیں ہو سکتا۔ آپ قرآن اور بائیبل کی تعلیم پر ہمارے ساتھ مباحثہ کریں تاکہ معلوم ہو کہ کس کتاب کی تعلیم انسانی ضروریات کی جامع اور فطرت انسانی کے مطابق ہے؟ پادری صاحب نے منظور کر کے دو دن بعد مناظرہ کا وعدہ کیا اور شکریہ بھی کہا کہ میں اس عرصہ میں روح القدس سے مدد طلب کرونگا۔ مگر پادری صاحب نے میرے ساتھ اس مضمون پر مباحثہ نہ کیا اور روح القدس نے اُنکا ساتھ نہ دیا۔

فصل دوم تحریری مناظرات

۶۵۔ آریہ سماج پانی پت سے مکالمات اور ایک تحریری مناظرہ

آریہ سماج

پانی پت سے مذہبی گفتگو کا سلسلہ ۱۹۰۹ء سے شروع ہوگیا تھا اور اسی زمانہ کے قریب آریوں کے اس عقیدہ پر کہ خدا خالق نہیں صرف صانع ہے ایک تحریری مناظرہ بھی ہوا جو بہت مدت تک جاری رہا اور جس کو خود آریوں نے لاجواب ہو کر بند کیا۔

۶۶۔ آریہ مسافر مناظرہ اور اسکی علمی کمزوری کا انکشاف

آریہ مسافر جالندھر نے

۱۹۰۹ء میں قرآن مجید پر بے معنی اعتراضات کر کے غلط فہمی پھیلائی میں نے جوابی رسالہ شائع کیا جس سے معترض کی علمی کمزوری اور غلط بیانی اس طرح طشت از بام ہوئی کہ اس کو کوئی جواب بن نہ آیا۔

۶۷۔ مہاشہ ستیہ دیو سے مناظرہ اور انکی ذہنی پریشانی

ستمبر ۱۹۱۰ء میں پنڈت بھوجدت جی

(ایڈیٹر مسافر آگرہ) ایک نو آریہ (مہاشہ ستیہ دیو جی سابق غلام حیدر) کو آریہ سماج پانی پت کے سالانہ جلسہ پر اپنے ساتھ لائے تمام شہر میں چرچا ہوگیا کہ عربی و فاسی کے ایک زبردست عالم اسلام کو چھوڑ کر حال ہی میں آریہ ہوئے ہیں جو قرآن جدید بجواب قرآن مجید لکھ رہے ہیں آج انکا لکچر ہوگا خاکسار بھی شریک جلسہ ہوا لکچر اس مضمون پر ہوا کہ اسلام کا خدا مجسم ہے جسپر آریہ سماجی جھوم رہے تھے اور سر دھن رہے تھے خاکسار نے اس لکچر کے جواب میں رسالہ کشف الحقیقت چھپوایا اور رجسٹری کرا کر ان کے پاس بھجوایا بے شمار رجسٹری شدہ خطوط کے ذریعہ سے جواب کا تقاضا کیا مگر جواب نہ ملا اور مہاشہ جی نے پھر کبھی پانی پت کا رخ نہیں کیا جس کو چھبیس سال سے زیادہ ہو گئے۔

۶۸۔ مسافر آگرہ سے مناظروں کا سلسلہ

مہاشہ ستیہ دیو جی روپوش ہوئے تو

مسافر آگرہ کو مجبوراً میدان میں آنا پڑا کیونکہ میں نے رسالہ کشف الحقیقت ریویو کے لیئے ان کے پاس بھیجا تھا اس بنا پر انھوں نے میرے ساتھ سلسلۂ مناظرات قایم کر دیا جسکی مختصر کیفیت حسب ذیل ہے۔

۶۹۔ پہلا مناظرہ

پنڈت بھوجدت کے بڑے بیٹے پنڈت نگمی دت ڈاکٹر بھی مہاشہ ستیہ دیو جی کی طرح کشف الحقیقت کے جواب سے قاصر و عاجز رہے پھر بھی انھوں نے ہمت کر کے مجھے چیلنج دیدیا کہ مسئلہ عدم تجسم باری تعالیٰ پر ہمارے اخبار میں ہمارے ساتھ مباحثہ کر لو اور ۱۱ مئی ۱۹۱۳ء کی ملاقات میں بمقام آگرہ مجھ سے زبانی وعدہ بھی کر لیا۔ میں نے ۲۸ مئی ۱۹۱۳ء کو رجسٹری کرا کر اپنا مضمون بھیجا جس کو درج اخبار کرنے سے انھوں نے صاف انکار کر دیا اور یوں اپنے لاجواب ہو جانے کو عملاً تسلیم کر لیا

۷۰۔ دوسرا مناظرہ

میں نے مضمون مذکور کو ایک مقدمہ کے اضافہ کے ساتھ معیار الحقیقت کے نام سے بصورت رسالہ چھپوا کر بھیجا اور بار بار جواب کا مطالبہ کیا اور انکا وعدہ یاد دلایا مگر ایک لفظ کا جواب بھی بن نہ پڑا۔ یہ دوسری اٹل مہر سکوت بھی جو مسافر کے منہ پر لگی

۷۱۔ تیسرا مناظرہ جدال احسن

ڈاکٹر صاحب چھوٹے تو ان کے چھوٹے بھائی پنڈت تاراوت بی۔ اے۔ ایل۔ ایل بی آگے بڑھے اور کہا کہ ایڈیٹر ان چیف (یعنی بڑا ایڈیٹر) تو میں ہوں مجھسے مباحثہ کیجئے اور اسی مضمون پر ایک نئے پہلو سے اخباری مناظرہ شروع کر دیا جو ۳۰ جون ۱۹۱۳ء سے ۷ اگست ۱۹۱۳ء تک مسافر آگرہ میں چھپتا رہا میں نے خدا کے فضل سے آریوں کے اس دعوے کی کہ اسلامی خدا مجسم ہے پوری پوری تردید کی اور بے شمار حوالوں اور خود سوامی دیانند کے وید بھاشیہ (تفسیر وید) کی عبارتوں سے پوری طرح ثابت کر دیا کہ آریوں کا ایشور سراسر کا یعنی مجسم ہے۔

اس مناظرہ میں مسافر نے نہایت کچروی اختیار کی میری تحریرات میں خرد برد تحریف کی بعض مضامین کو چھاپا ہی نہیں۔ اور رسوا ل از آسمان و جواب از ریسمان کا عجیب نظارہ پبلک کو دکھایا۔ آخر مسافر گم کردہ منزل ہمت ہار بیٹھا اور ایسا بیٹھا کہ پھر نہ اٹھا۔ میں دسمبر ۱۹۱۳ء کے آخر میں آگرہ پہنچا تو باوجود ملاقات کا تحریری وعدہ کر لینے کے مجھ سے ملاقات نہ کی۔ اس طرح پنڈت تاراوت پر بھی حجت تمام ہوئی۔

ان کے بڑے بھائی ڈاکٹر پنڈت نگمی دت تو پہلے ہی لاجواب ہو چکے تھے اور ان جوانوں کے بوڑھے باپ پنڈت بھوجدت جی

۱۱ مئی ۱۹۱۳ء کی ملاقات میں مجھ سے صاف کہہ چکے تھے کہ ہم شیعوں سے بحث نہیں کرتے۔ قصہ مختصر مسافر کے تینوں ایڈیٹروں کو باری باری لاجواب اور خاموش ہونا پڑا سچ ہے اَلْحَقُّ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلٰی میں نے اس مناظرہ کا نام جدال احسن رکھا ہے اگر تمام تحریرات متعلقہ طبع کرجائیں تو دو تین ضخیم جلدیں تیار ہوسکتی ہیں۔

۷۲۔ آریہ مناظر کا وعدہ کرکے مناظرہ سے ہٹجانا

اسی زمانہ کے قریب آریہ مسافر کے ایڈیٹر سے سلسلہ خط وکتابت جاری ہوا اور انھوں نے میری تحریروں کو مع اپنے جواب کے بڑے شوق سے اپنے رسالہ میں شائع کرنیکا تحریری وعدہ کئی مرتبہ کیا مگر وعدہ خلافی کی اور خاموش ہوبیٹھے۔

۷۳۔ آریوں کے قلم کی زبان بندی

المختصر جن جن آریوں نے وادیٔ تحریر میں قدم رکھا آریہ مسافر کی طرح چند قدم چلکر ہمت ہار بیٹھے۔ ایک نونہال لالہ نے میری کتاب سوامی دیانند اور ان کی تعلیم پر خامہ فرسائی کی تھی مگر کتاب کے ایک ہزار مطالب میں سے کسی کا جواب نہ دیا چند باتوں کے متعلق بے معنی دفع الوقتی سے کام لیکر بہت سی غیر متعلق بحثوں (مثلاً شعر اور چکبست کی شاعرانہ بحث۔ اُردو اور ہندی کا جھگڑا وغیرہ باتوں) سے اپنی کتاب کو پُر کردیا جن کو میری کتاب کے جواب سے ذرہ بھر بھی تعلق نہیں اور حسب عادت سوال از آسمان وجواب از ریسمان کا عجیب وغریب نظارہ دکھایا۔ اس کے بعد میرے ساتھ فضول خط وکتابت کا سلسلہ جاری کیا اور یہاں بھی وہی نظارہ نظر آیا اور تقریباً ایک ہزار مطالب کے جواب سے قطعی چشم پوشی کی۔ فریقین کی خط وکتابت کو فریقین کے نصف نصف خرچ سے چھپوانے کا پختہ اور تحریری وعدہ کرکے اُس سے منحرف ہوگئے ایفائے وعدہ کا تقاضا کیا گیا تو یہ جواب ملا کہ آئندہ ہرگز کوئی تحریر نہ بھیجی جائے۔ سبحان اللہ ؎

آنہمہ نامہ نوشتیم وجوابے نہ نوشت ٭ گویا عہد لسان قلم او کردیم۔

دوسری بدعہدی یہ کی کہ فریقین کی تحریرات کو نہایت ناقص طور پر خود چھپوایا بوڑھے مسافر کی طرح اس نونہال نے بھی میری تحریرات میں شرمناک تحریف کی اور اکثر تحریرات کو بالکل چھاپا ہی نہیں۔

سخت حیرت ہے کہ باوجود ایسی نمایاں کمزوریوں کے ان نونہالوں کو مناظرہ کا نام بدنام کرنے کی ہمت کسطرح ہوئی ہے؟ اپنے نہنہ مشق اور باران دیدہ بحر یہ کار مناظروں کی حالت پر نظر کرکے یہ نوآموز ناتجربہ کار نونہال آریہ عبرت کیوں نہیں حاصل کرتے؟

۷۴۔ احتجاج برآریہ سماج

سنہ ۱۹۰۸ء سے اب تک جو کچھ میں نے آریہ سماج کے متعلق لکھا اور جمع کیا ہے اگر اس کو شائع کیا جائے تو پانچ چھ ضخیم جلدیں تیار ہوسکتی ہیں۔ اس سلسلہ کا نام احتجاج برآریہ سماج تجویز کیا گیا ہے۔

۷۵۔ ایک دہریہ سے مناظرہ اور اُسکا اچھا نتیجہ

سنہ ۱۹۱۲ء میں مسٹر محمد ظریف ایم۔ اے (سابق پروفیسر علی گڑھ کالج) نے اپنی کتاب اسلام اور عقلیت میں اصول وعقائد اسلام کا مضحکہ اُڑایا اور مادیت ودہریت کی تائید میں خامہ فرسائی کی۔ خاکسار نے مولانا حالی کے حکم سے اسکا جواب لکھا اور تنقید لطیف بر خیالات ظریف کے نام سے اوّل اخبار وطن لاہور میں اور بعد ازاں کتابی صورت میں شائع کیا۔ مسٹر ظریف نے اُس کا مختصر سا جواب لکھنے کا تحریری وعدہ کیا۔ مگر نہ لکھ سکے اور مجھے یہ معلوم کرکے خوشی ہوئی کہ وہ میری کتاب کے مطالعہ کے بعد اپنے خیالات سے دست بردار ہوگئے تھے۔

۷۶۔ ایک مسیحی کے تین اہم سوالات کا فیصلہ کن جواب

سنہ ۱۹۰۷ء میں ایک مسیحی مسٹر صاحب کے تین سوال شفاعت۔ عصمت اور موازنہ اخلاق محمدی وعیسوی کے متعلق انبالہ سے میرے پاس بمبئی بھیجے گئے اور یہ اطلاع دی گئی کہ ماسٹر صاحب اسلام کی طرف بہت مائل ہیں اگر ان سوالات کا جواب قرآن سے مل جائے تو وہ مسلمان ہوجائیں گے۔ میں نے

قرآن عقل۔ اور بائبل تینوں سے تین مقالات میں اُنکا جواب دیا اور رجسٹری کراکر بھجوایا۔ یاد دہانیاں بھی ہوئیں مگر ماسٹر صاحب آج تک خاموش ہیں۔ اور ع اُنکا وعدہ آجتک شرمندۂ ایفا نہیں

۷۷۔ حامیان ابن سعود پر اتمام حجت

اخبار انقلاب لاہور میں حضرت عنایت اللہ (علامہ مشرقی) کے ادارہ جماعت خاکساران دواقع (چھراضلع لاہور) کی طرف سے ایک مضمون شائع ہوا جس میں سلطان ابن سعود کے مظالم پر خاک ڈالکر اس کو مفلس اور بیگناہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور مسلمانوں کو ترغیب دی گئی ہے کہ بعد اد کثیر حج کو جائیں تاکہ سلطان کا افلاس دور ہو وغیرہ وغیرہ۔ میں نے اس کے جواب میں ایک طولانی مضمون لکھا جسکا عنوان "حج حجاج کی روز افزوں کمی اور سلطان حجاز کی حکمت عملی" یہ مضمون الامان دھلی کے تین نمبروں میں دسمبر ۱۹۳۵ء کے آخر میں شائع ہوا ہے جس کے دلائل اور واقعات کی کوئی تردید نہیں کی گئی۔ اور یوں حامیان ابن سعود پر حجت تمام ہوئی میرے سفرنامہ حج میں سعودیوں اور نجدیوں کے حالات مفصل موجود ہیں

۷۸۔ عجیب و غریب مناظروں کا سلسلہ

۱۹۲۱ء میں ایک صاحب نے لکھنؤ میں خواہ مخواہ میرے ساتھ نئے قسم کے مناظروں کا سلسلہ چھیڑا جسکا وہم و گمان بھی نہ تھا اس کی مختصر کیفیت یہ ہے۔

(۱) انعامی چیلنج

میرزا کبیرالدین احمد صاحب ریلوے گارڈ (احمدی مبلغ لکھنؤ) نے مجھے پیغام بھجوایا کہ آپ وفات مسیح کا فتوی دیدیں تو آپ کو پچاس روپیہ دیئے جائیں گے میں نے انکار کیا اور کہلا بھیجا کہ یہ میرا عقیدہ نہیں اور نہ قرآن سے ثابت ہے انھوں نے فوراً ہی ۱۶ مارچ ۱۹۲۱ء کو میرے پاس تحریری چیلنج اس مضمون کا بھیجا کہ اگر آپ ایک جلسہ عام میں قرآن سے حیات مسیح ثابت کردیں تو آپ کو جلسہ میں سو روپیہ بطور شکریہ دیئے جائیں گے۔

(۲) تین تقریری مناظرے

المختار مشن ہال گنیش گنج لکھنؤ میں بصدارت پادری جوالا سنگھ و مولوی عصمت اللہ صاحب تین دن مناظرہ ہوا خاکسار نے بفضلہ تعالےٰ اپنا مدعا قرآن مجید سے ثابت کیا اور آخری دن بھرے جلسہ میں سو روپیہ کا مطالبہ کیا اور یہ بھی کہا کہ اگر میرے دلائل سے آپ کا اطمینان نہوا ہو تو ابھی کہدیجئے مگر مرزا صاحب اتنا کہکر کہ "کل میرے مکان پر آپ کی دعوت ہے" بالکل خاموش ہوگئے۔

(۳) تحریری مناظرہ کا سلسلہ

اس کے بعد انھوں نے خواہ مخواہ بلاضرورت تحریری مناظرہ کا سلسلہ چھیڑ دیا اور کئی مہینے تک بیکار بحثوں میں مجھ کو اُلجھایا مگر میری ساتویں تحریر کے بعد خاموش ہو بیٹھے۔ میں نے اُسی زمانہ میں روداد مناظرہ کے متعلق دو رسالے (تحریر حقانی بجواب کبیر قادیانی حصہ اوّل و دوم) چھپوا کر بھیجے تو اُنکے کسی واقعہ کی بھی تردید نہ کرسکے

(۴) انکشاف راز کبیر

مرزا کبیرالدین صاحب معاصر دیگر وفات مسیح کے متعلق چند فتوے حاصل کرکے چھپوا چکے ہیں اور مجھ ایک فتوے کے عوض میں سو روپیہ تک دینے کو تیار ہوگئے تھے۔ میں نے ایک خط میں اُن کی اس حرکت پر ملامت کی جسکو انھوں نے اخبار فاروق قادیان مورخہ ۳ جون ۱۹۲۱ء میں اپنے نام نہاد جوابی نوٹ کے ساتھ چھپوا تو دیا مگر اس سچے واقعہ کی کوئی تردید نہ کرسکے جس سے اُن کی خفیہ کارروائی کا حال کھل گیا چنانچہ قادیان سے اُن کو سخت تنبیہ کی گئی کیونکہ اُنکی ناعاقبت اندیشی سے راز کبیر افشا ہوگیا۔

باب ہفتم خدمات کی قدر

توبندگی چوگدایان بشرط مزد کنی ۔ کہ دوست خود روش بندہ پروری داند

۷۹۔ تعلیمی خدمات

میں نے سینتالیس سال تک

تعلیمی کام کو جس محنت اور دیانت سے انجام دیا۔ خدا کی مہربانی سے ہر جگہ اُسکی قدر ہوئی۔ اُردو نوشت وخواند میں آسانی پیدا کرنے کے لیے جو نئی قسم کے باتصویر چارٹ میں نے بزمانۂ قیام بمبئی مرتب کیے تھے۔ اگرچہ ابتک چھپے نہیں مگر بڑے بڑے ماہرین تعلیم خصوصاً سر سید راس مسعود (بالقابہ) ان کو پسند کر چکے ہیں۔ اگر انکے مطابق تعلیم دیجائے تو امید ہے کہ بچوں کی تعلیم میں دو سال کی کفایت ہو جائے۔ اور تعلیم یقیناً موثر اور دلکش ہو گی۔ ریاست حیدر آباد دکن کے قایم مقام ڈائرکٹر اور نظام کالج کے پرنسپل مسٹر ای سیٹن (E.A. SEATON) صاحب بی اے نے میرے انسپکٹری کے کام کے متعلق لکھا تھا کہ اگر میں ڈائرکٹر ہوتا تو مسٹر غلام الحسنین سے بہتر کسی انسپکٹر کی خواہش کر نہیں سکتا تھا۔

I were a Director I could not desire a better Inspector than Mr. Ghulam-ul-Hasanain.

۸۰ علمی خدمات

اسی طرح خاکسار کی علمی خدمات کو مشاہیر علما نے بنظر استحسان دیکھا چند تحریرات کے اقتباسات حسب ذیل ہیں:-

(۱) مولنا شبلی اور دیگر علما کی رائے

مولنا شبلی نعمانی نے ترجمہ ایجوکیشن کے متعلق یہ لکھا تھا:-

"یہ کتاب مسٹر ہربرٹ سپنسر کی تصنیف ہے جسکا موضوع تعلیم ہے یہ کتاب اس رتبہ کی ہے کہ اگر انجمن ترقی اُردو کی طرف سے صرف یہی ایک کتاب ترجمہ ہو کر شائع ہوتی تو انجمن مبارکباد کی مستحق تھی چونکہ یہ کتاب معرکۃ الآرا کتاب تھی اس لیے اس کے ترجمہ میں نہایت احتیاط سے کام لیا گیا۔ ترجمہ کا عام اشتہار دیا گیا اور ہندوستان کے مختلف حصوں سے پانچ ترجمے آئے۔ یہ تمام ترجمے شمس العلماء ڈاکٹر مولوی نذیر احمد صاحب، خان بہادر شمس العلماء مولوی ذکاء اللہ صاحب۔ شیخ (حال ڈاکٹر سر) محمد اقبال صاحب۔ ایم۔ اے۔ مسٹر آرنلڈ صاحب پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور۔ اور دیگر ممبروں کے پاس اظہار رائے کے لیے بھیجے گئے باتفاق آرا مولوی غلام الحسنین پانی پتی کا ترجمہ پسند کیا گیا"۔ (انجمن ترقی اُردو کی رپورٹ بابت ۱۹۱۲ء ص ۱۲)

(۲) ڈاکٹر سر محمد اقبال کی رائے

ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب ایم۔ اے کی ایک انگریزی چھٹی جو کتاب مذکور کے متعلق میرے نام آئی تھی اُس کے چند جملوں کا ترجمہ یہ ہے:-

"آپ کے ترجمہ کی بے تکلف روانی بالکل حیرت انگیز ہے۔ اگر ہربرٹ سپنسر ہندوستانی ہوتا تو وہ بھی (اُردو میں) اس سے بہتر طرز تحریر اختیار نہ کر سکتا"۔

(۳) مولانا ذکاء اللہ کی رائے

مولانا ذکاء اللہ صاحب دہلوی کے ریویو کا ایک جملہ یہ ہے:-

غرض مترجم نے اپنی قابلیت اور لیاقت کو سب طرح سے ثابت کیا ہی یہ اس کتاب کی خوش نصیبی تھی کہ اس کے لیے مترجم ایسا لائق اور قابل ملگیا"

(۴) ڈاکٹر سر سید راس مسعود کی رائے

ڈاکٹر سر سید راس مسعود صاحب نے بحیثیت ڈیرکٹر عالی مسلم ہائی اسکول، وزیر تعلیم پنجاب کو تاریخ ۱۵ مارچ ۱۹۳۴ء جو چھٹی لکھی تھی اُس میں میرے متعلق بھی چند جملے تھے جن کا ترجمہ یہ ہے:-

"عالی مسلم ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر کے مقرر کرنے میں مشرقیہ کے معلم اول مولوی خواجہ غلام الحسنین صاحب نہ صرف ایک معمر و سن رسیدہ شریف النفس انسان ہیں بلکہ علمی شہرت تمام ہندوستان میں ہے اور جن کے علم اور قابلیت کی وجہ سے سب آنکا احترام کرتے ہیں۔ بلکہ وہ ایک ٹرینڈ اور سند یافتہ استاد بھی ہیں اور معلمی اور پنکٹری کے مختلف کاموں کا دیرینہ اور وسیع تجربہ بھی رکھتے ہیں"

۸۱ مذہبی و تبلیغی خدمات

مذہبی اور تبلیغی خدمات کے متعلق عراق اور ہندوستان کے مشہور و معروف علما و مجتہدین اور بعض انگریز فاضلوں نے بھی قابل قدر رائیں ظاہر کی ہیں۔

(۱) دو انگریز عالموں کی رائیں

اسلام و توحید (بزبان انگریزی)
Islam and the Divine Unity

کی نسبت فاضل لارڈ ہیڈلے اور مسٹر مارما ڈیوک پکتھال نے بھی بہت عمدہ رائیں لکھی تھیں پکتھال صاحب کی اصل انگریزی تحریر کا عکس مع ترجمہ ضمیمہ میں ملاحظہ فرمایا جائے۔

(۲) علما و مجتہدین عراق کی عطا کردہ اسناد

جن علما و مجتہدین عراق سے

لہ ۲۰ مارچ ۱۹۳۵ء کو مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی گولڈن جوبلی کے جلسہ میں بھی ماہرین تعلیم ان چار رپورٹوں کو پسند اور منظور کر چکے ہیں۔ (مدیر)

مجھ کو خصوصیت کے ساتھ شرف نیاز حاصل ہوا۔ اُنکے اسماء گرامی یہ ہیں آقا سید ابوالحسن الموسوی الاصفہانی۔ آقا شیخ علی نجل الشیخ صاحب جواہر الکلام۔ آقا شیخ احمد آل کاشف الغطا۔ آقا محمد اللہ المامقانی آقا محمد الحسینی الیزدی الفیروزآبادی۔ آقا ضیاء الدین بن محمد العراقی آقا شیخ محمد امین الکاظمینی۔ آقا شید محمد علی بن حسین الحسینی الشہرستانی ہبتہ الدین۔ آقا السید حسن صدر الدین الکاظمی۔ ان حضرات سے سال بھر تک بار بار شرف ملاقات حاصل ہوا۔ دینی و تبلیغی امور پر گفتگو کے بہت سے مواقع حاصل ہوئے اور میری علمی و مذہبی تصنیفات کو بھی انھوں نے ملاحظہ فرمایا میرے خطوں اور لکچروں کے متعلق بھی معلومات حاصل کی اور بوقت رخصت اجازات (اسناد) عطا فرما کر ایک شیعہ نمائندہ کی حیثیت سے خاکسار کی مذہبی اور تبلیغی خدمات کی قدر فرمائی آقائے شہرستانی اور آقائے کاظمی کی پوری تحریرات عکس ضمیمہ میں ہدیۃً درج کیا گیا اور اُن کا ترجمہ یہاں درج کیا جاتا ہے۔

(۳) ترجمہ اجازۂ آقائے شہرستانی

حضرت قبلہ آقائے شہرستانی کی تحریر کا ترجمہ یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ حمد ہے اللہ تعالیٰ کے لئے جو حمد کا حق ہے اور درود و سلام سردار انبیاء حضرت محمد مصطفےٰ اور آپکی آل طاہر پر جو آپ کے بعد امام ہیں۔ حمد و نعت کے بعد خداوند سبحانہ تعالےٰ کے احسانات میں سے ایک احسان مجھ پر یہ ہوا کہ میں ۱۳۴۰ھ میں حضرت عالم فاضل مہذب کامل کی ملاقات سے بہرہ یاب ہوا جو اپنے قلم کی جودت اور اپنی معلومات کی وسعت کی وجہ سے ممتاز ہیں اور اپنی تالیفات و تحریرات کے ذریعہ سے مرکز دین و مذہب کی نصرت و حمایت کرتے ہوئے اور اپنی تقریرات و خطبات (اسپیچوں اور لکچروں) کے ذریعہ سے کفار و مخالفین کے حملوں کو مٹانے والے ہیں (وہ کون؟) میرے قلب کے سرور اور آنکھوں کے نور جناب مولوی خواجہ غلام الحسنین۔ اللہ تعالیٰ انکی کوششوں کو قبول فرمائے اور اپنی خوشنودی و رضامندی کی توفیق انکو عطا فرمائے اور انکے حال کو مستقبل میں ماضی سے زیادہ بہتر بنائے خواجہ صاحب کی ملاقات سے ہمکو خوشی حاصل ہوئی جبکہ عند الملاقات ہمکو معلوم ہوا کہ وہ خدمات اسلامیہ میں سب سے آگے رہنے والے بہادر و دلیر ہیں۔ فاضل بلند ہمت ہیں میدان مباحثہ و مناظرہ میں شیر ہیں۔ درحقیقت حق تو یہ ہے کہ وہ حمایت حق اور مخالفین کے حملوں کو دفع کرنیکے مستحق ہیں اور ہمارے برادران ایمانی کے لئے سزاوار ہے کہ اُن کے وجود کو (خدا تعالےٰ انکی تائید کرے) دین کی حفاظت اور ملحدین سے رُو در رو مقابلہ کرنے کے لئے غنیمت سمجھیں اور اُنکے مقالات و مضامین کی اشاعت انکی تصنیفات و تالیفات کی طباعت اُنکے خطبات (لکچروں) کی سماعت اور اُنکی کتابوں کے حاصل کرنے۔ اُنکے نیک ارادوں میں اعانت کرنے۔ اُنکی نصیحتوں کے قبول کرنے اُنکے مستحکم اور مدلل وعظوں سے فائدہ اُٹھانے کے لئے کوشش اور اہتمام کریں کیونکہ عالم باعمل بہترین درخت باثمر ہے۔ جو ہر وقت اپنا پھل دیتا ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ نیکی کرنیوالوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتا اور ہمارے تمام برادران ایمانی پر ہمارا سلام ہو۔ منجانب خادم علم و دین محمد علی بن حسین الحسینی الشہرستانی ہبتہ الدین۔ ۲۵ ربیع الاول ۱۳۴۱ھ

(۴) ترجمہ اجازۂ آقائے کاظمی

حضرت آقائے قبلہ سید حسن صدر الدین کاظمی نے خاکسار کی خدمات کے متعلق جو الفاظ تحریر فرمائے ہیں اُن کا ترجمہ یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ہاں بیشک وہ (یعنی خواجہ غلام الحسنین اللہ تعالےٰ ہمیشہ انکی تائید کرے ضرور ایسے ہیں (جیسا کہ آقا سید ہبۃ الدین نے لکھا ہے) اور اُس سے بھی بالاتر ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن جیسے بہت سے آدمی پیدا کرے اور اُن کی توفیق و تائید کو زیادہ کرے۔ تحریر خادم شرع سید حسن صدر الدین کاظمی ۲۹ ربیع الاول ۱۳۴۱ھ

(۵) علماء و مجتہدین لکھنؤ کی تحریرات

حضرت صدر المحققین مولانا آقا سید ناصر حسین صاحب قبلہ کی تقریظ اور حضرت مولانا آقا سید مجم الحسن صاحب قبلہ کے خط کا عکس بھی ضمیمہ میں بطور تبرک درج کیا گیا ہے جن میں میری عام اسلامی خدمتگذاری اور شیعہ نمائندگی کا ذکر ہے۔

۸۲۔ خاتمہ

راقم کی دعا

اب میری دعا یہ ہے کہ خداوند غفار بحرمۃ النبی

---

۳۴ و آلہ الطاہرین و علیٰ علماء الاسلام مجھ کو کامیاب فرمائے اور انکو میرے کام میں برکت دے اور میرے کام کو مومنین خصوصاً علماء و مجتہدین کی نظروں میں قابل قدر بنائے اور اپنی رضا کا خواستگار و وسیلہ بنائے آمین یا رب العالمین

روزے برحمت بکند در کار دریشاں دعائے۔

هبة الدين

الحسيني

المعارف العراقيه

بغداد

عكس اجازه عطا كرده حضرت بحر الاسلام افاضيد بهاء الدين صاحب مجله سهر سماى

وزير معارف عراق

بسم الله الرحمن الرحيم

نعم انه دام تاييد ه لكل الك

وفوق ذلك كنت اهلا منا له

وزاد في توفيقه وتاييد ه

حرره خادم الشرع الشريف حسن

صادر الكاظمي ٢٩ ع

عكس اجازه عطا كرده حضرت بحر الاسلام افاضيد بهاء الدين الكاظمى

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله حق حمده والصلوة والسلام على سيد الانبياء محمد وآله الائمة من بعده

ولعبده فمن منّ الله سبحانه علي حظواي في ١٣٤٠ بلقيا حضرة العالم الفاضل

المهذب الكامل الممتاز بجودة يراعه وسعة اطلاعه حامي بيضة الدين والمذهب

بما الف وكتب ماحي دهضة الكفار والمخالفين بما قرر وخطب سرور قلبي

ونور العين جناب المولوي غلام الحسنين شكر الله مساعيه ووفقه لمراضيه

واحسن حاله في مستقبله اكثر من ماضيه سرنا لقيا اذ لقينا به بطلاً مقداما

وفاضلاً هماما ومجادلاً ضرغاما فالحق والحق اقول حقيق للدفاع عن الحق

وبحق لاخواننا المومنين ان يغتنموا وجوده (ايده الله) لمحافظة الدين

ومكافحة الملحدين وان يهتموا لنشر مقالاته وطبع مؤلفاته واستماع

خطبه واقتناء كتبه ومساعدته في منوياته الحسنه وقبول نصايحه

ومواعظه المتقنه فان العالم العامل خير شجرة مثمرة توفي اكلها كل حين

وان الله لا يضيع اجر المحسنين والسلام على كافة اخواننا المومنين

من خادم العلم والدين

محمد علي بن حسين الحسيني الشهرستاني

٢٥ ربيع المولود ١٣٤١

هبة الدين

عکس تحریر حضرت حجۃ الاسلام آقا سید ناصر حسین صاحب قبلہ مجتہد لکھنؤ

باسمہ سبحانہ


جنابِ زبدۃ الافاضل العلماء عمدۃ الاماثل الفخام دامت معارفکم الوافیہ

بعد بندگی مستطاب و دعائے مزید مطلب گذارش ہے کہ عنایت نامہ بسبب کمال اشتیاق ہوا
رہی تصنیف جدید (سوانح) دیانند اور اسکی تقسیم مجھ کو اس عطیہ عالیہ کا شکریہ
صمیم قلب سے ادا کرتا ہوں جناب الا کی تصانیف سے مجھ کو جس قدر دلچسپی ہے فرض نہیں
مین نہیں آسکتی ہے مین رہی ہر تصنیف کو نہایت شوق سے مطالعہ کرتا ہوں اور
بیحد محظوظ ہوتا ہوں اگرچہ رہی ہر تصنیف نہایت قابل قدر ہے لیکن یہ تصنیف سب
تصنیفوں سے ممتاز اور اہل اسلام کے لیے سرمایہ ناز ہے خداوند عالم سے دعا ہے
کہ آپ ہمیشہ موید و مسدد رہیں اور تائید اسلام مین علی الدوام رہی کو
کامیاب و کامران فرمائے والسلام خیر ختام

خاکپائے عبد العلماء

یکم ربیع الاول ۱۳۲۵ھ

عکس خط حضرت حجۃ الاسلام آقا سید نجم الحسن صاحب قبلہ مجتہد لکھنؤ



فضائل مآب عمدۃ الاحباب جناب مولوی حاجی خواجہ غلام الحسنین صاحب دام مکارمہم

بعد سلام با اکرام التماس ہے کہ خدائے فضل و کرم سے امید ہے کہ آپکا مزاج بخیر و عافیت ہوگا آپکو معلوم ہوگا کہ اسی ماہ مئی کی ۲۵ بائیسویں تاریخ کو لکھنؤ میں اچھوت قوم کی طرف سے مذاہب کی کانفرنس ہونیوالی ہے اور سنا گیا ہے کہ ممالک خارجہ سے بھی کچھ لوگ آئینگے اور ملک کی جمعیت بھی زیادہ ہوگی مسلمانوں سے بھی نمائندے طلب کئے گئے ہیں۔ اور یہاں تجویز یہ ہوئی ہے کہ ایک نمائندہ شیعہ مذہب کی طرف سے بھی شریک کیا جاوے کیونکہ لکھنؤ شیعوں کا صدر مقام ہے لہذا ضرورت ہے کہ شیعہ مذہب کا نمائندہ ایسا شخص ہو جو ہندوؤں کے مختلف طبقات کے حالات سے باخبر ہو اور اسلام کے حالات سے بھی بخوبی واقف ہو اور انگریزی بھی جانتا ہو اور عمدہ پیرایہ سے مؤثر لہجہ میں اسلام کو شیعی نقطۂ نظر سے پیش کر سکتا ہو اور اچھوت قوم کے مطالبات کو پیش نظر رکھکر اسلام کی دعوت دے سکتا ہو۔ آجکی مجلس مشاورت میں یہ طے پایا ہے کہ یہ کام آپسے بہتر اور کوئی نہیں کر سکتا لہذا آپ اپنی تشریف آوری

عکسِ خط فاضلِ یگانہ کمال مسٹر مارماڈیوک پکتھال صاحب مرحوم

Kyderabad,
Deccan
June 29th 1926.

Dear Sir
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہ
I have just finished reading "Islam and the Divine Unity" by Khwaja Ghulam ul-Hasanein, which you so kindly sent me. the book is a little gem, so clear and certain in its hybrid reasoning that anyone who loves lucidity must value it. . . . .
yours fraternally
M. Pickthall

(ترجمہ خط)

حیدرآباد
دکن
۲۹ جون ۱۹۲۶ء

عزیز جناب

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نے کتاب "اسلام اینڈ دی ڈوائن یونٹی" (اسلام و توحید) مصنفہ خواجہ غلام الحسنین کو ابھی ابھی پڑھ کر ختم کیا ہے جو بڑی مہربانی سے آپ نے میرے پاس بھیجی تھی۔ کتاب (کیا ہے) ایک جواہر ریزہ ہے اور اپنے استدلال کی روشنی میں ایسی صاف وصریح اور یقینی ہے کہ جو شخص صفائی بیان کو پسند کرتا ہے وہ ضرور بالضرور اس کی قدر کرے گا * * * * *

آپ کا بھائی ایم۔ پکتھال

نوٹ۔ یہ خط مسٹر پکتھال نے سید فدا حسین صاحب کو لکھا تھا۔ جو اُسوقت حیدرآباد دکن میں پولیس آفیسر (غالباً ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ) تھے۔ یہ عکس خط کے صرف اُس حصہ کا ہے جس کا تعلق کتاب کے ریویو سے ہے۔ باقی حصہ کے عکس کی ضرورت نہیں تھی۔

عالیجناب مولوی سیّد ابن حسن جسار ضوی جارچوی ایم۔ اے۔ ایم اوایل بی ٹی نیو دھلی

جناب مولانا مولوی سید ابن حسن جسار ضوی جارچوی نے باوجود میری مسلسل درخواست کے حالات زندگی بھیجنے سے پہلوہی فرمائی اس لیئے جو حالات مجھ کو ہموطن ہونے کی وجہ سے آپ کے معلوم تھے وہ صفحہ پر لکھ دیئے تھے لیکن جبکہ جوبلی نمبر مکمل ہوچکا تھا مولانا کے مفصل حالات مجھ کو دستیاب ہوئے ہیں اور چونکہ حالات نہایت سبق آموز اور مفید عوام الناس ثابت ہونگے اس لیئے میں ان کو درج کرتا ہوں (اعجاز جارچوی)

جارچہ کا حال

جارچہ ضلع بلند شہر میں نہر گنگ کے کنارے پر آباد ہے دھلی سے تقریباً تیس میل اور بلند شہر سے ۱۵ میل اور غازی آباد سے چودہ میل کے فاصلہ پر ہے۔ ای آئی آر ریل پر ایک اسٹیشن دادری ہے جہاں سے جارچہ پانچ میل کے فاصلہ پر ہے۔ جارچہ سادات کی قدیم بستی ہے کہتے ہیں مبارک شاہ کے زمانہ میں سید محمود روحی برقعہ پوش نامی ایک بزرگ سبزوار ایران سے آکر دکن آباد ہوئے جب شہرت زیادہ ہوگئی تو دھلی آگئے۔ کشف و کرامات کے ساتھ ساتھ فنون سپہ گری میں بھی کمال رکھتے تھے۔ اس زمانہ میں دہلی کی سلطنت اطراف کے چند ضلعوں تک محدود تھی اور وہاں بھی آئے دن بغاوتیں وخلفشار ہوتی رہتی تھیں۔ بلوا گڑھ جس کو اب کلوندہ کہتے ہیں۔ اس زمانہ میں ایک سرکش راجہ کی راجدھانی تھا اس نے قرب و نواح کے علاقوں میں طوفان بے تمیزی اور لوٹ مار مچا رکھی تھی شاہ دہلی کی فوجیں کئی بار اس کی سرکوبی کے لیئے روانہ کی گئیں لیکن کامیابی نصیب نہ ہوئی بالآخر اہل دربار نے سید محمود روحی سے درخواست کی کہ آپ فوج لیکر باغی راجہ کی گوشمالی کیجئے۔ سید صاحب گئے اور راجہ کی اچھی طرح خبر لی اور شکست دی۔ اس عظیم الشان خدمت سے شاہ دہلی بہت خوش ہوئے اور اس دلیری و شجاعت کے صلہ میں ان کو جارچہ اور اس کے اطراف کا علاقہ جاگیر میں ملا۔ چونکہ اس میں چار بہت بڑے چاہ تھے اس لئے سید صاحب موصوف نے اسکا نام چارچاہ رکھا لیکن بعد کو جارچہ ہوگیا۔ یہ علاقہ غدر تک ان کی اولاد (اہل جارچہ) کے قبضہ میں تھا لیکن ۱۸۵۷ء کے پُر آشوب زمانہ میں جرم بغاوت کے سلسلہ میں ضبط کرلیا گیا۔ اس ضبطی کے بعد سے جارچہ پستی کی حالت میں آگیا لیکن تعلیمی لحاظ سے ترقی کرنے لگا اس لیئے کہ ضبط ہونے کے بعد اہل جارچہ فکر معاش میں باہر نکلے اور تعلیم میں ترقی شروع ہوگئی۔ چنانچہ جارچہ نے بڑی مقدس و محترم ہستیاں پیدا کی ہیں جنہوں نے شہرت جارچہ کو چار چاند لگا دیئے

حالات زندگی

آپ کے والد بزرگوار سید مہدی حسن صاحب مرحوم میرٹھ میں ملازم تھے اس لیئے مولوی ابن حسن صاحب کی پیدائش ۱۲ مارچ ۱۹۰۰ء کو میرٹھ میں ہوئی آپ ابھی پانچ سال کے تھے کہ والد ماجد کا انتقال ہوگیا اور آپ کی تربیت و تعلیم آپ کے نانا صاحب مرحوم نے کی۔ ابتدائی تعلیم جارچہ میں ہوئی علوم مشرقیہ کی تعلیم اورینٹل کالج رامپور اور لاہور میں حاصل کی۔ مولوی فاضل اور منشی فاضل کے امتحانات پاس کیئے۔

انٹرنس فیض عام ہائی اسکول میرٹھ سے پاس کیا۔ اور ایم۔ اے اور ایم اوایل کی ڈگری اسلامیہ کالج لاہور سے حاصل کی۔ اس کے بعد ۱۹۳۲ء میں علی گڑھ سے بی ٹی پاس کیا آپ جارچہ میں پہلے شخص ہیں جنہوں نے ایم اے کیا ہے۔

قومی خدمات

آپکو شروع ہی سے ملک و قوم کی خدمت کا شوق رہا ہے جن دنوں سنہ میں قیام تھا آپ برابر تبلیغی مشاغل میں مصروف رہے بتحریک جنت البقیع کے سلسلہ میں کام کیا۔ اور آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے اجلاس منعقدہ سکھر کو کامیاب بنانے میں بڑی مدد دی۔ ایک سندھی رسالہ کراچی سے جاری کیا۔ لاہور کے قیام کے زمانہ میں پنجاب کے شہروں میں ینگ شیعہ مومنٹ کی بنیاد رکھی۔ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے اجلاس منعقدہ لاہور کی مجلس استقبالیہ کے صدر بھی منتخب ہوئے تھے مجالس عزا کو امباڑوں کی محدود چہار دیواری سے نکالکر ایک بین المللی اجتماع بنانے کے سلسلہ میں آپ نے بڑی جدوجہد کی ہے۔

چنانچہ کئی سال تک ملتان میں محرم کے زمانہ میں پبلک گارڈن میں مجالس منعقد کرائیں اور خود تقریریں کیں جن میں دس دس ہزار کا مجمع ہوتا تھا اور ہر مذہب و ملت کے افراد شرکت کرتے تھے۔ ملتان میں چالیس ہزار آدمیوں کا ایک کامیاب جلوس مظالم ابن سعود پر احتجاج کرنے کے لئے نکالا۔ قدیم طرز ذاکری میں اصلاح و ترمیم کے حامی ہیں۔ شہید مینوا شہید کربلا۔ فلسفہ آل محمد حصہ اوّل و دوم لکھ کر فلسفہ شہادت کو ایک اچھوتے انداز میں پیش کیا اور قوم کو دعوت عمل دی۔ اب آپ رہبر رسالہ کے ذریعہ ملت خوابیدہ کو بیدار کرنیکا اہم فریضہ انجام دے رہے ہیں۔

آپ لاہور میں مدرسہ السنہ شرقیہ میں عربی کے لکچرار تھے۔ بی ٹی کے بعد جامعہ ملیہ میں پروفیسر ہو گئے۔ تعلیم تدریس سے خاص شوق ہے۔ ثانوی جماعتوں میں اسلام کی تعلیم پر ایسرچ کیا۔ چنانچہ آپ کا ایک مقالہ جو آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس منعقدہ رامپور میں پڑھا گیا تھا مقبول ہو چکا ہے۔

کئی سال سے آپ بمبئی تشریف لے جا رہے ہیں وہاں بھی اپنے نظریہ کے مطابق مجالس میں جدید طرز پر ذاکری فرماتے ہیں۔ بمبئی کے انگریزی اُردو اور گجراتی اخبارات نے آپ کی تقریروں پر اچھے تبصرے کئے ہیں ۱۹۳۶ء کے عشرہ محرم میں تبصرہ کرتے ہوئے سرفراز کے نامہ نگار خصوصی نے حسب ذیل خیالات کا اظہار فرمایا ہے

سرفراز لکھنؤ صفحہ ۳ مورخہ ۹ اپریل ۱۹۳۷ء (میں امسال کے محرم بمبئی کے متعلق حسب ذیل نوٹ لکھا ہوا ہے)

ہماری قوم کی دوسری مایہ ناز ہستی جو درد دینی اور قومی بہبودی کے خیال سے بمبئی کو اپنی تشریف آوری سے مشرف و مفتخر کرتی رہتی ہے علامہ جارچوی کی ذات ہے۔ علوم مشرقی و مغربی کی دونوں قبائیں آپ کے دوش کی زینت ہیں اور جسم پر ٹھیک اُترتی ہیں۔ علوم جدیدہ اور ضروریات زمانہ کے احساس نے آپ کی تقریر کو ہر طرح تبلیغ کے لیے موزوں اور آپ کی ذات کو تبلیغ کا اہل بنا دیا ہے۔ آپ کی ذاکری حقائق و معارف کا گنجینہ۔ آپکا بیان عرفان و ایقان کا سرچشمہ اور آپکے موعظے حقیقی معنوں میں موعظے ہیں۔

آپ کی تقریر قوم کے نوجوانوں کے لیئے اپنے اندر ایک پیغام عمل رکھتی ہے۔ اور علم و ادب کے انواع و اقسام کے پھولوں کا گلدستہ آپ کے علمی نکات۔ آپ کی فلسفیانہ توضیحیں اور فضیاتی موشگافیاں تعلیم یافتہ طبقہ کو اپنا گرویدہ کئے بغیر نہیں رہ سکتیں اور نہ دعوت غور و فکر دیئے بغیر رہ سکتی ہیں۔

یہی سبب ہے کہ آپ نے تشریف لاتے ہی اہالیان بمبئی خصوصیت کے ساتھ خوجہ نوجوان طبقہ کو دعوت عمل دی اور انجمن خدام القرآن کی بنیاد رکھی۔ الحمد للہ اس وقت سے ابتک کم و بیش تین سال ہوئے ہیں۔ یہ انجمن روز افزوں ترقی کے ساتھ اپنا کام کر رہی ہے۔

اس کے بعد ہی خوجہ نوجوانوں نے اسلام سیوا سماج قائم کی اور اب ہر جمعہ کو ہینڈ بل کی صورت میں "قرآنی احکام" اور ہدایات قریب قریب ہر مشہور زبان میں عام مسلمانان بمبئی کے ہاتھوں میں پہنچ رہی ہیں علامہ موصوف محفل حیدری اور محفل شاہ خراسانی کی دعوت پر تشریف لائے تھے۔ آپ کی مجالس تمامتر علمی بیانات پر مبنی تھیں۔ یہی سبب ہے کہ آپ کے یہاں زیادہ تر تعلیم یافتہ لوگ شرکت فرماتے تھے۔ بڑے بڑے پروفیسران کالج کے طلباء اور دوسرے علم دوست حضرات وقت سے پہلے ہی جمع ہو جاتے تھے اور ایسے صاف اور ستھرا ایک رنگ اجتماع ہوتا تھا جو کم از کم بمبئی میں تو مشکل سے نظر آسکتا ہے بھاؤ نگر کاٹھیاواڑ کے نوجوانوں نے بھی ۱۹۳۵ء کے چہلم میں آپ کو دعوت دی اور آپ کی مجالس وہاں پر بھی بڑی کامیاب ثابت ہوئیں۔

انجمن کے بڑے خیر خواہ ہیں۔ اکتوبر ۱۹۳۶ء سے ممبر ہیں۔

رسالہ رہبر شیعوں کا بہترین اور ارزاں ترین مذہبی رسالہ ہے جو علامہ جارچوی کی زیر سرپرستی ہر ماہ قرول باغ دہلی سے شائع ہوتا ہے۔ ایک روپیہ ماہوار میں اس سے زیادہ ستا رسالہ آپکو ہرگز نہیں مل سکتا ہے۔ ہر شیعہ کا فرض ہے کہ رہبر کی توسیع اشاعت میں حصہ لے۔



عالیجناب نواب احمد میرزا صاحب آنریری جنرل سکریٹری

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا

سالانہ رپورٹ

انجمن وظیفہ سادات و مومنین (رجسٹرڈ)

جس کی

باقاعدہ رجسٹری ۱۲ اگست ۱۵ء کو لاہور میں ہوئی

بابت سال بست و پنجم

از ابتدائے جنوری لغایۃ دسمبر ۳۶ء

مرتبہ

عالیجناب نواب سید حمید میرزا صاحب موسوی

آنریری جنرل سکریٹری انجمن ہذا ۱۶ میر درد روڈ نیو دہلی

مطبوعہ صمصامی سٹیم پریس چاندنی چوک دہلی

کچھ انجمن کے حساب و کتاب کے متعلق

مجھے یہ عرض کرنے میں ذرا بھی پس و پیش نہیں کہ انجمن کا حساب اس قدر باقاعدہ رکھا جاتا ہے اور سالانہ رپورٹ میں اس قدر تفصیل سے دیا جاتا ہے کہ اگر ایک پائی کی بھی غلطی ہو جائے تو محترم ممبران اس سال اور اس کے پچھلے سال کی رپوٹ کو بغور دیکھنے کے بعد غلطی معلوم کر سکتے ہیں یہ میرا دعویٰ ہی دعویٰ نہیں ہے بلکہ جانچ و پڑتال کے وقت یہ حقیقت واضع ہو جائے گی میں یہ بھی نہیں کہتا کہ رپورٹ ہر صورت سے مکمل ہوتی ہے۔ اور اسکے حساب و کتاب کے طریقہ حساب میں آئندہ بھی قسم کی اصلاح کی گنجائش نہیں میں برابر اس کوشش میں رہا ہوں اور آئندہ بھی رہونگا کہ انجمن کا حساب بہتر سے بہتر طریقہ پر سالانہ رپورٹ میں درج ہوا کرے تاکہ ممبر صاحبان گھر بیٹھے خود جانچ و پڑتال کر سکیں۔

میں جناب ب۔ علی حیدر صاحب کا ظفی ٹی اے ڈپٹی انسپکٹر اسکولز ضلع پٹنہ کا بیحد ممنون ہوں کہ جناب ممدوح رپورٹ کو بہانگ غور سے پڑھتے ہیں کہ گھر بیٹھے انجمن کے حساب کتاب کو نہایت غور سے پڑھیں اور جو غلطیاں اُن کو معلوم ہوں اس سے دفتر کو مطلع فرمائیں میں ان کی اس نوازش کا بیحد ممنون ہوں گا فقط۔

خاکسار

سید احمد میرزا موسوی آنریری جنرل سکریٹری انجمن ہذا ۴۱۶ میر درد روڈ نیو دہلی

حساب کتاب کی غلطیاں معلوم کرتے ہیں اور اُن غلطیوں سے انجمن کو مطلع بھی فرما دیتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بعد میں اس قسم کی غلطیاں آئندہ سال نہیں ہوتیں۔

سالگذشتہ جناب کاظمی صاحب نے مجھے یہ ہدایت فرمائی تھی کہ سرمایہ مستقل و ذخیرہ کے گوشوارہ جات رپوٹ کے آخر میں نہ ہونے چاہئیں بلکہ رپورٹ کے شروع میں ہونے چاہئیں اس سے فائدہ یہ ہوگا کہ سب سے پہلے ممبر صاحبان کو انجمن کے حساب کتاب کی جانچ و پڑتال کرنے کا موقع ملیگا چنانچہ موصوف کی ہدایت کے مطابق اس سال میں نے ایسا ہی کیا ہے۔

جملہ ممبران محترم کی خدمت میں میری درخواست یہ ہے کہ وہ اپنی محبوب مہربانی انجمن کے حساب کتاب کو نہایت غور سے پڑھیں اور جو غلطیاں اُن کو معلوم ہوں اس سے دفتر کو مطلع فرمائیں میں ان کی اس نوازش کا بیحد ممنون ہوں گا فقط۔

خاکسار

سید احمد میرزا موسوی آنریری جنرل سکریٹری انجمن ہذا ۴۱۶ میر درد روڈ نیو دہلی

بجٹ آمدنی و خرچ انجمن وظیفۂ سادات و مومنین رجسٹرڈ بابت سنہ ۱۹۳۷ء

نمبر شمار	تفصیل مدات آمدنی	رقم پائی	رقم آنہ	رقم روپیہ	تفصیل مدات خرچ	رقم پائی	رقم آنہ	رقم روپیہ
۱	چندہ	۰	۰	۶۸۰۰	وی پی	۰	۰	۷۰
۲	وی پی	۰	۰	۳۵	خطوط	۰	۰	۴۰۰
۳	اعانت	۰	۰	۱۵۰	متفرق	۰	۰	۱۵۰
۴	سود	۰	۰	۱۵۰۰	طباعت	۰	۰	۴۵۰
۵	واپسی قرض حسنہ	۰	۰	۲۶۰۰	تنخواہ	۰	۰	۷۸۰
۶	متفرق	۰	۰	۱۵۰	سفر خرچ	۰	۰	۱۰۰
۷	—	—	—	—	وظائف	۰	۰	۹۲۸۵
		۰	۰	۱۱۲۳۵		۰	۰	۱۱۲۳۵

خاکسار

نیازمند

(دستخط) للت بہاری لال اڈیٹر دفتر لے۔ جی۔ سی۔ آر۔ نیو دہلی

سید احمد میرزا موسوی آنریری سکریٹری انجمن ہذا ۴۱۶۔ میر درد روڈ نیو دہلی

نیازمند

(دستخط) خواجہ محبوب احمد انصاری اڈیٹر دفتر لے۔ جی۔ سی۔ آر۔ نیو دہلی

گوشوارہ آمدنی من ابتدائے سنہ ۱۳-۱۹۱۲ء لغایۃ سنہ ۱۹۳۶ء

نمبر شمار	تفصیلات آمدنی	رقم: سنہ ۱۳-۱۹۱۲ء لغایۃ سنہ ۱۹۳۵ء — پائی	آنہ	روپیہ	رقم: سنہ ۳۶-۱۹۳۵ء — پائی	آنہ	روپیہ	میزان: پائی	آنہ	روپیہ
۱	چندہ	۱	۱۳	۱۳۶۴۲۱	۰	۱	۶۷۲۷	۱	۱۴	۱۴۳۱۴۸
۲	ویلی پی	۴	۲	۲۱۸۹	۰	۱۴	۳۳	۴	۰	۲۲۲۴
۳	اعانت	۳	۶	۶۷۰۷	۰	۴	۱۸۷	۳	۱۰	۶۸۹۴
۴	سود از بنک	۲	۱۳	۱۳۳۳۶	۶	۷	۱۴۷۲	۸	۳	۱۴۸۰۹
۵	واپسی قرض حسنہ	۰	۱۱	۳۰۳۹۱	۵	۱۱	۲۵۸۸	۰	۶	۳۲۹۸۰
۶	دست گردان سکریٹری	۰	۰	۱۱۳۰	—	—	-	۰	۰	۱۱۳۰
۷	آمدنی ملازم	۰	۰	۶	—	—	-	۰	۰	۷
۸	وظیفہ واپس شدہ	۰	۱۵	۲۸۲۵	۰	۰	۴۹	۰	۱۵	۲۸۷۴
۹	وظیفہ خاص	۰	۶	۴۴۲	۰	۰	۴۴	۰	۶	۵۱۶
۱۰	برآمد از بنک	۴	۷	۱۵۷۳۷۳	۰	۰	۵۴۲۰	۴	۷	۱۶۲۷۹۳
۱۱	رقم وگذاری شدہ	۰	۰	۱۴۰۲۰	۰	۰	۳۰۰	۰	۰	۱۴۳۲۰
۱۲	متفرق ※	۹	۱۳	۵۲۴	۰	۶	۱۷۶	۹	۲	۷۰۱
۱۳	تحویل گزشتہ	۱۱	۱۰	۱۳۶۱۹	۳	۱۲	۵۹۲	۲	۷	۱۴۲۰۹
	میزان	۱۰	۱	۳۷۸۹۸۷	۹	۷	۱۷۶۲۲	۷	۹	۳۹۶۶۰۹

※ سالگذشتہ تک مد متفرق کی رقم ۹-۳-۹۶۷ تھی اور اس میں ۰-۶-۴۴۲ کی رقم وظیفہ خاص کی شامل تھی اس سال یہ رقم وظیفہ خاص کا کالم الگ کرکے اس میں درج کردی گئی ہے اسلئے متفرق کے کالم میں اسی قدر رقم کی کمی ہوگئی ہے۔

گوشوارہ خرچ من ابتدائے سنہ ۱۳-۱۹۱۲ء لغایۃ سنہ ۱۹۳۶ء

نمبر شمار	تفصیلات خرچ	رقم: سنہ ۱۳-۱۹۱۲ء لغایۃ سنہ ۱۹۳۵ء — پائی	آنہ	روپیہ	رقم: سنہ ۱۹۳۶ء — پائی	آنہ	روپیہ	میزان: پائی	آنہ	روپیہ
۱	داخل بنک	۴	۱۳	۱۶۳۷۰۹	۶	۳	۷۴۵۴	۱۰	۰	۱۷۱۱۶۴
۲	وظیفہ	۹	۱۴	۱۲۳۱۳۷	۶	۳	۷۰۰۰	۳	۲	۱۳۰۱۳۸
۳	وی۔پی	۳	۱۰	۴۳۰۸	۰	۰	۶۵	۳	۱۰	۴۲۷۳
۴	خطوط	۰	۰	۴۱۱۸	۶	۱۰	۳۹۳	۰	۱۰	۴۵۱۱
۵	خریدے بانڈ	۷	۱۰	۴۷۱۶۳	۰	۰	۰	۷	۱۰	۴۷۱۶۳
۶	ادائے دست گردان سکریٹری	۰	۰	۱۱۳۰	۰	۰	۰			۱۱۳۰
۷	متفرق	۰	۱۴	۲۱۴۳	۰	۱۰	۵۱۳	۸		۲۶۵۷
۸	طبابت	۳	۱۴	۷۶۵۴	۹	۱	۳۱۸			۷۹۷۳
۹	تنخواہ	۳	۶	۱۰۰۷۷	۰	۴	۷۰۲	۳	۱۰	۱۰۷۷۹
۱۰	سفر خرچ	۳	۹	۹۳۰	۰	۱۳	۹۸	۳	۶	۱۰۲۹
۱۱	مرمت عمارت	۰	۸	۶۰	۰	۰	....	۰	۸	۶۰
۱۲	وظیفہ خاص	۰	۶	۴۴۲	۰	۰	۱۱۲	۰	۶	۵۵۴
۱۳	تحویل موجودہ	۲	۷	۱۴۲۰۹	۶	۹	۹۶۴	۸	۰	۱۵۱۷۳
	میزان	۱۰	۱	۳۷۸۹۸۷	۹	۷	۱۷۶۲۲	۷	۹	۳۹۶۶۰۹

اپنے بچوں کو ہمارے شہید مصنفہ پروفیسر سید مجتبیٰ حسین صاحب علیگڈھ ٹریننگ کالج ضرور پڑھوائیے۔ بڑی مفید ثابت ہوگی۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ برہان دہلی نمبر ۶

بجٹ آمدنی وخرچ انجمن وظیفۂ سادات ومومنین رجسٹرڈ بابتہ سنہ ۱۹۳۶ء

نمبر شمار	تفصیل مدات آمدنی	رقم پائی	رقم آنہ	رقم روپیہ	تفصیل مدات آمدنی	رقم پائی	رقم آنہ	رقم روپیہ
۱	چندہ	۰	۰	۴۵۰۰	وی پی	۰	۰	۶۰
۲	وی۔پی	۰	۰	۳۰۰	خطوط	۰	۰	۳۰۰
۳	عائفہ	۰	۰	۱۸۰	متفرق	۰	۰	۲۰۰
۴	سود	۰	۰	۱۵۰۰	طباعت	۰	۰	۳۰۰
۵	واپسی قرض حسنہ	۰	۰	۲۶۰۰	تنخواہ	۰	۰	۷۰۰
۶	متفرق	۰	۰	۱۵۰	سفر خرچ	۰	۰	۱۰۰
۷					وظائف	۰	۰	۷۳۰۰
		۰	۰	۸۹۶۰		۰	۰	۸۹۶۰

نیازمند — خاکسار — نیازمند

(دستخط) للت بہاری لال ڈیٹر دفتر ای جی سی آر نیو دہلی — سید احمد میرزا موسوی سکریٹری انجمن ہذا — (دستخط) خواجہ محبوب احمد انصاری آڈیٹر دفتر ای جی سی آر نیو دہلی

گوشوارہ آمدنی وخرچ من ابتدائے یکم جنوری تا آخر دسمبر سنہ ۱۹۳۶ء

نمبر شمار	تفصیل آمدنی	رقم پائی	رقم آنہ	رقم روپیہ	تفصیل خرچ	رقم پائی	رقم آنہ	رقم روپیہ
۱	چندہ	۰	۱	۶۷۲۷	داخل بنک	۶	۳	۷۴۵۴
۲	وی پی	۰	۱۴	۳۴	وظیفہ	۶	۳	۷۰۰۰
۳	عائفہ	۰	۴	۱۸۷	وظیفہ خاص	۰	۰	۱۱۲
۴	سود	۶	۷	۱۴۷۲	وی پی	۰	۰	۶۵
۵	واپسی قرض حسنہ ※	۰	۱۱	۲۵۸۸	خطوط	۶	۱۰	۳۹۳
۶	متفرق	۰	۶	۱۷۶	متفرق	۰	۱۰	۵۱۳
۷	وظیفہ واپس شدہ	۰	۰	۴۹	طباعت	۹	۱	۳۱۸
۸	وظیفہ خاص	۰	۰	۷۴	تنخواہ	۰	۴	۷۰۲
۹	برآمد از بنک	۰	۰	۵۴۲۰	سفر خرچ	۰	۱۳	۹۸
۱۰	رقم دگری شدہ	۰	۰	۳۰۰	خرید با تفرگری وغیرہ	۰	۰	—
۱۱	تحویل سنہ ۱۹۳۵ء	۳	۱۲	۵۹۲	تحویل مورخہ ۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۶ء	۶	۹	۹۶۴
	میزان	۹	۷	۱۷۶۲۲	میزان	۹	۷	۱۷۶۲۲

※ واپسی قرض حسنہ کی رپورٹ دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ کل وصول ۲۶۱۶/۱/- ہے لیکن گوشوارہ ہذا میں وصولی ۲۵۸۸/۱/- درج ہے۔ ۲۷/۶/- کا فرق یوں ہے کہ یہ رقم واپسی قرض حسنہ کے دفتر میں ۲۰ دسمبر کے بعد جب کہ وہاں سے پہلا حساب صدر دفتر میں آچکا تھا تب آئی ہے اور دسمبر ہی میں درج ہوئی ہے۔ سال تمام ہونے پر ۲۱ سے ۳۱ دسمبر تک کی وصولی کا حساب صدر دفتر میں یکم جنوری کو آیا ہے اور اسی مہینہ میں درج ہوا ہے اسی لئے یہ فرق ہے۔

نیازمند
(دستخط) بابو بہاری لال اڈیٹر
دفتر ای۔جی۔سی۔آر۔
نیو دہلی

خاکسار
سید احمد میرزا موسوی سکریٹری انجمن ہذا
۴۱۶ میر درد روڈ۔ نیو دہلی

نیازمند
(دستخط) خواجہ محبوب احمد انصاری اڈیٹر
دفتر ای۔جی۔سی۔آر۔
نیو دہلی

حساب سرمایہ مستقل بابتہ سنہ ۱۹۳۶ء

نمبر شمار	تفصیل	انجمن کی اصل رقم				جملہ رقم		فیس ویلیو	
		قیمت خرید کاغذات		نقد					
		پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ
۱	گورنمنٹ پرامسری نوٹ ۳½ فی صدی	۰	۷	۴۴۲۱	۰	۰	۰	۰	۷	۴۴۲۱	۰	۰	۵۱۰۰
۲	" " "	۰	۶	۳۹۴	۰	۰	۰	۰	۶	۳۹۴	۰	۰	۵۰۰
۳	پوسٹل کیش سرٹیفکٹ	۰	۸	۸۹۱۲	۰	۰	۰	۰	۸	۸۹۱۲	۰	۰	۱۰۰۰۰
۴	گورنمنٹ لون ۴ فی صدی	۰	۹	۱۳۵۱۲	۰	۰	۰	۳	۹	۱۳۵۱۲	۰	۰	۱۳۷۰۰
۵	رقم نقد بحوالہ جسٹر سرمایہ مستقل	۰	۰	۰	۹	۱	۲۲۷۵۹	۹	۱	۲۲۷۵۹	۹	۱	۲۲۷۵۹
۳		۰	۱۴	۲۷۲۴۰	۹	۱	۲۲۷۵۹	۰	۰	۵۰۰۰۰	۹	۱	۵۲۰۵۹

نوٹ:- سال گذشتہ کی رپورٹ صفحہ ۱۱۷ سلسلہ نمبر ۴ پر سرمایہ مستقل کا حساب دیکھنے سے یہ معلوم ہوگا کہ گورنمنٹ پرامسری نوٹ ۶½ فیصدی قیمت خرید آٹھ سو روپیہ پیشگی منافع نقایۃً آخر دسمبر ۳۵ء نو سو پینتیس روپیہ درج ہونا دکھائے گئے ہیں اور اس صفحہ کے سلسلہ نمبر ۶ پر ۹/۹/۲۲۳۴۶ کی رقم نقد بنک میں جمع ہونا دکھائی گئی تھی لیکن اس سال گورنمنٹ پرامسری نوٹ ۶½ فی صدی جن کی مدت ختم ہو چکی تھی فروخت کرکے یہ رقم بنک میں جمع کر دی گئی اور کل نقد روپیہ (۹/۹/۲۲۳۴۶ + ۹۳۰) = ۹/۹/۲۳۲۷۶ ہو گیا۔

کیش سرٹیفکٹ کی قیمت خرید ۰/۰/۸۵۲۵ ہے لیکن اس سال نقایۃً آخر دسمبر ۳۵ء مع منافع ان کی قیمت ۰/۸/۸۹۱۲ ہو گئی اس کے یہ معنی ہوئے کہ ۰/۸/۳۸۷ منافع ہوا۔ ۴½ فیصدی پرامسری نوٹ پر ۰/۰/۱۳۰ منافع اور کیش سرٹیفکیٹ پر ۰/۸/۳۷۸ منافع ہوا گویا کل منافع ۰/۸/۵۱۷ ہوتا ہے یہ منافع انجمن کو ملتا نہیں رہا ہے بلکہ کاغذی حساب لگا کر وظائف پر تقسیم ہوتا رہا ہے اب یہ منافع سرمایہ مستقل کے نقد روپے میں سے منہا کر لیا گیا ہے اور نقد روپیہ ۹/۱/۲۲۲۸۹ رہ گیا ہے اور اس طرح آئندہ کیلئے کاغذی حساب کا دروازہ بند کرکے حقیقی حساب کی بنیاد ڈال دی گئی ہے۔

میں آئندہ آنے والے تمام سکریٹری صاحبان سے امید رکھتا ہوں کہ وہ بھی آئندہ ایسا ہی کرتے رہیں کہ جس قدر منافع تمسکات پر ہوتا رہے اُسی قدر سرمایہ مستقل کے نقد روپیہ میں سے منہا کر لیا کریں اسی ضمن میں اُن کو یہ بھی کرنا ہوگا کہ کچھ نہ کچھ روپیہ سیونگ بنک اکاؤنٹ میں سرمایہ مستقل کا جمع رہے تاکہ اسی میں سے تمسکات کا منافع منہا ہوتا رہے۔ اسی سلسلہ میں ایک خاص بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سرمایہ مستقل کا جو حساب میں پیش کیا کرتا ہوں انجمن بنا کر پیش کرے اور نقد روپے میں جس قدر کمی ہو اُس کو سکریٹری دیکھلے کہ اسی قدر واقعی منافع تمسکات کا ہوا ہے یا نہیں۔ اگر اتنی سی احتیاط سال کے آخر پر چند منٹ صرف کرکے ہو جائے گی تو کاغذی حساب کی ضرورت پیش نہ آئے گی۔ اور غلطی کا امکان جاتا رہے گا۔

خاکسار

سید احمد میرزا موسوی آنریری سکریٹری انجمن ہذا

۴۱۶ - میر درد روڈ۔ نیو دہلی

ممیز

(دستخط) للت بہاری لال ایڈیٹر

دفتر اے۔ جی۔ سی۔ آر۔

نیو دہلی

ممیز

خواجہ محبوب احمد انصاری ایڈیٹر

دفتر اے۔ جی۔ سی۔ آر۔

نیو دہلی

انجمن کا کل سرمایہ مع سرمایہ مستقل بابت سال ۱۹۳۶ء

نمبر شمار	تفصیل	صورت جنس سرمایہ مستقل حوالہ پاس بک	رقم						میزان		کیفیت	
			اصل زر			سود جو ابھی تک وصول نہیں ہوا						
			پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	تفصیل
۱	گورنمنٹ پرامیسری نوٹ نوٹ ۳½ فیصدی نزد ڈاکخانہ نئی دہلی۔	ص۱	۰	۷	۴۴۲۱	۰	۰	۰	۰	۷	۴۴۲۱	سرمایہ مستقل ۵۰۰۰
۲	گورنمنٹ پرامیسری نوٹ ۳½ فی صدی نزد امپیریل بنک دہلی	ص۲	۰	۶	۳۹۴	۰	۰	۰	۰	۶	۳۹۴	رقم وظائف ۸۶۵۴ ۳ ۵
۳	پوسٹل کمیشن سرٹیفکیٹ نزد سکریٹری صاحب	ص۳	۰	۰	۸۷۲۵	۰	۸	۱۸۷	۰	۸	۸۹۱۲	پراویڈنٹ فنڈ ۲۳۰ ۰ ۰
۴	گورنمنٹ لون ۴ فی صدی نزد ڈاکخانہ نئی دہلی۔	ص۶	۳	۹	۱۳۵۱۲	۰	۰	۰	۳	۹	۱۳۵۱۲	
۵	سیونگ بنک ڈاکخانہ نئی دہلی	کتاب نمبر ۱۵۲۴۱۹	۱	۱۲	۸۴۶۷	۰	۰	۰	۱	۱۲	۸۴۶۷	
۶	امپیریل بنک دہلی	کتاب نمبر ۳۰۹	۰	۰	۹۷۹۶	۰	۰	۰	۰	۰	۹۷۹۶	
۷	ڈاکخانہ سیونگ بنک نئی دہلی	کتاب نمبر ۱۵۲۶۶۳	۴	۵	۱۰۰۰۰	۰	۰	۰	۴	۵	۱۰۰۰۰	
۸	ڈاکخانہ سیونگ بنک نئی دہلی	کتاب نمبر ۱۵۲۴۱۸	۰	۱۵	۴۳	۰	۰	۰	۰	۱۵	۴۳	
۹	ڈاکخانہ سیونگ بنک لکھنؤ	کتاب نمبر ۱۵۵۶۹	۳	۱۱	۲۳۷۰	۰	۰	۰	۳	۱۱	۲۳۷۰	
۱۰	تحویل موجودہ موقعہ آخر سنہ ۳۶ء		۶	۹	۹۶۴	۰	۰	۰	۶	۹	۹۶۴	
	میزان		۵	۱۱	۵۸۶۹۶	۰	۸	۱۸۷	۵	۳	۵۸۸۸۴	۵۸۸۸۴ ۳ ۵

نیازمند — منجانب — خاکسار

(دستخط) للت بہاری لال اڈیٹر
دفتر ای۔ جی۔ سی۔ آر۔ نیو دہلی۔

خواجہ محبوب احمد انصاری اڈیٹر
دفتر ای۔ جی۔ سی۔ آر۔ نیو دہلی

سید احمد میرزا موسوی آنریری سکریٹری
۴۱۶ میر درد روڈ۔ نیو دہلی۔

نقشہ آمدنی بنابر برآمدگی زرو فنڈ و تقسیم وظائف برائے ۳۶ء و منہائی خرچ بابت ۳۶ء

نمبر شمار	تفصیل مدات آمدنی	رقم پائی	رقم آنہ	رقم روپیہ	تفصیل مدات خرچ	رقم پائی	رقم آنہ	رقم روپیہ	کیفیت
۱	چندہ	۰	۱	۶۷۲۷	ڈی پی	۰	۰	۶۵	خالص آمدنی ۳۶ء = ۲ — ۱۱ — ۱۱۱۸۶
۲	وی پی	۰	۱۴	۳۴	خطوط متفرق	۶	۱۰	۳۹۳	مصارف ۳۶ء = ۳ — ۷ — ۲۰۹۱ (-)
۳	اعانت	۰	۴	۱۸۷		۵	۱۰	۵۱۳	بعد منہائی مصارف = ۳ — ۴ — ۹۰۹۵/۴
۴	سود واپسی قرض حسنہ	۰	۷	۱۴۷۲	طباعت	۹	۱	۳۱۸	سرمایہ مستقل ۳۵ء = ۳۵ء — ۱۳ — ۲۲۷۳۰ ٪
۵		۰	۱۱	۲۵۸۸	تنخواہ	۰	۴	۷۰۲	سرمایہ مستقل غایتہ ۳۵ء = ۵ — ۱ — ۴۳۰۹۲
۶	متفرق	۰	۶	۱۷۶	سفر خرچ	۰	۱۳	۹۸	
		۶	۱۱	۱۱۱۸۶		۳	۷	۲۰۹۱	سرمایہ مستقل غایتہ ۳۶ء = ۳۶ء — ۱۴ — ۴۵۳۶۵

نوٹ: آمدنی سال ۳۶ء میں سے تمام مصارف نکالنے کے بعد کل رقم ۳/۴/۹۰۹۵ روپیہ بچتی ہے اس رقم میں سے سرمایہ محفوظ نہیں نکالا جائیگا کیونکہ بروئے حساب سرمایہ مستقل غایتہ دسمبر ۳۶ء ۴۵۳۶۵/۱۴/۰ روپیہ ہونا ہے مگر اس وقت جو سرمایہ مستقل متصور ہو کر بصورت کفالت نامجات ممیت واپس کمیشن سرٹیفکیٹ انجمن کے پاس موجود ہے وہ پچاس ہزار ہے اور اس وقت تک جب تک کہ جو فرق مذکورہ بالا واقعی رقم سرمایہ مستقل یعنی پچاس ہزار میں ہر دو رتہ ہو جاوے زیادہ داخلہ سرمایہ مستقل میں نہ کیا جائے گا صرف کاغذی حساب سرمایہ مستقل کا لگایا جائیگا جس سے پتہ چلتا رہے کہ کب مذکورہ بالا فرق دور ہوتا ہے [بحوالہ بجوز کمیشن نمبر ۳ کارروائی جلسہ سالانہ دسمبر ۳۲ء]

نیازمند
للت بہاری لال اڈیٹر
دفتر لے۔جی۔سی۔آر۔نیو دہلی

نیازمند
خواجہ محبوب احمد انصاری اڈیٹر
دفتر لے جی، سی، آر، منیو دھلی

خاکسار
سید احمد میرزا آنریری سکرٹری انجمن ھذا
۴۱۶ — میر درد روڈ — نیو دہلی۔

پچیس سالہ گوشوارہ قرض حسنہ

نمبر شمار	قسم وظیفہ داران	تعداد وظیفہ داران	رقم مطالبہ	تفصیل وصول: سابق	تفصیل وصول: ۳۶ء	تفصیل وصول: جملہ	باقی	کیفیت
۱	جو مطالبہ ادا کر چکے ہیں	۱۱۷	۱۲ — ۲۲۷۹۲	۳ — ۲۱۹۱۹	۱۳ — ۹۰۵	۲۲۸۲۵ — ۰ — ۰	۰	دس وظیفہ داروں نے اس سال بیباق کیا
۲	جنکا زمہ مطالبہ نہیں کرایا گیا						۱۴۸/۳۲ زائد وصول ہوا	
	۱۔ادا کرنا اختیاری ہے	۲	۴ — ۱۶۴۲	———	———	———	۱۶۴۲ — ۴	
	۲۔معاف کیا گیا	۳	۱ — ۱۵۱	———	———	———	۱۵۱ — ۱	
	۳۔انتقال کیا	۴۷	۵ — ۱۱۶۷۵	———	———	———	۱۱۶۷۵ — ۵	تین وظیفہ اروں نے اس سال انتقال کیا
	میزان	۵۲	۱۰ — ۱۳۴۶۸	۱۱ — ۱۶۵۳	———	۱۱ — ۱۶۵۳	۱۱۸۱۴ — ۱۵	
۳	جو ادا کر رہے ہیں	۱۵۴	۱ — ۴۳۲۴۸	۹ — ۶۷۸۹	۴ — ۱۷۱۰	۱۳ — ۸۴۹۹	۳۴۷۵ — ۳	نئیں ملا جو اس سال سے وظیفہ کی شروع کیا
۴	جو ادا نہیں کرتے	۱۶۸	۰ — ۳۰۹۲۳	—	—	—	۳۰۹۲۳ — ۰	
۵	جو وظیفہ لے رہے ہیں	۷۳	۱۳ — ۱۶۰۶۵	—	—	—	۱۶۰۶۵ — ۱۳	۲۹ انیس طلبا جو نئی تعلیم اس سال ختم ہوئی
		۵۶۴	۴ — ۱۲۶۴۹۸	۷ — ۳۰۳۹۲	۱ — ۲۶۲۶	۷ — ۳۲۹۸۸	۹۳۵۵۳ — ۰	

فہرست وظیفہ داران قدیم

نمبر شمار	نمبر رجسٹر	نام وظیفہ دار ان معہ درسگاہ	نمبر شمار	سال	ماہ	نام وظیفہ داران معہ درسگاہ	عہدہ	ملک
۱	۳۵۹	سید حسنین صادق صاحب انجینیر گ گورنمنٹ سکول لکھنؤ	۲۶	۱۹۱۷ء	مے	سید محبوب حسین صاحب ہیڈ کلرک دفتر ڈائرکٹر تعلیمات	کلرک	چاندپور
۲	۳۶۰	سید سبطین صادق صاحب گورنمنٹ ہائی سکول امروہہ	۲۷	۱۹۱۸ء	اپریل	سید رضی اکبر صاحب الہ آباد یونیورسٹی	طالب علم	چھپرا
۳	۴۱۹	سید الطاف حسین صاحب شیعہ کالج لکھنؤ	۲۸	۱۹۱۹ء	جولائی	سید فخر یاب حیدر صاحب لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ	طالب علم	؍؍
۴	۴۳۰	سید محمد یحییٰ صاحب پٹنہ لا کالج	۲۹	؍؍	مے	سید کوثر حسین صاحب ہندو کالج دہلی	طالب علم	چاندپور
۵	۴۴۳	سید اعجاز حیدر صاحب وثیقہ اسکول فیض آباد	۳۰	۱۹۲۰ء	مارچ	سید مصطفےٰ حسین صاحب اسلامیہ کالج لاہور	طالب علم	؍؍
۶	۴۴۸	قاضی شیخ محمود علی صاحب گورنمنٹ جوبلی انٹر کالج لکھنؤ	۳۱	؍؍	اپریل	قاضی فاسم محبوب صاحب ڈی اے وی کالج کانپور	طالب علم	انگریزی
۷	۴۵۱	سید مظفر علی صاحب ٹریننگ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ	۳۲	۱۹۲۱ء	جولائی	سید شبیر حسین صاحب گورنمنٹ ہائی اسکول جونپور	طالب علم	چھپرا
۸	۴۶۳	سید حیدر علی شاہ صاحب کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور	۳۳	۱۹۲۲ء	اپریل	سید کرار حیدر صاحب مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	طالب علم	انگریزی
۹	۴۶۴	سید علمدار حسین شاہ صاحب کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور	۳۴	؍؍	اپریل	عصمت آرا بی بی صاحبہ نورمل گرلز اسکول لکھنؤ	طالب علم	؍؍
۱۰	۴۷۳	سید شبیر حسین صاحب نقوی مسلم یونیورسٹی علی گڈھ	۳۵	؍؍	مارچ	افسر بیگم صاحبہ انگلو ورنکولر نسواں سکول لکھنؤ	طالب علم	؍؍
۱۱	۴۸۵	سید مصباح الحسن صاحب میرٹھ کالج میرٹھ	۳۶	؍؍	مے	فیض جہاں بیگم صاحبہ میونسپل لے وی گرلز اسکول لکھنؤ	طالب علم	؍؍
۱۲	۴۸۹	سید شبیر حسین صاحب تہکارنی سٹی کالج جبل پور	۳۷	؍؍	مارچ	سرفراز حسین صاحب اسلامیہ شمس الہدیٰ پٹنہ	؍؍	؍؍
۱۳	۴۹۰	سید غازی الدین حیدر صاحب بی اے بی ٹی این جی گھوش ٹائی اسکول جونپور	۳۸	؍؍	مارچ	سید محمد مسلم صاحب مدرسہ ناظمیہ لکھنؤ	؍؍	؍؍
۱۴	۴۹۲	سید اختر عباس صاحب فیض عام ہائی اسکول میرٹھ	۳۹	۱۹۲۳ء	اپریل	سید غلام مصطفےٰ صاحب مڈیکل اسکول امرتسر	طالب علم	؍؍
۱۵	۴۹۴	محبوب علی صاحب سلطان المدارس لکھنؤ	۴۰	انگریزی	مارچ	سید شبیر حسین صاحب سینٹ جانس کالج آگرہ	طالب علم	چھپرا
۱۶	۴۹۶	سید خادم حسین شاہ صاحب اسلامیہ کالج لاہور	۴۱	؍؍	مے	سید محفوظ حسین صاحب مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	؍؍	؍؍
۱۷	۵۰۲	سید واصل علی صاحب ہندو ہائی اسکول رائے بریلی	۴۲	۱۹۲۴ء	اپریل	سید رضی الدین حیدر صاحب الہ آباد یونیورسٹی الہ آباد	طالب علم	؍؍
۱۸	۵۰۴	شاد محمد طیب صاحب میڈیکل کالج پٹنہ	۴۳	انگریزی	مارچ	سید نثار حیدر صاحب حیدری بریلی کالج بریلی	معہ	انگریزی
۱۹	۵۰۳	سید عمار علی صاحب انجینیر مکب کالج جھیری گیٹ دہلی	۴۴	؍؍	مے	انور علی صاحب ایس ای کالج الہ آباد پور	طالب علم	چاندپور
۲۰	۵۰۶	ہمایوں قدر صاحب گورنمنٹ ہائی اسکول علیگڈھ	۴۵	۱۹۲۵ء	اپریل	سید ابن حسین صاحب لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ	معہ	انگریزی
۲۱	۵۰۷	سید انور حسین صاحب ایمرسن گورنمنٹ کالج ملتان	۴۶	انگریزی	مے	سید خورشید حسنین صاحب لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ	طالب علم	چھپرا
۲۲	۵۰۹	سید غلام حیدر صاحب کنگ جارج میڈیکل کالج لکھنؤ	۴۷	؍؍	مارچ	سید وکیل احمد صاحب بی این کالج پٹنہ	طالب علم	انگریزی
۲۳	۵۱۰	مطیع الحسنین صاحب ایڈورڈ یونانی اسکول لکھنؤ	۴۸	؍؍	اپریل	سید ذوالفقار حسین صاحب مسلم یونیورسٹی علی گڈھ	معہ	؍؍
۲۴	۵۱۱	سید محمد مصطفےٰ صاحب میڈیکل کالج پٹنہ	۴۹	؍؍	مارچ	سید ذوالفقار علی صاحب اسلامیہ ہائی اسکول مظفر نگر	طالب علم	چھپرا
۲۵	۵۲۱	سید مقصود حمید صاحب سینٹ اسٹیفنس کالج دہلی	۵۰	چاندپور	مارچ	میرزا حسن عباس صاحب اسٹیٹ ہائی اسکول رام پور	طالب علم	؍؍

۵۱	۵۹۰	میرزا عابد عباس صاحب اسسٹنٹ ہائی اسکول رام پور	للعہ	اکیسال			
۵۲	۵۹۱	سید زین العابدین صاحب مدرسہ ناظمہ لکھنؤ	للعہ	چھ ماہ			
۵۳	۵۹۲	سید محمد رضا صاحب شیعہ کالج لکھنؤ	″	″			
۵۴	۵۹۳	سید صابر رضا صاحب اسلامیہ ہائی اسکول مظفر نگر	ے	اکیسال			
۵۵	۵۹۴	واحد علی صاحب مدرسہ سلیمانیہ مٹیہ	للعہ	″			
۵۶	۵۹۷	سید محمد حسین صاحب لکھنؤ یونیورسٹی	للعہ	″			
۵۷	۶۰۰	سید اشتیاق حسین صاحب کٹوہ یہ چوٹی انگلش اسٹیٹ ہائی اسکول	عہ	۵			
۵۸	۶۰۱	سید محمد محسن صاحب عثمانیہ میڈیکل کالج حیدرآباد دکن	وعہ	″			
۵۹	۶۰۲	سید عنایت علی صاحب سلطان الدارس لکھنؤ	صہ	″			
۶۰	۶۰۳	سید کاظمین احمد صاحب مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	معہ	″			
۶۱	۶۰۴	سید مہدی حسین صاحب آرٹس اینڈ سائنس کالج جبل پور	ے	″			
۶۲	۶۰۵	سید انظار احمد صاحب ٹومن سنگھ انجینرنگ کالج رڑکی	معہ	″			
۶۳	۶۰۶	شیخ امام حیدر صاحب راڑی انگلش ہائی اسکول مظفر پور	ے	″			
۶۴	۶۰۷	سید ذوالفقار حیدر صاحب چھپارہ ہائی اسکول جے پور	ے	″			
۶۵	۶۰۸	سید ظہیر حیدر صاحب سائنس مہاراج کالج جے پور	ے	″			
۶۶	۶۰۹	سید اختر حسین صاحب عثمانیہ میڈیکل کالج حیدرآباد دکن	وعہ	″			
۶۷	۶۱۰	سید سکندر رضا صاحب میڈیکل کالج مٹیہ	وعہ	″			
۶۸	۶۱۱	سید کاظم رضا صاحب عربی کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور	وعہ	″			
۶۹	۶۱۳	سید مظہر علی صاحب مڈل اسکول آگرہ	معہ	″			
۷۰	۶۱۴	نعمت اللہ صاحب مڈل اسکول امرتسر	عہ	″			
۷۱	۶۱۵	سید علی حیدر صاحب مڈل کالج لکھنؤ	وعہ	″			
۷۲	۶۱۶	محمد علی رضا صاحب بیگلو اسلامیہ ہائی اسکول مظفر نگر	للعہ	″			

فہرست وظیفہ داران جدید صنعت وحرفت

سلسلہ	رجسٹر	نام وظیفہ دار مع پیشہ و درسگاہ	وظیفہ	عدد	رقم
۷۳	۶۱۹	سید محمد وصی صاحب نئی بستی وزیر گنج لکھنؤ ٹریننگ کالج الہ آباد	وعہ	چار ماہ	۵۱۰
۷۴	۶۲۰	میرزا احمد حسین صاحب چکرولہ مٹیہ گورنمنٹ طبیہ اسکول مٹیہ	صہ	اکیسال	۸۴۶
۷۵	۶۲۱	سید محمد حسین صاحب عبداللہ پور اکبر پور ضلع آزمگڑھ ٹریننگ کالج الہ آباد	عہ	″	۳۴۲۵
۷۶	۶۲۲	سید سعادت علی صاحب دہلی کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور	وعہ	″	۳۲۳۱
۷۷	۶۲۳	سید شاہد حسین صاحب مٹیہ انجینرنگ کالج مٹیہ	عہ	″	۱۲۴۴
۷۸	۶۲۴	سید علی امام صاحب کچھوچھہ ضلع ساز طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ	صہ	″	۱۷۹۴ ۸۴۶
۷۹	۶۲۵	مرتضائی بیگم صاحبہ پانی پت کرنال جے وی ٹریننگ اسکول کرنال	معہ	″	۳۲۵۲ ۳۲۵۷
۸۰	۶۲۶	سید ظہیر حسین لشکری پور (اسپور) پرنس آف ویلز میڈیکل کالج مٹیہ	وعہ	″	۱۷۰۸ ۳۷۴۸
۸۱	۶۲۷	سید شاہ محمد شاہ صاحب ضلع ڈیرہ غازیخاں نارمل اسکول لاہور	معہ	″	۳۷۳۸
۸۲	۶۲۸	سید سبط محمد صاحب مجلہ شفاعت بیشہ ہمدرد مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	صہ	″	۳۴۹۶
۸۳	۶۲۹	سلطان خاں صاحب جہتر بھدرا ہلی خیڑہ والا لاہور ریجوونیشن ورکشاپ	صہ	″	۲۹۷۳

فہرست وظیفہ داران جدید علوم مشرقیات

سلسلہ	رجسٹر	نام وظیفہ دار مع پیشہ و درسگاہ	وظیفہ	عدد	رقم
۱۰۰	۶۴۶	سرفراز حسین صاحب ضلع میانوالی ناظمہ عربی کالج لکھنؤ	للعہ	ایکسال	۱۷۱۳ ۳۰۷۷
۱۰۱	۶۴۷	حامد حسین صاحب بنارس مدرسہ ناصریہ جونپور	للعہ	″	۴۱۱۴

فہرست وظیفہ داران انجمن ہذا

۱۰۲	۶۴۸	سید محمد عابد صاحب ضلع بارہ بنکی نجف اشرف	صہ	ایکسال	۱۹۳ ۳۱۹۲
۱۰۳	۶۴۹	جعفر حسین صاحب گوجرانوالہ پنجاب نجف اشرف	صہ	″	۲۸۵

احقر خادم قوم

سید حمید میرزا موسوی آنریری جنرل سکریٹری

انجمن وظیفہ سادات مومنین ۴۱۶ - میرو روڈ - بمبئی شہر

۸۴	۶۳۰	سید فدا حسن صاحب اکبر آباد آگرہ ٹکمل اسکول لکھنؤ	صہ	پانچ ماہ	۱۲۶۸
۸۵	۶۳۱	سید محمد طاہر حسین صاحب ڈابھی ضلع بلند شہر مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	صہ	اکیسال	۳۰۱۵
۸۶	۶۳۲	سید صفدر حسین صاحب حیدرآباد دکن اسکول آف آرٹ بمبئی	عہ	″	۳۷۹۲
۸۷	۶۳۳	سید اظہر حسین صاحب ضلع فتحپور ٹکنیکل اسکول کانپور	صہ	″	۲۹۷۴
۸۸	۶۳۴	سید بدر الحسن صاحب کانپور ٹیکنیکل اسکول کانپور	عہ	″	۳۰۲۳
۸۹	۶۳۵	سید ابو الحسن صاحب پٹیالہ میڈیکل اسکول امرتسر	عہ	″	

فہرست وظیفہ داران جدید کالج

۹۰	۶۳۶	کنیز عباس صاحبہ بانو محمود آباد مسلم گرلس انٹرمیڈیٹ	عہ	اکیسال	۲۶۱۰
۹۱	۶۳۷	وزارت حسین صاحب الہ آباد مسلم یونیورسٹی علی گڈھ	ے	″	۳۲۹ ۶۷۸ ۳۳۳۱
۹۲	۶۳۸	سید عزاقی حسین صاحب کرنال مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	ے	″	۱۸۳۱
۹۳	۶۳۹	سید محمد صادق صاحب بریلی شیعہ کالج لکھنؤ	ے	″	۱۷۱۲
۹۴	۶۴۰	حسین امام صاحب ضلع سارن پٹنہ یونیورسٹی	عہ	″	۳۴۲۶ ۳۴۳۲ ۳۴۵۵
۹۵	۶۴۱	سید علی حیدر صاحب ضلع سارن پٹنہ کالج	ے	″	۱۳۹۲
۹۶	۶۴۲	سید حسنین حسن صاحب لکھنؤ یونیورسٹی	وعہ	″	۳۳۷۰
۹۷	۶۴۳	عاشر حسین صاحب کھیمل پور انٹرمیڈیٹ کالج	صہ	″	۲۳۶۷
۹۸	۶۴۴	سید علی عباس صاحب پاپیتے پور مسلم یونیورسٹی علی گڈھ	عہ	″	۲۹۱۳ ۱۸۸۱
۹۹	۶۴۵	میرزا شاہد حسین صاحب جوہری لکھنؤ یونیورسٹی	ے	″	۱۷۱۲ ۳۰۷۷

عرض حال

برادران محترم۔ سلام علیکم۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی گیارھویں کی سالانہ رپورٹ من ۱۹۳۵ء یکم جنوری ۱۹۳۶ء تا ۳۱ دسمبر ۱۹۳۶ء حسب دل پیش کرتا ہوں قبل اسکے کہ ۱۹۳۶ء کے حالات و واقعات تحریر کروں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ آپ حضرات کی واقفیت کیلئے انجمن کی ابتدا اور اسکے متعلق کہ کس طرح عالم وجود میں آئی اور کس کے بانیان نے کس جذبہ کے ماتحت اس کے قیام کی ضرورت سمجھی مجمل طور سے چند سطروں میں عرض کروں۔

ابتداً شیعوں کی بالعموم اور سادات کی بالخصوص تبلیغی پستی کو دیکھکر اور اُن کو علوم کی طرف مائل کرانے اور اُن کے لئے مخصوص ایک فنڈ قائم کرنے کے خیال سے ۱۹۱۲ء میں دو دوستوں یعنی مخدوم ملت جناب حاجی سید جلال الدین صاحب بی اے۔ ایم۔ اے۔ اور محسن ملت جناب بھائی صاحب سید محسن میرزا صاحب ایم۔ اے۔ مرحوم نے آپس میں یہ معاہدہ کیا کہ اپنی مستقل آمدنی کا ایک فیصدی اس مد میں ضرور صرف کیا کرینگے اور اپنے احباب کو اس کار خیر کی طرف مائل کرتے رہیں گے۔ اس معاہدہ کا نتیجہ آپ کا محبوب اور ہر دلعزیز ادارہ انجمن وظیفہ سادات و مومنین ہے۔ معلوم نہیں وہ کونسی نیک ساعت تھی اور کیسا مبارک وقت تھا جب ان ہر دو بزرگان قوم نے اس قسم کے معاہدہ کا ارادہ کیا اور اُن کے اس ارادہ میں کس قدر خلوص اور نیک نیتی تھی کہ اس قلیل مدت میں قوم کی وہ خدمت کی کہ ہر فرد قوم کو اپنا گرویدہ بنا لیا۔ بانیان انجمن کے خلوص نیت کا اس سے بڑھکر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ خدا کے فضل و کرم سے صرف پچیس سال کی مدت میں تقریباً ۶۵۰ افراد ملت جن کی تعلیم کا کچھ بندوبست نہ تھا انجمن کی بدولت اپنی تعلیم ختم کرکے برسر روزگار ہو گئے ہیں اور قوم کے ۶۵۰ خاندانوں کو اس طرح تباہی و بربادی سے بچا کر عزت کی زندگی بسر کر رہے ہیں اور تقریباً سو طلبا اب انجمن کے سایۂ عاطفت میں تعلیم پا رہے ہیں ؎

اجرش دہد خدائے کہ کرد ست یاوری ✻ باآں کساں کہ مونس و یاور نداشتند

الحمدللہ کہ اس نے اپنی زندگی کا پچیسواں سال بخیر و خوبی ختم کیا اور اس سعید تقریب کی خوشی میں جناب اعجاز جارچوی نے اس سال کی رپورٹ کو سلور جوبلی نمبر کی شکل میں جس میں بہت سے ممبران کے فوٹو اور سوانح حیات ہیں شائع کرکے قوم پر بالعموم اور ممبران انجمن پر بالخصوص بڑا احسان فرمایا ہے امید ہے کہ آپ حضرات اس گلدستہ قومی کو ملاحظہ فرما کر اعجاز جارچوی صاحب کو اُن کی محنت اور کوشش کی داد دینگے اور جس مقصد اور جس مطلب کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس قدر دردسری کی گئی ہے اُس کو پس پشت نہ ڈال دینگے یعنی انجمن کے حلقہ اثر کو وسیع فرمانے اور اُسکی آواز کو ہر شیعہ تک پہنچانے میں کارکنان انجمن کے ہم نوا ہو کر جدید ممبر فراہم کرنے میں سکریٹری کا ہاتھ بٹائینگے اور اس طرح اپنے اس محبوب و ہر دلعزیز ادارہ کی ہر دلعزیزی کو بڑھا کر اس کے چندہ کی آمدنی میں اضافہ فرمائینگے جس سے آپکی قوم کے ہونہار فرزند مستفید ہو کر قوم کو تباہ و برباد ہونے سے بچانیکی سعی کرینگے

حضرات اس سال بھی مجھے یہ عرض کرنا پڑتا ہے کہ ممبران نے از خود چندہ عطا فرمانے کی بہت کم کوشش کی ہے حالانکہ ۱۹۳۵ء کی رپورٹ میں میں نے گذارش کی تھی کہ اگر ممبران اپنا چندہ حسب وعدہ خود ادا فرماتے رہیں تو ڈاک کے اخراجات میں بہت کمی ہو سکتی ہے اور دفتر اور سکریٹری کا بہت سا وقت بچ سکتا ہے جو دوسرے مفید کاموں پر خرچ کیا جا سکتا ہے اس لئے نہایت ادب سے پھر درخواست کرتا ہوں کہ چندہ کی ادائیگی کے لئے دفتر سے تقاضے کا انتظار نہ فرمائیے جس طریقہ سے آپکی کا وعدہ فارم ممبری میں کیا ہے اس کے مطابق تھوڑی سی توجہ فرما کر ادائیگی فرماتے رہئے اور دفتر کا وقت اور انجمن کا پیسہ اس مد میں خرچ نہ ہونے دیجئے اگر ابھی سے آپ حضرات نے توجہ سے کام لیا تو انشاء اللہ سال کے آخر میں بہت کم تقاضے کرنے پڑینگے۔

انجمن کے چندہ کی آمدنی بڑھانے میں بیحد جدوجہد کرنی پڑی ممکن ہے کہ بعض ممبران خاکسار کی جائز و ناجائز اضافۂ ممبران کی درخواست سے خفا بھی ہو گئے ہوں لیکن میں نے اپنا اصول بنا لیا ہے کہ جو خط دفتر سے کسی ممبر کی قدمت میں ارسال کیا جائے خواہ وہ ادائیگی چندہ کے سلسلے میں تقاضا ہی ہو اُس میں دو چار سطریں اپنے قلم سے تحریر کرکے یہ درخواست کرتا ہوں کہ دو چار جدید ممبر ضرور مرحمت فرمائیے اور اس طرح میرا ہاتھ اس کار خیر میں بٹائیے الحمدللہ کہ اسکا اثر خاطر خواہ ہوا اور بہت کچھ سلور جوبلی نمبر کے اپیل اور جناب اعجاز جارچوی صاحب کے دورہ کا نتیجہ ہے کہ امسال تقریباً تین سو پچھتر بھائی اس نیک برادری میں شامل ہوئے جن کی وجہ سے چندہ کی آمدنی میں خاصہ معقول اضافہ ہوا۔ آپ یہ پڑھکر خوش ہونگے کہ سال زیر رپورٹ میں تقریباً دو ہزار کا اضافہ انجمن کے چندہ کی آمدنی میں ہوا گو اس میں سے بارہ سو روپے بندگان عالی حضور پُر نور نواب صاحب بہادر والی رام پور کے چندہ کے ہیں جو سال زیر رپورٹ کا زرّین کارنامہ ہے جس کی تفصیل انشاء اللہ اپنی جگہ بمحرّر کی جائے گی۔ اس کے علاوہ آٹھ سو

روپئے کی رقم ایسی نہیں جس کی زیادتی کو کامیابی نہ تصور کیا جائے میں ان تمام مہران کا بھی ممنون ہوں جنہوں نے توسیع مہران فرماکر میری امداد فرمائی۔

اضافۂ آمدنی کی ایک تجویز ایک عرصہ سے میرے دماغ میں محفوظ تھی جس کو اس وقت تک آپ حضرات کے سامنے پیش کرنے کی جسارت نہ کرسکا لیکن میری گریز کا قواعد انجمن کے مطابق آخر سال ہوا اس لئے اس سال اس تجویز کو آپ کی خدمت میں پیش کرکے ملتمس توجہ ہوں مجھے یقین کامل ہے کہ اگر ہمارے جوشیلے مہران نے تھوڑی سی بھی توجہ فرمائی تو انجمن کی مالی حالت کہیں سے کہیں پہنچ جائے گی جس سے ان درجنوں کی منظوری میں جن کو قلت سرمایہ کی وجہ سے ہر سال نامنظور کرنا پڑتا ہے بہت امداد ملے گی امید ہے کہ آپ حضرات میری اس اسکیم کو توجہ سے پڑھکر اس کو اپنے حلقۂ اثر میں عملی جامہ پہنانے کی کوشش فرمائینگے۔

انجمن وظیفۂ سادات و مومنین کی خدمت کا اعتراف ہر فرد قوم کو ہے اور اسکی امداد و اعانت کیلئے ہتر نفس بے قرار و بے چین بھی نظر آتا ہے لیکن اکثر حضرات مالی مشکلات کی وجہ سے اپنی اس خواہش کو پورا نہیں کرسکتے اور اس طرح ثواب سے محروم رہتے ہیں محض اس طبقہ کی اس آرزو کو پورا کرنے کیلئے اور اس محبوب ادارہ کے حلقۂ اثر کو وسعت دینے کیلئے اس تجویز کو پیش کرنا چاہتا ہوں شاید ہی کوئی شہر قصبہ یا گاؤں ایسا ہو جہاں شیعوں کے پندرہ بیس گھر نہ ہوں اور کوئی انجمن نہ ہو اگر انجمنوں کی مردم شماری صحیح طریقہ سے کی جاسکے تو بلا مبالغہ عرض کرونگا کہ ہندوستان میں ہزاروں شیعہ انجمنیں ہونگی گو کہ آج کل کی نفسا نفسی خود غرضی اور ذاتیات کی بدولت وہ اعلیٰ مقاصد جن کیلئے یہ عالم وجود میں آتی ہیں پورے نہیں ہوتے تاہم کچھ نہ کچھ بڑی بھلی خدمت قوم کی ان کے ذریعہ سے ہوتی ہی رہتی ہے اور ہر مقام پہ دو چار آنے ماہوار چندہ دینے والے ان انجمنوں کے ممبر ہوتے ہیں ان میں سے اکثر و بیشتر ممبران ایسے ہوتے ہیں جو چندہ بھی بڑی مشکل سے ادا کرتے ہیں ان حالات میں ان سے انجمن وظیفۂ سادات کیلئے گذارش کرنا بالکل نامناسب معلوم ہوتا ہے لیکن اگر ہر ایسی انجمن چندہ کی ماہوار آمدنی میں سے صرف ایک روپیہ ماہوار سے انجمن وظیفۂ سادات کی اعانت کرے تو غالباً کسی جگہ کی انجمن کے کسی ممبر کو بھی کسی قسم کا اعتراض نہ ہوگا اور اس طرح ہر انجمن کا ہر ممبر انجمن وظیفۂ سادات و مومنین کی ممبری کا ثواب حاصل کرسکتا ہے اگر انجمن وظیفۂ سادات کو کل ہندوستان سے پانچ سو شیعہ انجمنیں بھی اس پہل پر لبیک کہنے والی مل جائیں تو پانچسو روپیہ ماہوار کا مستقل اضافہ آمدنی میں ہوجاتا ہے جس کے منفی چھ ہزار روپیہ سال ہوتے ہیں اس کے علاوہ ممبران سے چندہ وصول کرنے میں مقامی انجمنوں کے سکریٹری صاحبان سے بہت کافی امداد مل سکتی ہے اور ناد ہندغائب العمل برسر روزگار سابق وظیفہ داران کے واپسی قرض حسنہ میں بھی مدد لی جاسکتی ہے علیحدہ انجمن وظیفۂ سادات و مومنین کی چندہ کی آمدنی بڑھنے کے علاوہ یہ دیگر فوائد بھی ایسے حاصل ہوسکتے ہیں کہ جن سے انجمن وظیفۂ سادات کے کاروبار میں کچھ تیزی و سرعت کے ساتھ بڑھ سکتا۔ اور اس کی خدمات کو مقبول خاص و عام بنایا جاسکتا ہے اس لئے میں نہایت زور سے ہر ممبر کی خدمت میں اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے حلقۂ اثر میں مقامی انجمنوں کو اس قسم کی امداد و اعانت پر آمادہ کرے اور اگر ان کی سعی بارآور نہ ہو یا کسی وجہ سے اس تحریک میں حصہ لینا پسند نہ کریں تو مقامی انجمنوں کے نام اور سکریٹریان صاحبان کے اسمائے گرامی سے سکریٹری انجمن کو مطلع فرمادیں تاکہ پھر دفتر سے براہ راست خط و کتابت کی جاسکے وقت کم ہے صرف چھ ماہ باقی ہیں اور میری خواہش یہ ہے کہ میری یہ تجویز میرے ہی زمانہ سکریٹری شپ میں عملی جامہ پہن لے اس لئے مکرر درخواست کرونگا کہ جلد سے جلد اس سلسلہ میں میری امداد فرمائیے اور اس خادم دیرینہ کے دلی شکریہ کے مستحق ہوجیے دیکھنا یہ ہے کہ سابقون میں کن انجمنوں کا شمار ہوتا ہے۔

سفر وسیلۂ ظفر

اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ سکریٹری یا مخلص کارکن اگر پھیری کے لئے نکلیں تو کچھ نہ کچھ فائدہ ضرور ہوتا ہے سب سے بڑا فائدہ تو یہی ہے کہ وہ حضرات جن پر بقایا زیادہ ہوتا جاتا ہے شرما حضوری کے خیال سے کچھ نہ کچھ دے ہی دیتے ہیں اور بعض سابق وظیفہ داران سے بھی وصولی ہوجاتی ہے اس کے علاوہ جدید ممبروں کا اضافہ ہوجاتا ہے میرے لئے تو دورہ کرنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے اول تو میری صحت اس قابل نہیں کہ سفر کی مسلسل تکلیف برداشت کرسکوں اور گھاٹ گھاٹ کا پانی پی کر تندرست رہ سکوں دفتر سے رخصت ملنی امر محال ہے اور نہ Leave account میں علالت کی وجہ سے رخصت لینے سے اتنی گنجائش ہے کہ اس میں فیاضی سے کام لیا جاسکے۔ اور آگے پیچھے کے نفع نقصان کا خیال نہ کیا جائے اس لئے دو سال میں میں کہیں بھی نہ جاسکا البتہ اس سال اجلاس آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی وجہ سے انجمن کا سالانہ جلسہ بھی لکھنؤ میں ہوا تو کانفرنس میں بھی شریک ہوسکا۔ اور کانفرنس کے پنڈال میں تقریباً چالیس ممبران ہاتھ بھی لگے اس سلسلہ میں جناب آغا سید حیدر صاحب اور سیر کا بیحد ممنون ہوں جو ہر وقت جیب میں فارم لئے ہوئے پنڈال کانفرنس میں

موجود رہتے تھے اور ممبر بنانے کی فکر میں اس طرح لگے رہتے تھے جیسے شکاری شکار کی گھات میں جوان کی زد میں آگیا اُس کو ممبر بنا کر ہی چھوڑا۔ اعجاز جارچوی صاحب نے بھی کئی قلعے فتح کئے مخدوم ملت جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب نواب محسن انجمن ہی ہیں ہر وقت انجمن وظیفہ سادات ہی کا وظیفہ ہے اس لئے آپ کا اتنا تک تو شکریہ سے بالاتر ہے آپ نے بھی چند حضرات کو داخل برادری کیا مولانا ابرار حسین صاحب پارسی نے جو انجمن کے بڑے ہمدرد ہیں کانفرنس کے پنڈال ہی میں رئیس ملت جناب نواب سید محمد مہدی صاحب کے صاحبزادے سے جن کی عمر زیادہ سے زیادہ بارہ سال کی ہوگی تعارف کرایا اور فرمایا کہ یہ آپ کی انجمن کے ممبر ہونا چاہتے ہیں میں نے فوراً جیب سے فارم نکال کر پیش کیا صاحبزادے نے بڑے شوق سے اس کو پُر کیا میں نے ترقی عمر و اقبال کے لئے دعا کی اور فارم اور چندہ کو جیب میں رکھا اس مقام پر اگر سید مرتضےٰ علی صاحب فرزند ارجمند مخدوم ملت جناب جسٹس سید فضل علی صاحب جج ہائیکورٹ پٹنہ کے جوش مذہبی و ایمانی کا تذکرہ نہ کروں تو اخلاقی جرم ہوگا آپ کی عمر غالباً دس گیارہ سال کی ہوگی آپ پانچویں جماعت کے امتحان میں اول نمبر پاس ہوئے جس کی وجہ سے آپ کو پانچ روپیہ ماہوار وظیفہ ملا اور آپ کی ہمشیرہ صاحبہ کو بھی غالباً وظیفہ ملا دونوں نے پہلے مہینہ کے وظیفہ کی رقم انجمن کے دفتر میں بطور اعانت مدرئیہ منی آرڈر ارسال فرمائی میں نے فوراً ہی شکریہ اور مبارک بادی کا عریضہ ارسال خدمت کرکے یہ درخواست کی کہ اگر آپ اپنا وظیفہ انجمن کی طرف ہی منتقل فرمادیں اور اس طرح آپ انجمن کے ممبر بن جائیں تو بیحد ممنون ہوں گا اس قومی ادارہ کو آپ جیسے ہونہار فرزند قوم کی اشد ضرورت ہے صاحبزادے نے میری درخواست قبول فرما کر ایسی مثال قایم کی جو دوسرے رؤسا کے بچوں کے لئے قابل تقلید ہے میں نے دلی شکریہ بذریعہ عریضہ پیش کیا اور عرض کیا کہ اپنا فوٹو اور سوانح حیات بھی سلور جوبلی نمبر کے لئے اعجاز جارچوی صاحب کی خدمت میں امروہہ بھیج دیجئے چنانچہ یہ عرضداشت بھی قبول ہوگئی (افسوس کہ حالات و فوٹو موصول نہیں ہوئے ورنہ ضرور شائع کرتا۔ اعجاز جارچوی) اُن کے اس جذبہ اور ایثار کی بے حد قدر کرتا ہوں اور موصوف کی ترقی عمر و اقبال کیلئے ہر وقت دست بدعا رہتا ہوں اگر ہماری قوم کے دیگر رؤسا کے بچے ان کے نقش قدم پر چلیں اور اپنے جیب خرچ میں سے آٹھ آنے یا ایک روپیہ ماہوار سے انجمن کی ممبری قبول فرما کر بچپن ہی سے ایثار کی عادت ڈالیں تو قوم کے دن پھر جائیں

کانفرنس اور انجمن کے جلسوں کی شرکت کی وجہ سے وقت نہیں مل سکا ورنہ کانفرنس کے ڈیلیگیٹس کی خدمت میں حاضری کا موقع نکل آتا۔ تو لبیک کہنے والوں کی معقول تعداد مل جاتی اگر زندگی ہے تو انشاء اللہ امسال کانپور میں اجلاس کانفرنس کے موقع پر اس امر کا خیال رکھا جائے گا آپ حضرات سے بھی التماس ہے کہ اگر شرکت کانفرنس کی غرض سے تشریف لائیں تو اپنی اس برادری کو فراموش نہ فرمائیں۔

میں نے مئی کے شروع میں جناب اعجاز جارچوی آنریری پروپیگنڈا سکریٹری انجمن ہذا سے درخواست کی کہ اگر آپ اپنی موسم گرما کی تعطیلات کا کچھ حصہ انجمن کی نذر کریں تو دورہ کیجئے ممبر بنائیے اور سلور جوبلی نمبر کا پروپیگنڈہ کیجئے مجھ ناچیز کی اس درخواست کو شرف قبولیت بخشکر جارچوی صاحب جون کی پہلی یا دوسری کو دہلی تشریف لے آئے اور پھیری لگانے کیلئے آمادہ ہوگئے اُن کو ایک ہمراہی کی بھی ضرورت تھی سفر میں ایک سے دو ہوں تو بڑی سہولت ہوتی ہے اسلئے چاروں طرف نظر دوڑائے کے بعد نظر انتخاب سید محمد مہدی صاحب ممبر و پبلسٹی کارانجمن پر پڑی گو سالانہ رپورٹ کا بہت سا کام باقی تھا لیکن میں نے اعجاز حسین صاحب کی خاطر اور انجمن کے فائدے کے خیال سے مہدی صاحب سے اعجاز حسین صاحب کے ہمراہ جانے کی درخواست کی مہدی صاحب کو میری درخواست قبول کرنے میں رپورٹ کے کام کی وجہ سے پس و پیش تھا لیکن آخر وہ سفر کیلئے راضی ہوگئے اور آپ نے ممبر انجمن کی حیثیت سے ایک ماہ کی رخصت لیکر اعجاز حسین صاحب کے ساتھ پنجاب کا دورہ کیا ہر دو حضرات کا ممنون و مشکور ہوں کہ ایسے موسم میں جب کہ گرمی عالم شباب پر تھی سفر کیا اور دہلی سے جھنگ تک کا دورہ کرکے سات جدید ممبر بنائے اور کچھ بقایا بھی وصول کرکے لائے اُن کے سفر کی مفصل کیفیت اعجاز حسین صاحب کی رپورٹ میں آپ حضرات ملاحظہ فرمائیں گے جو ذیل میں درج کی جاتی ہے میں اُن حضرات کا بیحد احسانمند ہوں جنہوں نے اُن کے ساتھ ہر مقام پر کام کیا اور انجمن کا تعارف کرانے میں اُن کی امداد کی خصوصیت سے جناب سید عاشق حسین صاحب جعفری سونی پت جناب مولوی مفتی سید محمد احمد صاحب قبلہ سونی پت جناب خواجہ ہتورعلی حیدر صاحب، ایڈوکیٹ پانی پت جناب خواجہ غلام السبطین صاحب ممبر ۲۹۴۵ جناب مولوی سید ابرار حسین صاحب نبالہ ممبر ۳۶۲۹ جناب سید ظہور الحسنین صاحب ممبر ۲۹۷۵ جناب میرزا مصطفےٰ علی صاحب ہمدانی ممبر ۳۶۶۵ اور جناب اقبال حسین صاحب ممبر ۱۱۴۷ اور سید عباس حسین شاہ صاحب گورنمنٹی خاص تشکریہ کے مستحق ہیں۔

اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ دورہ کرنے سے ہر مقام پر لبیک کہنے والوں کی تعداد مل جاتی ہے اور ہر دیکھ بہت حضرات ممبری قبول فرماتے ہیں لیکن آپ

حضرات مجھے معاف فرمائیں گے اگر میں نہایت صفائی سے یہ عرض کردوں کہ اُن ممبر بننے والوں میں کثرت ایسی ہوتی ہے کہ ہر ایک مرتبہ دینے کے بعد باوجود ہر تیسرے مہینے کے تقاضے کے کروٹ تک نہیں لیتے۔ باقی داروں سے خطوط کے جواب نہ ملنے کی کوفت تو زیادہ قابل شکایت نہیں شکایت تو اس امر کی ہے کہ اُن سے خط و کتابت کرنے میں اس قدر وقت صرف ہوجاتا ہے کہ تحریر کے ذریعہ اضافہ ممبران میں کوشش کیلئے سیکرٹری کے پاس بہت کم وقت رہ جاتا ہے کاش ایسے حضرات اپنی ذمہ داری کو سمجھیں اور سکرٹری کے محدود وقت کا صحیح اندازہ لگائیں اس موقع پر نامناسب نہ ہوگا اگر میں نہایت زور سے عرض کروں کہ ابتداہی سے انجمن وظیفہ سادات ایسے حضرات کو ممبر بنانا پسند کرتی ہے جو پادل مضبوط کرکے لطیب خاطر ممبری قبول فرمائیں اضافہ ممبری اس قدر دل خوش کن نہیں جس قدر چندہ کی باقاعدہ ادائگی قبول شفقت ہے

تم نہیں اور سہی دل کے طلب گار بہت

سو خریدار ہیں موجود جو مال اچھا ہے

مخدوم ملت جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب نے بھی کچھ وقت نکالکر انجمن کے لئے اس پیرانہ سالی میں سفر کیا ہے اور انجمن کے حلقۂ اثر کو وسیع فرمانے میں بہت زیادہ کوشش و سعی فرمائی ہے آپ کے سفر کے حالات پڑھکر آپ کو معلوم ہوگا کہ آپنے اپنی جان کو خطرہ میں ڈال کر نہایت شدید سردی کے زمانہ میں سفر کیا ہے اللہ کا لاکھ لاکھ احسان ہے کہ آپ صحیح سلامت قبلہ کی جان بچلی ورنہ ان کی جگہ کا پُر کرنا آسان نہ ہوتا خدا کرے کہ آپ عمر نوح پائیں اور اس ہی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ جوش و ہمدردی سے قومی ادارہ جات کی خدمت کرکے آنے والی نسلوں کے لئے نمونہ چھوڑ جائیں۔

میرا پنجاب کا دورہ

اور ممبران پنجاب کے بعض اعتراضات کا جواب

(از عالیجناب سید اعجاز حسین صاحب فضوی جارچوی بی۔ اے بی ٹی آنریری پروپیگنڈا سکرٹری۔ انجمن ہذا۔ امروہہ)

میں نے رام پور۔ لکھنؤ۔ میرٹھ وغیرہ کے دورہ کے حالات مجملاً دیا چہ میں تحریر کردئے ہیں۔ البتہ دورہ پنجاب کا حال مفصل طور پر اسلئے تحریر کرتا ہوں کہ حضرات پنجاب نے بعض اعتراضات تقسیم وظائف کے متعلق فرمائے تھے اسلئے ان شکوک کو دور کرنا میرا فریضہ ہے یہاں پر صرف دورۂ پنجاب کا حال درج کرتا ہوں۔

مروہہ سے روانگی گرمیوں کا تعطیل کا زمانہ بالیقین ایسا ہوتا ہے کہ اگر کوئی چاہے تو در بدر پھر کر بھیک مانگا کرے کچھ جھولی میں لاسکتا ہے میرا ارادہ پنجاب کے بعض اضلاع کے دورہ کا تھا۔ اسلئے میں نے بعض سربرآوردہ حضرات کو لکھا اور اپنی حاضری کا قصد ظاہر کرکے مدد کی درخواست کی۔ ساتھوں کو بلاکر آج کل کون دیتا ہے۔ وہ زمانہ گیا جب قومی دریوزہ گروں کو بلا کر جھولی بھر کر خوشی و خرم واپس کردیا کرتے تھے۔ بعض نے میرے خطوط کا جواب دیا۔ بعض نے مالی حالت کے سقیم ہونے کا رونا رویا۔ بعض نے میری مدد کی آمادگی ظاہر کی بعض خاموش ہوگئے۔ بہرکیف میں امروہہ سے ۲ جون ۱۹۲۶ء کو ۷ والی ٹرین سے روانہ ہوگیا۔ اور ساڑھے دس بجے دہلی اسٹیشن پر پہنچا وہاں سے تانگہ کرکے براہ راست عالیجناب نواب **سید احمد میرزا صاحب** بالقابہ کی کوٹھی پر پہنچا نواب سید احمد میرزا صاحب انجمن کے بانی سید محسن میرزا صاحب مرحوم کے چھوٹے بھائی ہیں جن لوگوں نے محسن میرزا صاحب مرحوم کو دیکھا ہوگا۔ وہ خوب جانتے ہیں کہ مرحوم کے اخلاق و اوصاف کس قدر وسیع تھے نواب احمد میرزا صاحب اپنے بڑے بھائی کے قدم بہ قدم چلتے ہیں اور دردِ قومی سے آپ کا دل لبریز ہے۔

نیو دہلی میں میرا قیام تین روز تک رہا اور کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوئی۔ اس لئے کہ جس کمرہ میں میں قیام پذیر تھا وہ صفائی اور نفاست اور آراستگی کے لحاظ سے میری طبیعت کیلئے بہت ہی خوشگوار تھا۔ اس کمرہ کے ایک طرف "زنگاہ کہ بلا کا نقشہ دوسری جانب مقامات مقدسہ و عتبات عالیات کی عکسی تصاویر آویزاں۔ تیسری طرف کانسس پر پھار اور نہایت عمدہ قسم کے سپر گلدان اور اوپر روضۂ مبارک حضرت امام حسین شہید کربلا کا فوٹو تھا۔ چھت میں سیلنگ فین (بجلی کا پنکھا) تھا جس کی وجہ سے مجھکو دہلی کی گرمی کی تکلیف کا کوئی احساس نہ ہوا۔

۳ جون کو نواب صاحب کو ہمراہ لیکر ۹ بجے ممبران دہلی کے پاس پہنچا اور اُن سے فوٹو اور حالات وغیرہ کیلئے درخواست کی۔ بعض نے اوسیوفت رخصت فرمادئے بعض نے وعدہ فرمایا کہ جلد بھیجوا کر دینگے جائینگے یہ دن مجھ پر اور نواب صاحب بالقابہ اور ناگہ والے پر فاقہ کا گذرا۔ اسلئے کہ گشت میں کچھ اس درجہ فنافی الانجمن ہوئے کہ شام کے ۷ بجے واپس آئے اور، بجے کھانا ملا۔ نواب صاحب بالقابہ جس خلوص اور محبت سے پیش آئے اسکا اثر میرے قلب سے محو نہیں ہوسکتا۔ لیکن دہلی میں سوائے ایک ممبر کے اور نہ بنا سکا۔ اسلئے کہ یہاں مجھ کو کوئی قلعہ فتح نہیں کرنا تھا جسقدر

قلعہ تھے اُن پر وہ نواب صاحب بالقابہ خود ہی قبضہ کر چکے تھے۔

سونی پت | ۱۲ جون کو دورہ کیلئے روانہ ہوگیا اور ۹ بجے سونی پت پہنچا سونی پت میں میں نے تانگہ والے سے کہا کہ سید عاشق حسین صاحب کے مکان پر چلو۔ سید صاحب کا مکان کوہ قاف کی چوٹی پر آباد ہے وہاں تانگہ والا کس طرح جا سکتا تھا ایک نوکر کیا اور اوس کے سر پر سامان رکھا اور پیدل محلہ کوٹ کی کوہستانی مسافت طے کر کے اُن کے مکان پر پہنچا۔ سید عاشق حسین صاحب بڑے اخلاق سے پیش آئے اور پندرہ بیس منٹ بعد آپ میرے ہمراہ سونی پت کے معتمد رحضرات کے پاس تشریف لے گئے۔ یہاں سے چار ممبر ملے۔ سونی پت چونکہ ایک پرانا قصبہ ہے اسلئے اس کے مختصر تاریخی حالات بھی حالی از دیکھیں نہ ہونگے مہابھارت کی مشہور اور تاریخی جنگ کے زمانہ میں یہ قصبہ عروج پر تھا۔ اس کے بعد بھی یہ قصبہ عرصہ دراز تک متعدد راجگان کا دار السلطنت رہا۔ سونی پت میں شیعہ آبادی بہت اچھی ہے۔ محلہ پیرزادگان۔ مشہد۔ قاضی زادگان۔ اور افغان محلہ کی آبادی شیعہ حضرات پر مشتمل ہے۔ ان کے علاوہ ایک شیعہ خاندان نواب صاحبان کا بھی ہے جو زیدی سید ہیں۔ موضعین محلہ مشہد کے علاوہ تمام شیعہ ایک بلندی پر آباد ہیں جو کوٹ یا قلعہ کے نام سے موسوم ہے یہاں کی شیعی آبادی مجموعی طور پر ایک ہزار نفوس پر مشتمل ہے **سادات جعفری** میں سید محمد سلمان صاحب جعفری۔ سید عاشق حسین صاحب جعفری۔ سید محمد علی صاحب وغیرہ خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔ مولوی سید مظہر علی صاحب جعفری خاص بزرگ ہے۔ علمی قابلیت مستند تھی۔

سادات عابدی | اسلامی سلطنت کے عروج کے زمانہ میں رضیہ سلطانہ کے اتالیق ہو کر نیشاپور سے علامہ سید نصیر اللہ ادیب ہندوستان تشریف لائے۔ ان کی اولاد ان مغلیہ کے زمانہ میں مناصب جلیلہ پر فائز رہی۔ ان کی اولاد سونی پت اور بلگرام میں آباد ہے۔ سرزمین سونی پت سے بڑی بڑی بزرگ ہستیاں پیدا ہوئیں جن کے نام کبھی فراموش نہیں ہو سکتے۔ مولانا سید عابد علی صاحب مرحوم مجتہد۔ مولانا سید علی خاں صاحب مرحوم۔ مولانا سید اعجاز حسین صاحب پرنسپل جے پور کالج وغیرہ اپنی قومی خدمات کیلئے مشہور و معروف ہیں۔

موجودہ اکابرین میں مولانا مفتی سید محمد احمد صاحب۔ سید باقر حسین صاحب ڈاکٹر سید اطہر علی صاحب۔ محمد نقی صاحب۔ نواب سید غضنفر علی صاحب ایم۔ اے سید مہدی حسن صاحب کے اسماء گرامی خاص طور پر تذکرہ کے لائق ہیں میں

مولانا مفتی سید محمد احمد صاحب قبلہ کا بھی بہت مشکور ہوں آپ نے میری رہبری کی اور سونی پت کے معتمد رحضرات سے میرا تعارف کرایا۔ مولانائے موصوف مدرسۃ الواعظین کے مشہور و معروف واعظ اور شیعیوں کے مایۂ ناز خطیب ہیں۔ سونی پت میں مندرجہ ذیل حضرات نے انجمن کی ممبری قبول فرمائی:-

(۱) نواب سید عاشق حسین صاحب بیس۔ (۲) مولوی سید محمد احمد صاحب قبلہ۔ (۳) سید صغیر حسین صاحب۔ (۴) سید محمد سلمان صاحب۔

پانی پت | سونی پت سے شام کو ۴ بجے والی ٹرین سے روانہ ہوگیا۔ خوش قسمتی سے اسی ٹرین میں خواجہ غلام السبطین صاحب قبلہ بسفر ہوگئے اور آپکی رہبری سے خواجہ تہور علی حیدر صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل بی ایڈووکیٹ کے دولت کدہ پر پہنچا۔ خواجہ غلام السبطین صاحب نے میرا وکیل صاحب سے تعارف کرایا۔ آپ نے فرمایا کہ غائبانہ تعارف اخبارات کے ذریعہ بہت عرصہ سے ہے۔ میں نے پانی پت حاضر ہونے کا مقصد بیان کیا۔ آپ مجھکو پانی پت کے اکابرین کے پاس لے گئے۔ خواجہ لطیف حسن صاحب کے دولتکدہ پر پہونچا تو معلوم ہوا کہ خواجہ صاحب ممتاز حسن صاحب تحصیلدار کے یہاں ہیں۔ ہم لوگ تحصیلدار صاحب کے دولتکدہ پر پہونچے بھتیجے صاحب نے شہرت سے تواضع کی اور خواجہ لطیف حسن صاحب کو ممبر بنایا اور مبلغ دو روپے والدۂ سرور حسن صاحب بیرسٹر نے بدعا عنایت مرحمت فرمائے۔ غائبانہ یہ رقم اون کی صاحبزادی کی بی۔ اے میں کامیابی کی خوشی میں تھی پانی پت میں اگر غلام السبطین صاحب نہ ہوتے تو مجھکو خاطر خواہ کامیابی مشکل ہی سے ہوتی اسلئے کہ جن کے یہاں میں مہمان تھا وہ ایڈووکیٹ ہیں اور ایڈووکیٹ کی حیثیت سے وہ بالکل عدیم الفرصت خواجہ غلام السبطین صاحب کی مدد سے آخر ممبر پانی پت سے ملے۔ پانی پت بھی ایک بہت قدیم شہر ہے۔ یہاں پر تین فیصلہ کن جنگیں ہوئی ہیں۔ یہ قصبہ کورو پانڈو کے زمانہ سے ہے۔ میرے نزدیک پانی پت کو ہندوستان میں وہی درجہ حاصل ہے جو واٹرلو Waterloo کو یورپ میں ہے۔ خواجہ خاندان تمام ہندوستان میں مشہور ہے۔ اس خاندان نے ایسی قابل قدر ہستیاں پیدا کی ہیں کہ جنہوں نے ہندوستان میں علمی قابلیت کا ڈنکا بجا دیا ہے۔ خواجہ غلام السبطین صاحب مرحوم کی تمام حیات قوم کی خدمت کرنے میں گذری یشیعی دنیا میں جو مرتبہ خواجہ صاحب مرحوم کو حاصل تھا وہ کسی پیشہ ور کو نہیں

موجودہ دور میں بھی خواجہ غلام السیدین صاحب بالقابہ پرنسپل ٹریننگ کالج

علیگڈھ۔ خواجہ غلام السیدین صاحب۔ خواجہ غلام الحسنین صاحب خواجہ تہور علی صاحب خواجہ لطیف حسن صاحب خواجہ اختر حسن صاحب وغیرہ خاص طور سے قابل ذکر ہیں شیعہ آبادی بہت کافی ہے۔ قصبہ میں کافی چہل پہل ہے۔ اور لوگ خوش اور بشاش معلوم ہوتے ہیں۔ پانی پت میں مندرجہ ذیل حضرات نے انجمن کی ممبری قبول فرمائی۔

(۱) سید محمد حسن صاحب (۲) خواجہ لطیف حسن صاحب (۳) خواجہ فرزند علی صاحب (۴) سید ناظر حسن صاحب (۵) خواجہ مظہر علی صاحب (۶) آغا غلام حیدر خانصاحب قزلباش (۷) آغا محمد عالم خاں صاحب (۸) چودھری حنیف الحسن صاحب۔

کرنال پانی پت سے دوسرے روز ۹ والی ٹرین سے روانہ ہوا۔ اور ۱۱ بجے کرنال پہنچے سید ذبیح الحسین صاحب وکیل کے دولتکدہ پر پہنچے اتوار کا دن تھا وہ اپنے اہل و عیال سے ملنے گاؤں گئے تھے۔ اب ہم میر اوصاف حسین کے یہاں گئے اور ان سے کہا کہ ہم کو ایک دو ممبر کرنال سے دیجئے انھوں نے فرمایا کہ یہاں ناممکن ہے اور پھر دوپہر کا وقت ہمیں ایسا لوس ہو کر یہاں سے اوسی دھوپ میں روانہ ہو گئے اور موٹر لاری میں سوار ہو کر شاہ آباد کے عازم ہوئے موٹر میں ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا۔ ایک صاحب بہادر اسی موٹر میں تشریف رکھتے تھے موٹر کو سواریوں کے انتظار میں پورے دو گھنٹہ ہو گئے۔ صاحب بہادر نے سواریوں کو شمار کیا تو وہ اسّیں تھیں موٹر والا اکیاسی سواریاں چاہتا تھا۔ موٹر کے اندر دس بارہ من ترو ئر اور خربوزہ بھی تھے اب تو صاحب بہادر کا درجہ حرارت بڑھ گیا۔ اور موٹر والے کا نمبر لینا شروع کر دیا اور کہا کہ میں ابھی سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس جاتا ہوں ورنہ گاڑی روانہ کرو۔ یہ دیکھکر اور مسافروں نے بھی ان کی تقلید کی۔ اب تو تمام مسافر موٹر سے اُتر نا شروع ہو گئے اور انجمن کے پیشکار سید محمد مہدی صاحب بھی جو میرے ہمراہ بحیثیت ممبر انجمن تھے بہت ناراض ہوئے کہ میں تو اس لاری میں ہرگز نہیں جاؤنگا یہ رنگ دیکھکر موٹر والا گاڑی "اسٹارٹ" کرنے پر رضامند ہو گیا۔ اس حکمت عملی سے کرنال سے روانہ ہوئے کہ کمشنیر پہونچے وہاں جاکر موٹر والے نے کہا کہ میں شاہ آباد نہیں جاسکتا۔ آپ ٹرین سے جاویں موٹر والے پر مہدی صاحب لال پیلے ہوئے مگر میں خاموشی کے ساتھ سامان مزدور کے سر پر رکھوا کر اسٹیشن پہنچا۔ شب کے ۱۰ بجے شاہ آباد پہونچا۔ شاہ آباد شیعوں کی پرانی بستی ہے۔ میر حامد علی صاحب سکریٹری چکلی کے یہاں قیام کیا۔ ان سے کہا کہ ایک دو ممبر تو بنجئے انھوں نے فرمایا کہ اہل شاہ آباد شہادی میں باہر جارہے ہیں۔ آج تو ممبری ہے۔ میں نے عرض کیا کہ آپ ممبر ہو جائیے۔ فرمانے لگے سوچونگا۔ میں اب کیا اصرار کرتا بستر بوریا لیکر پھر بے نیل و مرام اسٹیشن واپس آپہونچا۔ اور انبالہ کا ٹکٹ لیا۔

انبالہ رات کے ایک بجے پہنچا اور خواجہ حبیب علی صاحب بی۔ ایس۔ سی بار ایٹ لا کھصیلدار کے یہاں پہنچا اُن کے نوکر کو بیدار کیا پلنگ کا انتظام ہوا۔ خاموشی سے سو گیا علی الصباح خواجہ صاحب سے ملا بڑے اخلاق سے پیش آئے۔ ناشتہ کر کے مولوی ابرار حسین صاحب مدرس مسلم ہائی اسکول انبالہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مولانا بڑے خلیق واقع ہوئے ہیں ان کی بدولت مجھکو انبالہ میں بڑی کامیابی حاصل ہوئی انبالہ میں عالیجناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب قبلہ معتمد مرتبہ جا چکے ہیں۔ ان نلوں سے قبل نکالنا بڑا مشکل کام تھا لیکن مولوی صاحب کی وجہ سے مجھکو مندرجہ ذیل ممبر انبالہ سے ملے۔ میں مولانا کا بیحد شکور ہوں اور مولانا سے درخواست ہے کہ انبالہ کے ممبران سے آپ چندہ وصول فرما کر ماہ بماہ صدر دفتر کو عالیجناب نواب سید اکبر میرزا صاحب نیو دہلی ۱۶ ۱۴۔ میرروڈ روڈ کے نام روانہ کر دیا۔ چندہ ماہ بماہ وصول ہوتا رہتا ہے تو ممبران کو بڑی سہولت ہوتی ہے اور پھر بار خاطر نہیں ہوتا۔

اسمائے جدید ممبران انبالہ

(۱) سید حسن صاحب (۲) شیخ فضل الٰہی صاحب (۳) ظفر حسین صاحب (۴) ناصر علی صاحب (۵) مولوی سید حمید علی صاحب (۶) سید محمد حسین صاحب (۷) ایک مرد مومن معرفت مولوی سید ابرار حسین صاحب (۸) سید ہادی حسن صاحب محلہ قاضی واڑہ (۹) سید الطاف حسین صاحب (۱۰) مولوی سید ابرار حسین صاحب (۱۱) سید ہادی حسین صاحب محلہ امام باڑہ۔

لدھیانہ انبالہ کے بعد لدھیانہ پہنچا صدر الواعظین جناب مولانا محمد سبطین صاحب قبلہ کے دولتکدہ پر پہنچا مولانا قبلہ بہت پریشان تھے۔ ڈاکٹر صاحب موجود تھے۔ آپکی اہلیہ محترمہ علیل ہیں اور پھر آپکے بڑے صاحبزادے محمد حسین صاحب ایم۔ اے کی طبیعت بھی ناساز ہے۔ ہر شریف چند گھنٹہ کا قیام کیا کھانا کھایا اور تانگہ کر کے لدھیانہ میں بغیر کسی رہبر کے گشت کیا اور خدا کے فضل و کرم سے اچھی کامیابی حاصل ہوئی اور مندرجہ ذیل حضرات نے انجمن کی ممبری قبول فرمائی اور چندہ بھی مرحمت فرمایا۔

(۱) آغا نثار حسین صاحب قزلباش (۲) آغا سعادت حسین صاحب (۳) آغا محمد یعقوب صاحب بدوشی (۴) آغا شہزادہ حسین صاحب قزلباش (۵) آغا احمد علی خانصاحب قزلباش

لاہور میں ایڈیٹر صاحب سفینہ کے یہاں قیام

۱۰ ارجون کو ۸ بجے لاہور پہنچا۔ تانگہ کر کے سیدھا

اپنے قدیم کرمفرما جناب میرزا مصطفےٰ علی صاحب ہمدانی کے یہاں پہنچا ہمدانی صاحب کی ذات مشفیق دنیا میں محتاج تعارف نہیں ہے۔ آپ جریدۂ "سفینہ" کے ایڈیٹر ہیں اور جس قدر قلیل زمانہ میں ہر دلعزیزی حاصل کرلی ہے وہ آپ کی علمی قابلیت اور صحافتی دنیا سے واقفیت کی دلیل ہے مجھکو ہمدانی صاحب کے یہاں بہت آرام ملا بجلی کا پنکھا موجود تھا۔ گرمی کی تکلیف محسوس نہیں ہوئی۔

نواب نوازش علی خاں صاحب بالقابہ قزلباش کے یہاں

۹ بجے۔ بجکر میں سب سے پہلے نواب نوازش علی خاں صاحب بالقاب قزلباش بی۔ اے۔ آئرز سکریٹری مدرسۃ الواعظین کے یہاں پہونچے۔ ہمدانی صاحب نے میرا نواب صاحب سے تعارف کرایا۔ میں نے لاہور آنے کا مقصد بیان کیا۔ آپ کی کار اس وقت تیار تھی اور آپ اس میں سوار ہوا چاہتے تھے لیکن مجھ سے باتیں کرنے کے لئے دو چار منٹ کی تاخیر کردی آپ نے فرمایا کہ اس وقت ایک اہم مقدمہ کے سلسلہ میں کچہری جارہا ہوں آپ شام کو آئیں تو تفصیلی گفتگو ہو۔ میں شام کو حاضر نہ ہوسکا اور نواب صاحب موصوف کو انجمن کا ممبر نہ بنا سکا۔ اب ارادہ ہے کہ موسم سرما میں گھنٹوں حاضر ہوں گا تو آپ سے انجمن کی سرپرستی کے لئے درخواست کروں گا۔

اس کے بعد ہمدانی صاحب لاہور کے مقتدر حضرات کے پاس مجھ کو لیگئے اور مجھکو لاہور سے اچھی کامیابی حاصل ہوئی لڈاکٹر مرزا محمد رضا صاحب صدر انجمن رضویہ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے انجمن کی ممبری منظور فرمائی اس کے بعد غلام حسن خاں صاحب سابق ممبر انجمن و میونسپل کمشنر لاہور کی خدمت میں اس غرض سے حاضر ہوا کہ ممبری کی تجدید کیلئے درخواست کروں گا۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کے بعد لب کشائی تک کا موقع نہ ملا۔ آپ نے انجمن کا نام سنتے ہی فرمایا کہ میں انجمن سے ناراض ہوں اس کا ممبر نہیں ہوسکتا۔ میں نے اس عتاب کی وجہ دریافت کی آپ نے فرمایا کہ میں نے ایک لڑکے کی سفارش کی تھی اسکو وظیفہ نہیں ملا اس لئے میں اس سے ناراض ہوں اور اب اس کا ممبر نہیں ہوسکتا۔ یہ سن کر مجھے سخت تعجب ہوا کہ آپ میونسپل کمشنر ہونے کے باوجود اس قدر خفیف سی وجہ کی بناء پر انجمن سے علیحدہ ہوگئے یہ تو بالکل ایسا ہی ہے کہ کوئی شخص اسمبلی یا میونسپل بورڈ میں کوئی بل پیش کرے اور وہ نا پیش نہ کیا جاوے یا اکثرت آرا اسے مسترد کردیا جائے اور پھر پیش کنندہ یہ کہے کہ میں ممبری سے مستعفی ہوتا ہوں اسلئے کہ میرا بل مسترد کردیا گیا ہے خیر میں نے آپ کے پاس زیادہ وقت صرف نہیں کیا اور دیگر ممبران کی خدمت میں حاضر ہوا۔

علامۂ حائری کی خدمت میں

علامۂ حائری کی خدمت میں حاضر ہوا آپ انجمن کی کارکن کمیٹی کے ممبر ہوچکے ہیں آپ نے اپنا فوٹو مرحمت فرمایا اور حالات زندگی بھی لکھا دئے۔ ہمدانی صاحب مجھکو انجمن اصغریہ لاہور کے سکریٹری صاحب جناب ہشام الدین شاہ صاحب کی خدمت میں لیگئے۔ جس مقام پر آپ رہتے ہیں وہ بھی "اصغریہ سٹریٹ" ہے۔ اور بہت ہی تنگ اور محقر سی ہے۔ آپ نے انجمن کی ممبری قبول فرمائی۔

جناب خالصہ سید احمد شاہ صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کی خدمت میں

سید ظہور الحسنین صاحب اور سیر کی معیت میں خالصہ جناب سید احمد شاہ صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے فرمایا کہ آپ کے پاس کیا ثبوت ہے کہ انجمن نے اب تک ایک لاکھ تیس ہزار تقسیم کئے ہیں اور پچاس ہزار سرمایہ محفوظ ہے آپ نے اس کی کارکن کمیٹی کے ممبران کے نام مجھ سے دریافت کئے میں نے اپنا البم دکھایا اور رپورٹ انجمن دکھائی اور خالصہ صاحب کو بادکرایا کہ میں کسی سوسیٹی یا تبلیغ کا کمیشن ایجنٹ نہیں ہوں بلکہ اس انجمن کا رکن ہوں جس کی امداد سے آج درجنوں ڈپٹی کلکٹر ڈاکٹر بیرسٹر اور مجتہد ہوگئے ہیں اور مجھکو سخت حیرت ہے کہ آپ نے اب تک اس انجمن کا نام تک نہیں سنا جس کی تخم ریزی لاہور ہی میں ہوئی۔ یہ پودا بھی ایک عظیم الشان قد آور درخت صورت پنجاب ہی میں ہوا۔ اس کی نشو و نما اور تربیت بھی اسی مقام پر ہوئی بہرکیف اس مختصر تقریر کے بعد ڈپٹی صاحب نے انجمن کی ممبری قبول فرمائی اور چندہ ممبری بھی مرحمت فرمادیا۔ خداوند عالم آپ کو استقامت عطا فرمائے۔

دوسرے روز سید ظہور الحسن صاحب اور سیر کے یہاں چاء پر مدعو کیا گیا۔ آپ کے بعض احباب بھی موجود تھے چاء "چھوٹا حاضری" کے بجائے بڑا حاضری تھا۔ اس چاء کے بعد پھر کھانے کی چاہ باقی نہ رہی اس کے بعد ہمدانی صاحب کے مکان پر واپس آیا اور کھانے سے فارغ ہوکر اسٹیشن پہنچا۔ لاہور میں مجھکو ہمدانی صاحب کے مکان پر بہت آرام ملا۔ ہمدانی صاحب نے سادات گنج میں ایک نہایت عمدہ دو منزلہ مکان بنا لیا ہے۔ مکان مجھکو بہت پسند آیا۔ ایک کمرہ میں آپ کے برادر معظم مطب کرتے ہیں۔ ایک کمرہ میں "سفینہ" کا دفتر ہے لاہور کی کامیابی جناب ہمدانی کی ہمدردی اور کوشش کا نتیجہ ہے چونکہ لاہور میں اب کافی ممبر نہیں اسلئے ہمدانی صاحب نے مقامی وصولی کیلئے درخواست کی جس کو آپ نے منظور فرمایا لاہور کے ممبر صاحبان ہمدانی صاحب

کو اپنا چندہ باہواری مرحمت فرمایا کریں۔

فہرست ممبران لاہور

(۱) سید محمد حسین صاحب بخاری (۲) سید امداد حسین شاہ صاحب (۳) نواب سردار برکت علی خاں صاحب قزلباش (۴) سید رفعتی شاہ صاحب (۵) ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس انسپکٹر (۶) ڈاکٹر مرزا احمد رضا صاحب (۷) سید حشمت الدین علی شاہ صاحب (۸) سید علی ظفر صاحب زیدی۔ (۹) مرزا مصطفےٰ علی صاحب ہمدانی لاہور۔

منٹگمری لاہور سے ۱۱ بجے دن کو ساڑھے بارہ بجے دن کو روانہ ہوا اور منٹگمری ۴ بجے شام کو پہنچا اسٹیشن سے سید ہشیم حیدر صاحب ڈپٹی کلکٹر کے بنگلہ پر پہنچا ان کے ملازم سے معلوم ہوا کہ وہ دورہ پر ماہر تشریف لے گئے ہیں۔ اس کے بعد سید قبال حسین صاحب سب ڈپٹی انسپکٹر مدارس کی کوٹھی پر پہنچا سید صاحب موصوف بڑے اخلاق سے پیش آئے اور منٹگمری کے سربرآوردہ حضرات کے پاس لیٹر دے سے پہلے آپ آنحٰ برکت علی خاں صاحب ایڈووکیٹ کے یہاں گئے۔ اُن سے جب انجمن کے مقاصد کو بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ انجمن یو۔ پی۔ والوں کیلئے ہے پنجاب کو کچھ نہیں دیا جاتا انجمن کے چیکر سید محمد مہدی صاحب نے رپورٹ انجمن ان کی خدمت میں پیش کی اور بتایا کہ پنجاب کو ہمیشہ اوس کی آمدنی سے زائد ملتا رہا ہے لیکن وہ مطمئن نہیں ہوئے میں نے عرض کیا کہ آپ اطمینان رکھیں میں اس کا مفصل جواب دوں گا۔ اس لئے میرا فرض ہے کہ میں پنجاب کی اس غلط فہمی کو دور کروں اور اس کے واسطے میں اپنی طرف سے کچھ پیش کرنا مناسب نہیں سمجھتا بلکہ انہیں کے صوبہ کے ایک قابل اور فاضل پروفیسر سید تجمل حسین صاحب ایم اے، پروفیسر ٹریننگ کالج علی گڈھ کی تحریر پیش کرتا ہوں جسکے مطالعہ کے بعد مجھکو یقین ہے کہ آئندہ اہل پنجاب یو۔ پی والوں کو مورد الزام نہ ٹھیرائیں گے۔

آغا برکت علی خانصاحب کے اعتراض کا جواب

سید صاحب موصوف فرماتے ہیں "پنجاب کے اکثر ممبران کے خطوط اس بارے میں میرے پاس آئے ہیں کہ انجمن مذکور مسالک متحدہ کے طلبا کو وظیفہ دینے میں بڑی دیری سے کام لیتی ہے اور پنجاب کے طالب علموں ہی واپس کردئے جاتے ہیں اور اگر وظیفہ دیئے بھی جاتے ہیں تو برائے نام کیا انجمن صرف ممالک متحدہ کے غریب طالب علموں کیلئے کھولی گئی ہے اور پنجاب کے طالب علموں کے لئے نہیں کیا وجہ ہے کہ پنجاب کے طالبعلموں کے ساتھ وہ رعایت نہیں جو یو۔ پی کے طالب علموں کے لئے ہے؟

ظاہر ہے کہ اگر مندرجہ بالا شکایت صحیح ہے تو انجمن کے کارکنان کا طرز عمل سخت درجہ قابل نفرین ہے لیکن اگر وہ صحیح نہیں ہے تو بحیثیت سکرٹری انجمن مذکور میرا فرض ہے کہ ایسی غلط فہمی اور بے بنیاد شکایت کا ازالہ کردوں۔ یہ تمام شکایات میرے پاس ۱۹۳۳ء میں موصول ہوئیں اسلئے میں یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ ۱۹۳۳ء کے وظیفہ کی تقسیم کیلئے پنجاب سے کسقدر آمدنی ہوئی اور پنجاب کے طلبا کو کس قدر وظائف دئے گئے اس سال میں پنجاب کے ممبروں سے بذریعہ چندہ واعانت سات سو چھیالیس روپئے پندرہ آنہ نو پائی (۷۴۶-۱۵-۹) آمدنی ہوئی اور ایک ہزار سات سو بانوے روپیہ (۱۷۹۲-۰-۰) کے وظائف تقسیم ہوئے اس کو یوں سمجھنا چاہئے کہ آمدنی سے اکیاون پینتالیس روپیہ تین پائی کے زائد وظائف تقسیم ہوئے۔

ممبر صاحبان پنجاب کی آگاہی کیلئے ۱۹۳۴ء کے وظیفہ داران پنجاب کی فہرست درج ذیل کی جاتی ہے اس فہرست کی ضرورت تو نہیں تھی کیونکہ تمام کارروائی سالانہ رپورٹ میں ہر سال نکلتی رہتی ہے اگر معترض ممبر صاحبان کو پنجاب کے طالبعلموں اور اپنی قومی انجمن سے ذرا بھی ہمدردی ہوتی تو خود ہی اپنے سوال کا جواب نہایت آسانی سے سالانہ رپورٹ میں پا سکتے تھے اور ان کو میرے پاس اس قسم کی تحریر بھیجنے کی زحمت نہ اٹھانا پڑتی۔

خیر یہ تو معترض حضرات کے اس سوال کا مختصر سا جواب تھا لیکن پنجاب کے طالبعلموں کے لئے آئندہ ایسا خطرہ موجود ضرور ہے کہ ان کے حقوق کی پامالی ممبران یو۔پی کی طرف سے نہیں بلکہ ممبران پنجاب کی طرف سے ہونی ضرور ہے اور وہ اس طرح کہ انجمن کا ایک عام قاعدہ یہ ہے کہ طالب علم کی درخواست پر اسے ممبر کی سفارش ہونی چاہیئے جس کا چندہ سفارش کرنے وقت چار ماہ سے زیادہ کا باقی نہ ہو۔ اگر ایسی سفارش طالب درخواست پر موجود نہ ہوگی تو برائے منظوری کارکن کمیٹی کے سامنے نہیں پیش کیجاسکتی۔ پنجاب کے بہت کم ممبران ایسے ہیں جو اپنا چندہ باقاعدہ ادا کرتے ہیں اور جو پابندی کے ساتھ ادا بھی کر رہے ہیں۔ ان کی تعداد روز بروز گھٹتی جاتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ درخواست کنندگان کو اپنی درخواستوں پر باقاعدہ سفارش نہ ہوگی اور اس کیلئے عمر بھر پیچھا کا

میں بھی خود پنجابی ہوں اور میرا خیال بھی ہے کہ اپنے صوبہ کے بچوں کے حقوق کی باقاعدہ سختی سے نگہداشت کی جائے اور اس کی صرف یہی صورت ہو سکتی ہے کہ پنجاب کے ممبر صاحبان اپنا چندہ پابندی کے ساتھ ادا فرمائیں اور سختی نادار طلبا کی درخواستیں باقاعدہ بھجوائیں اور جب سالانہ رپورٹ ان کی خدمت میں پہونچے تو اوس کو غور سے پڑھیں اور دیکھیں کہ کس قدر پنجاب سے آمدنی ہوئی اور کس قدر پنجاب کے طلبا کو وظائف کیلئے رقم دی گئی۔ اب یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ اس وقت تک تو پنجاب کے طلبا کے ساتھ

خاص رعایت کی گئی ہے اور جس قدر درخواستیں باقاعدہ موصول ہوئیں اُن میں سے شاذ و نادر ہی کوئی نامنظور ہوئی ہو۔ لیکن یہ خاص رعایت بھی کب تک ممکن ہے کہ پنجاب کے شیدہ دیانتداری کے ساتھ اپنے چندہ سے ڈیڑھ گنے کے قریب وظائف انجمن سے طلب کرنے کے حقدار ہیں۔ یہ ڈھائی گنے وظائف کیا انجمن اسوقت نہیں دے سکتی کہ کسی دوسرے صوبہ کے طلبا کو وہاں کے چندہ کی رقم بھی وظائف کی شکل میں واپس نہ کرے۔ کوئی دوسرا صوبہ کب تک یہ گوارا کرسکتا ہے کہ اپنا حق دوسروں کو جانے دے؟ یہ آپ کے لئے غور طلب سوالات ہیں مجھے اس سے ندامت ہوتی ہے کہ صورت حال تو یہ ہے کہ پنجاب کے حضرات بغیر سوچے سمجھے شکایت یہ کریں کہ انجمن ہمارے صوبہ کیلئے مفید نہیں ہے انجمن کو پنجاب کیلئے زیادہ مفید بنانا اسیطرح ممکن ہے کہ آپ چند باقاعدہ عنایت فرمائیں اور دوسرے احباب کو ممبر بنائیں صوبہ کی نمایندگی جتنی زیادہ ہوگی اتنا ہی انجمن بھی صوبہ کیلئے مفید ہوتی جائے گی۔

فہرست اسماء وظیفہ داران پنجاب سنہ ۱۹۳۴ء

نمبر	نام معہ ولدیت	سکونت	درسگاہ	جماعت
۱	سید بشارت حسین صاحب ۴۰۰	موضع تیوڑہ تحصیل ٹمالہ ضلع گرداسپور	ٹریننگ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	بی ٹی
۲	سید سلطان احمد ولد سید علی احمد صاحب ۴۰۲	سادھوڑا ضلع انبالہ	انجینیرنگ کالج لاہور	بی ایس سی
۳	سید فصیح احمد خانصاحب ولد سید برکت علی خاں صاحب	ضلع جھنگ	آر۔ ایس۔ ناڈن کالج فیروزپور مسلم	ایف اے
۴	سید منظور حسین ولد غلام اکبر صاحب ۴۵۶	دائرہ دین پناہ تحصیل گڑھ ضلع ڈیرہ غازیخاں	صادق ایجرٹن کالج بھاول پور	میٹرک
۵	سید اختر عباس صاحب ولد سید محمد صاحب ۴۱۲	جگراؤں لدھیانہ	انجینیرنگ کالج لائل پور	ایف ایس سی
۶	سید حیدر علی ولد سید ہاشم علی شاہ صاحب ۴۶۳	خلیشا دو یوسف گردیز ملتان	کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور (پنجاب)	ایف ایس سی
۷	سید عبدالرحیم ولد سید فرزند شاہ صاحب ۴۶۴	بہڑہ ضلع شاہ پور		
۸	سید شیر حسین ولد سید امیر حسین صاحب ۴۷۳	حسین پور تحصیل پوڑی ضلع گوڑگانواں	انگلو عربک کالج دہلی	نہم
۹	محبوب علی ولد اکبر علی صاحب ۴۹۴	گوڑا تحصیل پنڈ داد ضلع جہلم	سلطان المدارس لکھنؤ	جماعت پنجم
۱۰	سید خادم حسین ولد حامد حسین صاحب ۴۹۶	مدینہ گجرات	سیلز نمیداری ہائی اسکول گجرات	ساتویں
۱۱	سید عمار علی ولد محمد شریف حسن صاحب ۵۰۳	ملب گڈھ ضلع گوڑگانواں	عربیک اسکول دہلی	دہم
۱۲	سید ناظر حسین ولد صفدر علی صاحب ۵۰	بٹالہ ضلع گرداسپور	ایم۔ کے کالج بائیکوٹ (ریاست مشرقی پنجاب)	آئی ایس سی
۱۳	سید صوبہ حسین ولد محمد حیدر صاحب سوہی ۵۱۵	تحصیل کہڑ ضلع انبالہ	رائین سینڈیکل کالج بمبئی	ایم بی بی ایس
۱۴	محمد باقر صاحب ولد میاں لال محمد صاحب ۵۱۷	سرائے سدھو تحصیل کبیر والہ ضلع ملتان	ملتان گورنمنٹ کالج	ایف اے
۱۵	سید کوثر حسین ولد سید حسین صاحب	محلہ انصار پانی پت	عربیک کالج دہلی	ایف اے
۱۶	سید مصطفےٰ حسین ولد سید صادق حسین صاحب	بھرلی سادات ضلع انبالہ	ہندو کالج پٹیالہ اسکنڈ ایر	ایف اے
۱۷	میر امانت حسین ولد میر نیاز علی صاحب ۵۳۳	چندگڈھ ڈاکخانہ فتح گڈھ گورداسپور	گورنمنٹ ہائی اسکول جہلم	کلاس نہم

میزان

خاکسار

سید محمود حسین۔ ایم۔ اے، لکچرار مسلم یونیورسٹی و آنریری سکریٹری انجمن ہذا علیگڈھ

اس تشفی بخش جواب کے بعد مجھکو امید ہے کہ ممبران پنجاب ہم غریب یو۔ پی۔ والوں کی طرف اس قسم کے شکوک نہیں کریں گے اور زیادہ سے زیادہ تعداد اس ہر دلعزیز ادارہ میں شریک ہوکر اپنے حقوق کا تحفظ کریں گے۔ میرزا فدا حسین صاحب بی۔ اے، بی ٹی اسسٹنٹ ڈپٹی انسپکٹر مدارس نے انجمن کی ممبری قبول فرمائی اور شکر گزاری کی دعوت کا کام

اپنے ذمہ لیا۔ سید ناظر حسین صاحب میرے سب جج نے شربت سے تواضع کی اور دو روپے ماہوار سے انجمن کی ممبری قبول فرمائی اور عطیہ پیشگی مرحمت فرمائے۔

شب کو سید اقبال حسین صاحب نے [illegible] سنایا۔ لندن۔ پیشاور۔ کلکتہ۔ بمبئی۔ دہلی وغیرہ کے پروگرام سے مستفید کیا۔ شب کو ابجے کی ٹرین سے ملتان کو روانہ ہوگیا منٹگمری میں مندرجہ ذیل حضرات نے ممبری قبول فرمائی۔

(۱) آغا برکت علی خاں صاحب ایڈووکیٹ (۲) میرزا فدا حسین صاحب (۳) سید نصیر حسین صاحب (۴) سید جعفر حسین صاحب بی۔ اے۔ بخاری (۵) سید اصغر علی شاہ صاحب سب جج (۶) سید علی افضل صاحب وکیل (۷) سید دلدار علی شاہ صاحب۔

ملتان منٹگمری سے روانہ ہوکر علے الصباح دوسرے روز ۷ بجے ملتان پہونچا اور خان بہادر سید حسن بخش صاحب گرویزی رئیس اعظم ملتان کے یہاں قیام کیا۔ سید عباس حسین صاحب بی۔ اے۔ ممبر کارکن کمیٹی موجود تھے۔ ناشتہ کرایا اس کے بعد اہل ملتان کی خدمت میں حاضر ہوا اور ملتان سے مندرجہ ذیل ممبر بنائے:۔

(۱) سید محمد باقر شاہ صاحب (۲) حکیم سید محمد ابراہیم صاحب موسوی (۳) سید رکن عبداللہ شاہ صاحب (۴) سید ریاض حسین صاحب (۵) سید حسین شاہ صاحب۔ (۶) خانصاحب میجر محمد سرور صاحب (۷) سید حسین شاہ صاحب

جھنگ ملتان سے دوسرے روز ۷ بجے جھنگ کو روانہ ہوگیا جھنگ میں ہمارے انجمن کے قدیم ممبر آغا نثار احمد صاحب ڈپٹی کلکٹر موجود ہیں۔ ان کی کوٹھی پر پہنچا تو ملازم سے معلوم ہوا کہ وہ دورہ پر تشریف لیگئے ہیں۔ اور بیگم صاحبہ نے قیام کیلئے فرمایا۔ لیکن یہاں سے میں سیدھا سٹیشن واپس جانا چاہتا تھا اور انجمن کے پشکار صاحب کے ایک متعارف مولوی سید حسن صاحب مدرس ہائی اسکول موجود تھے۔ وہاں لیگئے ان کو ممبر بنایا اور سٹیشن پر پہنچ گیا۔ منٹگمری میں میری طبیعت خراب ہوگئی بخار کھانسی وغیرہ میں مبتلا ہوگیا اور ۱۰ ارجون کو دہلی بخیر و عافیت نواب صاحب کے یہاں پہنچا۔

ایک مولوی صاحب وعظ کہہ رہے تھے۔ فرماتے تھے کہ زاہدوں کو۔ عابدوں کو پرہیزگاروں کو اللہ پاک جنت الفردوس میں طرح طرح کے میوے۔ قسم قسم کے کھانے شربت شیرہ وغیرہ مرحمت فرمائے گا۔ میں نے اپنے دل میں کہا کہ مولوی صاحب کو چاہئے کہ یہ بھی فرمادیں کہ پنجاب کا دورہ کریں گے اس کی انواع و اقسام کے کھانے رنگ برنگ کی مٹھائیاں۔ پلاؤ۔ زردہ۔ بریانی۔ لیمن۔ شربت سیب۔ انار۔ انگور۔ آڑو۔ آم وغیرہ ملیں گے لیکن روٹیاں ایسے سنگدست کی پکی ہوئی ہوں گی کہ ایک ماہ سے قبل ہضم نہیں ہوسکتی ہیں اور یو۔ پی والوں کو ضرور بیمار ڈال دیں گی۔ پنجاب کی روٹیاں ہضم ہوسکیں اور بیمار پڑ گیا اور علیل ہوکر پنشن اور تعمیر راولپنڈی تک سیلا۔ کیمبل پور وغیرہ نہ جاسکا اور ۱۶ ارجون کو امرتسر واپس آگیا۔

اعجاز جار حوی بی، اے، بی، ٹی، پروپیگنڈا سکریٹری انجمن وظیفہ سادات و مومنین ہمدرد

حاجی صاحب قبلہ کا سفر

از علامی جناب جلال الدین حیدر صاحب قبلہ، ایم اے جلال منزل لکھنؤ

دسمبر ۱۹۳۵ء میں انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی کارکن کمیٹی کا سالانہ جلسہ جو دہلی میں ہوا اس بعض موانع کے سبب سے میرا شرکت کا ارادہ نہ تھا۔ لیکن نہ جانے میں میر علی نواز خاں مرحوم والی خیرپور سندھ کی بے وقت وفات اسی زمانہ میں واقع ہوئی۔ تعزیت کی غرض سے شیعہ یتیم خانہ لکھنؤ کی جانب سے میں بھیجا گیا۔ اس موقع سے میں نے یہ فائدہ اٹھایا کہ دہلی یا ایک خلاف سید پیکچر جلسہ سالانہ میں شریک ہوا۔ خیرپور جاتا ہوا اور ہوا میں ایک روز کے لئے ٹپیالہ اتر گیا۔ اپنے دیرینہ کرم فرما خلیفہ سید محمد ہاشم صاحب قبلہ کی امداد سے بعض قدیم ممبر صاحبان سے رقم وصول کی اور ان حضرات کو بقایا کے دلدل سے باہر نکالا۔ تین جدید ممبر بھی ہاتھ آئے۔

خیرپور میں انجمن کیلئے کام کرنے کا کوئی موقع نہ تھا۔ لیکن وہاں سے واپسی میں یہ قصد کیا کہ ملتان۔ منٹگمری۔ لدھیانہ۔ انبالہ۔ اور امرتسر ہوتا ہوا لکھنؤ واپس آؤں گا۔ لیکن اپنی پیرانہ سالی اور بیماری کے سبب سے اپنی قوت کا صحیح اندازہ کرنے میں اب اکثر غلطی کرجاتا ہوں، ۲۷ جنوری کو خیرپور سے روانہ ہوا۔ ان دنوں ان اطراف میں سردی اس بلا کی تھی کہ بعض غربا کی موتیں محض سردی کی زیادتی کے سبب سے واقع ہوگئی تھیں۔ میں نے اپنے خیال میں اپنے درجہ کی سب کھڑکیاں بند کرلی تھیں لیکن ایک کھڑکی میں صرف جالیاں لگی ہوئی تھیں جس میں سے رات بھر ٹھنڈا ٹھنڈا کی ہوا آیا کی۔ میرا گدا لحاف اور کمبل مقابلہ نہ کرسکا۔ اس غلطی کا احساس صبح کے پانچ بجتے بجتے ہوا۔ جبکہ مجھ پر بد اطراف شروع ہو چکا تھا۔ اور میرے ہاتھ پاؤں خاوہ ہو چکے تھے۔ میرے ملازم کو خبر ہوئی تو اس نے کسی سٹیشن پر گرم چائے اور گرم دودھ بلاکر حرارت پہونچائی۔ لیکن اس سے اتفاق کی وجہ سے ملتان اور منٹگمری کو میں نے خیرباد کہا۔ اور سیدھے لاہور کا ارادہ کیا تاکہ آخری ضروریات وہ حضرات بجالائیں جن کے درمیان میری کام کی زندگی کا بڑا حصہ گذرا تھا۔ رات کسیطرح گذر گئی اور آفتاب جیوں جیوں بلند ہوتا گیا میری حالت خود بخود درست ہوتی گئی۔ اور سہ پہر کو جب میں چیفس کالج میں پہونچا تو مجھے اپنی اس کمزوری کے اظہار کرنے میں ندامت محسوس ہونے لگی کہ میں یہاں اپنے خیال میں مرنے کے لئے آیا تھا۔

لاہور میں مجھے انجمن کا کوئی خاص کام کرنا مدنظر نہ تھا - نہ میں یہاں اس قدر قیام کرسکتا تھا۔ پھر بھی بعض قدیم ممبران سے جو باقی دار تھے تقاضا کرسکا۔ لاہور سے بیل پہنچا پھونچا اور مولوی سید محمد مسطین صاحب کی وساطت سے پانچ ممبر بنائے - لدھیانہ سے انبالہ آیا۔ یہاں میرے قدیم عنایت فرما سید ظفر حسین صاحب نے میری بہت زیادہ مدد کی اور چھ نئے ممبر بنوا دئے - انبالہ سے میں دہلی ہوتا ہوا امروہہ آیا۔ یہاں سید انجار حسین صاحب جارچوی کی وساطت سے نو ممبر بہم پہونچ گئے۔ ان سارے مقامات میں کل ۲۳ ممبر بالغ آئے۔ میرے اکثر کرم فرماؤں نے میری دعوت مدارات مختلف عنوان سے کی - جس کے لئے میں سب صاحبوں کا شکر گذار ہوں - نام بنام کہاں تک تذکرہ کروں۔

اپریل سے آخر ۱۹۳۳ء تک میں سفر عتبات عالیات میں ہندوستان سے باہر رہا۔ اس سفر کا کوئی تعلق انجمن سے نہ تھا۔ لیکن یہ تو ممکن ہی نہیں کہ انجمن کا ذکر خیر مناسب مواقع پر نہ آئے۔ کربلائے معلّٰی اور بغداد میں چند ممبر صاحبان موجود ہیں۔ ان سے خصوصیت کے ساتھ جاکر ملاقات کی - کربلا میں ایک قدیم وظیفہ دار صاحب بھی مقیم ہیں۔ پچیس روپے ان سے بھی مطالبہ انجمن میں وصول کرلایا۔ دمشق میں شیخ عبدالرحمٰن صاحب خادم ہندستان نے آمادگی ظاہر کی کہ اگر میرے پاس انجمن کے کاغذات موجود ہیں تو میں برما اور افریقہ کے شیعہ تجار صاحبان کو ممبر بنا سکوں گا۔

اکتوبر میں شرکت مجالس سالانہ کیلئے میں فیض آباد گیا تھا۔ اس موقع سے فائدہ اٹھا کر میں اکبر پور بھی گیا۔ ماسٹر سید اختر حسین صاحب اور ان کے والد ماجد کی مہربانی سے چند ممبر بھی ہاتھ آئے۔ اور ایک قدیم وظیفہ دار صاحب کے ذمہ کا مطالبہ بھی جو بلا سبب رکا ہوا تھا، ادا ہوگیا۔ فشکر اللہ سعیہم۔

سید جلال الدین حیدر - جلال منزل - ٹھوٹی ٹولہ - لکھنؤ - ۵ / ۴ / ۳۴ ء

مالی حالت

خدا کے فضل و کرم سے انجمن کی مالی حالت سال بسال بہتر سے بہتر ہوتی چلی جارہی ہے جیسا کہ آپ کو انجمن کی سالانہ رپورٹوں کے ملاحظہ سے معلوم ہوا ہوگا۔ سال زیر رپورٹ میں تقریباً ۱۰ ہزار روپیہ کا اضافہ انجمن کے چندہ کی آمدنی میں ہوا اور واپسی قرض حسنہ کی آمدنی میں تقریباً ساڑھے تین سو روپیہ کا۔ انجمن کی یہ مالی ترقی یقیناً باعث اطمینان ہے۔

انجمن کو اس بات کا بجا فخر ہے کہ اسنے فرزندان ملت کی تعلیمی و اقتصادی فلاح کے لئے تقریباً ایک لاکھ پینتیس ہزار روپے کی گراں قدر رقم خرچ کرڈالی ہے۔ اس کے باوجود بھی انجمن کے سرمایہ مستقل میں بفضلہ پچاس ہزار روپیہ موجود ہے اور ہر سال حاصلشدہ آمدنی کا بقدر ایک چوتھائی سرمایہ مستقل فنڈ میں جمع ہوتا رہتا ہے - گویا انجمن کی بنیادیں مضبوط اور اسکا مستقل درخشاں و تاباں ہے۔

یہ سچ ہے کہ انجمن کی مالی حالت قابل اطمینان ہے لیکن قوم کی ضروریات کو دیکھتے ہوئے یہ رقم کچھ بھی نہیں ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ آپ اپنے حلقہ اثر میں مستقل اور پائدار ممبر فراہم کرکے اس نیک برادری کو وسیع سے وسیع تر بنائیں اور اس کے سرمایہ مستقل کو لاکھوں تک پہنچا دیں۔

انجمن کی اس سال کی آمدنی کی تفصیل کی گئی کیلئی رپورٹ کے ضمیمہ جات ملاحظہ فرمائیے۔

سرمایہ مستقل

عالمگیر اقتصادی حالت کا اثر ہر سال انجمن کی آمدنی پر بھی پڑ رہا ہے۔ مصارف کی رقم ہر سال کم ہوتی جاتی ہے ڈاکخانہ ڈھائی روپے سیکڑہ اور امپیریل بنک ڈیڑھ روپیہ سیکڑہ دیتا ہے۔ اب آپ ہی فرمائیے کہ آمدنی میں اضافہ کیونکر ہو۔ ان امور کو پیش نظر رکھکر مخدوم ملت جناب خواجہ غلام السبطین صاحب بی۔ اے۔ نے جن کو ایسے معاملات میں خاص تجربہ ہے یہ تجویز پیش فرمائی تھی کہ سرمایہ مستقل کے ایک حصہ کو جائداد کی شکل میں منتقل کردیا جائے۔ چنانچہ دسمبر ۳۳ء کے جلسہ سالانہ میں اس مد کیلئے پندرہ ہزار روپیہ کی رقم منظور بھی ہوگئی تھی لیکن اس رقم سے کسی اچھی جائداد کا مکان مشکل تھا اسلئے خواجہ صاحب موصوف کی خواہش پر میں نے ممبران مجلس انتظامیہ سے دوران سال میں استصواب کیا کہ بجائے پندرہ ہزار کے اس کو تیس ہزار کردیا جائے۔ بعض ممبران نے جن میں جلال ملت حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب بھی شامل تھے سکوت سے کام لیا۔ اور فخر قوم جناب مولوی سید کلب عباس صاحب اور رئیس ملت جناب ڈاکٹر حاجی حیدر علی خاں صاحب نے تو اس تجویز کے اصول ہی سے مخالفت کی۔ فخر قوم نے تو یہانتک تحریر کردیا کہ جس ادارہ کو برباد کرنا مقصود ہوتا ہے اس کے سرمایہ کو اسطرح لگایا جاتا ہے۔ اس لئے اس تجویز کو آئندہ جلسہ سالانہ کے لئے ملتوی کردیا جائے اور ۳۴ء کے جلسہ سالانہ میں اس کے ہر پہلو پر بغور غور کرکے اس کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ اُن کی تجویز کے اس حصہ سے فدائے ملت سید نجمل حسین صاحب بھی اتفاق کیا تھا لیکن باوجود ان حضرات کی مخالفت اور اوّل الذکر حضرات کی خاموشی کے کثرت آرا نے اس تجویز کو پسند کیا معاملہ نہایت اہم تھا اور ان مخلص کارکنان انجمن کے مشوروں اور خاموشی کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا تھا اس لئے میں نے خواجہ صاحب موصوف کی خدمت میں ان تمام حضرات کی تحریری رائیں پیش کردیں جن کو پڑھنے کے بعد ہم دونوں نے فخر قوم مولوی سید کلب عباس صاحب اور سید نجمل حسین صاحب کی تجویز سے کہ اس مسئلہ کو پھر جلسہ سالانہ میں پیش کردیا جائے اتفاق

کیا اور باوجود کثرت رائے کی موافقت کے اس کو عملی جامہ پہنانا پسند نہ کیا۔

دسمبر ۳۶ء کے جلسہ سالانہ کے اجنڈے میں اس تجویز کو پھر شامل کیا اور خواجہ صاحب موصوف سے شرکت جلسہ کی درخواست کی لیکن صاحب موصوف بعض نہایت اہم شامل کی وجہ سے شریک جلسہ نہ ہو سکے امسال جلسہ اجلاس کانفرنس کی وجہ سے لکھنؤ میں منعقد ہوا تھا اس لئے ممبران مجلس انتظامیہ بھی ہر سال کی نسبت زیادہ شریک ہوئے اور ممبران عمومی میں سے بھی پندرہ بیس حضرات نے شرکت فرمائی۔ آخر قوم جناب مولوی سید کلب صاحب اجلاس کانفرنس کے انتظامات میں اس قدر منہمک تھے کہ کسی جلسہ کی شرکت کیلئے چند منٹ بھی نہ نکال سکے لیکن اس تجویز کے متعلق خصوصیت سے اپنے بھائی سید کلب مصطفےٰ صاحب کے نام ایک تحریر بھیجکر یہ خواہش کی کہ اس تجویز کو طلاں دن اور فلاں وقت پیش کیا جائے تو وہ بھی شریک ہو سکیں گے چنانچہ اُن کی خواہش کو پورا کیا گیا اور جب تجویز پیش ہوئی تو موصوف بھی شریک جلسہ تھے تجویز کے ہر پہلو پر خوب گرما گرم بحث ہوئی نقصانات اور فوائد پر حاضرین جلسہ نے روشنی ڈالی لیکن جناب صدر نے جب ووٹ طلب کئے تو کثرت آرا نے اس تجویز کو مسترد کر دیا۔ میری رائے ناقص میں تجویز انجمن کیلئے بہت بہتر تھی لیکن اسکو عملی جامہ پہنانے میں ذمہ داری بھی کافی تھی اس لئے اُس گراں باری سے چلو سستے چھوٹے ؎ نکلنا ذلف کے پھندے سے کوئی آسان تھا

میرے خدا نے بچا لیا بال بال یہ مجھے

اس لئے انجمن کا سرمایہ مستقل اُسی طرح جوں کا توں موجود ہے اگر کسی صاحب کے ذہن میں اُن تجاویز کے علاوہ جو گذشتہ جلسہ میں اس سلسلہ میں پیش کی جا چکی ہیں اور کثرت آرا سے مسترد ہو چکی ہیں جسکا ذکر سالانہ رپورٹ سالانہ کی سرخی کے ماتحت آ گیا کوئی اور تجویز ہو تو اسکا ذکر مطلع فرمائیں تاکہ امسال پھر جلسہ سالانہ میں اُس کو اجنڈا میں شامل کر لیا جائے۔

اتمام عرض کرنے کے بعد سرمایہ محفوظ کا حساب پیش کرتا ہوں :-

سرمایہ محفوظ بروئے حساب ۱۹۱۲ء تا ۱۹۳۶ء ۸/۹/۶-۱۳۶۵۹ روپیہ ہونا چاہئے تھا مگر ۱۹۳۶ء کے قبل کے سالوں میں کسی سرٹیفکیٹ اور دوسرے سرمایہ مستقل کا متابع آمدنی میں شامل ہو کر وظائف پر تقسیم نہیں ہوتا رہا ہے اسلئے سرمایہ محفوظ بڑھ گیا اور ۱۹۳۶ء کے آخر تک جو رقم سرمایہ محفوظ متصور ہو کر بصورت کفالت نجات و قیمت واپسی کشتی سرٹیفکیٹ انجمن کے پاس محفوظ تھی وہ رقم ۱۳/۵/۰-۵۰۰۰ تھی اس لئے ۱۹۳۶ء کے جلسہ سالانہ میں بنظر سہولت و صحت حساب سرمایہ محفوظ کو پچاس ہزار روپیہ قرار دیکر بیٹھا پایا تھا کہ اس وقت تک جب تک کہ جو فرق مذکورہ بالا واقعی رقم سرمایہ محفوظ اور رقم موجودہ سرمایہ محفوظ یعنی پچاس ہزار میں ہے دور نہ ہو جائے مزید داخلہ سرمایہ محفوظ میں نہ کیا جائے۔ صرف کاغذی حساب سرمایہ محفوظ کا لگایا جائے جس سے پتہ چلتا ہے کہ کب مذکورہ بالا فرق دور ہوتا ہے چنانچہ اسی قاعدہ کی بموجب اس سال بھی سرمایہ محفوظ میں مزید داخلہ نہیں ہوا بلکہ صرف کاغذی حساب لگا لیا گیا ہے بروئے حساب سرمایہ محفوظ کا نقشہ حسب ذیل ہے ؎

سرمایہ محفوظ لغایۃ آخر دسمبر ۱۹۳۵ء بقائی آنہ ۹۲ روپیہ ۴۳۰

سرمایہ محفوظ بابتہ ۱۹۳۶ء ۰-۱۳-۲۲۷۳

سرمایہ محفوظ تا آخر دسمبر ۱۹۳۶ء ۰-۱۳-۴۵۳۶۵

وظائف

جب کہ ہر سال تقسیم وظائف کی اطلاع پر چند ممبران کی شکایات موصول ہوئی ہیں کہ اُن کے امیدواران کو وظیفہ نہیں دیا گیا اسلئے ممبری سے نام خارج کر دیا جائے اس سال بھی موصول ہوئیں ان میں سے بعض حضرات نے تو اخبارات میں مجلس انتظامیہ کے فیصلہ کے خلاف پروپیگنڈہ کی دھمکی بھی دی لیکن میں نے ان کے اتہامات ناموں کے جواب میں انجمن کے طریقہ کار کو بالتفصیل تحریر کر کے استدعا کی کہ اگر اس سے بھی آپ حضرات کی غلط فہمی دور نہ ہوئی تو پھر موقوف سے اخبارات میں شور و عمل مچائیے لیکن اس کا خیال رہے کہ انجمن کو آپکے اس طرز عمل سے کوئی نقصان پہنچا تو اوس کی تمامتر ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی۔ نہایت شکر کا مقام ہے کہ تمام حضرات نے میری مجبوری اور مجلس انتظامیہ کے فیصلہ کو تسلیم کر لیا اور بدستور ممبر رہکر اس خادم دیرینہ پر خاص کرم فرمایا میں بحیثیت سکریٹری ان سب حضرات کا بیحد ممنون و متشکر ہوں اور آئندہ کیلئے تمام ممبران سے نہایت عاجزی سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر وظائف کے خلاف آپ صاحبان میں سے کسی کو کوئی شکایت ہو تو اخباری دنیا میں لانے سے قبل سکریٹری کو واقعات پر پوری پوری روشنی ڈالنے کا موقعہ عنایت فرمائے۔

۱۹۳۶ء میں آٹھ ہزار چھ سو اٹھارہ روپیہ کی رقم وظائف پر تقسیم کرنے کیلئے منظور ہوئی ہے اس کی تفصیل اس رپورٹ سے معلوم ہوگی جو بطور ضمیمہ رپورٹ میں شامل ہے

وظیفہ داران قدیم

اس سال بھی وصولی کا کام مخدومی و مظہری جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب خادم کی درخواست پر انجام دیا اور ۱/۱۰/۰ ۲۶۱۶ کی رقم سابق وظیفہ داران سے وصول فرمائی۔ ان میں سے صرف ایک ہروچوی صاحب نے اس شکایت پر کہ حاجی صاحب کے سپرد یہ خدمت کیوں کر دی گئی اپنی ادائیگی بند کر دی۔ میں دو سال سے متواتر ان کی خدمت میں عریضے ارسال کر رہا ہوں کہ اگر حاجی صاحب

سے آپ اس قدر خفا ہیں تو وہ رقم صدر دفتر میں بھیجتے رہئے لیکن ان بندہ اللہ نے ایک خط کا بھی جواب اس وقت تک نہیں دیا اور نہ کوئی رقم اس سلسلہ میں دفتر تو الی کی ملکہ ممبری کا چندہ بھی ارسال کر دیا میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ایسے حضرات کو کس طرح راضی کیا جائے۔ وصولی کی مفصل کیفیت حاجی صاحب کی رپورٹ سے آپ حضرات کو معلوم ہوگی جو ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

ھوالکریم

رپورٹ وصولی مطالبات وظیفہ داران انجمن وظیفہ سادات و مومنین بابتہ ۱۹۳۶ء

برادران ملت۔ سلام علیکم۔ قدیم وظیفہ داروں سے وصولی کی ذمہ داری اس سال بھی میرے ہی اوپر رہی۔ اگرچہ اس سال کا میرا بیشتر حصہ ہندوستان سے باہر عراق و شام و فلسطین و ایران کے مشاہد مقدسہ کی زیارات میں گذرا۔ اور اس طویل زمانہ میں بلکہ اس سے کچھ قبل و بعد بھی میری خدمات کو میرے مہربان عزیز خواجہ نور الدین صاحب ڈپٹی ہیڈ کلرک مدراس میل ۲۸۶۳ نے انجام دیا۔ خواجہ صاحب باوجود یکہ اپنی ملازمت کے باعث عدیم الفرصت تھے لیکن آپ نے انجمن کے کاموں کو اپنی تن دہی اور محنت اور حسن و خوبی سے انجام دیا کہ یہ پنشن پر چل سکا کہ اتنے طویل عرصہ تک کام کسی نئے آدمی کے ہاتھ میں تھا۔ واپسی پر مجھے ایسا معلوم ہوا کہ جہاں تک انجمن کا تعلق ہے میں کہیں باہر گیا ہی نہ تھا۔ میں خواجہ صاحب کا تہ دل سے شکر گذار ہوں بے شک اس کا میابی میں بڑا ہاتھ ہمارا کہ حسب دلی جذبات محرر انجمن کا ہے کہ وہ محنت کرنے میں وقت بیوقت جمعہ یا اتوار عید یا بقر عید کی قطعاً پروا نہیں کرتے اور اپنے فرائض کو بڑی محنت اور ایمان داری سے انجام دیتے ہیں۔

میرے سفر عتبات عالیات کے حالات بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہیں۔ غیر متعلق ہونے کے سبب سے ان سے قطع نظر کرتا ہوں لیکن میری یہ گزاری ہے کہ اتنا عرض کئے بغیر آگے بڑھا نہیں جاتا کہ مقامات مقدسہ میں میرا بہترین وظیفہ انجمن و ممبران انجمن و وظیفہ داران انجمن زندہ و مردہ کیلئے خیر الدنیا و الآخرت کی دعا گوئی پر مشتمل تھا۔ فالحمد للہ کہ انجمن کے قدیم وظیفہ داروں میں سے حکیم مولوی رعایت حسین صاحب مدظلہ العالی عرصہ سے کربلائے معلی میں مقیم ہیں۔ عراق کے خاص قوانین کے سبب سے مستقل آمدنی کا ذریعہ طبابت کو نہیں بنا سکے نہ لیکن لجھ اللہ عزت و آبرو کے ساتھ دن بسر کر رہے ہیں۔ قیام کربلا و معلی کے زمانے میں میں انہیں کے مکان پر مقیم رہا۔ جس خلوص اور محبت کا برتاؤ حکیم صاحب نے میرے ساتھ کیا میں اس کا کسی طرح شکریہ ادا نہیں کر سکتا۔ الحمد للہ کہ ایک قوم مطالبہ انجمن میں بھی

ان کے حساب میں وصول ہوئی۔ میری دعا ہے کہ حکیم صاحب کی آمدنی کا کوئی مستقل ذریعہ بھی نکل آئے تاکہ وہ اطمینان کے ساتھ اپنی خواہش کے مطابق دن بسر کر سکیں اور انجمن کے بارے بھی سبکدوشی حاصل کر سکیں

کربلا اور کاظمین میں انجمن کے دو تین ممبر صاحبان مجاورت یا ملازمت کے سلسلہ میں مقیم ہیں۔ ان سے میں نے خصوصیت سے جا کر ملاقات کی۔ اور تعلقات برادرانہ کو بڑھایا

نجف اشرف میں انجمن کے وظیفہ دار مولوی سید ممتاز حیدر صاحب تعلیم کی تکمیل ایک حد تک کر چکے تھے۔ اور عنقریب ہندوستان واپس ہونے والے تھے مجھے اس امر کے تحریر کرنے میں مسرت ہوتی ہے کہ میں نے مولوی صاحب کے تقویٰ و پرہیزگاری اور تحصیل علم میں محنت و جانفشانی کا لوگوں کو معترف پایا۔

نجف اشرف حقیقت میں شیعہ مذہبیات کی ساری دنیا میں واحد یونیورسٹی ہے دنیائے محقق بلاد و امصار سے کئی کئی ہزار طلبا اور تابی یہاں سالانہ کسب کمال کرتے اور پھر اپنے اپنے علوم کی ضیا باری سے اپنے اپنے ملک کو منور کرتے رہتے ہیں۔ اس یونیورسٹی کے اخراجات کے بار اب تک زیادہ تر ایرانی حضرات پر تھا۔ لیکن حکومت پہلوی نے جب سے قدغن کر دیا ہے۔ ایران سے طلبا نجف کی امداد بالکل بند ہو گئی ہے۔ میں آقائے آقا سید ابوالحسن صاحب اصفہانی مدظلہ (رئیس نجف کی تعلیمی تنظیم کا سارا بار ہے) اور آقائے آقا میرزا محمد حسین صاحب نائینی قبلہ مرحوم کی خدمات میں جب حاضر ہوا تھا تو دونوں حضرات کو اس معاملہ میں نہایت متفکر پایا تھا۔ اگر خدانہ خواستہ تعلیم گاہ نجف مالی مشکلات کے سبب سے بند ہو گئی تو یہ مذہب جعفری پر ایسی کاری ضرب ہوگی کہ اس کے خیال سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ آقا سید ابوالحسن صاحب انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے وظائف نجف اشرف کا جب ذکر کسی قدر تفصیل سے آیا تو موصوف العیہ نے تین سال کی مدت تعلیم کو ناکافی ظاہر فرمایا اور ارشاد ہوا کہ ہندوستان کے اکثر طلبہ جن کتابوں کو ہندوستان میں پڑھ لینا بیان کرتے ہیں ان میں سے بعض کتابوں کو انہیں یہاں از سر نو پڑھنا پڑتا ہے۔

ہر ایک وظیفہ دار کے ذمہ علیحدہ علیحدہ مطالبہ اور وصولی کا حال ضمیمہ جات میں مفصل درج ہے۔ لیکن مجمل کیفیت سمجھنے کیلئے نقشہ مندرجہ صفحہ پر لا حظہ فرمائیے۔

نقشہ ہذا کے ملاحظہ سے معلوم ہوگا کہ ۱۹۳۶ء کے آخر تک انجمن نے ۵۶۴ طلبہ پر تقریباً ایک لاکھ ساڑھے چھبیس ہزار روپیہ صرف کیا جن میں سے ۱۱۷ صاحبوں نے اپنے ذمہ کا کل مطالبہ ادا کر دیا۔ ان میں سے دس صاحبان وہ ہیں جنہوں نے اس سال سبکدوشی حاصل کی۔ بعض ان میں سے انجمن کے ممبر پہلے سے ہیں۔ بعض نے اب ممبری

قبول کی ہے۔

ان وظیفہ دار صاحبان کی تعداد جو اپنے انجمن کے بارے سبکدوش ہو چکے سو سے اوپر ہے۔ ہر سال اس تعداد میں انشاءاللہ اضافہ ہی ہوتا رہے گا۔ اس شرافت نسبی اور عالی گہری کی بنا پر جو ہمارے وظیفہ داروں کا طرۂ امتیاز ہے۔ مجھے یقین کامل ہے کہ جس قدر انجمن کی فلاح و بہبود کا خیال ہمارے قدیم وظیفہ داروں کو ہو سکتا ہے اور ہوتا ہے اس قدر دوسروں کو ہونا مشکل ہے۔ اسلئے میری تمنا ہے کہ انجمن کے قدیم وظیفہ دار صاحبان جو اپنا مطالبہ ادا کر چکے ہیں۔ اپنے تئیں ایک مخصوص جماعت میں منظم کر لیں۔ مجموعی طور سے غالباً وہ انجمن کو زیادہ فائدہ پہونچا سکیں گے بہ نسبت اس کے کہ وہ انفرادی طور سے پہونچا رہے ہیں۔ اس کی تحریک میں نے شروع کر دی ہے۔ کیا عجب ہے کہ۔

ہیں بصفیہ بر آرد پر و بال

سنہ گذشتہ سالانہ نہیں رکھا گیا ان کی تعداد ۵۲ ہے۔ ان میں سے تین صاحبوں نے اس سال رحلت فرمائی۔ پروردگار عالم ان کی روح کو اب راحت ابدی اور اطمینان کلی کرامت فرمائے۔ اور ان کے غمزدہ اعزا کو توفیق صبر مرحمت کرے۔ میں اپنی اس تجویز پر ابھی تک قائم ہوں کہ انجمن کے وظیفہ کے شرائط میں جہاں اقرار نامہ کا تحریر کرنا ہے وہاں طبی سرٹیفکیٹ کا داخل کرنا بھی ضروری قرار دیا جائے۔ اگر اور فائدہ نہ ہوگا تو تھوڑی سی زبان بندی تو ہو جائیگی۔ انجمن ایک اعتراض سے تو بچ جائیگی۔

الحمدللہ کہ ادا کرنے والوں کی تعداد بڑھتی اور نہ ادا کرنے والوں کی گھٹ رہی ہے۔ نہ ادا کرنے والوں کی خانہ کیفیت میں بعض حضرات کے متعلق اندراج ملیگا کہ۔

"پتہ نہیں چلتا" ناظرین کرام سے ان کا پتہ چلانے کی درخواست کرتا ہوں۔

اس سال کی مجموعی وصولی قدیم وظیفہ داروں سے دو ہزار چھ سو سے زائد ہے عنقریب ہے۔ دس وظیفہ دار صاحبان اس سال اپنے بارے سبکدوش ہو گئے۔ جزاھم اللہ خیر الجزاء۔ اور تیس نئے صاحبان میرے تقاضائے زشت سے ادائیگی کی طرف مائل ہوئے۔

در سر نہ ہوائے مال و جاہے دارم ؛ در دل نہ غم زر و سپاہے دارم
صاحب نظرے تو چہ گر کیمیا ؛ چوں آئینہ چشم یک نگاہے دارم

احقر جلال الدین حیدر۔ جلال منزل۔ لھتی ٹولہ۔ لکھنؤ۔ عید قربان - ۲۲ ؍ ۱۳۴۵ھ

استصواب از ممبران کارکن کمیٹی

سال زیر رپورٹ میں صرف ایک مرتبہ ذریعہ خط ممبران کارکن کمیٹی سے استصواب رائے کی نوبت آئی استصواب اور اس کا نتیجہ ذیل میں درج ہے تاکہ اس سے آپ کو استفسار کی نوعیت اور جواب کی اہمیت کا اندازہ ہو سکے۔

استصواب مورخہ ۲۹ ؍ اپریل سنہ ۱۹۳۶ء

برادر مکرم سلام علیکم و علی من لدیکم۔ امورات ذیل میں استصواب کی ضرورت ہے براہ کرم اپنی رائے سے جلد از جلد مطلع فرمائیے۔

(الف) جلسہ سالانہ ۱۹۳۵ء میں تجویز متعلق بلڈنگ و قرضہ انجمن و اضافہ آمدنی بایں الفاظ پیش ہوئی تھی کہ ملک کی اقتصادی حالت خراب ہے۔ کاروبار تباہ ہیں۔ روپیہ کا نرخ گر رہا ہے اور برابر گرتا جا رہا ہے ایسے زمانہ میں انجمن بنا کا روپیہ سرمایہ محفوظ کو نہ تک میں ڈیبنچر کرانے یا پرامیسری نوٹوں کے خریدنے میں سراسر نقصان ہے اور مومنین کے بچوں کی تعلیمی حالت میں بجائے آسانیوں کے دشواریاں پیدا ہو رہی ہیں۔ اس لئے سرمایہ محفوظ کو جلد سے جلد جائداد کی شکل میں تبدیل کر دیا جائے۔ طے یہ پایا کہ سکریٹری صاحب خواجہ غلام السبطین صاحب پانی پتی سے مشورہ کر کے ایک گشتی چٹھی کے ذریعہ ممبران کارکن کمیٹی سے پندرہ ہزار روپیہ کیلئے استصواب فرمائیں

قبل اس کے کہ ممبران کارکن سے استصواب کیا جائے، میں نے اور جناب خواجہ صاحب ممدوح نے دہلی کی اکثر عمارتوں کو خریدنے اور ان کے کرایہ پر اٹھانے کے متعلق معلومات حاصل کیں اس کے بعد جس نتیجہ پر ہم دونوں آدمی پہنچے ہیں وہ یہ ہے کہ پندرہ ہزار روپیہ میں کوئی اچھی عمارت نہیں مل سکتی جس سے انجمن کافی فائدہ اٹھا سکے اب جناب خواجہ صاحب ممدوح کی یہ رائے ہے کہ اگر پندرہ ہزار روپے کے بجائے تیس ہزار روپے کی منظوری اس کام کیلئے دے دی جائے تو دہلی میں کسی مناسب جگہ پر ایسی عمارت بنوائی یا خریدی جا سکتی ہے جس سے کہ انجمن کو کافی فائدہ پہنچنے کا امکان ہے لہٰذا براہ کرم اس کام کیلئے تیس ہزار روپے کی منظوری اگر آپ حضرات مناسب سمجھیں تو عطا فرمائیں۔

(ب) جناب سید محمد محسن صاحب زیدی ممبر انجمن نے انتقال فرمایا ہے۔ اظہار ہمدردی و افسوس ان کی جگہ کارکن کمیٹی میں ہمیوقت خالی ہے۔ مرحوم میرٹھ میں چندہ کی وصولی اور وظائف کی تقسیم کا کام بڑی اچھی طرح انجام دیتے تھے اب وہاں کیلئے ضرورت ہے کہ مولوی سید برادر حسین صاحب ممبر انجمن ۶۲۴ کو کارکن کمیٹی کا ممبر بنا دیا جائے صاحب ممدوح وصولی وغیرہ کا کام بخوبی انجام دیں گے۔

(ج) سید کوثر حسین صاحب طالب علم بی، اے، فائنل کلاس رائمس کالج دہلی انجمن کے وظیفہ دار ہیں ان کا وظیفہ بارہ روپیہ ماہوار کے حساب سے اپریل سنہ ۱۹۳۶ء تک

محض اس خیال سے منظور کیا گیا تھا کہ اپریل میں سالانہ امتحان ختم ہو جائیگا لیکن سید صاحب چار عاملزیوں کی کمی کی وجہ سے سالانہ امتحان میں نہ بیٹھ سکے اب اُن کو اپریل سے پھر ۱ ماہ کی ضرورت ہے پرسپل نے بھی وظیفہ جاری کرنے کی سفارش فرمائی ہے سید صاحب کو منظور شدہ وظائف سے روپیہ مل سکتا ہے اسلئے کہ بعض امیدواروں نے دوران سال میں اپنے منظور شدہ وظائف سے فائدہ نہیں اُٹھایا میں سفارش کرتا ہوں کہ اس آخری سال کیلئے اپریل سے دسمبر ۹ ماہ تک کا وظیفہ حساب بارہ روپیہ ماہوار منظور کر لیا جائے۔

مندرجہ بالا استصواب کے جواب میں مندرجہ ذیل حضرات کی آرا موصول ہوئیں

(۱) سید اعجاز حسین صاحب جارچوی ممبر ۳۱۳۴ (۲) محمود علی صاحب حاشا ممبر ۳۱۴۶
(۳) سید تجمل حسین صاحب ممبر ۶۷۸ - (۴) ڈاکٹر حاجی حیدر علی خاں صاحب ممبر ۲۴۵۰ - (۵) خواجہ غلام السیدین صاحب ممبر ۲۶۱ - (۶) حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ممبر ۲ - (۷) مولوی سید کلب عباس صاحب ممبر ۵۱۰ - (۸) ڈاکٹر سید سجاد حسین صاحب ممبر ۱۲۴۴ - (۹) سید محمد حسنین صاحب ممبر ۱۹۱۷۔

(الف) تجویز متعلق تیس ہزار روپے برائے عمارت کو ممبران نمبر ۳۱۳۴ و ۳۱۴۶ و ۱۹۱۷ و ۲۶۱ و ۲ اور ۱۲۴۴ نے منظور فرمایا ہے ممبر ۵۱۰ و ممبر ۵۱۰ نے اتفاق نہیں کیا اور سید تجمل حسین صاحب ممبر ۶۷۸ نے سالانہ جلسہ تک ملتوی رکھنے کیلئے اپنی رائے دی

(ب) تجویز کہ سید اظہر حسین صاحب کو کارکن کمیٹی کا ممبر بنایا جائے تمام حضرات نے باتفاق آرا منظور کیا۔

(ج) تجویز کہ سید کوثر حسین صاحب کا وظیفہ جاری کیا جائے تمام حضرات نے اس تجویز سے اتفاق کیا سوائے مولوی سید کلب عباس صاحب ممبر ۵۱۰ کہ انہوں نے باکراہ منظور کیا۔

فیصلہ - بکثرت آرا مندرجہ بالا تمام تجاویز پاس ہوئیں۔

اضافہ ممبران

آخر نمبر ۳۶۳۸ تک ۳۷۰۹ عیسائی اس نیک اور کام کی برادری میں شامل ہوئے جن ممبروں نے ایک ممبر کی بھی برادری میں افزائش کی اُنہوں نے ایک حد تک اپنا فرض ادا کیا۔ میں کل حضرات مندرجہ بالا کا مدرجہ بدرجہ شکر گذار ہوں خصوصیت سے جناب سید اعجاز حسین صاحب جارچوی کا جنہوں نے مختلف مقامات پر بذریعہ دورہ فرما کر اس امر کی ترغیب فرمائی شکریہ کا مستحق ہوں

دوسرا نمبر حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب کا ہے جن کا شکریہ پیش کرنے کی ضرورت اس وجہ سے نہیں کہ یہ سب کچھ اُن ہی کے لگائے ہوئے پودے کی آبیاری ہے جس سے جس قدر ممکن اُن کو ہو سکتی ہے دوسروں کو نہیں ہو سکتی۔

مولوی سید وصی حیدر صاحب بلگرامی اور ڈاکٹر سید محمد احمد صاحب نقوی کا بھی مزید ممنون ہوں کہ انہیں سے اول الذکر صاحب نے بہاریں اور آخر الذکر صاحب نے عراق میں بمبئی کے حلقہ اثر کو وسیع فرما کر مفید خدمت انجام دی۔ آغا محمد حسین صاحب تو خانی الانجمن ہیں اسلئے ممبر کی ضرورت نہیں ہاں اس سال سیکرٹری سے سلسلہ میں تحریر جدید ممبرشپ کی درخواست بھیجنے کی ہے اور اس مقصد کیلئے ایک فارم بھی روپرٹ کے ضمنہ میں لگا دیا گیا ہے اور ایک گذشتہ انجمن کی نذر کرنے کیلئے گذارش کی ہے اگر اس درخواست کو آپ حضرات نے شرف قبولیت بخشا تو ان شاء اللہ تعداد ممبران دوگنی ہو جائیگی آپ ہی رائے دیں کیا ایک جدید ممبر بھی آپ حضرات نہیں بنا سکتے۔

نمبر شمار	نمبر ممبری	اسمائے گرامی	تعداد
۱	۳۱۳۴	سید اعجاز حسین صاحب جارچوی (آنریری پروپیگنڈا سکریٹری)	۱۱۳
۲	۲	حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب	۲۰
۳	۳۲۲۶	مولوی سید وصی حیدر صاحب بلگرامی	۱۵
۴	۲ و ۳۱۳۴	حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب و سید اعجاز حسنین صاحب جارچوی	۱۴
۵	۲۴۳	سید احمد میرزا موسوی	۱۳
۶	۱۱۰۴	آغا وحید حسین صاحب	۱۱
۷	۳۲۳۹	سید عباس حسین شاہ صاحب گردیزی و	۷
	۳۱۳۴	سید اعجاز حسین صاحب جارچوی	
۸	۳۲۸۹	خلیفہ سید سعادت حسین صاحب	۷
۹	۳۰۲۳	میرزا مہدی رضا صاحب	۷
۱۰	۳۲۱۸	ڈاکٹر سید مسیب حسین صاحب	۶
۱۱	۳۷۰۹	سید ایوب علی صاحب نقوی	۶
۱۲	۳۴۲۵	سید اختر حسین صاحب	۶
۱۳	۲۰۹۴	منشی شیخ تفضل حسین صاحب	۶
۱۴	۸۹۶	ڈاکٹر سید محمد احمد صاحب نقوی	۵
۱۵	۳۱۳۶	محمود علی صاحب ہاشمی	۵
۱۶	۳۲۸۶	سید محمد شریف الحسن صاحب	۵
۱۷	۳۲۵۰	سید علی حیدر صاحب کاظمی	۵
۱۸	۵۷۳	سید ظہور حسین صاحب	۵
۱۹	۲ و ۳۴۲۵	حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب و سید اختر حسین صاحب	۵
۲۰	۳۶۰۶ و ۳۱۳۴	حسین بھائی بلستانی و سید اعجاز حسین صاحب جارچوی	۴

۲۱	۱۴۴۴	ڈاکٹر سید محمد ادحسین صاحب	۴	۴۹	۳۴۸۶	سید اعجاز حسین صاحب	خود
۲۲	۳۰۲۳ ۳۱۳۴	میرزا مہدی رضا صاحب و سید اعجاز حسین صاحب	۴	۵۰	۳۴۸۹	میرزا عاشق حسین صاحب	〃
۲۳	۶۴۷	سید ابرار حسین صاحب	۴	۵۱	۳۴۸۰	منجانب وقف حاجی سید ضامن علی صاحب	〃
۲۴	×	سید محمد حسین صاحب وظیفہ دار نمبر ۶۰۱	۴	۵۲	×	حکیم محمد کاظم صاحب بنارس	۱
۲۵	۲۷۵۹	سید جمیل حسین صاحب	۳	۵۳	۱۷۱۲	شیخ ممتاز حسین صاحب جونپوری	۱
۲۶	۳۶۲۶ ۳۱۳۲	پیر و نصیر مولوی سید نقا علی صاحب نقوی و سید اعجاز حسین صاحب جارچوی	۴	۵۴	۵۱۰ ۶۷۸	مولوی سید کلب عباس صاحب سید محمل حسین صاحب	
۲۷	۳۲۴۷	سید محمد مہدی صاحب رضوی	۳		۲۴۳	سید احمد میرزا صاحب	
۲۸	۱۹۱۷	سید محمد حسنین صاحب	۳		۳۰۸۴	مولوی سید ابن حسن صاحب جارچوی	
۲۹	۲۷۷۳ ۳۳۹۱	سید زوار حسین صاحب فرید پوری	۳		۳۱۳۴ ۱۸۶۰	سید اعجاز حسین صاحب جارچوی	۱
۳۰	۶۵۷	حاجی سید العابدین صاحب	۳		۵۷۳	سید رضا میرزا صاحب	
۳۱	۶۳۳	سید علی حسین صاحب	۳		۳۱۴۶	سید ظفر حسین صاحب	
۳۲	۳۳۵۵	سید علی رضا صاحب	۲	۵۵	۳۶۳۰	محمود علی صاحب شیخی	
۳۳	۳۲۳۴	سید فدا حسین صاحب رضوی	۲	۵۶		مولوی منتقی سید محمد احمد صاحب و سید اعجاز حسین صاحب	۱
۳۴	۴۰۰۲	مولوی سید علی اکبر صاحب رضوی	۲	۵۷	۳۵۶۳	ایک مرد مومن ساکن رفیع پور منڈوا	۱
۳۵	۱۰۷۳	خانصاحب سید منظور حسین صاحب	۲	۵۸	۳۵۶۵	سید محمد عباس صاحب	خود
۳۶	۳۳۳۹	سید عباس حسین شاہ صاحب گردیزی	۲	۵۹	۲۴۳	سید ہادی حسین صاحب رضوی	〃
۳۷	۲۹۷۴	خواجہ غلام السبطین صاحب	۲			سید احمد میرزا صاحب	
۳۸	۳۱۰۷	ڈاکٹر سید منصور حسن صاحب	۲			خواجہ غلام السبطین صاحب	
۳۹	۳۲۲۰	سید محمد عباس صاحب صفوی	۲	۶۰	۳۴۹۹	سید اعجاز حسین صاحب جارچوی	۱
۴۰	۳۱۳۷	حاجی میر محمد محسن علی صاحب	۲	۶۱	۶۷۸	سید محمد مہدی صاحب	
۴۱	۳۵۷۲	میرزا محمد کاظم صاحب	۲	۶۲	۳۶۹۵	سید محمل حسین صاحب	۱
۴۲	×	سید عزیز الحسن صاحب پیلی بھیت	۲	۶۳	۳۷۰۱	سید اختر عباس صاحب	خود
۴۳	۳۲۱۳	میر باقر حسین صاحب	۲	۶۴	۳۷۰۳	سید محمد صالح صاحب جعفری	〃
۴۴	۳۲۴۰	سید رضا حیدر صاحب زیدی	۲	۶۵	۳۷۱۵	مولوی سید محمد ادحسین صاحب	〃
۴۵		مولوی حسین احمد صاحب گوڑگانوہ	۲	۶۶	۳۲۷۲	سید قائم حسین صاحب	〃
۴۶	۳۷۰۱	سید محمد صالح صاحب جعفری	۲	۶۷	۳۷۲۶	سید انیس الاشرف صاحب	۱
۴۷	۲۶۹۶	آغا نثار احمد صاحب	۲		۳۴۲۵	سید جواد عباس صاحب و سید اختر حسین صاحب	۱
۴۸	۳۴۸۱	حکیم سید اجمل حسین صاحب	خود	۶۸	۱۲۶۸	سید ریاست حسین صاحب	۱

۶۹	۳۷۹۳	منشی شاہ سید مراد علی صاحب	۱
۷۰	۲ / ۲	سید حبیب حسن صاحب اڈیٹر رستی جونپور / حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب	۱
۷۱	۱۹۱۷	اہلیہ صاحبہ سید محمد حسنین صاحب	۱
۷۲	۲۴۵۰	ڈاکٹر حاجی حیدر علی خاں صاحب	۱
۷۳	×	سید اختر حسین صاحب وظیفہ دار	۱
۷۴	۳۱۷۰	سید حسن علی شاہ صاحب	۱
۷۵	×	سید باقر رضا صاحب حیدر آباد دکن	۱
۷۶	۳۰۸۰	سید وزیر صاحب	۱
۷۷	۳۷۳۹	سردار حاجی خان محمد خاں صاحب	خود
۷۸	۳۳۸۳	مولوی ظفر مہدی صاحب جونپوری	۱
۷۹	۲۰۸۰	سید علی امیر صاحب	۱
۸۰	۳۷۵۲	سید علی جان صاحب رضوی	۱
۸۱		سید مہدی علی صاحب	۱
۸۲	۸۹۶ / ۳۱۳۴	ڈاکٹر سید محمد احمد صاحب نقوی د / سید اعجاز حسین صاحب جارچوی	۱
۸۳	×	سید ذوالفقار عباس صاحب اسٹیٹ / وسید علی حیدر صاحب کاظمی	۱
۸۴	۳۲۳۶	سید صادق حسین صاحب حیدری	۱
۸۵	۳۷۴۵	سید ضیاء الحسن صاحب العبقاتی الموسوی	۱
۸۶	۳۱۱۱	آغا سجاد میرزا صاحب	۱
۸۷	۱۳۹۲	سید حامد حسین صاحب عشروی	۱
۸۸	۳۰۲۴	سید حسن عباس صاحب	۱
۸۹	۲۷۸۴	ڈاکٹر سید ابو طالب صاحب	۱
۹۰	۴۸۳۲	سید بشیر احمد صاحب	۱
۹۱	۲۱۵۷ / ۳۸۳۸	خان بہادر ڈاکٹر مولوی سید اعجاز حسین صاحب	خود
۹۲	۲۲۳	سید احمد میرزا صاحب	
	۲	حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب	
	۳۱۴۶	محمود علی صاحب ہاشمی	۱
	۱۶۹۷	سید علی اختر صاحب زیدی	
	۳۱۳۴	سید اعجاز حسین صاحب جارچوی	
			۳۷۹

اشک خونیں

انجمن کے سات ممبروں نے اس سال انجمن سے مفارقت دائمی اختیار کی خداوند کریم ان سب کو غلامان آل اطہار کے زمرہ میں محشور فرما کر جوار رحمت میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ مومنین سے استدعا ہے کہ ان میں سے فرداً فرداً ہر ایک کیلئے سورۂ فاتحہ پڑھکر ثواب ہوں مرحومین کے اسماء درج ذیل ہیں:-

نمبر شمار	اسماء گرامی ممبر صاحبان مرحومین	نمبر ممبری
۱	خان بہادر سید احمد حسن صاحب بی، ای، سی، آئی، ایم حسن منزل جونپور	۸۱
۲	سید محمد حسن صاحب زیدی بی، ای، بیرسٹر خیر نگر دروازہ میرٹھ	۷۷۶
۳	نواب محمد محسن علی خاں صاحب ثقہ دار نمبر ۵ کٹڑہ ابو تراب خاں لکھنؤ	۳۱۰۸
۴	حاجی محسین علی صاحب مختار رضوی ڈپٹی ریٹرنل آفیسر لٹری انجینر گنگ سروس محسن کالج کانپور	۳۱۳۴
۵	سید محمد سلطان صاحب نائب تحصیل دار تحصیل رسہ ضلع حصار	۳۲۵۰
۶	حاجی سید دلدار حسین صاحب سیر علی نگر بھیک پور ضلع سارن۔	۹۳۰
۷	میر مطلوب حسین صاحب سیف آبادی دروازہ بیٹالہ۔	۳۴۳

ممبروں کی علیحدگی

جہاں اس سال تعداد ممبران میں اضافہ زیادہ ہوا وہاں انجمن سے علیحدہ ہونے والوں کی تعداد بھی ۹۰ ہے جن میں سے ۷ ممبران کو موت نے ہمیشہ کیلئے ہم سے چھین لیا اور ۱۰۲ حضرات میں زیادہ تعداد اُن ممبران کی ہے جن کے ذمہ بقایا کی رقم بہت زیادہ ہوگئی اور اُن سے خط و کتابت کا جواب تک بھی نہ ملا بمجبوری ان کے نام علیحدہ کرنے پڑے

بعض ممبران نے انجمن کی شکایات جو بہت حد تک غلط فہمی پر مبنی تھیں تحریر فرما کر نام خارج کرا لینے کی دھمکی دی۔ اس امر کے اظہار میں مجھے مسرت ہوتی ہے کہ ان میں سے تقریباً تمام حضرات کو میں نے منا لیا۔

چند ممبران مالی مشکلات کی وجہ سے ممبری سے علیحدہ ہوئے ان سب کا میں شکر گذار ہوں کہ انجمن کو تقاضوں کے ناجائز اخراجات کے بار سے بچایا۔ کاش وہ ممبران جو کسی وجہ سے ممبر رہنا پسند نہیں فرماتے ان حضرات کی طرح ایک کارڈ تحریر فرما دیا کریں تو بہت سا وقت اور پیسہ بچ سکتا ہے۔

تغیر و تبدل چندہ ممبری

سال زیر رپورٹ میں ممبر صاحبان ذیل کے چندہ میں تغیر ہوا۔

فہرست ممبر صاحبان جنکے چندہ میں دوران سال ۱۹۳۶ء میں تغیر ہوا

نمبر شمار	نمبر رجسٹری	نام ممبر صاحبان	جزو سالانہ	چندہ سالانہ	چندہ ماہوار	کیفیت
۱	۴۰۷	سید مقصود حسین صاحب تعلقدار ایم اے اسسٹنٹ کورٹ آف وارڈس گونڈہ سٹیٹ کالج الہ آباد	۳	۱۸	۰	تا واپسی ولایت ۸ر ماہوار
۲	۲۷۷۶	خانصاحب محمود علی خاں صاحب اعزاز علی خاں صاحب آنریری مجسٹریٹ الہ آباد	۳	۱۸	۰	جنوری سے ۱ر ماہوار
۳	۲۸۷۲	سید انہر حسین صاحب گزٹ اور قانون گو سیل پور ضلع بیلی بھیت	۱۸	۱۸	۱۸	جنوری ۳۶ء سے ۱ر ماہوار
۴	۳۰۸۶	مولوی سید اصغر حسین صاحب زمیندار تعلقہ دار زیر رخصت بمقام اگروی ساداں (منظفر نگر)	۱ر	۱۸	۱۸	نومبر سے ۸ر ماہوار
۵	۳۱۹۳	سید حیدر رضا صاحب ہیڈ کلرک ایس ایس ریلوے گنڈا	۱ر	۱۸	۰	مئی سے ۸ر ماہوار
	۱۸۸۰	خانصاحب محمود حسین صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بستر گمدہ نارتھ کنڈی	۱ر ۴	۱ر ۴	۰	جولائی سے ۱ر ماہوار
	۲۴۳	سید احمد میرزا صاحب موسوی ایم بیرد روڈ بیوہ دہلی	۱ر ۹	۱ر ۱۸	۰	اپریل سے ۱ر ماہوار
	۳۲۸۹	سید نذیر حسین صاحب بیرسٹر ایٹ لا تعلقدار انبہٹہ ضلع مظفر نگر بالمقابل دہلی	۱ر	۱۸	۰	جنوری سے ۸ر ماہوار
	۳۱۵۳	سید محمد صاحب باقوی کلرک فارسٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب ڈاکخانہ ہاتھ رستک ڈویژن رستک	۱۲	۱ر ۴	۰	اکتوبر سے ۸ر ماہوار
	۳۲۷۸	سید ذیشان حسین صاحب بی اے ال ایل بی وکیل کرنال	۱ر	۱۸	۰	جنوری ۳۷ء سے ۸ر ماہوار
	۳۳۷۲	میرزا محمد منیم صاحب اسسٹنٹ ماسٹر ٹرینگ انڈسٹریل اسکول جبل پور	۱ر	۱۸		اپریل سے ۸ر ماہوار

اعانت مندرجہ ذیل حضرات نے سال کے دوران میں حسب ذیل رقومات عنایت فرمائیں جن کی انجمن بیحد ممنون ہے۔

نمبر شمار	اسماء گرامی	رقم
۱	سید حسن رضا صاحب ساکن انبالہ شہر	۱-۸-۰
۲	ڈاکٹر محمد عبد العزیز خاں صاحب بغداد	۱۰-۰-۰
۳	والدہ صاحبہ سید محمد اسلم صاحب پٹیالہ	۱۰۰-۰-۰

۴	سید عباس حسین شاہ صاحب گورنری ممبر انجمن نمبر ۳۳۳۹	۵۰-۰-۰
۵	والدہ صاحبہ خواجہ برکت حسین صاحب محلہ انصار پانی پت	۲-۰-۰
۶	خواجہ عبد الستار صاحب بسزاز محلہ انصار پانی پت	۲-۰-۰
۷	حاجی سید العابدین صاحب ممبر انجمن ۶۵۷	۵-۰-۰
۸	محمد شافی صاحب انسپکٹر ریلوے پوسٹ سمتی پور ضلع دربھنگہ	۳-۰-۰
۹	اظہار عابدی صاحب بھیرہ ساداں ڈاکخانہ ایراماں (فتح پور)	۱-۰-۰
۱۰	سید احمد اشرف صاحب سید نذیر اشرف صاحب ممبر انجمن نمبر ۳۲۷۲	۱-۰-۰
۱۱	سید محمد ابراہیم صاحب ممبر انجمن نمبر ۳۷۹۲	۵-۰-۰
۱۲	نواب سید محمود حسین صاحب کاپور	۴-۰-۰
۱۳	منشر سید مہدی امام صاحب پٹنہ	۵-۰-۰
۱۴	ڈاکٹر سید شتاق حسین صاحب شہر جالندہر پنجاب	۱-۰-۰
۱۵	سید اشفاق حسین صاحب کی عبد اللہ پور ضلع میرٹھ	۱-۸-۰
	میزان	۱۸۷-۴-۰

وظائف خاص اس سے یہ مطلب ہے کہ اگر آپ اپنے کسی عزیز کی امداد تعلیم کے لئے کرتے ہیں اور اوس رقم کو انجمن کی معرفت اس شرط پر دلائیں کہ برسر روزگار ہونے پر انجمن کے قواعد کے مطابق اوس کو وصول کر لیا جائے تو آپ بڑے شوق سے ایسا کر سکتے ہیں۔ انجمن اپنی خدمات پیش کرنے کے لئے ہر وقت حاضر ہے

ہماری قوم کے اکثر رؤسا اس قسم کی امداد کرتے ہیں اور اُن کے سالانہ بجٹ میں کچھ نہ کچھ رقم وظائف برخرچ کی جاتی ہے اگر ایسے حضرات ہماری انجمن کی معرفت ان رقوم کو دیا کریں تو ایسے والے حضرات کی خود داری اور غیرت کو ٹھیس نہیں لگ سکتی جبکہ وہ بطور قرض حسنہ کے اس اعانت کو قبول کریں اور انجمن کو اس سے یہ فائدہ ہو سکتا ہے کہ جب اس قسم کے حضرات فارغ التحصیل ہو کر ملازم ہوں تو اُن سے یہ رقوم وصول کر کے دوسرے طلبا پر خرچ کرے جس سے اوس کی کاروباری حالت بہت کچھ آگے بڑھ سکتی ہے۔

اگر آپ حضرات میں سے کسی صاحب کو ایسے محترم حضرات کا علم ہو تو برائے فارنش اُن کو اس طریقہ کار کے لئے آمادہ فرمائیے اور اگر آپ کی درخواست اس سلسلہ میں قبول نہ ہو تو برائے نوازش اُن کے مفصل پتہ سے خاکسار کو مطلع فرمائیے تاکہ بذریعہ خط و کتابت انجمن براہ راست لکھ گذارش کر سکے۔

ممبران مجلس انتظامیہ سال زیر رپورٹ کیلئے مندرجہ ذیل حضرات کا رکن

کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے :-

نمبر شمار	نام مصوبہ جات صاحبان	نمبر ممبری
۱	حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب	۲
۲	مولوی سید تجمل حسین صاحب	۶۷۸
۳	سید احمد میرزا صاحب موسوی	۲۴۳
۴	خواجہ غلام السیدین صاحب	۲۶۱۰
۵	مولوی سید کلب عباس صاحب	۵۱۰
۶	ڈاکٹر حاجی حیدر علی خاں صاحب	۲۴۵۰
۷	سید عباس حسین شاہ صاحب گردیزی	۳۳۲۹
۸	سید اعجاز حسین صاحب جارچوی	۳۱۳۴
۹	مولوی سید ابن حسن صاحب جارچوی	۳۰۸۴
۱۰	سید محمد سخن صاحب زیدی	۷۷۶
۱۱	ڈاکٹر سید ہمّاد حسین صاحب	۱۲۴۴
۱۲	سید محمد حسنین صاحب	۱۹۱۷
۱۳	محمود علی صاحب ہاشمی	۳۱۴۶
۱۴	سید معصوم علی صاحب	۴۴۱
۱۵	سید ابرار حسین صاحب مختار ※	۶۴۷

※ کارکن کمیٹی کے ممبران کی تعداد ہر سال چودہ ہوتی ہے لیکن اس سال آپ پندرہ دیکھ رہے ہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ جناب سید محمد سخن صاحب ممبر کارکن کمیٹی کا اس سال انتقال ہوگیا مرحوم کے انتقال کے بعد بذریعہ استصواب اس جگہ کو جناب سید ابرار حسین صاحب مختار میرٹھ کے ذریعہ پُر کیا گیا۔

ممبران مجلس انتظامیہ جدید

۱۹۳۷ء کے لئے کارکن کمیٹی کا انتخاب جناب خواجہ عبد اللہ صاحب بی۔اے۔ ڈپٹی ڈائرکٹر ریلوے بورڈ ۶ کیننگ روڈ۔ نیو دہلی کی نگرانی میں ہوا انجمن جناب خواجہ صاحب ممدوح کی بے حد ممنون ہے کہ آپنے اس تکلیف کو گوارہ فرمایا

کل تعداد ووٹ ۱۸۹

نمبر شمار	نام ممبر صاحبان منتخب شدہ	نمبر ممبری	تعداد ووٹ
۱	حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب	۲	۱۶۶
۲	سید احمد میرزا صاحب موسوی	۲۴۳	۱۵۹
۳	مولوی سید تجمل حسین صاحب	۶۷۸	۱۴۰
۴	سید اعجاز حسین صاحب جارچوی	۳۱۳۴	۱۲۷
۵	مولوی سید کلب عباس صاحب	۵۱۰	۱۱۸
۶	خواجہ غلام السیدین صاحب	۲۶۱۰	۱۰۳
۷	ڈاکٹر حاجی حیدر علی خاں صاحب	۲۴۵۰	۹۲
۸	مولوی سید ابن حسن صاحب جارچوی	۳۰۸۴	۶۲
۹	خلیفہ محمد ہاشم صاحب	۴۴	۴۶
۱۰	چوہدری ناصر علی صاحب	۳۵۰۹	۳۹

دفعہ ۱۶ دستور العمل انجمن ہذا کے حسب ذیل چھ ممبران کارکن منتخب ہوئے

نمبر شمار	اسماء گرامی ممبر صاحبان	نمبر ممبری
۱	آغا نثار احمد صاحب	۲۶۹۶
۲	سید محمد نواز شاہ صاحب گردیزی	۳۴۶۲
۳	خان بہادر ڈاکٹر مولوی سید اعجاز حسین صاحب	۲۱۵۷ / ۳۸۳۸
۴	محمود علی صاحب ہاشمی	۳۱۴۶

معائنہ حساب

میں جناب بابو للت بہاری لال صاحب ایم۔اے اور جناب خواجہ محبوب احمد صاحب انصاری بی اے۔ ایل۔ ایل۔ بی۔ بی۔ ٹی۔ کا بہت زیادہ ممنون ہوں کہ انہوں نے بیقیمتی وقت صرف کرکے انجمن کے حسابات کو آڈٹ کیا اور اپنے مفید مشورے سے کارکنان انجمن کو مستفید فرمایا۔

دفتر کی اصلاح

میں نے کوشش کی ہے کہ سرکاری دفاتر کی طرح اس کو بھی قائم اور درست کر دیا جائے مگر اب انجمن کا کاروبار اس قدر بڑھ گیا ہے کہ صرف ایک پیشکار کے بس کا روگ نہیں رہا ہے چنانچہ جلسہ سالانہ میں مبلغ دس روپیہ ماہوار پر ایک سال کیلئے ایک جونیئر کلرک کی منظوری مل گئی ہے جس کی امداد سے بہت کچھ درستی ہوگئی ہے اور انشاء اللہ ۱۹۳۸ء کے آخر تک تمام کاروبار باقاعدہ ہو جائے گا۔

معذرت

جنوری ۳۶ء سے اس وقت تک مصائب و پریشانیوں میں اس قدر مبتلا رہا ہوں کہ رپورٹ کی اشاعت میں ضرورت سے زیادہ تاخیر ہوگئی ہے حالانکہ ارادہ یہ تھا کہ امسال رپورٹ مارچ میں ضرور شائع کردوں گا چنانچہ پیشکار کی جان کھاتا رہتا تھا کہ تمام ضمیمہ جات جلد سے جلد تیار کیجئے اور اعجاز صاحب کی خدمت میں ارسال فرمادیجئے پیشکار

بیچارے نے دن رات محنت کرکے ان کو تیار بھی کرلیا۔ ۱۱ مارچ ہی میں ان کو اجلاس صاحب کی خدمت میں بھیج بھی دیا۔ لیکن پھر بھی اس قدر دیر ہوگئی اور بسوتے کے مطابق ہی جون میں آپ حضرات کی خدمت میں بھیجی جارہی ہے میرا جی چاہتا ہے کہ اس کرنا کو کسی طرح توڑا جائے اور رپورٹ زیادہ سے زیادہ دو یا تین مارچ کے آخر تک ہر سال ضرور شائع ہو جایا کرے۔

التماس مجھے وہی عرض کرنا ہے جو ہر سال عرض کیا جاتا ہے۔

(۱) اگر ممکن ہو تو چندہ بذریعہ منی آرڈر مرحمت کر دیا جائے

(۲) اگر کسی ماہ میں وی۔پی لینا منظور نہ ہو تو ایک پوسٹ کارڈ کے ذریعہ اطلاع دی جائے

(۳) پتہ کی تبدیلی سے دفتر انجمن کو بھی اطلاع دی جایا کرے۔

(۴) اگر بقایا کی رقم کسی چندے سے زیادہ ہوگئی ہو تو ہر ماہ کے چندہ کے ساتھ اس کا کچھ حصہ ادا کرتے رہنے سے کل رقم بتدریج آسانی کے ساتھ ادا ہو سکتی ہے اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو ایک کارڈ تحریر کرکے بقایا فارغ کرا لیا جائے اور آئندہ اس کو بڑھنے نہ دیا جائے۔

(۵) سب سے ضروری گذارش یہ ہے کہ ہر تحریر میں اور ہر منی آرڈر کی کوپن پر رجسٹر نمبر ضرور درج ہونا چاہئے اس سے دفتر کا بہت سا وقت بچ سکتا ہے۔

مندرجہ بالا عرضداشتیں تو میں نے اپنی سہولت اور آرام کیلئے پیش کی ہیں اگر یہ منظور ہو جائیں تو میرے ذاتی تشکر کا باعث ہوگا انجمن کی بہتری اور ترقی کیلئے حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب تو اکثر ممبران انجمن سے سال میں ایک ہفتہ طلب کیا ہے اور بعض سکرٹری صاحبان نے ایک دن ہی مانگا ہے لیکن میں تو سال کے ۳۶۵ دنوں میں صرف ایک گھنٹہ کا طالب ہوں اگر آپ حضرات اس رپورٹ کو پڑھتے ہی ایک گھنٹہ انجمن کی نذر کرنے کیلئے آمادہ ہو جائیں تو اپنے حلقہ اثر میں نظر دوڑائیے اور جن صاحب پر آپ کی نظر انتخاب پڑے بس اُن کو جاکر اس نیک برادری میں شامل فرمائیے اس مقصد کیلئے ایک فارم اس رپورٹ کے صفحہ ۳۲ پر موجود ہے۔ اگر میری اس آرزو و خواہش کو آپ حضرات نے پورا کر دیا تو واللہ انجمن کا کام کہیں سے کہیں پہنچ جائے گا لیکن اس سلسلہ میں اتنی گذارش ضرور کروں گا کہ ممبر لیے حضرات کو ہی بنائے کہ جو اس کو نبھا سکیں اور اپنا چندہ اخلاقی فرض سمجھ کر ادا فرماتے رہیں ایسا نہ ہو کہ ہر ایک مرتبہ دیگر یاد دہانی تقاضوں کے پھر کر وصول ہی نہ لیں۔

اگر ممکن ہو سکے تو میری اس تحریر کو بھی جو عرض حال کی سرخی کے ماتحت مقامی انجمنوں کو صرف ایک روپیہ ماہوار سے اس انجمن کی امداد کرنے کے سلسلہ میں کی ہے اپنے ذاتی اثر کو کام میں لاکر مقامی انجمنوں کی مجلس انتظامیہ سے منظور کرا کے دفتر کو جلد سے جلد مطلع فرما دیجئے اور اگر کچھ

سے آپ اس میں عملی حصہ لینا پسند نہ کریں تو کم سے کم اپنے شہر و قصبہ کی مقامی انجمنوں کے سکرٹری صاحبان کے اسماء گرامی اور پتے ہی تحریر فرما دیں تاکہ براہ راست ان حضرات سے خط و کتابت کی جا سکے۔

سلور جوبلی جشن آپ حضرات سالانہ جلسہ کی روئداد میں یہ پڑھ چکے ہونگے کہ جشن منانے کی تجویز جلسہ میں پاس ہو چکی ہے لیکن آپ کی محبوب انجمن کی شان کے مطابق منانے میں کافی محنت۔ انتظام اور روپیہ کی ضرورت ہے۔ ممکن ہے کہ بعض ممبران کو اسکے کامیاب ہونے میں شبہ ہو۔ یقین کے ساتھ اس سکندہ میں کہنا بہت زیادہ جسارت ہوگی لیکن اس قدر ظاہر کرنے میں مجھے ذرا بھی تکلف نہیں کہ اس سے کچھ نہ کچھ فائدہ ضرور ہوگا۔

جشن کو منانے کیلئے اوّل تو دل والے رئیس کی صدارت اور دوسرے مناسب مقام کی ضرورت ہے۔ جلسہ میں پٹنہ اس مقصد کیلئے پسند کیا گیا تھا۔ لیکن جلد کشائش کرنے سے معلوم ہوا کہ وہاں کے حضرات اس کے لئے تیار نہیں ہیں اب تعیّن مقام کا سکندہ ممبران مجلس انتظامیہ سے استصواب کرکے طے کر لیا جائیگا آپ حضرات کے ذہن میں اگر کوئی تجویز جشن کو کامیاب بنانے کے سلسلہ میں ہو تو براہ نوازش اُس سے اس کو بڑھتے ہی مطلع فرمائیے تاکہ پیش غور کیا جا سکے۔

محذوم قوم و ملت جناب خواجہ غلام السیدین صاحب جو ہمیشہ اپنے بیش قیمت مشوروں سے اس ناچیز کو مستفید فرماتے رہتے ہیں جشن کے انتظامات وغیرہ میں دامے درمے قدمے اپنی خدمات کو پیش فرماتے ہیں ان کی ذات والا صفات نہ صرف شیعی دنیا میں بلکہ اسلامی دنیا میں بھی قطعاً تعارف نہیں آپ کو اس انجمن سے عشق سا ہو گیا ہے اور ہر وقت اس کی ترقی کی تدابیر سوچتے رہتے ہیں اس لئے امید ہے کہ ان شاء اللہ سلور جوبلی جشن منانے میں کچھ نہ کچھ انجمن کے سرمایہ مستقل میں بڑھوتری ہو جائے گا۔

دہلی میں ہز ہائنس نواب صاحب رام پور کی تحت میں انجمن کا وفد

ہز ہائی نس نواب صاحب بہادر والی رامپور کو انجمن کا سرپرست اور ممبر بنانا ہے۔ جب سے خلد آشیان نواب صاحب مرحوم و مغفور راہی فردوس برین ہوئے تھے اور وہ گرانمایہ ریاست رامپور سے انجمن کو ملا کرتی تھی بعض مصلحتوں کی بنا پر بند ہو گئی تھی مجھ سمیت تمام سکرٹری صاحبان اور بالخصوص فدائے ملت جناب سید تجمل حسین صاحب سابق سکرٹری انجمن نے اس گرانمائہ کو حاصل کرنے کے لئے جو کوششیں کیں وہ الحمد للہ کہ اس سال بار آور ہوئیں اور حضور پُر نور ہز ہائینس نواب صاحب بہادر رامپور نے مارچ ۱۹۳۶ء میں قیام دہلی

سال زیر رپورٹ کا زرّیں کارنامہ جس کو پڑھکر آپ حضرات بعید مسرور و خوش ہوں گے وہ

میں انجمن کے ایک وفد کو شرف باریابی بخشکر اس خیر کو جاری فرمانے کا حکم نافذ فرمایا وفد کی مختصر کیفیت آپ حضرات کی آگاہی کیلئے ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

جنوری ۱۹۳۵ء سے میں اس فکر میں تھا کہ کوئی موقع ایسا ملے کہ نواب صاحب بہادر کی حضور میں ایک وفد کو شرف باریابی حاصل ہو۔ چنانچہ اس سلسلہ میں افتخار ملت جناب سید بشیر حسین صاحب زیدی چیف منسٹر ریاست رامپور جن کی خدمت میں شرف گستاخی حاصل ہے عریضہ ارسال کیا صاحب موصوف نے تحریر فرمایا کہ انشاء اللہ عنقریب وقت آنیوالا ہے کچھ انتظار کی ضرورت نہیں۔

اپریل ۱۹۳۵ء میں مولوی سید اولاد حسین صاحب شاعر اعزاز بار رامپور دورانِ حال علیل ہو کر بغرض معالجہ دہلی تشریف لائے ایک روز حقیر ایادت کی غرض سے مولانا موصوف کی خدمت میں حاضر ہوا۔ گو مولانا اس وقت تک بہت نحیف و ناتوان تھے اور آپ کو زیادہ عرصہ زحمت دینا کسی طرح بھی مناسب نہ تھا۔ لیکن اپنے اس ہی حالت میں تقریباً ایک گھنٹہ انجمن کے حالات کو نہایت توجہ اور دلچسپی سے سنا اور فوراً ہی ممبری قبول فرمائی۔ اور نواب صاحب موصوف سے گرانٹ دلوانے میں سعی کرنے کا وعدہ فرمایا۔ حقیقت امر یہ ہے کہ کامیابی کا سہرا بہت حد تک ان دونوں بزرگواروں کے سر ہے آپ ہی حضرات کی سفارش اور کوشش کا نتیجہ تھا کہ نواب صاحب موصوف انجمن کا وفد طلب کرنے کیلئے آمادہ ہوگئے۔

مارچ ۱۹۳۵ء میں جب لارڈ ویلنگٹن وائسرائے کی مدت عہدہ ختم ہونے کے بعد ولایت تشریف لیجا رہے تھے تو والیان ریاست نے نئی دہلی میں لیڈی اور لارڈ موصوف کو بہت بڑے پیمانہ پر ایک پارٹی دی جس میں اکثر تمہارا جگان اور نوابین نے شرکت فرمائی اس ہی سلسلہ میں حضور نواب صاحب رامپور بھی تشریف لائے اور میڈنز ہوٹل میں اقامت پذیر ہوتے مولوی اولاد حسین صاحب شاعر اور جناب زیدی صاحب نے پیغام بھیجا کہ اچھا موقع ہے۔ وفد لے آئے اور تفصیلات ہم سے لے کر بیچے اس پیغام نے جو اثر ضمیر پر کیا وہ تحریر میں پیش کرنا مشکل ہے۔ فوراً مولانا موصوف کی خدمت میں حاضر ہوا اور دیر تک تبادلۂ خیالات ہوتا رہا۔ اس کے بعد محمد دوم ملت جناب سید بشیر حسین صاحب زیدی سے تفصیلات وفد لے کر گھر آیا۔ اور جلال قوم حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب بانی انجمن فخر قوم مولوی سید کلب عباس صاحب اور نازش قوم جناب سید اعجاز حسین صاحب جارچوی کی خدمت تاراد عریضے ارسال کئے گئے افتخار ملت جناب خواجہ غلام السیدین صاحب اپنے ہمنوا جناب سید محمد محسن صاحب متولی وقف منصبیہ کے انتقال کی وجہ سے بیحد پریشان تھے۔ اسلئے ان کو زحمت نہیں دی گئی۔ البتہ مولوی سید تجمل حسین صاحب نے جو اپنے صاحبزادے کی آنکھ کے آپریشن کی وجہ سے دہلی میں قیام فرما تھے۔ وفد کی ممبری قبول فرمائی۔ ان بیرونی حضرات کے علاوہ مقامی ممبران میں سے جناب مولانا مولوی سید ابن حسین صاحب جارچوی سید رضا مرزا صاحب وکیل جناب سید ظفر حسین صاحب جناب محمود علی صاحب اسسٹنٹ سکریٹری نے بھی ہمراہی استدعا کو شرف قبولیت بخشا۔ اور وفد میں شریک ہوئے فخر ملت جناب سید بشیر حسین صاحب زیدی چیف منسٹر جو انجمن کے بڑے سرگرم ممبر ہیں شریک وفد ہونے کا وعدہ فرما چکے تھے

۸ مارچ ۱۹۳۵ء کو دن کے گیارہ بجے میڈنز ہوٹل میں وفد کو طلب کیا گیا۔ ۷ بجے ہی حاجی صاحب قبلہ کا گرامی نامہ آیا کہ طبیعت خراب ہے۔ دہلی نہیں آسکتا۔ یہ پڑھتے ہی پاؤں تلے کی زمین نکل گئی۔ کیونکہ حاجی صاحب قبلہ کی قیادت اس وفد کیلئے بیحد ضروری تھی۔ بانی انجمن کے علاوہ ان کی بزرگی اور لمبی چوڑی داڑھی ایسے موقع پر بہت کام آتی ہے۔ ادھر فخر قوم جناب مولوی سید کلب عباس صاحب نے تار کا کوئی جواب نہیں دیا جس کی وجہ سے پریشانی میں اور اضافہ ہوگیا۔ ۸ بجے صبح تک انتظار کرنے کے بعد مولوی صاحب موصوف کی تشریف آوری سے مایوس ہو کر ہم لوگ ۱۰ بجے میڈنز ہوٹل روانہ ہوئے اور تقریباً ۱۰½ بجے وہاں پہنچ گئے جناب مولوی سید ابن حسن صاحب قبلہ پہلے ہی سے موجود تھے۔ اور تھوڑی دیر کے بعد مولوی سید کلب عباس صاحب بھی اسٹیشن سے سیدھے غریب خانہ پر تشریف لاکر تمام نئی دہلی کا چکر لگاتے ہوئے میڈنز ہوٹل پہنچے اور اپنی داستان بیان فرمائی اپنی حماقت پر بہت زیادہ غصہ آیا کہ گھر پر کسی قسم کی ہدایت کر کے نہیں آیا تھا۔ جس کی وجہ سے مولوی صاحب موصوف کو میڈنز ہوٹل پہنچنے میں کافی زحمت ہوئی جس کیلئے نہایت ادب سے خواستگار معافی ہوں مجھ جیسے طویل القامت انسان سے ایسی حرکت کا سرزد ہو جانا بالکل فطری ہے۔ اسلئے امید ہے کہ فخر قوم اس کو نظر انداز فرما کر مشکور فرمائینگے۔

میڈنز ہوٹل کے گول کمرے میں تقریباً ایک گھنٹہ انتظار کرنے کے بعد وفد کی طلبی ہوئی جناب زیدی صاحب کی قیادت میں ملاقات کے کمرہ تک ہوٹل کی اوپر کی منزل میں ہم سب نیچے پہرہ داروں نے سلامی دی اور ہم لوگ ملاقات کے کمرہ میں جا کر ٹھہر گئے چند منٹ کے بعد ہز ہائی نس نواب صاحب بہادر رونق افروز ہوئے خاکسار نے ممبران وفد سے تعارف کرایا۔ ہز ہائی نس نے سب سے مصافحہ کیا اور کرسی امارت پر جلوہ افگن ہوئے زیدی صاحب اس وقت موجود نہ تھے۔ ہز ہائی نس نے ان کو یاد فرمایا اور جب وہ تشریف لے آئے تو انجمن کے تفصیلی حالات دریافت فرمائے۔ جن کو حقیر نے اختصار کے ساتھ

عرض کیا۔ جن کی زیدی صاحب تائید فرماتے رہے۔ ہز ہائینس اعلیٰ کے لئے ہمیشہ دعا فرماتے رہے کہ بجائے اس کے کہ ہندوستان میں سو طلبا کو وظائف دئے جائیں چند ہونہار طالب علموں کو ولایت بھیجا جائے جو کہ فارغ التحصیل ہونے کے بعد قوم کے دقائق کو دوسری اقوام کی نگاہوں میں بڑھائیں اور قوم و ملک کی سچی خدمت کر کے قوم کی دستگیری کریں قلت سرمایہ کا عذر کر کے درخواست کی کہ حضور ریاست کی طرف سے دو ایک وظائف ولایت کی تعلیم کیلئے منظور فرمائیں تو شیعہ قوم کیلئے بالعموم اور انجمن کیلئے بالخصوص باعث تشکر ہوگا لیکن ہز ہائینس نے بالفعل اس ہی رقم کے اجرا کے متعلق جو ان کے والد صاحب کے زمانہ میں ملتی تھی وعدہ فرمایا اور اس سلسلہ میں ایک ہزار روپے اپریل میں اور دو سو مئی میں عطا فرمائے دوران گفتگو میں ہز ہائینس نے انجمن کے مقاصد کے ساتھ پوری پوری ہمدردی کا اظہار فرمایا اور تقریباً ایک گھنٹہ تک اس کا سلسلہ جاری رہا۔ اس کے بعد جناب اعجاز جارچوی نے ہز ہائینس بالقابہ سے فوٹو اور حالات کیلئے درخواست کی تو حضور سرکار مابقا نے ان کی درخواست کو شرف قبولیت بخشا اور فرمایا کہ زیدی صاحب را پور سو کچھ مطلوبہ اشیاء روانہ فرمادیں گے۔ جس کے بعد یہ پُرلطف صحبت ختم ہوگئی اور ہز ہائینس اپنے خاص کمرہ میں تشریف لیگئے۔ ممبران وفد بھی زیدی صاحب سے رخصت ہو کر ہوٹل کے باہر آئے اور تانگوں میں بیٹھکر نقیر خانہ کے ارادہ سے روانہ ہوئے رستہ میں صلاح ٹھہری کہ ایک فوٹو بھی کھنچوا ہی لینا چاہئے چنانچہ گورنمنٹ اسکول کی عمارت میں اس تجویز کو عملی جامہ پہنایا گیا (اعجاز جارچوی صاحب کے اصرار پر اس کا بلاک اس ہی رپورٹ میں شائع کرا دیا ہے) اس کے بعد غریب خانہ پر تقریباً دو بجے پہنچے اور حاضرتناول فرما کر ممبران وفد نے حقیر کی عزت افزائی فرمائی دسترخوان پر بھی وفد کی کامیابی کا تذکرہ ہوتا رہا اور کھانے سے فارغ ہونے کے بعد تھوڑی دیر آرام کر کے ممبران وفد روانہ ہونے لگے تو ہم نے مولوی سید کلب عباس صاحب بھی تشریف لیگئے میں تمام ممبران وفد کا بیحد ممنون ہوں کہ انہوں نے وفد میں شرکت فرما کر انجمن کی بہترین خدمت بجا لائی خصوصیت سے مولوی سید کلب عباس صاحب کا میں زیادہ احسان مند ہوں جنہوں نے اس قدر دور دراز کا سفر طے کر کے وفد کو کامیاب بنانے میں حصہ لیا۔

شکریہ میں اُن تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے بعید ممبر بنا کر یا چندہ کی وصولی میں امداد دیکر انجمن کے کام کو آگے بڑھایا اور اس علام قوم کا ہاتھ اس کار خیر میں بٹایا بالخصوص حسب ذیل حضرات کا جو نہایت تندہی اور خلوص سے انجمن کی خدمات بجا لا رہے ہیں اور ہر مہینہ مقامی ممبران سے چندہ وصول فرما کر باقاعدہ دفتر کو روانہ فرماتے رہتے ہیں۔ جناب سید اعجاز حسین صاحب جارچوی امروہہ جناب میرزا مہدی رضا صاحب کاپور جناب آغا وحید حسین صاحب آگرہ و ڈوڈنہ جناب سید محمد حسنین صاحب ڈپٹی کلکٹر جناب مولوی سید تعشق حسین صاحب علی گڈھ جناب سید علی حیدر صاحب کانپور جناب جناب سید ریاست حسین صاحب جعفری سیتاپور۔ جناب میرزا ذاکر حسین صاحب میرٹھ۔ جناب مولوی سید دھی حیدر صاحب بلگرامی مظفر پور۔ جناب ڈاکٹر سید اعجاز حسین صاحب پٹنہ۔ جناب میرزا مصطفےٰ علی صاحب ہمدانی لاہور۔ جناب میرزا فدا حسین صاحب بلند شہری اور جناب مولوی مقصود حسین صاحب پانی پت۔ اگر محمود علی صاحب ہاشمی اسسٹنٹ سکریٹری کا شکریہ اس مقام پر ادا نہ کروں تو یقیناً اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی کروں گا۔ ہاشمی صاحب کے خلوص کا یہ عالم ہے کہ فنائی الانجمن بنے ہوئے ہیں اور ہر وقت اس کی ترقی کی فکر میں رہتے ہیں۔

جلسہ سالانہ امسال بوجہ اجلاس کانفرنس ممبران مجلس انتظامیہ کی معقول تعداد نے جلسہ میں شرکت فرمائی اور غالباً یہ انجمن کی تاریخ میں پہلا موقع تھا جس میں اس قدر حضرات نے کبھی کسی سالانہ جلسہ میں دلچسپی لی ہو مخدومی حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب قبلہ نے فرمایا کہ یہ جلسہ ہر حیثیت سے ایک یادگار جلسہ تھا انہوں نے اس سے قبل کبھی اتنے ممبران مجلس انتظامیہ کو شریک جلسہ نہ دیکھا تھا اور ممبران مجلس انتظامیہ کے علاوہ ممبران عمومی نے بھی بکثرت اجلاس کانفرنس کی شرکت کیلئے لکھنؤ تشریف لائے ہوئے اپنی اس انجمن کے جلسوں میں شریک ہو کر رونق کو دوبالا کیا اور جلسوں کی کارروائی میں کافی دلچسپی کا اظہار فرمایا۔ اگر اجلاس کانفرنس دسمبر کے مہینہ میں ہر سال ہوتا رہے تو ان شاء اللہ ہمیشہ شرکاء کی تعداد زیادہ ہوا کرے گی۔

میں نے دستور العمل کے مطابق ممبران مجلس انتظامیہ سے استصواب کیا کہ کن تاریخوں میں جلسہ ہونا چاہئے مقام کا سوال تو زیر بحث اس لئے نہ تھا کہ دستور العمل کے مطابق جس مقام پر کانفرنس ہوا اُسی مقام پر جلسہ ضروری ہے اور پھر لکھنؤ جیسے مقام کیلئے تو کوئی اعتراض ہو نہیں سکتا تھا اسلئے کہ علاوہ شرکت جلسہ کے علاوہ کی زیارت و قدمبوسی کا شرف کسی اور مقام پر کہاں ممکن ہو سکتا تھا۔ غرض یہ کہ کثرت رائے سے ۲۵ و ۲۶ اور ۲۷ دسمبر ۱۹۳۶ء جلسہ کی تاریخیں مقرر کی گئیں اور ممبران مجلس انتظامیہ کی خدمت میں شرکت کیلئے دعوتنامے ارسال کر دئے۔

مکرمی و محترمی جناب اعجاز جارچوی صاحب نے امروہہ سے تحریر فرمایا کہ میں اپنی روانگی سے نہ مرنے آن کو مطلع ہی کروں بلکہ ایک ٹرین سے امروہہ اتر کر دوسری ٹرین سے

اُن کے ہمراہ لکھنؤ جاؤں لیکن مجھے اُن سے بیحد ندامت ہے کہ میں اُن کی اس خواہش کو پورا نہ کرسکا۔ دہلی کے دفاتر میں یہ ایک بڑی مصیبت ہے کہ ہر چھٹی میں ڈیوٹی لگا یا جاتا ہے اور اس کا قصہ آخر وقت تک طے نہیں ہوتا اس لئے یقین سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ کون سے دن ڈیوٹی لگے گی چنانچہ عین وقت پر یہ معلوم ہوا کہ میری ڈیوٹی باوجود میری درخواست کے ۲۸ کو لگا دی گئی ہے اور مجھے انجمن اشاعت سریہ جسٹر ڈیوہلی کی تعمیر شیعہ مسجد کے سلسلہ میں علما سے چند سوال دریافت کرنے تھے اسلئے ۲۸ کو واپسی ناممکن تھی بڑی جدوجہد کے بعد اس تاریخ کو تبدیل کرایا اس لئے اپنی روانگی کی تاریخ سے نہ جاچوی صاحب اور نہ جناب حاجی صاحب قبلہ کو مطلع کرسکا دوسری وجہ یہ بھی تھی کہ میری ایک بھانجی جو بہت زیادہ بیمار تھی جس کو لیڈی ہارڈنگ ہسپتال سے اپنے یہاں لے آیا تھا اس کی حالت ایسی غیر تھی کہ ایک منٹ کیلئے بھی اُس کو چھوڑا نہ جا سکتا تھا اور میں یہ ارادہ کر رہا تھا کہ اگر خدانخواستہ اس کی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی تو پھر کھانے کو ہاشمی صاحب کے ہاتھ روانہ کردوں گا لیکن آخر دل کڑا کرکے بمشیرہ صاحبہ کی اجازت لے کر جلسہ کی شرکت کا تہیہ کر ہی لیا اور شکر ہے کہ جلسہ سے واپس آکر جس کو بہتر پایا۔

محترمی جناب محمود علی صاحب ہاشمی اسسٹنٹ سکریٹری مکرمی جناب سید اختر حسین صاحب زیدی اور جناب سید باقر حسین صاحب بی ایس سی ممبر انجمن کو بھی شریک اجلاس کانفرنس انجمن راضی کرلیا ۳۰ تاریخ کو رات کی گاڑی سے جناب ہاشمی صاحب اور سید محمد مہدی صاحب ٹیکا انجمن کی معیت میں لکھنؤ روانہ ہوا۔ زیدی صاحب ۳۱ کی رخصت نہ ملنے کے سبب ۱ کی شام کی ٹرین سے روانہ ہوکر ۲ کی صبح کو لکھنؤ پہنچ گئے لکھنؤ کے اسٹیشن پر عزیزی جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب صدر انجمن کو مع جناب سید حسن عباس صاحب سابق اسسٹنٹ سکریٹری آل انڈیا شیعہ کانفرنس جناب ماسٹر سید اختر حسین صاحب اور جناب منتے صاحب کو موجود پایا۔ حضرات کے دیکھنے بڑی حیرت ہوئی کہ آخر ان حضرات کو ہماری آمد کا کیسے الہام ہوا ٹرین کے ڈبہ سے اترتے ہی عمامہ کے نعروں سے بلیٹ فارم گونج گیا اور جناب سید حسن صاحب جو بھائی صاحب سید محسن میرزا صاحب کے مجھ کو نگہداشت کرنے کی حیثیت سے مجھ کو ہمیشہ خصوصیت سے ملتے ہیں دو ہار بھی اپنے ہمراہ لائے تھے ایک میرے اور دوسرا ہاشمی کے گلے میں ڈالا گیا پھول چھوارے اور عمامہ کے نعروں میں اسٹیشن سے باہر آئے بینڈ دو میں ٹھیکر میرزا محمد عسکری نبیرہ مرحوم کے امام باڑہ میں جہاں مجلس انتقامیہ کے ہمراہ ان کے قیام کا انتظام کیا تھا پہنچے۔ ہاشمی صاحب اشرف آباد تشریف لے گئے دو روایات سے فراغت کے بعد لکھنؤ کی پُرتکلف چاء سے نا شتہ کرایا گیا کچھ دیر سستانے کے بعد انجمن کا وہ کام جو دہلی میں جلسہ سالانہ کے کاغذات تیار ہونے کی وجہ سے مکمل نہ ہو سکا تھا پیشکار صاحب کے ساتھ کئی گھنٹے بیٹھکر پورا کیا اور ۲ کے جلسہ کی تیاری بھی کرلی شام کو کانفرنس کے پنڈال کو دیکھنے کی غرض سے جناب (جن کا پورا نام یاد نہیں) میرزا صاحب کے ہمراہ آصف الدولہ کے امام باڑہ گیا فخر قوم جناب سید کلب عباس صاحب اجلاس کانفرنس کی تیاری میں اس قدر مصروف و منہمک تھے کہ سوائے اُن کی زیارت سے مشرف ہونے کے اور کوئی بات چیت نہ ہوسکی فدائے ملت جناب شیخ ممتاز حسین صاحب جونپوری جوان ایام میں خصوصیت سے فاضل کانفرنس تھے ایک بیحد مصروفیت کے باوجود چند منٹ اُن کے فضائل کرکے طالب رخصت ہوا اور بعض دیگر حضرات سے بھی اسی بہانہ سے ملاقات ہوگئی۔

رات کو مولانا ابو الحسن صاحب قبلہ مولوی سید محمد حسین صاحب اور سید نگار حسین صاحب جاچوی بھی تشریف لے آئے اور رات کا معقول حصہ غیب شپ میں گذرا۔

امسال کے جلسہ کی ایک خصوصیت یہ بھی تھی کہ حسب ذیل میں درج کی جاتی ہے آپ حضرات کو معلوم ہوگا کہ مقامی ممبران انجمن نے اپنے پردیسی بھائیوں کو ایک پُرتکلف ڈنر دیا جس میں کم و بیش سو حضرات نے شرکت فرمائی اس مبارک تحریک کا سہرا بھی مخدوم ملت جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب کے سر رہا اور اُن کی انتھک کوشش و سعی کا نتیجہ تھا کہ یہ ڈنر اس قدر مقبول و کامیاب ہوا اس کے علاوہ انہیں کے ایما سے ممبران انجمن وظیفہ سادات کیلئے ایک Badge بھی تیار کیا گیا تھا جسے ممبر انجمن وظیفہ سادات و مومنین لکھا ہوا تھا اس کو نیڈال کانفرنس میں جب ممبران انجمن کو تقسیم کرنا شروع کیا ہے تو وہ اضطراب دیکھنے جس سے ممبران نے اس کو طلب کیا اور جس ذوق و شوق سے اس کو اپنے سینوں پر آویزاں کیا ہے اور جن للچائی ہوئی نگاہوں سے دیگر شرکا کانفرنس نے اس کو دیکھا ہے وہ منظر دیکھتے ہی سے تعلق رکھتا تھا مجھے بس ان کے اظہار میں ذرا تکلف نہیں کہ قوم کی نگاہوں میں جو قدر و منزلت آپ کی اس محبوب انجمن کی ہے دیگر ادارہ جات کی نہیں اور یہ سب کچھ اسکی تعمیری اور معتبر قومی خدمات کا نتیجہ ہے۔

اس مقام پر اگر مخدومی جناب سید جلال الدین حیدر صاحب۔ محترمی جناب سید حسن عباس صاحب اور مکرمی جناب شیخ صاحب کا شکریہ تمام شرکا کے جلسہ کی طرف سے پیش نہ کروں تو انتہائی ظلم ہوگا۔ ان حضرات نے جلسہ کے تمام انتظامات کو اس قدر خوش انتظامی اور سلیقہ سے انجام دیا کہ سب کو بالکل گھر کا سا آرام ملا اور کھانا لکھنؤ کی سابقہ روایات کے مطابق نہایت پُرتکلف اور لذیذ کھلا کر اپنا نمک خوار بنایا۔

کارروائی سالانہ جلسہ

کارروائی جلسہ سالانہ انجمن وظیفہ سادات و مومنین منعقدہ ۲۵-۲۶- اور ۲۷ دسمبر ۱۹۳۶ء بمقام امام باڑہ میر احمد عسکری صاحب دلآلی محلہ لکھنؤ۔

اسمائے شرکاء

ممبران کارکن کمیٹی :- (۱) جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ممبر ۲ - لکھنؤ - (۲) جناب مولوی سید کلب عباس صاحب ممبر ۵۱ - رائے بریلی (۳) جناب سید ابرار حسین صاحب مختار - ممبر ۶۴ - میرٹھ - (۴) جناب سید بچل حسین صاحب ممبر ۸۰۷ - علیگڈھ - (۵) جناب خواجہ غلام السیدین صاحب ممبر ۲۶۱ - علیگڈھ - (۶) جناب مولوی سید ابن حسن صاحب جارچوی ممبر ۳۰۸۴ - دہلی - (۷) سید اعجاز حسین صاحب جارچوی ممبر ۳۱۴۳ - امروہہ - (۸) جناب محمود علی صاحب ہاشمی ممبر ۳۱۴۶ نیو دہلی - (۹) جناب سید احمد میرزا صاحب موسوی ممبر ۳۱۴۳ نیو دہلی -

وزٹیٹران :- (۱۱) جناب سید ریاست حسین صاحب ممبر ۱۲۶۸ سیتاپور - (۱۱) جناب مولوی سید حامد حسین صاحب عشروی ممبر ۱۳۹ گونڈہ - (۱۲) جناب سید علی اختر صاحب زیدی - ممبر ۱۹۹ نیو دہلی - (۱۳) جناب سید علی حمید صاحب کاظمی ممبر ۳۵۰ - ارہ (۱۴) جناب ڈپٹی کمشنر سید ابو طالب صاحب ممبر ۲۸۴ غازی پور - (۱۵) جناب میرزا مہدی رضا صاحب ممبر ۳۰۲ کانپور - (۱۶) جناب سید عباس عباس صاحب ممبر ۳۰۲۴ لکھنؤ - (۱۷) جناب سید صادق حسین صاحب حیدری ممبر ۱۳۱ کانپور - (۱۸) جناب سید فدا حسین صاحب ممبر ۳۲۳۳ گھلنؤ - (۱۹) جناب ماسٹر ذکر حسین صاحب ممبر ۳۲۵ لکھنؤ - (۲۰) جناب سید باقر حسین صاحب ممبر ۳۵۲۰ نیو دہلی - (۲۱) جناب خلیفہ سید سعادت حسین صاحب ممبر ۲۶۸۹ پٹیالہ - (۲۲) جناب سید کلب مصطفےٰ صاحب ممبر ۳۷۸۵ رائے بریلی -

جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب صدر جلسہ منتخب ہوئے

۱، باتفاق آراء مندرجہ ذیل عہدہ داران بابتہ سال ۱۹۳۷ء منتخب ہوئے :- (الف) جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ممبر ۲ - صدر انجمن - (ب) جناب سید احمد میرزا صاحب موسوی ممبر ۳۱۴۳ جنرل سکرٹری - (ج) جناب محمود علی صاحب ہاشمی ممبر ۳۱۴۶ اسسٹنٹ سکرٹری (د) جناب سید اعجاز حسین صاحب جارچوی ممبر ۳۱۴۳ پرد پاگنڈا سکرٹری -

۲، مطابق دفعہ ۱۴ دستور العمل انجمن ہذا حسب ذیل چار حضرات ممبران کارکن کمیٹی منتخب ہوئے (الف) جناب خان بہادر ڈاکٹر مولوی سید اعجاز حسین صاحب ممبر ۲۱۵ مگھلی (ب) جناب آغا شاہ احمد صاحب ممبر ۲۶۹ جھنگ (ج) جناب سید محمد نوازش شاہ صاحب گورینی ممبر ۳۰۶۲ ملتان - (د) جناب محمد علی صاحب ہاشمی ممبر ۳۱۴۶ نیو دہلی -

۳، باتفاق آراء طے ہوا کہ امسال انجمن کے حسب کیلئے غیر شیعہ آڈیٹر مقرر کئے جائیں چنانچہ بالولنٹر بہادر لال صاحب ایم - اے - اور خواجہ ممتاز احمد صاحب انصاری بی - اے ایل ایل بی ٹی آڈیٹر مقرر ہوئے

۴، تجویز جناب سید احمد میرزا صاحب ممبر ۳۱۴۳ و جناب شیخ تفضل حسین صاحب ممبر ۳۱۴۹ بابتہ طریقہ انتخاب کارکن کمیٹی پیش ہوئی طے پایا کہ موجودہ طریقہ انتخاب قائم رکھا جائے -

۵، تجویز جناب سید احمد میرزا صاحب ممبر ۳۱۴۳ کہ ششماہی رپورٹ شائع نہ کی جائے پیش ہو کر طے پایا کہ اس کا ہر سال شائع ہونا ضروری ہے اس سے انجمن کے کاروباری توسیع میں مدد ملتی ہے

۶، تجویز جناب سید ظہور الحسنین صاحب ممبر ۲۷۵ کہ ممبران کارکن کمیٹی کا جو نقشہ تیار کیا جاتا ہے اس میں خانہ کیفیت میں یہ بھی درج کیا جائے کہ مجوزہ ممبروں میں سے ہر ایک نے گذشتہ تین سال میں کتنے نئے ممبر فراہم کئے اور ان میں کتنے باقاعدہ ادا کر رہے ہیں پیش ہو کر طے پائی کہ بہت طولانی اور دفتر کے کام بڑھانے والی ہے اسلئے نامنظور ہوئی -

۷، تجویز سید ظہور الحسنین صاحب ممبر ۲۷۵ کہ انجمن کی صورت داشت ضلعیں قایم کی جائیں پیش ہوئی طے پایا کہ ہر بڑے مقام پر لوکل سکریٹری موجود ہوتے ہیں اسلئے ضلعیں قایم کرنا ضروری نہیں -

۸، تجویز جناب سید انجاز حسین صاحب جارچوی ممبر ۳۱۴۳ پیش ہو کر قرار پایا کہ ہر بڑے مقام پر سکریٹری اپنے صوابدید کے مطابق لوکل سکریٹری مقرر کرے جو وصولی چندہ اور تقسیم وظائف کا کام انجام دے -

۹، تجویز سید انجاز حسین صاحب جارچوی ممبر ۳۱۴۳ کہ انجمن کی جانب سے سلور جوبلی منبر کی ایک صد روپیہ مدد کی جائے پیش ہو کر نامنظور ہوئی - نمبر ۱۰ - تجویز جناب سید انجاز حسین صاحب جارچوی ممبر ۳۱۴۳ کہ کارکن کمیٹی کا ہر سال ایک گروپ لیا جائے پیش ہو کر نامنظور ہوئی - نمبر ۱۱ - تجویز جناب سید رضوی صاحب ممبر ۲۰۲۲ کہ صدر سکریٹری اور چاروں وظیفہ داروں کے فوٹو جنہوں نے اپنا قرضہ بیباق کر دیا ہو ہر سال رپورٹ سالانہ میں شائع کئے جائیں پیش ہو کر نامنظور ہوئی - نمبر ۱۲ - تجویز سید احمد میرزا صاحب ممبر ۳۱۴۳ پیش ہوئی کہ دفتر کی کام کی زیادتی کو دیکھتے ہوئے ایک جونیر کلرک ۳۰ روپیہ پندرہ روپیہ کے گریڈ کا رکھا جائے یا بصورت دیگر دو سو روپیہ قرضہ کے دفتر میں منتقل کر دیا جائے پیش ہوئی طے پایا کہ فی الحال ایک سال کیلئے ایک عارضی جونیر کلرک (دس روپے ماہوار) کا رکھا جائے تجویز کا دوسرا جزو نامنظور ہوا - نمبر ۱۳ - تجویز جناب سید احمد میرزا صاحب موسوی ممبر ۳۱۴۳ پیش ہوئی کہ جشن سلور جوبلی منایا جائے اور اس میں اسلئے سرمایہ جمع کیا جائے کہ اس سے کسی ایک شہر میں یا چند شہروں میں ہوسٹل قائم کئے جائیں پیش ہوئی طے پایا کہ جشن سلور جوبلی تو منایا جائے اور اس کے مقام تعین کیلئے ممبران کارکن کمیٹی سے استصواب کیا جائے اور تجویز کا آخری حصہ جو ہوسٹل کے متعلق ہے نامنظور ہوا -

نمبر ۱۴ - تجویز مولوی سید کلب عباس صاحب ممبر ۵۱ بابت صدر پیش ہوئی کہ انجمن کے انوض

ومقاصد کی اشاعت اور فراہمی چندہ کیلئے حسب ذیل حضرات کا ایک وفد عدالت دیوانی کی تعطیل کے زمانہ میں حیدرآباد بھیجا جائے باتفاق آرا تجویز منظور ہوئی۔ (۱) جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب نمبر ۲۔ (۲) جناب مولوی سید کلب عباس صاحب نمبر ۵۱۔ (۳) جناب مولانا مولوی سید ابن حسن صاحب جارچوی نمبر ۳۰۸۔

نمبر ۳۵۔ تجویز جناب سید ذوالفقار حسین صاحب نقوی نمبر ۳۸۰ کہ بانی انجمن کی یادگار کے طور پر ایک لائبریری کالج اور سکولوں کی مستعمل کتابوں کی قائم کی جائے جس سے ضرورتمند طلبا مستفید ہو سکیں پیش ہو کر منظور ہوئی۔ نمبر ۳۶۔ تجویز جناب سید احمد میرزا صاحب نمبر ۳۴۳ پیش ہوئی کہ خواجہ غلام السیطین صاحب کی تجویز کے مطابق مجلس انتظامیہ نے انجمن کے سرمایہ متعلق تیس ہزار روپیہ دہلی میں بصورت جائداد یا عمارت منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے اب اس کو مزید غور کیلئے دوبارہ جلسہ میں پیش کیا جاتا ہے طے ہوا کہ سرمایہ محفوظ کونہ بنکا کہ کسی ایسے کام میں نہ لگایا جائے جس میں نقصان کا ذرا بھی امکان ہو۔ نمبر ۳۷۔ تجویز جناب سید حسین صاحب ملتانی نمبر ۳۶۹ کہ انجمن کے سرمایہ سے شمسیوں کیلئے لاہور میں ایک ہوسٹل قائم کیا جائے جو تجارتی اصول پر چلایا جائے اور قوم کے بچوں کی تربیت گاہ بن کے پیش ہو کر منظور ہوئی۔ نمبر ۳۸۔ تجویز جناب سید شریف حسین صاحب نمبر ۳۴۳ متعلق آل انڈیا شیعہ ٹریننگ کارپوریشن پیش ہو کر منظور ہوئی۔ نمبر ۳۹۔ تجویز جناب شیخ تفضل حسین صاحب نمبر ۳۰۹ کہ جس قدر وظائف جلسہ سالانہ میں منظور کئے جائیں ان کے سفارش کنندگان کے نام اعزیز روپوٹ میں مفصل درج کئے جائیں اور شائع کئے جائیں پیش ہو کر منظور ہوئی۔ نمبر ۴۰۔ تجویز جناب شیخ تفضل حسین صاحب نمبر ۳۰۹ کہ جلسہ سالانہ کی کارروائی انگلش میں ہونا چاہئے پیش ہو کر منظور ہوئی۔ نمبر ۴۱۔ تجویز جناب شیخ تفضل حسین صاحب نمبر ۳۰۹ کہ قیدار کی فہرست کے ساتھ ان کے سفارش کنندگان کے نام بھی درج کئے جائیں پیش ہو کر منظور ہوئی۔ نمبر ۴۲۔ تجویز جناب شیخ تفضل حسین صاحب نمبر ۳۰۹ کہ کارکن کمیٹی کی ممبری کیلئے یہی ضروری ہو کہ ایک سال اگست تک کا چندہ باقی نہ ہو بلکہ وہ شخص جسکے ذمہ انجمن کا کوئی مطالبہ مثل قرض حسنہ کے باقی ہو کارکن کمیٹی کا ممبر منتخب نہ ہو پیش ہو کر منظور ہوئی۔ نمبر ۴۳۔ تجویز جناب آغا سید احمد صاحب نمبر ۲۶۲ کہ انجمن کا کم از کم چندہ بجائے ۵ روپے کے ۱۰ روپے سالانہ رکھا جائے پیش ہو کر نامنظور ہوئی۔ نمبر ۴۴۔ تجویز جناب کنٹرولر طالب صاحب پیش ہو کر یہ قرار پایا کہ انجمن وظیفہ خاص اس شرط پر منظور کیا جائے کہ اسکی واپسی وظیفہ دار پر لازم ہوگی اور انجمن اس سے ایک فیصدی اپنے اخراجات کیلئے منفع کریگی اسکے حساب کا رجسٹر الگ ہے اگر وظیفہ خاص لینے والے ممبران کی اولاد کیلئے ضرورت ہو تو وہ خاص رقم جو انہوں نے اس مد میں دی ہو ولایت کی تعلیم میں خرچ کیجائے لیکن اسکی واپسی بھی لازمی ہوگی۔ نمبر ۴۵۔ تجویز جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب پیش ہو کر منظور ہوئی تاریخ مقررہ کے بعد کسی طالب وظیفہ کی درخواست نہیں لی جائیگی اور اس پر سختی سے عمل کیا جائے۔ نمبر ۴۶۔ تجویز پروفیسر سید ضامن علی صاحب جولائی کیلئے بچہ روپیہ وظائف پر صرف کرنے کیلئے بچا لیا جائے پیش ہو کر مسترد ہوئی نمبر ۴۷۔ درخواست ٹھاکر حیدیلی صاحب کہ انجمن پیش ہوئی منظور ہوا کہ ان کو تین روپیہ ماہوار مکان کا الاؤنس دیا جائے۔ نمبر ۴۸ سنہ ۱۹۳۶ء میں آٹھ ہزار چھ سو اٹھارہ روپے کی قدر وظائف پر تقسیم کرنے کیلئے منظور ہوئی جس کی تفصیل صفحہ ۲۲۴-۲۲۶ پر درج ہے۔

آڈیٹر رپورٹ بابتہ حسابات آمد و خرچ از یکم جنوری ۱۹۳۶ء تا ۳۱ دسمبر ۱۹۳۶ء

نمبر ۱۔ ہم عموماً ممبران کارکن کمیٹی اور خصوصاً جناب نواب سید احمد میرزا صاحب سکریٹری انجمن کے بیحد ممنون ہیں کہ انھوں نے ہم کو ایک ایسی انجمن کے حسابات کی جانچ و پڑتال کا موقع دیا جو صحیح معنوں میں اپنی قوم کی بہترین خدمت انجام دے رہی ہے ہم کو اس انجمن کے حسابات کی جانچ پڑتال سے بیحد خوشی حاصل ہوئی۔ نمبر ۲۔ ہم نے انجمن ہذا کی آڈٹ رپورٹ سال گذشتہ کی پڑھی آڈیٹر صاحبان کی ہدایات پر اس سال پورا پورا عمل کیا گیا ہم کو انجمن کے حسابات نہایت صفائی اور باقاعدگی سے رکھے جاتے ہیں اور تمام کاغذات فائلوں میں چسپاں کر دیئے جاتے ہیں نمبر ۳۔ سال ماہ مارچ و ستمبر خاص طور پر آڈٹ کئے گئے اور دوسرے مہینے سرسری طور پر انجمن کا طریقہ حساب ہر پہلو سے مکمل ہے اور حساب و کتاب نہایت صفائی سے اور باقاعدہ سے رکھا جاتا ہے چھوٹی چھوٹی لغزش جو عموماً ایسی غلطیوں کو اعتراض کی صورت میں لکھکر ہم لوگ آڈٹ رپورٹ کو طویل بنانا نہیں چاہتے ہیں ایسی چھوٹی چھوٹی غلطیاں تو قریب ہر دفتر میں ہوتی ہیں البتہ اس سلسلہ میں یہ لکھنا ضروری ہے کہ اگر زیادہ احتیاط سے کام لیا جاوے تو پھر اس قسم کی غلطیوں کا امکان بھی بہت کم ہو سکتا ہے لیکن پھر بھی پہلے کی بہ نسبت اس قسم کی غلطیاں بہت کم ہیں دل میں وہ غلطیاں جو آڈٹ کے نکتہ نگاہ سے اہم ہیں درج کی جاتی ہیں۔

(الف) Voucher No 35 D/11/3/36 صرف تین روپیہ کا ہے لیکن اسکا اندراج رجسٹر آمد و خرچ میں تین روپیہ دو آنے دکھایا گیا ہے۔

(ب) Voucher No 41 D/21/3/36 اس تاریخ میں سترہ روپے خرچ کئے گئے ہیں لیکن بجائے ایک Voucher کے اس کے دو وائوچر (Voucher) فائل میں موجود ہیں ایک دو روپے کا اور دوسرا پندرہ روپہ کا یہ بات قابل اعتراض ہے۔ (ج) Receipt No 437/673 یہ رسید صرف ایک روپیہ کی ہے لیکن اسکا اندراج رجسٹر میں ایک روپیہ ایک آنہ کا کیا گیا ہے۔

نمبر ۴۔ انجمن کا پرانا کارڈ فائلوں اور رجسٹروں کی صورت میں موجود ہے ہر فائل اور رجسٹر پر

نمبر پڑے ہوئے ہیں اور رجسٹروں اور فائلوں کے نام بھی باقاعدہ چٹ پر لکھکر فائلوں اور رجسٹروں پر لگادئے گئے ہیں یہ تمام کام نہایت احتیاط کے ساتھ اور سلیقہ سے کیا گیا ہے

نمبر ۲۔ جناب سکریٹری صاحب سے دریافت کرنے پر یہ معلوم ہوا کہ دفتر ہر سال یا ہر سہ سال تبدیل ہوا کرتا ہے اور جہاں سکریٹری ہوتا ہے وہیں دفتر بھی چلا جاتا ہے ایسی صورت میں دفتر کے تمام ریکارڈ کو محفوظ رکھنے میں عملہ کو یقیناً تکلیف ہوتی ہوگی ہماری رائے میں یہ ہے کہ وہ کاغذات اور رجسٹرات جو کہ نہایت ضروری ہوں محفوظ رکھے جائیں اور باقی کو ہر سہ سے باہر یا پانچویں سال ضائع کر دیا جائے پرانے ریکارڈ کے ضائع کرنے کیلئے جو قاعدہ بنایا جائے اسکا اندراج انجمن کے دیگر مطبوعہ کاغذات پر ضروری ہو تاکہ ممبران صاحبان اور دوسرے حضرات کو یہ معلوم ہو سکے کہ کب اور کس وقت تک اُن کو اپنے سوالات کے جوابات مل سکتے ہیں۔ نمبر ۳۔ ہم لوگ یہ چاہتے تھے کہ انجمن کے طریقہ حساب میں کسیقدر ردوبدل کی جائے لیکن پشکار سے یہ معلوم ہو کر کہ کافی تعداد میں مطبوعہ فارم رکھے ہوئے ہیں کچھ لکھنا نہیں چاہتے یہ سوال اسوقت پر غور کیا جائے جبکہ موجودہ مطبوعہ فارم ختم ہو جائیں رجسٹر آمدنی و خرچ بہت بڑا بنایا گیا ہے جس کو کھولنے اور بند کرنے میں کافی زحمت ہوتی ہوگی رجسٹرات جس قدر چھوٹے ہوں اُسی قدر کام میں سہولت ہوتی ہے اس کی ترمیم موجودہ فارم ختم ہونے پر غور کی جائے رجسٹروں کی جلدوں کا اور اُن کے کاغذات کا اچھا ہونا نہایت لازمی ہے تاکہ وہ قبل از وقت خراب نہ ہو جاویں اس موقع پر یہ بھی لکھنا ضروری ہے کہ پشکار صاحب کا زیادہ وقت چھوٹے چھوٹے کاموں میں خرچ ہو جاتا ہے اور ضروری کاموں میں اکثر تاخیر ہو جاتی ہے پشکار صاحب سے دریافت کرنے پر یہ بھی معلوم ہوا کہ دفتر میں صرف وہی تنہا کام کرنے والے ہیں اور ہر کام اُنہیں کو کرنا پڑتا ہے ایسی صورت میں ایک خواندہ چپراسی کا ہونا بھی ضروری سا معلوم ہوتا ہے

نمبر ۴۔ (الف) رجسٹر سرمایہ مستقل، رجسٹر رسیدہی اور دیگر رجسٹر مکمل ہیں اُن میں کوئی نقص نہیں البتہ اُن کا کاغذ اور جلدیں خراب ہیں ایسے مستقل رجسٹروں کی جلدیں اور کاغذ جن کو کہ عرصہ تک قائم رکھنا مقصود ہے نہایت اچھے ہونے چاہئیں

(ب) اس سال کی چند رسیدوں (چندہ واپسی قرض حسنہ) پر جو کہ لکھنؤ کے دفتر کی ہیں، سکریٹری صاحب کے دستخط موجود نہیں ہیں ہماری رائے میں دستخطوں کا ہونا لازمی امر ہے

جوابات پشکار نمبر ۱۔ جواب کی ضرورت نہیں اڈیٹر صاحب کو خود اس بات کا اعتراف ہے کہ پہلی کی نسبت قرنش خراش جیسی غلطیاں بہت کم ہیں کوشش تو یہی کی جاتی ہے کہ اس قسم کی غلطیاں بھی ہونے پائیں لیکن انسان ہونے کی حیثیت سے اس قسم کی بھول چوک ہو جاتی ہے آئندہ زیادہ احتیاط اور توجہ سے کام لیا جائے گا۔ (الف) ۱۱ مارچ کو رسید نمبر ۳۰ کے ذریعہ تین روپے دو آنے خرچ میں دکھائے گئے ہیں روزنامچہ میں بھی تین روپیہ دو آنے درج ہیں اور رسید میں بھی ہندسوں میں تین روپیہ دو آنے درج ہیں البتہ رقم حروف میں لکھتے وقت دو آنے کا لفظ سہواً رہ گیا ہے اسی تاریخ میں روزنامچہ اور رسید دونوں پر جناب سکریٹری صاحب کے دستخط ہیں اسلئے نفس حساب میں کسی قسم کی غلطی نہیں ہے۔ (ب) جناب صاحب کو دو روپیہ میں نے اور پندرہ روپیہ جناب سکریٹری صاحب بابت کتابت رپورٹ سالانہ دئے تھے جسکی رسیدیں علیحدہ علیحدہ حاصل کر لی گئی تھیں حساب درج کرتے وقت یہ سترہ روپیہ کی رقم ایک ہی دفعہ درج ہوئی ہے اور دونوں رسیدوں کو چسپاں کر کے ایک رسید بنا دی گئی ہے مجھے نہیں معلوم تھا کہ یہ چیز قابل اعتراض ہے آئندہ ایسا نہ ہوگا۔ (ج) واپسی قرض حسنہ کے دفتر لکھنؤ سے جو حساب ماہ نومبر کا جناب حامی سید جلال الدین صاحب صدر انجمن اور ٹھاکر حریش سنگھ صاحب کلرک انجمن کے دستخطوں کے ساتھ آیا ہے اُس میں کلرک صاحب کے پراویڈنٹ فنڈ کی رقم ایک روپیہ ایک آنہ بھی درج ہے اور یہی صحیح ہے سہواً ایک آنہ کا لفظ رہ گیا ہے نمبر ۲۔ جواب کی ضرورت نہیں نمبر ۳۔ داخلی دفتر کی سالانہ تبدیلی کی وجہ سے غیر ضروری کاغذات باعث تکلیف ہوتے ہیں اسلئے اُن کا تلف کر دینا ہی بہتر ہوگا۔ اس ضمن میں ضروری اور غیر ضروری کاغذات کی تفصیل نہیں کی جا سکتی ہے یہاں اسکا اندراج باعث طوالت ہوگا۔ نمبر ۴۔ میں اس انجمن میں تقریباً چار سال سے ملازم ہوں ہر سال اڈیٹر صاحبان کی طریقہ حساب کی تبدیلی کی وجہ سے ہمیشہ مجھ کو ہدایت ملتی رہی ہے اور کرتی ہے اب تک میرے دوران ملازمت میں جو بھی طریقہ حساب رائج تھا اور اب ہے وہ اڈیٹر صاحب کی معین ہدایت کے مطابق بنائے گئے ہیں ایک اڈیٹر دوسرے اڈیٹر کے بنائے ہوئے طریقہ حساب میں اپنے نقطۂ نگاہ کے ماتحت اور انجمن کی بہبودی کیلئے تبدیلی کی ہدایت کرتا ہے میرا خیال ہے کہ اس قسم کی ہدایات ہر نئے اڈیٹر کے چارج کرنے پر بدلتی رہینگی لہٰذا میں جناب سکریٹری صاحب کی بصد ادب درخواست کرونگا کہ جناب ممدوح ایک ہی دفعہ جو بھی طریقہ حساب سب سے زیادہ بہتر ہو اُس کو انجمن کیلئے رائج کر دیں۔ پارسال ہی اڈیٹر صاحب کے مشورہ کے مطابق جدید طریقہ حساب رائج کیا گیا ہے جس میں اب تبدیلی چاہی جا رہی ہے پہلے آمدنی کا ایک رجسٹر علیحدہ تھا خرچ کا علیحدہ اور گوشوارہ کا علیحدہ اب ان تینوں رجسٹروں کا ایک رجسٹر بنا دیا گیا ہے اسلئے یہ رجسٹر بڑا ضرور ہو گیا ہے میں چاہتا تھا کہ رجسٹر چھوٹا ہو لیکن رجسٹر چھوٹا ہونے کی وجہ سے آڑھے اور ترچھے لکھنے کی ضرورت روز روز پیش آتی اور حساب کتاب کے اندراج میں کافی دیر لگتی اور صفائی بھی نہ رہتی اور غلطی ہو جانے پر تصحیح کے وقت اصلاح کی گنجائش بھی نہ رہتی اسلئے کالم ہندسوں وغیرہ کی تعداد کا لحاظ کر کے ڈراپنے بنائے گئے ہیں اسلئے موجودہ

طریقہ حساب میں کوئی گنجائش رجسٹر کے چھوٹے ہونے کی نہیں ہے۔ سابقہ رپورٹ سالانہ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آڈیٹر صاحبان کی ایک مزید کلرک یا خانہ وہ چپراسی رکھنے کی ہمیشہ صدر دفتر کیلئے کی ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ چھوٹے چھوٹے غیر ضروری اور متفرق کاموں مثلاً ڈاکخانہ اور بنک آنے جانے۔ فائلوں کو دھوپ دکھلانے دفتر کی صفائی۔ پریس اور کاتب کے یہاں صبح شام آنے جانے اور انجمن کے جلسہ کا غذات کو فائلوں میں چسپاں کرنے میں پیشکار کا بہت سا وقت صرف ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے ضروری کام عین وقت پر نہیں ہو سکتے اگر ایک خانہ وہ چپراسی مستقل طور پر صدر دفتر میں رکھدیا جائے تو انجمن کا کام زیادہ بہتر ہو گا فی الحال ضروری سمجھ سے صرف ایک سال کیلئے ایک کلرک صاحب رکھے گئے ہیں۔ اڈیٹر صاحب کا مطلب ہے کہ ایک خانہ وہ چپراسی مستقل طور پر رکھا جائے۔ ہمیں۔ ہدایت دی جائے گی کہ جائیگا

(ب) بیشک واپسی قرض حسنہ کے دفتر کی تین چار رسیدیں ایسی ہیں جو جناب صدر انجمن ابتدا کے دستخط سہواً رہ گئے ہیں لیکن جو حساب وہاں سے آیا ہے اس پر جناب ممدوح کے دستخط موجود ہیں اس سے رسیدات میں اندراج کی صحت کی تصدیق ہوتی ہے۔

نوٹ سکریٹری ا۔ (۳) پیشکار صاحب کا جواب کافی ہے حساب کتاب کے لکھنے میں تھوڑی بہت کاٹ چھانٹ کا ہونا ضروری ہو جاتا ہے لیکن ہر واپسی کی رسید پر سکریٹری کے دستخط ہونے کے بعد صحت ہو جاتی ہے پیشکار صاحب کو ہدایت کر دی ہے آئندہ زیادہ محتاط رہیں گے۔ (الف) رسید کو پاس کرتے وقت مجھے بھی اس بات کا خیال نہیں رہا کہ حروف میں دو آنہ کو تحریر کرا دینا ایسی بدیہی کرنگی ہے حساب بالکل درست ہے۔ (ب) سترہ روپیہ کی دو رسیدوں کو دو جگہ درج کرنے کی بجائے ایک ہی جگہ درج کر دیا ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ سترہ روپے ہی کاتب کو دئے گئے ہیں اور کاتب بھی ایک ہی ہے اس لئے اندراج ایک ہی جگہ ہو گیا۔ پیشکار صاحب کو ہدایت کر دی ہے کہ آئندہ وہ ہر رسید علیحدہ علیحدہ درج کیا کریں۔ (ج) پیشکار صاحب کا جواب کافی ہے۔ (۴) پیشکار صاحب کا سابقہ قابل تعریف ہے۔ دفتر کی حالت نسبتاً بہت بہتر ہو گئی ہے اگر آئندہ بھی سکریٹری صاحبان کچھ دیر لیتے رہے تو دفتر کی حالت بالکل ایسی ہی ہو جائیگی جیسی سرکاری دفاتر کی ہوتی ہے ہر رکارڈ آسانی سے مل سکے گا اور باترتیب ہو گا جیسا کہ اب ہے۔ (۵) آئندہ سالانہ جلسہ میں مجلس انتظامیہ کی منظوری حاصل کر کے غیر ضروری رکارڈ کو ضائع کر دیا جائیگا۔ پیشکار صاحب کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ تمام پرانے رکارڈ کی فہرست جلسہ سے قبل تیار کر لیں۔ اڈیٹر صاحبان کی ہدایت پر عمل کیا جائے گا۔ (۶) میں نے یہ کوشش کی ہے کہ بغیر کام کے اضافہ کے حساب رکھنے میں سہولت اور صفائی ہو جائے۔ چنانچہ ایک انیسار جسٹر جس میں تین جسٹروں کے اندراجات اب ہوتے ہیں یعنی روزنامچہ جسٹر آمدنی اور گوشوارہ ان سب کا کام اس ہی جسٹر سے لیا جاتا ہے اور ہر وقت گوشوارہ تیار ملتا ہے یہ نہیں کہ کئی کئی ماہ کا ایک ہی مرتبہ پیشکار صاحب کو بنانا پڑا ہو۔ اس میں تو شبہ نہیں کہ جسٹر ذرا بڑا ہو گیا ہے اور پیشکار صاحب جیسے نحیف الجثہ انسان کیلئے اس کا استعمال تکلیف و زحمت سے خالی نہیں لیکن تھوڑی سی محنت روزانہ ہر شعبہ کی آمدنی و خرچ کو آنکھ بند کر کے معلوم کیا جا سکتا ہے اور ۱۰ سال کے اُن دنوں میں جن میں سکریٹری غریب کو آمدنی کی نکر میں رات کی نیند اور دن کا آرام حرام ہو جاتا ہے ہر شعبہ کی آمدنی کی میزان معلوم ہو جانے سے ہر وقت اعداد کو جمع کرنے کی مصیبت سے نجات مل گئی ہے۔ اگر بغیر زیادتی کام کے حساب رکھنے کی بہتر تجویز ذہن میں آگئی تو دیکھو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کیجائیگی خانہ وہ چپراسی کی ضرورت تو ضرور ہے لیکن فی الحال تبدیلی سے کسی مستقل آدمی کا ملازمت دشوار ہو گا اسلئے اگر یہ تجویز سالانہ جلسہ میں پاس ہو جائے تو جہاں دفتر انجمن ہے ایک معقول آدمی کا انتظام کر لیا جایا کرے۔ انجمن کا کاروبار جس رفتار سے بڑھ رہا ہے اس کو سنبھالنے کے لئے خواہ مخواہ چپراسی کا ہونا پیشکار صاحب کی امداد کے لئے ضروری معلوم ہوتا ہے۔ اڈیٹر صاحب کی اس تجویز کو سالانہ جلسہ میں پیش کیا جائے گا۔

(الف) آئندہ اس پر عمل کیا جائے۔ (ب) رسیدات پر سکریٹری کے دستخطوں کا ہونا بہت ضروری ہے سہواً چند رسیدوں پر دستخط رہ گئے ہیں لیکن ان سے حساب میں کسی قسم کی غلطی واقع نہیں ہوئی۔ آئندہ زیادہ احتیاط کی جائے گی۔

جنرل ریمارکس

ہمیں یہ کہتے ہوئے نہایت مسرت ہوتی ہے کہ جس قوم میں ایسی مفید اور خاکسار کام کرنے والی انجمن موجود ہے وہ قابل مبارک باد ہے۔ ایسی انجمنیں قوم کی ترقی کا سب سے پہلا اور واحد زینہ ہے ہم انجمن کے مخلص کارکنان کی دور اندیشی کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتے جنہوں نے اپنے دستور العمل میں ایسا مفید قاعدہ رکھا ہے کہ انجمن کبھی مالی مشکلات میں نہیں پڑ سکتی اور سال کے آخر میں حاصل شدہ آمدنی کا ایک چوتھائی سرمایہ مستقل میں جمع کر دیتی ہے انجمن کا طریقہ انتظامات بھی قابل تعریف ہے جس کی وجہ سے دیگر انجمنوں کی طرح سے اُس کے اندر جھگڑے بالکل نہیں ہیں۔

نیاز مند

(دستخط) للت بہاری لال دفتر اے۔ جی۔ سی۔ آر زیر دستخط (دستخط) خواجہ محمد یحییٰ اکاؤنٹنٹ جنرل آفس پنجاب

خادم قوم

(دستخط) سید احمد میرزا موسوی۔ آنریری سیکریٹری انجمن ہذا

خاکسار سید محمد محمدی رضوی پیشکار انجمن ہذا

قواعد انجمن وظیفہ سادات ومومنین رجسٹرڈ

نام ۱- اس انجمن کا نام انجمن وظیفہ سادات ومومنین ہوگا۔

مقصد ۲- اس انجمن کا مقصد یہ ہے کہ ضرورت مند شیعہ طالب علموں کو تعلیم دینی و دنیوی کی غرض سے وظیفہ بطور قرض حسنہ دے۔

ممبر و مددگار وغیرہ ۳- ہر شخص جو اپنی مستقل ماہوار آمدنی کا ایک فی صدی ماہوار کے حساب سے چندہ ادا کرے اس انجمن کا ممبر ہو سکتا ہے

نوٹ (الف) جن حضرات کی آمدنی غیر معین ہو وہ اپنی اوسط آمدنی کا اندازہ کر کے چندہ دے سکتے ہیں۔

نوٹ (ب) جن حضرات کی آمدنی پانچ سو روپیہ ماہوار سے زیادہ ہو وہ کم از کم پانچ روپیہ ماہوار، اور جن حضرات کی آمدنی دو سو روپیہ سے پانچ سو روپیہ ماہوار تک ہو کم از کم دو روپیہ ماہوار دینے پر ممبر رہ سکتے ہیں۔

نوٹ (ج) جن حضرات کی آمدنی پچاس روپے ماہوار سے کم ہو وہ اس صورت میں ممبر ہو سکتے ہیں کہ ۸ر ماہوار ادا کریں۔

۴- جو صاحب پانچ سو روپیہ یک مشت چندہ مرحمت فرمائیں گے وہ لائف ممبر متصور ہوں گے۔

۵- جو حضرات انجمن کی اعانت ایک سو روپیہ سالانہ کے حساب سے سال بسال کیا کریں گے وہ معین انجمن کہلائیں گے۔

۶- جو حضرات انجمن کی اعانت بارہ سو روپیہ سالانہ کے حساب سے سال بسال کیا کریں گے وہ سرپرست انجمن کہلائیں گے۔

۷- گراں قدر خدمات کے اعتراف میں کسی ممبر کا انتخاب بحیثیت محسن انجمن ہو سکتا ہے۔

۸- جملہ اصناف مذکورہ دفعات ۵ لغایت ۷ انجمن کے ممبر متصور ہونگے

۹- جس ممبر کے ذمہ ایک سال کا چندہ بلا عذر معقول باقی ہو سکریٹری اس کا نام ایک ماہ کے نوٹس و اطلاع کے بعد سالانہ جلسہ میں خارج کرنے کے لئے پیش کر سکتا ہے۔

۱۰- جو حضرات ایسے شیعہ طلباء کی وظائف کے ذریعہ سے مدد کرتے ہوں جن کی تعلیم کا بار شرعاً خود ان پر نہ لازم ہو اور وہ چاہتے ہوں کہ یہ وظائف انجمن ہذا کی طرف سے بھیجے جائیں تو انجمن بکمال تشکر ان کی اس اعانت کو قبول کریگی۔ شرائط حسب ذیل ہوں گے۔

(۱) اس اعانت سے ممبر صاحبان اپنے معینہ زر چندہ کے کل یا جزو کے ادا کرنے سے سبکدوش ہوں گے۔

(۲) معطی صاحبان اپنے وظیفہ داروں کے نام مع ولدیت و سکونت و درجہ تعلیم و مدرسہ و رقم وظیفہ و دیگر ضروری امور سے سکریٹری کو اطلاع دیں گے۔

(۳) قرارنامہ حسب دفعہ ۴۲ کے ضمیمہ (ج) یا (د) کے مطابق وظیفہ دار یا اس کے ولی سے جیسے کہ صورت ہو تکمیل کرا دیں گے۔

(۴) ہر رقم وظیفہ کی رسید وظیفہ دار بھیجتے رہیں گے جس کی عبارت کا مفہوم یہ ہوگا میں نے مبلغ (تعداد) انجمن وظیفہ سادات و مومنین سے بذریعہ (نام معطی) صاحب بابتہ ماہ سنہ وصول پائے۔ دستخط مع تاریخ

(۵) سکریٹری رسید کی وصولی پانی پر رقم مندرجہ کو بمد اعانت خانہ آمدنی میں اور بمد "وظیفہ خاص" خرچ میں درج کریگا اور باقاعدہ رسید معطی کی خدمت میں ارسال کریگا۔

(۶) وظیفہ داران خاص کو یہ حق حاصل نہ ہوگا کہ اگر معطی صاحبان اُن کا وظیفہ بند کر دیں تو وہ اہل سرمایہ انجمن سے وظیفہ کے متقاضی ہوں البتہ ایسی صورت میں وہ مثل دوسرے امیدواروں کے وقت معینہ پر وظیفہ کی درخواست دے سکتے ہیں۔

۱۱- علاوہ شرح معینہ قواعد ہذا کے اگر کوئی صاحب کمیشت یا باقساط یا اور طرح پر کوئی مدد انجمن ہذا کی نقد جائداد کی صورت میں کرنا چاہیں گے

تو بلا لحاظ مذہب وملت اور بلا قید قلیل وکثیر رقم کے ہر صورت میں امداد شکریہ کے ساتھ قبول کیجائیگی۔

کارکن کمیٹی ۱۲ - ممبران انجمن میں سے چودہ حضرات سالانہ منتخب ہونگے اور یہ جماعت کارکن کمیٹی کے نام سے موسوم ہوگی۔

۱۳ - کارکن کمیٹی کا انتخاب ماہ دسمبر میں حسب ذیل طریقہ پر ہوا کریگا۔ اوّل سکریٹری جملہ ممبران سے کارکن کمیٹی کے ممبران کی نامزدگی مع اوصاف ممبرانہ مزدہ کہ جس میں علی الخصوص قومی خدمات اور انجمن کے ساتھ جو خصوصیات اس ممبر کو ہوں اُن کا تذکرہ اور اُن کے مختصر حالات زندگی اور علمی قابلیت کے مذکور ہوں۔ طلب کیا کرے اور ایسے نامزد شدہ ممبران میں سے ان سب کے نام جن کے لئے کم سے کم دو رائیں آئی ہوں اور جو از روئے قواعد قابل انتخاب ہوں جملہ ممبران کے پاس بھیج کر ان کی رائے طلب کرے۔

۱۴ - جس ممبر کے ذمہ اگست تک چندہ باقی ہوگا وہ کارکن کمیٹی کا ممبر منتخب نہ ہوسکے گا۔ قدیم ممبران کمیٹی کا انتخاب دوبارہ ہوسکتا ہے۔

۱۵ - کارکن کمیٹی اپنی جماعت میں سے ایک صدر ایک سکریٹری اور ایک یا ایک سے زائد سسٹنٹ سکریٹری بشورہ سکریٹری جلسہ سالانہ میں منتخب کریگی اور ایسے عہدہ داران کی میعاد عہدہ ایک سال ہوگی لیکن ان کا انتخاب ایک سے زائد مرتبہ ہونا جائز ہوگا۔ البتہ کوئی شخص مسلسل تین سال سے زیادہ سکریٹری نہ رہ سکے گا۔

۱۶ - بقیہ چار ممبروں کو دس جدید منتخب شدہ ممبران کثرت رائے سے منتخب کریں گے۔ اور اس میں یہ خیال رکھا جائیگا حتی المقدور مختلف صوبوں کے حضرات کارکن کمیٹی کے ممبر ہوسکیں۔

۱۷ - اگر کوئی ممبر کارکن کمیٹی بلا عذر معقول ۵۰ فی صدی استفسارات کا جواب سکریٹری کو نہ دے تو جلسہ سالانہ کو اختیار ہوگا کہ باوجود اس کے منتخب ہوجانے کے بھی اسے ممبر کارکن کمیٹی قرار نہ دے اور اس کے بجائے ناکام امیدواروں میں سے سب سے زائد ووٹ پانے والے ممبر کو ممبر کارکن کمیٹی منتخب کرے۔

۱۸ - سکریٹری ۱۰ر دسمبر تک جدید ممبران کارکن کمیٹی کو ان کے منتخب ہونے کی اطلاع کردیگا اور ان سے درخواست کریگا کہ ایک ہفتہ کے اندر نئے سال کے لئے عہدہ دار تجویز کرکے اپنا پرچہ انتخاب سکریٹری کے پاس بھیجدیں۔

۱۹ - سکریٹری ان آرا کو جلسہ سالانہ میں پیش کریگا اور انتخاب عہدہ داران جدید جلسہ سالانہ میں جدید ممبران کارکن کمیٹی کی کثرت رائے پر عمل میں آئیگا۔ رایوں کے شمار کرنے میں حاضر ممبروں کی زبانی رائیں اور غیر حاضر ممبروں کی تحریری رائیں دونوں محسوب ہونگی۔

۲۰ - اگر جلسہ سالانہ کے وقت ممبران کی زبانی وتحریری پانچ آرا نہ ہوں تو سکریٹری عہدہ داران کے انتخاب کی کارروائی ملتوی کرکے اس کی اطلاع بقیہ ممبران کارکن کمیٹی کو دیگا اور ایک تاریخ معین کرکے اس وقت تک ان کی رائے طلب کریگا۔ تاریخ مذکور پر جس قدر رائیں جمع ہوجائیں سکریٹری ان کے مطابق خود فیصلہ کردیگا اور ۱۰ر جنوری تک ممبران کارکن کمیٹی کی خدمت میں عہدہ داران کے نام بھیج دیگا اور اخبارات میں نئی کارکن کمیٹی اور نئے عہدہ داروں کے نام چھپنے کے لئے بھیج دیگا

۲۱ - تاریخ ہائے مندرجہ دفعات بالا کے ردوبدل کی وجہ سے انتخاب کی کارروائی کالعدم نہ ہوگی۔

۲۲ - اگر دوران سال میں کسی ممبر کارکن کمیٹی کی جگہ بوجہ وفات یا استعفے کے خالی ہو تو بقیہ ممبران کارکن کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ اس جگہ پر ممبران انجمن میں سے کسی شخص کو اختتام سال تک کے لئے خود کثرت آرا سے منتخب کرلیں۔

۲۳ - کمیٹی وظیفہ وغیرہ اور دیگر امور کا تصفیہ کثرت رائے کی بنا پر کریگی

۲۴ - آئندہ سال کے لئے جدید سکریٹری کا انتخاب ہو تو سکریٹری سابق اپنے عہدہ کا چارج سکریٹری جدید کو جلد سے جلد سپرد کردیگا اور اس سے کاغذات ومتعلقات اور زر نقد وغیرہ کی رسید لیگا جس پر ہر دو سکریٹری صاحبان کے دستخط ہونگے۔ اور جو دفتر میں رہیگی۔ سال نو کے شروع سے کل کارروائی سکریٹری جدید کریگا۔

فرائض عہدہ داران ۲۵ - صدر انجمن کارکن کمیٹی کے ہر جلسہ کا جس میں وہ موجود ہو باعتبار عہدہ صدر ہوگا اور انجمن کی کارروائیوں کا نگراں وناظر رہے گا۔ اس کی رائے بحالت مساوی ہونے آرا کے تجویز

دورایوں کے متصور ہوگی۔ بحالت عدم موجودگی مستقل صدر کے حاضر ممبران کثرت رائے سے اپنے میں سے کسی کو وقتی صدر منتخب کرینگے

۲۶۔ فرائض سکریٹری حسب ذیل ہوں گے۔

(الف) جلسہ ہائے انجمن کے لئے نوٹس جاری کرنا۔

(ب) استفسارات و استصواب ممبران کا رکن کمیٹی سے کرنا۔

(ج) تجاویز پاس کردہ کارکن کمیٹی و جلسہ سالانہ کی تعمیل کرنا۔

(د) وظائف بہ پابندی قواعد انجمن حسب فیصلہ جلسہ سالانہ و کارکن کمیٹی جاری کرنا۔

(ہ) وظیفہ داران سابق سے قرض حسنہ وصول کرنا۔

(و) ممبران انجمن سے چندہ وصول کرنا اور خط و کتابت و مراسلت کرنا

(ز) جملہ رجسٹر ہائے حسابات آمدنی و خرچ و دیگر کاغذات و املہ و ریکارڈ متعلق حسابات وظیفہ داران سابق و حال باقاعدہ مرتب رکھنا۔

(ح) گزشتہ سال کے حسابات کی جانچ کا انتظام حسب تجویز جلسہ سالانہ کرنا۔

(ط) سال گزشتہ کی کارروائیوں کی رپورٹ مرتب کرکے جلسہ سالانہ کے روبرو پیش کرنا۔ اور بعد منظوری جلسہ سالانہ اس کا طبع کرانا اور ممبران کے پاس بھیجنا۔

(ی) جولائی میں ایک مختصر رپورٹ انجمن کی اخبارات میں شائع کرنا۔ اور کارکن کمیٹی کے ممبروں کے پاس بھیجنا۔ جس سے یہ معلوم ہوسکے کہ بمقابلہ پچھلے تین سالوں کے اوسط وصولی چندہ و قرض حسنہ اور تعداد ممبران و وظیفہ داران حال اس ششماہی میں کیسی رہی اور تعداد ممبران میں کوئی اضافہ ہوا یا نہیں۔

(ک) جملہ اقدامات و تدابیر متعلق تکمیل مقاصد ترقی و بہبودی انجمن میں لانا

(ل) کفالت نامجات و تمسکات و دستاویزات انجمن و املاک و سرمایہ انجمن اور ان کے منافع کو محفوظ رکھنا۔

(م) ایک نقشہ جملہ امیدواران وظیفہ کی درخواستوں کا مع اپنی سفارش کے ممبران کارکن کمیٹی کے پاس بغرض تصفیہ وظائف قبل ۱۰ یوم جلسہ سالانہ گشت کرانا۔

(ن) سالانہ جلسہ میں آئندہ سال کا بجٹ منظوری کے لئے پیش کرنا۔

۲۷۔ اسسٹنٹ سکریٹری بہ ہدایت سکریٹری بجملہ فرائض متذکرہ صدر کے ایسے فرائض انجام دے جو سکریٹری اُس کے سپرد کرے۔

سرمایہ و املاک انجمن | وظائف سال گذشتہ کی آمدنی میں سے دئے جائیں گے۔

سال رواں کی آمدنی میں سے دفتر کے اخراجات وغیرہ کے سوا کچھ صرف نہ ہوگا۔

۲۹۔ سوائے مخصوص عطایا کے ہر سال کی ہر قسم کی آمدنی کا چوتھائی حصہ بطور سرمایہ محفوظ کے سکاری پوسٹل بنک میں جمع کردیا جائیگا اور عند الموقع زائد منافع حاصل ہونیکی صورت میں کفالت نامجات یا تمسکات سرکاری بذریعہ پوسٹ ماسٹر جنرل تبدیل کئے جائیں گے

صرف بقیہ ۳/۴ حصہ آمدنی و وظائف پر تقسیم ہوسکے گا۔

(تشریح) دوران سال میں جو سود سرمایہ محفوظ و غیر محفوظ کا بڑھے گا وہ وصول شدہ تصور ہوکر ہر سال کی آمدنی میں شامل کیا جائیگا۔

۳۰۔ انجمن کے سرمایہ محفوظ کا روپیہ و تمسکات فی الحال پوسٹماسٹر جنرل یا امپیریل بنک آف انڈیا کے حفاظت میں رکھے جائیں گے سکریٹری کو سرمایہ محفوظ کے نکالنے یا نکلوانے کا حق حاصل نہ ہوگا۔ البتہ اس کو تمسکات کے فروخت کرنے اور سرمایہ محفوظ کے روپے سے بنام انجمن نئے تمسکات خریدنے کا بعد استصواب کارکن کمیٹی بذریعہ امپیریل بنک آف انڈیا یا پوسٹ ماسٹر جنرل اختیار ہوگا۔

۳۱۔ تمسکات و کفالت نامجات کا منافع اور دیگر ہر قسم کی آمدنی و دیگر جملہ رقوم یا فنڈ انجمن بنک و ڈاک خانہ و خزانہ سرکاری عدالت وغیرہ سے یا دیگر قرضہ داران و مدیونان انجمن سے سکریٹری کو وصول کرنے کا مجاز ہوگا اور ایسی جملہ رقوم کا لین دین سکریٹری بدستخط خود کرسکے گا۔

۳۲۔ جملہ عدالتی کارروائیوں میں سکریٹری منجانب انجمن فریق کیا جائیگا۔ اور وہی بحیثیت مدعی مجاز نالش و بحیثیت مدعا علیہ مختار جوابدہی ہوگا

۳۳۔ انجمن کے دیگر املاک و جائداد کے انتقال کا حق سکریٹری کو بعد استصواب کارکن کمیٹی حسب فیصلہ کمیٹی مذکور ہوگا۔

۳۴۔ کسی بنک یا ڈاکخانہ سے انجمن کے سرمایہ کے ادخال و برآمدگی کی کارروائی کرنا اور حساب کھولنا اور بند کرنا بانتیار سکریٹری ہوگا اور ایسی جملہ کارروائی سکریٹری کے دستخط سے ہوا کریگی۔

۳۵۔ سکریٹری کسی مہینہ کے آخر میں اسی مہینہ کے قابل ادا وظائف سے

زائد رقم اپنی تحویل ذاتی میں نہ رکھ سکیگا بلکہ داخل بنک رکھے گا۔

۳۶ - سکریٹری ہر سال جلسہ سالانہ میں جملہ رسیدات اور کاغذات بہ ثبوت موجودگی و داخلہ سرمایہ محفوظ اور اپنی تحویل کی کل رقوم نقد و حسابات ڈاک خانہ و بنک ممبران کارکن کمیٹی کو معائنہ کرائیگا اور کمیٹی کا یہ فرض ہوگا کہ رجسٹر حسابات سے مقابلہ کرکے اپنا اطمینان ان کی موجودگی اور صحت کی بابت کرے۔

شرائط وظیفہ ۳۷ - غیر مستطیع شیعہ طلباء اس فنڈ سے وظیفہ پانے کے مستحق ہوں گے بشرطیکہ:-

(۱) نیک چلن ہوں۔

(۲) صوم وصلوٰۃ و دیگر ارکانِ دین کے پابند ہوں۔

(۳) تعلیمی شوق رکھتے ہوں اور ہونہار ہوں۔

۳۸ - ہر طالب وظیفہ یا اس کے ولی کو لازم ہوگا کہ درخواست وظیفہ مطابق ضمیمہ (الف) کے سکریٹری کے پاس وقت مقررہ پر بھیجدے اور اس کے ساتھ مندرجہ ذیل سرٹیفکٹ شامل کرے۔

(الف) کسی عالم دین کا پابند صوم وصلوٰۃ ہونے کی بابتہ۔

(ب) اپنی درس گاہ کے مدرس اعلیٰ کا اپنی تعلیمی حالت اور چال چلن کی بابتہ۔

(ج) کسی ممبر انجمن کا غیر مستطیع اور وظیفہ کا اہل ہونے کی بابتہ

(تشریح) سب سے بہتر سرٹیفکٹ وہ متصور ہونگے جو مقامی ممبر یا عالم دین کے ہوں۔

۳۹ (الف) وہی ممبر سفارش کرنے کے مجاز ہوں گے جن کا چندہ سفارش کرتے وقت چار ماہ سے زیادہ باقی نہ ہو اگر کوئی ایسی درخواست موصول ہو جس پر کسی ایسے باقیدار ممبر کی سفارش ہو تو سکریٹری کو لازم ہوگا کہ سفارش کنندہ ممبر کو اطلاع دے کہ وہ حسب قواعد کمیٹی میں پیش نہ ہوگی

(ب) ہر ممبر سفارش کنندہ کا فرض ہوگا کہ ایک مستقل رپورٹ بصیغہ راز طالب وظیفہ کی مالی تعلیمی اور خاندانی حالت کے متعلق اپنے وجوہ سفارش کے ساتھ سکریٹری کے پاس بھیجدے۔

(ج) ہر سفارش کنندہ کو انجمن اس امر کا ذمہ دار سمجھتی ہے کہ وہ وظیفہ جو اس کی سفارش پر دیا گیا ہے وہ اپنی سعی و کوشش سے اسے واپس دلائیگا اور اگر وہ ممبر اس ذمہ داری سے پہلوتہی کرے تو انجمن کو حق حاصل ہوگا کہ اس کی مابعد کی سفارش کو نظر انداز کرے۔

۴۰ - اگر طالب وظیفہ بالغ ہو تو اس کو اور اگر نابالغ ہو تو اس کے ولی جائز کو تحریراً اقرار کرنا ہوگا کہ طالب علم وظیفہ جب بعد فراغت تعلیم برسرکار ہوگا تو رقم وظیفہ جو اس کو ملی ہے باقساط واپس کر دیگا۔ نابالغ وظیفہ دار جب سن بلوغ کو پہنچ جائیگا تو اس کو اپنے ولی کے لکھے ہوئے اقرار نامہ کی تجدید کرنی ہوگی۔ اقرار نامہ پر ممبران سفارش کنندہ کے دستخط بطور گواہ ثبت ہوں گے اقرار نامہ جات کے نمونہ ضمیمہ (ج) ضمیمہ (د) میں درج ہیں۔

۴۱ - دو وظیفے جن کی تعداد فی وظیفہ پندرہ روپیہ ماہوار سے زائد نہ ہوگی انجمن ایسے طلباء کو دیگی جو خاص تعلیم دینیات کی تکمیل کی غرض سے عتبات عالیات جائیں۔ یہ وظیفے علی العموم تین سال کے لئے ہوں گے ایسے وظیفہ داروں کے فارغ التحصیل ہونے کے بعد اخبارات میں اعلان ہو کر تین ماہ درخواستوں کا انتظار کیا جائے اور پھر انتخاب وظیفہ دار بلحاظ قابلیت و اہلیت عمل میں آئیگا۔ اس وظیفہ کے لئے اگر کوئی امیدوار اگر یتیمی دال ہوگا۔ تو اسے ترجیح دی جائیگی۔ اگر کوئی عتبات عالیات جانے والے طلباء دستیاب نہ ہوں تو یہی وظیفے مدرسۃ الواعظین کے طلباء کو دئے جائیں گے۔

۴۲ - انجمن دو وظیفے پانچ پانچ روپیہ ماہوار کے یا ایک وظیفہ دس روپیہ ماہوار کا بنام مرزا محسن میرزا اسکالرشپ بیادگار سید محسن میرزا صاحب مرحوم بانی انجمن ہر سال لڑکیوں کو دیا کریگی یہ وظیفے جلسہ سالانہ میں دیگر وظائف کے ساتھ تقسیم کئے جائیں گے

۴۳ - لڑکیاں اور جو طلباء دینیات کے لئے عراق بھیجے جائیں اقرار نامہ کی تحریر سے مستثنیٰ ہوں گے اور ان کے لئے بعد انفراغ تعلیم رقم وظیفہ کا ادا کرنا اختیاری ہوگا۔

۴۴ - رقم قسط مذکورہ دفعہ ۴۰ وظیفہ داران کی اس وقت کی ماہواری آمدنی کے دسویں حصہ سے زیادہ نہ ہوگی۔ لیکن اس کم

اختیار ہے کہ وہ اس سے زائد رقم مقرر کر دے یا کل رقم یکمشت ادا کر دے

۴۵ - وظیفہ دار سے امید کی جاتی ہے کہ وہ برسرکار ہونے پر انجمن کا ممبر بھی ہو جائیگا۔

۴۶ - وظیفہ علی العموم ایک سال کے لئے منظور ہوگا بعد کے سالوں کے لئے وظیفہ دار کو نئی درخواست مطابق ضمیمہ (ب) دینی ہوگی۔

۴۷ - کمیٹی قدیم وظیفہ داروں کے حقوق کو بشرطیکہ وہ سالانہ امتحان میں کامیاب ہوتے ہوں مقدم سمجھے گی۔

۴۸ - وظیفہ داروں کو دوران حصول وظیفہ میں جب سکریٹری طلب کرے اپنی درسگاہ کے افسر اعلیٰ کا سرٹیفکٹ بھیجنا ہوگا جس میں تحریر ہو کہ اس کی نظروں میں وظیفہ دار اپنے چال چلن اور محنت کے اعتبار سے وظیفہ پانے کا مستحق ہے۔

۴۹ - قدیم وظیفہ داروں کو سالانہ امتحان میں ناکامیاب رہنے کی صورت میں نئی درخواست وظیفہ کے ساتھ ناکامیابی کے عذرات تحریر کرنے ہوں گے اور اپنی درس گاہ کے افسر اعلیٰ کا سفارشی سرٹیفکٹ پیش کرنا ہوگا اور اگر سکریٹری ان عذرات کو معقول سمجھے گا تو آئندہ سال کے لئے جاری رکھیگا۔

۵۰ - طلبگاران وظیفہ میں ان لوگوں کو ترجیح دی جائیگی جو صنعت و حرفت وتجارت و انجینیری و ڈاکٹری جیسے علوم کی تحصیل کرینگے۔ اور یتیموں کا خاص لحاظ رکھا جائیگا۔

۵۱ - اگر وظیفہ منظور ہونے کے چار ماہ تک امیدوار یا اس کا ولی تکمیل اقرار نامہ جو از روئے قواعد ضروری ہے نہ کرائے تو اس کا وظیفہ کالعدم ہو جائیگا۔ اور پھر اسکو کوئی حق اس کے پانے کا نہ ہوگا۔

۵۲ - جس وظیفہ دار کی نسبت کمیٹی کو یہ یقین معلوم ہو جائے کہ وہ شرائط مندرجہ دفعہ ۴۷ کے متصف نہیں رہا یا تعلیم میں کماحقہ جد وجہد نہیں کرتا یا قواعد محاربہ انجمن یا ہدایات سکریٹری کی خلاف ورزی کرتا ہے تو کمیٹی اس کا وظیفہ بند کر دیگی۔ اور اس وقت تک دئے ہوئے روپیہ کی وصولی کی حقدار ہوگی۔

۵۳ - جو ممبر اس درس گاہ کے قریب رہتا ہو جہاں انجمن کا کوئی وظیفہ دار طالب علم تعلیم پاتا ہو وہ اس کے تدین، مالی حالت، چال چلن اور علمی شوق پر نظر ڈالنے اور سکریٹری کو اس کی حالت سے مطلع کرنے کا مجاز ہوگا اور کارکن کمیٹی اس رپورٹ پر غور کریگی۔

۵۴ - بعد اختیار کرنے کسی خاص صیغہ تعلیم کے وظیفہ دار کو اس میں تبدیلی بصورت مجبوری و بہ صوابدید کارکن کمیٹی کرنی چاہئے۔

ملازمین انجمن

۵۵ - بیس روپیہ تک کے ملازمین کا تقرر اور برطرفی اور سزا اور معطلی وغیرہ باختیار سکریٹری ہوگی لیکن کارکن کمیٹی اس کے فیصلہ پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔ اس سے زائد تنخواہ والے ملازم کا تقرر و برطرفی و سزا و معطلی وغیرہ باختیار کارکن کمیٹی ہوگی۔

۵۶ - ملازمین انجمن کے متعلق حسب ذیل قواعد رخصت نافذ کئے جائیں گے

(الف) رعایتی رخصت سال میں صرف ایک ماہ کی پاسکیں گے بشرطیکہ کام اجازت دے اور افسر متعلقہ منظور کرے اور یہ رخصت تین ماہ سے زائد کی اکٹھی نہ ہو سکیگی اور وہ بھی صرف حج و زیارات و بیماری وغائل اغراض کے لئے جمع ہو سکیگی۔

(ب) اگر کوئی ملازم پورے ایک ماہ کی رخصت سے دوران سال میں مستفید نہ ہو تو انجمن اسے ایک مہینہ کی تنخواہ کی ایک تہائی بطور انعام دیگی۔ جو اگر ملازم مذکور چاہے تو اس کے پراویڈنٹ فنڈ میں شامل ہو سکے گی۔

(ج) بیماری کی رخصت سال میں صرف ایک ماہ کی نصف تنخواہ پر علاوہ رخصت رعایتی کے قابل اطمینان سرٹیفکٹ معالج کا پیش کرنے پر مل سکیگی اس سے زائد رخصت بلا تنخواہ ہوگی۔

(د) اتفاقیہ رخصت نہایت اہم اور ضروری ضرورتوں کے لئے سال میں دس یوم تک کی دی جا سکتی ہے لیکن بہ یک وقت صرف چار یوم کی مل سکیگی۔

۵۷ - ملازمین انجمن کے لئے ایک پراویڈنٹ فنڈ قائم کیا جائے جس کے لئے ایک آنہ فی روپیہ ملازم انجمن کی تنخواہ سے لیا جائے اور ایک آنہ فی روپیہ انجمن اپنے فنڈ سے شامل کرے اور یہ رقم سیونگ بنک اکاؤنٹ میں مع پراویڈنٹ فنڈ داخل ہوا کرے اور اگر اندر پانچ سال ایسا ملازم

انجمن، انجمن کی ملازمت ترک کرے تو وہ صرف بقدر اپنی جمع کردہ رقم کی واپسی کا مستحق ہوگا۔ البتہ اگر وہ بعد پانچ سال ملازمت چھوڑے یا علیحدہ ہو بشرطیکہ وہ کسی الزام میں برطرف نہ ہوا ہو تو وہ کل رقم پراویڈنٹ فنڈ پانے کا مستحق ہوگا۔

طریق کارروائی جلسہ ۵۸۔ کمیٹی وظیفہ وغیرہ اور دیگر امور کا تصفیہ بکثرت آرا کریگی۔ تحریری رائیں بھی شمار کی جائیں گی۔

۵۹۔ کارکن کمیٹی کا ایک سالانہ جلسہ تعطیل دسمبر میں حتی الوسع اسی مقام پر اور انھیں ایام میں ہوا کریگا جہاں اور جن ایام میں شیعہ کانفرنس کا اجلاس ہو۔ یا کوئی اور بڑا قومی جلسہ ہو۔ ورنہ سکریٹری خود اس امر کا لحاظ رکھتے ہوئے کہ کس مقام پر زائد سے زائد ممبران کمیٹی بآسانی جمع ہو سکتے ہیں تقرر مقام جلسہ سالانہ کرے ممبران کارکن کمیٹی کو شرکت جلسۂ سالانہ کی اطلاع دیگا۔

۶۰۔ ترمیم قواعد و فیصلہ وظائف و انتخاب عہدہ داران اور تقرر آڈیٹر بنا بر جانچ حسابات انجمن وغیرہ اسی جلسۂ سالانہ میں ہوگا۔

۶۱۔ سکریٹری و ممبران کارکن کمیٹی اگر چاہیں تو بعض ممبران انجمن کو بغرض مشورہ جلسۂ سالانہ میں شریک کر سکتے ہیں، لیکن ان ممبروں کو ووٹ کا حق حاصل نہ ہوگا۔

۶۲۔ سکریٹری کو لازم ہوگا کہ جلسۂ سالانہ کے بعد جس قدر جلد ممکن ہو جلسۂ مذکور کی کارروائی اخبارات میں شائع کرا دے۔

۶۳۔ قواعد کی ترمیم و تنسیخ کلیتہً کارکن کمیٹی کے ہاتھ میں ہوگی اور صرف جلسۂ سالانہ میں ہو سکیگی۔ ترمیم و تنسیخ کے لئے دو ثلث ممبران کارکن کمیٹی کی رائے کا ترمیم و تنسیخ کے موافق ہونا لازمی ہوگا۔ مجوزہ ترمیم و تنسیخ کی اطلاع کم از کم ۵ ایوم قبل جلسۂ سالانہ ممبران کارکن کمیٹی کو دے کر سکریٹری اُن کی آرا حاصل کرے جلسۂ سالانہ میں فیصلہ کے لئے پیش کریگا

محکمۂ مشاورت ۶۴۔ اس انجمن کے متعلق ایک محکمہ مشاورت ہوگا

۶۵۔ اس ممبر محکمہ کا کام (الف) ممبروں کو اُن کے اغراض کی تعلیم کے بارے میں اگر وہ چاہیں مشورہ دینا اور

(ب) ممبروں کی آگاہی کے لئے موقعاً فوقتاً تمام صنعتی و حرفتی کالجوں کے پراسپکٹس (نصاب تعلیم وغیرہ کا خلاصہ) اُردو میں چھپواتے رہنا ہوگا۔

۶۶۔ اس محکمہ کے ممبروں کی تعداد کارکن کمیٹی کی رائے سے حسب ضرورت ہوا کریگی۔

۶۷۔ محکمہ مشاورت کے ممبروں کا انتخاب کارکن کمیٹی ہر دوسرے سال کیا کریگی۔ اور جب تک کہ کوئی خاص وجہ اس کے برخلاف نہ ہوگی۔ قدیم ممبران اپنے اس عہدہ پر بار بار منتخب ہوا کریں گے۔

۶۸۔ محکمۂ مشاورت کی نگرانی سکریٹری کے متعلق ہوگی۔

۶۹۔ ممبران محکمۂ مشاورت اپنی کارکردگی کی سالانہ مختصر رپورٹ سکریٹری کے پاس جنوری کے پہلے ہفتہ میں بھیجا کریں گے تاکہ اس کا خلاصہ سکریٹری کی رپورٹ میں چھپ سکے۔

جلسۂ سالانہ ۷۰۔ کارکن کمیٹی کا ایک سالانہ جلسہ تعطیل دسمبر میں حتی الوسع اسی مقام پر اور انھیں ایام میں ہوا کریگا جہاں اور جن ایام میں شیعہ کانفرنس کا اجلاس ہو۔

۷۱۔ ترمیم قواعد و فیصلہ وظائف و انتخاب عہدہ داران وغیرہ بالعموم اسی جلسۂ سالانہ میں ہوگا۔

۷۲۔ کارکن کمیٹی اگر چاہے تو بعض ممبران انجمن کو بغرض مشورہ جلسۂ سالانہ میں شریک کر سکتی ہے۔ لیکن ان ممبروں کو ووٹ کا حق حاصل نہ ہوگا

۷۳۔ سکریٹری کو لازم ہوگا کہ جلسۂ سالانہ کے بعد جس قدر جلد ممکن ہو جلسۂ مذکور کی کارروائی اخبارات میں شائع کرا دے۔

ضمیمہ (الف)

درخواست وظیفہ

انجمن وظیفہ سادات و مومنین

ہوالغرثیہ

جناب سکریٹری صاحب انجمن وظیفہ سادات و مومنین سلام علیکم۔

درخواست ہذا مع تفصیلات ذیل پیش کرکے امیدوار ہوں کہ مجھ کو وظیفہ مطلوبہ عطا کیا جائے۔ میں نے (اور مذکورنے) قواعد انجمن پڑھ لئے اور سمجھ لئے ہیں اور میں شرائط مندرجہ قواعد پر کاربند ہونے

کے لئے بخوشی آمادہ ہوں بعد منظوری وظیفہ اقرار نامہ کی تکمیل کردونگا
والسلام۔

العبد مورخہ

تفصیلات

(۱) نام امیدوار مع ولدیت وسکونت

(۲) عمر

(۳) امیدوار کی موجودہ علمی قابلیت (کون سا امتحان طالب علم نے پاس کیا ہے اور کس ڈویژن میں)

(۴) مدارس یا مدرسہ جہاں پہلے تعلیم پائی یا اب تعلیم پاتا ہے۔

(۵) مدارس مذکورہ میں سے امیدوار کبھی کسی قصور کی علت میں خارج تو نہیں کیا گیا۔

(۶) تعلیم مع نام ونشان تعلیم گاہ جس کے لئے وظیفہ مطلوب ہے۔

(۷) تعلیم مطلوبہ کتنے عرصہ میں ختم ہوتی ہے۔

(۸) خرچ ابتدائی (داخلہ وغیرہ اور ماہوار)

(۹) ختم تعلیم کے بعد امیدوار کو اپنی بہبودی کی امیدیں کیا ہیں۔

(۱۰) تعلیم گاہ مذکورہ میں امیدوار کو اپنے داخلہ کی کیونکر امید ہے۔

(۱۱) کب سے اور کس قدر ماہوار وظیفہ مطلوب ہے (زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم دونوں رقوم تحریر ہوں)

(۱۲) امیدوار کی تعلیم کا بار اب تک کس پر تھا اور آئندہ اُن پر کس قدر رہے گا اور اس سے زیادہ کیوں نہ رہے گا یا بالکل کیوں نہ رہیگا

(۱۳) امیدوار کو کوئی اور وظیفہ بھی ملتا ہے اُس کی مقدار۔

(۱۴) تعلیمی حالت کے متعلق مدرس اعلیٰ کی سفارش۔

تصدیق (ملاحظہ طلب نوٹ نمبر۱)

میں تصدیق کرتا ہوں کہ امیدوار شیعہ ہے۔ پابند ارکان مذہب ہے اور ہر اعتبار سے وظیفہ پانے کا مستحق ہے۔ تفصیلات جو درخواست کے ساتھ شامل ہیں سب صحیح ہیں۔ منظوری وظیفہ کے بعد امیدوار یا (درخواست دہندہ کے ولی) سے اقرار نامہ کی تکمیل حسب قواعد انجمن کردونگا۔

العبد

نمبر رجسٹر نمبر

ملاحظہ طلب نوٹ نمبر۲

سرٹیفکٹ حسب دفعہ (الف) ملاحظہ طلب نوٹ نمبر(۳)

میں تصدیق کرتا ہوں کہ مسمی نیک چلن
پابند صوم وصلوٰۃ و دیگر ارکان دین ہے۔

مورخہ العبد عالم دین

نوٹ نمبر۱۔ مبر سفارش کنندہ کو چاہئے کہ اس تصدیق پر دستخط کرنے کے علاوہ ایک علیحدہ مفصل رپورٹ بصیغہ راز سکریٹری کے پاس بھیجدیں جس میں امیدوار کے خاندان کی مالی حالت اور اس کی تعلیمی قابلیت توضیح کے ساتھ بیان کی جائے۔

نوٹ نمبر۲ - صرف وہی ممبر یا مددگار سفارش کرنے کے مجاز ہیں جن کا چندہ سفارش کرنے کے وقت چار ماہ سے زیادہ کا باقی نہ ہو۔

نوٹ نمبر۳ - اس سرٹیفکٹ پر کسی ایسے معزز بزرگوار دین کے دستخط ہونے چاہئیں جو اس قصبہ یا ضلع میں رہتے ہوں۔ جہاں امیدوار متوطن ہو

ضمیمہ (ب)

درخواست تجدید وظیفہ

جناب سکریٹری صاحب انجمن وظیفہ سادات ومومنین

سلام علیکم۔ درخواست ہذا مع تفصیلات ذیل پیش کرکے امیدوار ہوں کہ مجھ کو مطلوبہ وظیفہ عطا کیا جائے۔

العبد مورخہ ماہ سنہ ۱۹ء نمبر

(۱) نام مع رجسٹر نمبر

(۲) درجہ و مدرسہ جس میں تعلیم ہو رہی ہے۔

(۳) وظیفہ کب سے مل رہا ہے۔
(۴) اس وقت تک کس قدر وظیفہ مل چکا ہے۔
(۵) آیندہ کس قدر وظیفہ چاہئے۔
(۶) کب تک کے لئے وظیفہ چاہئے۔
(۷) زیادتی کے اسباب۔
(۸) مدرس اعلیٰ کی سفارش۔
(نوٹ) رقم وظیفہ میں بالعموم زیادتی نہیں ہوتی۔ مدرس اعلیٰ معقول وجوہ کے ساتھ زیادتی کی سفارش کرے تو البتہ بشرط گنجایش خیال کیا جائیگا۔

ضمیمہ (ج)

اقرار نامہ منجانب طالب علم اگر وہ بالغ ہو

جو کہ منمقر ولد ساکن ضلع
(دار العلم) کے درجہ میں تعلیم پاتا ہے اور منمقر کو تکمیل تعلیم کے واسطے مالی امداد کی ضرورت ہے اور منمقر کی درخواست پر انجمن وظیفہ سادات و مومنین نے معرفت آنریبل سکریٹری صاحب انجمن مذکور کو حسب قواعد انجمن مذکور مبلغ ماہانہ وظیفہ من ابتدا نہایت بطور قرض بلا سودی دینا منظور کیا ہے۔ لہذا منمقر یہ اقرار نامہ بحق سکریٹری صاحب موصوف تحریر کرتا ہے۔

اوّل اگرچہ سر دست من ابتدائے نہایتہ ۱۹۰۰ء انجمن نے بشرح ماہوار دینا منظور کیا ہے۔ مگر منمقر کی مدت تعلیم تخمیناً سال تک ہوگی تب کہیں تکمیل تعلیم تک پہونچیگا۔ اس لئے بعد اس مدت کے بھی جس کے لئے سر دست وظیفہ منظور ہوا جس قدر رقم بغرض تعلیم پابندی قواعد انجمن منمقر کو دی جائے گی۔ اس کی بابت یہ اقرار نامہ موثر ہوگا اور مطابق حالات و قواعد انجمن کے مدت و تعداد وظیفہ میں جو کچھ کمی یا بیشی و معطلی و موقوفی ہوتی رہے گی اس کی ذمہ داری و اقرارات کا منمقر پر کوئی اثر نہ پڑیگا

دویم منمقر اقرار کرتا ہے کہ حصول تعلیم محنت و جانفشانی کے ساتھ کرنے میں کسی طرح کمی نہ کریگا۔

سیم جس وقت منمقر بیروزگار ہو جائیگا تو منمقر اس کی اطلاع فوراً بذریعہ تحریر مع پتہ اپنے مقام کاروبار تعینا تی کے سکریٹری صاحب انجمن وظیفہ سادات و مومنین کو دیگا۔

چہارم بعد وسائل آمدنی پیدا ہونے کے جس قدر رقم بموجب قرارداد بالا کے منمقر کے ذمہ انجمن مذکور کی برآمد ہوگی وہ بحساب دس فی صدی آمدنی ماہانہ سے انجمن وظیفہ سادات و مومنین کو بذریعہ سکریٹری صاحب جہاں کہیں بھی دفتر انجمن ہو اس مقام پر ادا کریگا۔ اسی طرح ادائیگی برابر ہوتی رہیگی۔ حتی کہ پوری رقم جو میرے ذمہ برآمد ہوتی ہے ادا نہ ہو جائے اگر منمقر اپنے وعدہ کے موافق ماہ بہ ماہ اپنی ماہانہ آمدنی سے دس روپیہ فی صدی ماہوار ادا نہ کرے یا منجملہ شرائط اقرار نامہ ہذا یا قواعد انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی کسی شرط یا قاعدہ کا انحراف منمقر کرے تو سکریٹری صاحب انجمن موصوف کو اختیار ہوگا کہ روپیہ جو اس وقت حساب سے منمقر کے ذمہ باقی رہ جائے وہ منمقر سے بیشت وصول کرلیں اور وصول کرنے کے لئے اگر نالش دائر کرنے کی ضرورت ہو تو جس مقام پر چاہیں نالش دائر کریں منمقر کو اختیار سماعت کا عذر کسی حالت میں نہ ہوگا۔

پنجم۔ اگر میں اس مدت میں جس مدت کے واسطے مجھے وظیفہ بطور قرض دیا گیا ہے پڑھنا چھوڑ دوں یا انجمن کے کسی قاعدہ سے سرتابی کروں اور انجمن موصوف وظیفہ دینا بند کر دے تو جس قدر روپیہ مجھے اس وقت تک انجمن موصوف سے ملا ہوگا وہ بیشت سکریٹری صاحب انجمن کو ادا کر دوں گا۔ اور تاریخ قطع سلسلۂ تعلیم یا خلاف ورزی قواعد انجمن سے کسی وظیفہ پانے کا مستحق نہ ہوں گا۔

ششم۔ بشرط ضرورت تجدید اقرار نامہ ہذا کی بلا عذر کروں گا ورنہ یہی اقرار نامہ بحال و برقرار متصور ہوگا اور اس کی پابندی منمقر پر برابر رہے گی۔

ہفتم۔ انجمن وظیفہ سادات و مومنین کو ہر وقت اختیار رہے گا کہ وجہ

موجہ سے وظیفہ دنیا مقرر کا موقوف کردے اس صورت میں جس قدر روپیہ وقت موقوفی تک واجب نکلے گا مقرر دا کرنے کا ذمہ دار ہوگا اور سکریٹری صاحب انجمن موصوف کو اس رقم کے وصول کرنے کا اختیار رہے گا۔ چاہے یکمشت وصول کرلیں خواہ باقساط مناسب، اس کے پابند میرے ورثا و قائمقامان بھی رہیں گے۔ لہٰذا یہ اقرارنامہ لکھدیا کہ سند رہے اور وقت ضرورت کام آوے۔

تحریر تاریخ ۱۹ء بمقام

بقلم لکھا گیا

العبد

گواہ گواہ

ضمیمہ (د)

اقرارنامہ منجانب ولی اگر طالب علم نابالغ ہو

منکہ ولد قوم پیشہ ساکن ضلع

کا ہوں جو کہ مسمی جو رشتہ میں میرا

ہوتا ہے درس گاہ میں کلاس

میں تعلیم پاتا ہے اور اس کی تکمیل تعلیم کے لئے مجھ کو جو کہ اس کا سرپرست اور ولی ہوں مالی امداد کی ضرورت ہے اور بلا مالی امداد کے میں اس کے اخراجات کا کفیل نہیں رہ سکتا ہوں اور میری استدعا پر انجمن وظیفہ سادات و مومنین نے اپنے فنڈ سے معرفت آنریری سکریٹری صاحب مبلغ ماہوار تعلیم کے اخراجات کے لئے مدت کے واسطے قرض بلا سودی دینا منظور کرلیا ہے اور وقتاً فوقتاً مدت تعلیم کے اندر منقرر کو وظیفہ مذکور کی تجدید بیا بندی قواعد انجمن بھی کرنا پڑیگی اور انجمن مذکور حسب خواہش منقرر اسی تجدید منظور کریگی لہٰذا اس معاوضہ میں منقرر یہ اقرارنامہ بشرائط ذیل بحق آنریری سکریٹری انجمن مذکور تحریر کرتا ہے اور حسب ذیل اقرارات کی پابندی اپنے اوپر لازم قرار دیتا ہے۔

دفعہ اوّل۔ اگرچہ سر دست من ابتدائے

غایتہ سنہ۱۹ء انجمن نے بشرح ماہوار مسمی

کو دینا منظور کیا ہے مگر مسمی کی مدت تعلیم تخمیناً

سال تک ہوگی تب کہیں تکمیل تعلیم تک پہنچے گا۔ اس لئے بعد اس مدت کے بھی جس کے لئے سر دست وظیفہ منظور ہوا ہے۔ جس قدر رقم بغرض تعلیم بپابندی قواعد انجمن مسمی کو دی جائے گی۔ اس کی بابت بھی یہ اقرارنامہ موثر ہوگا اور مطابق حالات و قواعد انجمن کے مدت و تعداد وظیفہ میں جو کمی یا بیشی و معطلی و موقوفی ہوتی رہے گی اس سے ذمہ و اقرارات منمقریہ کوئی اثر نہ پڑیگا۔

دفعہ ۲۔ یہ کہ مسمی مذکور مدت معینہ تک کسی منتظم اور باقاعدہ درس گاہ میں جس کو سکریٹری صاحب پسند کریں خواندگی کی تکمیل کریگا اور مدت تعلیم کے اختتام سے قبل درس گاہ مذکور سے بلا کسی قوی و معقول وجہ کے نہ چھوڑے گا۔

دفعہ ۳۔ جس وقت مسمی وظیفہ دار برسرکار ہوجائیگا اور ذریعہ آمدنی پیدا کریگا منمقر اس کی اطلاع فوراً بذریعہ تحریر مع پتہ و مقام کاروبار تعیناتی، سکریٹری صاحب انجمن مذکور کی خدمت میں بھیجے گا۔

دفعہ ۴۔ بعد برسرکار ہونے کے اور ذریعہ آمدنی پیدا ہونے کے جس قدر رقم یا فتنی انجمن مذکور بمطابقت قرار داد بالا ہوگی خواہ وہ ابتدائی منظور شدہ رقم ہو یا وقتاً فوقتاً ذریعہ تجدید دی گئی ہو وہ بحساب دس روپیہ فی صدی وظیفہ دار فارغ شدہ کے ماہانہ کے حساب سے دفتر انجمن میں جہاں بھی ہو آنریری سکریٹری صاحب کے پاس بھیجدی جایا کریگی۔ یہاں تک کہ کل رقم واجب الادا بیباق ہوجائے۔ اگر اس وعدہ کے مطابق ماہ بماہ اپنی آمدنی سے بحساب دس روپیہ فی صدی ماہواری انجمن مذکور کا قرضہ رشتہ دار منمقر مذکورہ بالا ادا نہ کرے گا یا تعلیم ترک کردیگا یا انجمن کے کسی قاعدہ کی خلاف ورزی کریگا یا کسی اور وجہ سے انجمن مذکور اس کا وظیفہ بند کردے گی یا شرائط

مذکورۂ بالا میں کسی کی تکمیل نہ ہوگی تو منمقر کل روپیہ یا فنی انجمن از شنبۂ مذکورہ یکمشت جہاں بھی انجمن کا دفتر ہو سکریٹری صاحب انجمن مذکور کو ادا کر دیگا۔ اور اس ذمہ داری کے پابند میرے ورثا اور قائمقام بھی رہیں گے۔ لہٰذا اقرار نامہ لکھدیا کہ وقت ضرورت کے کام آوے

المرقوم تاریخ ۱۹ء مقام

بقلم

العبد

گواہ گواہ

ضمیمہ (۵)

اقرار نامہ منجانب وظیفہ دار بالغ ہونے کے بعد

منکہ ولد قوم ساکن

پرگنہ ضلع کاہوں

جو کہ انجمن وظیفہ سادات و مومنین نے مجھ کو حسب درخواست

ساکن پرگنہ ضلع

وظیفہ بغرض تعلیم بطور قرض دیا ہے اور اب بھی دے رہی ہے جس کی ادائیگی بابت ایک اقرار نامہ مورخہ ۱۹ء نے لکھدیا ہے۔ اب کہ میں مقرار رونے قانون سن بلوغ کو پہنچ گیا ہوں حسب ذیل اقرار کرتا ہوں۔

۱۳۷	۵۲۳	سید سبط ضامن صاحب ولد سید سبط حسین صاحب مرحوم مرزا آباد		۱۳۳۸ھ	۳۳۶ء میں وظیفہ بند ہوا۔
۱۳۸	۵۲۷	شیخ ظل حسنین صاحب بی۔ اے داندو پور الہ آباد	منظفر منزل رانی منڈی الہ آباد	۱۳۳۸ھ	ایل ایل۔ بی میں پڑھ رہے تھے
۱۳۹	۵۲۸	سید علی احمد صاحب بی اے ولد سید محمد اسحٰق صاحب محلہ پتھر کی مسجد ڈاکخانہ جہندرو۔ بانکی پور پٹنہ		۱۳۳۸ھ	۳۳۶ء میں وظیفہ بند ہوا۔
۱۴۰	۵۳۰	سید مقبول حسین صاحب محلہ جوہری لکھنؤ		۱۳۳۸ھ	بیکار ہیں
۱۴۱	۵۳۳	سید آفتاب احمد صاحب کولہاپوری آگرہ	شاہ گنج کولہاپوری آگرہ	۱۳۳۸ھ	دو سال سے خط کا جواب نہیں دیتے
۱۴۲	۵۳۵	سید سبط مرتضیٰ صاحب ولد سید آل مرتضیٰ صاحب پھر سرسیتا پھر تودہ	سوفت سید آل مرتضیٰ صاحب روٹی منڈی شاہ گنج آگرہ	۱۳۳۸ھ	۳۳۶ء میں وظیفہ بند ہوا۔
۱۴۳	۵۳۹	سید شاکر حسین صاحب ولد سید عسکری حسین صاحب محلہ زیدان میرٹھ		۱۳۳۸ھ	۳۳۶ء میں وظیفہ بند ہوا۔
۱۴۴	۵۴۲	سید ممتاز حسین صاحب کندرکی مراد آباد	کندرکی ضلع مراد آباد	۱۳۳۸ھ	کسی خط کا جواب نہیں دیا۔
۱۴۵	۵۴۳	میر امانت حسین صاحب چتورگڈھ ڈاکخانہ فتح گڈھ ضلع گورکھپور		۱۳۳۸ھ	زیر تعلیم ہیں۔
۱۴۶	۵۴۶	سید محمد ہادی حسین صاحب گلی درشاہ عبد العزیز عقب گلاں محلہ دہلی		۱۳۳۸ھ	حالات معلوم نہیں۔
۱۴۷	۵۴۷	سید ہادی رضا صاحب ساکن گوپال پور ضلع سارن	گوپال پور ضلع سارن	۱۳۳۸ھ	اس سال کسی خط کا جواب نہیں آیا
۱۴۸ و	۵۵۲	مرزا اشرف حسین صاحب پختہ محلہ لوزر کٹرہ	کربلائے معلی میں ہیں۔	۱۳۳۸ھ	
۱۴۹	۵۵۳	سید ابن علی صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی پاٹانالہ لکھنؤ		۱۳۳۸ھ	ٹھیک پتہ معلوم نہیں۔
۱۵۰	۵۵۴	سید شبیر حسین صاحب واسطی ولد سید ظہیر حسین صاحب جک حامد پور ڈاکخانہ قبولا ضلع فتحگڑھ		۱۳۳۸ھ	۳۳۶ء میں وظیفہ بند ہوا

نمبر شمار	نمبر جاگیر	نام وظیفہ داران مع سکونت	موجودہ پتہ	رقم	کیفیت
۱۵۱	۵۵۶	سید آل مرتضیٰ صاحب ولد مظلوم مرتضیٰ صاحب	میر صاحب آرہ ضلع شاہ آباد	ماہ الف ۱۲/ ماہ ۱۲/	۱۳۳۶ھ میں وظیفہ بند ہوا
۱۵۲	۵۵۷	سید طاہر حسین صاحب شمسی ولد مولوی سید علی حسن صاحب	محلہ خواص پورہ فیض آباد		//
۱۵۳	۵۵۸	بوئن مرزا صاحب لکھنؤ۔	وکٹوریہ گنج	سہ ۱/	متوجہ نہیں ہوتے۔
۱۵۴	۵۶۱	سید طالب حسین صاحب ولد سید گل حید صاحب	مکھوڑ ضلع کیمل پور	الف ۱۲/ ماہ ۱۲/	۱۳۳۶ھ میں وظیفہ بند ہوا۔
۱۵۵	۵۶۵	مرزا حیدر عباس صاحب کانپور	موضع کورسواں کانپور		کسی خط کا جواب نہیں دیا
۱۵۶	۵۶۷	سید فیاض حیدر عرف سجاد حیدر صاحب بی۔ اے ولد سید حاکم شاہ	صاحب گورنمنٹ پلیڈر مدینہ ضلع گجرات (پنجاب)	الف ۱۱/ سہ ۱/	۱۳۳۶ھ میں وظیفہ بند ہوا۔
۱۵۷	۵۶۹	سید تفضل حسین صاحب	نیوتنی ضلع اناؤ۔		کسی خط کا جواب نہیں دیا۔
۱۵۸	۵۷۳	آغا صاحب مدراسی	بنگرم تعلقہ راصول ضلع گوداوری	سہ	ایل ایل بی کا امتحان دے رہے تھے۔
۱۵۹	۵۷۹	فخر احمد صاحب ولد اخلاق احمد صاحب	محلہ میرزا دگان شوق ضلع رہتک	مالہ عہ ۱۳/	۱۳۳۶ھ میں وظیفہ بند ہوا۔
۱۶۰	۵۸۰	سید موسیٰ رضا صاحب ولد سید علی رضا صاحب	کرنیل گنج کانپور	مالی لطف ۱۲/	//
۱۶۱	۵۸۲	سید ابرحسین صاحب بی۔ اے	مہتمم پٹیالہ	ماہ لطف ۱۱/	
۱۶۲	۵۸۴	سید اشرف حسین صاحب ولد سید زاہد حسین صاحب	شاہگنج آگرہ	صہ ۱۲/	۱۳۳۶ھ میں وظیفہ بند ہوا۔
۱۶۳	۵۸۶	آغا کلب محمد صاحب ولد مرزا اصغر حسین صاحب	محلہ کٹڑہ حاجی حسن آگرہ	صہ ۱۲/	//
۱۶۴	۵۸۸	سید صادق حسین صاحب ولد سید علی حسن صاحب	اندرون سید واڑہ متصل مسجد رتھ خانہ ریاست بھوپال	صہ ۱۲/	//
۱۶۵	۵۹۱	سید محمد زین العابدین صاحب	سید کچہری۔ پٹیالہ	للہ عہ ۱۲/	
۱۶۶	۵۹۵	مرزا اشرف علی صاحب	فتح گڈھ	صہ ۱۲/	زیر تعلیم ہیں
۱۶۷	۵۹۸	سید لیاقت حسین صاحب ولد دوست محمد صاحب	ساکن قصبہ برست ضلع کرنال	ماعہ ۱۲/	وظیفہ ۱۳۳۶ھ میں بند ہوا
۱۶۸	۵۹۹	سید افتخار احمد صاحب ولد سید حسین احمد صاحب	ساکن موضع حسین پورہ ڈاکخانہ نونہرہ ضلع غازی پور۔	سالہ ۱۲/	۱۳۳۶ھ میں بند ہوا۔

میزانکل ۰۰۰-۰۰-۳۰۹۲۳

ہاضوم

آفت معدہ بگیر و جملگی اندام را تا توانی چاق دار ایں منبع استقام را

نفخ و قراقر پیچش و اسہال اور سوء ہضم وغیرہ میں مفید ہے قبض کا دافع ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے درد شکم اور درد حوالی گردہ کو زائل کرتا ہے درد جگر اور درد طحال کا محلل ہے اور غذا کو صحیح طور پر ہضم کر کے خون صالح بننے کی قابلیت پیدا کرتا ہے۔

قیمت فی شیشی چار اونس ۸/ محصول ڈاک ایک شیشی محصول دو شیشی ۱۲/ محصول تین شیشی عہ

المشتہر

خادم الاطبا حکیم سید محمد بشیر ڈاکخانہ حسن پورہ ضلع سارن

ضمیمہ فہرست وظیفہ داران انجمن بابت سنہ ۱۹۳۶ء

نمبر شمار	نمبر رجسٹر	نام وظیفہ دار	نام درسگاہ	قسم وظیفہ جاری	رقم جو اسوقت تک دی گئی ہے — فیس — سابق	فیس — ۱۹۳۶ء	فیس — جملہ	کیفیت
۱	۳۵۹	سید حسنین صادق صاحب	ٹیکنیکل اسکول لکھنؤ	ملے	۱۲	۱۲	۱۲	
۲	۳۶۰	سید سبطین صادق صاحب	گورنمنٹ ہائی اسکول امروہہ	ھ	۷	۷	۷	
۳	۱۹م	سید الطاف حسین صاحب	شیعہ اسکول لکھنؤ	للہ	۸	۸	۸	
۴	۴۳۰م	سید محمد یحییٰ صاحب	پٹنہ کالج بانکی پور	ملے	۸	۸	۸	
۵	۴۳۴م	سید اعجاز حیدر صاحب	وثیقہ اسکول فیض آباد	ع	۱۴	۱۴	۱۴	
۶	۴۴۸	قاضی شیخ محمد صاحب	گورنمنٹ جوبلی کالج لکھنؤ	للہ	۱۴	۱۴	۱۴	
۷	۴۵۱	سید مظفر علی صاحب	ٹریننگ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	ع ھ	۸	۸	۸	
۸	۴۶۳	سید حیدر علی شاہ صاحب	کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور	ھ	۱۱	۱۱	۱۱	
۹	۴۶۴	سید علمدار حسین شاہ صاحب	//	ھ	۱۳	۱۳	۱۳	
۱۰	۴۷۳	سید بشیر حسین صاحب نقوی	مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	ملے	۱۲	۱۲	۱۲	
۱۱	۴۸۵	سید مصباح الحسن صاحب	میرٹھ کالج	ھ	۱۴	۱۴	۱۴	
۱۲	۴۸۹	سید شبیر حسین صاحب	ہکارنی سٹی کالج جبلپور	ھ	۱۳	۱۳	۱۳	
۱۳	۴۹۰	سید غازی الدین حیدر صاحب	راج بی۔ ابن جی گوش ہائی اسکول رحیمپور	ھ	۱۱	۱۱	۱۱	
۱۴	۴۹۲	سید اختر عباس صاحب	فیض عام ہائی اسکول میرٹھ	ھ	۱۳	۱۳	۱۳	
۱۵	۴۹۴	محبوب علی خانصاحب	سلطان المدارس لکھنؤ	للہ	۱۴	۱۴	۱۴	
۱۶	۴۹۶	سید خادم حسین شاہ صاحب	اسلامیہ کالج لاہور	للہ	۳	۳	۳	سنہ ۳۶ء میں وظیفہ نہیں لیا تجدید وظیفہ ہوئی ہے۔ مقارف داخل درج ہے۔
۱۷	۵۰۲	سید واصل علی صاحب	ہندو ہائی اسکول رائے بریلی	ھ	۱۴	۱۴	۱۴	
۱۸	۵۰۳	سید عمار علی صاحب	عربک ہائی اسکول دہلی	ھ	۱۲	۱۲	۱۲	
۱۹	۵۰۴	شاہ محمد طیب صاحب	میڈیکل کالج پٹنہ	ع ھ	۱۳	۱۳	۱۳	
۲۰	۵۰۶	ہابوں قدر صاحب	گورنمنٹ ہائی اسکول علیگڈھ	للہ	۱۲	۱۲	۱۲	
۲۱	۵۰۷	سید ناظر حسین صاحب	ایمرسن گورنمنٹ کالج ملتان	ملے	۱۲	۱۲	۱۲	
۲۲	۵۰۹	سید غلام حیدر صاحب	میڈیکل کالج لکھنؤ	ع ھ	۹	۹	۹	

نمبر شمار	نمبر حساب	نام وظیفہ دار	نام درسگاہ	قسم وظیفہ	رقم جو اسوقت دیگئی مع منی آرڈر اور خطوط			کیفیت
۲۳	۵۱۰	سید مطیع الحسنین صاحب	یونانی میڈیکل اسکول لکھنؤ	ص	۱۰ماہ	۵	۱۰ماہ	
۲۴	۵۱۱	سید محمد مصطفیٰ صاحب	میڈیکل کالج پٹنہ	عہ	۱۰ماہ ۱۲	۵	۱۰ماہ ۱۲	
۲۵	۵۲۱	سید منصور حیدر صاحب	سینٹ اسٹیفنس کالج دہلی	لہ	۱۰ماہ ۱۲	۱۰ماہ ۱۱	۱۰ماہ ۱۳	
۲۶	۵۲۴	سید محبوب حسین صاحب	مہندر کالج پٹیالہ	مہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۵	۱۰ماہ ۱۵	
۲۷	۵۲۵	سید رضی اکبر صاحب	الہ آباد یونیورسٹی الہ آباد	مہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۳	۱۰ماہ ۱۴	
۲۸	۵۲۶	سید ظریاب حیدر صاحب	لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ	مہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۳	۱۰ماہ ۱۴	
۲۹	۵۲۹	سید کوثر حسین صاحب	ہندو کالج دہلی	عہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۳۰	۵۳۱	سید مصطفیٰ حسین صاحب	اسلامیہ کالج لاہور	لہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۳	
۳۱	۵۳۴	سید قاسم سجاد صاحب	ڈی۔ اے۔ وی کالج کانپور	مہ	۱۰ماہ ۱۳	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۳۲	۵۳۷	سید بشیر حسین صاحب	گورنمنٹ ہائی اسکول جونپور	لہ	۱۰ماہ ۱۱	۱۰ماہ ۶	۱۰ماہ ۶	
۳۳	۵۳۸	سید کرار حیدر صاحب	مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	ص	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۷	۱۰ماہ ۷	
۳۴	۵۴۴	عصمت آرا بیگم صاحبہ	گرلز اسکول لکھنؤ	ے	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۳۵	۵۴۸	افسر بیگم صاحبہ	نارمل نسواں اسکول لکھنؤ	لہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۳۶	۵۴۹	قیصر جہاں بیگم صاحبہ	گرلز اسکول لکھنؤ	ے	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۳۷	۵۵۰	سرفراز حسین خاں صاحب	اسلامیہ شمس الہدیٰ پٹنہ	لہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۳۸	۵۵۱	سید محمد مسلم صاحب	مدرسہ ناظمیہ لکھنؤ	لہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۳۹	۵۶۰	سید غلام مصطفیٰ صاحب	گورنمنٹ میڈیکل اسکول امرتسر	عہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۴۰	۵۶۳	سید شبیر حسین صاحب	سینٹ جانسن کالج آگرہ	مہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۴۱	۵۶۴	سید محفوظ حسن صاحب	مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	ص	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۴۲	۵۶۸	سید رضی الدین حیدر صاحب	الہ آباد یونیورسٹی	عہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۴۳	۵۷۰	نثار حیدر حیدری صاحب	بریلی کالج بریلی	ے	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۴۴	۵۷۲	انور علی صاحب	صادق ایجرٹن کالج بہاولپور	ملے	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۴۵	۵۷۴	سید ابن حسن صاحب	لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ	مہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	
۴۶	۵۷۵	سید خورشید الحسنین صاحب	لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ	عہ	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	۱۰ماہ ۱۰	

نمبر شمار	نمبر رجسٹر	نام وظیفہ داران	نام درسگاہ	نمبر شمار	رقم جو اسوقت تک دیگئی مع فیس منی آرڈر اور خطوط			کیفیت
					سابق	۳۶ء	جملہ	
۴۷	۵۷۶	سید وکیل احمد صاحب	بی۔این۔کالج پٹنہ	ک	۳۰	۳۰	۶۰	
۴۸	۵۷۸	سید ذوالفقار حسین صاحب	مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	ے	۵۰	۵۰	۱۰۰	
۴۹	۵۸۳	سید ذوالفقار علی صاحب	اسلامیہ ہائی اسکول مظفر نگر	ے۔	۱۴/۱۲	۱۴/۱۲	۲۹/۱۲	
۵۰	۵۸۹	مرزا حسن عباس صاحب	ہائی اسکول رامپور اسٹیٹ	ص	۱۳/۱۲	۱۳/۱۲	۲۶/۱۲	
۵۱	۵۹۰	مرزا عابد عباس صاحب	〃	للہ	۱۳/۱۲	۱۳/۱۲	۲۶/۱۲	
۵۲	۵۹۲	سید محمد رضا صاحب	شیعہ کالج لکھنؤ	للہ	۱۳/۱۲	۱۳/۱۲	۲۶/۱۲	
۵۳	۵۹۳	سید صابر رضا صاحب	اسلامیہ ہائی اسکول مظفر نگر	ع	۱۳/۱۲	۱۳/۱۲	۲۶/۱۲	
۵۴	۵۹۴	واجد علی صاحب	مدرسہ سلیمانیہ پٹنہ سٹی	للہ	۱۳/۱۲	۱۳/۱۲	۲۶/۱۲	
۵۵	۵۹۷	سید محمد حسین صاحب جعفری	لکھنؤ سلطان المدارس	للہ	۵/۱۲	۵/۱۲	۱۰/۱۲	
۵۶	۶۰۰	سید اشتیاق حسین صاحب	وکٹوریہ جوبلی ٹکنیکل انسٹیٹیوٹ بمبئی	عہ	۸/۱۲	۸/۱۲	۱۶/۱۲	
۵۷	۶۰۱	سید محمد حسن صاحب	عثمانیہ میڈیکل کالج حیدرآباد دکن	ص ع	۱۳/۱۲	۱۳/۱۲	۲۶/۱۲	
۵۸	۶۰۲	حکیم مولوی سید عنایت علی صاحب	سلطان المدارس لکھنؤ	ص	۴/۱۲	۴/۱۲	۸/۱۲	
۵۹	۶۰۳	سید کاظمین احمد صاحب	مسلم یونیورسٹی علیگڈھ	ے	۱/۱۲	۱/۱۲	۲/۱۲	
۶۰	۶۰۴	سید مہدی حسین صاحب	رابرٹسن کالج جبلپور	ے	۱۲/۱۲	۱۲/۱۲	۲۴/۱۲	
۶۱	۶۰۵	سید انظار احمد صاحب	ٹامسن سول انجنیرنگ	ع ے	۱۱/۱۲	۱۱/۱۲	۲۲/۱۲	
۶۲	۶۰۶	شیخ امام حیدر صاحب	مارواڑی اسکول مظفر پور	ع	۱۲/۱۲	۱۲/۱۲	۲۴/۱۲	
۶۳	۶۰۷	سید ذوالفقار حیدر صاحب	مہاراجہ ہائی اسکول جے پور	ے۔	۱۴/۱۲	۱۴/۱۲	۲۸/۱۲	
۶۴	۶۰۸	سید ظہیر حیدر صاحب	سائنس مہاراجہ کالج جے پور	ص۔	۱۲/۱۲	۱۲/۱۲	۲۴/۱۲	
۶۵	۶۰۹ / ۴۳۷	سید اختر حسین صاحب	عثمانیہ میڈیکل کالج ایم۔بی۔بی۔ایس کلاس حیدرآباد دکن	لہ۔	۱۲/۱۲	۱۲/۱۲	۲۴/۱۲	
۶۶	۶۱۰	سید سکندر رضا صاحب	پرنس آف ویلز میڈیکل کالج پٹنہ	لہ۔	۰	۹/۱۲	۹/۱۲	
۶۷	۶۱۱	سید کاظم حسین صاحب	کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور	لہ	۰	۹/۱۲	۹/۱۲	
۶۸	۶۱۳	سید ظہیر علی صاحب	میڈیکل اسکول آگرہ	ک۔	۰	۹/۱۲	۹/۱۲	
۶۹	۶۱۴	نعمت اللہ صاحب	میڈیکل اسکول امرتسر	ک۔	۰	۹/۱۲	۹/۱۲	
۷۰	۶۱۵	سید علی حیدر صاحب	میڈیکل کالج لکھنؤ	لہ۔	۰	۱۲/۱۲	۱۲/۱۲	
۷۱	۶۱۶	محمد علی رضا صاحب	انگلو اسلامیہ ہائی اسکول مظفر نگر	للہ	۰	۱۲/۱۲	۱۲/۱۲	
۷۲	۶۱۷	سید صابر حسین صاحب	لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ	ے	۰	۱۶	۱۶	وظیفہ دار خاص
۷۳	۶۱۸	حکیم سید حسن آغا صاحب	طبیہ اسکول لکھنؤ	۰	۰	۱۶	۱۶	(ڈائیگی بھی شروع کردی ہے)

باب المعلومات

ہدایات متعلق سفر عراق

باب المعلومات کو میں نے دلچسپ اور مفید بنانے کی انتہائی کوشش کی ہے، اور اس میں عوام الناس کے فائدہ کے لئے عام باتیں درج کر دی ہیں۔ اس باب کی ترتیب میں مجھ کو عالیجناب مولوی سید بشیر حسن صاحب امروہوی اور مولوی سید مظاہر حسین صاحب فرقانی نے بڑی مدد پہنچائی ہے میں ہر دو صاحبان کا شکر گذار ہوں۔ "درج و زیارات کے متعلق جو معلومات اس باب میں شائع کیجا رہی ہیں وہ زیادہ تر میں نے درہبر زائرین" سے لکھی ہیں

ٹیکا وغیرہ | عازمان عتبات عالیات کو سب سے پہلے چاہئے کہ چیچک کے ٹیکے اور ہیضہ کے انجکشن لیں اور اس کا سرٹیفکٹ ڈاکٹر سے حاصل کریں بمبئی میں بھی ٹیکے اور انجکشن لگ سکتے ہیں مگر وہاں ہیضہ کے انجکشن کی فیس میں ڈھائی روپیہ صرف کرنے پڑتے ہیں۔

پاسپورٹ | ٹیکے کے بعد پاسپورٹ حاصل کرنا چاہئے جو برطانوی ہند میں مجسٹریٹ ضلع اور ریاستوں میں پولیٹکل ایجنٹ کو درخواست دینے سے مل جاتا ہے۔ مرد کے پاسپورٹ میں اس کی بیوی اور نابالغ بچے بھی شامل ہوتے ہیں۔ پاسپورٹ بمبئی اور کراچی میں بھی مل سکتا ہے مگر وہاں زحمت کے علاوہ کچھ خرچ بھی کرنا پڑتا ہے یکم نومبر ۱۹۳۶ء سے عراق کے ٹرکم پاسپورٹ پر بھی بمبئی میں ویزا کرانا لازمی قرار دیا گیا ہے جس کا فیس دس روپیہ پانچ آنے ہے۔ اگر کوئی شخص ویزا کرائے بغیر بصرہ پہنچ جائیگا تو اسے بمبئی واپس کر دیا جائیگا۔

موسم سفر | عراق کا سفر ہر موسم میں کیا جا سکتا ہے ناقابل برداشت تکلیف کبھی نہیں ہوتی مگر بہتر ہے کہ جنوری، فروری، مارچ، اپریل۔ مئی کے مہینہ میں سفر کیا جائے کیونکہ ان مہینوں میں موسم معتدل رہتا ہے۔

سامان سفر | سامان کم سے کم لینا چاہئے کیونکہ ضرورت کی چیزیں ہر جگہ مل جاتی ہیں زیادہ سامان میں سخت تکالیف کا سامنا ہوتا ہے۔ حسب ذیل سامان کافی ہے، ایک ٹرنک، پانچ چار جوڑے کپڑے، بستر، لالٹین، لوٹا گلاس، چھوٹی انگیٹھی، دیگچی، چمچہ، توا، دو ایک رکابی، اس کے علاوہ بمبئی یا کراچی سے جہاز میں کھانا وغیرہ پکانے کے لئے پانچ سات دن کے لائق کوئلہ، دال، مصالحہ۔ چاول۔ گھی۔ ڈبے کا دودھ شکر اور جہاز کی متلی وغیرہ دفع کرنے کے لئے لیموں کا اچار، سرکہ، چٹنی وغیرہ بھی لے لینی چاہئے جہاز پر یہ چیزیں نہیں ملتیں۔ جو لوگ کھانے کا انتظام خود کرنا نہیں چاہتے ان کو اس سامان کی بھی ضرورت نہیں، جہاز اور شہروں کے ہوٹلوں میں ہر قسم کا کھانا تیار مل سکتا ہے مگر اس میں صرف بہت ہوتا ہے۔ جہاز میں پوری خوراک کا عوض یومیہ دینا ہوتا ہے۔ عراق میں لکڑی اور کوئلہ کیساتھ لے لینا کوئلہ بمبئی یا کراچی سے ساتھ لینا چاہئے۔ بال بچے ساتھ ہوں تو روزمرہ کام آنے والی دوائیں بھی کچھ لے لینی چاہئیں۔

وطن سے روانگی | جہاز بمبئی سے جمعہ اور کراچی سے اتوار کے روز صبح کو عراق کو روانہ ہوتا ہے لہذا وطن سے ایسے وقت چلنا چاہئے کہ بمبئی میں کم از

کم جمعرات اور کراچی میں ہفتہ کے روز پہنچ جائیں، اگر پاسپورٹ وطن میں نہیں لیا ہے تو روانگی جہاز سے تین چار روز پہلے پہونچنا چاہئے۔

بمبئی میں قیام | بمبئی میں مسافر خانہ حاجی دیوجی جمال میں قیام کیا جا سکتا ہے جہاں بہت آرام ملتا ہے۔ علاوہ اس کے وہاں دو انجمنیں بھی ہیں جنکے سکریٹری صاحبان کو اطلاع کر دی جائے تو ان کے بعض ممبر اسٹیشن پر بھی آجاتے ہیں۔ اور ہر طرح کی سہولت بہم پہنچاتے ہیں۔ پتہ یہ ہے۔ سکریٹری صاحب انجمن خدام الزائرین نمبر ۹ ۴ مغل مسجد امام باڑہ روڈ پوسٹ نمبر ۹۔ دوسرا پتہ۔ سکریٹری صاحب انجمن معین الزائرین جیل روڈ نارتھ بمبئی نمبر ۹۔

کراچی میں قیام | کراچی میں حاجی حبیب رحمت اللہ کے مسافر خانہ محلہ کھارادر متصل ریلوے اسٹیشن کراچی میں ٹھہرا جا سکتا ہے۔

ڈاکٹری معائنہ | کراچی میں جہاز پر سوار ہونے سے پہلے ڈاکٹری معائنہ ہوتا ہے عورتوں کا معائنہ لیڈی ڈاکٹر کرتی ہے۔

بصرہ | کراچی سے جہاز روانہ ہو کر جمعرات کے روز بصرہ پہونچتا ہے جہاز سے اتر کر گمرک یعنی دفتر چنگی میں تمام سامان کا معائنہ ہوتا ہے۔

چنگی | عراق میں ضرورت کی سب چیزیں لے جا سکتے ہیں مگر حسب ذیل چیزیں بلا اجازت یا ادائے چنگی نہیں لیجا سکتے ہتھیار ہر قسم کے، بارود کارتوس وغیرہ غلہ، سونے سے زائد سگرٹ، چاندی سے زائد سگار، ایک چھٹانک سے زائد تمباکو۔

عراق ریلوے کی رعایات | عراق ریلوے نے زائرین کو بہت سی سہولتیں پہونچانے کا سامان کیا ہے۔ اسٹیشن کم کر دیا ہے کرایہ میں بھی کافی رعایت کر دی ہے۔ ایک پلگرم انسپکٹر مقرر کیا ہے جس کا محض یہ فرض ہے کہ زائرین کو بصرہ بندرگاہ سے آرام سے اتار کر بصرہ چنگی گھر کی تمام دشواریوں سے نجات دلا کر بصرہ عراق ریلوے اسٹیشن پر پہنچا دے۔ ریلوے کی مال گاڑی کے ڈبے حسب ضرورت جہاز کے سامنے کھڑے رہتے ہیں چنگی سے فارغ ہونے کے بعد ریلوے پلگرم انسپکٹر اپنی نگرانی میں زائرین کا تمام اسباب ریل میں رکھوا دیتا ہے بصرہ ریلوے اسٹیشن پر پہونچنے کے بعد سواری گاڑی میں ہر زائر کی جگہ پر اس کا اسباب کھوا دیتا جاتا ہے چنگی سے فرصت پا کر ریل میں سوار ہو کر مارگل ریلوے اسٹیشن پر پہنچتے ہیں جو یہاں سے ڈھائی میل ہے۔

بصرہ | مارگل اسٹیشن سے بصرہ چار میل ہے یہ نیا بصرہ ہے۔ پرانا بصرہ یہاں سے دس میل کے فاصلہ پر ہے۔ جہاں سوائے کھنڈر کے اب کچھ باقی نہیں۔ یہاں سے کچھ فاصلہ پر قصبہ زبیر ہے جہاں زبیر ابن عوام کی قبر ہے۔ دوسری طرف حسن بصری کی قبر ہے۔ اسٹیشن کے قریب انس بن مالک کی قبر ہے۔ قصبہ زبیر سے ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر مسجد علی ہے مسجد سے نصف میل پر طلحہ کا مقبرہ ہے اس کے اطراف میں میدان جمل ہے جہاں کی جنگ مشہور و معروف ہے۔

بصرہ سے ریل کا سفر | مارگل اسٹیشن سے آئندہ سفر کی تین صورتیں ہیں۔ اوّل۔ یہ کہ اوّل نجف اشرف جائیں اس صورت میں چاہئے کہ حلہ ریلوے اسٹیشن پر اتریں یہاں سے بذریعہ موٹر نجف اشرف جائیں نجف اشرف سے کوفہ، کوفہ سے موٹر کر پھر نجف اشرف آئیں وہاں سے کربلائے معلّٰی وہاں سے کاظمین و سامرہ پھر بغداد۔ بغداد سے خواہ براہ بصرہ وطن جائیں یا مشہد مقدس۔ اور وہاں سے وطن، دوسرے یہ کہ اوّل کربلائے معلّٰی جائیں وہاں سے نجف و کوفہ پھر نجف سے کربلائے معلّٰی واپس آئیں اور پھر کاظمین و سامرہ کی زیارت کر کے براہ بصرہ وطن جائیں یا مشہد مقدس، تیسرے یہ کہ اوّل کاظمین جائیں وہاں سے سامرہ پھر کربلائے معلّٰی اور یہاں سے نجف اشرف و کوفہ وہاں سے پھر کربلا واپس ہو کر بصرہ پہونچیں اس صورت میں اگر مشہد جانا ہو تو دوبارہ بغداد جانا ہوگا ان تینوں صورتوں میں سے جو صورت سفر جانا ہو انتخاب کر لیں۔

بصرہ اور کربلا کے درمیان قابل دید مقامات | شہر ارکے کھنڈر، بہشت شداد اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مولد اسی جگہ بتایا جاتا ہے۔ یہ شہر سنہ عیسوی سے ڈھائی ہزار برس پہلے بہت آباد اور پُر رونق تھا۔ حلہ اسٹیشن سے دو میل ہے، شہر بابل کے کھنڈر، پہلے زمانہ میں یہ بھی بڑا شہر تھا بخت نصر یہیں حکومت کرتا تھا۔ یہاں کوئی اسٹیشن نہیں ہے مگر ریل ٹھہرتی ہے جو اترنا چاہے اتر سکتا ہے اور سیر کے دوسری ٹرین سے مقام مقصود کو روانہ ہوتا ہے۔

شہر کش کے کھنڈر ۔ یہ شہر حضرت عیسیٰؑ سے چار ہزار برس پہلے عظیم الشان شہر تھا۔ حلہ اسٹیشن سے چودہ میل کے فاصلہ پر ہے۔

نجف اشرف نجف اشرف کربلائے معلیٰ سے ۳۶ میل اور بغداد سے سو میل اور کوفہ سے ۶ میل ہے۔

مخصوصی نجف اشرف ۱۷ ربیع الاول، ۲۷ رجب، ۱۲ رمضان المبارک، ان تاریخوں میں زائرین بکثرت آتے ہیں، نجف اشرف اور کربلا کے درمیان دو جگہ موٹر ٹھہرتی ہے ایک خیمہ جو کربلا سے بارہ میل ہے۔ اس جگہ تک امام حسینؑ نے فوج یزید کو ایک حملہ میں بھگایا تھا۔ دوسرا مقام ہمراتے ہے جو خیمہ سے سولہ میل ہے دونوں جگہ چائے روٹی وغیرہ مل جاتی ہے۔

وادی السلام یہ ایک بہت بڑا قبرستان ہے جو نجف اشرف کے تین طرف میلوں میں پھیلا ہوا ہے۔ اس کے جانب شمال حضرت ہودؑ حضرت صالحؑ حضرت ذی الکفل کی قبریں ہیں۔

مقام سید الساجدین روضۂ اقدس کے گوشۂ جنوب و مغرب کی طرف شہر کے کنارے ایک گنبد دار مکان ہے۔ امام زین العابدینؑ جس وقت اپنے پدر بزرگوار کی زیارت کو تشریف لائے تھے تو یہاں قیام فرمایا تھا۔

مسجد حنانہ نجف اشرف سے تھوڑے فاصلہ پر مشرق کی طرف ہے کوفہ جاتے ہوئے عمر سعد نے سر امام حسینؑ کو اسی مسجد میں رکھا تھا۔

روضۂ کمیل ابن زیاد مسجد حنانہ سے گوشۂ جنوب و مغرب کی طرف کچھ فاصلہ پر ہے اس میں کمیل بن زیاد، اخنف بن قیس رشید ہجری صحابیان جناب امیر علیہ السلام مدفون ہیں۔ اس مقبرہ سے دس قدم پر کانی مٹی کا ایک ڈھیر ہے کہتے ہیں کہ زیاد، مغیرہ بن شعبہ اور ابوموسیٰ اشعری علیہم اللعن یہاں دفن ہیں، اس جگہ کے سوائے باقی زمین وہاں کی سفید ہے۔

مسجد سہلہ یہ مسجد روضۂ کمیل سے تقریباً ایک میل ہے یہاں حضرت ادریسؑ کا مکان تھا جہاں درزی کا کام کیا کرتے تھے۔ یہیں سے حضرت ابراہیمؑ یمن اور حضرت داؤدؑ جالوت سے جنگ کرنے کے لئے گئے تھے۔ صور قیامت بھی یہیں سے پھونکا جائے گا۔ شب چہار شنبہ کو یہاں بڑا مجمع ہوتا ہے۔ مسجد سہلہ کے سامنے زیدین صوحان و صعصعہ بن صوحان صحابیان جناب امیرؑ کی مسجدیں اور گھر ہیں۔

مسجد کوفہ یہ مسجد مسجد سہلہ سے ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر ہے۔ اگر براہ راست آئیں تو نجف سے ساڑھے تین میل ہے۔ نجف سے گھوڑے کی ٹرٹیو وغیرہ آتی ہیں اگر عورتیں ساتھ نہ ہوں تو بہتر ہے کہ نجف سے پیدل چلے اور مذکورہ بالا مقامات کو دیکھتا ہوا کوفہ پہونچے اور ٹرٹیوں سے واپس ہو موٹر کا کرایہ ۵ آنے اور ٹرٹیوں کا کرایہ ۴ آنے فی سواری ہے مسجد کوفہ کے وسط میں وہ تنور ہے جس سے طوفان نوحؑ شروع ہوا تھا مقام نوحؑ کے جانب مغرب ایک دروازہ کا نشان ہے جس سے جناب امیر علیہ السلام مسجد میں تشریف لایا کرتے تھے۔ مشرق کی طرف کونے میں ایک کوٹھری ہے یہ حضرت مختار ثقفی کا قید خانہ ہے بعض لوگ کہتے ہیں ان کی قبر بھی یہیں ہے مسجد کے مشرقی دروازہ کے باہر حضرت مسلم کا روضہ ہے اور اس کے سامنے دوسری طرف حضرت ہانی بن عروہ کا مزار ہے بازار سے آگے ذہنی طرف حضرت خدیجہ ہمشیرہ حضرت عباس علمدار کا مزار ہے۔

مسجد کوفہ کی پشت پر مقبرہ جناب مغیم تمار مشہور صحابی جناب امیرؑ کا ہے گوشۂ جنوب و مغرب میں پشت مسجد پر دولت خانہ جناب امیرؑ ہے ایک حصہ میں جائے نشست حضرت زینب و ام کلثوم ہے اور ایک طرف جائے نشست حسنینؑ ہے۔ ایک حصہ میں زیر گنبد جناب امیرؑ کے غسل میت اور ایک کوٹھری میں کفن پہنانے کی جگہ ہے۔ اسی مقام کے قریب ابن زیاد کا قصر تبلایا جاتا ہے لیکن اب ایک ڈھیر پڑا ہوا ہے پہلے کوفہ یہیں آباد تھا اب سب برباد ہو گیا اور نیا کوفہ یہاں سے تقریباً ایک میل کے فاصلہ پر آباد ہوا ہے۔ یہیں فرات کے کنارے حضرت یونس علیہ السلام کا مزار ہے اسکی دیوار پر ایک مچھلی کی تصویر بنی ہوئی ہے جو حضرت یونسؑ کو نگلتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

کربلائے معلیٰ کربلائے معلیٰ بغداد اور کوفہ کے درمیان واقع ہے بغداد سے کربلا ساٹھ میل اور کربلا سے کوفہ چالیس میل ہے۔ یہاں ہر قسم کی ہندوستانی چیزیں مرچیں، اور دالیں وغیرہ بھی مل جاتی ہیں۔

دوکان دار اُردو زبان بھی سمجھ لیتے ہیں۔ خدّام اور اُن کے نوکر اُردو خوب بولتے اور سمجھتے ہیں۔

کربلا میں قیام | زوّار عام طور پر خدّام کے یہاں ٹھہرتے ہیں خدّام ہر طرح آرام پہنچاتے ہیں چلتے وقت زوار اُن کو بطور نذر کچھ پیش کرتے ہیں علاوہ اس کے کارواں سرائے اور ہوٹل بھی ہیں۔ سرائے دیانت الدولہ اور سرائے "آغائی صاحب" میں بلا کرائے ٹھہر سکتے ہیں۔

یہاں بہت سے ہندی لوگ بھی ہیں جو وطن بنا کر رہنے لگے ہیں ان کی معاشرت بالکل عربوں کی سی ہوگئی ہے یہ لوگ غریب ہیں مجالس کرتے ہیں جن میں ہندو سائی طرز کی ذاکری ہوتی ہے۔

روضۂ اقدس | روضۂ اقدس بیچ شہر میں ہے حضرت کے پائین پا حضرت علی اکبر و حضرت علی اصغر کی قبریں ہیں، ان سے دو تین قدم پر دیگر شہدائے کربلا کی قبریں ہیں سب کی ضریح ایک ہی ہے۔ رواق میں جانب جنوب حضرت حبیب ابن مظاہر کی ضریح ہے اسی ضریح کے مقابل ایک نقرئی دروازہ ہے جس کے اندر چند سیڑھیاں ہیں اس مقام پر شمر علیہ اللعنہ نے سر امام مظلوم تن سے جدا کیا۔ رواق میں گوشۂ شمال و مغرب میں سید ابراہیم بن جعفر علیہ السلام کی ضریح ہے۔ گوشۂ شمال و مشرق میں ایک حوض ہے اس مقام پر ایک بیری بغرض نشان قبر لگی ہوئی تھی جس کو ہارون رشید نے کٹوا دیا تھا۔ باب زینبیہ سے نکلکر ایک بازار اس کے آگے ایک چوک ہے جو اونچی جگہ پر واقع ہے یہی پل زینبیہ ہے یہاں سے حضرت زینب اپنے بھائی کی حالت دیکھتی رہتی تھیں۔

خیمہ گاہ امام حسینؑ | اس مقام سے تھوڑے فاصلہ پر خیمہ گاہ امام حسینؑ ہے دروازہ پر پھاٹک ہے اور اندر داخل ہوتے ہی اوّل جگہ حضرت عباس کے خیمہ کی ہے اس کے بعد خیمہ امام حسینؑ اس کے آگے خیمہ اہل حرم کی جگہ ہے۔ اس کے آگے وہ جگہ ہے جہاں امام زین العابدینؑ حالت غشی میں پڑے رہتے تھے اس عمارت سے کچھ آگے ایک کوٹھری ہے جس کو حجلۂ عروسی حضرت قاسم کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

درگاہ حضرت عباسؑ | درگاہ حضرت عباسؑ باب صانی سے تقریباً دو فرلانگ کے فاصلہ پر ہے۔

دیگر مقامات زیارت | روضۂ امام حسینؑ کے باب السلطان سے باہر تھوڑے فاصلہ پر قبر خزن غلام حبشی حضرت ابوذر غفاری ہے۔ درگاہ حضرت عباس کے درقبلہ سے کچھ دور کوچہ شیر فضہ ہے جہاں حضرت فضہ نے شیر کو بلایا تھا جس وقت ملاعین حضرت کا لاشہ پامال کرتے تھے۔ حرم شریف کے پاس تاج محل کے قریب مقام جناب امیرؑ ہے جہاں حضرت نے جنگ صفین سے واپسی کے وقت قیام فرمایا تھا اور خبر دی تھی کہ شبیر اس مقام پر شہید ہوں گے۔ حضرت نوحؑ کی کشتی بھی اسی جگہ تلاطم میں آئی تھی۔ حضرت سلیمانؑ کا تخت بھی یہیں ٹھہرایا تھا۔

شہر کے باہر پل نہر حسینیہ کے پاس ایک کوٹھری ہے جس کو مقام صاحب الزماں کہتے ہیں۔ حضرت زیارت کے لئے آتے تو یہیں قیام فرماتے تھے تھوڑی دور آگے ایک باغ میں ایک گنبد ہے امام جعفر صادقؑ تشریف لاتے تو یہیں ٹھہرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ یہیں میرے چچا عباس نہر فرات میں داخل ہوئے تھے۔ آغائی کی سرائے کے سامنے ایک مقام پر حضرت عباسؑ کا ایک ہاتھ اور دوسرا کوچہ غلام حسین شہید میں شہید ہوا تھا دونوں جگہ ایک ایک طاق بطور یادگار بنا ہوا ہے۔

روضۂ حضرت حرؑ | کربلا سے تین میل کے فاصلہ پر حضرت حرؑ کا روضہ ہے وہاں جانے کے لئے موٹر وغیرہ ملتے ہیں ۶ مرنی سواری کرایہ ہے۔

مخصوصی کربلائے معلّیٰ | کربلائے معلّیٰ کی مخصوصیاں یہ ہیں۔ عرفہ عشرۂ محرم۔ چہلم۔ پندرہ شعبان۔ شبہائے قدر۔ چہلم کے روز بڑا مجمع ہوتا ہے ہر پنجشنبہ کو بھی بہت ہجوم ہوتا ہے۔

کربلا میں خریداری اشیاء | کفن تسبیحیں وغیرہ جو یہاں خریدی جاتی ہیں اُن کی قیمت دوکان دار ہندوستانیوں کو چوگنی پنجگنی بتلاتے ہیں لہٰذا خریدنے میں احتیاط سے کام لینا چاہئے۔ یہی حال بغداد وغیرہ میں ہے۔

کاظمین

کاظمین کربلائے معلّیٰ سے ساٹھ میل اور بغداد سے تین میل ہے کربلا سے موٹر بھی جاتے ہیں اور ریل بھی۔ موٹر سے جاتے ہوئے راستہ میں عون ابن علی اور مسیب میں پسران حضرت مسلمؑ کی زیارت ہو جاتی ہے۔

ریل سے جانے میں یہ دقت ہے کہ مسیب اسٹیشن پر اُترنا ہوتا ہے وہاں کوئی سواری نہیں ملتی لہٰذا میل ڈیڑھ میل پیدل چلنا ہوتا ہے۔

عمارت کاظمین | یہ عمارت شاندار ہے وسط میں روضۂ مبارک ہے۔ جس پر دو گنبد برابر بنے ہوئے ہیں اور ضریح اندر سے ایک ہے یہ امام موسیٰ کاظم و امام محمد تقی علیہما السلام کے مزار ہیں انھیں دو مزاروں کی وجہ سے اسے کاظمین کہتے ہیں۔ ضریح کے جانب جنوب سید ابراہیم و سید اسمٰعیل فرزندان امام موسیٰ کاظمؑ کے مزار ہیں عمارت کاظمین میں حسب ذیل علماء کے مزار ہیں۔ ابن قولویہ استاد شیخ مفید، شیخ مفید، خواجہ نصیر الدین طوسی۔ سید حسن مصنف ہفت بند کاشی آقا سید صدر، سید مرتضیٰ علم الہدیٰ، سید رضی علیہم الرحمۃ۔

بغداد

بغداد عراق کا ایک بڑا شہر ہے۔ شہر کے بیچ میں دریائے دجلہ واقع ہے جس سے شہر دو حصوں میں تقسیم ہو گیا ہے ایک طرف بغداد قدیم ہے اور دوسری طرف بغداد جدید یہاں ضرورت کی تمام چیزیں مل جاتی ہیں بغداد میں حسب ذیل درگاہیں شیعوں کی ہیں۔

مسجد براثا جنگ خوارج کے بعد جناب امیرؑ نے یہاں دس روز قیام فرمایا تھا۔ مقبرہ حضرت حسین ابن روح نائب امام آخر الزماں مقبرہ حضرت نجبر، مقبرہ ابو علی سدی سفیر و نائب حضرت حجۃ و مصاحب حضرت امام حسن عسکریؑ، مقبرہ شیخ محمد خلدنی بن عثمان، مقبرہ یعقوب کلینی، مقبرہ علی بن محمد سامری نائب حضرت حجۃ، روضۂ سید محمد طاہر بن علی بن الحسین معروف، بامام طہ، دیوار جس میں خلفائے بنی عباس کے زمانہ میں سادات زندہ چنوائے گئے۔

حسب ذیل درگاہیں سنیوں کی ہیں۔ مقبرہ شیخ عبد القادر جیلانی مقبرہ امام ابو حنیفہ، مقبرہ امام احمد بن حنبل، مقبرہ معروف کرخی مقبرہ امام غزالی، مقبرہ حسین ابن منصور حلاج، مقبرہ امام ابو یوسف مقبرہ ذوالنون مصری۔

مدائن | مدائن کسریٰ زمانہ میں قدیم ایرانی بادشاہوں کا دار السلطنت تھا۔ بغداد سے مدائن ریل کے قریب ہے موٹر سے جا سکتے ہیں آنے جانے کے لئے سالم موٹر چھ سات روپیہ میں ہو جاتی ہے۔ کسریٰ بادشاہ ایران کے محل (طاق کسریٰ) کی ایک دیوار اور ایک بڑا کمرہ اب بھی باقی ہے۔ یہاں سے ایک میل کے فاصلہ پر حضرت سلمان فارسی، حذیفہ یمانی اور جابر ابن عبد اللہ انصاری صحابیان رسولؐ کی قبریں ہیں۔

سامرہ | اب ایک گاؤں ہے مگر پہلے زمانہ میں یہ بڑا شہر تھا اور بعض خلفائے بنی عباس کا دار السلطنت بھی رہا تھا بعد میں اجڑ گیا اس کے کھنڈر موجود ہیں، سامرہ کاظمین سے پچھتر میل ہے اور ہر روز صبح کے وقت ریل جاتی ہے۔ یہ ریل دجلہ کے ایک کنارے پہنچا دیتی ہے وہاں سے کشتی کے ذریعہ سامرہ پہنچتے ہیں جس کا کرایہ دو آنے ہے۔ راستہ میں ایک اسٹیشن بلد ہے وہاں سے ۶ میل پر روضہ سید محمد بن علی نقی ہے اس کی زیارت کرنا چاہیں تو اس اسٹیشن پر اتر جائیں اور دوسرے دن اسی گاڑی سے سوار ہو کر سامرہ پہونچیں۔ سامرہ میں ایک روضہ ہے جس میں حضرت امام نقی و حضرت امام حسن عسکری حضرت نرجس خاتون اور حضرت حلیمہ خاتون خواہر امام علی نقیؑ کی قبریں ہیں۔ دو اماموں کی قبروں کی وجہ سے اس روضہ کو عسکریین کہتے ہیں۔ اس روضۂ اقدس کے دہنی طرف ایک کنواں ہے جس کا پانی لوگ تبرکاً پیتے اور بوتلوں کی ڈبیوں میں بھر کر لے جاتے ہیں۔ اس کنوئیں کے بعد ایک احاطہ ہے اس کے صحن میں ایک طرف قبہ ہے اس کے نیچے ایک مسجد ہے جس کے متصل دہ سرد آب ہے جہاں حضرت حجۃ عجل اللہ فرجہ کی غیبت ہوئی۔ یہاں کے خدام سب سنی ہیں پرانے سامرہ کے کھنڈر اور قید خانہ امام حسن عسکریؑ روضہ سے تین میل کے فاصلہ پر ہے مکانات کے آثار اب بھی پائے جاتے ہیں متوکل نے ایک مسجد بنوائی تھی جس کا ایک مینار ملویہ نام اب بھی باقی ہے قابل دید چیز ہے۔ عراق کے تمام مقامات متبرکہ کا حال ختم ہوا۔

ہدایات متعلق سفر مشہد مقدس

پاسپورٹ کا ویزا | عراق سے اگر مشہد مقدس جانا چاہیں تو پاسپورٹ کا ویزا ایرانی قونصل سے کرانا چاہئے اس کی فیس دس روپیہ دو آنے ہوتی ہے۔ ویزا کرانے میں پلگرم پروٹیکر سے امداد لی جائے

تو بڑی سہولت سے کام ہو جاتا ہے، پھر اجازت خروج سی۔آئی ڈی عراق سے حاصل کرنا چاہیئے۔

موسم سفر ایران میں نومبر سے فروری تک سخت سردی ہوتی ہے ان مہینوں میں سفر نہ کرنا چاہیئے، مارچ سے اکتوبر تک موسم بہت اچھا رہتا ہے خصوصاً جولائی و اگست کے مہینے کہ ان میں میوہ جات بکثرت ہوتے ہیں۔ ان مہینوں میں سفر میں لطف رہتا ہے۔

کاظمین سے مشہد مقدس کاظمین سے مشہد مقدس بارہ سو میل کے قریب ہے۔ آٹھ دس روز میں بندر بعہ لاری اور پانچ چھ روز میں بذریعہ کار پہنچ جاتے ہیں۔ راستہ میں علاوہ شہروں کے ہر پچیس تیس میل پر قہوہ خانے جہاں کھانے کی چیزیں مل جاتی ہیں کاظمین سے لاری کرایہ کرتے وقت شرائط نامہ سفر میں جس کو تذکرہ کہتے ہیں سب شرائط لکھا لینی چاہئیں۔ مثلاً فلاں فلاں مقام پر ٹھہرینگے اس قدر سامان ہوگا وغیرہ ایک سواری کے تین من یعنی دس سیر سامان بغیر محصول جا سکتا ہے۔ ایرانی من ساڑھے تین سیر کا ہوتا ہے۔

خانقین سے گزر کر کچھ فاصلہ پر ایرانی سرحد شروع ہو جاتی ہے یہاں سامان کا معائنہ ہوتا ہے تمباکو اور شکر پر بہت زیادہ چنگی لی جاتی ہے۔ طہران سے جو ایران کا دار السلطنت ہے ہوائی راستہ حاصل کرنا ہوتا ہے۔ کاظمین سے مشہد تک حسب ذیل مقامات راستہ میں پڑتے ہیں۔

قصبہ شیرین عراق اور ایران کی سرحد کا پہلا شہر۔ کرند آبی شاندار یہاں کی تسبیحیں بہت مشہور ہیں۔ طاق بوستان۔ عراق سلطان آباد۔ قم یہاں حضرت فاطمہ خواہر امام رضا علیہ السلام کا عالیشان مزار ہے۔ علامہ علی بن بابویہ، ابن قولویہ، فتحعلی شاہ قاچار اور شاہ عباس صفوی کا مزار بھی اسی روضۂ مبارک میں ہے۔

قبۂ شہزادہ عبد العظیم جنکا سلسلۂ نسب حضرت امام حسنؑ تک پہنچتا ہے۔ شاندار مقبرہ ہے اسل کے پیچھے حمزہ بن امام موسیٰ کاظمؑ و صحن میں طاہر ابن امام زین العابدینؑ کا مزار ہے۔ ناصر الدین شاہ قاچار کا مزار بھی یہیں ہے۔ یہاں سے چار میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑ ہے جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ حضرت شہر بانو یہیں غائب ہوئی تھیں۔ یہاں ایک قبہ بنا ہوا ہے ایک ضریح بھی بنی ہوئی ہے غیر سید اور حاملہ عورتوں کو اس میں جانے کی اجازت نہیں مشہور ہے کہ اگر غیر سید وہاں جائے تو کانا ہو جاتا ہے طہران دار السلطنت ایران یہاں سے مشہد پانچ سو میل رہتا ہے و امغان یہاں بنی عباس کے زمانہ کی ایک مسجد ہے۔ سید جعفر ابن امام زین العابدینؑ اور سید محمد بن امام موسیٰ کاظمؑ کے مزار بھی ہیں۔ شاہرود سبزوار یہاں یحییٰ بن امام موسیٰ کاظمؑ و شہزادہ سلطان حسین ابن امام زین العابدینؑ کا مزار ہے۔ نیشاپور، یہاں عمر خیام اور فرید الدین عطار کی قبریں ہیں۔ سید محمد بن زید ابن امام زین العابدینؑ کا مزار بھی ہے۔ یہاں فیروزے کی کان ہے۔ قدم گاہ مشہور ہے کہ یہاں امام رضاؑ کے معجزے سے پانی زمین سے جاری ہوا چشمہ اب تک جاری ہے اور حضرتؑ کے پائے اقدس کا نشان ہے۔ شریف آباد یہاں سے ایک سڑک ہندوستان کو ایک ہرات کو جاتی ہے۔

مشہد مقدس

مشہد مقدس ایک بڑا پُر رونق شہر ہے آبادی کے چاروں طرف اونچے اونچے پہاڑ ہیں جاڑوں میں سخت سردی پڑتی ہے۔ فیروزے کی منڈی ہے۔ یہاں اگر کوئی چیز خریدی جائے کسی کے ساتھ جا کر یا کسی کی معرفت اس کی دلالی واجب ہو جاتی ہے اور دوکان دار اس کی دلالی کی قیمت بتلاتا ہے۔ یہاں تک کہ جس مکان میں ٹھہرو اور کوئی بیچنے والا یہاں کوئی چیز فروخت کرے تو مکان والا اپنی دلالی لے لیتا ہے۔

روضۂ رضویہ یہ بڑی شاندار عمارت ہے صحن میں کتب خانہ ہے جس میں ہزار ہا کتابیں ہیں ایک قرآن شریف خط کوفی میں جناب امیر علیہ السلام کا لکھا ہوا بتلایا جاتا ہے دو قرآن شریف مشہور خوشنویس تبریز کے لکھے ہوئے ہیں۔ عراق کی طرح یہاں بھی خدام ہیں ہندوستانی زائر ملا غلام حسین قبتی کے یہاں ٹھہرتے ہیں۔ ہر کام میں خدام سے مدد مل سکتی ہے۔

قابل زیارت چیزیں قتل گاہ صحن کہنہ میں واقع ہے۔ سنگ محک ایک چھوٹے کمرہ میں یہ پتھر رکھا ہوا ہے جب حضرت کو زہر

کی تکلیف ہوتی تھی تو آپ اسے پیٹ پر رکھ لیتے تھے۔ یہاں ایک پاؤں کا بھی نشان ہے جسے جناب امیرؑ کا بتاتے ہیں۔ مسجد گوہر شاد۔ یہ مسجد گوہر شاد خاتون زوجہ میرزا شاہرخ ابن امیر تیمور نے بنوائی تھی۔ اس مسجد کے گنبد پر "اللہ اکبر" اس طرح لکھا ہوا ہے کہ ہر طرف سے سیدھا پڑھا جاتا ہے۔ مزار خواجہ ربیع ابن خیثم صحابی جناب امیرؑ شہر سے تین میل ہے لاری جاتی ہے۔ خواجہ ابو الصلت ہروی صحابی امام رضا علیہ السلام متصل مزار خواجہ ربیع۔ شیخ طبرسی کا مزار قتل گاہ میں۔ شیخ بہاء الدین عاملی کا مزار حرم اقدس میں مقبرہ نادر شاہ بالائے خیابان لب سڑک۔ مقبرہ فردوسی مشہد سے بارہ میل کے فاصلہ پر ہے لاری جاتی ہے۔

مشہد مقدس سے ہندوستان

مشہد سے واپس ہونے کے لئے دفتر نظمیہ (پولیس) سے اجازت خروج لینی ہوتی ہے۔ یہ کام خدام کرا دیتے ہیں۔ یہ اجازت صرف پندرہ روز تک کام دیتی ہے اس مدت میں واپسی نہ ہو تو دوبارہ اجازت لینی پڑتی ہے۔ ز قرار ایران میں صرف ایک مہینہ رہ سکتے ہیں اس سے زیادہ رہنا ہو تو مہینہ اجازت لینا چاہئے۔

مشہد سے شریف آباد۔ تربت حیدری۔ قائین۔ برجند۔ کیان۔ سفید آباد۔ حرمک۔ دندان (آب زندان کہتے ہیں) اور میرجاوا ہوتے ہوئے بذریعہ لاری نوک کنڈی پہنچتے ہیں یہ سفر سات سو پچیس میل کا ہے جو چار روز میں طے ہوتا ہے۔ راستہ میں سیستان کا زیادہ حصہ پڑتا ہے جو ریگستانی ملک ہے اور قہوہ خانے دور دور ہیں۔ حرمک تا سفید آباد سو میل اور میرجاوا تا نوک کنڈی نوے میل میں پانی مطلق نہیں ملتا لہذا پانی کافی مقدار میں چھوٹے مشکیزوں میں جو مشہد میں ملتے ہیں بھر کر ساتھ لے لینا چاہئے کھانا بھی کئی وقت کا ان مقامات کے شروع ہونے سے پہلے لے لینا چاہئے۔ اور چونکہ نوک کنڈی اسٹیشن سے ریل ہفتہ میں صرف ایک مرتبہ جمعرات کے روز شام کے وقت چھوٹتی ہے اس لئے مشہد سے ایک دو روز پہلے چلنا چاہئے۔ راستہ میں لاری فیل ہونے یا اور کسی وجہ سے نوک کنڈی پر گاڑی نہ ملے تو سخت زحمت ہوتی ہے۔

معائنہ چنگی

راستہ میں اول زاہدان اور پھر میرجاوا میں جو ایران کی سرحد پر ہے اسباب کا معائنہ ہوتا ہے سونا چاندی خاص طور پر دیکھے جاتے ہیں کوئی چیز بھی سونے کی نکلتی ہے تو ضبط ہو جاتی ہے اس کے علاوہ جرمانہ ہوتا ہے۔ نوک کنڈی ریلوے اسٹیشن جنگل میں ہے پانی یہاں کوئٹہ سے آتا ہے۔ چند مکانات ریلوے ملازمین کے ہیں چند دوکانیں بھی ہیں کھانا بھی مل جاتا ہے نوک کنڈی سے ہندوستان کے لئے ریل ملتی ہے یہاں سے دہلی کا ٹکٹ براہ سمانہ لینا بہتر ہے براہ لاہور کرایہ بھی زیادہ ہے اور وقت بھی زیادہ صرف ہوتا ہے۔

ہندوستان سے مشہد

اگر ہندوستان سے مشہد جانا ہو تو ٹکٹ وغیرہ سے فرصت پا کر اور پاسپورٹ لیکر وطن سے ایسے روز چلیں کہ جمعہ یا شنبہ کو کوئٹہ پہونچ جائیں کیونکہ کونسل ایرانی قونصل سے پاسپورٹ کا ویزا کراتا ہوتا ہے اور ان کا دفتر اتوار کے روز بند ہوتا ہے۔ ادھر کوئٹہ سے نوک کنڈی کو ہفتہ میں صرف ایک مرتبہ دوشنبہ کے روز صبح کے وقت ریل چھوٹتی ہے اگر دیر میں پہونچنے کی وجہ ویزا نہ ہو سکا تو ہفتہ بھر وہاں پڑا رہنا پڑیگا۔ کوئٹہ میں قیام کے لئے ایک نام پتہ دے دیا ہے۔

جو حضرات صرف مشہد مقدس کا زیارت کرتے ہیں ان کی فیس دینا معافی پاسپورٹ ہے اور جو مشہد سے عراق بھی جانا چاہتے ہیں اور حدود ایران میں ایک ماہ سے زائد قیام نہیں کرنا چاہتے ان کو صرف تیرہ آنے فیس کے دینے ہوتے ہیں۔ پاسپورٹ کے فوٹو پر مجسٹریٹ ضلع کے دستخط ہونے چاہئیں اور ایک زائد فوٹو بھی دفتر قونصل میں دینے کے لئے ساتھ ہونا چاہئے۔

کوئٹہ سے پیر کے روز صبح کے وقت ریل روانہ ہو کر منگل کے روز نوک کنڈی پہنچتی ہے اور نوک کنڈی سے مشہد تک لاری میں جاتے ہیں کوئٹہ سے مشکیزے خرید کر پانی کافی اپنے ساتھ لے لینا چاہئے۔ میرجاوا میں سامان کا معائنہ ہوتا ہے تمباکو اور عطر نہیں لے جاتے۔ باقی حالات مشہد ہندوستان میں دیکھئے۔

دیگر معلومات

سکہ انگریزی سکہ اب عراق اور ایران میں کہیں نہیں چلتا مگر عراقی اور ایرانی سکہ کا تبادلہ بآسانی ہوجاتا ہے لہذا ہر ملک کی حدود میں داخل ہونے سے پہلے حسب ضرورت سکہ کا تبادلہ کرا لینا چاہئے۔ انگریزی نوٹ زاہدان اور مشہد میں بھی تبدیل ہوجاتے ہیں۔

عراق اور ایران کی ڈاک

خطوط عراق اور ایران کے ہر شہر کو کارڈ ۳ ر میں اور لفافہ ایک اونس تک ۳۰ ر میں اور زیادہ ہو تو ہر اونس یا جزو پر ۲ ر اور زائد لگتے جاتے ہیں۔

منی آرڈر عراق کے ہر شہر اور ایران کے ان شہروں کو جو سمندر کے کنارے ہیں منی آرڈر ہوسکتے ہیں عہ ۱ تک ۳ ر عہ ۵ تک ۶ ر اس کے بعد اگر پچیس پر صرف دس یا اس سے کم زائد ہوں تو ۳ ر اور پچیس روپیہ ہوں تو ۶ ر اور دینے ہونگے۔

پارسل عراق کے ہر شہر کو دو پونڈ تک عہ ۳ پونڈ تک عہ ۷ پونڈ تک عہ ۱۱ پونڈ تک ہے ۲۰ پونڈ تک سے میں جا سکتے ہیں۔
اور شہر کو دو پونڈ تک عہ ۳ پونڈ تک عہ ۸ پونڈ تک عہ ۱۱ پونڈ تک عہ ۱۴ میں جا سکتے ہیں۔

بیمہ بیمہ کی فیس ہر سو اسی روپیہ یا جزو پر ۴ ر ہے

تار عراق اور ایران کے ہر بڑے شہر کو جا سکتا ہے معمولی تار عراق کو ۱۴ ر فی لفظ اور ایران کو معمولی تار عہ ۱ فی لفظ ۸ ر فی لفظ اسی طرح عراق اور ایران سے بھی تار آسکتے ہیں۔ ڈاک کا جہاز ہر اتوار کو کراچی سے روانہ ہوتا ہے لہذا خط ایسے روز ڈالنا چاہئے کہ شنبہ کے روز تک کراچی پہونچ جائے ورنہ پھر دوسرے ہفتہ کے جہاز سے نکلے گا۔

شیعوں کے خاص ہوائی رسائل (۱) الاصلاح لکھنؤ ایڈیٹر مولوی سید علی حیدر صاحب چندہ سالانہ ۷ ر (۲) مہر نیمروز ملتان ایڈیٹر خواجہ عشرت حسین صاحب چندہ سالانہ عہ ۱ ر (۳) الہلال ورھا ایڈیٹر سید محمد محسن صاحب ایم۔اے۔ چندہ سالانہ ۷ ر (۴) مسلم ریویو (انگریزی میں) الہ آباد ایڈیٹر

نقشہ کرایہ ریل وغیرہ

جس سے ہندوستان سے عراق تک ہر چیز کا کرایہ معلوم ہوتا ہے

نام مقام	فاصلہ	کرایہ تیسرا درجہ	کرایہ دوسرا درجہ	مدت سفر
دہلی تا بمبئی	۸۴۵ میل	عہ ۱۴/	عہ ۱۱/	۳۵ گھنٹے
" تا کراچی	۷۱۱ میل	عہ ۱۳/	عہ ۱۱/	۴۸ "
بصرہ تا کربلا	۳۳۳ "	۹/	۱۱/ روعہ	۱۸ "
بصرہ تا کربلا واپسی	۰	عہ ۸/	للعہ	
کاظمین تا سامرہ	۷۴ میل	عہ ۸/	للعہ ۸/	۳ گھنٹے
کربلا تا کاظمین	۶۰ "	عہ ۸/	لعہ ۱۲/	۴ "

کرایہ جہاز	فاصلہ	کرایہ تیسرا درجہ	کرایہ دوسرا درجہ	مدت سفر
بمبئی تا بصرہ یک طرفہ	۱۶۵۰ میل	لعہ ۸/	۱۰ عہ بلا خوراک	
بمبئی تا بصرہ یک طرفہ مع خوراک		روعہ ۸/	۱۰ عہ	
بمبئی تا بصرہ دو طرفہ بغیر خوراک		منعہ ۸/	سالا للعہ	

نام مقام	فاصلہ	کرایہ لاری	کرایہ موٹر	مدت سفر
کربلا تا نجف	۵۰ میل	عہ ر	عہ ر	۳ گھنٹے
کربلا تا کاظمین	۶۰ "	عہ ر	سے ر	" "
کاظمین تا سامرہ	۷۴ "	عہ ر	لعہ ر	۴ "
بغداد تا مدائن آمد و رفت	۲۰ "	عہ ر	سے ر	۴ "

عاجز حسین صاحب چندہ سالانہ عہ ر (۵) الحافظ لاہور ایڈیٹر نور ملیفاکس چندہ سالانہ عہ ر (۶) مرہٹہ شاہی۔ ایڈیٹر مولوی جمیل حسین صاحب چندہ سالانہ عہ ر۔ (عورتوں کا رسالہ ہے)

نقشہ جس سے ہندوستان سے ایران ہوکر عراق پہونچنے کا ریل کا کرایہ معلوم ہوتا ہے

نام مقام	فاصلہ	تیسرا درجہ	دوسرا درجہ	مدت سفر
دہلی تا کوئٹہ	۸۵۲	عہ ۹ عہ	عہ ۵	۴۱ گھنٹے
کوئٹہ تا نوک کنڈی	۳۱۸	۵ عہ		۲۴ "
خانقین تا بغداد		ہے	عہ ۵	۱۴ "

نقشہ کرایہ کا رولاری

نام مقام	فاصلہ	لاری	کار	مدت سفر
نوک کنڈ تا زاہدان (دزداب)	۱۲۵ میل	تومان		۱۲ گھنٹے
زاہدان تا مشہد	۶۰۰ میل	معہ تومان	عہ تومان	۳ دن
مشہد تا طہران	" "	صہ تومان	معہ تومان	" "
طہران تا شاہ عبدالعظیم آمد و رفت	۴ "	عہ تومان	ہے تومان	آدھ گھنٹہ
طہران تا قم	۹۰ میل	عہ تومان	ہے تومان	۶ گھنٹے
طہران تا کرمان شاہ	۳۰۰ "	صہ "	×	۲ دن
کرمان شاہ تا خانقین	۱۶۹ "	ہے "	×	۸ گھنٹے
کرمان شاہ تا کاظمین	۲۶۹ "	للعہ تومان	×	۲۴ گھنٹے

حاجیوں کے اخراجات

عازمان حج کے لئے ذیل میں بمبئی پورٹ حج کمیٹی کا نقشہ مصارف پیش کیا جاتا ہے جسکی میزان کل رقموں کی روپیوں کی شکل میں درج ہیں لیکن واضح رہے کہ جہازیں بھی دوسری حکومتوں کی طرح معیار تبادلہ سونا ہے اور جو شخص اپنے پاس روپیہ لیکر جائیگا اُسے بہرحال وہاں کے نرخ پر تبادلہ کو قبول کرنا پڑیگا۔ ایک سنہری پونڈ کے ایک سو دس قرش میری ہوتے ہیں اور ستمبر کے نرخ تبادلہ کے مطابق ایک سو دس قرش میری بائیس روپیہ چھ آنے کے برابر تھے۔ ذیل کا اندازہ اسی شرح پر کیا گیا ہے۔ ممکن ہے شرح میں کمی بیشی ہوجائے تاہم خیال ہے کہ وہ کمی بیشی مندرجہ ذیل اندازہ میں کوئی نمایاں فرق پیدا نہ کریگی۔ تمام مصارف درجہ وار درج ہیں جو حاجی مثلاً جہاز اور ریل میں درجہ سوم میں سفر کرنا چاہیں وہ اپنے مصارف کا نقشہ ذیل کے انداز کو سامنے رکھ کر خود تیار کرسکتے ہیں۔ کرایہ ریل کے متعلق یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ یہ محض سرسری اندازہ پر لگایا گیا ہے ورنہ ظاہر ہے کہ ہر حاجی کا کرایہ ریل مختلف ہوگا۔ تاہم یہ واضح رہے کہ ریل کا تیسرے درجہ کا کرایہ زیادہ سے زیادہ پندرہ روپے اور کم سے ایک روپیہ ہوگا۔ باقی مصارف میں کمی بیشی کا کوئی موقع نہیں بایں یہ کہ شرح تبادلہ کی بنا پر تھوڑی سی کمی بیشی ہوجائے۔

درجہ اوّل کے مسافروں کے کل خرچ کی میزان

ایک ہزار تین سو پانچ روپیہ تین آنے دس پائی ۱۰-۳-۰-۱۳۰۵

مصارف مدینہ منورہ دو سو تراسی روپیہ گیارہ آنے ۶ پائی ۶-۱۱-۲۸۳ کل مصارف

۴-۱۵-۱۶۸

درجہ دوم کے مسافروں کا خرچ

آٹھ سو اسّی تین آنے دس پائی ۱۰-۳-۸۸۰

مصارف مدینہ منورہ دو سو چھتیس تیرہ آنے ۰-۱۳-۲۳۶

جو لوگ مدینہ منورہ میں آٹھ روز سے زائد قیام کرنا چاہیں اُنھیں تقریباً پچیس روپیہ اور دینے پڑینگے۔ درجہ سوم کے مسافروں کا خرچ۔ تین سو اکیانوے چھ آنے گیارہ پائی ۱۱-۶-۳۹۱

مدینہ منورہ کے مصارف۔ ایک سو اڑتالیس سات آنے دس پائی ۱۰-۷-۱۴۸ میزان کل ۶-۱۴-۱۴۸

غرّہ ہر ماہ معلوم کرنے کا طریقہ

از معجزات جناب امیرؑ | سنہ ہجری میں سے نوسو نوّے (۹۹۰) گھٹا کر باقی اعداد کو آٹھ پر تقسیم کرنا چاہیئے بعدہٗ جو کچھ بچے اُس کے مطابق حروف کے خانوں میں دیکھنا چاہیئے جس مہینہ کی پہلی درکار ہوگی انشاء اللہ العزیز معلوم ہو جائے گی۔ مثلاً ۱۳۵۵ھ میں ذی الحجہ کی پہلی معلوم کرنا ہے اولاً اس میں سے نوسو نوّے (۹۹۰) گھٹائے تو تین سو پینسٹھ رہے ان کو آٹھ پر تقسیم کرنے سے پانچ باقی بچے چنانچہ حرف پنجم صاد کے نیچے کے خانوں میں ذی الحجہ کے مقابل شنبہ تحریر ہے، معلوم ہوا کہ ماہ مذکور کی پہلی شنبہ کو ہوگی۔

نمبر شمار	۰	ج	ع	ف	ر	ص	ا	د	ق
۰	الشہور	یکم	دوم	سوم	چہارم	پنجم	ششم	ہفتم	ہشتم
۱	محرم	یکشنبہ	پنجشنبہ	سہ شنبہ	شنبہ	چہارشنبہ	دوشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ ۱۰
۲	صفر	شنبہ	شنبہ	پنجشنبہ	دوشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ	یکشنبہ	جمعہ ۶
۳	ربیع الاوّل	چہارشنبہ	یکشنبہ	جمعہ	شنبہ	پنجشنبہ	دوشنبہ	شنبہ	۹
۴	ربیع الثانی	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	پنجشنبہ	دوشنبہ	شنبہ	چہارشنبہ	دوشنبہ ۱۰
۵	جمادی الاول	شنبہ	چہارشنبہ	دوشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	پنجشنبہ	شنبہ ۹
۶	جمادی الثانی	دوشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ	شنبہ	چہارشنبہ	شنبہ	دوشنبہ	پنجشنبہ ۸
۷	رجب	شنبہ	شنبہ	پنجشنبہ	دوشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ	یکشنبہ	جمعہ ۶
۸	شعبان	پنجشنبہ	دوشنبہ	شنبہ	چہارشنبہ	یکشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ ۶
۹	رمضان	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	پنجشنبہ	دوشنبہ	شنبہ	چہارشنبہ	دوشنبہ ۶
۱۰	شوال	یکشنبہ	پنجشنبہ	شنبہ	شنبہ	چہارشنبہ	دوشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ ۱۰
۱۱	ذیقعدہ	دوشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ	یکشنبہ	پنجشنبہ	شنبہ	شنبہ	پنجشنبہ ۸
۱۲	ذی الحجہ	چہارشنبہ	یکشنبہ	جمعہ	شنبہ	پنجشنبہ	دوشنبہ	شنبہ	۹

سلور جوبلی منیجر خرید فرما کر | رباعی | دوست و احباب میں تقسیم کیجئے

ہفت روزے نحس باشد در مہے | زاں حذر کن تا نیابی ہیچ رنج

سہ و پنج و سیزدہ باشد نزدہ | بست و یک با بست و چار و بست و پنج

نقشہ تاریخہائے نحس اکبر ہر ماہ

محرم	۱۱	۱۴	۲۲
صفر	۱	۱۰	۲۰
ربیع الاول	۴	۱۰	۲۰
ربیع الثانی	۱۰	۱۱	۲۸
جمادی الاول	۱۰	۱۱	۲۸
جمادی الثانی	۱	۱۱	۱۲
رجب	۱۱	۱۲	۱۳
شعبان	۱۴	۲۰	۲۶
رمضان	۳	۲۰	۲۴
شوال	۲	۶	۸
ذیقعدہ	۶	۱۰	۲۸
ذی الحجہ	۸	۲۰	۲۸

عربی ماہ کی جو تاریخ ان تاریخوں سے

مطابق ہوگی اس میں قمر در عقب

ضرور ہوگا

چیت	بیساکھ	جیٹھ	اساڑھ	ساون	بھادوں	
۱۸	۱۶	۱۳	۱۱	۸	۶	
کنوار	کاتک	اگھن	پوہ	ماہ	پھاگن	
۳	۱۰	۲۸	۲۶	۲۳	۲۱	

جدول ایام سعد و نحس ہفتہ بنا بر احادیث ائمہ معصومین علیہم السلام مصدقہ شمس العلماء سرکار آقا سید ناصر حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر مدظلہ العالی

روز

جمعہ سردار دنوں کا ہے اور بہترین عیدوں کا ہے اور حدیث میں وارد ہے کہ آفتاب طلوع اور غروب نہیں کرتا کسی دن میں کہ افضل اور بہتر جمعہ سے ہو اور اس دن میں ایک ساعت ہے کہ قبول ہوتی ہیں اس ساعت میں دعائیں اور مبارک ہے واسطے تزویج اور نکاح کے اور سنت ہے اس میں غسل کرنا اور حمام میں جانا اور سر منڈانا اور ناخن اور شارب لینا اور پیش از نماز جمعہ سفر کرنا مکروہ ہے اور ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ جو سفر کرے قبل نماز جمعہ تو ندا کرتا ہے ایک فرشتہ کہ نہ پھیرے تجھ کو خدائے تعالی۔

شنبہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ خدائے مبارک کیا ہے واسطے میری امت کے صبح و شام روز شنبہ اور پنجشنبہ کو اور سب کاموں کے واسطے خوب ہے خصوصاً سفر کرنے کے لئے حدیث میں وارد ہوا ہے کہ اگر روز شنبہ ایک پتھر اپنی جگہ سے دور ہو تو البتہ حق تعالی اس کو اس کی جگہ پھیر دیتا ہے خوب ہے واسطے عمارت بنانے اور شادی کرنے کے اور میانہ ہے اکثر کاموں کے لئے۔

یکشنبہ نحس ترین ایام ہے اور کسی کام کے لئے مبارک نہیں ہے اور سفر کرنا اس روز میں خوب نہیں ہے اور واسطے حاجت کے جانا بہتر نہیں ہے اس واسطے کہ ممانعت اس روز کی وارد ہوئی ہے اور روز وفات رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور روز عید دشمنان

دوشنبہ

رسولؐ کا ہے۔

سہ شنبہ میانہ ہے واسطے اکثر کاموں کے اور حدیث میں وارد ہوا ہے کہ سفر کرنا اس روز میں کہ خداوند عالمیان نے اس دن میں حضرت داؤدؑ کے واسطے آہن کو نرم کیا تھا اور منقول ہے کہ جس پر حاجت دشوار ہو تو اُس کو طلب کرے روز سہ شنبہ میں سخس ہے اور اکثر کاموں کے واسطے شائستہ نہیں ہے اور نہی وارد ہوئی ہے لوزہ لگانے اور سفر کرنے سے اس روز

چہار شنبہ میں اور بعض روایات میں تجویز سفر وارد ہوئی ہے۔

پنجشنبہ مبارک ہے واسطے سب کاموں کے خوب ہے خصوصاً واسطے طلب حاجت اور سفر کرنے کے۔

قواعد محکمہ ڈاک و تار جدید

پوسٹ کارڈ ۔ ہر جوابی کارڈ ۱ ۔ ہر لفافہ ایک تولہ ۱ ایک تولہ سے زائد ہر تولہ کے لئے ۔ ہر

بک پوسٹ مطبوعہ کاغذات، کتابیں، سادہ کاغذ، تصویریں، نقشے، کاپیاں، پروف، مسودہ اور دوسرے کاروباری کاغذات جنکا پرائیویٹ خط و کتابت سے کوئی متعلق نہ ہو بذریعہ بک پوسٹ جا سکتے ہیں ایک پیکٹ کا سائز زائد سے زائد دو فیٹ لمبا ایک فٹ چوڑا اور ایک فٹ اونچا ہو سکتا ہے گول پیکٹ کی لمبائی زائد سے زائد ۲½ فیٹ اور قطر ۴ - انچ ہونا چاہئے۔ اور ہر پیکٹ کے سرے کھلے ہونے چاہئیں اگر بغیر کاغذ چاک کئے اندر کی چیز دیکھی جا سکے۔ ابتدائی تولہ بک پوسٹ پیکٹ پر دو پیسے محصول ہوگا اور ½ ۲ تولہ سے زائد پارسل کی زیادتی پر - ۱ بڑھ جائیگا۔

منی آرڈر کا محصول دس روپیہ تک ۲ ۔ دس روپیہ سے پچیس تک ۴ ۔ پچیس سے پینتیس تک ۶ ۔ پینتیس سے پچاس تک ۸ ۔ پچاس سے ساٹھ تک ۱۰ ۔ ساٹھ سے پچھتر تک ۱۲ ۔ پچھتر سے پچاسی تک ۱۴ ۔ پچاسی سے سو تک ۱۶ ۔

چھ سو روپیہ سے زائد منی آرڈر نہیں ہو سکتا اور جو منی آرڈر بذریعہ تار بھیجنا ہو تو منی آرڈر فارم کی خانہ پری کرکے بذریعہ تار کا لفظ لکھدینا چاہئے۔ اس کی فیس حسب ذیل ہے۔

فیس منی آرڈر بجواب روپیہ فیس تار بجواب الفاظ پتہ۔

تار دو قسم کے ہوتے ہیں ایک معمولی دوسرا ضروری ان کی فیس حسب ذیل ہے۔

ضروری تار کی فیس آٹھ الفاظ تک ۱ جس میں مکتوب الیہ کا پتہ بھی شامل ہے۔ اگر الفاظ آٹھ سے زائد ہو جائیں گے تو ہر لفظ پہ ۲ ۔ زائد دینا ہوگا۔

معمولی تار کی فیس آٹھ الفاظ تک ۹ جس میں مکتوب الیہ کا پتہ بھی شامل ہے اگر الفاظ آٹھ سے زائد ہوں تو ہر لفظ پر ایک آنہ زائد لگایا جائیگا

بیمہ اپنے تمام قیمتی سامان - نوٹ - چک - ہنڈیاں زیورات اور قیمتی دھاتیں، مثلاً چاندی، سونا، وغیرہ کے پارسل کو بیمہ کرانا چاہئے جس پر علاوہ فیس رجسٹری اور محصول پارسل کے مندرجہ ذیل شرح سے ٹکٹ لگانے چاہئیں - یک صد روپیہ کی مالیت تک ۳ ۔ ڈیڑھ سو پر ۴ ۔ دو سو پر ۵ ۔ دو سو سے ایک ہزار تک فی سیکڑہ ۲ ۔ ایک ہزار سے تین ہزار تک فی سیکڑہ ۱ ۔ تین ہزار سے زائد بیمہ نہیں کیا جا سکتا۔

سیونگ بنک (۱) ہر شخص اپنے نام پر یا اپنے نابالغ بچہ کے نام پر جس کا وہ خود سرپرست ہے ڈاکخانہ کے سیونگ بنک میں روپیہ جمع کرا سکتا ہے۔

(۲) اس روپیہ پر دو روپیہ فی صدی سالانہ کے حساب سے سود ملے گا۔ سود اُس سے کم رقم پر نہیں ملیگا جو مہینہ کے شروع سے آخر تک ڈاکخانہ میں جمع رہی ہو۔

(۳) ایک نام پر ایک ہی حساب کھولا جا سکتا ہے۔

(۴) چار آنے سے کم کوئی رقم جمع نہیں ہوگی اور پائیاں بھی جمع نہیں ہونگی

(۵) ایک سال میں ساڑھے سات سو روپیہ سے زیادہ جمع نہیں ہو سکتا

(۶) ہفتہ میں ایک ہی بار روپیہ نکال سکتا ہے۔ سرکاری ہفتہ پیر (دوشنبہ) سے شروع ہو کر شنبہ کو ختم ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص شنبہ کو روپیہ نکلوائے تو دوشنبہ کو پھر نکلوا سکتا ہے۔ کیونکہ

دوشنبہ سے دوسرا ہفتہ شروع ہو جائیگا۔

(۷) ایک ڈاکخانہ سے دوسرے ڈاکخانہ میں حساب منتقل ہو سکتا ہے

(۸) حساب کے وقت ڈاکخانہ سے ایک پاس بک ملیگی اگر یہ گم ہو جائے تو ایک روپیہ ادا کرنے پر دوبارہ مل سکتی ہے لیکن اگر کوئی شخص اس گم شدہ پاس بک کو حاصل کر کے جعلی دستخطوں سے روپیہ نکال لے تو ڈاکخانہ ذمہ دار نہیں ہوگا۔

غیر ملکی پوسٹل نرخ

	دوسرے ملکوں کیلئے
پوسٹ کارڈ ۲ر جوابی ۴ر	
لفافہ (چٹھی) جس کا وزن ایک اونس تک ہو ۰۲ر	۲ر
ہر مزید اونس یا جزو اونس پہ	۲ر ۰۳ر
رجسٹری کا محصول	۳ر ۲ر
واپسی رسید	۳ر ۲ر
برطانیہ عظمیٰ اور اُس کے مقبوضات کے لئے	۳ر

شرح بیمہ ممالک غیر برٹش مقبوضات اور غیر ممالک کے لئے

۱۲ پونڈ کی مالیت تک	۰۴ر
۱۲ پونڈ سے زائد ہر ۱۲ پونڈ یا جزو کے لئے	۰۴ر

شرح منی آرڈر ممالک غیر

دس روپیہ تک	۳ر
اس سے زائد رقمیں یا اُس کی کسر پہ	۶ر
پیکٹ ممالک غیر فی ۵ تولہ	۰ر

پارسل کی شرح تمام بیرونی ممالک کے لئے علیحدہ علیحدہ مقرر ہے۔ جو ڈاکخانہ سے دریافت کرنے پر معلوم ہو سکتی ہے۔

شرح محصول تار بیرونی ممالک غیر

نام مقام	محصول فی لفظ
عدن براہ بمبئی	عہ ۳ر
برٹش ایسٹ افریقہ براہ عدن و انجبار	عہ ۱۰ر
آسٹریلیا براہ مدراس	عہ ۴ر
چین و ہانگ کانگ شنگھائی براہ بھامو	عہ ۴ر
جاپان براہ مدراس	عہ ۳ر
فرانس براہ ایسٹرن	عہ ۳ر
عراق براہ کراچی	۱۴ر
مکہ معظمہ براہ ایسٹرن	عہ ۱۵ر
فلسطین	
آسٹریا روس ٹرکی براہ ایسٹرن	عہ ۳ر
جرمنی براہ ایسٹرن	عہ ۴ر
برطانیہ عظمیٰ و شمالی آئرلینڈ	عہ ۴ر
جنوبی افریقہ	۱۵ر
سپین	عہ ۱۵ر
	عہ ۴ر

ڈاک کے جہازوں کے اوقات روانگی

مقام روانگی	یوم روانگی	کتنے عرصہ میں پہنچتی ہے	کہاں کہاں کی ڈاک لے جاتا ہے۔
بمبئی	شنبہ	ہفتہ وار	انگلینڈ آئرلینڈ عدن مصر یورپ امریکہ مغربی افریقہ براستہ یورپ
بمبئی	پنجشنبہ	ہفتہ وار	کراچی پرشین گلف عراق
بمبئی	چہارشنبہ	پندرہ روزہ	مشرقی و جنوبی افریقہ
کلکتہ	پنجشنبہ	ہفتہ وار	برما
〃	شنبہ	〃	〃
〃	جمعہ	〃	برما۔ پنانگ، سنگاپور
رنگون	شنبہ	〃	ہندوستان یورپ
〃	پنجشنبہ	〃	〃 کلکتہ
〃	〃	〃	پنانگ سنگاپور
〃	جمعہ	〃	ہندوستان مدراس
مدراس	〃	〃	رنگون
رنگون	شنبہ	〃	ہندوستان کلکتہ

ڈاک کے جہازوں کے اوقات آمد

مقام آمد	یوم آمد	کتنے عرصہ بعد آتا ہے	کہاں کہاں کی ڈاک لاتا ہے
بمبئی	پنجشنبہ	ہفتہ وار	عدن، مصر، انگلینڈ، آسٹریلیا وامریکہ
بمبئی	پنجشنبہ	ہفتہ وار	عراق، پرشین۔ گلف۔ کراچی و دیگر ممالک براستہ یورپ
〃	شنبہ	〃	〃 〃 〃 〃
〃	〃	پندرہ روز	مشرقی جنوبی افریقہ
کلکتہ	شنبہ	ہفتہ وار	برما۔ سنگاپور۔ نپانگ
〃	پنجشنبہ	〃	برما
〃	یکشنبہ	〃	برما
رنگون	دوشنبہ	〃	کلکتہ
〃	〃	〃	مدراس
〃	شنبہ	〃	کلکتہ، یورپ
〃	دوشنبہ باشنبہ	〃	سنگاپور، نپانگ
〃	جمعہ	〃	کلکتہ
مدراس	دوشنبہ	ہفتہ وار	برما

محصول ریلوے پارسل بہ حساب فاصلہ

فاصلہ بحساب میل	۵ سیر	۵ سے ۱۰ سیر	۱۰ سے ۱۵ سیر	۱۵ سے ۲۰ سیر	۲۰ سے ۲۵ سیر	۲۵ سے ۳۰ سیر	۳۰ سے ۳۵ سیر	۳۵ سے ۴۰ سیر
۲۵ میل تک	۶/	۶/	۶/	۶/	۶/	۶/	۶/	۶/
۲۵ سے ۵۰ میل تک	۶/	۶/	۶/	۷/	۸/	۹/	۱۰/	۱۲/
۵۰ سے ۷۵ میل تک	۶/	۶/	۸/	۱۰/	۱۳/	۱۵/	عہ	عہ
۷۵ سے ۱۰۰ میل	۶/	۷/	۱۰/	۱۴/	عہ	عہ	عہ	عہ
۱۰۰ سے ۱۲۵ میل تک	۶/	۸/	۱۳/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۱۲۵ سے ۱۵۰ میل تک	۶/	۹/	۱۴/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۱۵۰ سے ۱۷۵ میل تک	۶/	۱۰/	۱۵/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۱۷۵ سے ۲۰۰ میل تک	۶/	۱۰/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۲۰۰ سے ۲۲۵ میل تک	۶/	۱۲/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۲۲۵ سے ۲۵۰ میل تک	۶/	۱۳/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۲۵۰ سے ۲۷۵ میل تک	۷/	۱۴/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۲۷۵ سے ۳۰۰ میل تک	۷/	۱۴/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۳۰۰ سے ۳۲۵ میل تک	۸/	۱۵/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۳۲۵ سے ۳۵۰ میل تک	۸/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۳۵۰ سے ۳۷۵ میل تک	۸/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۳۷۵ سے ۴۰۰ میل تک	۹/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۴۰۰ سے ۴۲۵ میل تک	۹/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۴۲۵ سے ۴۵۰ میل تک	۹/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۴۵۰ سے ۴۷۵ میل تک	۱۰/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۴۷۵ سے ۵۰۰ میل تک	۱۰/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۵۰۰ سے ۵۲۵ میل تک	۱۱/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۵۲۵ سے ۵۵۰ میل تک	۱۲/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۵۵۰ سے ۵۷۵ میل تک	۱۲/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۵۷۵ سے ۶۰۰ میل تک	۱۳/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۶۰۰ سے ۶۲۵ میل تک	۱۳/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۶۲۵ سے ۶۵۰ میل تک	۱۳/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۶۵۰ سے ۶۷۵ میل تک	۱۴/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۶۷۵ سے ۷۰۰ میل تک	۱۴/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۷۰۰ سے ۷۲۵ میل تک	۱۴/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۷۲۵ سے ۷۵۰ میل تک	۱۵/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۷۵۰ سے ۷۷۵ میل تک	۱۵/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۷۷۵ سے ۸۰۰ میل	۱۵/	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۸۰۰ سے ۸۲۵ میل تک	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۸۲۵ سے ۸۵۰ میل تک	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۸۵۰ سے ۸۷۵ میل تک	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۸۷۵ سے ۹۰۰ میل تک	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
۹۰۰ سے ۹۲۵ میل تک	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ	عہ
